مَا اٰتَاکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ فَانْتَھُوْا۔

رسول اللہ ﷺ جو کچھ تم کو دیں اس کو لے لو، اور جس سے منع کریں اس سے باز آجاؤ۔

تالیف

امام ابو عیسٰی محمد بن عیسٰی ترمذیؒ

مترجم

مولانا ناظم الدین

جلد اول ○ حصہ دوم

| ابواب الزکوٰۃ | ابواب الصوم | ابواب الحج |
| --- | --- | --- |
| ابواب الجنائز | ابواب النکاح | ابواب الرضاعت |
| ابواب الطلاق واللعان | ابواب البیوع | ابواب الاحکام |



ناشر

مکتبۃ العلم

۱۸۔اردو بازار لاہور ○ پاکستان

مَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا

اللہ کے رسول جو کچھ تم کو دیں، اسکو لے لو، اور جس سے منع فرمائیں اس سے باز آجاؤ

# جامع ترمذی شریف مترجم

## جلد اوّل

تالیف: امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذیؒ

مترجم: مولانا ناظم الدین مدظلہ

شرح: مولانا عبدالرؤف علوی حفظہ اللہ استاذ جامعہ عثمانیہ

ناشر

مکتبۃ العلم

۱۸- اردو بازار ۰ لاہور ۰ پاکستان

Ph:7211788-7231788

نام کتاب: ـــــــــ جامع ترمذی شریفؒ

تالیف: ـــــــــ امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذیؒ

مترجم: ـــــــــ مولانا ناظم الدین

نظرِ ثانی: ـــــــــ حافظ محبوبؒ احمد خان

طابع: ـــــــــ خالد مقبول

مطبع ............... زاہد بشیر

مکتبہ رحمانیہ اقراء سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ 7224228

مکتبہ علوم اسلامیہ اقراء سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ 7221395

مکتبہ جویریہ 18 اردو بازار لاہور 7211788

| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
| --- | --- | --- | --- |
| | | **ابواب زکوٰۃ** | ۳۵۴ |
| | | ۴۲۸: زکوٰۃ نہ دینے پر رسول اللہ ﷺ سے منقول وعید کے متعلق | |
| | | ۴۲۹: زکوٰۃ کی ادائیگی سے فرض ادا ہو گیا | ۳۵۵ |
| | | ۴۳۰: سونے اور چاندی پر زکوٰۃ کے بارے میں | ۳۵۷ |
| | | ۴۳۱: اونٹ اور بکریوں کی زکوٰۃ کے بارے میں | ۳۵۸ |
| | | ۴۳۲: گائے بیل کی زکوٰۃ کے بارے میں | ۳۵۹ |
| | | ۴۳۳: زکوٰۃ میں عمدہ مال لینا مکروہ ہے | ۳۶۰ |
| | | ۴۳۴: کھیتی، پھلوں اور غلے کی زکوٰۃ کے بارے میں | ۳۶۱ |
| | | ۴۳۵: گھوڑے اور غلام پر زکوٰۃ نہیں | ۳۶۲ |
| | | ۴۳۶: شہد کی زکوٰۃ کے بارے میں | ۳۶۳ |
| | | ۴۳۷: سال گزرنے سے قبل مال مستفاد میں زکوٰۃ نہیں | |
| | | ۴۳۸: مسلمانوں پر جزیہ نہیں | ۳۶۴ |
| | | ۴۳۹: زیور کی زکوٰۃ کے بارے میں | ۳۶۵ |
| | | ۴۴۰: سبزیوں کی زکوٰۃ کے بارے میں | ۳۶۶ |
| | | ۴۴۱: نہری زمین کی کھیتی پر زکوٰۃ کے بارے میں | ۳۶۷ |
| | | ۴۴۲: یتیم کے مال کی زکوٰۃ کے بارے میں | |
| | | ۴۴۳: حیوان کے زخمی کرنے پر کوئی دیت نہیں اور دفن شدہ خزانے پر پانچواں حصہ ہے | ۳۶۹ |
| | | ۴۴۴: غلہ وغیرہ کا اندازہ کرنا | |
| | | ۴۴۵: انصاف کے ساتھ زکوٰۃ لینے والے عامل کے متعلق | ۳۷۱ |
| | | ۴۴۶: زکوٰۃ لینے میں زیادتی کرنے والے کے بارے میں | |
| | | ۴۴۷: زکوٰۃ لینے والے کو راضی کرنا | |
| | | ۴۴۸: زکوٰۃ مالداروں سے لے کر فقراء میں دی جائے | ۳۷۲ |
| | | ۴۴۹: کس کو زکوٰۃ لینا جائز ہے | ۳۷۳ |
| | | ۴۵۰: کس کے لیے زکوٰۃ لینا جائز نہیں | |
| | | ۴۵۱: مقروض وغیرہ کا زکوٰۃ لینا جائز ہے | ۳۷۴ |
| | | ۴۵۲: رسول اللہ ﷺ اہل بیت اور آپ ﷺ کے غلاموں کے لئے زکوٰۃ لینا جائز نہیں | ۳۷۵ |
| | | ۴۵۳: عزیز و اقارب کو زکوٰۃ دینا | ۳۷۶ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ۴۵۴: مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی حق ہے | |
| ۴۵۵: زکوٰۃ ادا کرنے کی فضیلت کے بارے میں | |
| ۴۵۶: سائل کے حق کے بارے میں | ۳۷۹ |
| ۴۵۷: جن کا دل جیتنا منظور ہو ان کو دینا | ۳۸۰ |
| ۴۵۸: جسے زکوٰۃ میں دیا ہوا مال وارثت میں ملے | ۳۸۱ |
| ۴۵۹: صدقہ کرنے کے بعد واپس لوٹانا مکروہ ہے | |
| ۴۶۰: میت کی طرف سے صدقہ دینا | ۳۸۲ |
| ۴۶۱: بیوی کا خاوند کے گھر سے خرچ کرنا | |
| ۴۶۲: صدقہ فطر کے بارے میں | ۳۸۳ |
| ۴۶۳: صدقہ فطر نماز عید سے پہلے دینا | ۳۸۵ |
| ۴۶۴: وقت سے پہلے زکوٰۃ ادا کرنا | |
| ۴۶۵: سوال منع ہے | ۳۸۶ |
| **روزوں کے متعلق ابواب** | ۳۸۸ |
| ۴۶۶: رمضان کی فضیلت کے بارے میں | |
| ۴۶۷: رمضان کے استقبال کی نیت سے روزے نہ رکھے | ۳۸۹ |
| ۴۶۸: شک کے دن روزہ رکھنا مکروہ ہے | ۳۹۰ |
| ۴۶۹: رمضان کیلئے شعبان کے چاند کا خیال رکھنا چاہئے | |
| ۴۷۰: چاند دیکھ کر روزہ رکھے اور چاند دیکھ کر افطار کرے | ۳۹۱ |
| ۴۷۱: مہینہ کبھی انتیس دن کا بھی ہوتا ہے | |
| ۴۷۲: چاند کی گواہی پر روزہ رکھنا | ۳۹۲ |
| ۴۷۳: عید کے دو مہینے ایک ساتھ کم نہیں ہوتے | ۳۹۳ |
| ۴۷۴: ہر شہر والوں کیلئے انہی کے چاند دیکھنے کا اعتبار ہے | ۳۹۴ |
| ۴۷۵: کس چیز سے روزہ افطار کرنا مستحب ہے | |
| ۴۷۶: عید الفطر اس دن ہے جس دن سب افطار کریں اور عید الاضحیٰ اس دن جس دن سب قربانی کریں | ۳۹۶ |
| ۴۷۷: جب رات سامنے آئے اور دن گزرے تو افطار کرنا چاہیے | |
| ۴۷۸: جلدی روزہ کھولنے کے بارے میں | |
| ۴۷۹: سحری میں تاخیر کے متعلق | ۳۹۷ |
| ۴۸۰: صبح صادق کی تحقیق کے بارے میں | ۳۹۸ |
| ۴۸۱: جو روزہ دار غیبت کرے اس کی برائی کے بیان میں | ۳۹۹ |
| ۴۸۲: سحری کھانے کی فضیلت کے بارے میں | |
| ۴۸۳: سفر میں روزہ رکھنا مکروہ ہے | |
| ۴۸۴: سفر میں روزہ رکھنے کی اجازت کے متعلق | ۴۰۱ |
| ۴۸۵: لڑنے والے کیلئے افطار کی اجازت کے متعلق | ۴۰۲ |
| ۴۸۶: حاملہ اور دودھ پلانے والی کیلئے افطار کی اجازت ہے | ۴۰۲ |
| ۴۸۷: میت کی طرف سے روزہ رکھنا | ۴۰۳ |
| ۴۸۸: روزوں کے کفارے کے بارے میں | ۴۰۴ |
| ۴۸۹: اس صائم کے بارے میں جس کو قے آجائے | |
| ۴۹۰: روزے میں عمداً قے کرنا | ۴۰۵ |
| ۴۹۱: روزے میں بھول کر کھانے پینا | ۴۰۶ |
| ۴۹۲: قصداً روزہ توڑنا | |
| ۴۹۳: رمضان میں روزہ توڑنے کے کفارہ کے متعلق | ۴۰۷ |
| ۴۹۴: روزے میں مسواک کرنا | ۴۰۸ |
| ۴۹۵: روزے میں سرمہ لگانا | |
| ۴۹۶: روزے میں بوسہ لینا | ۴۰۹ |
| ۴۹۷: روزہ میں بوس وکنار کرنا | |
| ۴۹۸: اس کا روزہ درست نہیں جو رات سے نیت نہ کرے | ۴۱۰ |
| ۴۹۹: نفل روزہ توڑنا | |
| ۵۰۰: نفل روزے کی قضا واجب ہے | ۴۱۲ |
| ۵۰۱: شعبان اور رمضان کے روزے ملا کر رکھنا | ۴۱۳ |
| ۵۰۲: تعظیم رمضان کے لئے شعبان کے دوسرے پندرہ دنوں میں روزے رکھنا مکروہ ہے | ۴۱۴ |
| ۵۰۳: شعبان کی پندرھویں رات کے بارے میں | ۴۱۵ |
| ۵۰۴: محرم کے روزوں کے بارے میں | |
| ۵۰۵: جمعہ کے دن روزہ رکھنا | ۴۱۶ |
| ۵۰۶: صرف جمعہ کے دن روزہ رکھنا مکروہ ہے | |
| ۵۰۷: ہفتے کے دن روزہ رکھنا | ۴۱۷ |
| ۵۰۸: پیر اور جمعرات کو روزہ رکھنا | ۴۱۸ |
| ۵۰۹: بدھ اور جمعرات کے دن روزہ رکھنا | |
| ۵۱۰: عرفہ کے دن روزہ رکھنے کی فضیلت کے بارے میں | ۴۱۹ |
| ۵۱۱: عرفات میں عرفہ کا روزہ رکھنا مکروہ ہے | |
| ۵۱۲: عاشورہ کے روزہ کی ترغیب کے بارے میں | ۴۲۰ |
| ۵۱۳: عاشورے کے دن روزہ نہ رکھنا بھی جائز ہے | ۴۲۱ |
| ۵۱۴: عاشورہ کونسا دن ہے | |
| ۵۱۵: ذوالحجہ کے پہلے عشرے میں روزہ رکھنا | ۴۲۲ |
| ۵۱۶: ذوالحجہ کے پہلے عشرے میں اعمال صالحہ کی فضیلت | |
| ۵۱۷: شوال کے چھ روزوں کے بارے میں | ۴۲۳ |
| ۵۱۸: ہر مہینے میں تین روزے رکھنا | ۴۲۴ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ۵۱۹: روزہ کی فضیلت کے بارے میں | ۴۲۵ |
| ۵۲۰: ہمیشہ روزہ رکھنا | ۴۲۶ |
| ۵۲۱: پے در پے روزے رکھنا | ۴۲۷ |
| ۵۲۲: عید الفطر اور عید الضحیٰ کو روزہ رکھنے کی ممانعت | ۴۲۸ |
| ۵۲۳: ایام تشریق میں روزہ رکھنا حرام ہے | |
| ۵۲۴: روزہ دار کو پچھنے لگانا مکروہ ہے | ۴۲۹ |
| ۵۲۵: روزہ دار کو پچھنے لگانے کی اجازت کے متعلق | |
| ۵۲۶: روزوں میں وصال کی کراہت کے متعلق | ۴۳۱ |
| ۵۲۷: صبح تک حالت جنابت میں رہتے ہوئے روزے کی نیت کرنا | ۴۳۲ |
| ۵۲۸: روزہ دار کو دعوت قبول کرنا | ۴۳۳ |
| ۵۲۹: عورت کا شوہر کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ رکھنا مکروہ ہے | |
| ۵۳۰: رمضان کی قضاء میں تاخیر کے بارے میں | |
| ۵۳۱: روزہ دار کے ثواب کے متعلق جب لوگ اس کے سامنے کھانا کھائیں | ۴۳۴ |
| ۵۳۲: حائضہ روزوں کی قضا کرے نماز کی نہیں | ۴۳۵ |
| ۵۳۳: روزہ دار کیلئے ناک میں پانی ڈالنے میں مبالغہ کرنا مکروہ ہے | |
| ۵۳۴: جو شخص کسی کا مہمان ہو تو میزبان کی اجازت کے بغیر (نفلی) روزہ نہ رکھے | |
| ۵۳۵: اعتکاف کے بارے میں | ۴۳۶ |
| ۵۳۶: شب قدر کے بارے میں | ۴۳۷ |
| ۵۳۷: اسی سے متعلق | ۴۳۹ |
| ۵۳۸: سردیوں کے روزے کے بیان میں | |
| ۵۳۹: ان لوگوں کا روزہ رکھنا جو اس کی طاقت رکھتے ہیں | |
| ۵۴۰: جو شخص رمضان میں کھانا کھا کر سفر کے لئے نکلے | ۴۴۱ |
| ۵۴۱: روزہ دار کے تحفے کے بارے میں | |
| ۵۴۲: عید الفطر اور عید الاضحیٰ کب ہوتی ہے | |
| ۵۴۳: ایام اعتکاف گزر جانا | ۴۴۲ |
| ۵۴۴: کیا معتکف اپنی حاجت کے لئے نکل سکتا ہے یا نہیں؟ | ۴۴۳ |
| ۵۴۵: رمضان میں رات کو نماز پڑھنا | ۴۴۴ |
| ۵۴۶: روزہ افطار کرانے کی فضیلت کے بارے میں | ۴۴۵ |
| ۵۴۷: رمضان میں نماز تراویح کی ترغیب اور فضیلت | |
| **ابواب حج** | ۴۴۷ |
| ۵۴۸: مکہ کے حرم ہونا | |
| ۵۴۹: حج اور عمرے کے ثواب کے بارے میں | ۴۴۸ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ۵۵۰: ترک حج کی مذمت میں | ۴۴۸ |
| ۵۵۱: زاد راہ اور سواری کی ملکیت سے حج فرض ہو جاتا ہے | ۴۴۹ |
| ۵۵۲: کتنے حج فرض ہیں | |
| ۵۵۳: نبی اکرم ﷺ نے کتنے حج کئے | ۴۵۰ |
| ۵۵۴: نبی اکرم ﷺ نے کتنے عمرے کئے | ۴۵۱ |
| ۵۵۵: نبی اکرم ﷺ نے کس جگہ احرام باندھا | ۴۵۲ |
| ۵۵۶: نبی ﷺ نے کب احرام باندھا | |
| ۵۵۷: حج افراد کے بیان میں | ۴۵۳ |
| ۵۵۸: حج اور عمرہ ایک ہی احرام میں کرنا | ۴۵۴ |
| ۵۵۹: تمتع کے بارے میں | |
| ۵۶۰: تلبیہ (لبیک کہنے) کہنا | ۴۵۵ |
| ۵۶۱: تلبیہ اور قربانی کی فضیلت کے بارے میں | ۴۵۷ |
| ۵۶۲: تلبیہ بلند آواز سے پڑھنا | ۴۵۸ |
| ۵۶۳: احرام باندھتے وقت غسل کرنا | |
| ۵۶۴: آفاقی کے لئے احرام باندھنے کی جگہ کے بارے میں | ۴۵۹ |
| ۵۶۵: محرم "احرام والے" کے لئے کون سا لباس پہننا جائز نہیں | |
| ۵۶۶: اگر تہبند اور جوتے نہ ہوں تو پاجامہ اور موزے پہن لے | |
| ۵۶۷: جو شخص قمیص یا جبہ پہنے ہوئے احرام باندھے | ۴۶۰ |
| ۵۶۸: محرم کا کن جانوروں کو مارنا جائز ہے | |
| ۵۶۹: محرم کے پچھنے لگانا | ۴۶۲ |
| ۵۷۰: احرام کی حالت میں نکاح کرنا مکروہ ہے | |
| ۵۷۱: محرم کو نکاح کی اجازت کے متعلق | ۴۶۳ |
| ۵۷۲: محرم کو شکار کا گوشت کھانے کے بیان میں | ۴۶۴ |
| ۵۷۳: محرم کے لئے شکار کا گوشت کھانا مکروہ ہے | ۴۶۶ |
| ۵۷۴: محرم کے لئے سمندری جانوروں کا شکار حلال ہے | |
| ۵۷۵: محرم کے لئے بجو کے شکار کا حکم | ۴۶۷ |
| ۵۷۶: مکہ داخل ہونے کے لئے غسل کرنا | |
| ۵۷۷: نبی اکرم ﷺ مکہ میں بلندی کی طرف سے داخل ہوئے اور پستی کی طرف سے باہر نکلے | ۴۶۸ |
| ۵۷۸: باب آنحضرت ﷺ مکہ میں دن کے وقت داخل ہوئے | |
| ۵۷۹: بیت اللہ کے دیکھنے کے وقت ہاتھ اٹھانا مکروہ ہے | |
| ۵۸۰: طواف کی کیفیت کے بارے میں | ۴۶۹ |
| ۵۸۱: حجر اسود سے رمل شروع کرنے اور اسی پر ختم کرنا | |
| ۵۸۲: حجر اسود اور رکن یمانی کے علاوہ کسی چیز کو بوسہ نہ دے | ۴۷۰ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| ۵۸۳: نبی اکرم ﷺ نے اضطباع کی حالت میں طواف کیا | ۴۷۰ |
| ۵۸۴: حجر اسود کو بوسہ دینا | |
| ۵۸۵: سعی صفا سے شروع کرنا چاہیے | ۴۷۱ |
| ۵۸۶: صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا | ۴۷۲ |
| ۵۸۷: سواری پر طواف کرنا | |
| ۵۸۸: طواف کی فضیلت کے بارے میں | ۴۷۳ |
| ۵۸۹: عصر اور فجر کے بعد طواف کے دو ''نفل'' پڑھنا | |
| ۵۹۰: طواف کی دو رکعتوں میں کیا پڑھا جائے | ۴۷۴ |
| ۵۹۱: ننگے ہو کر طواف کرنا حرام ہے | |
| ۵۹۲: خانہ کعبہ میں داخل ہونا | ۴۷۵ |
| ۵۹۳: کعبہ میں نماز پڑھنا | ۴۷۶ |
| ۵۹۴: خانہ کعبہ کو توڑ کر بنانا | |
| ۵۹۵: حطیم میں نماز پڑھنا | |
| ۵۹۶: حجر اسود رکن یمانی اور مقام ابراہیم کی فضیلت | ۴۷۷ |
| ۵۹۷: منیٰ کی طرف جانے اور قیام کرنا | ۴۷۸ |
| ۵۹۸: منیٰ میں پہلے پہنچنے والا قیام کا زیادہ حق دار ہے | |
| ۵۹۹: منیٰ میں قصر نماز پڑھنا | ۴۷۹ |
| ۶۰۰: عرفات میں ٹھہرنے اور دعا کرنا | |
| ۶۰۱: تمام عرفات ٹھہرنے کی جگہ ہے | ۴۸۰ |
| ۶۰۲: عرفات سے واپسی کے بارے میں | ۴۸۲ |
| ۶۰۳: مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کو جمع کرنا | |
| ۶۰۴: امام کو مزدلفہ میں پانے والے نے حج کو پالیا | ۴۸۳ |
| ۶۰۵: ضعیف لوگوں کو مزدلفہ سے جلدی روانہ کرنا | ۴۸۴ |
| ۶۰۶: باب | ۴۸۵ |
| ۶۰۷: مزدلفہ سے طلوع آفتاب سے پہلے نکلنا | ۴۸۶ |
| ۶۰۸: چھوٹی چھوٹی کنکریاں مارنا | ۴۸۷ |
| ۶۰۹: زوال آفتاب کے بعد کنکریاں مارنا | |
| ۶۱۰: سوار ہو کر کنکریاں مارنا | |
| ۶۱۱: کنکریاں کیسے ماری جائیں | ۴۸۸ |
| ۶۱۲: رمی کے وقت لوگوں کو دھکیلنے کی کراہت کے متعلق | ۴۸۹ |
| ۶۱۳: اونٹ اور گائے میں شراکت کے بارے میں | |
| ۶۱۴: قربانی کے اونٹ کے اشعار کے بارے میں | ۴۹۰ص |
| ۶۱۵: باب | ۴۹۲ |
| ۶۱۶: مقیم کا ہدی کے گلے میں ہار ڈالنا | |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| ۶۱۷: بکریوں کی تقلید کے بارے میں | |
| ۶۱۸: اگر ہدی کا جانور مرنے کے قریب ہو تو کیا کیا جائے | ۴۹۳ |
| ۶۱۹: قربانی کے اونٹ پر سوار ہونا | |
| ۶۲۰: سر کے بال کس طرف سے منڈوانے شروع کئے جائیں | ۴۹۴ |
| ۶۲۱: بال منڈوانے اور کتروانا | |
| ۶۲۲: عورتوں کے لئے سر کے بال منڈوانا حرام ہے | ۴۹۵ |
| ۶۲۳: جو آدمی سر منڈوالے ذبح سے پہلے اور قربانی کرلے کنکریاں مارنے سے پہلے | |
| ۶۲۴: احرام کھولنے کے بعد طواف زیارت سے پہلے خوشبو لگائے | ۴۹۶ |
| ۶۲۵: حج میں لبیک کہنا کب ترک کیا جائے | ۴۹۷ |
| ۶۲۶: عمرے میں تلبیہ پڑھنا کب ترک کرے | |
| ۶۲۷: رات کو طواف زیارت کرنا | ۴۹۸ |
| ۶۲۸: وادی ابطح میں اترنا | |
| ۶۲۹: باب | ۴۹۹ |
| ۶۳۰: لڑکے کے حج کے بارے میں | |
| ۶۳۱: بوڑھے اور میت کی طرف سے حج کرنا | ۵۰۰ |
| ۶۳۲: اسی سے متعلق | ۵۰۱ |
| ۶۳۳: عمرہ واجب ہے یا نہیں | ۵۰۲ |
| ۶۳۴: اسی سے متعلق | |
| ۶۳۵: عمرے کی فضیلت کے بارے میں | ۵۰۳ |
| ۶۳۶: تنعیم سے عمرے کے لئے جانا | |
| ۶۳۷: جعرانہ سے عمرے کے لئے جانا | ۵۰۴ |
| ۶۳۸: رجب میں عمرہ کرنا | |
| ۶۳۹: ذیقعدہ میں عمرہ کرنا | ۵۰۵ |
| ۶۴۰: رمضان میں عمرہ کرنا | |
| ۶۴۱: جو حج کے لئے لبیک پکارنے کے بعد زخمی یا معذور ہو جائے | |
| ۶۴۲: حج میں شرط لگانا | ۵۰۶ |
| ۶۴۳: اسی سے متعلق | ۵۰۷ |
| ۶۴۴: طواف زیارت کے بعد کسی عورت کو حیض آجانا | |
| ۶۴۵: حائضہ کون کون سے افعال کر سکتی ہے | ۵۰۸ |
| ۶۴۶: جو شخص حج یا عمرہ کے لئے آئے اسے چاہیے کہ آخر میں بیت اللہ سے ہو کر واپس لوٹے | ۵۰۹ |
| ۶۴۷: قارن صرف ایک طواف کرے | |
| ۶۴۸: مہاجر حج کے بعد تین دن تک مکہ میں رہے | ۵۱۰ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ۶۴۹: حج اور عمرے سے واپسی پر کیا کہے | ۵۱۱ |
| ۶۵۰: محرم کے بارے میں جو احرام میں مرجائے | |
| ۶۵۱: محرم اگر آنکھوں کی تکلیف جائے تو ایلوے کا لیپ کرے | ۵۱۲ |
| ۶۵۲: اگر محرم احرام کی حالت میں سر منڈا دے تو کیا حکم ہے | |
| ۶۵۳: چرواہوں کو اجازت ہے کہ ایک دن رمی کریں اور ایک دن چھوڑ دیں | ۵۱۳ |
| ۶۵۴: باب ۶۵۴ تا ۶۶۰ | ۵۱۴ |
| **میت (جنازے) کے ابواب** | ۵۱۸ |
| ۶۶۱: بیماری کے ثواب کے بارے میں | |
| ۶۶۲: مریض کی عیادت کرنا | |
| ۶۶۳: موت کی تمنا کرنا منع ہے | ۵۲۰ |
| ۶۶۴: مریض کے لئے تعوذ کے بارے میں | ۵۲۱ |
| ۶۶۵: وصیت کی ترغیب کے بارے میں | |
| ۶۶۶: تہائی اور چوتھائی مال کی وصیت کے بارے میں | ۵۲۲ |
| ۶۶۷: حالت نزع میں مریض کو تلقین کرنے اور دعا کرنا | ۵۲۳ |
| ۶۶۸: موت کی سختی کے بارے میں | ۵۲۴ |
| ۶۶۹: باب | ۵۲۵ |
| ۶۷۰: باب | |
| ۶۷۱: کسی کی موت کی خبر کا اعلان کرنا مکروہ ہے | |
| ۶۷۲: صبر وہی ہے جو صدمہ کے شروع میں ہو | ۵۲۶ |
| ۶۷۳: میت کو بوسہ دینا | ۵۲۷ |
| ۶۷۴: میت کو غسل دینا | |
| ۶۷۵: میت کو مشک لگانا | ۵۲۸ |
| ۶۷۶: میت کو غسل دے کر خود غسل کرنا | ۵۲۹ |
| ۶۷۷: کفن کس طرح دینا مستحب ہے | |
| ۶۷۸: باب | ۵۳۰ |
| ۶۷۹: نبی اکرم ﷺ کے کفن میں کتنے کپڑے تھے | ۵۳۱ |
| ۶۸۰: اہل میت کے لئے کھانا پکانا | ۵۳۲ |
| ۶۸۱: مصیبت کے وقت چہرہ پیٹنا اور گریبان پھاڑنا منع ہے | |
| ۶۸۲: نوحہ حرام ہے | |
| ۶۸۳: میت پر بلند آواز سے رونا منع ہے | |
| ۶۸۴: میت پر چلائے بغیر رونا جائز ہے | ۵۳۴ |
| ۶۸۵: جنازہ کے آگے چلنا | ۵۳۵ |
| ۶۸۶: جنازہ کے پیچھے چلنا | ۵۳۶ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ۶۸۷: جنازہ کے پیچھے سوار ہو کر چلنا مکروہ ہے | ۵۳۷ |
| ۶۸۸: جنازے کے پیچھے سواری پر سوار ہو کر جانے کی اجازت | |
| ۶۸۹: جنازہ کو جلدی لے جانا | ۵۳۸ |
| ۶۹۰: شہدائے احد اور حضرت حمزہؓ کے بارے میں | ۵۳۹ |
| ۶۹۱: باب ۶۹۱ تا ۶۹۳ | ۵۴۰ |
| ۶۹۴: جنازہ رکھنے سے پہلے بیٹھنا | ۵۴۱ |
| ۶۹۵: مصیبت پر صبر کی فضیلت کے بارے میں | |
| ۶۹۶: تکبیرات جنازہ کے بارے میں | ۵۴۲ |
| ۶۹۷: نماز جنازہ میں کیا پڑھا جائے | ۵۴۳ |
| ۶۹۸: نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ پڑھنا | ۵۴۴ |
| ۶۹۹: نماز جنازہ کی کیفیت اور میت کے لئے شفاعت کے متعلق | ۵۴۵ |
| ۷۰۰: طلوع وغروب آفتاب کے وقت نماز جنازہ پڑھنا مکروہ ہے | ۵۴۶ |
| ۷۰۱: بچوں کی نماز جنازہ کے بارے میں | ۵۴۷ |
| ۷۰۲: اگر بچہ پیدا ہونے کے بعد روئے نہ تو اس کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے | ۵۴۸ |
| ۷۰۳: مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا | |
| ۷۰۴: مرد اور عورت کی نماز جنازہ میں امام کہاں کھڑا ہو | |
| ۷۰۵: شہید پر نماز جنازہ نہ پڑھنا | ۵۴۹ |
| ۷۰۶: قبر پر نماز جنازہ پڑھنا | |
| ۷۰۷: نبی اکرم ﷺ کا نجاشی کی نماز جنازہ پڑھنا | ۵۵۰ |
| ۷۰۸: نماز جنازہ کی فضیلت کے بارے میں | ۵۵۱ |
| ۷۰۹: دوسرا باب | |
| ۷۱۰: جنازہ کے لئے کھڑا ہونا | ۵۵۲ |
| ۷۱۱: جنازہ کے لئے کھڑا نہ ہونا | |
| ۷۱۲: نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ لحد ہمارے لیے ہیں اور شق دوسروں کے لئے ہے | ۵۵۳ |
| ۷۱۳: میت کو قبر میں اتارتے وقت کیا کہا جائے | |
| ۷۱۴: قبر میں میت کے نیچے کپڑا بچھانا | ۵۵۴ |
| ۷۱۵: قبروں کو زمین کے برابر کردینا | ۵۵۵ |
| ۷۱۶: قبروں پر چلنا اور بیٹھنا منع ہے | |
| ۷۱۷: قبروں کو پختہ کرنا اور انکے اردگرد اور ان کے اوپر لکھنا حرام ہے | ۵۵۶ |
| ۷۱۸: قبرستان جانے کی دعا کے بارے میں | |
| ۷۱۹: قبروں کی زیارت کی اجازت کے متعلق | |
| ۷۲۰: عورتوں کو قبروں کی زیارت کرنا ممنوع ہے | ۵۵۷ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ۷۲۱: عورتوں کا قبروں کی زیارت کرنا | ۵۵۸ |
| ۷۲۲: رات کو دفن کرنا | |
| ۷۲۳: میت کو اچھے الفاظ میں یاد کرنا | ۵۵۹ |
| ۷۲۴: جس کا بیٹا فوت ہو جائے اس کے ثواب کے بارے میں | |
| ۷۲۵: شہداء کون ہیں | ۵۶۱ |
| ۷۲۶: طاعون سے بھاگنا منع ہے | |
| ۷۲۷: جو اللہ کی ملاقات کو محبوب رکھے | ۵۶۲ |
| ۷۲۸: خودکشی کرنے والے کی نماز جنازہ | ۵۶۳ |
| ۷۲۹: قرض دار کی نماز جنازہ کے بارے میں | |
| ۷۳۰: عذاب قبر کے بارے میں | ۵۶۴ |
| ۷۳۱: مصیبت زدہ کو تسلی دینے پر اجر کے بارے میں | ۵۶۵ |
| ۷۳۲: جمعہ کے دن مرنے والے کی فضیلت کے بارے میں | ۵۶۶ |
| ۷۳۳: جنازہ میں جلدی کرنا | |
| ۷۳۴: تعزیت کی فضیلت کے بارے میں | |
| ۷۳۵: نماز جنازہ میں ہاتھ اٹھانا | |
| ۷۳۶: مؤمن کا جی قرض کی طرف لگا رہتا ہے جب تک کوئی اس کی طرف سے ادا نہ کر دے | ۵۶۷ |
| **نکاح کے ابواب** | ۵۶۸ |
| ۷۳۷: نکاح کے باب جو رسول اللہ ﷺ سے مروی ہیں | |
| ۷۳۸: ترک نکاح کی ممانعت کے متعلق | ۵۶۹ |
| ۷۳۹: جس کی دینداری پسند کرو اس سے نکاح کرو | |
| ۷۴۰: لوگ تین چیزیں دیکھ کر نکاح کرتے ہیں | ۵۷۰ |
| ۷۴۱: جس عورت سے پیغام نکاح کرے اس کو دیکھنا | ۵۷۱ |
| ۷۴۲: نکاح کا اعلان کرنا | |
| ۷۴۳: نکاح کرنیوالے کو کیا کہا جائے | ۵۷۲ |
| ۷۴۴: جب بیوی کے پاس جائے تو کیا کہے | |
| ۷۴۵: ان وقتوں کے متعلق جن میں نکاح کرنا مستحب ہے | ۵۷۳ |
| ۷۴۶: ولیمہ کے بارے میں | |
| ۷۴۷: دعوت قبول کرنا | ۵۷۴ |
| ۷۴۸: اس شخص کے متعلق جو بن بلائے ولیمہ میں جائے | |
| ۷۴۹: کنواری لڑکیوں سے نکاح کرنا | ۵۷۵ |
| ۷۵۰: ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا | |
| ۷۵۱: بغیر گواہوں کے نکاح صحیح نہیں | ۵۷۸ |
| ۷۵۲: خطبہ نکاح کے بارے میں | ۵۷۹ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ۷۵۳: کنواری اور بیوہ کی اجازت کے متعلق | ۵۸۰ |
| ۷۵۴: یتیم لڑکی پر نکاح کے لئے زبردستی صحیح نہیں | ۵۸۲ |
| ۷۵۵: اگر دو ولی دو مختلف جگہ نکاح کر دیں تو کیا کیا جائے | |
| ۷۵۶: غلام کا اپنے مالک کی اجازت کے بغیر نکاح کرنا | ۵۸۳ |
| ۷۵۷: عورتوں کے مہر کے بارے میں | ۵۸۴ |
| ۷۵۸: آزاد کردہ لونڈی سے نکاح کرنا | ۵۸۵ |
| ۷۵۹: (آزاد کردہ لونڈی سے) نکاح کی فضیلت کے متعلق | |
| ۷۶۰: جو شخص کسی عورت سے نکاح کرنے کے بعد اس سے صحبت کرنے سے پہلے طلاق دے دے تو کیا وہ اس کی بیٹی سے نکاح کر سکتا ہے یا نہیں | ۵۸۶ |
| ۷۶۱: جو شخص اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے اور اس کے بعد وہ عورت کسی اور سے شادی کر لے لیکن یہ شخص صحبت سے پہلے ہی اسے طلاق دے دے | ۵۸۷ |
| ۷۶۲: حلالہ کرنے اور کرانے والے کے بارے میں | ۵۸۸ |
| ۷۶۳: باب نکاح متعہ کے بارے میں | ۵۸۹ |
| ۷۶۴: نکاح شغار کی ممانعت کے متعلق | ۵۹۰ |
| ۷۶۵: پھوپھی، خالہ، بھانجی، بھتیجی ایک شخص کے نکاح میں جمع نہ ہوں | ۵۹۱ |
| ۷۶۶: عقد نکاح کے وقت شرائط کے بارے میں | ۵۹۲ |
| ۷۶۷: اسلام لاتے وقت دس بیویاں ہوں تو کیا حکم ہے | ۵۹۳ |
| ۷۶۸: نو مسلم کے نکاح میں دو بہنیں ہوں تو کیا حکم ہے | |
| ۷۶۹: وہ شخص جو حاملہ لونڈی خریدے | ۵۹۴ |
| ۷۷۰: اگر شادی شدہ لونڈی قیدی بن کر آئے تو اس سے جماع کیا جائے یا نہیں | |
| ۷۷۱: زنا کی اجرت حرام ہے | ۵۹۵ |
| ۷۷۲: کسی کے پیغام نکاح پر پیغام نہ بھیجا جائے | |
| ۷۷۳: عزل کے بارے میں | ۵۹۷ |
| ۷۷۴: عزل کی کراہت کے بارے میں | |
| ۷۷۵: کنواری اور بیوہ کے لئے رات کی تقسیم کے بارے میں | ۵۹۸ |
| ۷۷۶: سوکنوں کے درمیان باری مقرر کرنا | |
| ۷۷۷: مشرک میاں بیوی مسلمان ہو جائے تو کیا حکم ہے | ۵۹۹ |
| ۷۷۸: جو شخص نکاح کے بعد مہر مقرر کرنے سے پہلے فوت ہو جائے تو اس کا حکم | ۶۰۰ |
| **رضاعت (دودھ پلانے) کے ابواب** | ۶۰۲ |
| ۷۷۹: جو رشتے نسب سے حرام ہوتے ہیں وہی رضاعت سے بھی | |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| حرام ہوتے ہیں | |
| ۷۸۰: دودھ مرد کی طرف منسوب ہے | ۶۰۳ |
| ۷۸۱: ایک یا دو گھونٹ دودھ پینے سے رضاعت ثابت نہیں ہوتی | |
| ۷۸۲: رضاعت میں ایک عورت کی گواہی کافی ہے | ۶۰۴ |
| ۷۸۳: رضاعت کی حرمت صرف دو سال کی عمر تک ہی ثابت ہوتی ہے | ۶۰۶ |
| ۷۸۴: دودھ پلانے والی کے حق کی ادائیگی کے بارے میں | |
| ۷۸۵: شادی شدہ لونڈی کو آزاد کرنا | |
| ۷۸۶: لڑکا صاحب فراش کے لئے ہے | ۶۰۸ |
| ۷۸۷: مرد کسی عورت کو دیکھے اور وہ اسے پسند آجائے | |
| ۷۸۸: بیوی پر شوہر کے حقوق | ۶۰۹ |
| ۷۸۹: عورت کے حقوق کے بارے میں جو اس کے خاوند پر ہیں | |
| ۷۹۰: عورتوں کے پیچھے سے صحبت کرنا حرام ہے | ۶۱۰ |
| ۷۹۱: عورتوں کو بناؤ سنگھار کر کے نکلنا منع ہے | ۶۱۱ |
| ۷۹۲: غیرت کے بارے میں | ۶۱۲ |
| ۷۹۳: عورت کا اکیلے سفر کرنا صحیح نہیں | |
| ۷۹۴: غیر محرم عورت کے ساتھ خلوت منع ہے | ۶۱۳ |
| ۷۹۵: باب ۷۹۵ تا ۷۹۷ | ۶۱۴ |
| **طلاق اور لعان کے باب** | ۶۱۵ |
| ۷۹۸: طلاق سنت کے بارے میں | |
| ۷۹۹: جو شخص اپنی بیوی کو ''البتہ'' کے لفظ سے طلاق دے | ۶۱۶ |
| ۸۰۰: عورت سے کہنا کہ تمہارا معاملہ تمہارے ہاتھ میں ہے | |
| ۸۰۱: بیوی کو طلاق کا اختیار دینا | ۶۱۸ |
| ۸۰۲: جس عورت کو تین طلاقیں دی گئی ہوں اس کا نان نفقہ اور گھر شوہر کے ذمہ نہیں | |
| ۸۰۳: نکاح سے پہلے طلاق واقع نہیں ہوتی | ۶۲۰ |
| ۸۰۴: لونڈی کی طلاق دو طلاقیں ہیں | ۶۲۱ |
| ۸۰۵: کوئی شخص اپنے دل میں اپنی بیوی کو طلاق دے | ۶۲۲ |
| ۸۰۶: ہنسی اور مذاق میں بھی طلاق واقع ہو جاتی ہے | |
| ۸۰۷: خلع کے بارے میں | ۶۲۳ |
| ۸۰۸: خلع لینے والی عورتوں کے بارے میں | ۶۲۴ |
| ۸۰۹: عورتوں کے ساتھ حسن سلوک کے بارے میں | |
| ۸۱۰: اس شخص کے بارے میں جس کو باپ کہے کہ اپنی بیوی کو طلاق دے دو | |
| ۸۱۱: عورت اپنی سوکن کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے | ۶۲۵ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ۸۱۲: پاگل کی طلاق کے بارے میں | ۶۲۵ |
| ۸۱۳: باب | ۶۲۶ |
| ۸۱۴: وہ حاملہ جو خاوند کی وفات کے بعد جنے | |
| ۸۱۵: جس کا خاوند فوت ہو جائے اس کی عدت کے بارے میں | ۶۲۸ |
| ۸۱۶: جس آدمی نے اپنی بیوی سے ظہار کیا اور کفارہ ادا کرنے سے پہلے صحبت کر لی | ۶۲۹ |
| ۸۱۷: کفارہ ظہار کے بارے میں | ۶۳۰ |
| ۸۱۸: ایلاء عورت کے پاس نہ جانے کی قسم کھانا | |
| ۸۱۹: لعان کے بارے میں | ۶۳۱ |
| ۸۲۰: جب عورت کا شوہر فوت ہو جائے تو وہ عدت کہاں گزارے | ۶۳۲ |
| **خرید و فروخت کے ابواب** | ۶۳۴ |
| ۸۲۱: شبہات کو ترک کرنا | |
| ۸۲۲: سود کھانا | ۶۳۵ |
| ۸۲۳: جھوٹ اور جھوٹی گواہی دینے کی مذمت کے متعلق | |
| ۸۲۴: تاجروں کو نبی اکرم ﷺ کا ''تجار'' کا خطاب دینا | |
| ۸۲۵: باب سودے پر جھوٹی قسم کھانا | ۶۳۶ |
| ۸۲۶: صبح سویرے تجارت کے متعلق | ۶۳۷ |
| ۸۲۷: کسی چیز کی قیمت معینہ مدت تک ادھار کرنا جائز ہے | |
| ۸۲۸: بیع کی شرائط لکھنا | ۶۳۹ |
| ۸۲۹: ناپ تول کے بارے میں | |
| ۸۳۰: نیلام کے ذریعے خرید و فروخت کے بارے میں | ۶۴۰ |
| ۸۳۱: مدبر کی بیع کے بارے میں | |
| ۸۳۲: بیچنے والوں کے استقبال کی ممانعت کے بارے میں | ۶۴۱ |
| ۸۳۳: کوئی شہر کا رہنے والا گاؤں والے کی چیز فروخت نہ کرے | |
| ۸۳۴: محاقلہ اور مزابنہ کی ممانعت کے بارے میں | ۶۴۳ |
| ۸۳۵: پھل پکنے شروع ہونے سے پہلے بیچنا صحیح نہیں | ۶۴۴ |
| ۸۳۶: حاملہ کا حمل بیچنے کی ممانعت کے بیان میں | ۶۴۵ |
| ۸۳۷: دھوکے کی بیع حرام ہے | |
| ۸۳۸: ایک بیع میں دو بیع کرنا منع ہے | ۶۴۶ |
| ۸۳۹: جو چیز بیچنے والے کے پاس نہ ہو اس کو بیچنا منع ہے | |
| ۸۴۰: حق ولاء کا بیچنا اور ہبہ کرنا صحیح نہیں | ۶۴۸ |
| ۸۴۱: جانور کے عوض جانور بطور قرض فروخت کرنا صحیح نہیں | ۶۴۹ |
| ۸۴۲: دو غلاموں کے بدلے میں ایک غلام خریدنا | |
| ۸۴۳: گیہوں کے بدلے گیہوں بیچنے کا جواز اور کمی بیشی کا عدم جواز | ۶۵۰ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ۸۴۴: بیع صرف کے بارے میں | ۶۵۱ |
| ۸۴۵: پیوندکاری کے بعد کھجوروں اور مالدار غلام کی بیع کے بارے میں | ۶۵۳ |
| ۸۴۶: بائع اور مشتری کو افتراق سے پہلے اختیار ہے | ۶۵۴ |
| ۸۴۷: باب | ۶۵۵ |
| ۸۴۸: جو آدمی بیع میں دھوکہ کھا جائے | ۶۵۶ |
| ۸۴۹: دودھ روکے ہوئے جانور کی بیع کے بارے میں | |
| ۸۵۰: جانور بیچتے وقت سواری کی شرط لگانا | ۶۵۷ |
| ۸۵۱: رہن رکھی ہوئی چیز سے فائدہ اٹھانا | |
| ۸۵۲: ایسا ہار خریدنا جس میں سونے اور ہیرے ہوں | |
| ۸۵۳: غلام یا باندی آزاد کرتے ہوئے ولاء کی شرط کی ممانعت | ۶۵۸ |
| ۸۵۴: باب | ۶۵۹ |
| ۸۵۵: مکاتب کے پاس ادائیگی کے لئے مال ہو تو کیا حکم ہے | ۶۶۰ |
| ۸۵۶: کوئی شخص مقروض کے پاس اپنا مال پائے تو کیا حکم ہے | ۶۶۱ |
| ۸۵۷: مسلمان کسی ذمی کو شراب بیچنے کے لئے نہ دے | " |
| ۸۵۸: باب | ۶۶۲ |
| ۸۵۹: مستعار چیز کا واپس کرنا ضروری ہے | |
| ۸۶۰: غلے کی ذخیرہ اندوزی کے بارے میں | ۶۶۳ |
| ۸۶۱: دودھ روکے ہوئے جانور کو فروخت کرنا | ۶۶۴ |
| ۸۶۲: جھوٹی قسم کھا کر کسی کا مال غصب کرنا | |
| ۸۶۳: اگر خریدنے اور فروخت کرنے والے میں اختلاف ہو جائے | ۶۶۵ |
| ۸۶۴: ضرورت سے زائد پانی کو فروخت کرنا | |
| ۸۶۵: نر کو مادہ پر چھوڑنے کی اجرت | ۶۶۶ |
| ۸۶۶: کتے کی قیمت کے بارے میں | ۶۶۷ |
| ۸۶۷: پچھنے لگانے والے کی اجرت کے بارے میں | |
| ۸۶۸: باب پچھنے لگانے والے کی اجرت کے جواز میں | ۶۶۸ |
| ۸۶۹: کتے اور بلی کی قیمت لینا حرام ہے | |
| ۸۷۰: باب | ۶۶۹ |
| ۸۷۱: گانے والی لونڈیوں کی فروخت حرام ہے | |
| ۸۷۲: ماں اور اس کے بچوں یا بھائیوں کو الگ الگ بیچنا منع ہے | |
| ۸۷۳: غلام خریدنا پھر نفع کے بعد عیب پر مطلع ہونا | ۶۷۰ |
| ۸۷۴: راہ گزرنے والے کے لئے راستے کے پھل کھانے کی اجازت کے بارے میں | ۶۷۱ |
| ۸۷۵: خرید و فروخت میں استثناء کی ممانعت کے بارے میں | |
| ۸۷۶: غلے کو اپنی ملکیت میں لینے سے پہلے فروخت کرنا منع ہے | ۶۷۲ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ۸۷۷: اپنے بھائی کی بیع پر بیع کرنا منع ہے | ۶۷۳ |
| ۸۷۸: شراب بیچنے کی ممانعت کے بارے میں | |
| ۸۷۹: جانوروں کا ان کے مالکوں کی اجازت کے بغیر دودھ نکالنے کے متعلق | ۶۷۵ |
| ۸۸۰: جانوروں کی کھال اور بتوں کو فروخت کرنا | |
| ۸۸۱: کوئی چیز ہبہ کر کے واپس لینا ممنوع ہے | ۶۷۶ |
| ۸۸۲: بیع عرایا اور اس کی اجازت کے متعلق | |
| ۸۸۳: دلالی میں قیمت زیادہ لگانا حرام ہے | |
| ۸۸۴: تولتے وقت جھکاؤ رکھنا | ۶۷۸ |
| ۸۸۵: تنگ دست کے لئے قرض کی ادائیگی میں مہلت دینے اور نرمی کرنا | ۶۷۹ |
| ۸۸۶: مال دار کا قرض کی ادائیگی میں تاخیر کرنا ظلم ہے | |
| ۸۸۷: بیع منابذہ اور ملامسہ کے بارے میں | ۶۸۰ |
| ۸۸۸: غلہ اور کھجور میں بیع سلم کے بارے میں | ۶۸۱ |
| ۸۸۹: مشترکہ زمین سے کوئی اپنا حصہ بیچنا چاہے تو اس کا حکم | |
| ۸۹۰: بیع مخابرہ اور معاومہ کے بارے میں | |
| ۸۹۱: باب | ۶۸۲ |
| ۸۹۲: بیع میں دھوکہ دینا حرام ہے | |
| ۸۹۳: اونٹ یا کوئی جانور قرض لینا | ۶۸۳ |
| ۸۹۴: باب | ۶۸۴ |
| ۸۹۵: مسجد میں خرید و فروخت کی ممانعت کے بارے میں | ۶۸۵ |
| **حکومت اور قضاء کے بارے میں** | ۶۸۶ |
| ۸۹۶: قاضی کے متعلق آنحضرت ﷺ سے منقول احادیث | |
| ۸۹۷: قاضی کا فیصلہ صحیح بھی ہوتا ہے اور غلط بھی | ۶۸۷ |
| ۸۹۸: قاضی کیسے فیصلے کرے | |
| ۸۹۹: عادل امام کے بارے میں | ۸۹۹ |
| ۹۰۰: قاضی اس وقت تک فیصلہ نہ کرے جب تک فریقین کے بیانات نہ سن لے | |
| ۹۰۱: رعایا کی خبر گیری کے بارے میں | ۶۸۹ |
| ۹۰۲: قاضی غصے کی حالت میں فیصلہ نہ کرے | |
| ۹۰۳: امراء کو تحفے دینا | ۶۹۰ |
| ۹۰۴: مقدمات میں رشوت لینے اور دینے والے کے متعلق | |
| ۹۰۵: تحفہ اور دعوت قبول کرنا | ۶۹۱ |
| ۹۰۶: اگر غیر مستحق کے حق میں فیصلہ ہو جائے تو اسے وہ چیز لینا | |

| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|
| جائز نہیں | ۶۹۱ | ۹۳۷: باب | ۷۱۴ |
| ۹۰۷: مدعی کے لئے گواہ اور مدعی علیہ پر قسم ہے | ۶۹۲ | | |
| ۹۰۸: ایک گواہ ہو تو مدعی قسم کھائے گا | ۶۹۳ | | |
| ۹۰۹: مشترکہ غلام میں سے اپنا حصہ آزاد کرنا | ۶۹۴ | | |
| ۹۱۰: عمر بھر کے لئے کوئی چیز ھبہ کرنا | ۶۹۵ | | |
| ۹۱۱: رقبیٰ کے بارے میں | ۶۹۶ | | |
| ۹۱۲: لوگوں کے درمیان صلح کے متعلق رسول اللہ ﷺ سے منقول احادیث | ۶۹۷ | | |
| ۹۱۳: پڑوسی کی دیوار پر لکڑی رکھنا | | | |
| ۹۱۴: قسم دلانے والے کی تصدیق پر ہی قسم صحیح ہوتی ہے | | | |
| ۹۱۵: اختلاف کی صورت میں راستہ کتنا بڑا بنایا جائے | ۶۹۸ | | |
| ۹۱۶: والدین کی جدائی کے وقت بچے کو اختیار دیا جائے | | | |
| ۹۱۷: باپ اپنے بیٹے کے مال میں سے جو چاہے لے سکتا ہے | ۶۹۹ | | |
| ۹۱۸: کسی شخص کی کوئی چیز توڑی جائے تو کیا حکم ہے؟ | | | |
| ۹۱۹: مرد و عورت کب بالغ ہوتے ہیں | ۷۰۰ | | |
| ۹۲۰: جو شخص اپنے والد کی بیوی سے نکاح کرے | ۷۰۱ | | |
| ۹۲۱: دو آدمیوں کا اپنے کھیتوں کو پانی دینے سے متعلق جن میں سے ایک کا کھیت اونچا اور دوسرے کا کھیت پست ہو | | | |
| ۹۲۲: جو شخص موت کے وقت اپنے غلاموں اور لونڈیوں کو آزاد کردے اور ان کے علاوہ اس کے پاس کوئی مال نہ ہو | ۷۰۲ | | |
| ۹۲۳: اگر کسی کا کوئی رشتہ دار غلامی میں آجائے | ۷۰۳ | | |
| ۹۲۴: کسی کی زمین میں بغیر اجازت کھیتی باڑی کرنا | ۷۰۴ | | |
| ۹۲۵: اولاد کو ہبہ کرتے وقت برابری قائم رکھنا | ۷۰۵ | | |
| ۹۲۶: شفعہ کے بارے میں | | | |
| ۹۲۷: غائب کے لئے شفعہ کے بارے میں | | | |
| ۹۲۸: جب حدود مقرر ہو جائیں اور راستے الگ الگ ہو جائیں تو حق شفعہ نہیں | ۷۰۶ | | |
| ۹۲۹: ہر شریک شفعہ کا حق رکھتا ہے | ۷۰۷ | | |
| ۹۳۰: گری پڑی چیز اور گم شدہ اونٹ یا بکری کے بارے میں | ۷۰۸ | | |
| ۹۳۱: وقف کے بارے میں | ۷۱۰ | | |
| ۹۳۲: اگر حیوان کسی کو زخمی کردے تو اس کا قصاص نہیں | ۷۱۱ | | |
| ۹۳۳: بنجر زمین کو آباد کرنا | ۷۱۲ | | |
| ۹۳۴: جاگیر دینا | ۷۱۳ | | |
| ۹۳۵: درخت لگانے کی فضیلت کے بارے میں | | | |
| ۹۳۶: باب کھیتی باڑی کرنا | ۷۱۴ | | |

# اَبْوَ ابُ الزَّکٰوۃِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ

## ابوابِ زکوٰۃ جو مروی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

### ۴۲۸: بَابُ مَاجَاءَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ فِی مَنْعِ الزَّکٰوۃِ مِنَ التَّشْدِیْدِ

۵۹۲: حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِیِّ نَا اَبُوْمُعَاوِیَۃَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مَعْرُوْرِ بْنِ سُوَیْدٍ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ جِئْتُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ وَھُوَ جَالِسٌ فِیْ ظِلِّ الْکَعْبَۃِ قَالَ فَرَاٰنِیْ مُقْبِلاً فَقَالَ ھُمُ الْاَخْسَرُوْنَ وَرَبِّ الْکَعْبَۃِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ قَالَ فَقُلْتُ مَالِیْ لَعَلَّہٗ اُنْزِلَ فِیَّ شَیْءٌ قَالَ قُلْتُ مَنْ ھُمْ فِدَاکَ اَبِیْ وَ اُمِّیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ ھُمُ الْاَ کْثَرُوْنَ اِلَّا مَنْ قَالَ ھٰکَذَا وَھٰکَذَا وَھٰکَذَا فَحَثٰی بَیْنَ یَدَیْہِ وَعَنْ یَمِیْنِہٖ وَعَنْ شِمَالِہٖ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَا یَمُوْتُ رَجُلٌ فَیَدَعُ اِبِلاً اَوْ بَقَرًا لَمْ یُؤَدِّ زَکٰوتَھَا اِلَّا جَاءَ تْہُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَعْظَمَ مَا کَانَتْ وَاَسْمَنَہٗ تَطَؤُہٗ بِاَخْفَافِھَا وَ تَنْطَحُہٗ بِقُرُوْنِھَا کُلَّمَا نَفِدَتْ اُخْرَاھَا عَادَتْ عَلَیْہِ اُوْلَاھَا حَتّٰی یُقْضٰی بَیْنَ النَّاسِ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ مِثْلُہٗ وَعَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ قَالَ لُعِنَ مَانِعُ الصَّدَقَۃِ وَعَنْ قَبِیْصَۃَ بْنِ ھُلْبٍ عَنْ اَبِیْہِ وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ وَعَبْدِاللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ اَبِیْ ذَرٍّ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَاسْمُ اَبِیْ ذَرٍّ جُنْدَبُ بْنُ السَّکَنِ وَ یُقَالُ ابْنُ جُنَادَۃَ.

### ۴۲۸: باب زکوٰۃ نہ دینے پر رسول اللہ ﷺ سے منقول وعید

۵۹۲: حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ کعبہ کے سائے میں بیٹھے ہوئے تھے۔ مجھے آتے ہوئے دیکھا تو فرمایا رب کعبہ کی قسم! وہ قیامت کے دن خسارہ پانے والے ہیں۔ ابوذرؓ فرماتے ہیں! میں نے سوچا کیا ہوگیا۔ شائد میرے متعلق کوئی آیت نازل ہوئی ہے۔ عرض کیا میرے ماں باپ آپؐ فدا ہوں یا رسول اللہ ﷺ وہ کون ہیں۔ فرمایا! وہ مالدار لوگ ہیں مگر جس نے ایسے ایسے اور ایسے دیا پھر آپ ﷺ نے دونوں ہاتھوں سے لپ بنا کر دائیں بائیں اور سامنے کیا طرف اشارہ کی پھر فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے جو شخص مرتے وقت اونٹ گائے وغیرہ بغیر زکوٰۃ کے چھوڑ جاتا ہے قیامت کے دن یہی جانور اس سے زیادہ طاقتور اور موٹا ہو کر آئے گا اور اس کو اپنے کھروں تلے روندتے اور سینگ مارتے ہوئے گزر جائے گا۔ جب وہ گزر جائے گا تو پچھلا جانور لوٹے گا اور اس کے ساتھ اسی طرح ہوتا رہے گا یہاں تک کہ لوگ حساب کتاب سے فارغ ہو جائیں۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ سے بھی اسی کی مثل روایت مروی ہے۔ حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ زکوٰۃ نہ دینے والے پر لعنت بھیجی گئی ہے۔ قبیصہ بن ہلب اپنے والد وہ جابر بن عبداللہ اور عبداللہ بن مسعودؓ بھی روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابوذرؓ حسن صحیح ہے ابوذرؓ کا نام جندب بن سکن ہے انہیں ابن جنادہ بھی کہا جاتا ہے۔

۵۹۷: حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰہِ بْنُ نُمَیْرٍ عَنْ عُبَیْدِاللّٰہِ ابْنِ مُوْسٰی عَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ عَنْ حَکِیْمِ بْنِ الدَّیْلَمِ عَنِ الضَّحَّاکِ بْنِ مُزَاحِمٍ قَالَ الْاَکْثَرُوْنَ اَصْحَابُ عَشْرَۃِ الْاٰفٍ۔

۵۹۷: ہم سے روایت کی عبداللہ بن نمیر نے انہوں نے عبدالرحمٰن بن موسیٰ سے وہ سفیان ثوری سے وہ حکیم بن دیلم سے وہ ضحاک بن مزاحم سے۔ انہوں نے کہا کہ " اَکْثَرُوْنَ" یعنی مالدار سے مراد دس ہزار والے ہیں (یعنی سکہ رائج الوقت جیسے روپیہ، ریال، درہم)

**خلاصۃ الباب:** لفظ زکوٰۃ کے لغوی معنی ''طہارت وپاکیزگی'' کے ہیں اور وجہ تسمیہ یہ ہے کہ زکوٰۃ ادا کرنے سے بقیہ مال کی تطہیر ہوجاتی ہے زکوٰۃ کی فرضیت تو ہجرت سے پہلے مکہ مکرمہ ہی میں ہوچکی تھی لیکن اس کا مفصل نصاب مقرر نہیں تھا نیز اموال ظاہرہ کی زکوٰۃ حکومت کی طرف سے وصول کرنے کا کوئی انتظام نہ تھا کیونکہ حکومت ہی قائم نہ تھی مدینہ طیبہ میں نصاب وغیرہ کی تحدید حافظ ابن حجرؒ کی تحقیق کے مطابق ۲ ھ کے بعد اور ۵ ھ سے پہلے ہوئی واللہ اعلم۔ اس حدیث شریف میں زکوٰۃ واجب ہونے کے باوجود جو شخص ادا نہ کرے اس کو وعید سنائی ہے اور بخاری میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس آدمی کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا پھر اُس نے اُس کی زکوٰۃ نہیں ادا کی تو وہ دولت قیامت کے دن اُس آدمی کے سامنے ایسے زہریلے ناگ کی شکل میں آئے گی جس کی انتہائی زہریلے پن سے اس کے سر کے بال جھڑ گئے ہوں اور اس کی آنکھوں کے اوپر دو سفید نقطے ہوں (جس سانپ میں یہ دو باتیں پائی جائیں وہ انتہائی زہریلہ سمجھا جاتا ہے) پھر وہ سانپ اُس (زکوٰۃ ادا نہ کرنے والے بخیل) کے گلے کا طوق بنا دیا جائیگا (یعنی اس کے گلے میں لپٹ جائے گا) پھر اُس کی دونوں باچھیں پکڑے گا (اور کاٹے گا) اور کہے گا کہ میں تیری دولت ہوں میں تیرا خزانہ ہوں یہ فرمانے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے سورۃ آل عمران رکوع ۱۹ کی آیت تلاوت فرمائی۔

## ۴۲۹: بَابُ مَاجَاءَ اِذَا اَدَّیْتَ الزَّکٰوۃَ فَقَدْ قَضَیْتَ مَا عَلَیْکَ

## ۴۲۹: باب زکوٰۃ کی ادائیگی سے کا فرض ادا ہونا

۵۹۸: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ الشَّیْبَانِیُّ نَا عُبَیْدُاللّٰہِ بْنُ وَھْبٍ نَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ عَنِ ابْنِ حُجَیْرَۃَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَدَّیْتَ زَکٰوۃَ مَالِکَ فَقَدْ قَضَیْتَ مَا عَلَیْکَ قَالَ اَبُوْعِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَقَدْ رُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ مِنْ غَیْرِ وَجْہٍ اَنَّہٗ ذَکَرَ الزَّکٰوۃَ فَقَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ھَلْ عَلَیَّ غَیْرُھَا فَقَالَ لَا اِلَّا اَنْ تَتَطَوَّعَ وَابْنُ حُجَیْرَۃَ ھُوَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ حُجَیْرَۃَ الْبَصْرِیُّ۔

۵۹۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو نے اپنے مال کی زکوٰۃ دیدی تو تو نے اپنا فرض ادا کر دیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے اور کئی سندوں سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب زکوٰۃ کا تذکرہ فرمایا تو ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا اس کے علاوہ بھی مجھ پر کچھ فرض ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں۔ ہاں اگر تم خوشی سے صدقہ دینا چاہو۔ ابن حجیرہ کا نام عبدالرحمٰن بن حجیرہ بصری ہے۔

۵۹۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ ثَنَا عَلِیُّ بْنُ

۵۹۹: حضرت انسؓ فرماتے ہیں ہماری خواہش ہوتی تھی کہ کوئی

عَبْدُالْحَمِيْدِ الْكُوْفِيُّ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كُنَّا نَتَمَنّٰى اَنْ يَبْتَدِئَ الْاَعْرَابِيُّ الْعَاقِلُ فَيَسْاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهُ فَبَيْنَا نَحْنُ كَذٰلِكَ اِذْ اَتَاهُ اَعْرَابِيٌّ فَجَثٰى بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنَّ رَسُوْلَكَ اَتَانَا فَزَعَمَ لَنَا اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ اللّٰهَ اَرْسَلَكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ نَعَمْ قَالَ فَبِالَّذِيْ رَفَعَ السَّمَاءَ وَبَسَطَ الْاَرْضَ وَ نَصَبَ الْجِبَالَ آللّٰهُ اَرْسَلَكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ رَسُوْلَكَ زَعَمَ لَنَا اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ عَلَيْنَا خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي الْيَوْمِ وَ اللَّيْلَةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ نَعَمْ قَالَ فَبِالَّذِيْ اَرْسَلَكَ آللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ رَسُوْلَكَ زَعَمَ لَنَا اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ عَلَيْنَا صَوْمَ شَهْرٍ فِي السَّنَةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ قَالَ فَبِالَّذِيْ اَرْسَلَكَ آللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ رَسُوْلَكَ زَعَمَ لَنَا اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ عَلَيْنَا فِيْ اَمْوَالِنَا الزَّكٰوةَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ صَدَقَ قَالَ فَبِالَّذِيْ اَرْسَلَكَ آللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ نَعَمْ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَكَ زَعَمَ لَنَا اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ عَلَيْنَا الْحَجَّ اِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ نَعَمْ قَالَ فَبِالَّذِيْ اَرْسَلَكَ آللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا قَالَ نَعَمْ فَقَالَ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَدَعُ مِنْهُنَّ شَيْئًا وَلَا اُجَاوِزُهُنَّ ثُمَّ وَثَبَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِنْ صَدَقَ الْاَعْرَابِيُّ دَخَلَ الْجَنَّةَ فَقَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا

عقلمند دیہاتی نبی اکرم ﷺ سے سوال پوچھے تو ہم بھی وہاں موجود ہوں۔ ہم اس خیال میں تھے کہ ایک اعرابی آیا اور آپ ﷺ کے سامنے دو زانو ہو کر بیٹھ گیا اور کہا اے محمد ﷺ آپ ﷺ کا قاصد ہمارے پاس آیا اور کہا کہ آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ اعرابی نے کہا قسم ہے اس رب کی جس نے آسمانوں کو بلند کیا، زمین کو بچھایا اور پہاڑوں کو گاڑا۔ کیا اللہ ہی نے آپ ﷺ کو بھیجا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ اعرابی نے کہا آپ ﷺ کا قاصد کہتا ہے آپ ﷺ ہم پر دن اور رات میں پانچ نمازیں فرض بتاتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ اعرابی نے کہا اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو بھیجا ہے کیا اللہ نے آپ ﷺ کو اس کا حکم دیا ہے۔ آپ ﷺ ے فرمایا: ہاں۔ اعرابی نے کہا آپ ﷺ کا قاصد یہ بھی کہتا ہے کہ ہم پر ہر سال ایک ماہ کے روزے رکھنا فرض ہے: آپ ﷺ نے فرمایا: اس نے سچ کہا ہے۔ اعرابی نے کہا: آپ ﷺ کا قاصد یہ بھی کہتا ہے کہ آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ ہمارے اموال پر زکوٰۃ ادا کرنا فرض ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ اس نے ٹھیک کہا ہے۔ اعرابی نے کہا اس پروردگار کی قسم جس نے آپ ﷺ کو بھیجا کیا اس کا حکم بھی اللہ نے دیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں۔ آپ ﷺ کا قاصد یہ بھی کہتا ہے کہ آپ ﷺ ہم میں سے جو صاحب استطاعت ہو اس کے لئے بیت اللہ کا حج فرض قرار دیتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ اعرابی نے کہا اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو رسول بنایا، کیا یہ حکم بھی اللہ نے دیا ہے: آپ ﷺ نے فرمایا ہاں۔ پھر اعرابی نے کہا اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو دین حق دے کر بھیجا ہے میں اس میں سے کوئی چیز نہیں چھوڑوں گا اور نہ ہی اس سے زیادہ کروں گا۔ پھر وہ اٹھ کر چلا گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر اعرابی سچا ہے تو جنت میں داخل ہو گیا۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث

الْوَجْهِ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمَاعِيْلَ يَقُوْلُ قَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ فِقْهُ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ الْقِرَاءَةَ عَلَى الْعَالِمِ وَالْعَرْضَ عَلَيْهِ جَائِزٌ مِثْلُ السَّمَاعِ وَاحْتَجَّ بِاَنَّ الْاَعْرَابِيَّ عَرَضَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فَاَقَرَّبِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ.

اس سند سے حسن ہے اور اس سند کے علاوہ بھی حضرت انسؓ سے مروی ہے۔ (امام ترمذیؒ کہتے ہیں) میں نے امام بخاریؒ سے سنا کہ بعض محدثین اس حدیث سے یہ حکم مستنبط کرتے ہیں کہ استاد کے سامنے پڑھنا اور پیش کرنا سماع ہی کی طرح جائز ہے۔ ان کی دلیل اعرابی کی یہ حدیث ہے کہ اس نے آپ ﷺ کے سامنے بیان کیا جس پر آپ ﷺ نے اقرار کیا۔

## ۴۳۰: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ زَكٰوةِ الذَّهَبِ وَالْوَرِقِ

## ۴۳۰: باب سونے اور چاندی پر زکوٰۃ

۶۰۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَدْ عَفَوْتُ عَنْ صَدَقَةِ الْخَيْلِ وَالرَّقِيْقِ فَهَاتُوْا صَدَقَةَ الرِّقَّةِ مِنْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا دِرْهَمًا وَلَيْسَ فِيْ تِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ شَيْءٌ فَاِذَا بَلَغَتْ مِائَتَيْنِ فَفِيْهَا خَمْسَةُ دَرَاهِمَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ وَ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ الْاَعْمَشُ وَ اَبُوْ عَوَانَةَ وَغَيْرُ هُمَا عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ وَرَوٰى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَابْنُ عُيَيْنَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَاَلْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَ كِلَاهُمَا عِنْدِيْ صَحِيْحٌ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ يُحْتَمَلُ اَنْ يَكُوْنَ عَنْهُمَا جَمِيْعًا.

۶۰۰: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے تم سے (خدمت کے) گھوڑوں اور غلاموں کی زکوٰۃ معاف کر دی پس تم چاندی کی زکوٰۃ ادا کرو۔ چالیس درہموں میں ایک درہم ہے۔ پھر مجھے ایک سونوے (۱۹۰) درہم میں سے زکوٰۃ نہیں چاہیے۔ ہاں اگر دوسو (درہم) ہو جائیں تو ان پر پانچ درہم (زکوٰۃ) ہے۔ اس باب میں ابوبکر صدیقؓ اور عمرو بن حزمؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اعمش اور ابوعوانہ وغیرہ، ابواسحق سے وہ حارث سے وہ عاصم بن ضمرہ سے اور وہ حضرت علیؓ سے روایت کرتے ہیں۔ پھر سفیان ثوری اور ابن عیینہ اور کئی راوی بھی ابواسحق سے وہ حارث سے اور وہ حضرت علیؓ سے روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں میں نے امام بخاریؒ سے اس حدیث کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے فرمایا میرے نزدیک دونوں صحیح ہیں۔ ممکن ہے کہ ابواسحق دونوں سے روایت کرتے ہوں۔

**خلاصۃ الباب:** اس پر اتفاق ہے کہ چاندی کا نصاب دوسو درہم ہے پھر اکثر علماء ہند کے نزدیک دو سو درہم ساڑھے باون تولہ چاندی مساوی ہیں اور ایک درہم تین ماشہ ایک رتی اور ایک پانچ رتی (ایک رتی کا پانچواں حصہ) کے مساوی ہے الحاصل دوسو درہم سے کم مال پر زکوٰۃ نہیں البتہ جب دوسو درہم ہو جائیں تو اس میں پانچ درہم واجب ہونگے پھر دوسو سے زائد پر امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک کچھ واجب نہیں البتہ جب دوسو درہم چالیس درہم سے زیادہ ہو جائیں تو اس وقت ایک درہم اور واجب ہوگا یعنی دوسو انتالیس پر بھی پانچ درہم واجب ہونگے اس کے برعکس امام ابویوسفؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک دوسو درہم سے زائد میں بھی اسی کے حساب سے زکوٰۃ واجب ہوگی فتویٰ صاحبین کے قول پر ہے۔

## ۴۳۱: بَابُ مَاجَاءَ فِي زَكٰوةِ الاِ بِلِ وَالْغَنَمِ

۶۰۱: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ الْبَغْدَادِيُّ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِاللهِ الْهَرَوِيُّ وَ مُحَمَّدُ بْنُ كَامِلٍ الْمَرْوَزِيُّ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالُوْا نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ كَتَبَ كِتَابَ الصَّدَقَةِ فَلَمْ يُخْرِجْهُ اِلٰى عُمَّالِهِ حَتّٰى قُبِضَ فَقَرَنَهٗ بِسَيْفِهٖ فَلَمَّا قُبِضَ عَمِلَ بِهٖ اَبُوْبَكْرٍ حَتّٰى قُبِضَ وَ عُمَرُ حَتّٰى قُبِضَ وَكَانَ فِيْهِ فِيْ خَمْسٍ مِنَ الْاِبِلِ شَاةٌ وَ فِيْ عَشْرٍ شَاتَانِ وَفِيْ خَمْسَ عَشْرَةَ ثَلٰثُ شِيَاهٍ وَفِيْ عِشْرِيْنَ اَرْبَعُ شِيَاهٍ وَفِيْ خَمْسٍ وَ عِشْرِيْنَ بِنْتُ مَخَاضٍ اِلٰى خَمْسٍ وَ ثَلٰثِيْنَ فَاِذَا زَادَتْ فَفِيْهَا بِنْتُ لَبُوْنٍ اِلٰى خَمْسٍ وَ اَرْبَعِيْنَ فَاِذَازَادَتْ فَفِيْهَا حِقَّةٌ اِلٰى سِتِّيْنَ فَاِذَا زَادَتْ فَفِيْهَا جَذَعَةٌ اِلٰى خَمْسٍ وَسَبْعِيْنَ فَاِذَازَادَتْ فَفِيْهَا ابْنَتَا لَبُوْنٍ اِلٰى تِسْعِيْنَ فَاِذَازَادَتْ فَفِيْهَا حِقَّتَانِ اِلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَفِيْ كُلِّ خَمْسِيْنَ حِقَّةٌ وَفِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ اَبْنَةُ لَبُوْنٍ وَفِي الشَّاءِ فِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ شَاةٌ اِلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَاِذَازَادَتْ فَشَاتَانِ اِلٰى مِائَتَيْنِ فَاِذَا زَادَتْ فَثَلٰثُ شِيَاهٍ اِلٰى ثَلٰثِ مِائَةِ شَاةٍ فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى ثَلَاثِ مِائَةِ شَاةٍ فَفِيْ كُلِّ مِائَةِ شَاةٍ شَاةٌ ثُمَّ لَيْسَ فِيْهَا شَيْءٌ حَتّٰى تَبْلُغَ اَرْبَعَ مِائَةٍ وَلَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ مَخَافَةَ الصَّدَقَةِ وَمَاكَانَ مِنْ خَلِيْطَيْنِ فَاِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بِالسَّوِيَّةِ وَلَا يُؤْخَذُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلَا ذَاتُ عَيْبٍ وَقَالَ الزُّهْرِيُّ اِذَا جَاءَ الْمُصَدِّقُ قَسَّمَ الشَّاءَ اَثْلَاثًا ثُلُثٌ خِيَارٌ ثُلُثٌ اَوْسَاطٌ وَثُلُثٌ شِرَارٌ وَاَخَذَ الْمُصَدِّقُ مِنَ الْوَسَطِ وَلَمْ يَذْكُرِ الزُّهْرِيُّ الْبَقَرَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ

## ۴۳۱: باب اونٹ اور بکریوں کی زکوٰۃ

۶۰۱: حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کتاب زکوٰۃ لکھوائی لیکن ابھی اپنے عمال کو بھیج نہ پائے تھے کہ آپ ﷺ کی وفات ہو گئی آپ ﷺ نے اسے اپنی تلوار کے پاس رکھ دیا تھا۔ آپ ﷺ کی وفات کے بعد حضرت ابوبکرؓ نے اپنی وفات تک اس پر عمل کیا پھر حضرت عمرؓ نے اپنی وفات تک۔ اس میں یہ تھا کہ پانچ اونٹوں میں ایک بکری ہے، دس میں دو بکریاں، پندرہ میں تین بکریاں، بیس میں چار، پچیس میں اونٹ کا ایک سال کا بچہ، پینتیس (۳۵) سے پینتالیس (۴۵) تک دو سال کی اونٹنی۔ پینتالیس سے ساٹھ تک تین سال کی اونٹنی۔ ساٹھ سے پچھتر تک چار سال کی اونٹنی۔ اگر اس سے زیادہ ہوں تو نوے تک دو سال کی دو اونٹنیاں، اگر اس سے زیادہ ہوں تو ایک سو بیس (۱۲۰) اونٹوں تک تین تین سال کی دو اونٹنیاں۔ اور اگر ایک سو بیس سے بھی زیادہ ہوں۔ تو ہر پچاس اونٹوں پر ایک تین سال کی اونٹنی اور ہر چالیس اونٹوں پر ایک دو سال کی اونٹنی زکوٰۃ ہے۔ جب کہ چالیس بکریوں پر ایک بکری یہاں تک کہ ایک سو بیس ہو جائیں پھر ایک سو بیس سے دو سو بکریوں تک دو بکریاں، دو سو سے تین سو تک تین بکریاں اور ہر سو (۱۰۰) بکریوں پر ایک بکری زکوٰۃ ہے۔ پھر اگر اس سے زیادہ ہوں تو سو (۱۰۰) تک کوئی زکوٰۃ نہیں۔ پھر متفرق اشخاص کی بکریاں یا اونٹ جمع نہ کئے جائیں۔ اور اسی طرح کسی ایک شخص کی متفرق نہ کی جائیں تاکہ زکوٰۃ ادا نہ کرنی پڑے۔ اور اگر ان میں دو شریک ہوں تو آپس میں برابر تقسیم کر لیں اور زکوٰۃ میں بوڑھا یا عیب دار جانور نہ لیا جائے۔ زہری کہتے ہیں کہ جب زکوٰۃ لینے والا (عامل) آئے تو بکریوں کو تین حصوں (یعنی اعلیٰ، متوسط اور ادنیٰ میں) تقسیم کرے اور وصول کرتے وقت اوسط درجے سے زکوٰۃ وصول کرے۔ زہری نے گائے کے متعلق کچھ نہیں کہا۔

وَبَهْزِبْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ وَاَبِىْ ذَرٍّ وَاَنَسٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ عَامَّةِ الْفُقَهَاءِ وَقَدْ رَوٰى يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَلَمْ يَرْ فَعُوْهُ وَاِنَّمَا رَفَعَهٗ سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ۔

اس باب میں ابوبکر صدیقؓ ، بہز بن حکیم بواسطہ والد اپنے دادا سے، ابوذرؓ اور انسؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عمرؓ حسن ہے اور عام فقہا کا اس پر عمل ہے۔ یونس بن یزید اور کئی دوسرے راویوں نے اسے زہری سے بحوالہ سالم موقوفاً روایت کیا ہے اور سفیان بن حسین نے مرفوع روایت کی ہے۔

**خلاصۃ الباب:** حدیث باب امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کے مذہب کی دلیل ہے یعنی کہ اس عدد میں جتنی اربعینات (چالیس) ہوں اتنی بنت لبون (دو سالہ) اور جتنی خمینات (پچاس) ہوں اتنے حقے واجب ہونگے مثلاً ایک سو بیس تک باتفاق دو حقے تھے اب ایک سو اکیس پر تین بنت لبون واجب ہو جائیں گے کیونکہ ایک سو اکیس میں تین اربعینات ہیں (تین چالیس) پھر ایک سو تیس پر دو بنت لبون اور ایک حقہ واجب ہوگا کیونکہ یہ عدد دو اربعینات اور ایک خمینات پر مشتمل ہے اور ایک سو پچاس پر تین حقے واجب ہونگے علیٰ ھذا القیاس ہر دس پر فریضہ تبدیل ہوگا۔ امام ابوحنیفہؒ کا مسلک انکے برخلاف یہ ہے کہ ایک سو بیس تک دو حقے واجب رہیں گے اس کے استیناف نیا فریضہ ناقص ہو یعنی ہر پانچ پر ایک بکری بڑھتی چلی جائیگی یہاں تک کہ ایک سو چالیس پر دو حقے اور چار بکریاں ہوں گی اس کے بعد ایک سو پچاس پر تین حقے واجب ہونگے اس کے بعد استیناف کامل ہوگا یعنی ہر پانچ پر ایک بکری بڑھتی چلی جائیگی یہاں تک کہ ایک سو ستر پر تین حقے اور چار بکریاں واجب ہوں گی۔ حنفیہ کا استدلال حضرت عمرو بن حزمؓ کے صحیفہ سے ہے۔ طحاویؒ اور مصنف ابن ابی شیبہ وغیرہ میں حضرت علیؓ کے آثار اور حضرت ابن مسعودؓ کے آثار مروی ہیں پھر خاص طور سے حضرت علیؓ کا اثر اس لئے اہمیت رکھتا ہے کہ صحیحین کی روایت کے مطابق ان کے پاس احادیث نبوی (علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) کا ایک صحیفہ موجود تھا جو ان کی تلوار کی قراب (نیام) میں رہتا تھا اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دوسرے امور کے علاوہ اونٹوں کی عمروں کے احکام بھی لکھوائے تھے لہٰذا ظاہر یہی ہے کہ ان کی بیان کردہ تفصیل اسی صحیفہ کے مطابق ہوگی جہاں تک حدیث کا تعلق ہے وہ مجمل ہے اور حضرت عمرو بن حزمؓ کی روایت مفصل ہے لہٰذا مجمل کو مفصل پر محمول کیا جائے گا۔ دوسرا اختلاف ائمہ ثلاثہ اور حنفیہ کے درمیان یہ ہے کہ اگر کوئی مال دو آدمیوں کے درمیان مشترک ہو تو ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تو زکوٰۃ ہر شخص کے الگ الگ حصے پر نہیں بلکہ مجموعے پر واجب ہوتی ہے مثلاً اگر اسّی بکریاں دو آدمیوں کے درمیان مشترک ہیں تو ایک بکری دونوں پر واجب ہوگی بشرطیکہ دونوں شخص مال کی ملکیت میں شریک اور مال دونوں میں مشترک ہو اس کا نام خلطة الشیوعی ہے۔ دوسری صورت یہ کہ دونوں اشخاص مال کی ملکیتوں میں تو باہم شریک نہ ہوں بلکہ دونوں کی ملکیت جدا جدا ہوں لیکن دونوں کا باڑا ایک ہو چرواہا، چراگاہ، دودھ دوہنے والا، بیاہنے والا نہر ایک ہو۔ اس کا نام خلطة الجوار ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک دونوں پر الگ الگ زکوٰۃ واجب ہوگی یعنی اسّی بکریوں میں ہر ہر شخص پر ایک ایک بکری ہوگی، تفصیل کیلئے علماء سے رجوع کیا جائے۔

## ۴۳۲: بَابُ مَا جَاءَ فِىْ زَكٰوةِ الْبَقَرِ

## ۴۳۲: باب گائے، بیل کی زکوٰۃ

۶۰۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ وَاَبُوْ سَعِيْدٍ

۶۰۲: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

اَلْاَشَجُّ قَالَا نَا عَبْدُالسَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ اَبِیْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ فِیْ ثَلٰثِيْنَ مِنَ الْبَقَرِ تَبِيْعٌ اَوْ تَبِيْعَةٌ وَفِیْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ مُسِنَّةٌ وَ فِی الْبَابِ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰكَذَا رَوٰى عَبْدُالسَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ خُصَيْفٍ وَ عَبْدُالسَّلَامِ ثِقَةٌ حَافِظٌ وَرَوٰى شَرِيْكٌ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ اَبِیْ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ وَاَبُوْعُبَيْدَةَ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِيْهِ.

ﷺ نے فرمایا تیس گائے (یا بیل) پر ایک سال کا بچھڑا یا بچھیا ہے اور ہر چالیس گائے (یا بیل) پر دو سال کی گائے ہے۔ اس باب میں معاذ بن جبلؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ عبدالسلام بن حرب نے بھی خصیف سے اسی طرح روایت کی ہے اور عبدالسلام ثقہ اور حافظ ہیں۔ شریک اس حدیث کو خصیف سے وہ ابوعبیدہ سے وہ اپنے والد سے اور وہ عبداللہ سے روایت کرتے ہیں۔ ابوعبیدہ بن عبداللہ نے اپنے والد سے کوئی حدیث نہیں سنی۔

۶۰۳: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ بَعَثَنِی النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ فَاَمَرَنِیْ اَنْ اٰخُذَ مِنْ كُلِّ ثَلٰثِيْنَ بَقَرَةً تَبِيْعًا اَوْ تَبِيْعَةً وَمِنْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ مُسِنَّةً وَمِنْ كُلِّ حَالِمٍ دِيْنَارًا اَوْعِدْلَهٗ مَعَافِرَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَاْخُذَ وَ هٰذَا اَصَحُّ.

۶۰۳: حضرت معاذ بن جبلؓ فرماتے ہیں کہ مجھے نبی اکرم ﷺ نے یمن بھیجا تو حکم دیا کہ تیس گائے پر ایک سال کی گائے یا بیل اور چالیس پر دو سال کی گائے زکوٰۃ لوں اور پھر ہر جوان آدمی سے ایک دینار یا اس کے برابر کپڑے (جزیہ کے طور پر) لوں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔ بعض حضرات نے یہ حدیث سفیان سے وہ اعمش سے وہ ابو وائل سے اور وہ مسروق سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے معاذؓ کو یمن بھیجا تو انہیں حکم دیا زکوٰۃ لینے کا......الخ۔ یہ حدیث اصح ہے۔

۶۰۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا عُبَيْدَةَ هَلْ تَذْكُرُ مِنْ عَبْدِاللّٰهِ شَيْئًا قَالَ لَا.

۶۰۴: ہم سے روایت کی محمد بن بشار نے انہوں نے محمد بن جعفر انہوں نے شعبہ انہوں نے عمرو بن مرہ سے وہ کہتے ہیں میں نے ابوعبیدہ سے پوچھا کہ آپ کو عبداللہ کی کچھ باتیں یاد ہیں فرمایا نہیں۔

## ۴۳۳: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ كَرَاهِيَةِ اَخْذِ خِيَارِ الْمَالِ فِی الصَّدَقَةِ

## ۴۳۳: باب زکوٰۃ میں عمدہ مال لینا مکروہ ہے

۶۰۵: حَدَّثَنَا اَبُوْكُرَيْبٍ نَا وَكِيْعٌ نَا زَكَرِيَّا بْنُ اِسْحٰقَ الْمَكِّیُّ نَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ صَيْفِیٍّ عَنْ اَبِیْ مَعْبَدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ اِنَّكَ تَاْتِیْ قَوْمًا اَهْلَ كِتَابٍ فَادْعُهُمْ اِلٰى شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّیْ

۶۰۵: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے معاذؓ کو یمن بھیجا اور فرمایا! تم اہل کتاب کی ایک قوم پر سے گزرو گے لہٰذا تم انہیں دعوت دینا کہ وہ اس بات کی گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں اگر وہ اسے قبول کرلیں تو انہیں بتانا کہ اللہ تعالیٰ نے ان

رَسُوْلُ اللهِ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِکَ فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِکَ فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً اَمْوَالِهِمْ تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِيَائِهِمْ وَ تُرَدُّ عَلٰى فُقَرَائِهِمْ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِکَ فَاِيَّاکَ وَكَرَائِمَ اَمْوَالِهِمْ وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّهَا لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللهِ حِجَابٌ وَفِي الْبَابِ عَنِ الصُّنَابِحِيِّ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ مَعْبَدٍ مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ اسْمُهُ نَافِذٌ.

پر دن اور رات میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں اگر وہ یہ بھی قبول کرلیں تو انہیں بتانا کہ اللہ نے ان کے اموال پر بھی زکوٰۃ فرض کی ہے جو ان کے مالداروں سے لے کر غریبوں کو دی جاتی ہے اگر وہ لوگ اسے بھی قبول کرلیں تو تم ان کے بہترین مال میں سے زکوٰۃ لینے سے پرہیز کرنا اور مظلوم کی بددعا سے بچنا کیونکہ اس بددعا اور اللہ کے درمیان کوئی پردہ نہیں۔ اس باب میں صنابحی سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عباسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اور ابومعبد، ابن عباسؓ کے مولیٰ ہیں انکا نام نافذ ہے۔

## ۴۳۴: بَابُ مَا جَاءَ فِيْ صَدَقَةِ وَالزَّرْعِ وَالثَّمْرِ وَالْحُبُوْبِ

## ۴۳۴: باب کھیتی پھلوں اور غلّے کی زکوٰۃ

۶۰۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ فِيْ مَادُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ صَدَقَةٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ عُمَرَ وَجَابِرٍ وَعَبْدِاللهِ بْنِ عَمْرٍو.

۶۰۶: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ سے کم اونٹوں میں زکوٰۃ نہیں اس طرح پانچ اوقیہ[1] (ساڑھے باون تولہ چاندی) چاندی سے کم پر اور پانچ وسق[2] (ساٹھ صاع) سے کم غلے پر بھی زکوٰۃ نہیں۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، ابن عمر رضی اللہ عنہما، جابر رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے بھی روایات مذکور ہیں۔

۶۰۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ وَ شُعْبَةُ وَمَالِکُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ نَحْوَ حَدِيْثِ عَبْدِالْعَزِيْزِ عَنْ عَمْرِو ابْنِ يَحْيٰى قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ سَعِيْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْهُ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنْ لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ صَدَقَةٌ وَالْوَسَقُ سِتُّوْنَ صَاعًا وَخَمْسَةُ

۶۰۷: ہم سے روایت کی محمد بن بشار نے انہوں نے عبدالرحمٰن بن مہدی سے انہوں نے سفیان اور شعبہؓ اور مالک بن انسؓ سے انہوں نے عمرو بن یحییٰ سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے ابوسعید خدریؓ سے انہوں نے نبی ﷺ سے عبدالعزیز کی عمرو بن یحییٰ سے مروی حدیث کے مثل۔ اور یہ انہی سے کئی سندوں سے مروی ہے۔ اسی پر اہل علم کا عمل ہے کہ پانچ اوسق سے کم غلے وغیرہ پر زکوٰۃ نہیں اور ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اور پانچ اوسق تین سو صاع ہوئے۔ نبی

[1] پانچ اوقیہ چاندی تقریباً ساڑھے باون تولہ چاندی کے برابر ہے اور اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے۔

[2] اوسق وسق کی جمع ہے اس پیمانہ کی مقدار ساٹھ صاع ہوتی ہے اور پانچ وسق تقریباً (۲۵) پچیس من کا ہوتا ہے۔ (مترجم)۔

اَوْ سُقٍ ثَلٰثُ مِائَةِ صَاعٍ وَصَاعُ اَهْلِ الْكُوفَةِ ثَمَانِيَةُ اَرْطَالٍ وَ لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ وَالْاُوْقِيَةُ اَرْبَعُوْنَ دِرْهَمًا وَخَمْسُ اَوَاقٍ مِائَتَا دِرْهَمٍ وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ يَعْنِىْ لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسٍ مِنَ الْاِ بِلِ صَدَقَةٌ فَاِذَابَلَغَتْ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ مِنَ الْاِبِلِ فَفِيْهَا ابْنَةُ مَخَاضٍ وَفِيْمَا دُوْنَ خَمْسٍ وَعِشْرِيْنَ مِنَ الْاِبِلِ فِىْ كُلِّ خَمْسٍ مِنَ الْاِبِلِ شَاةٌ.

اکرم ﷺ کا صاع پانچ اور ایک تہائی رطل کا ہے (یعنی 3÷1×5) اور اہل کوفہ کا صاع آٹھ رطل کا ہے اور پانچ اوقیہ سے کم چاندی میں زکوٰۃ نہیں۔ اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے اور پانچ اوقیہ دوسو درہم ہوئے اور پانچ اونٹوں سے کم پر زکوٰۃ نہیں ہے۔ پھر جب پچیس اونٹ ہوجائیں تو ایک سال کی اونٹنی اور اگر اس سے کم ہوں تو ہر پانچ پر ایک بکری زکوٰۃ ادا کرنا ہوگی۔

**خلاصۃ الباب:** امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک زرعی پیداوار کا کوئی نصاب مقرر نہیں بلکہ اس کی ہر قلیل وکثیر مقدار پر عشر واجب ہے امام صاحب دلیل اولاً قرآنی آیت ہے (وَاٰتُوْ حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ) سورہ انعام آیت ۱۴۱) اس زرعی پیداوار پر جس حق کا ذکر کیا گیا ہے وہ مطلق ہے اس میں قلیل وکثیر کی کوئی تفریق نہیں۔ دوسری دلیل بخاری کی حدیث ہے جہاں تک حدیث کا تعلق ہے اس حدیث میں صدقہ سے زکوٰۃ مراد ہے اور یہ اُس زرعی پیداوار کا بیان ہے جو تجارت کے لئے حاصل کی گئی ہو اس کی پیداوار جب دوسو درہم کی قیمت کو پہنچ جائے اُس زمانہ میں چونکہ پانچ وسق دوسو درہم کے مساوی ہوتے تھے اس لئے پانچ وسق کو نصاب مقرر کیا گیا۔

## ۴۳۵: بَابُ مَاجَاءَ لَيْسَ فِى الْخَيْلِ وَالرَّقِيْقِ صَدَقَةٌ

## ۴۳۵: باب گھوڑے اور غلام پر زکوٰۃ نہیں

۶۰۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ اَبُوْ كُرَيْبٍ وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَا نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ وَ شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِىْ فَرَسِهٖ وَلَا فِىْ عَبْدِهٖ صَدَقَةٌ وَفِى الْبَابِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَعَلِيٍّ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّهٗ لَيْسَ فِى الْخَيْلِ السَّائِمَةِ صَدَقَةٌ وَلَا فِى الرَّقِيْقِ اِذَا كَانُوْا لِلْخِدْمَةِ اِلَّا اَنْ يَكُوْنُوْا لِلتِّجَارَةِ فَاِذَا كَانُوْا لِلتِّجَارَةِ فَفِىْ اَثْمَانِهِمُ الزَّكٰوةُ اِذَا حَالَ عَلَيْهَا الْحَوْلُ.

۶۰۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان پر اس کے گھوڑے اور اس کے غلام پر زکوٰۃ نہیں۔ اس باب میں عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ اور علی رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور اسی پر اہل علم کا عمل ہے کہ چرنے والے گھوڑے اور خدمت کے لئے رکھے ہوئے غلاموں پر زکوٰۃ نہیں۔ البتہ اگر تجارت کے لئے ہوں تو ان پر سال گزر جانے کے بعد ان کی قیمتوں پر زکوٰۃ ادا کی جائے۔

**خلاصۃ الباب:** ائمہ ثلاثہ کے نزدیک گھوڑوں پر جو کہ تجارت کے لئے نہ ہوں زکوٰۃ نہیں ہے ان کی دلیل حدیث باب ہے۔ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ایسے گھوڑوں پر زکوٰۃ واجب ہے ان کی دلیل صحیح مسلم شریف میں ہے۔ نیز حضرت عمرؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے اپنے زمانہ میں گھوڑوں پر زکوٰۃ مقرر کی تھی اور ہر گھوڑے پر ایک دینار وصول فرمایا کرتے تھے چنانچہ

امام صاحبؒ کے نزدیک زکوٰۃ اسی طرح واجب ہے۔

## ۴۳۶: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ زَكٰوةِ الْعَسَلِ

۶۰۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُوْرِيُّ نَا عَمْرُوبْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ التِّنِّيْسِيُّ عَنْ صَدَقَةَ بْنِ عَبْدِاللهِ عَنْ مُوْسَى بْنِ يَسَارٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فِي الْعَسَلِ فِيْ كُلِّ عَشْرَةِ اَزُقٍّ زِقٌّ وَ فِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَبِيْ سَيَّارَةَ الْمُتَعِيِّ وَ عَبْدِاللهِ ابْنِ عُمَرَ وَقَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ فِيْ اِسْنَادِهٖ مَقَالٌ وَلَا يَصِحُّ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ فِيْ هٰذَا الْبَابِ كَبِيْرُ شَيْءٍ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَبِهٖ يَقُوْلُ اَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ وَ قَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ لَيْسَ فِي الْعَسَلِ شَيْءٌ.

## ۴۳۶: باب شہد کی زکوٰۃ

۶۰۹: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شہد کی دس مشکوں پر ایک مشک زکوٰۃ ہے۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، ابو سیارہ متعی رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں کلام کیا گیا ہے اور اس باب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی کوئی حدیث صحیح نہیں۔ اسی پر اہل علم کا عمل ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کے نزدیک شہد پر زکوٰۃ نہیں۔

**خلاصۃ الباب:** اس حدیث کی وجہ سے احناف امام احمدؒ اور امام اسحٰقؒ اس بات کے قائل ہیں کہ شہد میں عشر واجب ہے۔ جبکہ شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک شہد پر عشر نہیں۔

## ۴۳۷: بَابُ مَاجَاءَ لَا زَكٰوةَ عَلَى الْمَالِ الْمُسْتَفَادِ حَتّٰى يَحُوْلَ عَلَيْهِ الْحَوْلُ

۶۱۰: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى نَا هَارُوْنُ ابْنُ صَالِحٍ الطَّلْحِيُّ نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَنِ اسْتَفَادَ مَالًا فَلَا زَكٰوةَ عَلَيْهِ حَتّٰى يَحُوْلَ عَلَيْهِ الْحَوْلُ وَفِي الْبَابِ عَنْ سَرَّاءَ بِنْتِ نَبْهَانَ.

۶۱۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُالْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ نَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَنِ اسْتَفَادَ مَالًا فَلَا زَكٰوةَ فِيْهِ حَتّٰى يَحُوْلَ عَلَيْهِ الْحَوْلُ عِنْدَ رَبِّهٖ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدِ ابْنِ اَسْلَمَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَرَوَاهُ اَيُّوْبُ وَعُبَيْدُاللهِ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَوْقُوْفًا وَعَبْدُالرَّحْمٰنِ

## ۴۳۷: باب مال مستفاد میں زکوٰۃ نہیں جب اس پر سال نہ گزر جائے

۶۱۰: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے مال حاصل کیا اس پر سال گزرنے سے پہلے زکوٰۃ واجب نہیں۔ اس باب میں سراء بنت نبہان سے بھی روایت ہے۔

۶۱۱: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے زکوٰۃ کا نصاب مکمل ہونے کے بعد مال پایا اس پر اللہ کے نزدیک ایک سال مکمل ہونے سے پہلے زکوٰۃ نہیں۔ یہ حدیث عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم کی حدیث سے اصح ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں اسے ایوب، عبیداللہ اور کئی حضرات بھی نافع سے اور وہ ابن عمر رضی

بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ ضَعِيْفٌ فِي الْحَدِيْثِ ضَعَّفَهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَعَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَغَيْرُهُمَا مِنْ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَهُوَ كَثِيْرُ الْغَلَطِ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اَنْ لَا زَكٰوةَ فِي الْمَالِ الْمُسْتَفَادِ حَتّٰى يَحُوْلَ عَلَيْهِ الْحَوْلُ وَ بِهِ يَقُوْلُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَالشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَاِسْحٰقُ وَ قَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِذَا كَانَ عِنْدَهُ مَالٌ تَجِبُ فِيْهِ الزَّكٰوةُ فَفِيْهِ الزَّكٰوةُ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ سِوَى الْمَالِ الْمُسْتَفَادِ مَالٌ تَجِبُ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ الْمُسْتَفَادِ زَكٰوةٌ حَتّٰى يَحُوْلَ عَلَيْهِ الْحَوْلُ فَاِنِ اسْتَفَادَ مَالًا قَبْلَ اَنْ يَحُوْلَ عَلَيْهِ الْحَوْلُ فَاِنَّهٗ يُزَكِّي الْمَالَ الْمُسْتَفَادَ مَعَ مَالِهِ الَّذِيْ وَجَبَتْ فِيْهِ الزَّكٰوةُ وَبِهٖ يَقُوْلُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَاَهْلُ الْكُوْفَةِ۔

اللہ عنہما سے موقوفاً روایت کرتے ہیں۔ عبدالرحمن بن زید بن اسلم ضعیف ہیں۔ انہیں احمد بن حنبلؒ اور علی بن مدینی اور کئی دوسرے علماء نے ضعیف کہا ہے اور یہ کثیر الغلط ہیں۔ متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ حاصل شدہ مال پر سال گزرنے سے پہلے زکوٰۃ نہیں۔ مالک بن انسؒ، شافعیؒ، احمد بن حنبلؒ اور اسحقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں اگر اس کے پاس ایسا مال ہو جس پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے تو اس میں بھی زکوٰۃ واجب ہوگی اور اگر اس مال کے علاوہ کوئی دوسرا مال نہ ہو جس پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہو تو اس پر سال گزرنے سے پہلے زکوٰۃ واجب نہ ہوگی۔ اگر مال زکوٰۃ پر سال پورا ہونے سے پہلے کچھ اور مال حاصل ہو گیا تو پہلے مال کیساتھ نئے مال کی زکوٰۃ بھی دینی پڑے گی۔ سفیان ثوریؒ اور اہل کوفہ کا یہی قول ہے۔

**خلاصۃ الباب:** مال مستفاد اصطلاح شریعت میں اُس مال کو کہتے ہیں جو نصاب زکوٰۃ مکمل ہو جانے کے بعد درمیان سال میں حاصل ہوا ہو اس کی کئی صورتیں ہیں۔ ا۔ پہلے سونا چاندی بقدر نصاب تھا اور سال کے دوران اس کے پاس پانچ اونٹ آگئے اس کے بارے میں اتفاق ہے کہ ایسے حاصل ہونے والے مال کو پہلے مال کے ساتھ نہیں ملایا جائے گا بلکہ دونوں کا سال الگ الگ شمار کیا جائے گا کیونکہ ان دونوں مالوں کی جنس ایک نہیں ہے اگر دونوں مال ایک جنس میں سے ہوں اور حاصل ہونے والا مال پہلے مال کی بڑھوتری ہے مثلاً پہلے مال تجارت تھا دوران سال اس پر نفع حاصل ہوا تو اس کے بارے میں اتفاق ہے کہ ایسے مال کو ملایا جائے گا اور دونوں کا سال ایک شمار کیا جائے گا اور پہلے مال پر سال گذرنے پر دونوں کی زکوٰۃ واجب ہوگی۔

## ۴۳۸: بَابُ مَا جَاءَ لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ جِزْيَةٌ

## ۴۳۸: باب مسلمانوں پر جزیہ نہیں

۶۱۲: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَكْثَمَ نَا جَرِيْرٌ عَنْ قَابُوْسِ بْنِ اَبِيْ ظِبْيَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ لَا تَصْلُحُ قِبْلَتَانِ فِيْ اَرْضٍ وَاحِدَةٍ وَلَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ جِزْيَةٌ۔

۶۱۲: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک جگہ دو قبلے والوں کا رہنا ٹھیک نہیں اور مسلمانوں پر جزیہ نہیں۔

۶۱۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا جَرِيْرٌ عَنْ قَابُوْسٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ وَفِي الْبَابِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ وَجَدِّ حَرْبِ بْنِ عُبَيْدِاللّٰهِ الثَّقَفِيِّ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ قَدْ رُوِيَ عَنْ قَابُوْسِ بْنِ اَبِيْ ظِبْيَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ

۶۱۳: روایت کی ہم سے ابو کریب نے انہوں نے جریر سے انہوں نے قابوس سے اسی اسناد سے اوپر کی حدیث مثل۔ اس باب میں سعید بن زید اور حرب بن عبیداللہ ثقفی کے دادا سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حضرت ابن

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مُرْسَلاً وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ عَامَّةِ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ النَّصْرَانِيَّ اِذَا اَسْلَمَ وُضِعَتْ عَنْهُ جِزْيَةُ رَقَبَتِهٖ وَقَوْلُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ جِزْيَةُ عُشُوْرٍ اِنَّمَا يَعْنِيْ بِهٖ جِزْيَةَ الرَّقَبَةِ وَفِي الْحَدِيْثِ مَا يُفَسِّرُ هٰذَا حَيْثُ قَالَ اِنَّمَا الْعُشُوْرُ عَلَى الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى وَلَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ عُشُوْرٌ.

عباسؓ کی حدیث قابوس بن ابوظبیان سے اور وہ اپنے والد سے مرسلاً روایت کرتے ہیں۔ اکثر اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ اگر کوئی نصرانی اسلام قبول کر لے تو اس سے جزیہ معاف ہو جائے گا۔ نبی اکرم ﷺ کا یہ قول کہ مسلمانوں پر جزیہ عشور نہیں ''اس سے مراد جزیہ ہی ہے'' اس حدیث سے اس کی تفسیر ہوتی ہے کیونکہ آپ ﷺ نے فرمایا عشور یہود و نصاریٰ کیلئے ہی مسلمانوں کے لئے نہیں۔

**خلاصۃ الباب:** یہ حکم جزیرہ عرب کے ساتھ مختص ہے لہٰذا ایسے تمام افراد جن کا قبلہ مسلمانوں کے قبلہ سے مختلف ہے ان کو جزیرہ عرب میں ٹھہرنے کی اجازت نہیں چنانچہ حضرت عمرؓ نے یہود کو جزیرۂ عرب سے نکال دیا تھا تفصیل کیلئے بخاری ج اص ۴۲۶ اور معارف السنن للعلامہ البنوریؒ۔

## ۴۳۹: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ زَكٰوةِ الْحُلِيِّ

## ۴۳۹: باب زیور کی زکوٰۃ

۶۱۴: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُصْطَلِقِ عَنِ ابْنِ اَخِيْ زَيْنَبَ امْرَاَةِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ زَيْنَبَ امْرَاَةِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ تَصَدَّقْنَ وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ فَاِنَّكُنَّ اَكْثَرُ اَهْلِ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ.

۶۱۴: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی بیوی زینب رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا اور فرمایا اے عورتو! صدقہ کرو اگر چہ اپنے زیورات ہی سے دو۔ اس لئے کہ قیامت کے دن تم میں سے اکثر جہنم میں جائیں گی۔

۶۱۵: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْدَاوٗدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاوَائِلٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ بْنِ اَخِيْ زَيْنَبَ امْرَاَةِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ زَيْنَبَ امْرَاَةِ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ نَحْوَهٗ هٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ مُعَاوِيَةَ وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَهِمَ فِيْ حَدِيْثِهٖ فَقَالَ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنِ ابْنِ اَخِيْ زَيْنَبَ وَالصَّحِيْحُ اِنَّمَا هُوَ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ بْنِ اَخِيْ زَيْنَبَ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اَنَّهٗ رَاٰى فِي الْحُلِيِّ زَكٰوةً فِيْ اِسْنَادِهٖ مَقَالٌ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ ذٰلِكَ فَرَاٰى بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَالتَّابِعِيْنَ فِي الْحُلِيِّ زَكٰوةَ

۶۱۵: روایت کی ہم سے محمود بن غیلان نے انہوں نے ابوداؤد سے انہوں نے شعبہ سے انہوں نے اعمش سے کہ ابووائل عمرو بن حارث جو عبداللہ کی بیوی زینب کے بھتیجے ہیں زینب سے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کے مثل روایت کرتے ہیں اور یہ ابومعاویہ کی حدیث سے اصح ہے۔ ابومعاویہ کو حدیث میں وہم ہو گیا ہے پس وہ کہتے ہیں ''عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ بْنِ اَخِيْ زَيْنَبَ'' جب کہ صحیح یہ ہے ''عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ بْنِ اَخِيْ زَيْنَبَ'' اور عمرو بن شعیب سے بھی مروی ہے وہ اپنے والد اور ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زیور میں زکوٰۃ تجویز کی۔ اس کی سند میں کلام ہے۔ اہل علم کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے۔ بعض علماء صحابہ رضی اللہ عنہم و تابعینؒ کہتے ہیں کہ زیور میں زکوٰۃ ہے جو سونے

مَا كَانَ مِنْهُ ذَهَبٌ وَ فِضَّةٌ وَ بِهِ يَقُولُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَعَبْدُاللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ وَقَالَ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مِنْهُمُ ابْنُ عُمَرَ وَعَآئِشَةَ وَجَابِرُ بْنُ عَبْدِاللهِ وَاَنَسُ بْنُ مَالِكٍ لَيْسَ فِي الْحُلِيِّ زَكٰوةٌ وَهٰكَذَا رُوِيَ عَنْ بَعْضِ فُقَهَاءِ التَّابِعِيْنَ وَبِهِ يَقُوْلُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَالشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ.

اور چاندی کا ہو۔ سفیان ثوری، عبداللہ بن مبارکؒ بھی یہی کہتے ہیں۔ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم جیسے عائشہ رضی اللہ عنہا، ابن عمر رضی اللہ عنہما، جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اور انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ زیور میں زکوٰۃ نہیں اور اسی طرح بعض فقہاء تابعینؒ سے بھی مروی ہے اور مالک بن انسؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

۶۱۶ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ عَمْرِوبْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ امْرَاَتَيْنِ اَتَتَا رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَفِيْ اَيْدِيْهِمَا سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَقَالَ لَهُمَا اَتُؤَدِّيَانِ زَكٰوتَهٗ فَقَالَتَا لَا فَقَالَ لَهُمَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اَتُحِبَّانِ اَنْ يُسَوِّرَ كُمَا اللهُ بِسِوَارَيْنِ مِنْ نَارٍ قَالَتَا لَا قَالَ فَاَدِّيَا زَكٰوتَهٗ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ قَدْ رَوَاهُ الْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ نَحْوَ هٰذَا وَالْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ وَابْنُ لَهِيْعَةَ يُضَعَّفَانِ فِي الْحَدِيْثِ وَلَا يَصِحُّ فِيْ هٰذَا الْبَابِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ شَيْءٌ.

۶۱۶ : عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ دو عورتیں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں ان کے ہاتھوں میں دو سونے کے کنگن تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم ان کی زکوٰۃ ادا کرتی ہو: انہوں نے کہا: نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم چاہتی ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں آگ کے کنگن پہنائے۔ عرض کرنے لگیں: نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس کی زکوٰۃ ادا کیا کرو۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں۔ اس حدیث کو مثنی بن صباح نے بھی عمرو بن شعیب سے اسی کی مثل روایت کیا ہے۔ مثنی بن صباح اور ابن لہیعہ دونوں ضعیف ہیں اور اس باب میں نبی اکرم ﷺ سے مروی کوئی حدیث صحیح نہیں۔

**خلاصۃ الباب:** یہ حدیث حنفیہ کے مسلک کی دلیل ہے جو یہ فرماتے ہیں کہ عورتوں کے استعمالی زیورات پر بھی زکوٰۃ ہے بعض دوسرے ائمہ کرام کے نزدیک نہیں۔

## ۴۴۰ : بَابُ مَاجَاءَ فِي زَكٰوةِ الْخَضْرَاوَاتِ

## ۴۴۰ : باب سبزیوں کی زکوٰۃ

۶۱۷ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ مُعَاذٍ اَنَّهٗ كَتَبَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَسْاَلُهٗ عَنِ الْخَضْرَاوَاتِ وَهِيَ الْبُقُوْلُ فَقَالَ لَيْسَ فِيْهَا شَيْءٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى اِسْنَادُ هٰذَا الْحَدِيْثِ لَيْسَ بِصَحِيْحٍ وَلَيْسَ يَصِحُّ فِيْ هٰذَا الْبَابِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ شَيْءٌ وَاِنَّمَا يُرْوٰى هٰذَا عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ

۶۱۷ : حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو لکھا کہ سبزیوں یعنی ترکاریوں وغیرہ کی زکوٰۃ کا کیا حکم ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان میں کچھ نہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں اس حدیث کی سند صحیح نہیں۔ اس باب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی کوئی حدیث صحیح نہیں اور یہ روایت موسیٰ بن طلحہ سے مرسلاً مروی ہے۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ سبزیوں (ترکاری)

مُرْسَلاً وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّهُ لَيْسَ فِي الْخَضْرَاوَاتِ صَدَقَةٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی وَالْحَسَنُ هُوَ ابْنُ عُمَارَةَ وَهُوَضَعِيْفٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ ضَعَّفَهُ شُعْبَةُ وَغَيْرُهُ وَ تَرَكَهُ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ.

پر کوئی زکوٰۃ نہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں۔ حسن وہ ابن عمارہ ہیں اور وہ محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں۔ شعبہ وغیرہ نے اسے ضعیف قرار دیا اور عبداللہ بن مبارک نے ان سے روایت لینا چھوڑ دیا۔

## ۴۴۱: بَابُ مَاجَاءَ فِي الصَّدَقَةِ فِيْمَا يُسْقٰی بِالْاَنْهَارِ وَغَيْرِهٖ

## ۴۴۱: باب نہری زمین کی کھیتی پر زکوٰۃ

۶۱۸: حَدَّثَنَا اَبُوْمُوْسَی الْاَنْصَارِيُّ عَاصِمُ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ نَاالْحَارِثُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ ذُبَابٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ وَبُسْرِبْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فِيْمَا سَقَتِ السَّمَآءُ وَالْعُيُوْنُ الْعُشْرُوَفِيْمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ نِصْفُ الْعُشْرِوَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَابْنِ عُمَرَوَجَابِرٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی قَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ بُكَيْرِبْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ وَبُسْرِبْنِ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مُرْسَلاً وَكَانَ هٰذَا الْحَدِيْثُ اَصَحُّ وَقَدْ صَحَّ حَدِيْثُ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فِي هٰذَاالْبَابِ وَعَلَيْهِ الْعَمَلُ عِنْدَ عَامَّةِ الْفُقَهَاءِ.

۶۱۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کھیتی بارش کے پانی یا چشموں (نہروں) کے پانی سے سیراب کی جائے اس کا دسواں حصہ اور جسے جانوروں (یا رہٹ اور ٹیوب ویل وغیرہ) سے پانی دیا جائے اس کا بیسواں حصہ زکوٰۃ ادا کی جائے گی۔ اس باب میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ، ابن عمر رضی اللہ عنہما اور جابر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث بکیر بن عبداللہ بن اشج، سلیمان بن یسار اور بسر بن سعید بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً روایت کرتے ہیں۔ اس باب میں ابن عمر رضی اللہ عنہما کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی حدیث صحیح ہے اور اسی پر اکثر فقہاء کا عمل ہے۔

۶۱۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ نَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اَنَّهُ سَنَّ فِيْمَا سَقَتِ السَّمَآءُ وَالْعُيُوْنُ اَوْ كَانَ عُثْرِيًّا الْعُشْرُ وَفِيْمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ نِصْفُ الْعُشْرِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۱۹: سالم اپنے والد اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بارش اور چشموں سے سیراب ہونے والی زمین یا عشری[1] زمین میں دسواں حصہ مقرر فرمایا اور جس زمین کو ڈول وغیرہ سے پانی دیا جائے ان میں بیسواں حصہ مقرر فرمایا۔ امام ابوعیسیٰ کہتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۴۴۲: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ زَكٰوةِ مَالِ الْيَتِيْمِ

## ۴۴۲: باب یتیم کے مال کی زکوٰۃ

۶۲۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ

۶۲۰: عمرو بن شعیب اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل

[1] عشری زمین سے مراد وہ اشجار یا فصلیں ہیں جو پانی کے کنارے ہوتے ہیں انہیں پانی دینے کی ضرورت نہیں ہوتی وہ خود ہی اپنی جڑوں سے پانی حاصل کرتی ہیں۔

مُوْسٰى نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْمُثَنّٰى بْنِ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ فَقَالَ اَلَا مَنْ وَلِيَ يَتِيْمًا لَهٗ مَالٌ فَلْيَتَّجِرْ فِيْهِ وَلَا يَتْرُكْهُ حَتّٰى تَاْكُلَهُ الصَّدَقَةُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَاِنَّمَا رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَفِيْ اِسْنَادِهٖ مَقَالٌ لِاَنَّ الْمُثَنّٰى ابْنَ الصَّبَّاحِ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَذَكَرَ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَقَدِ اخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ هٰذَا الْبَابِ فَرَاٰى غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فِيْ مَالِ الْيَتِيْمِ زَكٰوةً مِنْهُمْ عُمَرُ وَعَلِيٌّ وَعَائِشَةُ وَابْنُ عُمَرَ وَبِهٖ يَقُوْلُ مَالِكٌ وَالشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ وَقَالَتْ طَائِفَةٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ لَيْسَ فِيْ مَالِ الْيَتِيْمِ زَكٰوةٌ وَبِهٖ يَقُوْلُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ وَعَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ هُوَ ابْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَابْنِ الْعَاصِ وَشُعَيْبٌ قَدْ سَمِعَ مِنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَقَدْ تَكَلَّمَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ فِيْ حَدِيْثِ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ وَقَالَ هُوَ عِنْدَنَا وَاهٍ وَمَنْ ضَعَّفَهٗ فَاِنَّمَا ضَعَّفَهٗ مِنْ قِبَلِ اَنَّهٗ يُحَدِّثُ مِنْ صَحِيْفَةِ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَاَمَّا اَكْثَرُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ فَيَحْتَجُّوْنَ بِحَدِيْثِ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ وَيُثْبِتُوْنَهٗ مِنْهُمْ اَحْمَدُ وَاِسْحَاقُ وَغَيْرُهُمَا.

کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ایک مرتبہ خطبہ میں فرمایا جو کسی مالدار یتیم کا والی ہو تو اسے چاہئے کہ اس مال سے تجارت کرتا رہے اور یوں ہی نہ چھوڑ دے۔ ایسا نہ ہو کہ زکوٰۃ دیتے دیتے اس کا مال ختم ہو جائے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اسی سند سے مروی ہے اور اس کی اسناد میں کلام ہے اس لئے کہ مثنیٰ بن صباح ضعیف ہیں۔ بعض راوی یہ حدیث عمرو بن شعیب سے روایت کرتے ہیں کہ عمر بن خطابؓ نے خطبہ پڑھا.... الخ اور پھر یہ حدیث بیان کرتے ہیں۔ اہل علم کا اس بارے میں اختلاف ہے۔ کئی صحابہ کرامؓ کے نزدیک یتیم کے مال پر زکوٰۃ ہے ان صحابہ کرام میں حضرت عمرؓ، علیؓ، عائشہؓ اور ابن عمرؓ شامل ہیں۔ امام شافعیؒ، احمدؒ، اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ اہل علم کی ایک جماعت کے نزدیک یتیم کے مال میں زکوٰۃ نہیں۔ سفیان ثوریؒ اور عبداللہ بن مبارک کا بھی یہی قول ہے۔ عمرو بن شعیب، عمرو بن شعیب بن محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عاصی ہیں۔ شعیب نے اپنے دادا عبداللہ بن عمرو سے احادیث سنی ہیں۔ یحییٰ بن سعید نے عمرو بن شعیب کی حدیث میں کلام کیا ہے اور فرمایا وہ ہمارے نزدیک ضعیف ہیں۔ (امام ترمذیؒ فرماتے ہیں) جس نے بھی انہیں ضعیف کہا ہے اس کے نزدیک ضعف کی وجہ یہ ہے کہ عمرو بن شعیب اپنے دادا عبداللہ بن عمرو کے صحیفہ سے روایت کرتے ہیں لیکن اکثر علماء محدثین عمرو بن شعیب کی حدیث کو حجت تسلیم کرتے ہیں جن میں احمدؒ اور اسحٰقؒ بھی شامل ہیں۔

**خلاصۃ الابواب:** (۱) اس حدیث سے استدلال کر کے امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمدؒ اور صاحبین یہ کہتے ہیں کہ ترکاری وغیرہ پر عشر واجب نہیں ان کے نزدیک عشر صرف ان چیزوں پر ہے جو سڑنے والی نہ ہو۔ امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ عشر واجب ہے لیکن امام صاحب فرماتے ہیں کہ عامل کی جانب سے مطالبہ نہیں ہوگا۔ (۲)۔ حدیث باب کی بنا پر ائمہ ثلاثہ اس بات کے قائل ہیں کہ یتیم نابالغ کے مال میں بھی زکوٰۃ واجب ہے جبکہ امام ابوحنیفہؒ، سفیان ثوریؒ اور عبداللہ بن مبارک فرماتے ہیں بچے کے مال پر زکوٰۃ واجب نہیں ان کا استدلال سنن نسائی اور ابوداؤد وغیرہ کی مرفوع روایت سے ہے جس طرح نابالغ پر نماز وغیرہ دوسرے عبادات واجب نہیں ہیں اس طرح زکوٰۃ بھی واجب نہیں۔

## ۴۴۳: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الْعَجْمَاءَ جُرْحُهَا جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ

۶۲۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ الْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَالْبِئْرُ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَعُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ وَعَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيِّ وَجَابِرٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

## ۴۴۳: باب حیوان کے زخمی کرنے پر کوئی دیت نہیں اور دفن شدہ خزانے پر پانچواں حصہ (زکوٰۃ) ہے

۶۲۱: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حیوان کے کسی کو زخمی کرنے پر اور کسی کے کنویں یا کان میں گر کر زخمی یا ہلاک ہونے پر کوئی دیت نہیں اور دفن شدہ خزانے پر پانچواں حصہ (زکوٰۃ) ہے۔
اس باب میں انس بن مالکؓ، عبداللہ بن عمروؓ، عبادہ بن صامتؓ، عمرو بن عوفؓ مزنی اور جابرؓ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

**خلاصۃ الباب:** ''عجماء'' کے معنی حیوان اور ''جبار'' کے معنی ہدر (معاف) ہیں (۱) مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی حیوان کسی کو زخمی کر دے تو یہ زخم معاف ہے اور اس کی دیت کسی پر واجب نہ ہوگی لیکن یہ حکم اس وقت ہے جبکہ حیوان کے ساتھ کوئی ہانکنے والا نہ ہو اور اگر کوئی اس کو چلانے والا ہو اور یہ ثابت ہو جائے کہ زخمی کرنے میں اس کی غلطی اور غفلت کو دخل ہے تو ضمان و دیت اس چلانے والے پر ہوگی اور موجودہ دور میں موٹروں وغیرہ کا حکم یہی ہے (۲) اگر کوئی شخص کسی کی کان میں گر کر ہلاک ہو جائے یا اس کو کوئی زخم آجائے تو اس کا خون ہدر (معاف ہے) (۳) رکاز لغت میں مرکوز کے معنی میں ہے اور ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو زمین میں دفن کی گئی ہو چنانچہ اگر کسی شخص کو کہیں سے مدفون خزانہ ہاتھ آجائے تو بالاتفاق۔اس کا خمس ۱/۵ بیت المال کو دینا واجب ہے۔

**فائدہ:** اسلام نے مقادیر زکوٰۃ کی تعیین میں اس بات کا خیال رکھا ہے کہ جس مال کے حصول میں جتنی دشواری ہو اس پر زکوٰۃ اتنی ہی کم واجب ہو چنانچہ سب سے زیادہ آسانی سے مال مدفون حاصل ہوتا ہے لہٰذا اس پر سب سے زیادہ شرح عائد کی گئی ہے پھر اس سے کچھ زیادہ مشقت اس زرعی پیداوار کے حصول میں ہوتی ہے چنانچہ اس پر اس سے کم شرح یعنی عشر لگایا گیا۔

## ۴۴۴: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْخَرْصِ

۶۲۲: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْدَاوٗدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ مَسْعُوْدِ بْنِ نِيَارٍ يَقُوْلُ جَآءَ سَهْلُ بْنُ اَبِيْ حَثْمَةَ اِلٰى مَجْلِسِنَا فَحَدَّثَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا خَرَصْتُمْ فَخُذُوْا وَدَعُوا الثُّلُثَ فَاِنْ لَمْ تَدَعُوا الثُّلُثَ فَدَعُوا الرُّبُعَ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَعَتَّابِ

## ۴۴۴: باب غلہ وغیرہ کا اندازہ کرنا

۶۲۲: حبیب بن عبدالرحمٰن، عبدالرحمٰن بن مسعود بن نیار سے نقل کرتے ہیں کہ سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ ہماری مجلس میں تشریف لائے اور ہمیں بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم کسی چیز کا اندازہ لگالو تو اسے لے لو اور تیسرا حصہ چھوڑ دو۔ اگر تیسرا حصہ نہ چھوڑ و تو چوتھا حصہ چھوڑ دو۔ اس باب میں عائشہ رضی اللہ عنہا وعتاب بن اسید اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ

بْنِ اَسِیْدٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی وَالْعَمَلُ عَلٰی حَدِیْثِ سَھْلِ بْنِ اَبِیْ حَثْمَۃَ عِنْدَ اَکْثَرِ اَھْلِ الْعِلْمِ فِی الْخَرْصِ وَبِحَدِیْثِ سَھْلِ بْنِ اَبِیْ حَثْمَۃَ یَقُوْلُ اِسْحٰقُ وَاَحْمَدُ وَالْخَرْصُ اِذَا اَدْرَکَتِ الثِّمَارُ مِنَ الرُّطَبِ وَالْعِنَبِ مِمَّا فِیْہِ الزَّکٰوۃُ بَعَثَ السُّلْطَانُ خَارِصًا فَخَرَصَ عَلَیْھِمْ وَالْخَرْصُ اَنْ یَنْظُرَ مَنْ یُبْصِرُ ذٰلِکَ فَیَقُوْلُ یَخْرُجُ مِنْ ھٰذَا مِنَ الزَّبِیْبِ کَذَا وَمِنَ التَّمْرِ کَذَا وَکَذَا فَیُحْصِیْ عَلَیْھِمْ وَیَنْظُرُ مَبْلَغَ الْعُشْرِ مِنْ ذٰلِکَ فَیُثْبِتُ عَلَیْھِمْ ثُمَّ یُخَلِّیْ بَیْنَھُمْ وَبَیْنَ الثِّمَارِ فَیَصْنَعُوْنَ مَا اَحَبُّوْا وَاِذَا اَدْرَکَتِ الثِّمَارُ اُخِذَ مِنْھُمُ الْعُشْرُ ھٰکَذَا فَسَّرَہٗ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ وَبِھٰذَا یَقُوْلُ مَالِکٌ وَالشَّافِعِیُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ۔

اکثر اہل علم کا عمل سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ کی حدیث پر ہی ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ خرص یعنی تخمینہ سے مراد یہ ہے کہ جب ایسی کھجور اور انگور وغیرہ کا پھل پک جائے جن میں زکوٰۃ ہے تو حکمران ایک تخمینہ لگانے والے کو بھیجتا ہے تاکہ معلوم ہو سکے کہ اس سے کتنی مقدار میں پھل وغیرہ اترے گا۔ اس اندازہ لگانے والے کو ''خارص'' کہتے ہیں۔ خارص اندازہ لگانے کے بعد انہیں اس کا عشر بتا دیتا ہے کہ پھلوں کے اترنے پر اتنی زکوٰۃ ادا کرنا۔ پھر وزن کرنے کے بعد مالک کو اختیار دیتا ہے کہ وہ جو چاہیں کریں پھر جب پھل پک جائے تو ان سے اس کا عشر (یعنی دسواں حصہ) لے لے۔ بعض علماء نے اس کی یہی تفسیر کی ہے۔ امام مالکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ بھی یہی کہتے ہیں۔

۶۲۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو مُسْلِمُ بْنُ عَمْرٍو الْحَذَّاءُ الْمَدَنِیُّ نَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ نَافِعٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحٍ التَّمَّارِ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ عَتَّابِ بْنِ اُسَیْدٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَبْعَثُ عَلَی النَّاسِ مَنْ یَخْرُصُ عَلَیْھِمْ کُرُوْمَھُمْ وَثِمَارَھُمْ وَبِھٰذَا الْاِسْنَادِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْ زَکٰوۃِ الْکُرُوْمِ اِنَّھَا تُخْرَصُ کَمَا یُخْرَصُ النَّخْلُ ثُمَّ تُؤَدّٰی زَکٰوتُہٗ زَبِیْبًا کَمَا تُؤَدّٰی زَکٰوۃُ النَّخْلِ تَمْرًا قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَقَدْ رَوَی ابْنُ جُرَیْجٍ ھٰذَا الْحَدِیْثَ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ عَنْ عُرْوَۃَ عَنْ عَائِشَۃَ وَسَاَلْتُ مُحَمَّدًا عَنْ ھٰذَا فَقَالَ حَدِیْثُ ابْنِ جُرَیْجٍ غَیْرُ مَحْفُوْظٍ وَحَدِیْثُ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ عَتَّابِ بْنِ اَسِیْدٍ اَصَحُّ۔

۶۲۳: حضرت عتاب بن اسیدؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ خارص کو لوگوں کے پھلوں اور انگوروں کا اندازہ کرنے کے لئے بھیجا کرتے تھے اور ایسی اسناد سے یہ بھی مروی ہے نبی ﷺ نے انگوروں کی زکوٰۃ کے متعلق فرمایا کہ انگوروں کا اندازہ بھی اسی طرح لگایا جائے جس طرح کھجوروں کا اندازہ لگایا جاتا ہے، پھر خشک ہونے کی صورت میں زکوٰۃ دی جائے جس طرح کھجوروں کی زکوٰۃ خشک کھجوروں سے دی جاتی ہے۔ امام ابو موسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ابن جریج نے اسے ابن شہاب سے وہ عروہ سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں میں نے امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے اس کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا کہ ابن جریج کی حدیث غیر محفوظ ہے اور سعید بن مسیب کی عتاب بن اسید سے روایت اصح ہے۔

**خلاصۃ الباب:** امام شافعیؒ اور احناف یہ کہتے ہیں کہ محض اندازے سے عشر نہیں وصول کیا جا سکتا بلکہ پھلوں کے پکنے کے بعد دوبارہ وزن کر کے حقیقی پیداوار معین کی جائے گی اور اس سے عشر وصول کیا جائے گا۔

## ۴۴۵: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْعَامِلِ عَلَی الصَّدَقَةِ بِالْحَقِّ

۶۲۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیعٍ نَایَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَایَزِیْدُ بْنُ عِیَاضٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ نَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِیْدٍ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ الْعَامِلُ عَلَی الصَّدَقَةِ بِالْحَقِّ کَالْغَازِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ حَتّٰی یَرْجِعَ اِلٰی بَیْتِهٖ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ رَافِعِ ابْنِ خَدِیْجٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَیَزِیْدُ بْنُ عِیَاضٍ ضَعِیْفٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِیْثِ وَحَدِیْثُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ اَصَحُّ.

## ۴۴۵: باب انصاف کے ساتھ زکوٰۃ لینے والا عامل

۶۲۴: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے انصاف کے ساتھ زکوٰۃ لینے والا عامل اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے غازی کی طرح ہے۔ یہاں تک کہ وہ گھر لوٹ آئے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث حسن ہے اور یزید بن عیاض محدثین (رحمہم اللہ) کے نزدیک ضعیف ہیں جب کہ محمد بن اسحٰق رحمہ اللہ کی روایت اصح ہے۔

## ۴۴۶: بَابُ فِی الْمُعْتَدِیْ فِی الصَّدَقَةِ

۶۲۵: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اللَّیْثُ عَنْ یَزِیْدَ عَنْ اَبِیْ حَبِیْبٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمُعْتَدِیْ فِی الصَّدَقَةِ کَمَا نِعِهَا قَالَ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاُمِّ سَلَمَةَ وَاَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ اَنَسٍ حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ تَکَلَّمَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ فِیْ سَعْدِ بْنِ سِنَانٍ وَهٰکَذَا یَقُوْلُ اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی سَمِعْتُ مُحَمَّدًا یَقُوْلُ وَالصَّحِیْحُ سِنَانُ بْنُ سَعْدٍ وَقَوْلُهٗ الْمُعْتَدِیْ فِی الصَّدَقَةِ کَمَا نِعِهَا یَقُوْلُ عَلَی الْمُعْتَدِیْ مِنَ الْاِثْمِ کَمَا عَلَی الْمَانِعِ اِذَا مَنَعَ.

## ۴۴۶: باب زکوٰۃ لینے میں زیادتی کرنا

۶۲۵: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا زکوٰۃ لینے میں زیادتی کرنے والا زکوٰۃ نہ دینے والے کی طرح ہے۔ اس باب میں ابن عمرؓ، ام سلمہؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ اس لیے کہ احمد بن حنبلؒ نے سعد بن سنان کے متعلق کلام کیا ہے۔ لیث بن سعد سے بھی ایسی ہی روایت ہے وہ یزید بن ابی حبیب سے وہ سعد بن سنان سے اور وہ انس بن مالکؓ سے روایت کرتے ہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے سنا کہ صحیح نام سنان بن سعد ہے۔ اور آپ ﷺ کا فرمان کہ ''زکوٰۃ میں زیادتی کرنے والا زکوٰۃ نہ دینے والے کی طرح ہے'' اس کا مطلب یہ ہے کہ اس پر اتنا ہی گناہ ہے جتنا گناہ زکوٰۃ نہ دینے والے پر ہے۔

## ۴۴۷: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ رِضَی الْمُصَدِّقِ

۶۲۶: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ یَزِیْدَ عَنْ مُجَالِدٍ

## ۴۴۷: باب زکوٰۃ لینے والے کو راضی کرنا

۶۲۶: حضرت جریرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے

عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَرِيْرٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اَتَاكُمُ الْمُصَدِّقُ فَلَا يُفَارِقَنَّكُمْ إِلَّا عَنْ رِضًى.

فرمایا جب تمہارے پاس زکوٰۃ کا عامل آئے تو اسے اس وقت تک جدا نہ کرو جب تک وہ تم سے خوش نہ ہو جائے۔

۶۲۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ دَاوُدَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَرِيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ دَاوُدَ عَنِ الشَّعْبِيِّ اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مُجَالِدٍ وَقَدْ ضَعَّفَ مُجَالِدًا بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ كَثِيْرُ الْغَلَطِ.

۶۲۷: روایت کی ہم سے ابوعمار نے انہوں نے سفیان سے انہوں نے شعبی انہوں نے داؤد انہوں نے جریر انہوں نے نبی ﷺ سے اوپر کی حدیث کی مثل۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں داؤد کی شعبی سے مروی حدیث مجالد کی حدیث سے اصح ہے اور مجالد کو بعض اہل علم نے ضعیف قرار دیا ہے اور وہ بہت غلطیاں کرنے والے ہیں۔

**خلاصۃ الابواب:** (۱) صدقہ مالک اور عامل کے درمیان دائر ہوتا ہے۔ چنانچہ صدقہ سے متعلق ان دونوں کی کچھ ذمہ داریاں ہیں اب اگر عامل حق سے زائد طلب کرے یا عمدہ ترین چیز کا مطالبہ کرے تو ایسا عامل مانع زکوٰۃ کے حکم میں ہے چنانچہ مانع زکوٰۃ کی طرح یہ بھی گنہگار رہوگا۔ (۲) اسلام نے زکوٰۃ کی ادائیگی اور اس کی وصولیابی کے سلسلے میں عامل اور مالک دونوں کو کچھ آداب سکھائے ہیں چنانچہ جہاں عامل کو ظلم و زیادتی سے رُکنے اور حق و انصاف کے ساتھ زکوٰۃ وصول کرنے کا حکم دیا گیا ہے وہیں اصحاب اموال کو اس کی تلقین کی گئی ہے کہ زکوٰۃ کی ادائیگی میں وسیع القلبی کا مظاہرہ کریں اور مصدق (صدقہ وصول کرنے والا) عامل کو بہر صورت راضی رکھیں۔

## ۴۴۸: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الصَّدَقَةَ تُوْخَذُ مِنَ الْاَغْنِيَاءِ فَتُرَدُّ عَلَى الْفُقَرَاءِ

## ۴۴۸: باب زکوٰۃ مالداروں سے لے کر فقراء میں دی جائے

۶۲۸: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيْدِ الْكِنْدِيُّ نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ اَشْعَثَ عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِيْ جُحَيْفَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَدِمَ عَلَيْنَا مُصَدِّقُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخَذَ الصَّدَقَةَ مِنْ اَغْنِيَآئِنَا فَجَعَلَهَا فِيْ فُقَرَائِنَا وَكُنْتُ غُلَامًا يَتِيْمًا فَاَعْطَانِيْ مِنْهَا قَلُوْصًا وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ جُحَيْفَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۶۲۸: عون بن ابی جحیفہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ ہمارے پاس نبی ﷺ کا عامل زکوٰۃ آیا اور اس نے مالداروں سے زکوٰۃ وصول کرنے کے بعد ہمارے غریبوں میں تقسیم کر دی۔ ایک میں یتیم بچہ تھا پس مجھے بھی اس میں سے ایک اُونٹنی دی۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن جحیفہ کی حدیث حسن غریب ہے۔

## ۴۴۹: بَابُ مَنْ تَحِلُّ لَهُ الزَّكٰوةُ

## ۴۴۹: باب کس کو زکوٰۃ لینا جائز ہے

۶۲۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ وَقَالَ عَلِيٌّ اَنَا شَرِيْكٌ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ

۶۲۹: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے سوال کیا اس حال میں کہ اس کے پاس اتنا مال ہے جو اسے غنی کر دے وہ قیامت کے دن اس

يَزِيدَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَنْ سَاَلَ النَّاسَ وَلَهُ مَا يُغْنِيهِ جَآءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَسْئَلَتُهُ فِىْ وَجْهِهٖ خُمُوْشٌ اَوْخُدُوْشٌ اَوْكُدُوْحٌ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا يُغْنِيهِ قَالَ خَمْسُوْنَ دِرْهَمًا اَوْقِيْمَتُهَا مِنَ الذَّهَبِ وَفِى الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ تَكَلَّمَ شُعْبَةُ فِىْ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ مِنْ اَجْلِ هٰذَا الْحَدِيْثِ.

طرح آئے گا کہ اس سوال کی وجہ سے اس کا منہ چھلا ہوگا۔ راوی کو شک ہے کہ آپ نے ''خموش'' فرمایا یا ''خدوش'' یا ''کدوح'' آپ ﷺ سے عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ کفایت کے بقدر مال کتنا ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا پچاس درہم یا اتنی قیمت کا سونا۔ اس باب میں عبداللہ بن عمروؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن مسعودؓ حسن ہے۔ شعبہ نے حکیم بن جبیر پر اس حدیث کی وجہ سے کلام کیا ہے۔

۶۳۰ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ نَا سُفْيَانُ عَنْ حَكِيْمِ ابْنِ جُبَيْرٍ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ صَاحِبُ شُعْبَةَ لَوْغَيْرُ حَكِيْمٍ حَدَّثَ بِهٰذَا فَقَالَ لَهُ سُفْيَانُ وَمَالِحَكِيْمٍ لَا يُحَدِّثُ عَنْهُ شُعْبَةُ قَالَ نَعَمْ قَالَ سُفْيَانُ سَمِعْتُ زُبَيْدًا يُحَدِّثُ بِهٰذَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَصْحَابِنَا وَبِهٖ يَقُوْلُ الثَّوْرِيُّ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ قَالُوْا اِذَا كَانَ عِنْدَ الرَّجُلِ خَمْسُوْنَ دِرْهَمًا لَمْ تَحِلَّ لَهُ الصَّدَقَةُ وَلَمْ يَذْهَبْ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِلٰى حَدِيْثِ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ وَوَسَّعُوْا فِىْ هٰذَا وَقَالُوْا اِذَا كَانَ عِنْدَهُ خَمْسُوْنَ دِرْهَمًا اَوْاَكْثَرَ وَهُوَ مُحْتَاجٌ لَهُ اَنْ يَاخُذَ مِنَ الزَّكٰوةِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَغَيْرِهٖ مِنْ اَهْلِ الْفِقْهِ وَالْعِلْمِ.

۶۳۰ : محمود بن غیلان یحییٰ بن آدم سے وہ سفیان سے اور وہ حکیم بن جبیر سے اس حدیث کو روایت کرتے ہیں۔ اس پر شعبہ کے ساتھی عبداللہ بن عثمان نے سفیان سے کہا کاش کہ شعبہ کے علاوہ کسی اور نے یہ حدیث روایت کی ہوتی۔ سفیان نے کہا حکیم کو کیا ہے؟ کیا شعبہ ان سے روایت نہیں کرتے؟ انہوں نے کہا ہاں۔ سفیان نے کہا میں نے زبید کو بھی محمد بن عبدالرحمٰن بن یزید کے حوالے سے یہی بات کہتے ہوئے سنا ہے۔ اس پر ہمارے بعض علماء کا عمل ہے اور یہی ثوریؒ عبداللہ بن مبارکؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا قول ہے کہ اگر کسی کے پاس پچاس درہم ہوں تو اس کے لیے زکوٰۃ لینا جائز نہیں لیکن بعض اہل علم حکیم بن جبیر کی حدیث کو حجت تسلیم نہیں کرتے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر کسی کے پاس پچاس یا اس سے زیادہ درہم بھی ہوں تو بھی اس کے لیے زکوٰۃ لینا جائز ہے۔ بشرطیکہ وہ محتاج ہو اور یہ امام شافعیؒ اور دوسرے علماء وفقہاء کا قول ہے۔

## ۴۵۰ : بَابُ مَاجَاءَ مَنْ لَّا تَحِلُّ لَهُ الصَّدَقَةُ

## ۴۵۰ : باب کس کے لئے زکوٰۃ لینا جائز نہیں

۶۳۱ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا سُفْيَانُ ح وَثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا سُفْيَانُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ رَيْحَانَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ وَلَا لِذِىْ مِرَّةٍ سَوِيٍّ وَفِى

۶۳۱ : حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی غنی اور تندرست آدمی کو زکوٰۃ لینا جائز نہیں۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ اور قبیصہ بن مخارق رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ

الْبَابِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَحُبْشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ وَقَبِيْصَةَ بْنِ الْمُخَارِقِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوٰى شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ هٰذَا الْحَدِيْثَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَقَدْرُوِیَ فِیْ غَيْرِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ لَا تَحِلُّ الْمَسْئَلَةُ لِغَنِيٍّ وَلَا لِذِیْ مِرَّةٍ سَوِيٍّ وَاِذَا كَانَ الرَّجُلُ قَوِيًّا مُحْتَاجًاوَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ شَيْءٌ فَتُصُدِّقَ عَلَيْهِ اَجْزَأَ عَنِ الْمُتَصَدِّقِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ وَ وَجْهُ هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ عَلَى الْمَسْئَلَةِ.

ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔ اس حدیث کو شعبہ نے بھی سعد بن ابراہیم کے حوالے سے غیر مرفوع روایت کیا ہے۔ اس حدیث کے علاوہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ امیر اور تندرست آدمی کے لئے مانگنا جائز نہیں لیکن اگر کوئی شخص تندرست ہونے کے باوجود محتاج ہو اور اس کے پاس کچھ نہ ہو تو اس صورت میں اسے زکوٰۃ دینے والے کی زکوٰۃ اہل علم کے نزدیک ادا ہو جائے گی۔ بعض اہل علم کے نزدیک اس حدیث کا مقصد یہ ہے کہ ایسے شخص کو سوال کرنا جائز نہیں۔

۶۳۲: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيُّ نَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مُجَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ حُبْشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ السَّلُوْلِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهُوَ وَاقِفٌ بِعَرَفَةَ اَتَاهُ اَعْرَابِيٌّ فَاَخَذَ بِطَرَفِ رِدَائِهٖ فَسَاَلَهُ اِيَّاهُ فَاَعْطَاهُ وَذَهَبَ فَعِنْدَ ذٰلِكَ حَرُمَتِ الْمَسْئَلَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِنَّ الْمَسْئَلَةَ لَا تَحِلُّ لِغَنِيٍّ وَلَا لِذِیْ مِرَّةٍ سَوِيٍّ اِلَّا لِذِیْ فَقْرٍ مُدْقِعٍ اَوْ غُرْمٍ مُفْظِعٍ وَمَنْ سَاَلَ النَّاسَ لِيُثْرِیَ بِهٖ مَالَهُ كَانَ خُمُوْشًا فِیْ وَجْهِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَرَضْفًا يَاْكُلُهُ مِنْ جَهَنَّمَ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُقِلَّ وَمَنْ شَآءَ فَلْيُكْثِرْ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۶۳۲: حبشی بن جنادہ سلولی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ حجۃ الوداع کے موقع پر عرفات میں کھڑے تھے کہ ایک اعرابی آیا اور اس نے آپ کی چادر کا کونہ پکڑ لیا پھر سوال کیا۔ آپ ﷺ نے اسے کچھ دیا تو وہ چلا گیا اور اسی وقت سوال کرنا حرام ہوا۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''امیر اور تندرست آدمی کے لئے سوال کرنا جائز نہیں''۔ ہاں اگر کوئی فقیر یا سخت حاجت مند ہو تو اس کے لئے جائز ہے اور جو آدمی مال بڑھانے کے لئے لوگوں سے سوال کرتا ہے قیامت کے دن اس کے چہرے پر خراشیں ہوں گی۔ ایسا شخص جہنم کے گرم پتھروں سے بھنا ہوا گوشت کھاتا ہے جو چاہے کم کھائے اور جو چاہے زیادہ کھائے۔ محمود بن غیلان، یحییٰ بن آدم سے اور وہ عبدالرحیم بن سلیمان سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔

## ۴۵۱: بَابُ مَنْ تَحِلُّ لَهُ الصَّدَقَةُ مِنَ الْغَارِمِيْنَ وَغَيْرِهِمْ

## ۴۵۱: باب مقروض وغیرہ کا زکوٰۃ لینا جائز ہے

۶۳۳: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ اُصِيْبَ رَجُلٌ فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فِیْ ثِمَارٍ اِبْتَاعَهَا فَكَثُرَ دَيْنُهُ

۶۳۳: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک شخص نے پھل خریدے۔ اسے ان میں اتنا نقصان ہوا کہ وہ مقروض ہو گیا۔ پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے صدقہ دو لیکن لوگوں کے صدقہ

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ تَصَدَّقُوْا فَتَصَدَّقَ النَّاسُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَبْلُغْ ذٰلِكَ وَفَآءَ دَيْنِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ لِغُرَمَائِهٖ خُذُوْا مَاوَجَدْتُمْ وَلَيْسَ لَكُمْ اِلَّا ذٰلِكَ وَفِى الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَجُوَيْرِيَةَ وَاَنَسٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِىْ سَعِيْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

دینے کے باوجود اس کا قرض ادا نہ ہو سکا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرض خواہوں سے فرمایا جو تمہیں مل جائے لے لو اس علاوہ تمہارے لئے کچھ نہیں۔ اس باب میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، جویریہ رضی اللہ عنہا اور انس رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابوسعید رضی اللہ عنہ حسن صحیح ہے۔

## ۴۵۲: بَابُ مَاجَاءَ فِى كَرَاهِيَةِ الصَّدَقَةِ لِلنَّبِىِّ ﷺ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَمَوَالِيْهِ

## ۴۵۲: باب رسول اللہ ﷺ، اہل بیت اور آپؐ کے غلاموں کے لئے زکوٰۃ لینا جائز نہیں

۶۳۴: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا مَكِّىُّ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَيُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ الضُّبَعِىُّ قَالَا نَا بَهْزُ بْنُ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِذَا اُتِىَ بِشَىْءٍ سَاَلَ اَصَدَقَةٌ هِىَ اَمْ هَدِيَّةٌ فَاِنْ قَالُوْا صَدَقَةٌ لَمْ يَاْكُلْ وَاِنْ قَالُوْا هَدِيَّةٌ اَكَلَ وَفِى الْبَابِ عَنْ سَلْمَانَ وَاَبِىْ هُرَيْرَةَ وَاَنَسٍ وَالْحَسَنِ بْنِ عَلِىٍّ وَاَبِىْ عَمِيْرَةَ جَدِّ مُعَرَّفِ بْنِ وَاصِلٍ بْنِ وَاصِلٍ وَاسْمُهٗ رُشَيْدُ بْنُ مٰلِكٍ وَمَيْمُوْنٍ اَوْمِهْرَانَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَاَبِىْ رَافِعٍ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَلْقَمَةَ وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ اَيْضًا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ عَقِيْلٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَجَدُّ بَهْزِبْنِ حَكِيْمٍ اسْمُهٗ مُعَاوِيَةُ بْنُ حَيْدَةَ الْقُشَيْرِىُّ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۶۳۴: بہز بن حکیم اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اگر کوئی چیز پیش کی جاتی تو پوچھتے: یہ صدقہ ہے یا ہدیہ؟ اگر کہتے کہ صدقہ ہے تو آپ ﷺ نہ کھاتے اور اگر ہدیہ ہوتا تو کھا لیتے۔ اس باب میں سلمان رضی اللہ عنہ، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ انس رضی اللہ عنہ، حسن بن علی رضی اللہ عنہ، ابوعمیرہ معرف بن واصل کے دادا رشید بن مالک رضی اللہ عنہ، میمون رضی اللہ عنہ، مہران رضی اللہ عنہ، ابن عباس رضی اللہ عنہما، عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ، ابو رافع رضی اللہ عنہ، اور عبدالرحمٰن بن علقمہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث عبدالرحمٰن بن علقمہ رضی اللہ عنہ بھی عبدالرحمٰن بن ابوعقیل سے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ بہز بن حکیم کے دادا کا نام معاویہ بن حیدہ القشیری ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ بہز بن حکیم کی حدیث حسن غریب ہے۔

۶۳۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنِ ابْنِ اَبِىْ رَافِعٍ عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ بَعَثَ رَجُلًا مِنْ بَنِىْ مَخْزُوْمٍ عَلَى الصَّدَقَةِ فَقَالَ لِاَبِىْ رَافِعٍ اَصْحِبْنِىْ كَيْمَا تُصِيْبُ مِنْهَا فَقَالَ لَا حَتّٰى اٰتِىَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فَاَسْاَلَهٗ وَانْطَلَقَ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى

۶۳۵: حضرت ابو رافعؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بنو مخزوم کے ایک شخص کو زکوٰۃ وصول کرنے کیلئے بھیجا انہوں نے ابو رافعؓ سے کہا: تم بھی میرے ساتھ چلو تاکہ تمہیں بھی حصہ دوں۔ ابو رافعؓ نے کہا: میں آپ ﷺ سے پوچھے بغیر نہیں جاؤں گا۔ پس وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا زکوٰۃ ہمارے لئے حلال نہیں اور

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فَسَالَهُ فَقَالَ اِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ لَنَا وَاِنَّ مَوَالِيَ الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ قَالَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ رَافِعٍ مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اسْمُهُ اَسْلَمُ وَابْنُ اَبِيْ رَافِعٍ هُوَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ رَافِعٍ كَاتِبُ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ.

کسی قوم کے غلام بھی انہی میں سے ہوتے ہیں۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ابورافعؓ نبی اکرم ﷺ کے غلام تھے۔ان کا نام اسلم ہے اور ابن ابی رافع، عبید اللہ بن ابی رافع ہیں۔یہ علیؓ ابن ابی طالب کے کاتب ہیں۔

## ۴۵۳: بَابُ مَاجَاءَ فِي الصَّدَقَةِ عَلٰى ذِي الْقَرَابَةِ

## ۴۵۳: باب عزیز و اقارب کو زکوٰۃ دینا

۶۳۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا سُفْيَانُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ عَنِ الرَّبَابِ عَنْ عَمِّهَا سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ ﷺ اِذَا اَفْطَرَ اَحَدُكُمْ فَلْيُفْطِرْ عَلٰى تَمْرٍ فَاِنَّهُ بَرَكَةٌ فَاِنْ لَمْ يَجِدْ تَمْرًا فَالْمَاءُ فَاِنَّهُ طَهُوْرٌ وَقَالَ الصَّدَقَةُ عَلَى الْمِسْكِيْنِ صَدَقَةٌ وَهِيَ عَلٰى ذِي الرَّحِمِ ثِنْتَانِ صَدَقَةٌ وَصِلَةٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ زَيْنَبَ امْرَاَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَجَابِرٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَالرَّبَابُ هِيَ اُمُّ الرَّائِحِ بِنْتُ صُلَيْعٍ وَهٰكَذَا رَوٰى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ عَنِ الرَّبَابِ عَنْ عَمِّهَا سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ نَحْوَهٰذَا الْحَدِيْثِ وَرَوٰى شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنِ الرَّبَابِ وَحَدِيْثُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَابْنِ عُيَيْنَةَ اَصَحُّ وَهٰكَذَا رَوٰى ابْنُ عَوْنٍ وَهِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ عَنِ الرَّبَابِ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ.

۶۳۶: سلمان بن عامر کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اگر تم میں سے کوئی روزہ افطار کرے تو کھجور سے افطار کرے کیونکہ یہ باعث برکت ہے اور اگر کھجور نہ ہو تو پانی سے افطار کرے کیونکہ یہ پاک کرنے والا ہے پھر فرمایا مسکین کو صدقہ دینا صرف صدقہ ہے لیکن رشتہ دار کو صدقہ دینے پر دو مرتبہ صدقے کا ثواب ہے۔ایک صدقے کا دوسرا صلہ رحمی کا۔اس باب میں جابرؓ، زینبؓ (زوجہ عبداللہ بن مسعودؓ) اور ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث سلمان بن عامر حسن ہے۔رباب، رائح کی والدہ اور صلیع کی بیٹی ہیں۔اسی طرح سفیان ثوری بھی عاصم سے وہ حفصہ بنت سیرین، وہ رباب، وہ اپنے چچا سلمان بن عامر، اور وہ نبی ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔شعبہ، عاصم سے وہ حفصہ بنت سیرین سے اور وہ سلمان بن سیرین سے روایت کرتی ہیں اور وہ رباب کا ذکر نہیں کرتیں۔سفیان اور ابن عیینہ کی حدیث اصح ہے۔اسی طرح ابن عون اور ہشام بن حسان بھی حفصہ بنت سیرین سے وہ رباب سے اور وہ سلمان بن عامر سے روایت کرتے ہیں۔

**خلاصۃ الابواب:** (۱) حدیث کا ظاہر اس پر دلالت کر دیا ہے کہ جس شہر اور جس علاقہ سے زکوٰۃ لیجائے اسی شہر اور اسی علاقہ کے فقراء پر خرچ کی جائے کسی دوسرے شہر اور دوسری بستی میں نہ بھیجی جائے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک بھی بہتر یہی ہے اور امام مالکؒ کے نزدیک بھی۔(۲) جس شخص کے پاس مال بقدر نصاب ہو لیکن وہ نامی ہو تو اس پر سال گذرنے پر زکوٰۃ واجب ہے اور ایسے شخص کیلئے زکوٰۃ لینا جائز نہیں البتہ جس شخص کے پاس مال غیر نامی بھی بقدر نصاب نہ ہو اس کے لئے

حکم زکوٰۃ وصول کرنا جائز ہے لیکن سوال کرنا اس کے لئے بھی جائز نہیں جب تک کہ اس کے پاس ایک دن رات کی خوراک کا انتظام ہو البتہ جس کے پاس ایک دن اور ایک رات کی غذا کا بھی انتظام نہ ہو تو اس کے لئے سوال کرنا جائز ہے۔ (۳) احناف کے نزدیک غارم وہ مقروض ہے جس پر قرضہ اس مال سے زیادہ ہو جو اس کی اپنی ملکیت اور قبضہ میں ہو۔ اور اگر قرضہ اس مال کے برابر ہو یا اس مال سے کم ہو لیکن قرضہ کو خارج کر کے بقیہ مال نصاب سے کم بنتا ہو تو ایسا شخص بھی ہمارے نزدیک غارم کے مصداق میں داخل ہے۔ امام شافعیؒ کے نزدیک غارم وہ شخص ہے جس نے کسی مقتول کی دیت کو اپنے ذمہ لے لیا ہو۔ ان کے نزدیک قرضہ وجوب زکوٰۃ سے مانع نہیں ہے۔ (۴) بنو ہاشم کو زکوٰۃ وغیرہ دینا جائز نہیں۔ (۵) امام شافعیؒ، امام ابو یوسفؒ اور امام محمد کا مسلک یہ ہے کہ عورت کے لئے اپنے فقیر شوہر کو زکوٰۃ دینا جائز ہے۔ امام ابو حنیفہؒ امام مالک اور سفیان ثوریؒ اور ایک روایت میں امام احمدؒ کے نزدیک عورت کیلئے جائز نہیں کہ وہ اپنے مال کی زکوٰۃ اپنے شوہر کو دے۔

۶۳۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مَدُّوْيَةَ نَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ اَبِىْ حَمْزَةَ عَنِ الشَّعْبِىِّ عَنْ فَاطِمَةَ ابْنَةِ قَيْسٍ قَالَتْ سَاَلْتُ اَوْ سُئِلَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ عَنِ الزَّكٰوةِ فَقَالَ اِنَّ فِى الْمَالِ لَحَقًّا سِوَى الزَّكٰوةِ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ الَّتِىْ فِى الْبَقَرَةِ لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ الْاٰيَةَ۔

۶۳۷: حضرت فاطمہ بنت قیسؓ فرماتی ہیں میں نے یا کسی اور نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے زکوٰۃ کے متعلق پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی کچھ حق ہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورہ بقرہ کی آیت ''لَيْسَ الْبِرَّ ...... '' تلاوت فرمائی۔ (نیکی یہ نہیں کہ تم اپنا رخ مشرق یا مغرب کی طرف کرلو بلکہ نیکی یہ ہے...... ''

۶۳۸: حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ اَبِىْ حَمْزَةَ عَنْ عَامِرٍ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِى الْمَالِ حَقًّا سِوَى الزَّكٰوةِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ اِسْنَادُهٗ لَيْسَ بِذَاكَ وَاَبُوْحَمْزَةَ مَيْمُوْنُ الْاَعْوَرُ يُضَعَّفُ وَرَوٰى بَيَانٌ وَاِسْمَاعِيْلُ بْنُ سَالِمٍ عَنِ الشَّعْبِىِّ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَقَوْلُهٗ وَهٰذَا اَصَحُّ۔

۶۳۸: عامر سے روایت ہے وہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی کچھ حق ہے۔

امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں اس حدیث کی سند قوی نہیں۔ ابو حمزہ میمون اعور حدیث میں ضعیف ہیں۔ بیان اور اسمٰعیل بن سالم اسے شعبی سے انہی کا قول روایت کرتے ہیں اور یہ زیادہ صحیح ہے۔

## ۴۵۵ بَابُ مَاجَاءَ فَضْلِ الصَّدَقَةِ

## ۴۵۵: باب زکوٰۃ ادا کرنے کی فضیلت

۶۳۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِىِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَا تَصَدَّقَ اَحَدٌ بِصَدَقَةٍ مِنْ طَيِّبٍ وَلَا يَقْبَلُ اللّٰهُ اِلَّا الطَّيِّبَ اِلَّا اَخَذَهَا الرَّحْمٰنُ بِيَمِيْنِهٖ وَاِنْ كَانَتْ تَمْرَةً تَرْبُوْا فِىْ

۶۳۹: سعید بن یسار حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص جب اپنے حلال مال میں سے زکوٰۃ دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ نہیں قبول کرتا مگر حلال مال کو۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنے دائیں ہاتھ میں پکڑتا ہے اگرچہ وہ ایک کھجور ہی کیوں نہ ہو پھر وہ رحمٰن کے ہاتھ میں بڑھنے لگتا ہے یہاں تک

كَفِّ الرَّحْمٰنِ حَتّٰى تَكُوْنَ اَعْظَمَ مِنَ الْجَبَلِ كَمَا يُرَبِّيْ اَحَدُكُمْ فَلُوَّهٗ اَوْفَصِيْلَهٗ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَعَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ وَاَنَسٍ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى وَ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ وَعَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَبُرَيْدَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

کہ پہاڑ سے بھی بڑا ہو جاتا ہے جیسے کہ کوئی شخص اپنے گھوڑے کے بچے یا گائے کے بچھڑے کی پرورش کرتا ہے۔ اس باب میں عائشہؓ، عدی بن حاتمؓ، انسؓ، عبداللہ بن ابی اوفیؓ، حارثہ بن وہبؓ، عبدالرحمٰن بن عوفؓ اور بریدہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابوہریرہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۴۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ نَا صَدَقَةُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ ﷺ اَيُّ الصَّوْمِ اَفْضَلُ بَعْدَرَمَضَانَ قَالَ شَعْبَانُ لِتَعْظِيْمِ رَمَضَانَ قَالَ فَاَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ قَالَ الصَّدَقَةُ فِيْ رَمَضَانَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَ صَدَقَةُ بْنُ مُوْسٰى لَيْسَ عِنْدَ هُمْ بِذٰلِكَ الْقَوِيِّ.

۶۴۰: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا۔ رمضان شریف کے بعد کونسا روزہ افضل ہے؟ فرمایا رمضان کی تعظیم کیلئے شعبان کے روزے رکھنا۔ پوچھا گیا: کونسا صدقہ افضل ہے۔ فرمایا رمضان میں صدقہ دینا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔ صدقہ بن موسیٰ محدثین کے نزدیک قوی نہیں۔

۶۴۱: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْبَصْرِيُّ نَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ عِيْسَى الْخَزَّازُ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِنَّ الصَّدَقَةَ لَتُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ وَ تَدْفَعُ مِيْتَةَالسُّوْءِ قَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۶۴۱: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ اللہ تعالیٰ کے غصہ کو بجھاتا اور بری موت کو دور کرتا ہے (یعنی بری حالت میں مرنا)۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۶۴۲: حَدَّثَنَا اَبُوْكُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا وَكِيْعٌ نَا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ الصَّدَقَةَ وَيَاْخُذُهَا بِيَمِيْنِهٖ فَيُرَبِّيْهَا لِاَحَدِكُمْ كَمَا يُرَبِّيْ اَحَدُكُمْ مُهْرَهٗ حَتّٰى اِنَّ اللُّقْمَةَ لَتَصِيْرُ مِثْلَ اُحُدٍ وَتَصْدِيْقُ ذٰلِكَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّوَ جَلَّ وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقَاتِ وَيَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰو وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ قَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ نَحْوُ هٰذَا وَقَدْ قَالَ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَمَا يُشْبِهُ هٰذَا مِنَ الرِّوَايَاتِ مِنَ الصِّفَاتِ وَنُزُوْلِ الرَّبِّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى كُلَّ لَيْلَةٍ

۶۴۲: حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ صدقے کو قبول کرتا ہے اور داہنے ہاتھ میں لیکر اس کی پرورش کرتا ہے جیسے تم سے کوئی گھوڑے کے بچے کو پالتا ہے۔ یہاں تک کہ ایک لقمہ بڑھتے بڑھتے احد پہاڑ کے برابر ہو جاتا ہے۔ اس کی دلیل قرآن کریم کی یہ آیت ہے: " وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ ...... " یعنی وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا، صدقات لیتا، سود کو مٹاتا اور صدقات کو بڑھاتا ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ حضرت عائشہؓ سے بھی نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مثل منقول ہے۔ کئی اہل علم اس اور اس جیسی کئی احادیث جن میں اللہ کی صفات کا ذکر ہے جیسے کہ اللہ کا ہر رات کو دنیا کے آسمان پر اترنا وغیرہ علماء کہتے ہیں کہ ان (کے متعلق) روایات ثابت ہیں۔ ہم ان پر ایمان لاتے ہیں اور وہم

اِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا قَالُوْا قَدْ تَثْبُتُ الرِّوَايَاتُ فِيْ هٰذَا وَنُؤْمِنُ بِهَا وَلَا يُتَوَهَّمُ وَلَا يُقَالُ كَيْفَ هٰكَذَا رُوِيَ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَسُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ اَنَّهُمْ قَالُوْا فِيْ هٰذِهِ الْاَحَادِيْثِ اَمِرُّوْهَا بِلَا كَيْفَ وَهٰكَذَا قَوْلُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَهْلِ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ وَاَمَّا الْجَهْمِيَّةُ فَاَنْكَرَتْ هٰذِهِ الرِّوَايَاتِ وَقَالُوْا هٰذَا تَشْبِيْهٌ وَقَدْ ذَكَرَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى فِيْ غَيْرِ مَوْضِعٍ مِنْ كِتَابِهِ الْيَدَ وَالسَّمْعَ وَالْبَصَرَ فَتَاَوَّلَتِ الْجَهْمِيَّةُ هٰذِهِ الْاٰيَاتِ وَ فَسَّرُوْهَا عَلٰى غَيْرِ مَا فَسَّرَ اَهْلُ الْعِلْمِ وَقَالُوْا اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَخْلُقْ اٰدَمَ بِيَدِهٖ وَقَالُوْا اِنَّمَا مَعْنَى الْيَدِ الْقُوَّةُ وَقَالَ اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّمَا يَكُوْنُ التَّشْبِيْهُ اِذَا قَالَ يَدٌ كَيَدٍ اَوْ مِثْلُ يَدٍ اَوْ سَمْعٌ كَسَمْعٍ اَوْ مِثْلُ سَمْعٍ فَاِذَا قَالَ سَمْعٌ كَسَمْعٍ اَوْ مِثْلُ سَمْعٍ فَهٰذَا تَشْبِيْهٌ وَاَمَّا اِذَا قَالَ كَمَا قَالَ اللّٰهُ يَدٌ وَسَمْعٌ وَبَصَرٌ وَلَا يَقُوْلُ كَيْفَ وَ لَا يَقُوْلُ مِثْلُ سَمْعٍ وَلَا كَسَمْعٍ فَهٰذَا لَا يَكُوْنُ تَشْبِيْهًا وَهُوَ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى فِيْ كِتَابِهٖ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ.

میں مبتلا نہیں ہوتے پس یہ نہیں کہا جاتا کہ کیسے؟ اس کی کیفیت کیا ہے وغیرہ وغیرہ۔ اسی طرح مالک بن انسؒ، سفیان بن عیینہ اور عبداللہ بن مبارکؒ کا بھی یہی کہنا ہے کہ ان احادیث پر صفات کی کیفیت جانے بغیر ایمان لانا ضروری ہے۔ اہل سنت والجماعت کا یہی قول ہے لیکن جہمیہ ان روایات کا انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ تشبیہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں کئی جگہ اپنے ہاتھ و سماعت اور بصیرت کا ذکر کیا ہے۔ جہمیہ ان آیات کی تاویل کرتے ہوئے ایسی تفسیر کرتے ہیں جو علماء نے نہیں کی۔ وہ کہتے ہیں کہ اللہ نے آدم علیہ السلام کو اپنے ہاتھ سے پیدا نہیں کیا۔ پس ان کے نزدیک ہاتھ کے معنی قوت کے ہیں۔ اسحٰق بن ابراہیم کہتے ہیں کہ تشبیہ تو اس صورت میں ہے کہ یہ کہا جائے کہ اس کا ہاتھ کسی ہاتھ جیسا یا کسی کے ہاتھ کی مثل ہے۔ یا اس کی سماعت کسی سماعت سے مماثلت رکھتی ہے۔ پس اگر کہا جائے کہ اس کی سماعت فلاں کی سماعت جیسی ہے تو یہ تشبیہ ہے۔ لہٰذا اگر وہی کہے جو اللہ نے کہا ہے کہ ہاتھ، سماعت، بصر اور یہ نہ کہے کہ اس کی کیفیت کیا ہے یا اس کی سماعت فلاں کی سماعت کی طرح ہے تو یہ تشبیہ نہیں ہو سکتی۔ اللہ تعالیٰ کی یہ صفات اسی طرح ہیں جس طرح اللہ تعالیٰ نے ان کے وصف میں فرمایا ہے کہ "لَيْسَ كَمِثْلِهٖ......" "کوئی چیز اس کی مثل نہیں اور وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔

## ۴۵۶. بَابُ مَا جَاءَ فِيْ حَقِّ السَّائِلِ.

## ۴۵۶: باب سائل کا حق

۶۴۳: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ بُجَيْدٍ عَنْ جَدَّتِهٖ اُمِّ بُجَيْدٍ وَكَانَتْ مِمَّنْ بَايَعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمِسْكِيْنَ لَيَقُوْمُ عَلٰى بَابِيْ فَمَا اَجِدُ لَهٗ شَيْئًا اُعْطِيْهِ اِيَّاهُ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ لَمْ تَجِدِيْ لَهٗ شَيْئًا تُعْطِيْهِ اِيَّاهُ اِلَّا ظِلْفًا مُحْرَقًا فَادْفَعِيْهِ اِلَيْهِ فِيْ يَدِهٖ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اُمِّ

۶۴۳: عبدالرحمٰن بن بجید اپنی دادی ام بجید سے جو ان عورتوں میں سے ہیں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ سے بیعت کی تھی نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: کئی مرتبہ فقیر دروازے پر آکر کھڑا ہوتا ہے اور گھر میں اسے دینے کیلئے کوئی چیز نہیں ہوتی۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر تم جلے ہوئے کھر کے علاوہ گھر میں اسے دینے کیلئے کوئی چیز نہ پاؤ تو وہی اسے دیدو۔ اس باب میں علیؓ، حسین بن علیؓ، ابو ہریرہؓ اور ابو امامہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں

بُجَيْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

حدیث ام بجیدؓ حسن صحیح ہے۔

**خلاصۃ الابواب:** زکوٰۃ کے وہ حقوق بھی ہیں (۱) مہمان کا حق ہے (۲) حق ماعون ہے۔ ماعون کی تفسیر عبداللہ بن مسعودؓ سے اس طرح منقول ہے گھریلو استعمال کی اشیاء مثلاً ڈول ہانڈی وغیرہ اس بناء پر بعض فقہاء کے نزدیک اپنے پڑوسیوں کو اس قسم کی استعمال کی اشیاء عاریۃً دینا واجب ہے۔

## ۴۵۷: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اِعْطَاءِ الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ

۶۴۴: حَدَّثَنَاالْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ اَعْطَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ وَاِنَّهُ لَاَبْغَضُ الْخَلْقِ اِلَيَّ فَمَازَالَ يُعْطِيْنِيْ حَتّٰى اِنَّهُ لَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَيَّ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ بِهٰذَا اَوْ شِبْهِهٖ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ صَفْوَانَ رَوَاهُ مَعْمَرٌ وَغَيْرُهٗ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ اُمَيَّةَ قَالَ اَعْطَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَكَاَنَّ الْحَدِيْثَ اَصَحُّ وَاَشْبَهُ اِنَّمَا هُوَ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ اُمَيَّةَ وَقَدِ اخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ اِعْطَاءِ الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ فَرَاٰى اَكْثَرُ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنْ لَّايُعْطَوْا وَقَالُوْا اِنَّمَا كَانُوْا قَوْمًا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَكَانَ يَتَاَلَّفُهُمْ عَلَى الْاِسْلَامِ حَتّٰى اَسْلَمُوْا وَلَمْ يَرَوْا اَنْ يُعْطَوا الْيَوْمَ مِنَ الزَّكٰوةِ عَلٰى مِثْلِ هٰذَا الْمَعْنٰى وَهُوَقَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ وَغَيْرِهِمْ وَبِهٖ يَقُوْلُ اَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ مَنْ كَانَ الْيَوْمَ عَلٰى مِثْلِ حَالِ هٰؤُلَآءِ وَرَاَى الْاِمَامُ اَنْ يَّتَاَلَّفَهُمْ عَلَى الْاِسْلَامِ فَاَعْطَاهُمْ جَازَ ذٰلِكَ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ.

## ۴۵۷: باب تالیف قلب کے لئے زکوٰۃ دینا

۶۴۴: حضرت صفوان بن امیہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ حنین کے موقع پر مجھے کچھ مال دیا۔ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے نزدیک ساری مخلوق سے برے تھے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کچھ نہ کچھ دیتے رہے یہاں تک کہ وہ اب میرے نزدیک مخلوق میں محبوب ترین ہو گئے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں حسن بن علیؓ نے بھی اسی طرح یا اسی کے مثل روایت کی ہے۔ اس باب میں ابوسعیدؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے کہ صفوان کی حدیث کو معمر وغیرہ زہری سے بحوالہ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں کہ صفوان نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دیا ......الخ گویا کہ یہ حدیث اصح اور اشبہ ہے۔ اہل علم کا مولفۃ القلوب کو مال دینے کے متعلق اختلاف ہے۔ اکثر علماء کا کہنا ہے کہ انہیں دینا ضروری نہیں یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک مخصوص جماعت تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے دلوں کی مسلمانی ہونے کے لئے تالیف کرتے تھے۔ یہاں تک کہ وہ لوگ مسلمان ہو گئے۔ اس دور میں اس مقصد کیلئے ان کو زکوٰۃ وغیرہ نہ دی جائے۔ یہ سفیان ثوری اور اہل کوفہ وغیرہ کا قول ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ بھی اسی کے قائل ہیں۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اس دور میں بھی اگر کچھ لوگ ایسے ہوں جن کے متعلق (مسلمانوں کے) امام کا خیال ہو کہ ان کے دلوں کی تالیف کی جائے تو اس صورت میں نہیں دینا جائز ہے۔ یہ امام شافعیؒ کا قول ہے۔

**خلاصۃ الباب:** (۱)امام ابوحنیفہؒ، امام مالکؒ اور ایک روایت میں امام احمدؒ کے نزدیک مؤلفۃ القلوب (دل جیتنے کیلئے زکوٰۃ وغیرہ کافروں کودینا) منسوخ ہو چکا ہے (۲) جمہور کے نزدیک خالص بدنی عبادات میں نیابت جاری نہیں ہوتی حدیث باب منسوخ ہے یا مطلب یہ کہ ان صحابیہ کی خصوصیت ہے یا مطلب یہ ہے کہ روزے اپنی طرف سے رکھو اوراس کا ثواب اپنی والدہ کو پہنچادو (واللہ اعلم)

## ۴۵۸ : بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمُتَصَدِّقِ يَرِثُ صَدَقَتَهُ

۶۴۵ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَاعَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِذْاَتَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ تَصَدَّقْتُ عَلٰى اُمِّيْ بِجَارِيَةٍ وَاِنَّهَا مَاتَتْ قَالَ وَجَبَ اَجْرُكِ وَرَدَّهَا عَلَيْكِ الْمِيْرَاثُ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَانَ عَلَيْهَا صَوْمُ شَهْرٍ اَفَاَ صُوْمُ عَنْهَا قَالَ صُوْمِيْ عَنْهَاقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَّهَا لَمْ تَحُجَّ قَطُّ اَفَاَ حُجَّ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ حُجِّيْ عَنْهَا قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ لَا يُعْرَفُ مِنْ حَدِيْثِ بُرَيْدَةَ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَطَآءٍ ثِقَةٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ ثُمَّ وَرِثَهَا حَلَّتْ لَهُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّمَا الصَّدَقَةُ شَيْءٌ جَعَلَهَا اللّٰهُ فَاِذَا وَرِثَهَا فَيَجِبُ اَنْ يَصْرِفَهَا اِلٰى مِثْلِهٖ وَرَوٰى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَزُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَطَاءٍ.

## ۴۵۸: باب جسے زکوٰۃ میں دیا ہوا مال وراثت میں ملے

۶۴۵: حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک عورت آئی اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: میں نے اپنی والدہ کو زکوٰۃ میں ایک لونڈی دی تھی اور اب میری والدہ فوت ہو گئی ہے۔ فرمایا تمہیں تمہارا اجر مل گیا اور اسے میراث نے تمہاری طرف لوٹا دیا۔ عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میری والدہ پر ایک ماہ کے روزے بھی قضا تھے۔ کیا میں ان کے بدلے میں روزے رکھ لوں۔ فرمایا ہاں رکھ لو۔ عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اس نے کبھی بھی حج نہیں کیا۔ کیا میں اس کی طرف سے حج کر لوں۔ فرمایا ہاں کر لو۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ کہتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور بریدہ کی حدیث سے اس سند کے علاوہ نہیں پہچانی جاتی۔ عبداللہ بن عطاء محدثین کے نزدیک ثقہ ہیں۔ اکثر علماء کا اسی پر عمل ہے کہ اگر کسی شخص نے زکوٰۃ کے طور پر کوئی چیز ادا کی اور پھر وراثت میں اسے وہی چیز مل گئی تو وہ اس کے لئے حلال ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ زکوٰۃ ایسی چیز ہے جسے اس نے اللہ کے لئے مخصوص کر دیا ہے لہٰذا اگر وہ وراثت کے ذریعے دوبارہ اس کے پاس آ جائے تو اس کا اللہ کی راہ میں خرچ کرنا واجب ہے۔ سفیان ثوری اور زہیر بن معاویہ یہ حدیث عبداللہ بن عطاء سے روایت کرتے ہیں۔

## ۴۵۹ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ الْعَوْدِفِي الصَّدَقَةِ

۶۴۶ : حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ اَنَّهُ حَمَلَ عَلٰى فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ

## ۴۵۹: باب صدقہ کرنے کے بعد واپس لوٹانا مکروہ ہے

۶۴۶: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے ایک گھوڑا اللہ کی راہ میں سواری کے لئے دیا پھر اسے فروخت ہوتے ہوئے دیکھا تو اسے خریدنے کا ارادہ کیا تو چنانچہ نبی

رَاٰهَا تُبَاعُ فَاَرَادَ اَنْ يَّشْتَرِيَهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ لَا تَعُدْفِيْ صَدَقَتِكَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ.

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی صدقہ کی ہوئی چیز کو نہ لوٹاؤ۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسی پر اکثر اہل علم کا عمل ہے۔

## ۴۶۰: بَابُ مَاجَاءَ فِي الصَّدَقَةِ عَنِ الْمَيِّتِ

## ۴۶۰: باب میت کی طرف سے صدقہ دینا

۶۴۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ نَا زَكَرِيَّا بْنُ اِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلاً قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اُمِّيْ تُوُفِّيَتْ اَفَيَنْفَعُهَا اَنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ لِيْ مَخْرَفًا فَاُشْهِدُكَ اَنِّيْ قَدْ تَصَدَّقْتُ بِهٖ عَنْهَا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَ بِهٖ يَقُوْلُ اَهْلُ الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ لَيْسَ شَيْءٌ يَصِلُ اِلَى الْمَيِّتِ اِلَّا الصَّدَقَةُ وَالدُّعَاءُ وَقَدْ رَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مُرْسَلاً وَ مَعْنٰى قَوْلِهٖ لِيْ مَخْرَفًا يَعْنِيْ بُسْتَانًا.

۶۴۷: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ میری ماں فوت ہو چکی ہے۔ اگر میں اس کی طرف سے صدقہ دوں تو کیا اسے اس کا فائدہ ہوگا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ اس شخص نے عرض کیا میرے پاس ایک باغ ہے آپ ﷺ گواہ رہیں میں نے یہ باغ اپنی ماں کی طرف سے صدقہ کر دیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔ اہل علم کا یہی قول ہے وہ فرماتے ہیں کہ میت کو صدقہ اور دعا کے علاوہ کوئی چیز نہیں پہنچتی۔ بعض راوی اس حدیث کو عمرو بن دینار سے بحوالہ عکرمہ مرسلاً نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ اور مخرف کا معنی باغ ہے۔

## ۴۶۱: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ نَفَقَةِ الْمَرْاَةِ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا

## ۴۶۱: باب بیوی کا خاوند کے گھر سے خرچ کرنا

۶۴۸: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ نَا شُرَحْبِيْلُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيُّ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ خُطْبَتِهٖ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ لَا تُنْفِقُ امْرَاَةٌ شَيْئًا مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا اِلَّا بِاِذْنِ زَوْجِهَا قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَا الطَّعَامَ قَالَ ذَاكَ اَفْضَلُ اَمْوَالِنَا وَفِي الْبَابِ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ وَاَسْمَاءَ ابْنَةِ اَبِيْ بَكْرٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَعَائِشَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ اُمَامَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۶۴۸: حضرت ابی امامہ باہلیؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع کے سال خطبہ دیتے ہوئے سنا کہ کوئی عورت اپنے شوہر کے گھر سے اس کی اجازت کے بغیر کوئی چیز خرچ نہ کرے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: کیا کسی کو کھانا بھی نہ دے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تو ہمارے مالوں میں سے افضل ترین ہے۔ اس باب میں سعد بن ابی وقاصؓ، اسماء بنت ابوبکرؓ، ابوہریرہؓ، عبداللہ بن عمروؓ اور عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابوامامہؓ حسن ہے۔

۶۴۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ يُحَدِّثُ عَنْ

۶۴۹: حضرت عائشہؓ روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی عورت اپنے خاوند کے مال سے صدقہ

عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ إِذَا قَالَ تَصَدَّقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا كَانَ لَهَا بِهٖ اَجْرٌ وَلِلزَّوْجِ مِثْلُ ذٰلِكَ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ وَلَا يَنْقُصُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ مِنْ اَجْرِ صَاحِبِهٖ شَيْئًا لَهٗ بِمَا كَسَبَ وَلَهَا بِمَا اَنْفَقَتْ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

دے تو اس کے لئے بھی اجر ہے اور اس کے خاوند کیلئے اس کی مثل ہے اور خاتون کے لئے بھی اس کے برابر (اجر) ہے۔ اور کسی ایک کو اجر ملنے سے کسی دوسرے کا اجر کم نہیں ہوتا۔ شوہر کیلئے کمانے کا اور بیوی کے لئے خرچ کرنے کا اجر ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔

۶۵۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا الْمُؤَمَّلُ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِذَا اَعْطَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا بِطِيْبِ نَفْسٍ غَيْرَ مُفْسِدَةٍ فَاِنَّ لَهَا مِثْلُ اَجْرِهٖ لَهَا مَانَوَتْ حَسَنًا وَ لِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهُوَ اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ عَمْرِو ابْنِ مُرَّةَ لَا يَذْكُرُ فِيْ حَدِيْثِهٖ عَنْ مَسْرُوْقٍ.

۶۵۰: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی عورت اپنے شوہر کے گھر سے خوشی کے ساتھ، فساد کی نیت کے بغیر صدقہ دے تو اسے اس کے شوہر کے برابر ثواب ہوگا۔ عورت کو اچھی نیت کا ثواب ہوگا اور خزانچی کیلئے بھی اس کے برابر اجر ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمرو بن مرہ کی حدیث سے اصح ہے۔ عمرو بن مرہ اپنی روایت میں مسروق کا ذکر نہیں کرتے۔

**خلاصۃ الباب:** عورت کو اگر شوہر کی جانب سے صراحتہً یا عرفاً اجازت ہو تو اس کے لئے شوہر کے مال سے خرچ کرنا جائز ہے بلکہ اس خرچ پر ثواب کی بھی مستحق ہوگی البتہ اجازت نہ ہونے کی صورۃ میں جائز نہیں یہ خرچہ آخرت میں وبال ہوگا۔

## ۴۶۲: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ صَدَقَةِ الْفِطْرِ

## ۴۶۲: باب صدقہ فطر کے بارے میں

۶۵۱: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيٰنَ عَنْ زَيْدِ ابْنِ اَسْلَمَ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كُنَّا نُخْرِجُ زَكٰوةَ الْفِطْرِ اِذْ كَانَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَاعًا مِّنْ طَعَامٍ اَوْصَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ اَوْصَاعًا مِنْ تَمْرٍ اَوْصَاعًا مِنْ زَبِيْبٍ اَوْصَاعًا مِنْ اَقِطٍ فَلَمْ نَزَلْ نُخْرِجُهٗ حَتّٰى قَدِمَ مُعَاوِيَةُ الْمَدِيْنَةَ فَتَكَلَّمَ فَكَانَ فِيْمَا كَلَّمَ بِهِ النَّاسَ اَنِّيْ لَاَرٰى مُدَّيْنِ مِنْ سَمْرَآءِ الشَّامِ تَعْدِلُ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ قَالَ فَاَخَذَ النَّاسُ بِذٰلِكَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ يَرَوْنَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ صَاعًا وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ

۶۵۱: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں صدقہ فطر ایک صاع غلہ، ایک صاع جو یا ایک صاع کھجور یا ایک صاع خشک انگور یا ایک صاع پنیر سے دیا کرتے تھے۔ پھر ہم اسی طرح صدقہ فطر ادا کرتے رہے۔ یہاں تک کہ امیر معاویہؓ مدینہ آئے اور انہوں نے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا میرے خیال میں گیہوں (گندم) کے دو شامی مُد ایک صاع کھجور کے برابر ہیں۔ راوی کہتے لوگوں نے اس پر عمل شروع کر دیا لیکن میں اسی طرح دیتا رہا جس طرح پہلے دیا کرتا تھا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ کہتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسی پر بعض اہل علم کا عمل ہے کہ ہر چیز سے ایک صاع صدقہ فطر ادا کیا جائے۔ امام

بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ وَغَيْرِهِم مِنْ كُلِّ شَيْءٍ صَاعٌ اِلَّا مِنَ الْبُرِّ فَاِنَّهُ يُجْزِئُ نِصْفُ صَاعٍ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَابْنِ الْمُبَارَكِ وَاَهْلِ الْكُوفَةِ يَرَوْنَ نِصْفَ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ.

شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض صحابہؓ وغیرہ کا کہنا ہے کہ ہر چیز کا ایک صاع لیکن گیہوں (گندم) کا نصف صاع ہی کافی ہے۔ سفیان ثوریؒ ابن مبارکؒ اور اہل کوفہ کے نزدیک گیہوں (گندم) کا نصف صاع صدقہ فطر میں دیا جائے۔

۶۵۲: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْبَصْرِيُّ نَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُنَادِيًا فِي فِجَاجِ مَكَّةَ اَلَا اِنَّ صَدَقَةَ الْفِطْرِ وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ صَغِيرٍ اَوْ كَبِيرٍ مُدَّانِ مِنْ قَمْحٍ اَوْ سِوَاهُ صَاعٌ مِنْ طَعَامٍ قَالَ اَبُو عِيسٰى هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ حَسَنٌ.

۶۵۲: عمرو بن شعیب اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے مکہ کی گلیوں میں ایک منادی کو بھیجا (اس نے اعلان کیا) سن لو: صدقہ فطر ہر مسلمان مرد، عورت، غلام، آزاد چھوٹے اور بڑے (سب پر) واجب ہے۔ دو مُد گیہوں (گندم) میں سے یا اس کے علاوہ کسی بھی غلے سے ایک صاع ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے حسن ہے۔

۶۵۳: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَةَ الْفِطْرِ عَلَى الذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى وَالْحُرِّ وَالْمَمْلُوكِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ قَالَ فَعَدَلَ النَّاسُ اِلٰى نِصْفِ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ قَالَ اَبُو عِيسٰى هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَجَدِّ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي ذُبَابٍ وَثَعْلَبَةَ بْنِ اَبِي صُعَيْرٍ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو.

۶۵۳: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر مسلمان مرد و عورت اور آزاد و غلام پر ایک صاع کھجور یا ایک صاع جَو صدقہ فطر فرض (واجب) کیا۔ پھر لوگوں نے اسے آدھا صاع گیہوں کر دیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس باب میں ابوسعیدؓ، ابن عباسؓ، حارثؓ بن عبدالرحمٰن بن ابوذباب کے دادا ثعلبہ بن ابوصغیرؓ اور عبداللہ بن عمروؓ سے بھی روایت ہے۔

۶۵۴: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ فَرَضَ زَكٰوةَ الْفِطْرِ مِنْ رَمَضَانَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ عَلٰى كُلِّ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى مِنَ الْمُسْلِمِينَ قَالَ اَبُو عِيسٰى حَدِيثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ رَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ نَحْوَ حَدِيثِ اَيُّوبَ وَفِيهِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَرَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ نَافِعٍ وَلَمْ يَذْكُرُوا فِيهِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِي

۶۵۴: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے رمضان کا صدقہ ایک صاع کھجور یا ایک صاع جَو مقرر فرمایا اور اسے ہر مسلمان آزاد، غلام، مرد اور عورت پر فرض (واجب) قرار دیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عمرؓ حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو مالک، نافع سے وہ ابن عمرؓ سے اور وہ نبی ﷺ سے ابوایوب کی حدیث کی مثل روایت کرتے ہوئے اس میں ''من المسلمین'' کا لفظ زیادہ روایت کرتے ہیں اور اسے کئی اور راوی بھی نافع سے روایت کرتے ہیں لیکن وہ ''من المسلمین'' کے الفاظ کا ذکر نہیں کرتے۔ اس

هٰذَا فَقَالَ بَعْضُهُمْ اِذَا کَانَ لِلرَّجُلِ عَبِیْدٌ غَیْرُ مُسْلِمِیْنَ لَمْ یُؤَدِّ عَنْهُمْ صَدَقَةَ الْفِطْرِ وَهُوَ قَوْلُ مَالِکٍ وَالشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ یُؤَدِّیْ مِنْهُمْ وَاِنْ کَانُوْا غَیْرَ مُسْلِمِیْنَ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِیِّ وَابْنِ الْمُبَارَکِ وَاِسْحٰقَ.

مسئلے میں اہل علم کا اختلاف ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اگر کسی شخص کے غلام مسلمان نہ ہوں تو ان کی طرف سے صدقہ فطر ادا کرنا ضروری نہیں۔ امام مالکؒ، شافعیؒ اور احمدؒ کا یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کے نزدیک اگر غلام مسلمان نہ بھی ہوں تب بھی صدقہ فطر ادا کرنا ضروری ہے اور یہ سفیان ثوریؒ، ابن مبارکؒ اور اسحٰقؒ کا قول ہے۔

**خلاصۃ الباب:** اکثر ائمہ کرام کے نزدیک صدقۃ الفطر کے لئے کوئی نصاب مقرر نہیں بلکہ ہر اس شخص پر واجب ہے جس کے پاس ایک دن اور ایک رات کی خوراک ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک صدقۃ الفطر کا وہی نصاب ہے جو زکوٰۃ کا ہے اگرچہ مال نامی ہونا شرط نہیں ہے اور سال گذرنا بھی شرط نہیں۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک صدقۃ الفطر میں خواہ گندم دیا جائے یا جَو یا کھجور یا کشمش سب کا ایک صاع فی کس واجب ہے اس کے برخلاف امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک گندم کا نصف صاع اور دیگر اجناس کا ایک صاع واجب ہوتا ہے۔ ائمہ ثلاثہ کی دلیل حدیث جس کے راوی حضرت ابوسعید خدریؓ ہیں اس حدیث میں لفظ طعام استعمال کیا گیا ہے جس کو ائمہ ثلاثہ نے گندم کے معنی پر محمول کیا ہے لیکن امام صاحب فرماتے ہیں کہ طعام سے مراد گندم نہیں بلکہ جوار یا باجرہ وغیرہ ہے کیونکہ حضرت ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ عہد رسالت میں ہمارا طعام (خوراک) جو کشمش کھجور اور پنیر تھے۔ وجہ یہی ہے کہ گندم اس دور میں بہت کم تھی اور حضرت ابوسعید خدریؓ کا مذہب یہی تھا کہ گندم میں نصف صاع واجب ہوتا ہے۔

## ۴۶۳: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ تَقْدِیْمِهَا قَبْلَ الصَّلٰوةِ

## ۴۶۳: باب صدقہ فطر نماز عید سے پہلے دینے کے بارے میں

۶۵۵: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ عَمْرٍو وَبْنِ اَبُوْ عَمْرٍو الْحَذَّآءُ الْمَدِیْنِیُّ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنْ مُوْسَی بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَأْمُرُ بِاِخْرَاجِ الزَّکٰوةِ قَبْلَ الْغُدُوِّ لِلصَّلٰوةِ یَوْمَ الْفِطْرِ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ وَهُوَ الَّذِیْ یَسْتَحِبُّهُ اَهْلُ الْعِلْمِ اَنْ یُخْرِجَ الرَّجُلُ صَدَقَةَ الْفِطْرِ قَبْلَ الْغُدُوِّ اِلَی الصَّلٰوةِ.

۶۵۵: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر کی نماز ادا کرنے سے پہلے صدقہ فطر ادا کرنے کا حکم دیا کرتے تھے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔ اہل علم کے نزدیک نماز کیلئے جانے سے پہلے صدقہ فطر ادا کرنا مستحب ہے۔

## ۴۶۴: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ تَعْجِیْلِ الزَّکٰوةِ

## ۴۶۴: باب وقت سے پہلے زکوٰۃ ادا کرنے کے بارے میں

۶۵۶: حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ نَا سَعِیْدُ بْنُ

۶۵۶: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت

مَنْصُوْرٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّا عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنْ حُجَيَّةَ بْنِ عَدِيٍّ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ الْعَبَّاسَ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فِيْ تَعْجِيْلِ صَدَقَتِهٖ قَبْلَ اَنْ تَحِلَّ فَرَخَّصَ لَهٗ فِيْ ذٰلِكَ.

عباس رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زکوٰۃ کے وقت سے پہلے ادا کرنے کے بارے میں سوال کیا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس کی اجازت دے دی۔

۶۵۷: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ نَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ جَحْلٍ عَنْ حُجْرٍ الْعَدَوِيِّ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ لِعُمَرَ اَنَّا قَدْ اَخَذْنَا زَكٰوةَ الْعَبَّاسِ عَامَ الْاَوَّلِ لِلْعَامِ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ لَا اَعْرِفُ حَدِيْثَ تَعْجِيْلِ الزَّكٰوةِ مِنْ حَدِيْثِ اِسْرَائِيْلَ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ دِيْنَارٍ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَحَدِيْثُ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ زَكَرِيَّا عَنِ الْحَجَّاجِ عِنْدِيْ اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ اِسْرَائِيْلَ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ دِيْنَارٍ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مُرْسَلٌ وَقَدِ اخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ تَعْجِيْلِ الزَّكٰوةِ قَبْلَ مَحِلِّهَا فَرَاٰى طَائِفَةٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنْ لَا يُعَجِّلَهَا وَبِهٖ يَقُوْلُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ قَالَ اَحَبُّ اِلَيَّ اَنْ لَا يُعَجِّلَهَا وَقَالَ اَكْثَرُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِنْ عَجَّلَهَا قَبْلَ مَحِلِّهَا اَجْزَاَتْ عَنْهُ وَبِهٖ يَقُوْلُ الشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ.

۶۵۷: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ہم عباس سے گزشتہ سال اس سال کی بھی زکوٰۃ لے چکے ہیں۔ اس باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔ تعجیل زکوٰۃ کے بارے میں اسرائیل کی حجاج بن دینار سے مروی حدیث کو میں اس سند کے علاوہ نہیں جانتا اور میرے نزدیک اسماعیل بن زکریا کی حجاج سے مروی حدیث اسرائیل کی حجاج سے مروی حدیث سے اصح ہے اور یہ حدیث حکم بن عتیبہ کے واسطے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً بھی مروی ہے۔ اہل علم کا وقت سے پہلے زکوٰۃ کی ادائیگی میں اختلاف ہے۔ اہل علم کی ایک جماعت کہتی ہے کہ زکوٰۃ وقت سے پہلے ادا نہ کی جائے۔ سفیان ثوریؒ کا بھی یہی قول ہے کہ میرے نزدیک اس میں جلدی بہتر نہیں۔ اکثر اہل علم کے نزدیک وقت سے پہلے زکوٰۃ ادا کرنے سے زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۴۶۵: بَابُ مَاجَآءَ فِي النَّهْيِ عَنِ الْمَسْاَلَةِ

## ۴۶۵: باب سوال کرنے کی ممانعت

۶۵۸: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ بَيَانِ بْنِ بِشْرٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَقُوْلُ لَاَنْ يَغْدُوَ اَحَدُكُمْ فَيَحْتَطِبُ عَلٰى ظَهْرِهٖ فَيَتَصَدَّقُ مِنْهُ فَيَسْتَغْنِيْ بِهٖ عَنِ النَّاسِ خَيْرٌ لَهٗ مِنْ اَنْ يَسْاَلَ رَجُلًا اَعْطَاهُ اَوْ مَنَعَهٗ ذٰلِكَ فَاِنَّ الْيَدَ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى وَابْدَاْ بِمَنْ تَعُوْلُ وَفِي الْبَابِ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ وَاَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ وَالزُّبَيْرِ ابْنِ الْعَوَّامِ وَ عَطِيَّةَ

۶۵۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا اگر کوئی شخص صبح نکلے اور اپنی پیٹھ پر لکڑیاں لے کر واپس ہو پھر اس میں سے صدقہ کرے اور لوگوں سے سوال کرنے سے بے نیاز ہو جائے تو یہ اس سے بہتر ہے کہ کوئی شخص کسی سے سوال کرے پھر اس کی مرضی وہ اسے دے یا نہ دے۔ پس اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے اور پہلے خرچ کرو ان پر جن کی کفالت تمہارے ذمہ ہے۔ اس باب میں حکیم بن حزام، ابو سعید خدری، زہیر بن

السَّعْدِيِّ وَعَبْدِاللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَمَسْعُوْدِ بْنِ عَمْرٍو وَابْنِ عَبَّاسٍ وَثَوْبَانَ وَزِيَادِ بْنِ الْحَارِثِ الصَّدَائِيِّ وَاَنَسٍ وَحُبْشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ وَ قَبِيْصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ وَسَمُرَةَ وَابْنِ عُمَرَ قَالَ اَبُوْ مُوْسٰى حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ يُسْتَغْرَبُ مِنْ حَدِيْثِ بَيَانٍ عَنْ قَيْسٍ.

عوام، عطیہ سعدی، عبداللہ بن مسعود، مسعود بن عمرو، ابن عباس، ثوبان، زیاد بن حارث صدائی، انس، حبشی بن جنادہ، قبیصہ بن مخارق، سمرہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہم سے بھی روایات مروی ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حسن صحیح غریب ہے۔ اور بیان کی قیس سے روایت کی وجہ سے غریب ہے۔

۶۵۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ نَا سُفْيٰنُ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمَسْأَلَةَ كَدٌّ يَكُدُّ بِهَا الرَّجُلُ وَجْهَهُ اِلَّا اَنْ يَّسْأَلَ الرَّجُلُ سُلْطَانًا اَوْ فِىْ اَمْرٍ لَا بُدَّ مِنْهُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۵۹: حضرت سمرہ بن جندبؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سوال کرنا ایک خرابی ہے کہ آدمی اس سے اپنی آبرو کو خراب کرتا ہے یا ایک زخم ہے کہ اس سے آدمی اپنے چہرے کو زخمی کرتا ہے۔ البتہ اگر کوئی شخص حکمران سے سوال کرے یا کسی ضروری امر میں سوال کرے (تو جائز ہے) امام ابو عیسٰی ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

**خلاصۃ الابواب:** (۱) ائمہ اربعہ کا اس پر اتفاق ہے کہ صدقۃ الفطر کی ادائیگی نماز عید کے لئے جانے سے پہلے مستحب ہے۔ (۲) نصاب مکمل ہونے سے پہلے اگر زکوٰۃ ادا کرے تو بالاتفاق ادائیگی درست نہ ہوگی اگر نصاب مکمل ہونے کے بعد حولان حول سے زکوٰۃ ادا کی جائے تو اکثر ائمہ کرام کے نزدیک درست ہے۔ (۳) اوپر کا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ خرچ کرنے والا مانگنے والے سے بہتر ہے۔ یا ہاتھ سے مراد نعمت ہے مطلب یہ ہے کہ زیادہ عطیہ قلیلہ کے مقابلہ میں بہتر ہے۔

# اَبْوَابُ الصَّوْمِ

## عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ

## روزوں کے متعلق ابواب

### جو ثابت ہیں رسول اللہ ﷺ سے

### ۴۶۶: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ فَضْلِ شَهْرِ رَمَضَانَ

۶۶۰: حَدَّثَنَا اَبُوْكُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ نَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِذَاكَانَ اَوَّلُ لَيْلَةٍ مِّنْ شَهْرِ رَمَضَانَ صُفِّدَتِ الشَّيٰطِيْنُ وَمَرَدَةُ الْجِنِّ وَغُلِّقَتْ اَبْوَابُ النِّيْرَانِ فَلَمْ يُفْتَحْ مِنْهَا بَابٌ وَفُتِّحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ فَلَمْ يُغْلَقْ مِنْهَا بَابٌ وَ يُنَادِيْ مُنَادِيًا بَاغِيَ الْخَيْرِ اَقْبِلْ وَيَابَاغِيَ الشَّرِّ اَقْصِرْ وَلِلّٰهِ عُتَقَاءُ مِنَ النَّارِ وَذٰلِكَ كُلَّ لَيْلَةٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَسَلْمَانَ.

۶۶۱: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَاعَبْدَةُ وَالْمُحَارِبِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ وَقَامَهُ اِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَلَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَحَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ الَّذِيْ رَوَاهُ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ بَكْرٍ وَ سَاَلْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَ نَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ نَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ قَوْلُهُ قَالَ اِذَا كَانَ اَوَّلُ لَيْلَةٍ مِّنْ شَهْرِ رَمَضَانَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ قَالَ مُحَمَّدٌ وَهٰذَا اَصَحُّ

### ۴۶۶: باب رمضان کی فضیلت

۶۶۰: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب رمضان کی پہلی رات آتی ہے تو شیاطین اور سرکش جنوں کو زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا اور دوزخ کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور پھر اس کا کوئی دروازہ نہیں کھولا جاتا۔ پھر جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور اس کا کوئی دروازہ بند نہیں کیا جاتا اور پکارنے والا پکارتا ہے۔ اے خیر کے طلبگار آگے بڑھ اور اے شر کے طلبگار ٹھہر جا اور اللہ کی طرف سے بندے آگ سے آزاد کر دیے جاتے ہیں۔ یہ معاملہ ہر رات جاری رہتا ہے۔ اس باب میں عبدالرحمٰن بن عوفؓ، ابن مسعودؓ اور سلیمانؓ سے بھی روایت ہے۔

۶۶۱: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا جس نے رمضان کے روزے رکھے اور رات ایمان کے ساتھ ثواب کے لئے قیام کیا اس کے سابقہ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اور جو آدمی لیلۃ القدر میں ایمان اور طلب ثواب کی نیت سے کھڑا ہو کر عبادت کرے اس کے گزشتہ گناہ (صغیرہ) بخش دیئے جاتے ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابو ہریرہؓ کی ابوبکر بن عیاش سے مروی روایت غریب ہے ہم اسے ابوبکر بن عیاش کی روایت کے علاوہ نہیں جانتے۔ ابوبکر بن عیاش، اعمش سے وہ ابوصالح سے اور وہ ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ البتہ ہم اس حدیث کو ابوبکر کی سند سے جانتے ہیں۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں میں نے امام بخاریؒ سے اس حدیث کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا ہم سے حسن بن

عِنْدِیْ مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ عَیَّاشٍ.

ربیع نے ان سے ابوالاحوص نے ان سے اعمش نے اوران سے مجاہد نے نبی اکرم علیہ کا یہ قول روایت کیا ہے " اذا کان ...... الخ." یعنی یہی حدیث امام بخاریؒ فرماتے ہیں یہ روایت میرے نزدیک ابوبکر بن عیاش کی روایت سے اصح ہے۔

فائدہ: جہاں اس طرح کی احادیث ہیں وہاں صغائر کے ساتھ کبائر بھی معاف ہوں گے کہ جب آدمی عبادت کرے گا تو توبہ بھی یقیناً کرے گا۔ توبہ گناہوں کو کھا جاتی ہے البتہ حقوق العباد معاف نہ ہوں گے جب تک جس کا حق مارا، غصب کیا یا کسی پر بے جا الزام لگایا اس سے معافی کے بعد خدا سے معافی طلب کی جائے کہ یا اللہ! اس شخص نے تو معاف کر دیا اب تو بھی معاف کردے۔ اگر متعلقہ شخص یا اشخاص فوت ہو چکے ہوں تو ان کے ورثاء سے رجوع کیا جائے اور اس کے لئے دعائے مغفرت کی جائے اگر کوئی مال رشوت میں یا دھوکے سے لیا ہے تو وہ واپس ان کے مالکوں کو دیا جائے اگر زندہ نہیں ہیں تو ورثاء تلاش کر کے ان کو دیا جائے ورنہ مسکینوں محتاجوں کو دیا جائے۔ اگر جائیداد بھی فروخت کرنا پڑے تو سستا سودا ہے ورنہ قیامت کو حساب کتاب میں اپنی نیکیاں اسکو دینا پڑیں گی۔ اگر نیکیاں ختم ہو گئیں تو متعلقہ شخص کے گناہ اس پر ڈال دیئے جائیں گے ایک حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ ایسا شخص سب سے بڑا اقلاش ہے۔

## ۴۶۷: بَابُ مَاجَآءَ لَا تَتَقَدَّمُوا الشَّهْرَ بِصَوْمٍ

۶۶۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَیْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ لَا تَقَدَّمُوا الشَّهْرَ بِیَوْمٍ وَلَا بِیَوْمَیْنِ اِلَّا اَنْ یُّوَافِقَ ذٰلِکَ صَوْمًا کَانَ یَصُوْمُهٗ اَحَدُکُمْ صُوْمُوْا لِرُؤْیَتِهٖ وَاَفْطِرُوْا لِرُؤْیَتِهٖ فَاِنْ غُمَّ عَلَیْکُمْ فَعُدُّوْا ثَلٰثِیْنَ ثُمَّ اَفْطِرُوْا وَفِی الْبَابِ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ اَخْبَرَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ عَنْ رِبْعِیِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ بِنَحْوِ هٰذَا قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ کَرِهُوْا اَنْ یَّتَعَجَّلَ الرَّجُلُ بِصِیَامٍ قَبْلَ دُخُوْلِ شَهْرِ رَمَضَانَ لِمَعْنٰی رَمَضَانَ وَاِنْ کَانَ رَجُلٌ یَصُوْمُ صَوْمًا فَوَافَقَ صِیَامُهٗ ذٰلِکَ فَلَا بَاْسَ بِهٖ عِنْدَهُمْ.

## ۴۶۷: باب رمضان کے استقبال کی نیت سے روزے نہ رکھے

۶۶۲: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رمضان سے ایک یا دو دن پہلے رمضان کے استقبال کی نیت سے روزے نہ رکھو البتہ کسی کے ایسے روزے جو وہ ہمیشہ سے رکھتا آ رہا ہے ان دنوں میں آجائیں (مثلاً جمعہ وغیرہ کو روزہ رکھنا) تو ایسی صورت میں رکھ لے۔ اور رمضان کا چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور شوال کا چاند دیکھ کر افطار کرو اور اگر بادل ہو جائیں تو تیس دن پورے کرو۔ اس باب میں بعض صحابہؓ سے بھی روایت ہے۔ منصور بن معتمر، ربعی بن حراش سے اور وہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم سے اسی کے مثل روایت کرتے ہیں۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ حسن صحیح ہے اور اسی پر علماء کا عمل ہے کہ رمضان سے ایک دو دن پہلے اس کی تعظیم اور استقبال کی نیت سے روزے رکھنا مکروہ ہے اور اگر کوئی ایسا دن آجائے کہ اس میں وہ ہمیشہ روزہ رکھتا ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

۶۶۳: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَکِیْعٌ عَنْ عَلِیِّ بْنِ الْمُبَارَکِ عَنْ

۶۶۳: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول

يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لَا تَقَدَّمُوا شَهْرَ رَمَضَانَ بِصِيَامٍ قَبْلَهُ بِيَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ رَجُلًا كَانَ يَصُوْمُ صَوْمًا فَلْيَصُمْهُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رمضان سے ایک یا دو دن پہلے روزے نہ رکھو لیکن اگر کوئی شخص پہلے سے روزے رکھتا ہو تو وہ رکھ سکتا ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۴۶۸: بَابُ مَا جَآءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ صَوْمِ يَوْمِ الشَّكِّ

## ۴۶۸: باب شک کے دن روزہ رکھنا مکروہ ہے

۶۶۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ عَبْدُاللهِ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ نَا اَبُوْخَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ فَاُتِىَ بِشَاةٍ مَصْلِيَّةٍ فَقَالَ كُلُوْا فَتَنَحّٰى بَعْضُ الْقَوْمِ فَقَالَ اِنِّىْ صَآئِمٌ فَقَالَ عَمَّارٌ وَمَنْ صَامَ الْيَوْمَ الَّذِىْ يُشَكُّ فِيْهِ فَقَدْ عَصٰى اَبَا الْقَاسِمِ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَاَنَسٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ عَمَّارٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَمَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَبِهٖ يَقُوْلُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَعَبْدُاللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ وَالشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ كَرِهُوْا اَنْ يَّصُوْمَ الرَّجُلُ الْيَوْمَ الَّذِىْ يُشَكُّ فِيْهِ وَرَاٰى اَكْثَرُهُمْ اِنْ صَامَهٗ وَكَانَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ اَنْ يَّقْضِىَ يَوْمًا مَكَانَهٗ.

۶۶۴: حضرت صلہ بن زفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم عمار بن یاسر کے پاس تھے کہ ایک بھنی ہوئی بکری لائی گئی عمار رضی اللہ عنہ نے کہا کھاؤ۔ پس کچھ لوگ ایک طرف ہو گئے اور کہنے لگے کہ ہم روزے سے ہیں۔ عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا جس نے شک کے دن روزہ رکھا اس نے ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی۔ اس باب میں ابو ہریرہؓ اور انسؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث عمار رضی اللہ عنہ حسن صحیح ہے اور اسی پر اکثر اہل علم کا عمل ہے جن میں صحابہ رضی اللہ عنہم، تابعینؒ وغیرہ شامل ہیں۔ سفیان ثوریؒ، مالک بن انسؒ، عبداللہ بن مبارکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے کہ شک کے دن روزہ رکھنا مکروہ ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ اگر کسی نے اس دن روزہ رکھ لیا پھر اسے معلوم ہوا کہ وہ دن واقعی رمضان کا دن تھا تو وہ روزے کی قضا کرے وہ روزہ اس کے لئے کافی نہیں۔

**خلاصۃ الابواب:** (۱) یوم الشک سے مراد تیس شعبان ہے اس دن اگر کوئی شخص اس خیال سے روزہ رکھے کہ ہوسکتا ہے کہ یہ دن رمضان کا ہو اور ہمیں چاند نظر نہ آیا ہو تو اس نیت سے روزہ رکھنا باتفاق ائمہ مکروہ تحریمی ہے پھر اگر کوئی شخص کسی خاص دن نفلی روزہ رکھنے کا عادی ہو اور وہی دن اتفاق سے یوم الشک ہو تو اس کے لئے بنیت نفل روزہ رکھنا باتفاق جائز ہے (۲) اس حدیث میں صراحت فرمادی کہ ثبوت ''شہر'' کا مدار چاند کے دیکھنے پر ہے لہٰذا اس سے یہ ثابت ہوا کہ محض حسابات کے ذریعہ چاند کے ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ کر کے ثبوت شہر نہیں ہوسکتا۔

## ۴۶۹: بَابُ مَا جَآءَ فِيْ اِحْصَآءِ هِلَالِ شَعْبَانَ لِرَمَضَانَ

## ۴۶۰: باب رمضان کیلئے شعبان کے چاند کا خیال رکھنا چاہئے

۶۶۵: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ حَجَّاجٍ نَايَحْيَى بْنُ يَحْيَى نَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍوعَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اَحْصُوْاهِلاَلَ شَعْبَانَ لِرَمْضَانَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ لاَ نَعْرِفُهُ مِثْلَ هٰذَا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اَبِىْ مُعَاوِيَةَ وَالصَّحِيْحُ مَارُوِىَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ لاَ تَقَدَّمُوا شَهْرَ رَمْضَانَ بِيَوْمٍ وَلاَ يَوْمَيْنِ وَهٰكَذَا رُوِىَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ نَحْوَ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍ واللَّيْثِيِّ.

۶۶۵: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رمضان کے لئے شعبان کے چاند کے دن گنتے رہو امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابو ہریرہؓ کی حدیث کو ہم ابو معاویہ کی اس سند کے علاوہ نہیں جانتے اور صحیح وہی ہے جو محمد بن عمرو سے بواسطہ ابوسلمہ مروی ہے۔ ابوسلمہؓ، ابو ہریرہؓ سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا رمضان سے ایک یا دو دن پہلے روزہ نہ رکھو۔ یحییٰ بن ابی کثیر سے بھی اسی طرح مروی ہے۔ یحییٰ بن ابی کثیر ابوسلمہ سے اور وہ ابو ہریرہؓ سے محمد بن عمرو لیثی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

## ۴۷۰: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الصَّوْمَ لِرُؤْيَةِ الْهِلاَلِ وَالْاِفْطَارَ لَهُ

## ۴۷۰: باب چاند دیکھ کر روزہ رکھے اور چاند دیکھ کر افطار کرے

۶۶۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكِ ابْنِ حَرْبٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ لاَ تَصُوْمُوْا قَبْلَ رَمْضَانَ صُوْمُوْا لِرُؤْيَتِهِ وَاَفْطِرُوْا لِرُؤْيَتِهِ فَاِنْ حَالَتْ دُوْنَهُ غَيَابَةٌ فَاَكْمِلُوْا ثَلٰثِيْنَ يَوْمًا وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَاَبِىْ بَكْرَةَ وَابْنِ عُمَرَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِىَ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

۶۶۶: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رمضان سے پہلے روزہ نہ رکھو۔ چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر افطار کرو اور اگر اس کے درمیان بادل حائل ہو جائیں تو تیس دن پورے کرو۔ اس باب میں ابو ہریرہؓ ابوبکرہؓ اور ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے، امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں ابن عباسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اور ان ہی سے کئی سندوں سے مروی ہے۔

## ۴۷۱: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الشَّهْرَ يَكُوْنُ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ

## ۴۷۱: باب مہینہ کبھی انتیس دن کا بھی ہوتا ہے

۶۶۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا بْنُ يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا ابْنِ اَبِىْ زَائِدَةَ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عِيْسَى بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَمْرِوبْنِ الْحَارِثِ بْنِ اَبِىْ ضِرَارٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ مَا صُمْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ تِسْعًاوَعِشْرِيْنَ اَكْثَرَ مِمَّا صُمْنَا ثَلٰثِيْنَ وَفِى الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَاَبِىْ هُرَيْرَةَ وَعَائِشَةَ وَ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ

۶۶۷: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اکثر تیس روزے ہی رکھے انتیس کا اتفاق کم ہی ہوا۔ اس باب میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، عائشہ رضی اللہ عنہا، سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، ابن عباس رضی اللہ عنہما، ابن عمر رضی اللہ عنہما، انس رضی اللہ عنہ، جابر رضی اللہ عنہ،

وَابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ عُمَرَ وَاَنَسٍ وَّ جَابِرٍ وَاُمِّ سَلَمَةَ وَاَبِیْ بَكْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ الشَّهْرُ یَكُوْنُ تِسْعًا وَّ عِشْرِیْنَ.

ام سلمہ رضی اللہ عنہا اور ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ کبھی انتیس دن کا بھی ہوتا ہے۔

۶۶۸ : حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ حُمَیْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّهٗ قَالَ اٰلٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ مِنْ نِسَآئِهٖ شَهْرًا فَاَقَامَ فِیْ مَشْرُبَةٍ تِسْعًا وَّعِشْرِیْنَ یَوْمًا قَالُوْایَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ آلَیْتَ شَهْرًا فَقَالَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ قَالَ اَبُوْعِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۶۶۸: حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج سے ایک ماہ تک نہ ملنے کی قسم کھائی اور انتیس دن تک ایک بالائی کمرے میں رہے۔ صحابہؓ نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو ایک ماہ کی قسم کھائی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مہینہ انتیس دن کا بھی ہوتا ہے۔

## ۴۷۲: بَابُ مَاجَاءَ فِی الصَّوْمِ بِالشَّهَادَةِ

## ۴۷۲: باب چاند کی گواہی پر روزہ رکھنا

۶۶۹ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ نَا الْوَلِیْدُ بْنُ اَبِیْ ثَوْرٍ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَآءَ اَعْرَابِیٌّ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ فَقَالَ اِنِّیْ رَاَیْتُ الْهِلَالَ فَقَالَ اَتَشْهَدُ اَنْ لَّآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ اَتَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ یَا بِلَالُ اَذِّنْ فِی النَّاسِ اَنْ یَّصُوْمُوْا غَدًا.

۶۶۹: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کرنے لگا: میں نے چاند دیکھا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اعرابی نے کہا جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے بلالؓ لوگوں میں اعلان کردو کہ وہ کل روزہ رکھیں۔

۶۷۰ : حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَیْبٍ نَا حُسَیْنُ الْجُعْفِیُّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ نَحْوَهٗ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ فِیْهِ اِخْتِلَافٌ وَرَوٰی سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ وَغَیْرُهٗ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ مُرْسَلًا وَاَكْثَرُ اَصْحَابِ سِمَاكٍ رَوَوْاعَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ مُرْسَلًا وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا الْحَدِیْثِ عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالُوْا تُقْبَلُ شَهَادَةُ رَجُلٍ وَّاحِدٍ فِی الصِّیَامِ وَبِهٖ یَقُوْلُ ابْنُ الْمُبَارَكِ وَالشَّافِعِیُّ وَاَحْمَدُ وَقَالَ اِسْحٰقُ لَا یُصَامُ اِلَّا بِشَهَادَةِ رَجُلَیْنِ وَلَمْ یَخْتَلِفْ اَهْلُ الْعِلْمِ فِی الْاِفْطَارِ اَنَّهٗ لَا یُقْبَلُ فِیْهِ اِلَّا شَهَادَةُ رَجُلَیْنِ.

۶۷۰: ہم سے روایت کی ابوکریب نے ان سے حسین جعفی نے وہ روایت کرتے ہیں زائدہ سے وہ سماک بن حرب سے اسی کے مثل روایت کرتے ہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عباسؓ کی حدیث میں اختلاف ہے۔ سفیان ثوری وغیرہ سماک بن حرب سے وہ عکرمہ سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً روایت کرتے ہیں۔ اور سماک کے اکثر ساتھی اسے عکرمہ سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً ہی روایت کرتے ہیں۔ اکثر علماء کا اسی پر عمل ہے کہ رمضان کے روزے کے لئے ایک آدمی کی گواہی کافی ہے۔ ابن مبارکؒ، شافعیؒ اور احمدؒ کا یہی قول ہے۔ جب کہ اسحٰقؒ دو آدمیوں کی گواہی کو معتبر سمجھتے ہیں لیکن عید کے چاند کے متعلق علماء متفق ہیں کہ اس میں دو آدمیوں کی گواہی معتبر ہوگی۔

**فائدہ**:۔ یہ ایسے دوآدمی ہونے چاہئیں جن کی شہادت بروئے شریعت عدالت میں صحیح تسلیم کی جائے۔

**خلاصۃ الباب** : شہادت کے بارے میں تفصیل یہ ہے کہ اگر مطلع صاف نہ ہو یعنی کوئی بادل یا غبار یادھواں اُفق پر ایسا چھایا ہوا ہو جو چاند کو چھپادے تو رمضان کے علاوہ دوسرے مہینوں کے لئے دومرد یا ایک مرد اور دوعورتوں کی شہادت کافی ہے بشرطیکہ ان میں گواہ کے اوصاف موجود ہوں۔ اگر مطلع صاف ہو تو عید کے لئے دو چار گواہوں کے بیان کا اعتبار نہ ہوگا کہ ہم نے اس بستی یا شہر میں چاند دیکھا ہے بلکہ اس صورت میں بڑی جماعت کی گواہی ضروری ہوگی جومختلف اطراف سے آئے ہوں یہ اس وقت شرط ہے جبکہ کسی بستی یا شہر کے عام لوگوں کو چاند نظر نہ آیا ہو۔ رمضان کے چاند کیلئے مطلع صاف نہ ہونے کی صورت میں ایک ثقہ مسلمان مرد یا عورت کی شہادت کافی ہے لیکن مطلع صاف ہونے کی صورت میں بڑی جماعت کی شہادۃ ضروری ہوگی۔

## ۴۷۳: بَابُ مَاجَآءَ شَهْرَا عِيْدٍ لَّا يَنْقُصَانِ

۶۷۱: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ خَلَفِ الْبَصْرِيُّ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّآءِ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ بَكْرَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ شَهْرَا عِيْدٍ لَا يَنْقُصَانِ رَمَضَانُ وَذُو الْحِجَّةِ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِىْ بَكْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِىْ بَكْرَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مُرْسَلًا قَالَ اَحْمَدُ مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ شَهْرَا عِيْدٍ لَا يَنْقُصَانِ يَقُوْلُ لَا يَنْقُصَانِ مَعًا فِىْ سَنَةٍ وَاحِدَةٍ شَهْرُ رَمَضَانَ وَذُوالْحِجَّةِ اِنْ نَقَصَ اَحَدُ هُمَا تَمَّ الْاٰخَرُ وَقَالَ اِسْحٰقُ مَعْنَاهُ لَا يَنْقُصَانِ يَقُوْلُ وَاِنْ كَانَ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ فَهُوَ تَمَامٌ غَيْرُ نُقْصَانٍ وَعَلٰى مَذْهَبِ اِسْحٰقَ يَكُوْنُ يَنْقُصُ الشَّهْرَ اِنْ مَعًا فِىْ سَنَةٍ وَّاحِدَةٍ.

## ۴۷۳: باب عید کے دو مہینے ایک ساتھ کم نہیں ہوتے

۶۷۱: حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عید کے دونوں مہینے (یعنی رمضان اور ذوالحج) ایک ساتھ کم نہیں ہوتے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابوبکرہ حسن ہے۔ اور عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ سے بحوالہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مرسلاً روایت کی گئی ہے۔ امام احمدؒ کہتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک سال میں رمضان اور ذوالحج دونوں انتیس، انتیس دن کے نہیں ہوتے اگر ایک انتیس دن کا ہوگا تو دوسرا تیس کا لیکن اسحٰقؒ کہتے ہیں کہ دونوں ماہ اگر انتیس دن کے بھی ہوں تب بھی ان میں اجر وثواب تیس دن کا ہی ہوتا ہے۔ اس میں کمی نہیں ہوتی چنانچہ اس قول کے مطابق دونوں ماہ انتیس دن کے بھی ہو سکتے ہیں۔

**فائدہ**:۔ اس حدیث کا اصل مفہوم ہی یہ ہے کہ اگر انتیس کے بھی ہوں تو اجر میں کمی نہیں ہوتی لیکن اس میں ایک اشکال ہے کہ ذوالحجہ (عیدالاضحیٰ یا حج) ہر سال نو اور دس ہی کی ہوگی (واللہ اعلم)

**خلاصۃ الباب**: مطلب یہ ہے کہ یہ دونوں مہینے اگر ایام کی تعداد کے اعتبار سے کم بھی ہو جائیں تب بھی اجر وثواب کے اعتبار سے کم نہیں ہوں گے۔

## ۴۷۴: بَابُ مَاجَآءَ لِكُلِّ اَهْلِ بَلَدٍ رُؤْيَتُهُمْ

۶۷۲: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ حَرْمَلَةَ اَخْبَرَنِيْ كُرَيْبٌ اَنَّ اُمَّ الْفَضْلِ بِنْتَ الْحَارِثِ بَعَثَتْهُ اِلٰى مُعَاوِيَةَ بِالشَّامِ قَالَ فَقَدِمْتُ الشَّامَ فَقَضَيْتُ حَاجَتَهَا وَاسْتُهِلَّ عَلَيَّ هِلَالُ رَمَضَانَ وَاَنَا بِالشَّامِ قَالَ فَرَاَيْنَا الْهِلَالَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ ثُمَّ قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فِيْ اٰخِرِ الشَّهْرِ فَسَاَلَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ ثُمَّ ذَكَرَ الْهِلَالَ فَقَالَ مَتٰى رَاَيْتُمُ الْهِلَالَ فَقُلْتُ رَاَيْنَاهُ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ اَنْتَ رَاَيْتَهُ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ فَقُلْتُ رَاٰهُ النَّاسُ وَصَامُوْا وَصَامَ مُعَاوِيَةُ فَقَالَ لٰكِنْ رَاَيْنَاهُ لَيْلَةَ السَّبْتِ فَلَا نَزَالُ نَصُوْمُ حَتّٰى نُكْمِلَ ثَلٰثِيْنَ يَوْمًا اَوْنَرَاهُ فَقُلْتُ اَلَا تَكْتَفِيْ بِرُؤْيَةِ مُعَاوِيَةَ وَصِيَامِهٖ قَالَ لَا هٰكَذَا اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ لِكُلِّ اَهْلِ بَلَدٍرُؤْيَتَهُمْ۔

## ۴۷۴: باب ہر شہر والوں کیلئے انہی کے چاند دیکھنے کا اعتبار ہے

۶۷۲: روایت کی کریب نے کہ ام فضل بنت حارث نے مجھے کو امیر معاویہؓ کے پاس شام بھیجا۔ کریب کہتے ہیں میں شام گیا اور ان کا کام پورا کیا۔ اسی اثناء میں رمضان آ گیا۔ پس ہم نے جمعہ کی شب چاند دیکھا۔ پھر میں رمضان کے آخر میں مدینہ واپس آیا تو ابن عباسؓ نے مجھ سے چاند کا ذکر کیا اور پوچھا کہ تم نے کب چاند دیکھا تھا؟ میں نے کہا جمعہ کی شب کو۔ ابن عباسؓ نے فرمایا تم نے خود دیکھا تھا؟ میں نے کہا: لوگوں نے دیکھا اور روزہ رکھا، امیر معاویہؓ نے بھی روزہ رکھا۔ ابن عباسؓ نے فرمایا ہم نے تو ہفتے کی رات چاند دیکھا تھا لہٰذا ہم تیس روزے رکھیں گے یا یہ کہ عید الفطر کا چاند نظر آ جائے۔ حضرت کریب کہتے ہیں: میں نے کہا کیا آپ کے لئے امیر معاویہ کا چاند دیکھنا اور روزہ رکھنا کافی نہیں؟ ابن عباسؓ نے فرمایا نہیں۔ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے اسی طرح حکم دیا ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عباسؓ کی حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ اور اسی پر اہل علم کا عمل ہے کہ ہر شہر والوں کیلئے انہی کا چاند دیکھنا معتبر ہے۔

**خلاصۃ الباب:** رؤیت ہلال کے معاملہ میں ایک اہم سوال اختلاف مطالع (یعنی ایک علاقہ میں چاند کے نظر آنے کا دوسرے علاقہ میں اعتبار ہے یا نہیں) کا بھی سامنے آتا ہے وہ یہ کہ سورج اور چاند سے یہ تو ظاہر ہے کہ دنیا میں ہر وقت موجود رہتے ہیں۔ آفتاب ایک جگہ طلوع ہوتا ہے تو دوسری جگہ غروب ایک جگہ دوپہر ہے تو دوسری جگہ عشاء کا وقت اسی طرح چاند ایک جگہ ہلال بن کر چمک رہا ہے تو دوسری جگہ پورا چاند بن کر اور کسی جگہ بالکل غائب ہے علماء کے اس بارے میں دو قول ہیں ایک یہ ہے کہ اختلاف مطالع کا شرعاً اعتبار ہے لہٰذا ایک مطلع کی رؤیت دوسرے مطلع کے لئے کافی نہیں بلکہ ہر شہر کے لوگ اپنی رؤیت کا الگ اعتبار کریں گے۔ دوسرا مذہب یہ ہے کہ اختلاف مطالع معتبر نہیں لہٰذا اگر کسی ایک شہر میں چاند نظر آ جائے تو دوسرے شہر کے لوگ اس کے مطابق رمضان یا عید کر سکتے ہیں بشرطیکہ اس شہر میں شرعی طریقہ سے ثبوت ہو جائے لیکن متاخرین حنفیہ میں بعض حضرات نے فرمایا کہ دور دراز کے ممالک میں چاند دیکھنے کا اعتبار نہیں ہے۔ یعنی جو ممالک اتنے دور ہوں کہ ان کے اختلاف مطالع کا اعتبار نہ کرنے سے دو دن کا فرق پڑ جائے وہاں اختلاف مطالع کا اعتبار ہوگا۔

## ۴۷۵: بَابُ مَاجَآءَ مَايُسْتَحَبُّ

## ۴۷۵: باب کس چیز

## عَلَيْهِ الْإِفْطَارُ

۶۷۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ الْمُقَدَّمِيُّ نَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ نَاشُعْبَةُ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَنْ وَجَدَ تَمْرًا فَلْيُفْطِرْ عَلَيْهِ وَمَنْ لَا فَلْيُفْطِرْ عَلَى مَاءٍ فَاِنَّ الْمَآءَ طَهُوْرٌوَفِي الْبَابِ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَنَسٍ لَا نَعْلَمُ اَحَدًا رَوَاهُ عَنْ شُعْبَةَ مِثْلَ هٰذَا غَيْرَ سَعِيْدِ بْنِ عَامِرٍ وَهُوَ حَدِيْثٌ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ وَلَا نَعْلَمُ لَهُ اَصْلاً مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِالْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ اَنَسٍ وَقَدْ رَوٰى اَصْحَابُ شُعْبَةَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ حَفْصَةَابْنَةِ سِيْرِيْنَ عَنِ الرَّبَابِ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ سَعِيْدِ ابْنِ عَامِرٍ وَهٰكَذَا رَوَوْاعَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ حَفْصَةَ ابْنَةِ سِيْرِيْنَ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ شُعْبَةُ عَنِ الرَّبَابِ فَالصَّحِيْحُ مَا رَوٰى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَابْنُ عُيَيْنَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ عَنِ الرَّبَابِ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ وَابْنِ عَوْنٍ يَقُوْلُ عَنْ اُمِّ الرَّائِحِ بِنْتِ صُلَيْعٍ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ وَالرَّبَابُ هِيَ اُمُّ الرَّائِحِ.

۶۷۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ ح وَثَنَا هَنَّادٌنَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ حَفْصَةَ ابْنَةِ سِيْرِيْنَ عَنِ الرَّبَابِ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ الضَّبِّيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ اِذَا اَفْطَرَ اَحَدُكُمْ فَلْيُفْطِرْ عَلٰى تَمْرٍ فَاِنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيُفْطِرْ عَلٰى مَآءٍ فَاِنَّهُ طَهُوْرٌ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

## سے روزہ افطار کرنا مستحب ہے

۶۷۳: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص کھجور پائے وہ اس سے روزہ افطار کرے اور جس کے پاس کھجور نہ ہوتو وہ پانی سے افطار کرے کیونکہ پانی پاک کرنے والا ہے۔ اس باب میں سلمان بن عامرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں انسؓ کی حدیث کو سعید بن عامر کی کے علاوہ کسی اور کے شعبہ سے اس طرح روایت کرنے کا ہمیں علم نہیں اور یہ حدیث غیر محفوظ ہے۔ ہم اسے عبدالعزیز بن صہیب کی روایت کے علاوہ نہیں جانتے۔ عبدالعزیز بن صہیب اسے انسؓ سے روایت کرتے ہیں۔ شعبہ کے ساتھی بھی حدیث شعبہ سے وہ عاصم احول سے وہ حفصہ بنت سیرین سے وہ رباب سے وہ سلمان بن عامر سے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ اور یہ روایت سعید بن عامر کی روایت سے اصح ہے۔ اسی طرح یہ حضرات شعبہ سے وہ عاصم وہ حفصہ بنت سیرین اور وہ سلیمان بن عامر سے بھی روایت کرتے ہیں اور رباب کا نام ذکر نہیں کرتے۔ پس صحیح روایت سفیان ثوریؒ کی ہی ہے۔ سفیان ثوریؒ، ابن عیینہ اور کئی حضرات سے وہ عاصم احوال سے وہ حفصہ بنت سیرین وہ رباب اور وہ سلیمان بن عامر اور ابن عون سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے ام رائح بنت صلیع، سلمان بن عامر کے حوالے سے روایت کرتی ہیں۔ رباب، رائح کی والدہ ہیں۔

۶۷۴: حضرت سلیمان بن عامر الضبی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم میں سے کوئی روزہ افطار کرے تو کھجور سے کرے! اگر کھجور نہ ہوتو پانی سے افطار کرے کیونکہ وہ پاک کرنے والا ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۷۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يُفْطِرُ قَبْلَ اَنْ يُّصَلِّيَ عَلٰى رُطَبَاتٍ فَاِنْ لَمْ تَكُنْ رُطَبَاتٌ فَتُمَيْرَاتٌ فَاِنْ لَمْ تَكُنْ تُمَيْرَاتٌ حَسَا حَسَوَاتٍ مِنْ مَآءٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۶۷۵: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز (مغرب) سے پہلے چند تازہ کھجوروں سے روزہ افطار کرتے اگر تازہ کھجوریں نہ ہوتیں تو خشک کھجوروں سے روزہ کھولتے اور اگر یہ بھی نہ ہوتیں تو پانی کے چند گھونٹ سے افطار کرتے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے۔

## ۴۷۶: بَابُ مَاجَاءَ اِنَّ الْفِطْرَ يَوْمَ تُفْطِرُوْنَ وَالْاَضْحٰى يَوْمَ تُضَحُّوْنَ

## ۴۷۶: باب عیدالفطر اس دن جس دن سب افطار کریں اور عید الاضحیٰ اس دن جس دن سب قربانی کریں

۶۷۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ الْمُنْذِرِ نَا اِسْحٰقُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ الصَّوْمُ يَوْمَ تَصُوْمُوْنَ وَالْفِطْرُ يَوْمَ تُفْطِرُوْنَ وَالْاَضْحٰى يَوْمَ تُضَحُّوْنَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ وَفَسَّرَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ هٰذَا الْحَدِيْثَ فَقَالَ اِنَّمَا مَعْنٰى هٰذَا الصَّوْمُ وَالْفِطْرُ مَعَ الْجَمَاعَةِ وَعِظَمِ النَّاسِ.

۶۷۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ (رمضان کا) اس دن ہے جب تم سب روزہ رکھو۔ عیدالفطر اس روز ہے جب تم سب افطار کرو اور عیدالاضحیٰ اس دن ہے جس دن تم سب قربانی کرو۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب حسن ہے۔ بعض علماء نے اس کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا کہ رمضان اور عیدین میں جماعت فرض ہے اور تمام لوگوں کا اس کے لئے اہتمام ضروری ہے۔

## ۴۷۷: بَابُ مَاجَاءَ اِذَا اَقْبَلَ اللَّيْلُ وَاَدْبَرَ النَّهَارُ فَقَدْ اَفْطَرَ الصَّائِمُ

## ۴۷۷: باب جب رات سامنے آئے اور دن گزرے تو افطار کرنا چاہیے

۶۷۷: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِيُّ نَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَاصِمِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِذَا اَقْبَلَ اللَّيْلُ وَاَدْبَرَ النَّهَارُ وَغَابَتِ الشَّمْسُ فَقَدْ اَفْطَرْتَ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ اَبِيْ اَوْفٰى وَاَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۷۷: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب رات آجائے دن چلا جائے اور سورج غروب ہوجائے تو افطار کرو۔ اس باب میں ابن أبي اوفی رضی اللہ عنہ اور ابوسعید رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث عمر رضی اللہ عنہ حسن صحیح ہے۔

## ۴۷۸: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ تَعْجِيْلِ الْاِفْطَارِ

## ۴۷۸: باب جلدی روزہ کھولنا

۶۷۸: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ

۶۷۸: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

سُفْيَانَ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْمُصْعَبٍ قِرَاءَةً عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ لاَ يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَ عَآئِشَةَ وَاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهُوَ الَّذِىْ اِخْتَارَهُ اَهْلُ الْعِلْمِ وَغَيْرِ هِمْ اِسْتَحَبُّوْا تَعْجِيْلَ الْفِطْرِ وَبِه يَقُوْلُ الشَّافِعِىُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک لوگ افطار میں جلدی کرتے رہیں گے ہمیشہ بھلائی سے رہیں گے۔ اس باب میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، ابن عباس رضی اللہ عنہما، عائشہ رضی اللہ عنہا اور انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ سہل بن سعدؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اسی کو اختیار کیا ہے علماء صحابہؓ وغیرہ نے کہ جلدی روزہ افطار کرنا مستحب ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

۶۷۹ : حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِىُّ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْاَوْزَاعِىِّ عَنْ قُرَّةَ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اَحَبُّ عِبَادِىْ اِلَىَّ اَعْجَلُهُمْ فِطْرًا.

۶۷۹: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے نزدیک محبوب ترین بندہ وہ ہے جو افطار میں جلدی کرتا ہے۔

۶۸۰ : حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ نَا اَبُوْعَاصِمٍ وَاَبُوْ مُغِيْرَةَ عَنِ الْاَوْزَاعِىِّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۶۸۰: ہم سے روایت کی عبداللہ بن عبدالرحمٰن نے ان سے ابو عاصم اور ابومغیرہ نے انہوں نے اوزاعی سے اسی کی مثل روایت کی ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے

۶۸۱ : حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِىْ عَطِيَّةَ قَالَ دَخَلْتُ اَنَا وَ مَسْرُوْقٌ عَلٰى عَآئِشَةَ فَقُلْنَا يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ رَجُلَانِ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَدُ هُمَا يُعَجِّلُ الْاِفْطَارَ وَ يُعَجِّلُ الصَّلٰوةَ وَالْاٰخَرُ الْاِفْطَارَ الصَّلٰوةَ قَالَتْ اَيُّهُمَا يُعَجِّلُ الْاِفْطَارَ وَيُعَجِّلُ الصَّلٰوةَ قُلْنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَتْ هٰكَذَا صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاٰخَرُ اَبُوْمُوْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ عَطِيَّةَ اسْمُهُ مَالِكُ بْنُ اَبِىْ عَامِرِ الْهَمْدَانِىُّ وَيُقَالُ مَالِكُ بْنُ عَامِرِ الْهَمْدَانِىُّ وَهُوَ اَصَحُّ.

۶۸۱: ابو عطیہ سے روایت ہے کہ میں اور مسروق حضرت عائشہؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: ام المؤمنین کے دو صحابی ایسے ہیں کہ جن میں سے ایک افطار بھی جلدی کرتے اور نماز بھی جلدی پڑھتے ہیں جب کہ دوسرے افطار اور نماز دونوں میں تاخیر کرتے ہیں۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: افطار اور نماز میں جلدی کون کرتا ہے۔ نے عرض کیا عبداللہ بن مسعودؓ۔ حضرت عائشہ نے فرمایا رسول اللہ ﷺ بھی اسی طرح کیا کرتے تھے۔ دوسرے جو صحابی تاخیر کرتے ہیں وہ ابوموسیٰؓ ہیں۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابوعطیہ کا نام مالک بن ابو عامر ہمدانی ہے۔ انہیں مالک بن عامر ہمدانی بھی کہا جاتا ہے۔ اور یہی صحیح ہے۔

## ۴۷۹: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ تَاْخِيْرِ السُّحُوْرِ

## ۴۷۹: باب سحری میں تاخیر کرنا

۶۸۲ : حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى نَا اَبُوْدَاؤُدَ الطَّيَالِسِىُّ

۶۸۲: حضرت زید بن ثابتؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں

نَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنْ زَيْدِ ابْنِ ثَابِتٍ قَالَ تَسَحَّرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ ثُمَّ قُمْنَا اِلَى الصَّلٰوةِ قَالَ قُلْتُ كَمْ كَانَ قَدْرُ ذٰلِكَ قَالَ قَدْرُ خَمْسِيْنَ اٰيَةً.

کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سحری کی پھر (فجر) کی نماز کیلئے اٹھ کھڑے ہوئے۔ راوی کہتے ہیں میں نے پوچھا کہ کھانے اور نماز میں کتنا وقفہ ہوگا تو حضرت زیدؓ نے فرمایا پچاس آیتیں پڑھنے کا۔

۶۸۳: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنْ هِشَامٍ بِنَحْوِهٖ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ قَدْرُ قِرَاءَةِ خَمْسِيْنَ اٰيَةً وَفِي الْبَابِ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَبِهٖ يَقُوْلُ الشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ اسْتَحَبُّوْا تَاخِيْرَ السُّحُوْرِ.

۶۸۳: ہم روایت کی وکیع نے ہشام سے اسی حدیث کی مثل لیکن اس ''قراءت'' کے الفاظ زیادہ ہیں۔ اس باب میں حذیفہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ زید بن ثابت کی حدیث حسن صحیح ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے کہ سحری میں تاخیر کرنا مستحب ہے۔

## ۴۸۰: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ بَيَانِ الْفَجْرِ

## ۴۸۰: باب صبح صادق کی تحقیق

۶۸۴: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا مُلَازِمُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ النُّعْمَانِ عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ طَلْقُ بْنُ عَلِيٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا يَهِيْدَنَّكُمُ السَّاطِعُ الْمُصْعِدُ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَعْتَرِضَ لَكُمُ الْاَحْمَرُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ وَاَبِيْ ذَرٍّ وَسَمُرَةَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّهٗ لَا يَحْرُمُ عَلَى الصَّائِمِ الْاَكْلُ وَالشُّرْبُ حَتّٰى يَكُوْنَ الْفَجْرُ الْاَحْمَرُ الْمُعْتَرِضُ وَبِهٖ يَقُوْلُ عَامَّةُ اَهْلِ الْعِلْمِ

۶۸۴: قیس بن طلق بن علی، ابوطلق سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رمضان کی شب میں کھاؤ پیو اور چڑھتی ہوئی روشنی تمہیں گھبراہٹ میں مبتلا نہ کرے پس اس پر کھانا پینا نہ چھوڑو یہاں تک کہ شفق احمر (صبح صادق) ظاہر ہو جائے۔ اس باب میں عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ، ابو ذر رضی اللہ عنہ اور سمرہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایات مذکور ہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اور اسی پر اہل علم کا عمل ہے کہ شفق احمر کے ظاہر ہونے تک روزہ دار کیلئے کھانا پینا جائز ہے اور یہ اکثر علماء کا قول ہے۔

۶۸۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ وَيُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى قَالَا نَا وَكِيْعٌ عَنْ اَبِيْ هِلَالٍ عَنْ سَوَادَةَ بْنِ حَنْظَلَةَ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَمْنَعُكُمْ مِنْ سُحُوْرِكُمْ اَذَانُ بِلَالٍ وَلَا الْفَجْرُ الْمُسْتَطِيْلُ وَلٰكِنِ الْفَجْرُ الْمُسْتَطِيْرُ فِي الْاُفُقِ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۶۸۵: حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سحری کھانے سے بلال رضی اللہ عنہ کی اذان اور لمبی فجر یعنی صبح کاذب کی وجہ سے باز نہ آؤ اور پھیلی ہوئی فجر یعنی صبح صادق کے ظاہر ہونے پر کھانا پینا چھوڑ دو۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔

**فائدہ:** صبح صادق اور صبح کاذب کا جیسے روایت میں بیان ہوا اس کی وضاحت غیر ضروری ہے تاہم جو لوگ صبح جلدی اٹھ کر جانب مشرق دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ پہلے افق پر مینار کی طرح بلند روشنی ہوگی چند منٹ بعد وہ غائب ہو جاتی ہے اور پھر شمالاً جنوباً سفیدی ظاہر ہوتی ہے۔ پہلی کو صبح کاذب اور دوسری کو صادق کہا جاتا ہے۔ اسکا دیہات اور صحرا میں (مطلع صاف ہو تو) بخوبی مشاہدہ کیا جا سکتا ہے۔

## ۴۸۱: بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّشْدِيْدِ فِي الْغِيْبَةِ لِلصَّآئِمِ

(۱) ۶۸۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ وَثَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِهٖ فَلَيْسَ لِلّٰهِ حَاجَةٌ بِاَنْ يَدَعَ طَعَامَهٗ وَشَرَابَهٗ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

## ۴۸۱: باب جو روزہ دار غیبت کرے اس کی برائی

(۱) ۶۸۵: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جھوٹی باتیں اور ان پر عمل کرنا نہ چھوڑے۔ اللہ تعالیٰ کو اس کے کھانا پینا چھوڑنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اس باب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۴۸۲: بَابُ مَاجَاءَ فِي فَضْلِ السُّحُوْرِ

۶۸۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ وَ عَبْدِالْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَالْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ وَ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدٍ وَاَبِی الدَّرْدَآءِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَنَسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ فَصْلُ مَا بَيْنَ صِيَامِنَا وَصِيَامِ اَهْلِ الْكِتٰبِ اَكْلَةُ السَّحَرِ.

۶۸۷: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ مُوْسٰى بْنِ عَلِیٍّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ قَيْسٍ مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ بِذٰلِكَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَهْلُ مِصْرَ يَقُوْلُوْنَ مُوْسٰى بْنُ عَلِیٍّ وَاَهْلُ الْعِرَاقِ يَقُوْلُوْنَ مُوْسٰى ابْنُ عُلَیٍّ وَهُوَ مُوْسٰى بْنُ عُلَیِّ بْنِ رَبَاحٍ اللَّخْمِیُّ.

## ۴۸۲: باب سحری کھانے کی فضیلت

۶۸۶: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سحری کھاؤ اس میں برکت ہے۔ اس باب میں ابو ہریرہؓ، عبداللہ بن مسعودؓ، جابر بن عبداللہؓ، ابن عباسؓ، عمرو بن عاصؓ، عرباض بن ساریہؓ، عتبہ بن عبد اور ابو درداءؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت انسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمارے اور اہل کتاب کے روزوں میں صرف سحری کا فرق ہے۔

۶۸۷: ہم سے روایت کی یہ حدیث قتیبہ نے ان سے لیث نے ان سے موسیٰ بن علی نے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے ابو قیس سے جو عمرو بن عاص کے مولیٰ ہیں انہوں نے عمرو بن عاص سے انہوں نے نبی ﷺ سے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل مصر کہتے ہیں کہ موسیٰ بن علی راوی کا نام ہے اور عراق والے کہتے ہیں کہ موسیٰ بن علی اور موسیٰ علی بن رباح لخمی کے بیٹے ہیں۔

## ۴۸۳: بَابُ مَاجَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ

۶۸۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ

## ۴۸۳: باب سفر میں روزہ رکھنا مکروہ ہے

۶۸۸: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے سال مکہ مکرمہ کی طرف روانہ ہوئے تو آپ

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلٰى مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ فَصَامَ حَتّٰى بَلَغَ كُرَاعَ الْغَمِيْمِ وَصَامَ النَّاسُ مَعَهٗ فَقِيْلَ لَهٗ اَنَّ النَّاسَ شَقَّ عَلَيْهِمُ الصِّيَامُ وَاِنَّ النَّاسَ يَنْظُرُوْنَ فِيْمَا فَعَلْتَ فَدَعَا بِقَدَحٍ مِّنْ مَّآءٍ بَعْدَ الْعَصْرِ فَشَرِبَ وَالنَّاسُ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْهِ فَاَفْطَرَ بَعْضُهُمْ وَصَامَ بَعْضُهُمْ فَبَلَغَهٗ اَنَّ نَاسًا صَامُوْا فَقَالَ اُولٰٓئِكَ الْعُصَاةُ وَفِی الْبَابِ عَنْ كَعْبِ ابْنِ عَاصِمٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ جَابِرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّيَامُ فِی السَّفَرِ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِی الصَّوْمِ فِی السَّفَرِ فَرَاٰى بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اَنَّ الْفِطْرَ فِی السَّفَرِ اَفْضَلُ حَتّٰى رَاٰى بَعْضُهُمْ عَلَيْهِ الْاِعَادَةَ اِذَا صَامَ فِی السَّفَرِ وَاخْتَارَ اَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ الْفِطْرَ فِی السَّفَرِ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اِنْ وَجَدَ قُوَّةً فَصَامَ فَحَسَنٌ وَهُوَ اَفْضَلُ وَاِنْ اَفْطَرَ فَحَسَنٌ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ وَمَالِكِ ابْنِ اَنَسٍ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ وَقَالَ الشَّافِعِیُّ وَاِنَّمَا مَعْنٰى قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّيَامُ فِی السَّفَرِ وَقَوْلِهٖ حِيْنَ بَلَغَهٗ اَنَّ نَاسًا صَامُوْا فَقَالَ اُولٰٓئِكَ الْعُصَاةُ فَوَجْهُ هٰذَا اِذَا لَمْ يَحْتَمِلْ قَلْبُهٗ قَبُوْلَ رُخْصَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَاَمَّا مَنْ رَاَى الْفِطْرَ مُبَاحًا وَصَامَ وَقَوِیَ عَلٰى ذٰلِكَ فَهُوَ اَعْجَبُ اِلَیَّ۔

ﷺ نے روزہ رکھا یہاں تک کہ "کُرَاعَ الْغَمِیْم" کے مقام تک پہنچے آپ ﷺ کے ساتھ لوگوں نے بھی روزے رکھے۔ پھر آپ ﷺ سے کہا گیا کہ لوگوں پر روزہ بھاری ہو گیا اور وہ آپ ﷺ کے فعل کے منتظر ہیں۔ آپ ﷺ نے عصر کے بعد پانی کا پیالہ منگوایا اور پی لیا۔ لوگ رسول اللہ ﷺ کو دیکھ رہے تھے پس بعض نے روزہ افطار کر لیا اور بعض نے مکمل کیا۔ جب یہ خبر رسول اللہ ﷺ کو پہنچی کہ کچھ لوگوں نے پھر بھی روزہ نہیں توڑا تو آپ ﷺ نے فرمایا یہ لوگ نافرمان ہیں۔ اس باب میں کعب بن عاصمؓ، ابن عباسؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ جابر کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اور نبی ﷺ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا سفر میں روزہ رکھنا کوئی نیکی نہیں۔ اہل علم کا سفر میں روزہ رکھنے کے بارے میں اختلاف ہے۔ بعض صحابہ وغیرہ کے نزدیک سفر میں روزہ نہ رکھنا افضل ہے یہاں تک کہ بعض حضرات کہتے ہیں کہ اگر سفر میں روزہ رکھے تو دوبارہ رکھنا پڑے گا۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ بھی سفر میں روزہ نہ رکھنے کو پسند کرتے ہیں۔ بعض علماء صحابہ اس بات کے قائل ہیں کہ اگر قوت ہو تو روزہ رکھے اور یہی افضل ہے اور اگر نہ رکھے تب بھی بہتر ہے۔ عبداللہ بن مبارکؒ اور مالک بن انسؒ کا بھی یہی قول ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کا ارشاد "سفر میں روزہ رکھنا نیکی نہیں" اور اسی طرح آپ ﷺ نے سفر میں روزہ نہ توڑنے والوں کے بارے میں فرمایا کہ وہ نافرمان ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ اس وقت ہے جب اس کا دل اللہ تعالیٰ کی طرف سے دی گئی رخصت پر راضی نہ ہو لیکن جو شخص افطار کو جائز سمجھتا ہو اور اسے طاقت بھی ہو تو اس کا روزہ مجھے پسند ہے۔

**فائدہ:** جیسے مسافر کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے اسی طرح شرعی عذر رکھنے والے مریض کو اور شیخ فانی کو جو روزہ رکھنے کی استطاعت نہ رکھتا ہو بہت بوڑھا ہو روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے لیکن روزہ نہ رکھنا اور بات ہے اور نہ رکھ کر سر عام شارع عام پر

کھانا پینا اللہ کی عبادت کا مذاق ہے۔ جس طرح مساجد عبادت یعنی نماز کیلئے ظرفِ مکان ہیں اسی طرح رمضان کا مہینہ سحر سے لیکر غروب آفتاب تک ظرفِ زمان ہے۔ مساجد میں بیٹھ کر لہو ولعب کی اجازت نہیں دی جاسکتی، اس طرح برسرِ عام رمضان میں کھلے عام پینے کی اجازت نہیں۔ مساجد کے احترام کی طرح ماہ رمضان کا بھی احترام ضروری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلامی ملکوں میں اگر کوئی رمضان میں برسرِ عام کھائے پیئے تو بعض فقہا نے فتویٰ دیا ہے کہ حکومت کو چاہیے کہ ایسے شخص کو قتل کرے۔ اسلامی ممالک میں کافروں اور ذمیوں کے لئے احترام ضروری ہوگا۔

## ۴۸۴: بَابُ مَاجَاءَ فِي الرُّخْصَةِ فِي الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ

۶۸۹: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍ وِالْاَ سْلَمِيَّ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ وَكَانَ يَسْرُدُ الصَّوْمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍ ووَاَبِي الدَّرْدَآءِ وَحَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍ و الْاَ سْلَمِيَّ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عَآئِشَةَ اَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍ والْاَ سْلَمِيَّ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۹۰: حَدَّثَنَا نَصْرُبْنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْ مَسْلَمَةَ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ كُنَّا نُسَافِرُمَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ شَهْرِرَمَضَانَ فَمَا يُعَابُ عَلَى الصَّآئِمِ صَوْمَهُ وَلَا عَلَى الْمُفْطِرِفِطْرُهُ.

۶۹۱: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ نَاالْجُرَيْرِيُّ ح وَنَاسُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَاعَبْدُ الْاَعْلٰى عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كُنَّا نُسَافِرُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمِنَّا الصَّآئِمُ وَمِنَّا الْمُفْطِرُفَلَا يَجِدُ الْمُفْطِرُ عَلَى الصَّآئِمِ وَلَا الصَّآئِمُ عَلَى الْمُفْطِرِوَكَانُوْا يَرَوْنَ اَنَّهُ مَنْ وَجَدَ قُوَّةً فَصَامَ فَحَسَنٌ وَمَنْ وَجَدَ ضَعْفًا فَاَفْطَرَفَحَسَنٌ

## ۴۸۴: باب سفر میں روزہ رکھنے کی اجازت

۶۸۹: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حمزہ بن عمرو اسلمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سفر میں روزہ رکھنے کے بارے میں پوچھا اور وہ مسلسل روزے رکھا کرتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چاہو روزے رکھو اور چاہو نہ رکھو۔ اس باب میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ، ابو سعید رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ، ابودرداء رضی اللہ عنہ اور حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حمزہ بن عمرو اسلمی والی حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۹۰: حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رمضان میں سفر کیا کرتے تھے۔ پس کوئی بھی (ایک دوسرے کو) برا نہ کہتا تھا (یعنی) روزہ رکھنے والے کے روزے کو اور افطار کرنے والے کے افطار کو۔

۶۹۱: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کرتے تو ہم میں سے بعض کا روزہ ہوتا اور بعض بغیر روزے کے ہوتے۔ پس نہ روزہ دار بغیر روزے دار پر اور نہ ہی بے روزہ روزہ دار پر غصے ہوتا۔ بلکہ وہ جانتے تھے کہ جس میں طاقت ہو اور روزہ رکھے وہ بہتر ہے اور جو ضعیف (کمزور) ہونے کی وجہ سے روزہ نہ رکھے اس نے بھی اچھا کیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ

قَالَ اَبُوْ عِيسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

## ۴۸۵: بَابُ مَاجَاءَ فِي الرُّخْصَةِ الْمُحَارِبِ فِي الْاِ فْطَارِ

۶۹۲: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ مَعْمَرِ بْنِ اَبِيْ حُيَيَّةَ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهُ سَاَلَهُ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ فَحَدَّثَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَمَضَانَ غَزْوَتَيْنِ يَوْمَ بَدْرٍ وَالْفَتْحِ فَاَفْطَرْنَا فِيْهِمَا وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ اَبُوْ عِيسٰى حَدِيْثُ عُمَرَ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ اَمَرَ بِالْفِطْرِ فِيْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ نَحْوُ هٰذَا اَنَّهُ رَخَّصَ فِي الْاِ فْطَارِ عِنْدَ لِقَاءِ الْعَدُوِّ وَبِهٖ يَقُوْلُ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ.

## ۴۸۶: بَابُ مَاجَاءَ فِي الرُّخْصَةِ فِي الْاِ فْطَارِ لِلْحُبْلٰى وَالْمُرْضِعِ

۶۹۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ وَيُوْسُفُ بْنُ عِيسٰى قَالَا نَا وَكِيْعٌ نَا اَبُوْ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ قَالَ اَغَارَتْ عَلَيْنَا خَيْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْتُهُ يَتَغَدّٰى فَقَالَ اُدْنُ فَكُلْ فَقُلْتُ اِنِّيْ صَائِمٌ فَقَالَ اُدْنُ اُحَدِّثْكَ عَنِ الصَّوْمِ اَوِ الصِّيَامِ اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ شَطْرَ الصَّلٰوةِ وَعَنِ الْحَامِلِ اَوِ الْمُرْضِعِ الصَّوْمَ اَوِ الصِّيَامَ وَلَقَدْ قَالَهُمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِلْتَيْهِمَا اَوْ اِحْدٰهُمَا فَيَا لَهْفَ نَفْسِيْ اَنْ لَا اَكُوْنَ طَعِمْتُ مِنْ طَعَامِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ اُمَيَّةَ قَالَ

حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۴۸۵: باب لڑنے والے کیلئے افطار کی اجازت

۶۹۲: معمر بن ابی حیبہ نے ابن مسیّب سے سفر میں روزہ رکھنے کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے بیان کیا کہ عمر بن خطابؓ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ ساتھ رمضان میں دو جنگیں لڑیں، غزوہ بدر اور غزوہ فتح مکہ ان دونوں جنگوں میں ہم نے روزہ نہیں رکھا۔ اس باب میں حضرت ابوسعیدؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ہم عمرؓ کی حدیث کو اس سند کے علاوہ نہیں جانتے۔ ابوسعید سے بھی یہ مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ایک غزوہ میں افطار کا حکم بھی دیا تھا اور حضرت عمر بن خطابؓ سے بھی مروی ہے کہ وہ بھی دشمن سے مقابلے کے وقت افطار کی اجازت دیتے تھے۔ بعض اہل علم کا یہی قول ہے۔

## ۴۸۶: باب حاملہ اور دودھ پلانے والی کیلئے افطار کی اجازت ہے

۶۹۳: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے لشکر نے ہمارے قبیلہ پر حملہ کیا۔ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ کھانا کھا رہے تھے۔ فرمایا قریب ہو جاؤ اور کھاؤ۔ میں نے کہا میں روزے سے ہوں۔ فرمایا قریب آؤ میں تمہیں روزے کے بارے میں بتاؤں (راوی کو شک ہے کہ صوم فرمایا یا صیام فرمایا) اللہ تعالیٰ نے مسافر کیلئے آدھی نماز اور حاملہ اور دودھ پلانے والی عورت کیلئے روزہ معاف کر دیا ہے۔ (یہاں بھی راوی کو صوم اور صیام میں شک ہے) اللہ کی قسم آپ ﷺ نے حاملہ اور دودھ پلانے والی دونوں یا ایک کا ذکر کیا۔ مجھے اپنے اوپر افسوس ہے کہ میں نے آپ ﷺ کے ساتھ کھانا کیوں نہیں کھایا۔ اس باب میں ابوامیہ سے بھی

اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الْكَعْبِيِّ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَلَا نَعْرِفُ لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ هٰذَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ الْوَاحِدِ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ الْحَامِلُ وَالْمُرْضِعُ يُفْطِرَانِ وَيَقْضِيَانِ وَيُطْعِمَانِ وَبِهٖ يَقُوْلُ سُفْيَانُ وَمَالِكٌ وَالشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ يُفْطِرَانِ وَيُطْعِمَانِ وَلَا قَضَآءَ عَلَيْهِمَا وَاِنْ شَآءَ تَا قَضَتَا وَلَا اِطْعَامَ عَلَيْهِمَا وَبِهٖ يَقُوْلُ اِسْحٰقُ.

روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ انس بن مالک کعبی کی حدیث حسن ہے۔اور ہم انس بن مالک کعبی کی اس روایت کے علاوہ کوئی حدیث نہیں جانتے۔بعض اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے۔بعض اہل علم کہتے ہیں کہ حاملہ اور مرضعہ دونوں روزہ نہ رکھیں پھر قضا کریں اور اس کے ساتھ ہی صدقہ فطر کے برابر فقیروں کو ہر روزے کے بدلے میں کھانا بھی کھلائیں۔سفیان ثوریؒ، مالکؒ، شافعیؒ اور احمدؒ بھی یہی کہتے ہیں۔بعض اہل علم کہتے ہیں کہ (حائضہ اور دودھ پلانے والی) دونوں افطار کریں اور مسکینوں کو کھانا کھلائیں اور ان دونوں پر قضا نہیں ہے اور اگر چاہیں تو قضا کرلیں اور اس صورت میں مسکینوں کو کھانا کھلانا ضروری نہیں۔اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۴۸۷: بَابُ مَاجَاءَ فِي الصَّوْمِ عَنِ الْمَيِّتِ

## ۴۸۷: باب میت کی طرف سے روزہ رکھنا

۶۹۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ نَااَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ وَمُسْلِمٍ الْبَطِيْنِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَعَطَآءٍ وَمُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَآءَتِ امْرَاَةٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنَّ اُخْتِيْ مَاتَتْ وَعَلَيْهَاصَوْمُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ قَالَ اَرَاَيْتِ لَوْكَانَ عَلٰى اُخْتِكِ دَيْنٌ اَكُنْتِ تَقْضِيْنَهٗ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ فَحَقُّ اللّٰهِ اَحَقُّ وَفِي الْبَابِ عَنْ بُرَيْدَةَ وَابْنِ عُمَرَ وَعَآئِشَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۶۹۴: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک عورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: میری بہن فوت ہوگئی ہے اور اس کے متواتر دو مہینے کے روزے ہیں (یعنی کفارہ کے)۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بتاؤ اگر تمہاری بہن پر قرض ہوتا تو کیا تم اسے ادا کرتی؟ اس نے کہا ہاں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا حق ادائیگی کا اس سے زیادہ مستحق ہے۔اس باب میں حضرت بریدہؓ، ابن عمرؓ اور عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰؒ فرماتے ہیں کہ ابن عباسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

۶۹۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَااَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنِ الْاَعْمَشِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ قَالَ مُحَمَّدٌ وَقَدْ رَوٰى غَيْرُ اَبِيْ خَالِدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ مِثْلَ رِوَايَةِ اَبِيْ خَالِدٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَرَوٰى اَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِيْنِ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ وَلَا عَنْ

۶۹۵: ابوکریب، ابوخالد احمر سے اور وہ اعمش سے اسی سند سے اسی حدیث کی مثل روایت کرتے ہیں امام محمد بن اسماعیل بخاریؒ فرماتے ہیں کہ ابو خالد کی روایت کی مثل کئی دوسرے راویوں نے بھی حدیث بیان کی ہے۔امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابومعاویہ اور کئی دوسرے راویوں نے یہ حدیث اعمش سے وہ مسلم بطین سے وہ سعید بن جبیرؓ سے وہ ابن عباسؓ سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں لیکن اس میں سلمہ بن کہیل،

عَطَآءٍ وَلَا عَنْ مُجَاهِدٍ.

عطاء اور مجاہد کے واسطے کا ذکر نہیں کرتے۔

**خلاصۃ الابواب:** (۱) مطلب یہ ہے کہ جب شرعی ثبوت کے بعد روزہ رکھ لیا یا شرعی ثبوت کے بعد افطار کر لیا یا عید منالی تو اب دوسرے قرائن کی وجہ سے خواہ مخواہ شکوک وشبہات میں مبتلا نہ ہونا چاہئے بلکہ روزہ اور عید درست ہو گئے (۲) حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ سورج غروب ہونے کے بعد روزہ افطار کر لو۔ (۳) سحری میں تاخیر اور افطاری میں جلدی کرنا تمام امت کے نزدیک مستحب ہے (۴) روزہ دار کے لئے کس وقت تک کھاتے رہنے کی گنجائش ہے؟ اس بارے میں بہت ہی صحیح قول یہ ہے کہ صبح صادق تک کھانے پینے کی اجازت ہے (۵) حدیث کا مطلب جمہور ائمہ کرام کے نزدیک یہ ہے کہ غیبت، چغلی اور جھوٹ سے روزہ ٹوٹتا تو نہیں لیکن روزہ کی برکات اور مقصد روزہ فوت ہو جاتا ہے یعنی گناہ نہیں چھوڑتا تو اللہ تعالیٰ کو اس کے بھوکا پیاسا رہنے کی ضرورت نہیں (۶) مطلب یہ ہے کہ سحری کھانا مستحب ہے اس کی بڑی حکمت اہل کتاب کی مخالفت ہے ان لوگوں کو غور کرنا چاہئے جو ہر کام میں یہود ونصاریٰ کی تقلید کرتے ہیں (۷) اگر سفر میں روزہ رکھنے سے تکلیف ہو تو روزہ رکھنا مکروہ ہے (۸) کسی بھی عذر کی وجہ سے روزہ نہ رکھا تو اس کی قضاء واجب اور ضروری ہے۔

## ۴۸۸: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْكَفَّارَةِ

۶۹۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْثَرُ عَنْ اَشْعَثَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ صِيَامُ شَهْرٍ فَلْيُطْعِمْ عَنْهُ مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِيْنًا قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ لَا نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَالصَّحِيْحُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَوْقُوْفًا قَوْلُهُ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ هٰذَا فَقَالَ بَعْضُهُمْ يُصَامُ عَنِ الْمَيِّتِ وَبِهٖ يَقُوْلُ اَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ قَالَا اِذَا كَانَ عَلَى الْمَيِّتِ نَذْرُ صِيَامٍ يَصُوْمُ عَنْهُ وَاِذَا كَانَ عَلَيْهِ قَضَآءُ رَمَضَانَ اُطْعِمَ عَنْهُ وَقَالَ مَالِكٌ وَسُفْيَانُ وَالشَّافِعِيُّ لَا يَصُوْمُ اَحَدٌ عَنْ اَحَدٍ وَاَشْعَثُ هُوَ ابْنُ سَوَّارٍ وَمُحَمَّدٌ هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى.

## ۴۸۸: باب روزوں کا کفارہ

۶۹۶: حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر کوئی فوت ہو جائے اور اس پر ایک مہینے کے روزے باقی ہوں تو اس کے بدلے ہر روزے کے مقابلے میں ایک مسکین کو کھانا کھلایا جائے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عمرؓ کی حدیث کو ہم اس سند کے علاوہ مرفوع نہیں جانتے اور صحیح یہی ہے کہ یہ ابن عمرؓ پر موقوف ہے اور انہی کا قول ہے۔ اس مسئلے میں اہل علم کا اختلاف ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ میت کی طرف سے روزے رکھے جائیں۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ بھی یہی کہتے ہیں کہ اگر میت کے ذمہ نذر کے روزے ہوں تو اس کی طرف سے روزے رکھے جائیں اور اگر رمضان کے روزے ہوں تو مسکینوں کو کھانا کھلایا جائے۔ امام مالکؒ، شافعیؒ اور سفیانؒ کہتے ہیں کہ کوئی کسی کی طرف سے روزے نہ رکھے۔ اشعث سوار کے بیٹے ہیں اور محمد وہ محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ ہیں۔

## ۴۸۹: بَابُ مَاجَاءَ فِي الصِّيَامِ يَذْرَعُهُ الْقَيْءُ

۶۹۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَطَآءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

## ۴۸۹: باب صائم، جس کو قے آجائے

۶۹۷: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزوں سے روزہ نہیں ٹوٹتا حجامت، قے اور احتلام۔ امام ابو عیسیٰ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ لَا يُفْطِرْنَ الصَّائِمَ الْحِجَامَةُ وَ الْقَيْءُ وَالِا حْتِلَامُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ وَقَدْرَوٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدِ ابْنِ اَسْلَمَ وَعَبْدُ الْعَزِيْزِبْنُ مُحَمَّدٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ مُرْسَلاً وَلَمْ يَذْكُرُوْافِيْهِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَعَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ زَيْدِ ابْنِ اَسْلَمَ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ سَمِعْتُ اَبَا دَاوٗدَ السَّجْزِيَّ يَقُوْلُ سَاَلْتُ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ فَقَالَ اَخُوْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ لَا بَاْسَ بِهٖ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَذْكُرُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدِبْنِ اَسْلَمَ ثِقَةٌ وَعَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ ضَعِيْفٌ قَالَ مُحَمَّدٌ وَلَا اَرْوِيْ عَنْهُ شَيْئًا.

ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث غیر محفوظ ہے۔ عبداللہ بن زید بن اسلم، عبدالعزیز بن محمد اور کئی راویوں نے یہ حدیث زید بن اسلم سے مرسلاً روایت کی ہے اور ابوسعید کا ذکر نہیں کیا۔ عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم ضعیف ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ابو داؤد سجزی سے سنا کہ انہوں نے احمد بن حنبلؒ سے عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا اس کے بھائی عبداللہ بن زید میں کوئی حرج نہیں۔ میں نے امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے سنا انہوں نے علی بن عبداللہ سے نقل کیا کہ عبداللہ بن زید بن اسلم ثقہ ہیں اور عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم ضعیف ہیں۔ امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ میں ان سے روایت نہیں کرتا۔

## ۴۹۰ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَنِ اسْتَقَاءَ عَمْدًا

## ۴۹۰: باب روزے میں عمداً قے کرنا

۶۹۸ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ ذَرَعَهُ الْقَيْءُ فَلَيْسَ عَلَيْهِ قَضَاءٌ وَمَنِ اسْتَقَاءَ عَمْدًا فَلْيَقْضِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ وَثَوْبَانَ وَفَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ هِشَامٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عِيْسَى ابْنِ يُوْنُسَ وَقَالَ مُحَمَّدٌ لَا اَرَاهُ مَحْفُوْظًا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَقَدْ رُوِيَ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِوَجْهٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا يَصِحُّ اِسْنَادُهٗ وَرُوِيَ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ وَثَوْبَانَ وَفُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاءَ فَاَفْطَرَوَاِنَّمَا مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ صَائِمًا مُتَطَوِّعًا فَقَاءَ فَضَعُفَ فَاَفْطَرَلِذٰلِكَ هٰكَذَارُوِيَ فِيْ بَعْضِ الْحَدِيْثِ مُفَسَّرًا

۶۹۸: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسے خود بخود قے آجائے اس پر قضا واجب نہیں اور جو جان بوجھ کر قے کرے اسے قضا روزہ رکھنا چاہیے۔ اس باب میں ابودرداءؓ، ثوبانؓ اور فضالہ بن عبیدؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابوہریرہؓ کی حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے ہشام کی ابن سیرین اور ان کی ابوہریرہؓ سے روایت کے متعلق عیسیٰ بن یونس کی حدیث کے علاوہ نہیں جانتے۔ امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ فرماتے ہیں یہ محفوظ نہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث کئی سندوں سے حضرت ابوہریرؓ سے مروی ہے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں اس کی سند صحیح نہیں۔ ابودرداءؓ، ثوبانؓ اور فضالہ بن عبیدؓ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قے فرمائی اور روزہ توڑ دیا۔ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نفلی روزے سے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قے آئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کمزوری محسوس کرتے ہوئے روزہ کھول دیا۔ بعض

وَالْعَمَلُ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ عَلٰی حَدِیْثِ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الصَّائِمَ اِذَا ذَرَعَهُ الْقَیْئُ فَلاَ قَضَاءَ عَلَیْهِ وَاِذَا اسْتَقَاءَ عَمْدًا فَلْیَقْضِ وَبِهٖ یَقُوْلُ الشَّافِعِیُّ وَسُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ.

احادیث میں اس کی وضاحت اس طرح ہے۔ اہل علم کا حدیث ابوہریرہؓ پر عمل ہے کہ خود بخود قے پر قضا نہیں البتہ اگر جان بوجھ کر قے کرے تو قضاء ہے۔ امام شافعیؒ، سفیان ثوریؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۴۹۱: بَابُ مَاجَاءَ فِی الصَّائِمِ یَاکُلُ وَیَشْرَبُ نَاسِیًا

## ۴۹۱: باب روزے میں بھول کر کھانا پینا

۶۹۹: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِیْدٍ الْاَشَجُّ نَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَکَلَ اَوْشَرِبَ نَاسِیًا فَلاَ یُفْطِرْ فَاِنَّمَا هُوَ رِزْقٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ.

۶۹۹: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے روزے میں بھول کر کھایا پیا وہ روزہ نہ توڑے۔ اس نے جو کچھ کھایا پیا وہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ رزق تھا۔

۷۰۰: حَدَّثَنَا اَبُوْسَعِیْدٍ نَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ عَوْفٍ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ وَخِلاَّسٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ اَوْنَحْوَهٗ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ وَاُمِّ اِسْحٰقَ الْغَنَوِیَّةِ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَکْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَبِهٖ یَقُوْلُ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ وَالشَّافِعِیُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ وَقَالَ مَالِکُ بْنُ اَنَسٍ اِذَا اَکَلَ فِیْ رَمَضَانَ نَاسِیًا فَعَلَیْهِ الْقَضَاءُ وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ اَصَحُّ.

۷۰۰: ہم سے روایت کی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حدیث کی مثل روایت کی۔ اس باب میں ابوسعیدؓ اور ام اسحٰق غنویہؓ سے بھی رویت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اسی پر اکثر اہل علم کا عمل ہے۔ سفیان ثوریؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ بھی یہی کہتے ہیں۔ اسحٰقؒ فرماتے ہیں کہ اگر بھول کر کچھ کھا پی لے تب بھی قضا کرنا ہوگی لیکن پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔

## ۴۹۲: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْاِفْطَارِ مُتَعَمِّدًا

## ۴۹۲: باب قصداً روزہ توڑنا

۷۰۱: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِیٍّ قَالَ نَا سُفْیَانُ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ نَا اَبُو الْمُطَوِّسِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَفْطَرَیَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ مِنْ غَیْرِ رُخْصَةٍ وَلاَمَرَضٍ لَمْ یَقْضِ عَنْهُ صَوْمُ الدَّهْرِ کُلِّهٖ وَاِنْ صَامَهٗ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدِیْثٌ لاَنَعْرِفُهٗ اِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدًا یَقُوْلُ اَبُوالْمُطَوِّسِ اِسْمُهٗ یَزِیْدُ بْنُ الْمُطَوِّسِ وَلاَ

۷۰۱: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے رمضان میں بغیر عذر یا مرض کے روزہ افطار کیا (توڑ دیا) وہ اگر ساری عمر بھی روزے رکھے تب بھی اس ایک روزے کے برابر ثواب حاصل نہیں کر سکتا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کو ہم اس سند کے علاوہ نہیں جانتے۔ میں نے محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے سنا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ابوالمطوس کا نام یزید بن مطوس ہے اور میں ان کی اس حدیث کے علاوہ کوئی

اَعْرِفُ لَهُ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ.

حدیث نہیں جانتا۔

## ۴۹۳: بَابُ مَاجَاءَ فِي كَفَّارَةِ الْفِطْرِ فِي رَمَضَانَ

۷۰۲: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ وَاَبُوْعَمَّارٍ وَالْمَعْنٰى وَاحِدٌ وَاللَّفْظُ اَبِيْ عَمَّارٍ قَالَا نَا سُفْيَانُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكْتُ قَالَ وَمَا اَهْلَكَكَ قَالَ وَقَعْتُ عَلٰى امْرَاَتِيْ فِيْ رَمَضَانَ قَالَ هَلْ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تُعْتِقَ رَقَبَةً قَالَ لَا قَالَ فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تَصُوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ قَالَ لَا قَالَ فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تُطْعِمَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا قَالَ لَا قَالَ اجْلِسْ فَجَلَسَ فَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَقٍ فِيْهِ تَمْرٌ وَالْعَرَقُ الْمِكْتَلُ الضَّخْمُ قَالَ فَتَصَدَّقْ بِهٖ فَقَالَ مَابَيْنَ لَابَتَيْهَا اَحَدٌ اَفْقَرَ مِنَّا قَالَ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ اَنْيَابُهٗ قَالَ فَخُذْهُ فَاَطْعِمْهُ اَهْلَكَ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَعَائِشَةَ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ مَنْ اَفْطَرَ فِيْ رَمَضَانَ مُتَعَمِّدًا مِنْ جِمَاعٍ وَاَمَّا مَنْ اَفْطَرَ مُتَعَمِّدًا مِنْ اَكْلٍ اَوْ شُرْبٍ فَاِنَّ اَهْلَ الْعِلْمِ قَدِ اخْتَلَفُوْا فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ عَلَيْهِ الْقَضَآءُ وَالْكَفَّارَةُ وَشَبَّهُوا الْاَكْلَ وَالشُّرْبَ بِالْجِمَاعِ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَابْنِ الْمُبَارَكِ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَلَيْهِ الْقَضَاءُ وَلَا كَفَّارَةَ عَلَيْهِ لِاَنَّهٗ اِنَّمَا ذُكِرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَفَّارَةُ فِي الْجِمَاعِ وَلَمْ يُذْكَرْ عَنْهُ فِي الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ وَقَالُوْا لَا يُشْبِهُ الْاَ

## ۴۹۳: باب رمضان میں روزہ توڑنے کا کفارہ

۷۰۲: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ہلاک ہو گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں کس چیز نے ہلاک کیا؟ اس نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے رمضان کے روزے کے دوران اپنی بیوی سے صحبت کر لی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم ایک غلام آزاد کر سکتے ہو؟ اس نے عرض کیا نہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم دو مہینے متواتر روزے رکھ سکتے ہو اس نے کہا نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم ساٹھ (۶۰) مسکینوں کو کھانا کھلا سکتے ہو؟ اس نے عرض کی نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیٹھ جاؤ۔ وہ بیٹھ گیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کھجوروں کا ایک ٹوکرا لایا گیا (عرق بہت بڑے ٹوکرے کو کہتے ہیں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے صدقہ کر دو۔ اس شخص نے کہا مدینہ کے لوگوں میں مجھ سے زیادہ کوئی فقیر نہیں ہوگا۔ حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تبسم فرمایا یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انیاب (یعنی سامنے کے دانتوں کے ساتھ دائیں بائیں دو دانت) نظر آنے لگے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جاؤ اسے اپنے گھر والوں کو کھلا دو۔ اس باب میں ابن عمرؓ، عائشہؓ اور عبداللہ بن عمروؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں کہ ابو ہریرہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اور اسی پر علماء کا عمل ہے۔ جو شخص جماع سے روزہ توڑ دے اور جو شخص کھانے پینے سے روزہ توڑ دے ان کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض اہل علم کے نزدیک اس پر قضاء اور کفارہ دونوں واجب ہیں اور جماع اور کھانے پینے میں کوئی فرق نہیں۔ اسحٰقؒ، سفیان ثوریؒ اور ابن مبارکؒ کا یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اس پر صرف قضاء ہے کفارہ نہیں۔ اس لئے کہ صرف جماع پر ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کفارہ ادا کرنے کا حکم مروی ہے،

كُلُ وَالشُّرْبُ الْجِمَاعَ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَقَالَ الشَّافِعِيُّ وَقَوْلُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلرَّجُلِ الَّذِيْ اَفْطَرَ فَتَصَدَّقَ عَلَيْهِ خُذْهُ فَاَطْعِمْهُ اَهْلَكَ يَحْتَمِلُ هٰذَا مَعَانِيَ يَحْتَمِلُ اَنْ يَكُوْنَ الْكَفَّارَةُ عَلٰى مَنْ قَدَرَ عَلَيْهِ وَهٰذَا رَجُلٌ لَمْ يَقْدِرْ عَلَى الْكَفَّارَةِ فَلَمَّا اَعْطَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا وَمَلَكَهُ فَقَالَ الرَّجُلُ مَا اَحَدٌ اَفْقَرَ اِلَيْهِ مِنَّا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْهُ فَاَطْعِمْهُ اَهْلَكَ لِاَنَّ الْكَفَّارَةَ اِنَّمَا تَكُوْنُ بَعْدَ الْفَضْلِ عَنْ قُوْتِهِ وَاخْتَارَ الشَّافِعِيُّ لِمَنْ كَانَ عَلٰى مِثْلِ هٰذَا الْحَالِ يَاْكُلَهُ وَتَكُوْنُ الْكَفَّارَةُ عَلَيْهِ دَيْنًا فَمَتٰى مَامَلَكَ يَوْمًا كَفَّرَ.

کھانے پینے میں نہیں۔ ان علماء کے نزدیک کھانے پینے اور جماع میں کوئی مشابہت نہیں لہٰذا ان دونوں کا حکم بھی ایک نہیں ہوسکتا یہ شافعیؒ اور احمدؒ کا قول ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں اس شخص کو وہ کھجوریں اپنے اہل وعیال کو کھلانے میں کئی احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ کفارہ اسی پر واجب ہوتا ہے جس میں قدرت ہو۔ اور اس شخص میں اس کی قدرت نہیں تھی پھر جب وہ ٹوکرا آپ ﷺ نے اس کو دیا تو اس نے عرض کی کہ مجھ سے زیادہ محتاج کوئی نہیں پس آپ ﷺ نے اسے حکم دیا کہ لے جاؤ اور اپنے اہل وعیال کو کھلاؤ۔ یہ حکم اس لئے تھا کہ کفارہ کا وجوب اسی صورت میں ممکن ہے کہ اس کے پاس حاجت سے زیادہ مال ہو۔ امام شافعیؒ اس مسئلے میں یہ مذہب اختیار کرتے ہیں کہ ایسے آدمی پر کفارہ قرض ہوگا جب اسے طاقت ہو کفارہ ادا کردے۔

## ۴۹۴: بَابُ مَاجَاءَ فِي السِّوَاكِ لِلصَّائِمِ

۷۰۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَاسُفْيَانُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالَا اُحْصِيْ يَتَسَوَّكُ وَهُوَ صَائِمٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ لَايَرَوْنَ بِالسِّوَاكِ لِلصَّائِمِ بِالْعُوْدِ الرَّطْبِ وَكَرِهُوْالَهُ السِّوَاكَ اٰخِرَالنَّهَارِ وَلَمْ يَرَالشَّافِعِيُّ بِالسِّوَاكِ بَاْسًا اَوَّلَ النَّهَارِوَاٰخِرَهُ وَكَرِهَ اَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ السِّوَاكَ اٰخِرَ النَّهَارِ.

## ۴۹۴: باب روزے میں مسواک کرنا

۷۰۳: حضرت عبداللہ بن عامر بن ربیعہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو متعدد بار روزے کی حالت میں مسواک کرتے دیکھا ہے۔ اس باب میں حضرت عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث عامر بن ربیعہ حسن ہے۔ اور علماء کا اس پر عمل ہے کہ روزے میں مسواک کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ بعض اہل علم روزہ دار کیلئے ہر گیلی لکڑی کو مکروہ کہتے ہیں۔ بعض علماء نے دن کے آخری حصے میں مسواک کرنے کو مکروہ کہا ہے۔ اسحٰقؒ اور احمدؒ کا بھی یہی قول ہے۔ امام شافعیؒ کے نزدیک دن کے کسی بھی حصے میں مسواک کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

## ۴۹۵: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْكُحْلِ لِلصَّائِمِ

۷۰۴: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ وَاصِلٍ نَا الْحَسَنُ ابْنُ عَطِيَّةَ نَا اَبُوْعَاتِكَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِشْتَكَتْ عَيْنِيْ اَفَاَكْتَحِلُ وَاَنَا صَائِمٌ قَالَ نَعَمْ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ

## ۴۹۵: باب روزے میں سرمہ لگانے کے بارے میں

۷۰۴: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور عرض کرنے لگا کہ میری آنکھیں خراب ہوگئیں ہیں۔ کیا میں روزے کی حالت میں سرمہ لگا سکتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں

قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَنَسٍ حَدِيْثٌ اِسْنَادُهٗ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ وَلَا يَصِحُّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْبَابِ شَيْءٌ وَاَبُوْ عَاتِكَةَ يُضَعَّفُ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِي الْكُحْلِ لِلصَّائِمِ فَكَرِهَهٗ بَعْضُهُمْ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ وَابْنِ الْمُبَارَكِ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَرَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِي الْكُحْلِ لِلصَّائِمِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ.

انس ؓ کی حدیث کی سند قوی نہیں۔ اس باب میں نبی اکرم ﷺ سے مروی کوئی حدیث صحیح نہیں اور ابو عاتکہ ضعیف ہیں۔ اہل علم کا روزے میں سرمہ لگانے میں اختلاف ہے۔ بعض اسے مکروہ سمجھتے ہیں جن میں سفیان ثوریؒ، ابن مبارکؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ شامل ہیں۔ بعض اہل علم نے اس کی رخصت (اجازت) دی ہے اور یہی امام شافعیؒ کا قول ہے۔

## ۴۹۶: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْقُبْلَةِ لِلصَّائِمِ

## ۴۹۶: باب روزے میں بوسہ لینا

۷۰۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ وَّ قُتَيْبَةُ قَالَا نَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُ فِيْ شَهْرِ الصَّوْمِ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَحَفْصَةَ وَ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَاُمِّ سَلَمَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَنَسٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ اخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ فِي الْقُبْلَةِ لِلصَّائِمِ فَرَخَّصَ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقُبْلَةِ لِلشَّيْخِ وَلَمْ يُرَخِّصُوْا لِلشَّابِّ مَخَافَةَ اَنْ لَا يَسْلَمَ لَهٗ صَوْمُهٗ وَالْمُبَاشَرَةُ وَعِنْدَهُمْ اَشَدُّ وَقَدْ قَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ الْقُبْلَةُ تَنْقُصُ الْاَجْرَ وَلَا تُفْطِرُ الصَّائِمَ وَرَاَوْا اَنَّ لِلصَّائِمِ اِذَا مَلَكَ نَفْسَهٗ اَنْ يُقَبِّلَ وَاِذَا لَمْ يَاْمَنْ عَلٰى نَفْسِهٖ تَرَكَ الْقُبْلَةَ لِيَسْلَمَ لَهٗ صَوْمُهٗ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ.

۷۰۵: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے مہینے میں بوسہ لیا کرتے تھے۔ اس باب میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ، حفصہ رضی اللہ عنہا، ابو سعید رضی اللہ عنہ، ام سلمہ رضی اللہ عنہا، ابن عباس رضی اللہ عنہما، انس رضی اللہ عنہ اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث عائشہؓ حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا روزے میں بوسہ لینے کے متعلق اختلاف ہے۔ بعض صحابہؓ نے اس کی صرف بوڑھے شخص کو اجازت دی ہے اور جوان کو اس کی اجازت نہیں دی۔ اس لئے کہ کہیں اس کا روزہ نہ ٹوٹ جائے اور مباشرت ان حضرات کے نزدیک ممنوع ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اس سے روزے کے اجر میں کمی آجاتی ہے لیکن روزہ نہیں ٹوٹتا۔ ان کے نزدیک اگر روزہ دار کو اپنے نفس پر قدرت ہو تو اس کے لئے بوسہ لینا جائز ہے ورنہ نہیں تاکہ اس کا روزہ محفوظ رہے۔ سفیان ثوریؒ اور شافعیؒ کا یہی قول ہے۔

## ۴۹۷: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مُبَاشَرَةِ الصَّائِمِ

## ۴۹۷: باب روزہ میں بوس وکنار کرنا

۷۰۶: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا وَكِيْعٌ نَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ مَيْسَرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يُبَاشِرُنِيْ وَهُوَ صَائِمٌ وَكَانَ اَمْلَكَكُمْ لِاِرْبِهٖ.

۷۰۶: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزے میں مجھ سے بوس وکنار کرتے تھے اور وہ تم سب سے زیادہ اپنی شہوت پر قابو رکھنے والے تھے۔

۷۰۷: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَيُبَاشِرُ وَهُوَ

۷۰۷: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزے کی حالت میں بوسہ لیتے اور مباشرت کرتے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم تم سب

صَائِمٌ وَكَانَ اَمْلَكَكُمْ لِاِرْبِهٖ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ مَيْسَرَةَ اسْمُهٗ عَمْرُوبْنُ شُرَحْبِيْلَ وَمَعْنٰى لِاِرْبِهٖ يَعْنِىْ لِنَفْسِهٖ۔

سے زیادہ شہوت پر قابو پانے والے تھے۔ امام ابوعیسٰی ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح ہے اور ابومیسرہ کا نام عمرو بن شرحبیل ہے۔

(ف) یہاں مباشرت کا معنی صرف جسم سے جسم ملانا ہے اور قرآن پاک میں جہاں آتا ہے کہ فَالْئٰنَ بَاشِرُوْهُنَّ اب تم اپنی عورتوں سے مباشرت کرو، وہاں سے جماع مراد ہے۔

## ۴۹۸: بَابُ مَاجَاءَ لَاصِيَامَ لِمَنْ لَمْ يَعْزِمْ مِنَ اللَّيْلِ

## ۴۹۸: باب اس کا روزہ درست نہیں جو رات سے نیت نہ کرے

۷۰۸: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا ابْنُ اَبِىْ مَرْيَمَ نَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حَفْصَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَمْ يُجْمِعِ الصِّيَامَ قَبْلَ الْفَجْرِ فَلَا صِيَامَ لَهٗ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ حَفْصَةَ حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهٗ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْرُوِىَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَوْلُهٗ وَهُوَ اَصَحُّ وَاِنَّمَا مَعْنٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ لَاصِيَامَ لِمَنْ لَمْ يُجْمِعِ الصِّيَامَ قَبْلَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ فِىْ رَمَضَانَ اَوْفِىْ قَضَاءِ رَمَضَانَ اَوْفِىْ صِيَامِ نَذْرٍ اِذَالَمْ يَنْوِهٖ مِنَ اللَّيْلِ لَمْ يُجْزِهٖ وَاَمَّا صِيَامُ التَّطَوُّعِ فَمُبَاحٌ لَهٗ اَنْ يَنْوِيَهٗ بَعْدَ مَا اَصْبَحَ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ۔

۷۰۸: حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح صادق سے پہلے روزے کی نیت نہ کرے اس کا روزہ نہیں ہوتا۔ امام ابوعیسٰی ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حفصہؓ کی حدیث کو ہم اس سند کے علاوہ مرفوع نہیں جانتے۔ یہ نافع سے بواسطہ ابن عمر رضی اللہ عنہما انہی کا قول مروی ہے اور وہ اصح ہے۔ اس حدیث کا بعض اہل علم کے نزدیک یہ معنی ہے کہ جو شخص رمضان، قضاء رمضان یا نذر وغیرہ کے روزے کی نیت صبح صادق سے پہلے نہ کرے تو اس کا روزہ نہیں ہوتا لیکن نفلی روزوں میں صبح کے بعد بھی نیت کر سکتا ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۴۹۹: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ اِفْطَارِ الصَّائِمِ الْمُتَطَوِّعِ

## ۴۹۹: باب نفل روزہ توڑنا

۷۰۹۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكِ ابْنِ حَرْبٍ عَنِ ابْنِ اُمِّ هَانِئٍ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ كُنْتُ قَاعِدَةً عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُتِىَ بِشَرَابٍ فَشَرِبَ مِنْهُ ثُمَّ نَاوَلَنِىْ فَشَرِبْتُ مِنْهُ فَقُلْتُ اِنِّىْ اَذْنَبْتُ فَاسْتَغْفِرْلِىْ قَالَ وَمَا ذَاكَ قَالَتْ كُنْتُ صَائِمَةً فَاَفْطَرْتُ فَقَالَ اَمِنْ قَضَاءٍ كُنْتِ تَقْضِيْنَهٗ قَالَتْ لَا قَالَ فَلَا يَضُرُّكِ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ وَعَائِشَةَ حَدِيْثُ اُمِّ هَانِئٍ

۷۰۹: حضرت ام ہانیؓ سے روایت ہے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھی ہوئی تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کوئی پینے والی چیز پیش کی گئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں سے پیا پھر مجھے دیا میں نے بھی پیا پھر میں نے کہا مجھ سے گناہ سرزد ہو گیا ہے پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے لیے استغفار کیجیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا گناہ ہوا؟ میں نے کہا: میں روزے سے تھی اور روزہ ٹوٹ گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تو نے قضا روزہ رکھا تھا؟ میں نے کہا نہیں۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس میں کوئی حرج

فِيْ اِسْنَادِهٖ مَقَالٌ وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اَنَّ الصَّائِمَ الْمُتَطَوِّعَ اِذَا اَفْطَرَ فَلَا قَضَاءَ عَلَيْهِ اِلَّا اَنْ يُحِبَّ اَنْ يَقْضِيَهٗ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَالشَّافِعِيِّ.

۷۱۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْدَاوُدَ نَا شُعْبَةُ قَالَ كُنْتُ اَسْمَعُ سِمَاكَ بْنَ حَرْبٍ يَقُوْلُ اَحَدُ بَنِيْ اُمِّ هَانِئٍ حَدَّثَنِيْ فَلَقِيْتُ اَنَا اَفْضَلَهُمْ وَكَانَ اسْمُهٗ جَعْدَةَ وَكَانَتْ اُمُّ هَانِئٍ جَدَّتَهٗ فَحَدَّثَنِيْ عَنْ جَدَّتِهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا فَدَعَا بِشَرَابٍ فَشَرِبَ ثُمَّ نَاوَلَهَا فَشَرِبَتْ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمَّا اِنِّيْ كُنْتُ صَائِمَةً فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّائِمُ الْمُتَطَوِّعُ اَمِيْنُ نَفْسِهٖ اِنْ شَاءَ صَامَ وَاِنْ شَاءَ اَفْطَرَ قَالَ شُعْبَةُ قُلْتُ لَهٗ اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَ لَا اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ صَالِحٍ وَاَهْلُنَا عَنْ اُمِّ هَانِئٍ وَرَوٰى حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ سِمَاكٍ فَقَالَ عَنْ هَارُوْنَ بْنِ بِنْتِ اُمِّ هَانِئٍ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ وَرِوَايَةُ شُعْبَةَ اَحْسَنُ هٰكَذَا حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ عَنْ اَبِيْ دَاوُدَ فَقَالَ اَمِيْنُ نَفْسِهٖ وَحَدَّثَنَا غَيْرُ مَحْمُوْدٍ عَنْ اَبِيْ دَاوُدَ فَقَالَ اَمِيْرُ نَفْسِهٖ اَوْ اَمِيْنُ نَفْسِهٖ عَلَى الشَّكِّ وَهٰكَذَا رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ شُعْبَةَ اَمِيْرُ اَوْ اَمِيْنُ نَفْسِهٖ عَلَى الشَّكِّ.

۷۱۱: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيٰى عَنْ عَمَّتِهٖ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ قَالَتْ قُلْتُ لَا قَالَ فَاِنِّيْ صَائِمٌ.

۷۱۲: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ

نہیں۔ اس باب میں ابوسعیدؓ اور عائشہؓ سے بھی روایت ہے اور ام ھانیؓ کی حدیث میں کلام ہے۔ بعض اہل علم صحابہ وغیرہ کا اسی پر عمل ہے کہ اگر کوئی آدمی نفلی روزہ توڑ دے تو اس پر قضاء واجب نہیں البتہ اگر وہ چاہے تو قضاء کر لے۔ سفیان ثوریؒ، احمدؒ، اسحٰقؒ اور شافعیؒ کا یہی قول ہے۔

۷۱۰: سماک بن حرب نے ام ھانیؓ کی اولاد میں سے کسی سے یہ حدیث سنی اور پھر ان میں سے افضل ترین شخص جعدہ سے ملاقات کی۔ ام ھانیؓ ان کی دادی ہیں۔ پس وہ اپنی دادی سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہؐ ان کے پاس آئے اور کچھ پینے کے لئے طلب کیا اور پیا۔ پھر ام ھانیؓ کو دیا تو انہوں نے بھی پیا۔ پھر انہوں نے کہا یارسول اللہؐ میں تو روزے سے تھی۔ آپؐ نے فرمایا نفلی روزہ رکھنے والا اپنے نفس کا امین ہوتا ہے اگر چاہے تو روزہ رکھے اور چاہے تو افطار کر لے۔ شعبہ نے کہا کیا تم نے خود یہ ام ھانیؓ سے سنا تو (جعدہ) نے کہا نہیں۔ مجھے یہ واقعہ میرے گھر والوں اور ابوصالح نے سنایا ہے۔ حماد بن سلمہ یہ حدیث سماک سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ام ھانیؓ کے نواسے ہارون اپنی نانی ام ھانیؓ سے روایت کرتے ہیں اور شعبہ کی روایت احسن ہے۔ محمود بن غیلان نے ابوداؤد کے حوالے سے روایت کرتے ہوئے ''اَمِيْنُ نَفْسِهٖ'' کے الفاظ نقل کئے ہیں۔ محمود کے علاوہ دوسرے راویوں نے ابو داؤد سے شک کے ساتھ (اَمِيْرُ نَفْسِهٖ یا اَمِيْنُ نَفْسِهٖ) کے الفاظ نقل کئے ہیں۔ اسی کئی طرق سے شعبہ سے راوی کا یہی شک مروی ہے کہ ''اَمِيْرُ نَفْسِهٖ یا اَمِيْنُ نَفْسِهٖ'' ہے۔

۷۱۱: ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں داخل ہوئے اور پوچھا کہ کھانے کیلئے کوئی چیز ہے؟ میں نے عرض کیا نہیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں روزے سے ہوں۔

۷۱۲: ام المؤمنین حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم

عَنْ سُفْيَانَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَتْ اِنْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْنِيْ فَيَقُوْلُ اَعِنْدَكِ غَدَاءٌ فَاَقُوْلُ لَا فَيَقُوْلُ اِنِّيْ صَائِمٌ قَالَتْ فَاَتَانِيْ يَوْمًا فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُ قَدْ اُهْدِيَتْ لَنَا هَدِيَّةٌ قَالَ وَمَاهِيَ قُلْتُ حَيْسٌ قَالَ اَمَا اِنِّيْ اَصْبَحْتُ صَائِمًا قَالَتْ ثُمَّ اَكَلَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

ﷺ جب دن میں میرے ہاں آتے تو پوچھتے کہ کچھ کھانے کیلئے ہے؟ اگر میں کہتی نہیں تو آپؐ فرماتے میں روزے سے ہوں۔ پس ایک مرتبہ آپؐ لائے تو میں نے عرض کیا! آج ہمارے ہاں کھانا ہدیے کے طور پر آیا ہے۔ پوچھا: کیا ہے میں نے کہا حیس (ایسا کھانا جو گھی چھوارے اور پنیر وغیرہ ملا کر تیار کیا جاتا ہے) ہے۔ فرمایا میں نے تو صبح روزے کی نیت کر لی تھی۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں پھر آپؐ اُسے کھایا۔ امام ابوعیسٰی ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔

## ۵۰۰: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اِيْجَابِ الْقَضَاءِ عَلَيْهِ

## ۵۰۰: باب نفل روزے کی قضا واجب ہے

۷۱۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا كَثِيْرُ بْنُ هِشَامٍ نَا جَعْفَرُ ابْنُ بُرْقَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَنَا وَحَفْصَةُ صَائِمَتَيْنِ فَعُرِضَ لَنَا طَعَامٌ اشْتَهَيْنَاهُ فَاَكَلْنَا مِنْهُ فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَدَ رَتْنِيْ اِلَيْهِ حَفْصَةُ وَكَانَتْ اِبْنَةَ اَبِيْهَا فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا كُنَّا صَائِمَتَيْنِ فَعُرِضَ لَنَا طَعَامٌ اشْتَهَيْنَاهُ فَاَكَلْنَا مِنْهُ قَالَ اَقْضِيَا يَوْمًا اٰخَرَ مَكَانَهُ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى وَ رَوٰى صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ حَفْصَةَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَ هٰذَا وَ رَوٰى مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَمَعْمَرٌ وَعُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَزِيَادُ بْنُ سَعْدٍ وَ غَيْرُوَاحِدٍ مِنَ الْحُفَّاظِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَائِشَةَ مُرْسَلًا وَلَمْ يَذْ كُرُوْا فِيْهِ عَنْ عُرْوَةَ وَهٰذَا اَصَحُّ لِاَنَّهُ رُوِيَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ سَاَلْتُ الزُّهْرِيَّ فَقُلْتُ اَحَدَّثَكَ عُرْوَةُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَ لَمْ اَسْمَعْ مِنْ عُرْوَةَ فِيْ هٰذَا شَيْئًا وَلٰكِنْ سَمِعْتُ فِيْ خِلَافَةِ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ مِنْ نَاسٍ عَنْ بَعْضِ مَنْ سَاَلَ عَائِشَةَ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ.

۷۱۳: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ میں اور حفصہؓ روزے سے تھیں کہ ہمیں کھانا پیش کیا گیا۔ ہمارا جی چاہا کہ ہم کھالیں پس ہم نے اس میں سے کچھ لیا پھر جب رسول اللہ ﷺ تشریف لائے حفصہؓ آپ ﷺ سے پوچھنے میں مجھ سے سبقت لے گئیں کیونکہ وہ تو اپنے باپ کی بیٹی تھیں (یعنی حضرت عمرؓ کی طرح بہادر) یا رسول اللہ ﷺ ہم دونوں روزے سے تھیں کہ کھانا آ گیا اور اسے دیکھ کر ہمارا کھانے کو جی چاہا پس ہم نے اس میں سے کھا لیا فرمایا اس روزے کے بدلے کسی دوسرے دن اس کی قضا میں روزہ رکھو۔ امام ابوعیسٰی ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ صالح بن ابو اخضر اور محمد بن ابو حفصہ بھی یہ حدیث زہری سے وہ عروہ سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔ مالک بن انسؓ، معمر، عبداللہ بن عمر، زیاد بن سعد، اور کئی حفّاظ حدیث زہری سے بحوالہ عائشہؓ مرسلاً روایت کرتے ہیں اور اپنی روایت میں عروہ کا ذکر نہیں کرتے۔ یہ حدیث اصح ہے اس لئے کہ ابن جریج نے زہری سے پوچھا کہ کیا آپ سے عروہؓ نے عائشہؓ کے حوالے سے کوئی حدیث روایت کی ہے تو انہوں نے کہا میں نے اس کے متعلق عروہ سے کوئی چیز نہیں سنی البتہ سلیمان بن عبدالملک کے دور حکومت میں لوگوں سے ان حضرات کا قول سنا جنہوں نے حضرت عائشہؓ سے اس حدیث کے بارے میں سوال کیا تھا۔

فائدہ: اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ کھانے کی حریص تھیں عین ممکن ہے کہ گھر میں کچھ کھانے کو نہ ہوانہوں نے نفلی روزہ رکھ لیا ہو پھر جب کھانا آیا تو اللہ کی طرف سے انعام سمجھ کر کھالیا ایسی احادیث نبی اکرم ﷺ سے مروی گزر چکیں کہ ایسی حالت میں نفلی روزے کی نیت کر لیتے جب گھر میں کھانے کو کچھ نہ ہوتا۔

۷۱۴: حَدَّثَنَا بِهٰذَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسَى بْنِ يَزِيْدَ الْبَغْدَادِيُّ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ وَقَدْ ذَهَبَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ غَيْرِهِمْ اِلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ فَرَاَوْا عَلَيْهِ الْقَضَاءَ اِذَا اَفْطَرَ وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ.

۷۱۴: ہم سے یہ حدیث روایت کی علی بن عیسیٰ بن یزید بغدادی نے ان سے روح بن عبادہ نے ان سے ابن جریج نے۔علماء صحابہؓ وغیرہ کی ایک جماعت اسی حدیث پر عمل پیرا ہے ان کے نزدیک نفلی روزہ توڑنے والے پر قضا واجب ہے یہ مالک بن انسؒ کا بھی قول ہے۔

خلاصۃ الابواب: حدیث اس مسئلہ میں جمہور کی دلیل ہے کہ میت کی جانب سے روزہ نیابت درست نہیں۔وجہ استدلال یہ ہے کہ فدیہ کو روزہ کا بدل قرار دیا گیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی اور شخص کا روزہ اس کے روزے کا بدل نہیں ہوسکتا (۲) ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے کہ اگر خود بخود قے آئے تو روزہ فاسد نہیں ہوتا اگر قصداً قے کی جائے تو روزہ فاسد ہو جاتا ہے البتہ حنفیہ کے ہاں اس بارے میں تفصیل ہے علامہ ابن نجیم نے بارہ صورتیں بیان کی ہیں تفصیل کیلئے دیکھئے (البحر الرائق ج:۲۔ص:۲۷۴) (۳) امام ابوحنیفہؒ، امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کا اس پر اتفاق ہے کہ اگر روزہ دار بھول کر کھا پی لے تو اس کا روزہ نہیں ٹوٹتا حدیث باب ان کی دلیل ہے البتہ امام مالکؒ کے نزدیک اس کے ذمہ قضاء واجب ہے (۴) اس حدیث کے ظاہر سے استدلال کر کے بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص عمداً (جان بوجھ کر) روزہ چھوڑ دے تو اس کی قضاء نہیں۔جمہور کے نزدیک رمضان کے روزوں کی قضاء واجب ہے وہ فرماتے ہیں کہ حدیث باب کا مطلب یہ ہے کہ ثواب اور فضیلت کے لحاظ سے زمانہ بھر بھی رمضان کے روزہ کی برابری نہیں کر سکتا (۵) احناف کے نزدیک اگر جان بوجھ کر کھا پی لیا تو روزہ فاسد ہو گیا اب اس کے ذمہ قضاء اور کفارہ دونوں واجب ہے۔حدیث باب کی دلالۃ النص سے ثابت کرتے ہیں کیونکہ حدیث باب کو سننے والا ہر شخص اس نتیجہ پر پہنچے گا کہ وجوب کفارہ کی علت روزہ کا توڑنا ہے اور یہی علت کھانے پینے میں بھی پائی جاتی ہے (۶) روزہ میں مسواک کرنا اس حدیث سے استحباب معلوم ہوتا ہے۔آنکھوں میں سرمہ لگانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا اگرچہ سرمہ کی سیاہی تھوک میں نظر آئے اس طرح آنکھوں میں دوا ڈالنے سے بھی روزہ فاسد نہیں ہوتا (۷) روزہ دار کو اپنے نفس پر اعتماد اور کنٹرول ہو تو بوسہ لینا بغیر کراہت کے جائز ہے ورنہ مکروہ ہے (۸) حدیث سے ائمہ نے یہ مسئلہ مستنبط کیا کہ قضاء روزہ اور نذر غیر معین میں رات کو نیت کرنا ضروری ہے لیکن رمضان نذر معین اور نفلی روزوں میں سے کسی میں بھی رات کو نیت کرنا ضروری ان تمام میں نصف نہار سے پہلے نیت کی جاسکتی ہے (۹) بعض ائمہ کے نزدیک نفلی روزہ بغیر عذر کے بھی توڑا جاسکتا ہے لیکن امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک بلا عذر روزہ توڑنا ناجائز ہے۔اگر روزہ توڑ دیا تو اس کی قضاء واجب ہے اس کا ثبوت قرآن مجید اور حدیث دونوں سے ہے۔(واللہ اعلم)

## ۵۰۱: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ وِصَالِ شَعْبَانَ بِرَمَضَانَ

## ۵۰۱: باب شعبان اور رمضان کے روزے ملا کر رکھنا

۷۱۵: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ

۷۱۵: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں

سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ مَارَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ اِلَّا شَعْبَانَ وَرَمَضَانَ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اُمِّ سَلَمَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ اَيْضًا عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ مَارَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ شَهْرٍ اَكْثَرَ صِيَامًا مِنْهُ فِيْ شَعْبَانَ كَانَ يَصُوْمُهُ اِلَّاقَلِيْلًا بَلْ كَانَ يَصُوْمُهُ كُلَّهُ.

نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو رمضان اور شعبان کے علاوہ دو مہینے متواتر روزے رکھتے نہیں دیکھا۔ اس باب میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث ام سلمہ رضی اللہ عنہا حسن ہے۔ یہ حدیث ابوسلمہ رضی اللہ عنہا سے بھی حضرت عائشہؓ کے واسطے سے مروی ہے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو شعبان سے زیادہ کسی مہینے میں روزے رکھتے ہوئے نہیں دیکھا آپ ﷺ اس ماہ کے اکثر دنوں میں روزے رکھتے بلکہ پورا مہینہ روزہ رکھتے تھے۔

۷۱۶: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ هَنَّادٌ نَاعَبْدَةُ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ عَمْرٍو وَنَااَبُوْسَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ وَرَوٰى سَالِمٌ اَبُو النَّضْرِ وَغَيْرُوَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ نَحْوَ رِوَايَةِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو وَرُوِيَ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ اَنَّهُ قَالَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَهُوَ جَائِزٌ فِيْ كَلَامِ الْعَرَبِ اِذَا صَامَ اَكْثَرَ الشَّهْرِ اَنْ يُقَالَ صَامَ الشَّهْرَ كُلَّهُ وَيُقَالُ قَامَ فُلَانٌ لَيْلَهُ اَجْمَعَ وَلَعَلَّهُ تَعَشّٰى وَاشْتَغَلَ بِبَعْضِ اَمْرِهٖ كَانَ ابْنُ الْمُبَارَكِ قَدْ رَاٰى كِلَا الْحَدِيْثَيْنِ مُتَّفِقَيْنِ يَقُوْلُ اِنَّمَا مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّهُ كَانَ يَصُوْمُ اَكْثَرَ الشَّهْرِ.

۷۱۶: حضرت عائشہؓ نے نبی اکرم ﷺ سے روایت کی ہے۔ سالم بن ابوالنضر اور کئی راوی بھی ابوسلمہؓ سے بحوالہ حضرت عائشہؓ محمد بن عمرو کی حدیث کی مثل روایت کرتے ہیں اس حدیث کے متعلق ابن مبارک سے مروی ہے کہ کلام عرب میں جائز ہے کہ جب اکثر مہینے کے روزے رکھے جائیں تو کہا جائے کہ پورے مہینے کے روزے رکھے۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص پوری رات (عبادت کے لئے) کھڑا رہا حالانکہ ہو سکتا ہے اس نے رات کا کھانا کھایا ہو یا کسی اور کام میں مشغول ہو۔ ابن مبارکؒ کے نزدیک ام سلمہؓ اور حضرت عائشہؓ دونوں کی حدیث ایک ہی ہیں اور اس سے مراد یہی ہے کہ آپ ﷺ مہینے کے اکثر دنوں کے روزے رکھتے تھے۔

## ۵۰۲: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ الصَّوْمِ فِي النِّصْفِ الْبَاقِيْ مِنْ شَعْبَانَ لِحَالِ رَمَضَانَ

## ۵۰۲: باب تعظیم رمضان کے لئے شعبان کے دوسرے پندرہ دنوں میں روزے رکھنا مکروہ ہے

۷۱۷: حَدَّثَنَاقُتَيْبَةُ نَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بَقِيَ نِصْفٌ مِنْ شُعْبَانَ فَلَا تَصُوْمُوْا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّامِنْ هٰذَا الْوَجْهِ عَلٰى هٰذَا اللَّفْظِ وَمَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ

۷۱۷: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب شعبان کا مہینہ آدھا رہ جائے تو روزے نہ رکھا کرو۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابوہریرہؓ حسن صحیح ہے اور ہم اس حدیث کو اس سند اور ان الفاظ ہی سے جانتے ہیں۔ بعض اہل علم کے نزدیک اس کا معنی یہ ہے کہ اگر کوئی شخص روزے نہیں رکھ رہا تھا پھر جب شعبان کے کچھ دن باقی رہ گئے تو

بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنْ يَكُوْنَ الرَّجُلُ مُفْطِرًا فَاِذَا بَقِيَ شَيْءٌ مِنْ شَعْبَانَ اَخَذَ فِي الصَّوْمِ لِحَالِ شَهْرِ رَمَضَانَ وَ قَدْرُوِيَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشْبِهُ قَوْلَهُ وَهٰذَا حَيْثُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقَدِّمُوْا شَهْرَ رَمَضَانَ بِصِيَامٍ اِلَّا اَنْ يُوَافِقَ ذٰلِكَ صَوْمًا كَانَ يَصُوْمُهُ اَحَدُكُمْ وَ قَدْ دَلَّ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اِنَّمَا الْكَرَاهِيَةُ عَلٰى مَنْ يَتَعَمَّدَ الصِّيَامَ لِحَالِ رَمَضَانَ.

اس نے روزے رکھنا شروع کر دیئے (یہ ناجائز ہے) اس کی مثل حضرت ابو ہریرہؓ سے دوسری حدیث مروی ہے اور یہ ایسا ہی ہے جیسے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ رمضان سے پہلے روزہ نہ رکھو البتہ اگر کوئی اس سے پہلے روزہ رکھنے کا عادی ہو اور یہ روزہ ان دنوں میں آجائے (تو رکھ سکتا ہے) پس یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ کراہت اس صورت میں ہے کہ آدمی رمضان کی تعظیم واستقبال کے لئے شعبان کے دوسرے پندرہ دنوں میں روزے رکھے۔

## ۵۰۳: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ

۷۱۸: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فَقَدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً فَخَرَجْتُ فَاِذَا هُوَ بِالْبَقِيْعِ فَقَالَ اَكُنْتِ تَخَافِيْنَ اَنْ يَحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْكِ وَرَسُوْلُهُ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ظَنَنْتُ اَنَّكَ اَتَيْتَ بَعْضَ نِسَائِكَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَنْزِلُ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَيَغْفِرُ لِاَكْثَرَ مِنْ عَدَدِ شَعْرِ غَنَمِ كَلْبٍ وَ فِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عَائِشَةَ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ الْحَجَّاجِ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدًا يُضَعِّفُ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَقَالَ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عُرْوَةَ قَالَ مُحَمَّدٌ وَالْحَجَّاجُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ.

## ۵۰۳: باب شعبان کی پندرھویں رات

۷۱۸: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ ایک رات میں نے رسول اللہ ﷺ کو نہ پایا تو آپ ﷺ کی تلاش میں نکلی۔ آپ ﷺ بقیع میں تھے آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم ڈر رہی تھی کہ اللہ اور اس کا رسول تم پر ظلم نہ کریں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں نے سمجھا کہ شاید آپ ﷺ کسی دوسری بیوی کے پاس تشریف لے گئے ہوں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ شعبان کی پندرھویں رات کو آسمان دنیا پر اترتے ہیں اور بنو کلب کی بکریوں کے بالوں سے زیادہ تعداد میں لوگوں کی مغفرت فرماتے ہیں۔ اس باب میں حضرت ابوبکر صدیقؓ سے بھی روایت ہے امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ہم حدیث عائشہؓ کو حجاج کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ امام بخاریؒ نے اس حدیث کو ضعیف کہا ہے۔ امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ یحییٰ بن کثیر نے عروہ سے اور حجاج نے یحییٰ بن کثیر سے کوئی حدیث نہیں سنی۔

## ۵۰۴: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ صَوْمِ الْمُحَرَّمِ

۷۱۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الْمُحَرَّمُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ

## ۵۰۴: باب محرم کے روزوں کے بارے میں

۷۱۹: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رمضان کے بعد افضل ترین روزے اللہ تعالیٰ کے مہینے محرم کے ہیں۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث ابو ہریرہ (رضی اللہ تعالیٰ

اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

عنہ) حسن ہے۔

۷۲۰: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ نَا عَلِیُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ سَاَلَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ اَیُّ شَهْرٍ تَاْمُرُنِیْ اَنْ اَصُوْمَ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ فَقَالَ لَهٗ مَا سَمِعْتُ اَحَدًا یَسْاَلُ عَنْ هٰذَا اِلَّا رَجُلًا سَمِعْتُهٗ یَسْاَلُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ اَنَا قَاعِدٌ عِنْدَهٗ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَیُّ شَهْرٍ تَاْمُرُنِیْ اَنْ اَصُوْمَ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ قَالَ اِنْ کُنْتَ صَائِمًا بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ فَصُمِ الْمُحَرَّمَ فَاِنَّهٗ شَهْرُ اللّٰهِ فِیْهِ یَوْمٌ تَابَ اللّٰهُ فِیْهِ عَلٰی قَوْمٍ وَ یَتُوْبُ فِیْهِ عَلٰی قَوْمٍ اٰخَرِیْنَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

۷۲۰: نعمان بن سعد حضرت علیؓ سے نقل کرتے ہیں کہ کسی نے ان سے پوچھا کہ آپؐ رمضان کے علاوہ کون سے مہینے کے روزے رکھنے کا مجھے حکم فرماتے ہیں۔ حضرت علیؓ نے فرمایا میں نے صرف ایک آدمی کے علاوہ کسی کو نبی اکرم ﷺ سے سوال کرتے ہوئے نہیں سنا۔ میں اس وقت آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر تھا اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپؐ مجھے رمضان کے علاوہ کون سے مہینے میں روزے رکھنے کا حکم دیتے ہیں؟ فرمایا اگر رمضان کے بعد روزہ رکھنا چاہے تو محرم کے روزے رکھا کرو کیونکہ یہ اللہ کا مہینہ ہے اس میں ایک ایسا دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے ایک قوم کی توبہ قبول کی تھی اور اسی دن دوسری قوم کی بھی توبہ قبول کرے گا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

## ۵۰۵: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ صَوْمِ یَوْمِ الْجُمُعَةِ

## ۵۰۵: باب جمعہ کے دن روزہ رکھنا

۷۲۱: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ دِیْنَارٍ نَا عُبَیْدُاللّٰهِ بْنُ مُوْسٰی وَطَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ عَنْ شَیْبَانَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَصُوْمُ مِنْ غُرَّةِ کُلِّ شَهْرٍ ثَلٰثَةَ اَیَّامٍ وَقَلَّ مَا کَانَ یُفْطِرُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ عَبْدِاللّٰهِ حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَقَدِ اسْتَحَبَّ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ صِیَامَ یَوْمِ الْجُمُعَةِ وَ اِنَّمَا یُکْرَهُ اَنْ یَصُوْمَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ لَا یَصُوْمُ قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ قَالَ وَرَوٰی شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ هٰذَا الْحَدِیْثَ لَمْ یَرْفَعْهُ.

۷۲۱: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہر مہینے کے ابتدائی تین دن روزہ رکھتے اور جمعہ کے دن بہت کم ایسا ہوتا تھا کہ آپ ﷺ روزے سے نہ ہوں۔ اس باب میں ابن عمرؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث عبداللہؓ حسن غریب ہے۔ اہل علم کی ایک جماعت نے جمعہ کے دن روزہ رکھنے کو مستحب کہا ہے۔ ان کے نزدیک جمعہ کا روزہ اس صورت میں رکھنا کہ اس سے پہلے اور بعد کوئی روزہ نہ رکھے تو یہ مکروہ ہے۔ (امام ترمذیؒ کہتے ہیں) یہ حدیث شعبہ نے عاصم سے موقوف روایت کی ہے۔

## ۵۰۶: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ کِرَاهِیَةِ صَوْمِ الْجُمُعَةِ وَحْدَهٗ

## ۵۰۶: باب صرف جمعہ کے دن روزہ رکھنا مکروہ ہے

۷۲۲: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی

۷۲۲: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی صرف جمعہ کا روزہ نہ رکھے بلکہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَصُوْمُ اَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلَّا اَنْ يَصُوْمَ قَبْلَهٗ اَوْ يَصُوْمَ بَعْدَهٗ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَّ جَابِرٍ وَّ جُنَادَةَ الْاَزْدِيِّ وَ جُوَيْرِيَةَ وَ اَنَسٍ وَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ الْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ يَكْرَهُوْنَ اَنْ يَّخْتَصَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِصِيَامٍ لَا يَصُوْمُ قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ وَ بِهٖ يَقُوْلُ اَحْمَدُ وَ اِسْحٰقُ۔

اس سے پہلے اوراس کے بعد بھی روزہ رکھے۔اس باب میں حضرت علیؓ، جابرؓ، ضیادہ ازدیؓ، جویریہؓ، انسؓ، اور عبداللہ بن عمروؓ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث ابو ہریرہؓ حسن صحیح ہے۔اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ کوئی شخص جمعہ کا دن روزے کے لئے مخصوص کرے کہ نہ تو اس سے پہلے روزہ رکھے اور نہ ہی بعد میں تو یہ مکروہ ہے۔امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۵۰۷: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ صَوْمِ يَوْمِ السَّبْتِ

## ۵۰۷: باب ہفتے کے دن روزہ رکھنا

۷۲۳: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَا سُفْيَانُ بْنُ حَبِيْبٍ عَنْ ثَوْرِبْنِ يَزِيْدَ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ عَنْ اُخْتِهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَصُوْمُوْا يَوْمَ السَّبْتِ اِلَّافِيْمَا افْتُرِضَ عَلَيْكُمْ فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ اَحَدُ كُمْ اِلَّا لِحَاءَ عِنَبَةٍ اَوْعُوْدَ شَجَرَةٍ فَلْيَمْضُغْهُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَ مَعْنَى الْكَرَاهِيَةِ فِيْ هٰذَا اَنْ يَّخْتَصَّ الرَّجُلُ يَوْمَ السَّبْتِ بِصِيَامٍ لِاَنَّ الْيَهُوْدَ يُعَظِّمُوْنَ يَوْمَ السَّبْتِ۔

۷۲۳: حضرت عبداللہ بن بسرؓ اپنی بہن سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہفتے کے دن فرض روزوں کے علاوہ کوئی روزہ نہ رکھا کرو۔پس اگر کسی کو اس دن انگور کی چھال یا کسی درخت کی لکڑی کے علاوہ کچھ نہ ملے تو اسے ہی چبا لے (یعنی روزہ نہ رکھے) امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے اور اس دن میں کراہت کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص روزہ رکھنے کے لئے ہفتے کا دن مخصوص نہ کرے کیونکہ یہودی اس دن کی تعظیم کرتے ہیں۔

**(فائدہ):** یہودی اس دن کی کس قدر تعظیم کرتے ہیں اس سے ثابت ہے کہ گذشتہ دنوں امریکہ کے صدارتی امیدوار کو ہفتے کے دن کہیں جانا پڑا تو وہ کئی میل پیدل چل کر گئے تو عام حالات میں یہودی ایسا نہ کرتے ہوں گے لیکن یہاں چونکہ صدارتی امیدواروں کا ایک ایک دن اور لمحہ لمحہ رپورٹ ہوتا تھا لہٰذا انہوں نے اپنی قوم کو خوش کرنے اور اپنے یہودی ہونے کا یوں اظہار کیا۔

**خلاصۃ الابواب:** اس روایت سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے علاوہ شعبان کے بھی تمام ایام میں مسلسل روزے رکھتے تھے جبکہ حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے علاوہ کسی مہینے پورے روزے نہیں رکھے جس سے ایک طرح کا تعارض ہو جاتا ہے اس کا جواب امام ترمذیؒ نے دیا ہے کہ عرب کے لوگ اکثر پر کُلّ کا لفظ بولتے ہیں یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم اکثر شعبان کے روزے رکھتے تھے۔(۲) شعبان کے دوسرے نصف میں روزے رکھنے کی کراہت اس صورت میں ہے کہ ابتداء ماہ سے روزہ رکھتا نہ چلا آرہا ہو اور قضاء روزے بھی نہ ہوں نیز اُن دنوں میں روزہ رکھنے کی عادت بھی نہ ہو یہ کراہت بھی شفقۃً ہے کہ میری امت شعبان کے آخری روزوں کی وجہ سے رمضان کے روزوں میں کسی قسم کی کمزوری نہ محسوس کرے۔قربان جائیں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر۔(۳) شب براءت کی فضیلت میں بہت سی روایات مروی ہیں جن میں سے بیشتر علامہ سیوطیؒ نے الدر المنصور میں جمع کر دی ہیں یہ تمام روایات سند کے اعتبار سے ضعیف ہیں چنانچہ حضرت عائشہؓ کی حدیث باب بھی ضعیف ہے لیکن ان روایات کے ضعف کے باوجود شب براءت عبادت کا انفرادی طور پر اہتمام کرنا بدعت نہیں ہے اس لئے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعینؒ سے اس رات میں جاگنا اور اعمال مسنونہ پر عمل کرنا قابل اعتماد روایات سے ثابت

ہوا ہے البتہ اس رات میں سو رکعات نماز کی روایت موضوع اور گھڑی ہوئی ہے اس کی تصریح ابن الجوزیؒ نے کی ہے اسی طرح اس رات قبرستان کو جانا سنت مستمرہ نہیں۔ اس رات میں معمول سے زیادہ روشنی کرنا اور گھروں پر موم بتیاں روشن کرنا پٹاخے اور بارود چلانا بدعت شنیعہ ہے اللہ تعالیٰ ہدایت فرمادے بدعات سے محفوظ رکھے آمین۔ (۴) محرم کی فضیلت کو بیان کرنا ہے شاید کہ نبی کریم ﷺ کو محرم کے روزوں کی اس درجہ فضیلت کا اپنی بالکل آخری حیات میں علم ہوا ہو۔ (۵) جمعہ کے دن کا روزہ بلا کراہت جائز ہے اگرچہ اس سے پہلے یا بعد کوئی روزہ نہ رکھا جائے جن حدیثوں میں صرف جمعہ کے دن کا روزہ رکھنا منع ہے یہ ابتداء اسلام کا ہے اس وقت خطرہ یہ تھا کہ جمعہ کے دن کو کہیں اسی طرح عبادت کیلئے مخصوص نہ کرلیا جائے جس طرح یہود نے صرف یوم السبت (ہفتہ) کو عبادت کے لئے مخصوص کرلیا تھا باقی دنوں میں عبادت کی چھٹی کرلی تھی۔

## ۵۰۸: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ صَوْمِ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ وَالْخَمِیْسِ

۷۲۴ حَدَّثَنَا اَبُوْحَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ الْفَلَّاسُ نَا عَبْدُاللّٰہِ بْنُ دَاوٗدَ عَنْ ثَوْرِ بْنِ یَزِیْدَ عَنْ خَالِدِ ابْنِ مَعْدَانَ عَنْ رَبِیْعَۃَ الْجُرَشِیِّ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتَحَرّٰی صَوْمَ الْاِثْنَیْنِ وَالْخَمِیْسِ وَ فِی الْبَابِ عَنْ حَفْصَۃَ وَ اَبِیْ قَتَادَۃَ وَ اُسَامَۃَ بْنِ زَیْدٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ عَائِشَۃَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ۔

۷۲۵ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ وَ مُعَاوِیَۃُ بْنُ ھِشَامٍ قَالَا نَا سُفْیَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ خَیْثَمَۃَ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ یَصُوْمُ مِنَ الشَّھْرِ السَّبْتَ وَالْاَحَدَ وَالْاِثْنَیْنِ وَ مِنَ الشَّھْرِ الْاٰخَرِ الثُّلَاثَاءِ وَالْاَرْبِعَاءَ وَالْخَمِیْسَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَ رَوٰی عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَھْدِیٍّ ھٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ سُفْیَانَ وَلَمْ یَرْفَعْہُ۔

۷۲۶ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیٰی نَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رِفَاعَۃَ عَنْ سُھَیْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ تُعْرَضُ الْاَعْمَالُ یَوْمَ الْاِثْنَیْنِ وَ الْخَمِیْسِ فَاُحِبُّ اَنْ یُّعْرَضَ عَمَلِیْ وَ اَنَا صَائِمٌ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ فِیْ ھٰذَا الْبَابِ حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ۔

## ۵۰۹: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ صَوْمِ

## ۵۰۸: باب پیر اور جمعرات کو روزہ رکھنا

۷۲۴: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پیر اور جمعرات کو خاص طور پر روزہ رکھتے تھے۔ اس باب میں حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا، ابوقتادہ رضی اللہ عنہ، اور اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا اس سند سے حسن غریب ہے۔

۷۲۵: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مہینے ہفتہ، اتوار اور پیر کا روزہ رکھتے اور دوسرے ماہ میں منگل، بدھ اور جمعرات کا روزہ رکھتے تھے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ حدیث مبارکہ حسن ہے عبدالرحمٰن بن مہدی نے یہ حدیث سفیان سے غیر مرفوع روایت کی ہے۔

۷۲۶: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پیر اور جمعرات کو بندوں کے اعمال بارگاہ الٰہی میں پیش کیے جاتے ہیں۔ میں پسند کرتا ہوں کہ میرے اعمال جب اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش ہوں تو میں روزے سے ہوں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث ابوہریرہؓ اس باب میں حسن غریب ہے۔

## ۵۰۹: باب بدھ اور جمعرات کے دن

## الْاَرْبَعَاءِ وَالْخَمِيْسِ

۷۲۷: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَرِيْرِيُّ وَ مُحَمَّدُ بْنُ مَدُّوِيَةَ قَالَا نَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى نَا هَارُوْنُ ابْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ ابْنِ الْمُسْلِمِ الْقُرَشِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَاَلْتُ اَوْسُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صِيَامِ الدَّهْرِ فَقَالَ اِنَّ لِاَ هْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّاثُمَّ قَالَ صُمْ رَمَضَانَ وَ الَّذِيْ يَلِيْهِ وَ كُلَّ اَرْبَعَاءَ وَ خَمِيْسٍ فَاِذَا اَنْتَ قَدْ صُمْتَ الدَّهْرَ وَاَفْطَرْتَ وَ فِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ مُسْلِمٍ الْقُرَشِيِّ حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَرَوٰى بَعْضُ عَنْ هَارُوْنَ بْنِ سُلْمَانَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ.

## روزہ رکھنا

۷۲۷: حضرت عبیداللہ مسلم قریشی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے یا کسی اور نے نبی اکرم ﷺ سے پورا سال روزہ رکھنے کے بارے میں سوال کیا فرمایا تمہارے گھر والوں کا بھی تم پر حق ہے پھر فرمایا رمضان کے روزے رکھو پھر شوال کے (یعنی چھ روزے) اور اس کے بعد ہر بدھ اور جمعرات کو روزہ رکھ لیا کرو اگر تم نے ایسا کیا تو گویا کہ تم نے سارے سال کے روزے بھی رکھے اور افطار بھی کیا۔ اس باب میں حضرت عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ مسلم قرشی کی حدیث غریب ہے۔ یہ حدیث بعض حضرات ہارون بن سلیمان سے بحوالہ مسلم بن عبیداللہ اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔

## ۵۱۰: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ فَضْلِ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ

۷۲۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَ اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدَةَ الضَّبِّيُّ قَالَا نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَعْبَدٍ الزِّمَّانِيِّ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صِيَامُ يَوْمِ عَرَفَةَ اِنِّيْ اَحْتَسِبُ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِيْ بَعْدَهُ وَ السَّنَةَ الَّتِيْ قَبْلَهُ وَ فِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ قَتَادَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَ قَدِ اسْتَحَبَّ اَهْلُ الْعِلْمِ صِيَامَ يَوْمِ عَرَفَةَ اِلَّا بِعَرَفَةَ.

## ۵۱۰: باب عرفہ کے دن روزہ رکھنے کی فضیلت

۷۲۸: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ عرفہ کے دن کا روزہ رکھنے سے ایک سال پہلے اور ایک سال بعد کے گناہ معاف فرما دے۔ اس باب میں حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابوقتادہؓ کی حدیث حسن ہے۔ علماء کے نزدیک یوم عرفہ کا روزہ مستحب ہے مگر میدان عرفات میں نہ ہو۔ (یعنی جب میدان عرفات میں ہو تو مستحب نہیں)

## ۵۱۱: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ بِعَرَفَةَ

۷۲۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ نَا اَيُّوْبُ عَنْ عِكْرَمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْطَرَ بِعَرَفَةَ وَ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِ اُمُّ الْفَضْلِ

## ۵۱۱: باب عرفات میں عرفہ کا روزہ رکھنا مکروہ ہے

۷۲۹: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے عرفہ کے دن روزہ نہیں رکھا پس ام فضلؓ نے آپ ﷺ کی خدمت میں دودھ بھیجا تو آپ ﷺ نے پی لیا۔ اس باب

بِلَبَنٍ فَشَرِبَ وَ فِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَ ابْنِ عُمَرَ وَ اُمِّ الْفَضْلِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ قَدْ رُوِيَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ حَجَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَصُمْهُ يَعْنِيْ يَوْمَ عَرَفَةَ وَ مَعَ اَبِيْ بَكْرٍ فَلَمْ يَصُمْهُ وَ مَعَ عُمَرَ فَلَمْ يَصُمْهُ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ يَسْتَحِبُّوْنَ الْاِفْطَارَ بِعَرَفَةَ لِيَتَقَوّٰى بِهِ الرَّجُلُ عَلَى الدُّعَآءِ وَقَدْ صَامَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ يَوْمَ عَرَفَةَ بِعَرَفَةَ.

میں حضرت ابو ہریرہؓ، ابن عمرؓ اور ام فضلؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عباس حسن صحیح ہے۔ ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ حج کیا۔ تو آپ ﷺ نے عرفہ کے دن روزہ نہیں رکھا اسی طرح ابو بکرؓ، عمرؓ، اور عثمانؓ نے بھی عرفہ کے دن حج میں روزہ نہیں رکھا۔ اکثر اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ عرفہ کے دن روزہ نہ رکھنا مستحب ہے تاکہ حاجی دعاؤں وغیرہ کے وقت کمزوری محسوس نہ کرے۔ بعض اہل علم نے عرفات میں یوم عرفہ کے دن روزہ رکھا ہے۔

۷۳۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَا نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ وَاِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ عَنْ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ قَالَ حَجَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَصُمْهُ وَمَعَ اَبِيْ بَكْرٍ فَلَمْ يَصُمْهُ وَمَعَ عُمَرَ فَلَمْ يَصُمْهُ وَمَعَ عُثْمَانَ فَلَمْ يَصُمْهُ وَاَنَا لَا اَصُوْمُهُ وَلَا اٰمُرُ بِهٖ وَلَا اَنْهٰى عَنْهُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَاَبُوْ نَجِيْحٍ اسْمُهٗ يَسَارٌ وَقَدْ سَمِعَ مِنِ ابْنِ عُمَرَ وَ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ اَيْضًا عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ رَجُلٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

۷۳۰: حضرت ابن ابی نجیح اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ ابن عمرؓ سے عرفات میں عرفہ کے دن روزہ رکھنے کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا میں نے نبی ﷺ کے ساتھ حج کیا آپ ﷺ نے روزہ نہیں رکھا (یعنی عرفہ کے دن) اور اسی طرح میں نے حج کیا ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ کے ساتھ ان میں سے کسی نے بھی اس دن کا روزہ نہیں رکھا پس میں اس دن روزہ نہیں رکھتا اور نہ ہی کسی کو اس کا حکم دیتا یا اس سے منع کرتا ہوں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔ ابونَجِیح کا نام یسار ہے اور انہوں نے ابن عمرؓ سے یہ حدیث سنی ہے۔ ابن ابی نَجِیح نے اس حدیث کو ابونَجِیح اور ایک دوسرے راوی کے واسطہ سے بھی حضرت ابن عمرؓ سے روایت کیا ہے۔

## ۵۱۲: بَابُ مَاجَآءَ فِي الْحَثِّ عَلٰى صَوْمِ عَاشُوْرَاءَ

## ۵۱۲: باب عاشورہ کے روزہ کی ترغیب

۷۳۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَاَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ قَالَا نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَعْبَدٍ الزِّمَّانِيِّ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَامَ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ اِنِّيْ اَحْتَسِبُ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِيْ قَبْلَهٗ وَ فِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَ مُحَمَّدِ بْنِ صَيْفِيٍّ وَسَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ وَ هِنْدِ بْنِ

۷۳۱: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یوم عاشورہ (یعنی محرم کی دس تاریخ) کا روزہ رکھے۔ مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے گزشتہ سال کے تمام گناہ معاف فرما دے۔ اس باب میں حضرت علیؓ، محمد بن صیفیؓ، سلمہ بن اکوعؓ، ہند بن اسماءؓ، ابن عباسؓ، ربیع بنت معوذ بن عفراءؓ، اور عبداللہ بن زبیرؓ سے بھی

اَسْمَآءَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَالرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَاءَ وَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَلَمَةَ الْخُزَاعِيِّ عَنْ اُمِّهٖ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ ذَكَرُوْا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ حَثَّ عَلٰى صِيَامِ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى لَا نَعْلَمُ فِيْ شَيْءٍ مِنَ الرِّوَايَاتِ اَنَّهٗ قَالَ صِيَامُ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ كَفَّارَةُ سَنَةٍ اِلَّا فِيْ حَدِيْثِ اَبِيْ قَتَادَةَ وَ بِحَدِيْثِ اَبِيْ قَتَادَةَ يَقُوْلُ اَحْمَدُ وَ اِسْحٰقُ.

روایت ہے۔ عبدالرحمٰن بن سلمہ خزاعیؓ اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں۔ یہ سب حضرات فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورے کے روزے کی ترغیب دی۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابوقتادہؓ کی حدیث کے علاوہ کسی روایت میں یہ الفاظ مذکور نہیں کہ عاشورے کا روزہ پورے سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ احمدؒ اور اسحاقؒ بھی ابوقتادہؓ کی حدیث کے قائل ہیں۔

## ۵۱۳: بَابُ مَاجَآءَ فِي الرُّخْصَةِ فِيْ تَرْكِ صَوْمِ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ

## ۵۱۳: باب اس بارے میں کہ عاشورے کے دن روزہ نہ رکھنا بھی جائز ہے

۷۳۲: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِيُّ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ عَاشُوْرَاءَ يَوْمًا تَصُوْمُهٗ قُرَيْشٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُهٗ فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ صَامَهٗ وَاَمَرَ النَّاسَ بِصِيَامِهٖ فَلَمَّا افْتُرِضَ رَمَضَانُ كَانَ رَمَضَانُ هُوَ الْفَرِيْضَةَ وَ تُرِكَ عَاشُوْرَاءُ فَمَنْ شَآءَ صَامَهٗ وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهٗ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَقَيْسِ بْنِ سَعْدٍ وَجَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ وَابْنِ عُمَرَ وَ مُعَاوِيَةَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ عَلٰى حَدِيْثِ عَائِشَةَ وَهُوَ حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَا يَرَوْنَ صِيَامَ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ وَاجِبًا اِلَّا مَنْ رَغِبَ فِيْ صِيَامِهٖ لِمَا ذُكِرَ فِيْهِ مِنَ الْفَضْلِ.

۷۳۲: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ قریش زمانہ جاہلیت میں عاشورہ کا روزہ رکھتے تھے اور رسول اللہ ﷺ بھی یہ روزہ رکھتے چنانچہ جب آپ ﷺ ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو خود بھی روزہ رکھا اور لوگوں کو بھی اس کا حکم دیا لیکن جب رمضان کے روزے فرض ہوئے تو صرف رمضان کے روزے فرض رہ گئے اور عاشورہ کی فرضیت ختم ہوگئی۔ پھر جس نے چاہا رکھ لیا اور جس نے چاہا چھوڑ دیا۔ اس باب میں حضرت ابن مسعودؓ، قیس بن سعدؓ، جابر بن سمرہؓ، ابن عمرؓ اور معاویہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ اہل علم کا حضرت عائشہؓ کی حدیث پر ہی عمل ہے اور یہ حدیث صحیح ہے۔ اہل علم کے نزدیک عاشورہ کا روزہ واجب نہیں البتہ جس کا جی چاہے وہ رکھے لے کیونکہ اس کی بہت فضیلت ہے۔

## ۵۱۴: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ عَاشُوْرَاءَ اَيُّ يَوْمٍ هُوَ

## ۵۱۴: باب اس بارے میں کہ عاشورہ کونسا دن ہے

۷۳۳: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ وَ اَبُوْكُرَيْبٍ قَالَا نَا وَكِيْعٌ عَنْ حَاجِبِ بْنِ عُمَرَ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْاَعْرَجِ قَالَ انْتَهَيْتُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ رِدَاءَهٗ فِيْ زَمْزَمَ فَقُلْتُ اَخْبِرْنِيْ عَنْ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ اَيُّ يَوْمٍ اَصُوْمُ فَقَالَ اِذَا رَاَيْتَ هِلَالَ الْمُحَرَّمِ فَاعْدُدْ ثُمَّ اَصْبِحْ مِنْ يَوْمِ التَّاسِعِ

۷۳۳: حکم بن اعرج سے روایت ہے کہ میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس گیا وہ زمزم کے پاس اپنی چادر سے تکیہ لگائے بیٹھے تھے۔ میں نے کہا کہ مجھے عاشورہ کے متعلق بتایئے کہ وہ کونسا دن ہے۔ انہوں نے فرمایا جب تم محرم کا چاند دیکھو تو دن گننا شروع کر دو اور نویں دن روزہ رکھو میں نے کہا کیا رسول

صَائِمًا قَالَ قُلْتُ هٰكَذَا كَانَ يَصُوْمُهُ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ.

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی دن روزہ رکھا کرتے تھے؟ انہوں نے فرمایا! ہاں۔

۷۳۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُالْوَارِثِ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَوْمِ عَاشُوْرَاءَ يَوْمُ الْعَاشِرِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدِ اخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ يَوْمَ التَّاسِعِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ يَوْمَ الْعَاشِرِ وَرُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ صُوْمُوْا التَّاسِعَ وَالْعَاشِرَ وَ خَالِفُوا الْيَهُوْدَ وَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ يَقُوْلُ الشَّافِعِيُّ وَ اَحْمَدُ وَ اِسْحٰقُ.

۷۳۴: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورہ کا روزہ دس محرم کو رکھنے کا حکم دیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا عاشورہ کے دن میں اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک نو محرم اور بعض دس محرم کو عاشورہ کا دن کہتے ہیں حضرت ابن عباسؓ سے بھی مروی ہے کہ نویں اور دسویں محرم کو روزہ رکھو اور یہودیوں کی مخالفت کرو۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

## ۵۱۵: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ صِيَامِ الْعَشْرِ

## ۵۱۵: باب ذوالحجہ کے پہلے عشرے میں روزہ رکھنا

۷۳۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَارَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَائِمًا فِي الْعَشْرِ قَطُّ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰكَذَارَوٰى غَيْرُوَاحِدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ وَرَوَى الثَّوْرِيُّ وَغَيْرُهُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُرَ صَائِمًا فِي الْعَشْرِ وَ رَوٰى اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَائِشَةَ وَلَمْ يَذْكُرْفِيْهِ عَنِ الْاَسْوَدِ وَقَدِ اخْتَلَفُوْا عَلٰى مَنْصُوْرٍ فِي الْحَدِيْثِ وَرِوَايَةُ الْاَعْمَشِ اَصَحُّ وَاَوْصَلُ اِسْنَادًا قَالَ سَمِعْتُ اَبَابَكْرٍ مُحَمَّدَ بْنَ اَبَانَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ وَكِيْعًا يَقُوْلُ الْاَعْمَشُ اَحْفَظُ لِاِسْنَادِ اِبْرَاهِيْمَ مِنْ مَنْصُوْرٍ.

۷۳۵: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو ذوالحجہ کے پہلے عشرے میں روزہ رکھتے ہوئے کبھی نہیں دیکھا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کئی راویوں نے اس طرح اعمش سے روایت کیا ہے وہ ابراہیم سے وہ اسود سے اور وہ عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ سفیان ثوری وغیرہ بھی یہ حدیث منصور سے اور وہ ابراہیم سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کو ذوالحجہ کے پہلے عشرے میں روزے سے نہیں دیکھا گیا۔ ابواحوص، منصور سے وہ ابراہیم سے اور وہ عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں اور انہوں نے اس میں اسود کا ذکر نہیں کیا۔ منصور کی روایت میں علماء کا اختلاف ہے جب کہ اعمش کی روایت اصح اور اس کی سند متصل ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ کہتے ہیں کہ محمد بن ربان وکیع کے حوالے سے کہتے ہیں کہ اعمش ابراہیم کی سند کے معاملے میں منصور سے زیادہ احفظ ہیں۔

## ۵۱۶: بَابُ مَاجَآءَ فِي الْعَمَلِ فِيْ اَيَّامِ الْعَشْرِ

## ۵۱۶: باب ذوالحجہ کے پہلے عشرے میں اعمال صالحہ کی فضیلت

۷۳۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ

۷۳۶: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ

مُسْلِمٍ وَهُوَابْنُ اَبِی عِمْرَ انَ الْبُطِیْنُ عَنْ سَعِیْدِ ابْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَامِنْ اَیَّامِ الْعَمَلُ الصَّالِحُ فِیْھِنَّ اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ مِنْ ھٰذِہِ الْاَیَّامِ الْعَشْرِفَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَلاَ الْجِھَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلاَ الْجِھَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اِلَّا رَجُلٌ خَرَجَ بِنَفْسِہٖ وَ مَالِہٖ فَلَمْ یَرْجِعْ مِنْ ذٰلِکَ بِشَیْءٍ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَعَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو وَجَابِرٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ.

نے فرمایا کہ ذوالحجہ کے پہلے دس دنوں میں کئے گئے اعمال صالحہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام ایام میں کئے گئے نیک اعمال سے زیادہ محبوب ہیں۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اگر ان دس دنوں کے علاوہ اللہ کی راہ میں جہاد کرے تب بھی ؟ آپ ﷺ نے فرمایا! ہاں تب بھی انہی ایام کا عمل زیادہ محبوب ہے البتہ اگر کوئی شخص اپنی جان و مال دونوں چیزیں لے کر جہاد میں نکلا اور ان میں سے کسی چیز کے ساتھ تو واپس نہ ہوا (یعنی شہید ہو گیا) تو یہ افضل ہے۔ اس باب میں ابن عمرؓ، ابو ہریرہؓ، عبداللہ بن عمروؓ، اور جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث ابن عباسؓ حسن غریب صحیح ہے۔

۷۳۷: حَدَّثَنَا اَبُوْبَکْرِ بْنُ نَافِعٍ الْبَصْرِیُّ نَا مَسْعُوْدُ ابْنُ وَاصِلٍ عَنْ نَھَّاسِ بْنِ قَھْمٍ عَنْ قَتَادَۃَ عَنْ سَعِیْدِ ابْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ اَیَّامٍ اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ اَنْ یَتَعَبَّدَ لَہٗ فِیْھَا مِنْ عَشْرِذِی الْحَجَّۃِ یَعْدِلُ صِیَامُ کُلِّ یَوْمٍ مِنْھَا بِصِیَامِ سَنَۃٍ وَ قِیَامُ کُلِّ لَیْلَۃٍ مِنْھَابِقِیَامِ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لاَ نَعْرِفُہٗ اِلاَّ مِنْ حَدِیْثِ مَسْعُوْدِ بْنِ وَاصِلٍ عَنِ النَّھَّاسِ وَسَاَلْتُ مُحَمَّدًا عَنْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ فَلَمْ یَعْرِفْہُ مِنْ غَیْرِ ھٰذَا الْوَجْہِ مِثْلَ ھٰذَا وَقَالَ وَقَدْ رُوِیَ عَنْ قَتَادَۃَ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُرْسَلٌ شَیْءٌ مِنْ ھٰذَا.

۷۳۷: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اللہ کے نزدیک ذوالحج کے پہلے دس دنوں کی عبادت تمام دنوں کی عبادت سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ ان ایام میں سے (یعنی ذوالحجہ کے پہلے دس دنوں میں) ایک دن کا روزہ پورے سال کے روزوں اور رات کا قیام شب قدر کے قیام کے برابر ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو مسعود بن واصل کی نہاس سے روایت کے علاوہ نہیں جانتے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں میں نے امام بخاریؒ سے اس حدیث کے متعلق پوچھا تو انہیں بھی اس سند کے علاوہ کسی اور طریق کا علم نہیں تھا ان کا کہنا ہے کہ قتادہؓ، سعید بن مسیّب سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی طرح کی حدیث مرسلاً روایت کرتے ہیں۔

## ۵۱۷: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ صِیَامِ سِتَّۃِ اَیَّامٍ مِنْ شَوَّالٍ

## ۵۱۷: باب شوال کے چھ روزے

۷۳۸: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَااَبُوْمُعَاوِیَۃَ نَا سَعْدُ بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ اَتْبَعَہٗ بِسِتٍّ مِنْ شَوَّالٍ فَذٰلِکَ صِیَامُ الدَّھْرِ وَفِی الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَثَوْبَانَ قَالَ اَبُوْعِیْسٰی حَدِیْثُ اَبِیْ اَیُّوْبَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدِ

۷۳۸: حضرت ابو ایوبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے رمضان کے روزے رکھنے کے بعد شوال میں بھی چھ روزے رکھے تو یہ عمر بھر کے روزوں کی طرح ہے۔ اس باب میں حضرت جابرؓ، ابو ہریرہؓ، اور ثوبانؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث ابو ایوبؓ حسن صحیح ہے۔ اہل علم اس حدیث کی وجہ سے شوال کے چھ

اِسْتَحَبَّ قَوْمٌ صِيَامَ سِتَّةٍ مِنْ شَوَّالٍ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَقَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ هُوَ حَسَنٌ مِثْلُ صِيَامِ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ وَ يُرْوٰى فِي بَعْضِ الْحَدِيْثِ وَيُلْحَقُ هٰذَا الصِّيَامُ بِرَمَضَانَ وَ اخْتَارَ ابْنُ الْمُبَارَكِ اَنْ يَّكُوْنَ سِتَّةَ اَيَّامٍ فِي اَوَّلِ الشَّهْرِ وَقَدْ رُوِيَ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ اَنَّهُ قَالَ اِنْ صَامَ سِتَّةَ اَيَّامٍ مِنْ شَوَّالٍ مُتَفَرِّقًا فَهُوَ جَائِزٌ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى وَقَدْ رَوٰى عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ وَ سَعْدُ ابْنُ سَعِيْدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا وَرَوٰى شُعْبَةُ عَنْ وَرْقَاءَ بْنِ عُمَرَ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيْدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَسَعْدُ بْنُ سَعِيْدٍ هُوَ اَخُوْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ وَ قَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ فِي سَعْدِ بْنِ سَعِيْدٍ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ.

روزوں کو مستحب کہتے ہیں۔ ابن مبارکؒ کہتے ہیں کہ یہ روزے رکھنا ہر ماہ کے تین روزے رکھنے کی طرح بہتر ہے۔ مزید کہتے ہیں کہ بعض روایات میں مروی ہے کہ ان روزوں کو رمضان کے روزوں کے ساتھ ملا کر رکھے۔ ابن مبارکؒ کے نزدیک مہینے کے شروع سے چھ روزے رکھنا مختار ہے البتہ ان کے نزدیک شوال میں متفرق ایام میں چھ روزے رکھنا بھی جائز ہے۔ یعنی ان میں تسلسل ضروری نہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ عبدالعزیز بن محمد، صفوان بن سلیم سے اور وہ سعد بن سعید سے یہ حدیث عمر بن ثابت کے حوالے سے روایت کرتے ہیں وہ ابوایوب سے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ شعبہ بھی یہ حدیث ورقاء بن عمر سے اور وہ سعد بن سعید سے روایت کرتے ہیں۔ سعد بن سعید، یحییٰ بن سعید انصاری کے بھائی ہیں۔ بعض محدثین نے سعد بن سعید کے حفظ میں کلام کیا ہے۔

## ۵۱۸: بَابُ مَاجَآءَ فِي صَوْمِ ثَلٰثَةٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ

## ۵۱۸: باب ہر مہینے میں تین روزے رکھنا

۷۳۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ سِمَاكِ ابْنِ حَرْبٍ عَنْ اَبِي الرَّبِيْعِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ عَهِدَ اِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثًا اَنْ لَّا اَنَامَ اِلَّا عَلٰى وِتْرٍ وَصَوْمَ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ وَاَنْ اُصَلِّيَ الضُّحٰى.

۷۳۹: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے تین چیزوں کا وعدہ لیا۔ ایک یہ کہ وتر پڑھے بغیر نہ سوؤں دوسرا یہ کہ ہر مہینے کے تین روزے رکھوں اور تیسرا یہ کہ چاشت کی نماز پڑھا کروں۔

۷۴۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ اَنْبَانَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ بَسَّامٍ يُحَدِّثُ عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاذَرٍّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَاذَرٍّ اِذَا صُمْتَ مِنَ الشَّهْرِ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَصُمْ ثَلٰثَ عَشْرَةَ وَاَرْبَعَ عَشْرَةَ وَخَمْسَ عَشْرَةَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَقُرَّةَ بْنِ اِيَاسٍ الْمُزَنِيِّ وَعَبْدِاللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَبِيْ عَقْرَبٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَعَائِشَةَ وَقَتَادَةَ بْنِ مِلْحَانَ وَعُثْمَانَ ابْنِ اَبِي الْعَاصِ

۷۴۰: حضرت موسیٰ بن طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوذر! اگر تم مہینے میں تین دن روزہ رکھو تو تیرہ، چودہ، اور پندرہ تاریخ کو روزہ رکھا کرو۔ اس باب میں ابوقتادہ رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ، قرہ بن ایاس مزنی رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، ابوعقرب رضی اللہ عنہ، ابن عباس رضی اللہ عنہما، قتادہ بن ملحان رضی اللہ عنہ، عائشہ رضی اللہ عنہا، عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ، اور جریر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو

وَ جَرِيْرٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِىْ ذَرٍّ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَ قَدْ رُوِىَ فِىْ بَعْضِ الْحَدِيْثِ اَنَّ مَنْ صَامَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ كَانَ كَمَنْ صَامَ الدَّهْرَ.

عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن ہے بعض روایات میں ہے کہ ''جو شخص ہر ماہ تین روزے رکھے وہ ایسے ہے جیسے پورا سال روزے رکھے''

۷۴۱: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ اَبِىْ عُثْمَانَ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَذٰلِكَ صِيَامُ الدَّهْرِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى تَصْدِيْقَ ذٰلِكَ فِىْ كِتَابِهٖ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا اَلْيَوْمُ بِعَشَرَةِ اَيَّامٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَرَوٰى شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِىْ شِمْرٍ وَاَبِى التَّيَّاحِ عَنْ اَبِىْ عُثْمَانَ وَقَالَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۷۴۱: حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر مہینے میں تین دن روزے رکھنا پورا سال روزے رکھنے کے برابر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی تصدیق میں اپنی کتاب (میں) نازل فرمائی۔ ''مَنْ جَآءَ ......'' جو ایک نیکی کرے گا اس کے لئے دس نیکیوں کا ثواب ہے'' لہٰذا ایک دن (ثواب میں) دس دنوں کے برابر ہوا۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ شعبہ نے یہ حدیث ابوشمر اور ابو تیاح سے وہ عثمان اور وہ ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا.....الخ''

۷۴۲: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْدَاوٗدَ نَا شُعْبَةُ عَنْ يَزِيْدَ الرِّشْكِ قَالَ سَمِعْتُ مُعَاذَةَ قَالَتْ قُلْتُ لِعَائِشَةَ اَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ قَالَتْ نَعَمْ قُلْتُ مِنْ اَيِّهٖ كَانَ يَصُوْمُ قَالَتْ كَانَ لَا يُبَالِىْ مِنْ اَيِّهٖ صَامَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ قَالَ وَ يَزِيْدُ الرِّشْكُ هُوَ يَزِيْدُ الضُّبَعِىُّ وَهُوَ يَزِيْدُ ابْنُ الْقَاسِمِ وَهُوَ الْقَسَّامُ وَ الرِّشْكُ هُوَ الْقَسَّامُ فِىْ لُغَةِ اَهْلِ الْبَصْرَةِ.

۷۴۲: حضرت یزید رشک، معاذہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عائشہؓ سے کہا کیا رسول اللہ ﷺ ہر مہینے تین روزے رکھا کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں میں نے عرض کیا کونسے دنوں میں ام المؤمنین نے فرمایا حضور ﷺ کچھ پرواہ نہ کرتے یعنی جب چاہتے رکھ لیتے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یزید رشک وہ یزید ضبعی ہیں۔ یزید بن قاسم اور قسام ہیں۔ رشک اہل بصرہ کی زبان کا لفظ ہے اس کے معنی اقسام کے ہیں (یعنی تقسیم کرنے والا)

## ۵۱۹: بَابُ مَاجَآءَ فِىْ فَضْلِ الصَّوْمِ

## ۵۱۹: باب روزہ کی فضیلت

۷۴۳: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى الْقَزَّازُ الْبَصْرِىُّ نَا عَبْدُالْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ نَا عَلِىُّ بْنُ زَيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ رَبَّكُمْ يَقُوْلُ كُلُّ حَسَنَةٍ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا اِلٰى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ وَالصَّوْمُ لِىْ وَاَنَا اَجْزِىْ بِهٖ وَالصَّوْمُ جُنَّةٌ مِنَ النَّارِ وَ لَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَاللّٰهِ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ وَاِنْ جَهِلَ عَلٰى اَحَدِكُمْ جَاهِلٌ وَهُوَ

۷۴۳: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بیشک تمہارا رب فرماتا ہے کہ ایک نیکی (کا ثواب) دس گنا سے سات سو گنا تک ہے اور روزہ صرف میرے لئے ہے اس کا بدلہ میں ہی دوں گا۔ روزہ آگ سے ڈھال ہے۔ روزہ دار کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک سے زیادہ بہتر ہے اور اگر تم میں کوئی جاہل کسی روزے دار سے جھگڑنے لگے تو وہ اسے کہہ دے کہ میں روزے سے ہوں۔

صَائِمٌ فَلْيَقُلْ اِنِّی صَائِمٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَسَهْلِ بْنِ سَعْدٍ وَكَعْبِ ابْنِ عُجْرَةَ وَسَلَامَةَ بْنِ قَيْصَرٍ وَ بَشِيْرِ بْنِ الْخَصَاصِيَّةِ وَ اسْمُ بَشِيْرٍ زَحْمُ بْنُ مَعْبَدٍ وَالْخَصَاصِيَّةُ هِیَ اُمُّهُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی وَحَدِيْثُ اَبِیْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

اس باب میں معاذ بن جبلؓ، سہل بن سعدؓ، کعب بن عجرہؓ، سلامہ بن قیصرؓ، اور بشیر بن خصاصیہؓ سے بھی روایت ہے۔ بشیر بن خصاصیہؓ کا نام زحم بن معبد ہے، خصاصیہ ان کی والدہ ہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابو ہریرہؓ کی حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۷۴۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْعَامِرٍ الْعَقَدِیُّ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِی الْجَنَّةِ بَابٌ يُدْعَی الرَّيَّانُ يُدْعٰی لَهُ الصَّائِمُوْنَ فَمَنْ كَانَ مِنَ الصَّائِمِيْنَ دَخَلَهُ وَمَنْ دَخَلَهُ لَمْ يَظْمَأْ اَبَدًا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ.

۷۴۴: حضرت سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جنت میں ایک دروازہ ہے جس کا نام "ریان" ہے اس میں سے روزہ داروں کو بلایا جائے گا پس جو روزہ دار ہوگا وہ اس میں سے داخل ہوگا اور جو اس میں سے داخل ہوگیا وہ کبھی پیاسا نہ رہے گا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۷۴۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلِ ابْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ فَرْحَةٌ حِيْنَ يُفْطِرُ وَفَرْحَةٌ حِيْنَ يَلْقٰی رَبَّهُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۴۵: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ دار کے لئے دو خوشیاں ہیں ایک افطار کے وقت دوسری اس وقت جب وہ اپنے پروردگار سے ملاقات کرے گا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۵۲۰: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ صَوْمِ الدَّهْرِ

## ۵۲۰: باب ہمیشہ روزہ رکھنا

۷۴۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ قَالَا نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَعْبَدٍ عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ بِمَنْ صَامَ الدَّهْرَ قَالَ لَا صَامَ وَلَا اَفْطَرَ اَوْلَمْ يَصُمْ وَلَمْ يُفْطِرْ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ وَ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَاَبِیْ مُوْسٰی قَالَ اَبُوْعِيْسٰی حَدِيْثُ اَبِیْ قَتَادَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَ قَدْ كَرِهَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ صِيَامَ الدَّهْرِ وَقَالُوْا اِنَّمَا يَكُوْنُ صِيَامُ الدَّهْرِ اِذَا لَمْ يُفْطِرْ يَوْمَ الْفِطْرِ وَ يَوْمَ الْاَضْحٰی وَاَيَّامَ التَّشْرِيْقِ فَمَنْ اَفْطَرَ فِیْ هٰذِهِ الْاَيَّامِ فَقَدْ خَرَجَ مِنْ حَدِّالْكَرَاهِيَةِ وَلَا يَكُوْنُ قَدْ صَامَ الدَّهْرَ كُلَّهُ هٰكَذَا رُوِیَ

۷۴۶: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو ہمیشہ روزہ رکھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس نے نہ روزہ رکھا اور نہ افطار کیا راوی کو شک ہے کہ "لَاصَامَ وَلَااَفْطَرَ" یا "لَمْ يَصُمْ وَلَمْ يُفْطِرْ" فرمایا (معنی دونوں کے ایک ہی ہیں) اس باب میں عبداللہ بن عمروؓ، عبداللہ بن شخیرؓ، عمران بن حصینؓ اور ابوموسیٰؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث ابوقتادہ حسن ہے اہل علم کی ایک جماعت نے ہمیشہ روزہ رکھنے کو مکروہ کہا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہمیشہ روزہ رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ عیدالفطر، عیدالاضحیٰ اور ایام تشریق میں بھی روزے رکھے پس جو شخص ان دنوں میں روزے نہ رکھے

عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَقَالَ اَحْمَدُ وَ اِسْحٰقُ نَحْوًا مِنْ هٰذَا وَ قَالَا لَا يَجِبُ اَنْ يُفْطِرَ اَيَّامًا غَيْرَ هٰذِهِ الْخَمْسَةِ الْاَيَّامِ الَّتِيْ نَهٰى عَنْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمِ الْفِطْرِ وَ يَوْمَ الْاَضْحٰى وَ اَيَّامَ التَّشْرِيْقِ.

وہ کراہت کے حکم سے خارج ہے۔ مالک بن انس سے اسی طرح مروی ہے اور امام شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے امام احمدؒ اور اسحاقؒ فرماتے ہیں کہ ان پانچ دنوں کے علاوہ روزہ چھوڑنا واجب نہیں جن میں روزے رکھنے سے آپ ﷺ نے منع فرمایا عیدالفطر، عیدالاضحیٰ اور ایام تشریق۔

## ۵۲۱: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ سَرْدِ الصَّوْمِ

## ۵۲۱: باب پے در پے روزے رکھنا

۷۴۷: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صِيَامِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ يَصُوْمُ حَتّٰى نَقُوْلَ قَدْ صَامَ وَ يُفْطِرُ حَتّٰى نَقُوْلَ قَدْ اَفْطَرَ وَمَا صَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا كَامِلًا اِلَّا رَمَضَانَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۴۷: حضرت عبداللہ بن شقیقؓ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے نبی اکرم ﷺ کے روزوں کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ جب آپؐ روزے رکھنا شروع کرتے تو ہم سوچتے کہ اب آپ مستقل روزے رکھیں گے۔ پھر جب افطار کرتے تو ہم سوچتے کہ اب آپؐ روزے نہیں رکھیں گے۔ اور نبی اکرم ﷺ نے رمضان کے علاوہ پورا مہینہ کبھی روزے نہیں رکھے۔ اس باب میں حضرت انسؓ اور ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۴۸: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ صَوْمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ يَصُوْمُ مِنَ الشَّهْرِ حَتّٰى يُرٰى اَنَّهُ لَا يُرِيْدُ اَنْ يُفْطِرَ وَيُفْطِرُ حَتّٰى يُرٰى اَنَّهُ لَا يُرِيْدُ اَنْ يَصُوْمَ مِنْهُ شَيْئًا فَكُنْتَ لَا تَشَاءُ اَنْ تَرَاهُ مِنَ اللَّيْلِ مُصَلِّيًا اِلَّا رَاَيْتَهُ مُصَلِّيًا وَلَا نَائِمًا اِلَّا رَاَيْتَهُ نَائِمًا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۴۸: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ ان سے کسی نے نبی اکرم ﷺ کے روزوں کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا آپ ﷺ جب کسی مہینے میں روزے رکھنا شروع کرتے تو ایسا معلوم ہوتا کہ آپ ﷺ پورا مہینہ روزے رکھیں گے اور جب کسی مہینے میں افطار کرتے (یعنی روزہ نہ رکھتے) تو ایسا معلوم ہوتا کہ اس مہینے میں روزے نہیں رکھیں گے پھر اگر ہم چاہتے کہ آپ کو رات میں نماز پڑھتا دیکھیں تو ہم ایسا ہی پاتے اور اگر سوتے دیکھنا تو سو رہے ہیں۔

۷۴۹: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنْ مِسْعَرٍ وَ سُفْيَانَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ بْنِ اَبِي الْعَبَّاسِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الصَّوْمِ صَوْمُ اَخِيْ دَاوٗدَ كَانَ يَصُوْمُ يَوْمًا وَ يُفْطِرُ يَوْمًا وَلَا يَفِرُّ اِذَا لَاقٰى قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا

۷۴۹: حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا افضل ترین روزے میرے بھائی داؤد علیہ السلام کے روزے تھے کہ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے اور جب دشمن کے مقابل آتے تو کبھی فرار کا راستہ اختیار نہ کرتے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ

حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ اَبُو الْعَبَّاسِ هُوَ الشَّاعِرُ الْاَعْمٰى وَاسْمُهُ السَّائِبُ بْنِ فَرُّوْخَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اَفْضَلُ الصِّيَامِ اَنْ يَصُوْمَهُ يَوْمًا وَ يُفْطِرُ يَوْمًا وَيُقَالُ هٰذَا هُوَ اَشَدُّ الصِّيَامِ.

حدیث حسن صحیح ہے۔ ابوعباس ایک نابینا شاعر ہیں ان کا نام سائب بن فروخ ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ افضل ترین روزے یہی ہیں کہ ایک دن روزہ رکھا جائے اور ایک دن افطار کیا جائے اور کہا جاتا ہے کہ یہ شدید ترین روزے ہیں۔

## ۵۲۲: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ كَرَاهِيَةِ الصَّوْمِ يَوْمَ الْفِطْرِ وَ يَوْمَ النَّحْرِ

## ۵۲۲: باب عید الفطر اور عید الاضحیٰ کو روزہ رکھنے کی ممانعت

۷۵۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرِو ابْنِ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صِيَامَيْنِ صِيَامِ يَوْمِ الْاَضْحٰى وَيَوْمِ الْفِطْرِ وَفِی الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَ عَلِيٍّ وَعَائِشَةَ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ وَعُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ وَاَنَسٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِیْ سَعِيْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَعَمْرُو بْنُ يَحْيٰى هُوَ ابْنُ عُمَارَةَ بْنِ اَبِی الْحَسَنِ الْمَازِنِيُّ الْمَدَنِيُّ وَهُوَ ثِقَةٌ رَوٰى عَنْهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ وَمٰلِكُ بْنُ اَنَسٍ.

۷۵۰: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دن روزے رکھنے سے منع فرمایا ایک عید الفطر اور دوسرا عید الاضحیٰ کے دن، اس باب میں حضرت عمرؓ، علیؓ، عائشہؓ، ابوہریرہؓ، عقبہ بن عامرؓ اور انسؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہے کہ ابوسعیدؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اور اس پر اہل علم کا عمل ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں۔ عمرو بن یحییٰ، ابن عمارہ بن ابوحسن مازنی مدنی ہیں اور یہ ثقہ ہیں ان سے سفیان ثوری، شعبہ اور مالک بن انس روایت کرتے ہیں۔

۷۵۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ اَبِی الشَّوَارِبِ نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِیْ عُبَيْدٍ مَوْلٰى عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ شَهِدْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فِیْ يَوْمِ نَحْرٍ بَدَاَ بِالصَّلٰوةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنْ صَوْمِ هٰذَيْنِ الْيَوْمَيْنِ اَمَّا يَوْمُ الْفِطْرِ فَفِطْرُكُمْ مِنْ صَوْمِكُمْ وَعِيْدٌ لِلْمُسْلِمِيْنَ وَاَمَّا يَوْمُ الْاَضْحٰى فَكُلُوْا مِنْ لَحْمِ نُسُكِكُمْ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ عُبَيْدٍ مَوْلٰى عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ عَوْفٍ اسْمُهُ سَعْدٌ وَيُقَالُ لَهُ مَوْلٰى عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ اَزْهَرَ اَيْضًا وَعَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اَزْهَرَ هُوَ ابْنُ عَمِّ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ.

۷۵۱: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے مولیٰ ابو عبید فرماتے ہیں کہ میں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو عید الاضحیٰ کے موقع پر دیکھا کہ انہوں نے خطبے سے پہلے نماز پڑھائی اور پھر فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان دونوں میں روزہ رکھنے سے منع کرتے ہوئے سنا۔ عید الفطر کو روزہ سے اس لئے منع کرتے تھے کہ وہ روزہ کھولنے اور مسلمانوں کی عید کا دن ہے اور عید الاضحیٰ میں اس لئے کہ تم اپنی قربانی کا گوشت کھا سکو۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح ہے۔ ابوعبید کا نام سعد ہے انہیں مولیٰ عبدالرحمٰن بن ازہر بھی کہا جاتا ہے۔ عبدالرحمٰن بن ازہر، عبدالرحمٰن بن عوف کے چچازاد بھائی ہیں۔

## ۵۲۳: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ كَرَاهِيَةِ

## ۵۲۳: باب ایام تشریق

صَوْمِ اَيَّامِ التَّشْرِيْقِ

۷۵۲: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنْ مُوْسَى بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمُ عَرَفَةَ وَ يَوْمُ النَّحْرِ وَ اَيَّامُ التَّشْرِيْقِ عِيْدُ نَا اَهْلَ الْاِسْلَامِ وَهِيَ اَيَّامُ اَكْلٍ وَّ شُرْبٍ وَ فِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَ سَعْدٍ وَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَجَابِرٍ وَ نُبَيْشَةَ وَ بِشْرِ بْنِ سُحَيْمٍ وَعَبْدِاللهِ بْنِ حُذَافَةَ وَ اَنَسٍ وَ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيِّ وَكَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَعَائِشَةَ وعَمْرِو ابْنِ الْعَاصِ وَعَبْدِاللهِ بْنِ عَمْرٍو وَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عُقْبَةَبْنِ عَامِرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَاَهْلِ الْعِلْمِ يَكْرَهُوْنَ صِيَامَ اَيَّامِ التَّشْرِيْقِ اِنَّ قَوْمًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ غَيْرِهِمْ رَخَّصُوْا لِلْمُتَمَتِّعِ اِذَالَمْ يَجِدْ هَدْيًا وَلَمْ يَصُمْ فِي الْعَشْرِ اَنْ يَصُوْمَ اَيَّامَ التَّشْرِيْقِ وَبِهٖ يَقُوْلُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَالشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَ اِسْحٰقُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَاَهْلُ الْعِرَاقِ يَقُوْلُوْنَ مُوْسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ وَ اَهْلُ مِصْرَ يَقُوْلُوْنَ مُوْسَى بْنُ عَلِيٍّ وَقَالَ سَمِعْتُ قُتَيْبَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اللَّيْثَ ابْنَ سَعْدٍ يَقُوْلُ قَالَ مُوْسَى بْنُ عَلِيٍّ لَا اَجْعَلُ اَحَدًا فِيْ حِلٍّ صَغَّرَاسْمَ اَبِيْ.

میں روزہ رکھنا حرام ہے

۷۵۲: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عرفہ کا دن اور عیدالاضحیٰ کا دن اور ایام تشریق (یعنی ذی الحجہ کی گیارہویں، بارہویں، تیرہویں تاریخ) ہم مسلمانوں کے عید اور کھانے پینے کے دن ہیں۔ اس باب میں حضرت علیؓ، سعدؓ، ابو ہریرہؓ، جابرؓ، نبیشہؓ، بشر بن سحیمہؓ، عبداللہ بن حذافہؓ، انسؓ، حمزہ بن عمرو اسلمیؓ، کعب بن مالکؓ، عائشہ، عمرو بن عاصؓ اور عبداللہ بن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ عقبہ بن عامرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اس پر عمل ہے کہ ایام تشریق میں روزے رکھنا مکروہ ہے لیکن صحابہؓ کی ایک جماعت اور بعض صحابہؓ مُتَمَتِّع کے لئے اگر اس کے پاس قربانی کے لئے جانور نہ ہو تو روزہ رکھنے کی اجازت دیتے ہیں بشرطیکہ اس نے پہلے دس دنوں میں روزے نہ رکھے ہوں۔ امام شافعیؒ، مالکؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں کہ اہل عراق، موسیٰ بن علی بن رباح اور اہل مصر موسیٰ بن علی کہتے ہیں۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں کہ میں نے قتیبہ کو لیث بن سعد کے حوالے سے کہتے ہوئے سنا ہے کہ موسیٰ بن علی کہا کرتے تھے کہ میں اپنے باپ کے نام کی تصغیر کرنے والے کو کبھی معاف نہیں کروں گا۔

## ۵۲۴: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ الْحِجَامَةِ لِلصَّائِمِ

۷۵۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ وَ يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى قَالُوْانَا عَبْدُالرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِاللهِ بْنِ قَارِظٍ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ رَافِعِ ابْنِ خَدِيْجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُوْمُ

## ۵۲۴: باب روزہ دار کو پچھنے لگانا مکروہ ہے

۷۵۳: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پچھنے لگانے اور لگوانے والا دونوں کا روزہ ٹوٹ گیا۔ اس باب میں حضرت سعدؓ، علیؓ، شداد بن اوسؓ، ثوبانؓ، اسامہ بن زیدؓ، عائشہؓ، معقل بن یسارؓ (انہیں معقل بن سنان بھی کہا جاتا ہے) ابو ہریرہؓ، ابن عباسؓ، ابو

وَفِي الْبَابِ عَنْ سَعْدٍ وَ عَلِيّ وَشَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ وَ ثَوْبَانَ وَ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ وَ عَائِشَةَ وَمَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ وَيُقَالُ مَعْقِلُ بْنُ سِنَانٍ وَاَبِي هُرَيْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِي مُوسَى وَ بِلَالٍ وَ قَالَ اَبُو عِيسَى حَدِيثُ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَذُكِرَ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ اَنَّهُ قَالَ اَصَحُّ شَيْءٍ فِي هٰذَا الْبَابِ حَدِيثُ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ وَذُكِرَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّهُ قَالَ اَصَحُّ شَيْءٍ فِي هٰذَا الْبَابِ حَدِيثُ ثَوْبَانَ وَ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ لِاَنَّ يَحْيَى بْنَ اَبِي كَثِيرٍ رَوٰى عَنْ اَبِي قِلَابَةَ الْحَدِيثَيْنِ جَمِيعًا حَدِيثُ ثَوْبَانَ وَحَدِيثُ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ وَ قَدْكَرِهَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمُ الْحِجَامَةَ لِلصَّائِمِ حَتّٰى اَنَّ بَعْضَ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ بِاللَّيْلِ مِنْهُمْ اَبُو مُوسَى الْاَشْعَرِيُّ وَ ابْنِ عُمَرَ وَبِهٰذَا يَقُولُ ابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ اَبُوعِيسَى وَسَمِعْتُ اِسْحٰقَ ابْنَ مَنْصُورٍ يَقُولُ قَالَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيّ مَنِ احْتَجَمَ فَهُوَصَائِمٌ فَعَلَيْهِ الْقَضَاءُ قَالَ اِسْحٰقُ بْنَ مَنْصُورٍ وَهٰكَذَا قَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَاِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَبُوعِيسَى وَاَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ قَالَ الشَّافِعِيُّ قَدْ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ احْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ وَ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ وَلَا اَعْلَمُ اَحَدًا مِنْ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ ثَابِتًا وَلَوْ تَوَقّٰى رَجُلٌ الْحِجَامَةَ وَهُوَ صَائِمٌ كَانَ اَحَبَّ اِلَيَّ وَاِنِ احْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ لَمْ اَرَ ذٰلِكَ اَنْ يُفَطِّرَهُ قَالَ اَبُوعِيسَى هٰكَذَا كَانَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ بِبَغْدَادَ وَ اَمَّا بِمِصْرَ فَمَالَ اِلَى الرُّخْصَةِ وَ لَمْ يَرَ بِالْحِجَامَةِ بَاْسًا وَ احْتَجَّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهُوَ مُحْرِمٌ صَائِمٌ.

موسیٰ، اور بلالؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ رافع بن خدیج کی حدیث حسن صحیح ہے۔ امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ اس باب میں زیادہ صحیح رافع بن خدیج کی حدیث ہے۔ علی بن عبداللہؒ کے بارے میں مذکور ہے کہ انہوں نے کہا ثوبانؓ اور شداد بن اوس کی حدیث اس باب میں اصح ہے۔ اس لئے کہ یحییٰ بن ابوکثیر ابوقلابہ سے دونوں حدیثیں روایت کرتے ہیں۔ ثوبانؓ کی بھی اور شداد بن اوس کی بھی۔ علماء صحابہؓ کی ایک جماعت اور ان کے علاوہ بھی کئی حضرات روزے دار کے لئے پچھنے لگوانے کو مکروہ سمجھتے ہیں یہاں تک کہ بعض صحابہؓ جیسے کہ ابوموسیٰ اشعریؓ اور ابن عمرؓ رات کو پچھنے لگوایا کرتے تھے۔ ابن مبارکؒ بھی اسی کے قائل ہیں۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں۔ میں نے اسحاق بن منصور سے سنا کہ عبدالرحمٰن بن مہدی پچھنا لگوانے والے روزہ دار کے متعلق قضا کا حکم دیتے ہیں۔ اسحاق بن منصور کہتے ہیں کہ احمد بن حنبلؒ اور اسحٰق بن ابراہیمؒ بھی اسی کے قائل ہیں۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں حسن بن محمد زعفرانی نے مجھے بتایا کہ امام شافعیؒ کا کہنا ہے کہ نبی اکرم ﷺ سے روزے کی حالت میں پچھنے لگوانا مروی ہے اور یہ بھی مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا پچھنے لگانے والے اور پچھنے لگوانے والے دونوں کا روزہ ٹوٹ گیا۔ پس مجھے علم نہیں کہ ان میں سے کونسی روایت ثابت ہے۔ لہٰذا اگر روزہ دار اس سے اجتناب کرے تو میرے نزدیک بہتر ہے اور اگر پچھنے لگوائے تو میرے خیال میں اس کا روزہ نہیں ٹوٹتا۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ امام شافعیؒ کا یہ قول بغداد کا ہے اور مصر آنے کے بعد وہ پچھنا لگانے کی اجازت کی طرف مائل ہو گئے تھے اور ان کے نزدیک پچھنے لگوانے میں کوئی حرج نہیں۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر روزے اور احرام کی حالت میں پچھنے لگوائے

## ۵۲۵ : بَابُ مَاجَآءَ مِنَ الرُّخْصَةِ

## ۵۲۵: باب روزہ دار کو پچھنے لگانے

## فِیْ ذٰلِکَ

## کی اجازت

۷۵۴: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الْبَصْرِیُّ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ ابْنُ سَعِیْدٍ نَا اَیُّوْبُ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِحْتَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ صَائِمٌ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ هٰکَذَا رَوٰی وُهَیْبٌ نَحْوَ رِوَایَةِ عَبْدِالْوَارِثِ وَ رَوٰی اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ عِکْرِمَةَ مُرْسَلًا وَلَمْ یَذْکُرْفِیْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

۷۵۴: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزے اور احرام کی حالت میں پچھنے لگوائے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ حدیث صحیح ہے۔ وہیب نے اسی طرح عبدالوارث کی مثل بیان کیا ہے۔ اسمٰعیل بن ابراہیم نے بواسطہ ایوب، عکرمہؓ سے مرسل روایت نقل کی ہے۔ اس روایت میں انہوں نے حضرت ابن عباسؓ کا ذکر نہیں کیا۔

۷۵۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰی مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ الشَّهِیْدِ عَنْ مَیْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۷۵۵: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے روزے کی حالت میں پچھنے لگوائے۔

امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

۷۵۶: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اِدْرِیْسَ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ زِیَادٍ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ فِیْمَا بَیْنَ مَکَّةَ وَ الْمَدِیْنَةِ وَهُوَ مُحْرِمٌ صَائِمٌ وَ فِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ وَ جَابِرٍ وَ اَنَسٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَ قَدْ ذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِهِمْ اِلٰی هٰذَا الْحَدِیْثِ وَ لَمْ یَرَوْا بِالْحِجَامَةِ لِلصَّائِمِ بَاْسًا وَهُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَمَالِکِ بْنِ اَنَسٍ وَالشَّافِعِیِّ.

۷۵۶: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ اور مدینہ کے درمیان احرام اور روزے کی حالت میں پچھنے لگائے۔ اس باب میں ابوسعید رضی اللہ عنہ، جابر رضی اللہ عنہ اور انس رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث حسن صحیح ہے۔ علماء صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعینؒ کا اسی حدیث پر عمل ہے اور وہ روزہ دار کے لئے پچھنے لگانے میں کچھ حرج نہیں سمجھتے۔ سفیان ثوریؒ، مالک بن انسؒ اور امام شافعیؒ کا یہی قول ہے۔

## ۵۲۶: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ الْوِصَالِ فِی الصِّیَامِ

## ۵۲۶: باب روزوں میں وصال[1] کی کراہت کے متعلق

۷۵۷: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ الْجَهْضَمِیُّ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ وَخَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی

۷۵۷: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا روزہ پر روزہ اس طرح نہ رکھو کہ بیچ میں کچھ نہ کھاؤ۔ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ تو وصال ہی

[1] وصال کا معنی یہ ہے کہ روزہ رکھے اور پھر دو دن یا اس سے زیادہ دنوں تک افطار نہ کرے۔ (مترجم)

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُوَاصِلُوْا قَالُوا فَاِنَّكَ تُوَاصِلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنِّیْ لَسْتُ كَاَحَدِكُمْ اِنَّ رَبِّیْ يُطْعِمُنِیْ وَ يَسْقِيْنِیْ وَ فِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ وَعَائِشَةَ وَابْنِ عُمَرَ وَجَابِرٍ وَاَبِیْ سَعِيْدٍ وَ بَشِيْرِ بْنِ الْخَصَاصِيَّةِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی حَدِيْثُ اَنَسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَبَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ كَرِهُوا الْوِصَالَ فِی الصِّيَامِ وَ رُوِیَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّهٗ كَانَ يُوَاصِلُ لِاَيَّامٍ وَلَا يُفْطِرُ۔

کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمہاری طرح نہیں ہوں میرا رب مجھے کھلاتا بھی ہے اور پلاتا بھی ہے۔ اس باب میں حضرت علیؓ، ابو ہریرہؓ، عائشہؓ، ابن عمرؓ، جابرؓ، ابوسعیدؓ اور بشیر بن خصاصیہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ انسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اور اسی پر علما کا عمل ہے کہ روزے میں وصال مکروہ ہے۔ عبداللہ بن زبیرؓ سے مروی ہے وہ وصال کرتے تھے یعنی درمیان میں افطار نہیں کرتے تھے۔

## ۵۲۷: بَابُ مَاجَآءَ فِی الْجُنُبِ يُدْرِكُهُ الْفَجْرُ وَهُوَ يُرِيْدُ الصَّوْمَ

## ۵۲۷: باب صبح تک حالت جنابت میں رہتے ہوئے روزے کی نیت کرنا

۷۵۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ قَالَ اَخْبَرَتْنِیْ عَائِشَةُ وَ اُمُّ سَلَمَةَ زَوْجَا النَّبِیِّ ﷺ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ كَانَ يُدْرِكُهُ الْفَجْرُ وَ هُوَ جُنُبٌ مِنْ اَهْلِهٖ ثُمَّ يَغْتَسِلُ فَيَصُوْمُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی حَدِيْثُ عَائِشَةَ وَ اُمِّ سَلَمَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَاكْثَرِاَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ وَالشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ وَ قَدْ قَالَ قَوْمٌ مِنَ التَّابِعِيْنَ اِذَا اَصْبَحَ جُنُبًا يَقْضِیْ ذٰلِكَ الْيَوْمَ وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ اَصَحُّ۔

۷۵۸: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (ازواج مطہرات) فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حالت جنابت میں صبح ہو جایا کرتی تھی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم غسل کرتے اور روزہ رکھتے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اکثر علماء، صحابہؓ وغیرہ کا اسی پر عمل ہے۔ سفیانؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض تابعینؒ کہتے ہیں کہ اگر حالت جنابت میں صبح ہو جائے تو روزہ قضا کرے لیکن پہلا قول صحیح ہے۔

**خلاصۃ الابواب:** پیر اور جمعرات میں خصوصیت سے روزہ رکھنے کی حکمت حدیث میں مذکور ہے پھر پیر کی تو خاص طور سے اس لئے بھی اہمیت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی۔ اسی دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی۔ اسی دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کر کے قباء پہنچے۔ ۲ حدیث سے باب بدھ کے روزہ کی بھی فضیلت ثابت ہو رہی ہے۔ ۳ عرفہ کا روزہ رکھنا مستحب ہے بلکہ عشرہ ذی الحجہ میں روزے رکھنا اور راتوں کو قیام کرنے کا بہت اجر وثواب ہے۔ ۴ عاشوراء عشرؒ سے ماخوذ ہے اس سے مراد محرم کی دسویں تاریخ ہے پہلے عاشوراء کا روزہ فرض تھا بعد میں اس کی فرضیت منسوخ ہو گئی صرف استحباب باقی رہ گیا۔ ۵ ائمہ عظام کے نزدیک عید کے چھ روزے مستحب ہیں البتہ امام مالکؒ ان روزوں کی کراہت کے قائل ہیں۔ ۶ حافظ ابن حجرؒ نے دس صورتیں ایام بیض کی تعیین کے بارے میں لکھی ہیں تمام صورتوں میں تین دن روزہ رکھنے کی فضیلت ہو جائے گی یعنی ایسا شخص صائم الدھر سمجھا جائے گا۔ صوم الدھر (یعنی پورا زمانہ روزہ کی حالت میں) کے تین مفہوم ہیں ان میں سے صوم داؤد

علیہ السلام یعنی ایک دن روزہ رکھنا اور ایک دن افطار کرنا یہ باتفاق افضل اور مستحب ہے اسی سے فرق کر لینا چاہئے صوم وصال اور صوم دھر میں کہ صوم وصال (پے درپے روزے رکھنا) کہ روزہ افطار نہ کرنا یا ایام منہیہ میں بھی روزے رکھنا۔ ۷ نبی کریم ﷺ روزے رکھتے تھے اور افطار بھی کرتے تھے اس طرح رات کو نماز پڑھتے تھے اور سوتے بھی تھے۔ ۸ عید الفطر میں روزہ کی ممانعت اس لئے ہے کہ مسلمانوں کی عید ہے اور عید الاضحیٰ اور ایام تشریق میں روزہ رکھنے کی ممانعت اس لئے ہے کہ ایام حق تعالیٰ کی جانب سے اپنے مسلمان بندوں کی ضیافت کے دن ہیں۔ ۹ جمہور ائمہ کے نزدیک حجامت یعنی (پچھنے لگانے یا لگوانے) سے روزہ نہ ٹوٹتا ہے اور نہ یہ عمل مکروہ ہے۔ ۱۰ حدیث باب کے عموم کی بنا پر جمہور ائمہ کے نزدیک جنابت روزہ کے منافی نہیں خواہ روزہ فرض ہو یا نفل فجر کے طلوع کے بعد فوراً غسل کرلے یا تاخیر کر کے۔

## ۵۲۸: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ اِجَابَةِ الصَّائِمِ الدَّعْوَةَ

## ۵۲۸: باب روزہ دار کو دعوت قبول کرنا

۷۵۹: حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ مَرْوَانَ الْبَصْرِيُّ نَا مُحَمَّدُ ابْنُ سَوَاءٍ نَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ عَرُوْبَةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا دُعِيَ اَحَدُكُمْ اِلٰى طَعَامٍ فَلْيُجِبْ فَاِنْ كَانَ صَائِمًا فَلْيُصَلِّ يَعْنِي الدُّعَاءَ.

۷۵۹: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم میں سے کسی کو کھانے کی دعوت دی جائے تو وہ اسے قبول کرے پھر اگر وہ روزے سے ہو تو دعا کرے۔

۷۶۰: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا دُعِيَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ صَائِمٌ فَلْيَقُلْ اِنِّيْ صَائِمٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى فَكِلَا الْحَدِيْثَيْنِ فِیْ هٰذَا الْبَابِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۶۰: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کسی روزہ دار کی دعوت کی جائے تو وہ کہہ دے کہ میں روزے سے ہوں۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ اس باب میں دونوں حدیثیں جو حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہیں حسن صحیح ہیں۔

## ۵۲۹: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ كَرَاهِيَةِ صَوْمِ الْمَرْاَةِ اِلَّا بِاِذْنِ زَوْجِهَا

## ۵۲۹: باب عورت کا شوہر کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ رکھنا مکروہ ہے

۷۶۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَنَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ نَا سُفْيَانُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ لَا تَصُوْمُ الْمَرْاَةُ وَزَوْجُهَا شَاهِدٌ يَوْمًا مِنْ غَيْرِ شَهْرِ رَمَضَانَ اِلَّا بِاِذْنِهٖ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِیْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ قَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَبِیْ عُثْمَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۷۶۱: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کوئی عورت اپنے شوہر کی موجودگی میں اس کی اجازت کے بغیر رمضان کے علاوہ کوئی دوسرا (یعنی نفلی) روزہ نہ رکھے۔ اس باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور ابو سعدؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور اس حدیث کو ابو زناد نے روایت کیا ہے۔ موسیٰ بن ابو عثمان سے وہ اپنے والد سے اور وہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

## ۵۳۰: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ تَاخِیْرِ قَضَاءِ رَمَضَانَ

۷۶۲: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اِسْمٰعِیْلَ السُّدِّیِّ عَنْ عَبْدِاللهِ الْبَهِیِّ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَاکُنْتُ اَقْضِیْ مَایَکُوْنُ عَلَیَّ مِنْ رَمَضَانَ اِلَّا فِیْ شَعْبَانَ حَتّٰی تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَ قَدْ رَوَاهُ یَحْیَی بْنُ سَعِیْدِ الْاَنْصَارِیُّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ نَحْوَ هٰذَا.

## ۵۳۰: باب رمضان کی قضاء میں تاخیر

۷۶۲: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے میں اپنے رمضان کے قضا روزے شعبان میں رکھتی تھی یہاں تک کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوگئی۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو یحییٰ بن سعید انصاری نے ابوسلمہؓ سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

## ۵۳۱: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ فَضْلِ الصَّائِمِ اِذَا اُکِلَ عِنْدَهٗ

۷۶۳: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ نَا شَرِیْکٌ عَنْ حَبِیْبِ ابْنِ زَیْدٍ عَنْ لَیْلٰی عَنْ مَوْلَاتِهَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصَّائِمُ اِذَا اَکَلَ عِنْدَهُ الْمَفَاطِیْرُ صَلَّتْ عَلَیْهِ الْمَلٰئِکَةُ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی وَرَوٰی شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ زَیْدٍ عَنْ جَدَّتِهٖ اُمِّ عُمَارَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ.

## ۵۳۱: باب روزہ دار کا ثواب جب لوگ اس کے سامنے کھانا کھائیں

۷۶۳: ابولیلیٰ اپنی مولاہ سے نقل کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کسی روزہ دار کے سامنے کھایا پیا جائے تو فرشتے اس کی مغفرت کی دعا کرتے ہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ شعبہ یہ حدیث حبیب بن زید سے وہ اپنی دادی ام عمارہ سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے مثل روایت کرتے ہیں۔

۷۶۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ نَا شُعْبَةُ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ زَیْدٍ قَالَ سَمِعْتُ مَوْلَاةً لَّنَا یُقَالُ لَهَا لَیْلٰی تُحَدِّثُ عَنْ اُمِّ عُمَارَةَ ابْنَةِ کَعْبِ الْاَنْصَارِیَّةِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَیْهَا فَقَدَّمَتْ اِلَیْهِ طَعَامًا فَقَالَ کُلِیْ فَقَالَتْ اِنِّیْ صَائِمَةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الصَّائِمَ تُصَلِّیْ عَلَیْهِ الْمَلٰئِکَةُ اِذَا اُکِلَ عِنْدَهٗ حَتّٰی یَفْرُغُوْا وَرُبَّمَا قَالَ حَتّٰی یَشْبَعُوْا قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَهُوَ اَصَحُّ مِنْ حَدِیْثِ شَرِیْکٍ.

۷۶۴: ام عمارہ بنت کعب انصاریہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ ان کے گھر تشریف لائے تو میں نے آپ ﷺ کی خدمت میں کھانا پیش کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا تم بھی کھاؤ میں نے عرض کیا میرا روزہ ہے آپ ﷺ نے فرمایا اگر کسی روزہ دار کے سامنے کھایا جائے تو ان کے کھانے سے فارغ ہونے سے یا فرمایا ان کے سیر ہو جانے تک فرشتے روزہ دار کے لئے مغفرت کی دعا کرتے رہتے ہیں۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح اور شریک کی روایت سے اصح ہے۔

۷۶۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ زَیْدٍ عَنْ مَوْلَاةٍ لَهُمْ یُقَالُ لَهَا لَیْلٰی عَنْ اُمِّ عُمَارَةَ بِنْتِ کَعْبٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ

۷۶۵: محمد بن بشار، محمد بن جعفر سے، وہ شعبہ سے وہ حبیب بن زید سے وہ اپنی مولاۃ (لیلیٰ) سے اور وہ اُم عمارہ بن کعب سے اسی کی مثل روایت کرتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اس کی

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ حَتّٰى يَفْرُغُوْا اَوْ يَشْبَعُوْا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَ اُمُّ عُمَارَةَ وَ هِيَ جَدَّةُ حَبِيْبِ بْنِ زَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ.

مثل لیکن اس میں "حَتّٰى يَفْرَغُوا اَوْيَشْبَعُوا" کے الفاظ کا ذکر نہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ام عمارہ، حبیب بن زید انصاری کی دادی ہیں۔

## ۵۳۲: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ قَضَآءِ الْحَائِضِ الصِّيَامَ دُوْنَ الصَّلٰوةِ

## ۵۳۲: باب حائضہ روزوں کی قضا کرے نماز کی نہیں

۷۶۶: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عُبَيْدَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنَّا نَحِيْضُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَطْهُرُ فَيَأْمُرُنَا بِقَضَاءِ الصِّيَامِ وَلَا يَأْمُرُنَا بِقَضَاءِ الصَّلٰوةِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَ قَدْ رُوِيَ عَنْ مُعَاذَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَيْضًا وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ لَا نَعْلَمُ بَيْنَهُمْ اخْتِلَافًا فِيْ اَنَّ الْحَائِضَ تَقْضِي الصِّيَامَ وَلَا تَقْضِي الصَّلٰوةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَ عُبَيْدَةُ هُوَ ابْنُ مُعَتِّبٍ الضَّبِّيُّ الْكُوْفِيُّ وَ يُكْنٰى اَبَا عَبْدِالْكَرِيْمِ.

۷۶۶: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایام حیض سے پاک ہوتیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں روزوں کی قضاء کا حکم دیا کرتے تھے اور جب کہ نماز کی قضا کا حکم نہیں دیتے تھے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے اور معاویہؓ سے بھی بواسطہ عائشہؓ مروی ہے۔ اہل علم کا اس مسئلے میں اتفاق ہے کہ حائضہ صرف روزوں کی قضا کرے اور نماز کی قضا نہ کرے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں عبیدہ وہ عبیدہ بن معتب ضبی کوفی ہیں ان کی کنیت ابوعبدالکریم ہے۔

## ۵۳۳: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ مُبَالَغَةِ الْاِسْتِنْشَاقِ لِلصَّائِمِ

## ۵۳۳: باب روزہ دار کے لئے ناک میں پانی ڈالنے میں مبالغہ کرنا مکروہ ہے

۷۶۷: حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ الْوَرَّاقُ وَ اَبُوْ عَمَّارٍ قَالَ نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اِسْمٰعِيْلُ ابْنُ كَثِيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَاصِمَ بْنَ لَقِيْطِ بْنِ صَبِرَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِيْ عَنِ الْوُضُوْءِ قَالَ اَسْبِغِ الْوُضُوْءَ وَخَلِّلْ بَيْنَ الْاَصَابِعِ وَ بَالِغْ فِي الْاِسْتِنْشَاقِ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ صَائِمًا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ كَرِهَ اَهْلُ الْعِلْمِ السُّعُوْطَ لِلصَّائِمِ وَ رَاَوْا اَنَّ ذٰلِكَ يُفْطِرُهُ وَفِي الْحَدِيْثِ مَا يُقَوِّيْ قَوْلَهُمْ.

۷۶۷: عاصم بن لقیط بن صبرہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھے وضو کا طریقہ بتایئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اچھی طرح وضو کرو انگلیوں کا خلال کرو اور اگر روزے سے نہ ہو تو ناک میں بھی اچھی طرح پانی ڈالو۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ علماء نے روزے کی حالت میں ناک میں دوا ڈالنے کو مکروہ کہا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اس سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ یہ حدیث ان کے اس قول کی تائید کرتی ہے۔

## ۵۳۴: بَابُ مَاجَآءَ فِيْمَنْ نَزَلَ بِقَوْمٍ فَلَا يَصُوْمُ اِلَّا بِاِذْنِهِمْ

## ۵۳۴: باب جو شخص کسی کا مہمان ہو تو میزبان کی اجازت کے بغیر (نفلی) روزہ نہ رکھے

۷۶۸: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا اَيُّوْبُ بْنُ

۷۶۸: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول

وَاقِدِ الْكُوفِيُّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مَنْ نَزَلَ عَلٰى قَوْمٍ فَلَايَصُوْمَنَّ تَطَوُّعًا اِلَّا بِاِذْنِهِمْ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ لَا نَعْرِفُ اَحَدًا مِنَ الثِّقَاتِ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ وَقَدْ رَوٰى مُوْسَى ابْنُ دَاوُدَ عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ الْمَدَنِيِّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ نَحْوًا مِنْ هٰذَا وَ هٰذَا حَدِيْثٌ ضَعِيْفٌ اَيْضًا اَبُوْ بَكْرٍ ضَعِيْفٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَ اَبُوْبَكْرٍ الْمَدِنِيُّ الَّذِيْ رَوٰى عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ اسْمُهٗ الْفَضْلُ بْنُ مُبَشِّرٍ وَهُوَاَوْثَقُ مِنْ هٰذَا وَاَقْدَمُ.

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی کے ہاں مہمان بن کر جائے تو وہ ان کی اجازت کے بغیر روزہ نہ رکھے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث منکر ہے ہم اسے کسی ثقہ راوی کی ہشام بن عروہ سے روایت کے متعلق نہیں جانتے۔ موسیٰ بن داؤد، ابوبکر مدنی سے وہ ہشام بن عروہ سے وہ اپنے والد سے وہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔ یہ حدیث بھی ضعیف ہے کیونکہ محدثین کے نزدیک ابوبکر ضعیف ہیں۔ ابوبکر مدنی جو جابر بن عبداللہ سے روایت کرتے ہیں ان کا نام فضل بن مبشر ہے اور وہ ان سے زیادہ ثقہ اور پرانے ہیں۔

**خلاصۃ الابواب:** جمہور علماء کے نزدیک عورت کے لئے بغیر شوہر کی اجازت کے روزہ یا اور کوئی نفلی عبادت کرنا حرام ہے گناہ گار ہوگی۔ ۲۔ قضاء رمضان میں جلدی کرنا واجب نہیں اگرچہ افضل اور مستحب ہے۔ ۳۔ روزہ کی حالت میں ناک میں پانی ڈالنے میں مبالغہ کرنے سے اس لئے روکا گیا ہے کہ اس سے پانی کے دماغ یا گلے تک پہنچنے کا خطرہ ہوتا ہے اسی حدیث سے فقہاءؒ نے اصول مستنبط کیا ہے کہ اگر کوئی چیز دماغ میں یا پیٹ کے اندر تک پہنچ جائے تو وہ مفسد صوم (روزہ توڑنے والی) ہوتی ہے اس اصول سے ثابت ہوا کہ سگریٹ یا حقہ سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور انجکشن سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ اسی پر فتویٰ ہے۔

## ۵۳۵: بَابُ مَاجَآءَ فِي الْاِعْتِكَافِ

## ۵۳۵: باب اعتکاف

۷۶۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا عَبْدُالرَّزَاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْاَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ حَتّٰى قَبَضَهُ اللهُ قَالَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَاَبِيْ لَيْلٰى وَاَبِيْ سَعِيْدٍ وَاَنَسٍ وَابْنِ عُمَرَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعَائِشَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۶۹: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور عروہ رضی اللہ عنہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی وفات تک رمضان کے آخری دس دن اعتکاف کیا کرتے تھے۔ اس باب میں ابی بن کعب رضی اللہ عنہ، ابولیلیٰ، ابوسعید رضی اللہ عنہ، انس رضی اللہ عنہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابوہریرہؓ اور عائشہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۷۰: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَعْتَكِفَ صَلَّى الْفَجْرَ ثُمَّ دَخَلَ

۷۷۰: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اعتکاف کا ارادہ کرتے تو فجر کی نماز کے بعد ہی اپنی اعتکاف گاہ میں داخل ہو جایا کرتے تھے۔

فِیْ مُعْتَكَفِهٖ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلاً وَرَوَاهُ مَالِكٌ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ مُرْسَلاً وَرَوَاهُ الْاَوْزَاعِيُّ وَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيّ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اِذَا اَرَادَ الرَّجُلُ اَنْ يَّعْتَكِفَ صَلَّى الْفَجْرَ ثُمَّ دَخَلَ فِیْ مُعْتَكِفِهٖ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ وَاِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّعْتَكِفَ فَلْتَغِبْ لَهُ الشَّمْسُ مِنَ اللَّيْلَةِ الَّتِیْ يُرِيْدُ اَنْ يَعْتَكِفَ فِيْهَا مِنَ الْغَدِ وَقَدْ قَعَدَ فِیْ مُعْتَكَفِهٖ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ۔

امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے بھی مروی ہے وہ عمرہ سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً روایت کرتے ہیں۔ مالک اور کئی راوی بھی اس حدیث کو یحییٰ بن سعید سے مرسلاً روایت کرتے ہیں۔ اوزاعی اور سفیان ثوریؒ بھی، یحییٰ بن سعید سے وہ عمرہ سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے وہ کہتے ہیں کہ اعتکاف کا ارادہ ہو تو فجر کے بعد اعتکاف گاہ میں داخل ہو جائے۔ امام احمد بن حنبلؒ اور اسحٰق بن ابراہیمؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ جس روز اعتکاف کرنا ہو اس رات کو سورج غروب ہونے سے پہلے اسے اپنی اعتکاف گاہ میں بیٹھنا چاہیے۔ سفیان ثوریؒ اور مالک بن انسؒ کا یہی قول ہے۔

## ۵۳۶: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

## ۵۳۶: باب شب قدر

۷۷۱: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِیُّ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يُجَاوِرُ فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ وَ يَقُوْلُ تَحَرَّوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ وَفِی الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَجَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ وَابْنِ عُمَرَ وَ الْفُلَتَانِ ابْنِ عَاصِمٍ وَاَنَسٍ وَاَبِیْ سَعِيْدٍ وَ عَبْدِاللهِ بْنِ اُنَيْسٍ وَاَبِیْ بَكْرَةَ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ وَبِلَالٍ وَعُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَوْلُهَا يُجَاوِرُ تَعْنِیْ يَعْتَكِفُ وَ اَكْثَرُ الرِّوَايَاتِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ الْتَمِسُوْهَا فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ فِیْ كُلِّ وِتْرٍ وَرُوِیَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ اَنَّهَا لَيْلَةُ اِحْدٰى وَ عِشْرِيْنَ وَ لَيْلَةُ ثَلٰثٍ وَّعِشْرِيْنَ وَخَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ وَسَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَتِسْعٍ وَّعِشْرِيْنَ

۷۷۱: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری دس دن اعتکاف بیٹھتے اور فرماتے شب قدر کو رمضان کے آخری عشرے میں تلاش کرو۔ اس باب میں حضرت عمرؓ، ابی بن کعبؓ، جابر بن سمرۃؓ، جابر بن عبداللہؓ، ابن عمرؓ، فلتان بن عاصمؓ، انسؓ، ابوسعیدؓ، عبداللہ بن انیسؓ، ابوبکرۃؓ، ابن عباسؓ، بلالؓ اور عبادہ بن صامتؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ''یجاور'' کے معنی اعتکاف کرنے کے ہیں۔ اکثر روایتوں میں یہی ہے کہ شب قدر کو رمضان کے آخری عشرے کی ہر طاق رات میں تلاش کرو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے شب قدر کے متعلق یہ بھی مروی ہے کہ وہ اکیسویں، تیسویں، پچیسویں، انتیسویں یا رمضان کی آخری رات ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک واللہ اعلم اس کی حقیقت یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جس طرح کا سوال کیا جاتا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس

وَاٰخِرُ لَيْلَةٍ مِنْ رَمَضَانَ قَالَ الشَّافِعِيُّ كَانَ هٰذَا عِنْدِيْ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُجِيْبُ عَلٰى نَحْوِمَا يُسْئَالُ عَنْهُ يُقَالُ لَهٗ نَلْتَمِسُهَا فِيْ لَيْلَةِ كَذَا فَيَقُوْلُ الْتَمِسُوْهَا فِيْ لَيْلَةِ كَذَا قَالَ الشَّافِعِيُّ وَاَقْوَى الرِّوَايَاتِ عِنْدِيْ فِيْهَا لَيْلَةُ اِحْدٰى وَ عِشْرِيْنَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَ قَدْ رُوِيَ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّهٗ كَانَ يَحْلِفُ اَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَّ عِشْرِيْنَ وَ يَقُوْلُ اَخْبَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِعَلَامَتِهَا فَعَدَدْنَا وَ حَفِظْنَا وَ رُوِيَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ اَنَّهٗ قَالَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ تَنْتَقِلُ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ اَخْبَرَنَا بِذٰلِكَ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ بِهٰذَا.

۷۷۲: حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِالْاَعْلَى الْكُوْفِيُّ نَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ قَالَ قُلْتُ لِاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنّٰى عَلِمْتَ اَبَا الْمُنْذِرِ اَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ قَالَ بَلٰى اَخْبَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا لَيْلَةٌ صَبِيْحَتُهَا تَطْلُعُ الشَّمْسُ لَيْسَ لَهَا شُعَاعٌ فَعَدَدْنَا وَ حَفِظْنَا وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ اَنَّهَا فِيْ رَمَضَانَ وَ اَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَّ عِشْرِيْنَ وَلٰكِنْ كَرِهَ اَنْ يُخْبِرَكُمْ فَتَتَّكِلُوْا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۷۳: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ نَا عُيَيْنَةُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ ذَكَرْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ عِنْدَ اَبِيْ بَكْرَةَ فَقَالَ مَا اَنَا بِمُلْتَمِسُهَا لِشَيْءٍ سَمِعْتُهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ فَاِنِّيْ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ الْتَمِسُوْهَا فِيْ تِسْعٍ يَبْقَيْنَ اَوْسَبْعٍ يَبْقَيْنَ اَوْ خَمْسٍ يَبْقَيْنَ اَوْ ثَلٰثٍ اَوَاٰخِرِ لَيْلَةٍ قَالَ وَكَانَ اَبُوْ بَكْرَةَ يُصَلِّيْ فِي الْعِشْرِيْنَ مِنْ رَمَضَانَ كَصَلٰوتِهٖ فِيْ سَائِرِ السَّنَةِ

طرح کا جواب دیا کرتے تھے۔ اگر کہا جاتا کہ ہم اسے اس رات میں تلاش کریں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے اچھا اس میں تلاش کرو لیکن میرے نزدیک قوی روایت اکیسویں رات والی ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں ابی بن کعب رضی اللہ عنہ قسم کھا کر فرمایا کرتے تھے کہ یہ ستائیسویں رات ہی ہے اور فرماتے کہ ہمیں نبی اکرم صلی للہ علیہ وسلم نے اس کی علامات بتائی تھیں ہم نے اسے گن کر یاد کرلیا۔ ابوقلابہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا شب قدر آخری عشرے میں بدلتی رہتی ہے۔ ہمیں اس کی خبر عبد بن حمید نے عبدالرزاق کے حوالے سے دی۔ وہ معمر سے وہ ایوب سے اور وہ ابوقلابہ سے روایت کرتے ہیں۔

۷۷۲: حضرت زرؓ نے اُبی بن کعبؓ سے پوچھا کہ آپؓ نے ابو منذر کو کس طرح کہا کہ شب قدر رمضان کی ستائیسویں رات ہے۔ فرمایا بے شک ہمیں رسول اللہ ﷺ نے بتایا کہ وہ ایسی رات ہے کہ اس کے بعد جب صبح سورج نکلتا ہے تو اس میں شعاعیں نہیں ہوتیں۔ ہم نے گنا اور حفظ کرلیا قسم ہے اللہ کی کہ ابن مسعودؓ بھی جانتے تھے کہ یہ رات رمضان کی ستائیسویں رات ہی ہے لیکن تم لوگوں کو بتانا بہتر نہیں سمجھا تاکہ تم صرف اس رات پر بھروسہ نہ کرنے لگو اور دوسری راتوں میں عبادت کرنا کم نہ کردو۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۷۳: عیینہ بن عبدالرحمٰن اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ ابو بکرہؓ کے سامنے شب قدر کا تذکرہ کیا گیا تو انہوں نے فرمایا میں نے اس وقت سے اسے تلاش کرنا چھوڑ دیا ہے جب سے رسول اللہ ﷺ نے اس کے متعلق فرمایا کہ اسے رمضان کے آخری عشرے میں تلاش کرو۔ آپ ﷺ نے فرمایا جب رمضان کے ختم ہونے میں نو راتیں باقی رہ جائیں اور اسے (یعنی لیلۃ القدر کو) تلاش کرو یا جب سات راتیں رہ جائیں یا جب پانچ راتیں رہ جائیں یا پھر رمضان کی آخری رات۔ راوی کہتے ہیں کہ ابوبکرہؓ

فَاِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ جْتَهَدَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

رمضان کے پہلے بیس دن پورے سال کی مانند پڑھتے پھر جب آخری عشرہ شروع ہوتا تو (زیادہ سے زیادہ عبادت کرنے کی) کوشش کرتے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۵۳۷: بَابُ مِنْهُ

## ۵۳۷: باب اسی سے متعلق

۷۷۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيْمَ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوْقِظُ اَهْلَهُ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۷۴: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرے میں اپنے گھر والوں کو جگایا کرتے تھے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ کہتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۷۷۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِاللهِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْتَهِدُ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مَالَا يَجْتَهِدُ فِيْ غَيْرِهَا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۷۵: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرے میں عبادت کی جس قدر کوشش فرماتے اتنی دوسرے دنوں میں نہ کرتے تھے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب حسن صحیح ہے۔

## ۵۳۸: بَابُ مَاجَآءَ فِي الصَّوْمِ فِي الشِّتَاءِ

## ۵۳۸: باب سردیوں کے روزے

۷۷۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا سُفْيٰنُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ نُمَيْرِ بْنِ عَرِيْبٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْغَنِيْمَةُ الْبَارِدَةُ الصَّوْمُ فِي الشِّتَاءِ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ مُرْسَلٌ عَامِرُ بْنُ مَسْعُوْدٍ لَمْ يُدْرِكِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ وَالِدُ اِبْرَاهِيْمَ ابْنِ عَامِرِ الْقُرَشِيِّ الَّذِيْ رَوٰى عَنْهُ شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ.

۷۷۶: حضرت عامر بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ٹھنڈی نعمت (یعنی نعمت کا ثواب) سردیوں میں روزہ رکھنا ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث مرسل ہے عامر بن مسعود نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ نہیں پایا اور یہ ابراہیم بن عامر قرشی کے والد ہیں ان سے شعبہ اور سفیان ثوری نے روایت کی ہے۔

**خلاصۃ الابواب: ۵۳۵تا۵۳۸** اعتکاف کی تین قسمیں ہیں۔ ۱۔ اعتکاف مسنون جو صرف رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں اکیسویں شب سے عید کا چاند دیکھنے تک کیا جاتا ہے۔ ۲۔ اعتکاف نفل وہ اعتکاف ہے جو کسی بھی وقت کیا جا سکتا ہے۔ ۳۔ اعتکاف واجب۔ وہ اعتکاف ہے جو نذر کرنے یعنی منت ماننے سے واجب ہو گیا ہو واضح رہے کہ کسی عبادت کے انجام دینے کا دل دل میں ارادہ کر لینے سے نذر نہیں ہوتی بلکہ نذر کے الفاظ کا زبان سے ادا کرنا ضروری ہے نیز زبان سے ہی صرف ارادہ کا اظہار کافی نہیں بلکہ یہ کہے کہ میں نے اعتکاف کو اپنے ذمہ لازم کر لیا۔

## ۵۳۹: بَابُ مَاجَآءَ عَلٰى

## ۵۳۹: باب ان لوگوں کا روزہ

## الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ

۷۷۷: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ عَمْرِو ابْنِ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ يَزِيْدَ مَوْلٰى سَلَمَةَ ابْنِ الْاَكْوَعِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَ عَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ كَانَ مَنْ اَرَادَمِنَّا اَنْ يُفْطِرَ وَ يَفْتَدِيَ حَتّٰى نَزَلَتِ الْاٰيَةُ الَّتِيْ بَعْدَهَا فَنَسَخَتْهَا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَ يَزِيْدُ هُوَابْنُ اَبِيْ عُبَيْدٍ مَوْلٰى سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ۔

## رکھنا جواس کی طاقت رکھتے ہیں

۷۷۷: حضرت سلمہ بن اکوعؓ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی "وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ" (ترجمہ: یعنی جن لوگوں میں روزہ رکھنے کی طاقت نہ ہو وہ اس کے بدلے میں مسکین کو کھانا کھلائیں) تو ہم میں سے جو چاہتا کہ روزہ نہ رکھے تو وہ فدیہ دے دیتا یہاں تک کہ اس کے بعد والی آیت نازل ہوئی اور اس نے اس حکم کو منسوخ کر دیا۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور یزید ابوعبید کے بیٹے اور سلمہ بن اکوعؓ کے مولیٰ ہیں۔

**خلاصۃ الباب:** حنفیہ اور جمہور کے نزدیک یہ جائز نہیں کہ کوئی شخص ارادۂ سفر کرے اور شہر سے نکلنے سے پہلے روزہ چھوڑ دے۔ جہاں تک حدیث کا تعلق ہے سو وہ اس بارے میں صریح نہیں کہ حضرت انسؓ نے اپنے وطن میں کھانا کھایا تھا بلکہ ہوسکتا ہے کہ یہ راستہ کی کسی منزل کا واقعہ ہے۔ (واللہ اعلم) ۔۲۔ حاجت طبعیہ مثلاً بول و براز اور غسل جنابت اور حاجت شرعیہ مثلاً نماز جمعہ نماز عید اور اذان وغیرہ کے لئے نکلنا جائز ہے۔ امام ابوحنیفہؒ، امام مالکؒ، امام شافعیؒ اور امام احمد بن حنبلؒ اور جمہور امت کا اس پر اتفاق ہے کہ کم از کم بیس رکعات تراویح ہیں البتہ امام مالکؒ سے ایک روایت میں چھتیس اور ایک روایت میں اکتالیس رکعتیں مروی ہیں جبکہ انکی تیسری روایت جمہور ائمہ ہی کے مطابق ہے پھر ان چھتیس رکعات کی اصل بھی یہ ہے کہ اہل مکہ مکرمہ کا معمول بیس رکعات تراویح پڑھنے کا تھا لیکن وہ ہر ترویحہ کے بعد ایک طواف کیا کرتے تھے اہل مدینہ چونکہ طواف نہیں کر سکتے تھے اس لئے انہوں نے اپنی نماز میں ایک طواف کی جگہ چار رکعتیں بڑھا دیں اس طرح ان کی تراویح میں اہل مکہ کے مقابلہ میں سولہ رکعتیں زیادہ ہوگئیں تفصیل کے لئے (المغنی لابن قدامہ ج ۲ ص ۱۶۷ فصل) (والمختار عندابی عبداللہ فیما عشوون رکعۃ) دیکھئے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اصلاً ان کے نزدیک بھی رکعات تراویح بیس تھیں گویا تراویح کی بیس رکعات پر ائمہ کا اجماع ہے۔ مؤطا امام مالک میں حضرت یزید بن رومانؒ سے روایت ہے كَانَ النَّاسُ يَقُوْمُوْنَ فِيْ زَمَانِ عُمَرَبْنِ الخطاب فِيْ رَمَضَانَ بِثَلَاثٍ وَعَشْرِمِنْ رَكْعَةٍ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں لوگ تیس رکعات ادا کرتے تھے (بیس رکعات تراویح اور تین وتر) یحییٰ بن سعید کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے ایک شخص کو حکم دیا کہ وہ لوگوں کو بیس رکعات پڑھائے۔ مصنف ابن ابی شیبہ ج ۲ ص ۳۹۳۔ امام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں فَلَمَّا جَمَعَهُمْ عُمَرُ عَلٰى اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ كَانَ يُصَلِّيْ بِهِمْ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً۔ پس جب حضرت عمرؓ نے لوگوں کو اُبی بن کعب پر جمع کیا تو وہ لوگوں کو بیس رکعات پڑھاتے تھے فتاویٰ ابن تیمیہ ج ۲۲ ص ۲۷۲۔ امام شعرانی لکھتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کی خلافت کے ابتدائی دور میں تراویح تیرہ رکعات پڑھتے تھے اور قاری لمبی سورتیں پڑھتا تھا یہاں تک کہ لمبے قیام کی وجہ سے لاٹھیوں پر ٹیک لگاتے تھے اور ان دنوں میں امام حضرت ابی بن کعبؓ اور تمیم داریؓ تھے پھر حضرت عمرؓ نے تیس رکعات پڑھنے کا حکم دیا بیس رکعات تراویح اور تین وتر اور اسی پر معاملہ ٹک گیا مختلف شہروں میں۔

## ۵۴۰: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ مَنْ اَکَلَ ثُمَّ خَرَجَ یُرِیْدُ سَفَرًا

۷۷۸: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ قَالَ نَا عَبْدُاللّٰہِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ کَعْبٍ اَنَّهٗ قَالَ اَتَیْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِکٍ فِیْ رَمَضَانَ وَھُوَ یُرِیْدُ سَفَرًا وَقَدْ رُحِلَتْ لَهٗ رَاحِلَتُهٗ وَ لَبِسَ ثِیَابَ السَّفَرِ فَدَعٰی بِطَعَامٍ فَاَکَلَ فَقُلْتُ لَهٗ سُنَّةٌ فَقَالَ سُنَّةٌ ثُمَّ رَکِبَ.

۷۷۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ نَا سَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ زَیْدُ بْنُ اَسْلَمَ قَالَ حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْکَدِرِ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ کَعْبٍ قَالَ اَتَیْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِکٍ فِیْ رَمَضَانَ فَذَکَرَ نَحْوَهٗ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ھُوَا بْنُ اَبِیْ کَثِیْرٍ مَدِیْنِیٌّ ثِقَةٌ وَھُوَ اَخُوْ اِسْمٰعِیْلَ بْنِ جَعْفَرٍ وَ عَبْدُاللّٰہِ بْنُ جَعْفَرٍ ھُوَ ابْنُ نَجِیْحٍ وَالِدُ عَلِیِّ بْنِ الْمَدِیْنِیِّ وَ کَانَ یَحْیٰی بْنُ مَعِیْنٍ یُضَعِّفُهٗ وَ قَدْ ذَھَبَ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ اِلٰی ھٰذَا الْحَدِیْثِ وَ قَالَ لِلْمُسَافِرِ اَنْ یُفْطِرَ فِیْ بَیْتِهٖ قَبْلَ اَنْ یَخْرُجَ وَ لَیْسَ لَهٗ اَنْ یَقْصُرَ الصَّلٰوةَ حَتّٰی یَخْرُجَ مِنْ جِدَارِ الْمَدِیْنَةِ اَوِ الْقَرْیَةِ وَھُوَ قَوْلُ اِسْحٰقَ ابْنِ اِبْرَاھِیْمَ.

## ۵۴۰: باب جو شخص رمضان میں کھانا کھا کر سفر کے لئے نکلے

۷۷۸: محمد بن کعبؓ سے روایت ہے کہ میں رمضان میں انس بن مالکؓ کے پاس آیا تو وہ کہیں جانے کا ارادہ کر رہے تھے اور ان کی سواری تیار تھی انہوں نے سفر کا لباس پہن لیا تھا پھر انہوں نے کھانا منگوایا اور کھایا۔ میں نے کہا کیا یہ سنت ہے؟ انہوں نے فرمایا ہاں سنت ہے۔ اور پھر سوار ہو گئے۔

۷۷۹: محمد بن اسمٰعیل، سعید بن ابو مریم سے وہ محمد بن جعفر سے وہ زید بن اسلم سے وہ محمد بن منکدر سے اور وہ محمد بن کعب سے روایت کرتے ہیں کہ میں انس بن مالکؓ کے پاس آیا اور پھر اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔ محمد بن جعفر، ابن ابی کثیر مدنی ہیں۔ یہ ثقہ ہیں اور اسمٰعیل بن جعفر کے بھائی ہیں۔ عبداللہ بن جعفر نجیح کے بیٹے اور علی بن مدینی کے والد ہیں۔ یحییٰ بن معین انہیں ضعیف کہتے ہیں۔ بعض اہل علم کا اس حدیث پر عمل ہے وہ کہتے ہیں کہ مسافر کو سفر کے لئے نکلنے سے پہلے افطار کرنا چاہیے۔ لیکن قصر نماز اس وقت تک نہ شروع کرے جب تک گاؤں یا شہر کی حدود سے باہر نہ نکل جائے یہ اسحٰق بن ابراہیم کا قول ہے۔

## ۵۴۱: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ تُحْفَةِ الصَّآئِمِ

۷۸۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِیْفٍ عَنْ عُمَیْرِ بْنِ مَامُوْنٍ عَنِ الْحَسَنِ ابْنِ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تُحْفَةُ الصَّآئِمِ الدُّھْنُ وَالْمِجْمَرُ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِسْنَادُهٗ بِذَاکَ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ سَعْدِ بْنِ طَرِیْفٍ وَ سَعْدٌ یُضَعَّفُ وَ یُقَالُ عُمَیْرُ بْنُ مَامُوْمٍ اَیْضًا.

## ۵۴۱: باب روزہ دار کے تحفے

۷۸۰: حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ دار کو تحفہ دیا جائے تو تیل یا خوشبو وغیرہ دینی چاہیے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے اس کی سند قوی نہیں ہے۔ ہم اس حدیث کو سعد بن طریف کی روایت کے علاوہ نہیں جانتے اور سعد ضعیف ہیں۔ انہیں عمیر بن ماموم بھی کہا جاتا ہے۔

## ۵۴۲: بَابُ مَاجَآءَ فِی الْفِطْرِ

## ۵۴۲: باب عید الفطر

## وَ الْاَضْحٰی مَتٰی یَکُوْنُ

۷۸۱: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مُوْسٰی نَا یَحْیَی بْنُ الْیَمَانِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْفِطْرُ یَوْمَ یُفْطِرُ النَّاسُ وَالْاَضْحٰی یَوْمَ یُضَحِّی النَّاسُ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی سَاَلْتُ مُحَمَّدًا قُلْتُ لَہٗ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْکَدِرِ سَمِعَ مِنْ عَائِشَۃَ قَالَ نَعَمْ یَقُوْلُ فِیْ حَدِیْثِہٖ سَمِعْتُ عَائِشَۃَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ.

## اور عید الاضحیٰ کب ہوتی ہے؟

۷۸۱: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عید الفطر اس دن جب جب سب لوگ افطار کریں (یعنی روزہ نہ رکھیں) اور عید الاضحیٰ اس دن ہے جس دن سب لوگ قربانی کریں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں میں نے محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے سوال کیا کہ کیا محمد بن منکدر نے حضرت عائشہؓ سے احادیث سنی ہیں انہوں نے فرمایا ہاں وہ اپنی حدیث میں کہتے ہیں کہ میں نے عائشہؓ سے سنا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اس سند سے حسن غریب صحیح ہے۔

## ۵۴۳: بَابُ مَاجَآءَ فِی الْاِعْتِکَافِ اِذَا خَرَجَ مِنْہُ

۷۸۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ اَنْبَانَا حُمَیْدٌ الطَّوِیْلُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعْتَکِفُ عَامًا فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ فَلَمْ یَعْتَکِفْ عَامًا فَلَمَّا کَانَ فِی الْعَامِ الْمُقْبِلِ اعْتَکَفَ عِشْرِیْنَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ مِنْ حَدِیْثِ اَنَسٍ فَاخْتَلَفَ اَھْلُ الْعِلْمِ فِی الْمُعْتَکِفِ اِذَا قَطَعَ اِعْتِکَافَہٗ قَبْلَ اَنْ یُتِمَّہٗ عَلٰی مَانَوٰی فَقَالَ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ اِذَا نَقَضَ اِعْتِکَافَہٗ وَجَبَ عَلَیْہِ الْقَضَاءُ وَاحْتَجُّوْا بِالْحَدِیْثِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنْ اِعْتِکَافِہٖ فَاعْتَکَفَ عَشْرًا مِنْ شَوَّالٍ وَھُوَ قَوْلُ مَالِکٍ وَ قَالَ بَعْضُھُمْ اِنْ لَمْ یَکُنْ عَلَیْہِ نَذْرُ اِعْتِکَافٍ اَوْشَیْءٌ اَوْجَبَہٗ عَلٰی نَفْسِہٖ وَکَانَ مُتَطَوِّعًا فَخَرَجَ فَلَیْسَ عَلَیْہِ شَیْءٌ اَنْ یَقْضِیَ اِلَّا اَنْ یُحِبَّ ذٰلِکَ اِخْتِیَارًا مِنْہُ وَلَا یَجِبُ ذٰلِکَ عَلَیْہِ وَھُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ وَکُلُّ عَمَلٍ لَکَ اَنْ لَا تَدْخُلَ فِیْہِ فَاِذَا دَخَلْتَ فِیْہِ فَخَرَجْتَ مِنْہُ فَلَیْسَ عَلَیْکَ اَنْ تَقْضِیَ اِلَّا الْحَجَّ وَالْعُمْرَۃَ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ.

## ۵۴۳: باب ایام اعتکاف گزر جانا

۷۸۲: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ اعتکاف نہ کر سکے تو آئندہ سال بیس دن کا اعتکاف کیا۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ کہتے ہیں یہ حدیث انسؓ کی روایت سے حسن غریب صحیح ہے۔ علماء کا اس معتکف (اعتکاف کرنیوالا) کے بارے میں اختلاف ہے جو اسے پورا ہونے سے پہلے توڑ دے بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اگر اعتکاف توڑ دے تو اس کی قضا واجب ہے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ "ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ اعتکاف سے نکل آئے تو شوال میں دس دن اعتکاف کیا"۔ یہ امام مالکؒ کا قول ہے۔ امام شافعیؒ وغیرہ کہتے ہیں کہ اگر یہ اعتکاف نذر یا خود اپنے اوپر واجب کیا ہوا اعتکاف نہیں تھا تو اس کی قضا واجب نہیں اور صرف نفل کی نیت سے اعتکاف میں تھا اور پھر نکل آیا تو اس پر قضا واجب نہیں البتہ اگر اس کی چاہت ہو تو قضا کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ امام شافعیؒ کہتے ہیں۔ اگر کوئی عمل واجب نہ ہو اور تم اسے ادا کرنے لگو لیکن مکمل نہ کر سکو تو اس کی قضا واجب نہیں۔ ہاں اگر عمرے یا حج میں ایسا ہو تو قضا واجب ہے۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔

## ۵۴۴: بَابُ الْمُعْتَكِفُ يَخْرُجُ لِحَاجَتِهٖ اَمْ لَا

۷۸۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُصْعَبِ الْمَدِنِيُّ قِرَاءَةً عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اعْتَكَفَ اَدْنٰى اِلَيَّ رَاْسَهٗ فَاَرْجِلُهٗ وَ كَانَ لَا يَدْخُلُ الْبَيْتَ اِلَّا لِحَاجَةِ الْاِنْسَانِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ هٰكَذَا رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ وَالصَّحِيْحُ عَنْ عُرْوَةَ وَعَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ هٰكَذَا رَوَى اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ.

۷۸۴: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ قُتَيْبَةُ عَنِ اللَّيْثِ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اِذَا اعْتَكَفَ الرَّجُلُ اَنْ لَا يَخْرُجَ مِنْ اِعْتِكَافِهٖ اِلَّا لِحَاجَةِ الْاِنْسَانِ وَاَجْمَعُوْا عَلٰى هٰكَذَا اَنَّهٗ يَخْرُجُ لِقَضَاءِ حَاجَتِهٖ لِلْغَائِطِ وَالْبَوْلِ ثُمَّ اخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ عِيَادَةِ الْمَرِيْضِ وَشُهُوْدِ الْجُمُعَةِ وَالْجَنَازَةِ لِلْمُعْتَكِفِ فَرَاٰى بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اَنْ يَعُوْدَ الْمَرِيْضَ وَ يَتْبَعَ الْجَنَازَةَ وَ يَشْهَدَ الْجُمُعَةَ اِذَا اشْتَرَطَ ذٰلِكَ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَ ابْنِ الْمُبَارَكِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَيْسَ لَهٗ اَنْ يَفْعَلَ شَيْئًا مِنْ هٰذَا وَرَاَوْا لِلْمُعْتَكِفِ اِذَا كَانَ فِيْ مِصْرٍ يُجَمَّعُ فِيْهِ اَنْ لَا يَعْتَكِفَ اِلَّا فِي الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ لِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا لَهُ الْخُرُوْجَ مِنْ مُعْتَكَفِهٖ اِلَى الْجُمُعَةِ وَلَمْ يَرَوْا لَهٗ اَنْ يَتْرُكَ الْجُمُعَةَ فَقَالُوْا لَا يَعْتَكِفُ اِلَّا فِي الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ حَتّٰى لَا يَحْتَاجَ اِلٰى اَنْ يَخْرُجَ مِنْ مُعْتَكَفِهٖ لِغَيْرِ حَاجَةِ الْاِنْسَانِ لِاَنَّ خُرُوْجَهٗ لِغَيْرِ حَاجَةٍ

## ۵۴۴: باب کیا معتکف اپنی حاجت کے لئے نکل سکتا ہے

۷۸۳: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب اعتکاف میں ہوتے تو میری طرف اپنا سر مبارک جھکا دیتے اور میں اس میں کنگھی کر دیتی اور آپ ﷺ حاجت انسانی کے علاوہ گھر میں تشریف نہ لاتے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے اسی طرح کئی راوی مالک بن انس سے وہ ابن شہاب سے وہ عروہ سے اور عمرہ سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں اور صحیح یہ ہے کہ عروہ اور عمرہ حضرت عائشہؓ سے راویت کرتے ہیں۔ لیث بن سعد بھی ابن شہاب سے وہ عروہ سے انہوں نے عمرہ سے اور وہ دونوں حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں۔

۷۸۴: ہم سے بیان کی یہ حدیث قتیبہ نے انہوں نے لیث سے اور اسی پر علماء کا عمل ہے کہ اعتکاف کرنے والا انسانی حاجت (یعنی پاخانہ یا پیشاب) کے علاوہ اعتکاف سے نہ نکلے۔ علماء کا اسی پر اجماع ہے کہ اعتکاف کرنے والا صرف قضائے حاجت کے لئے ہی نکل سکتا ہے۔ اہل علم کا مریض کی عیادت، جمعہ کی نماز اور جنازہ میں شرکت کیلئے معتکف کے نکلنے میں اختلاف ہے۔ بعض صحابہؓ وغیرہ نے کہا کہ مریض کی عیادت بھی کرے اور جمعہ و جنازے میں بھی شریک ہو لیکن اس شرط پر کہ اعتکاف شروع کرتے وقت اس نے ان چیزوں کی نیت کی ہو۔ سفیان ثوریؒ اور ابن مبارکؒ کا یہی قول ہے بعض اہل علم کے نزدیک ان میں سے کوئی عمل بھی جائز نہیں پس اگر اعتکاف کرنے والا ایسے شہر میں ہو کہ اس میں جمعہ کی نماز ہوتی ہو تو اسے اسی مسجد میں اعتکاف بیٹھنا چاہیے اس لئے کہ ان حضرات کے نزدیک معتکف کا جمعہ کیلئے جانا مکروہ ہے۔ اور ان کے نزدیک معتکف کیلئے جمعہ چھوڑ دینا بھی جائز نہیں اس لئے اسے ایسی جگہ اعتکاف کرنا چاہیے تا کہ اسے قضائے حاجت کے علاوہ کسی دوسری ضرورت

الْاِنْسَانِ قَطْعٌ عِنْدَ هُمْ لِلْاِعْتِكَافِ وَهُوَ قَوْلُ مَالِكٍ وَالشَّافِعِيِّ وَقَالَ اَحْمَدُ لَا يَعُوْدُ الْمَرِيْضَ وَلَا يَتْبَعُ الْجَنَازَةَ عَلٰى حَدِيْثِ عَائِشَةَ وَ قَالَ اِسْحٰقُ اِنِ اشْتَرَطَ ذٰلِكَ فَلَهُ اَنْ يَتْبَعَ الْجَنَازَةَ وَ يَعُوْدَالْمَرِيْضَ.

کیلئے نکلنا نہ پڑے کیونکہ ان علماء کے نزدیک سوائے حاجت بشری کے علاوہ نکلنا اعتکاف کو توڑ دیتا ہے امام مالکؒ اور امام شافعیؒ کا یہی قول ہے۔امام احمدؒ، حضرت عائشہؓ کی حدیث کی وجہ سے اعتکاف کرنے والے کا جنازے یا مریض کی عیادت کیلئے نکلنا جائز نہیں سمجھتے۔ اسحٰقؒ فرماتے ہیں کہ اگر اعتکاف کے شروع میں اس کی نیت کی ہو تو پھر عیادت مریض اور جنازے کے ساتھ جانا جائز ہے۔

## ۵۴۵: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ قِيَامِ شَهْرِ رَمَضَانَ

## ۵۴۵: باب رمضان میں رات کونماز پڑھنا

۷۸۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَيْلِ عَنْ دَاوُدَ ابْنِ اَبِیْ هِنْدٍ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْجُرَشِيِّ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ صُمْنَامَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُصَلِّ بِنَا حَتّٰى بَقِيَ سَبْعٌ مِنَ الشَّهْرِ فَقَامَ بِنَا حَتّٰى ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ ثُمَّ لَمْ يَقُمْ بِنَافِی السَّادِسَةِ وَقَامَ بِنَا فِی الْخَامِسَةِ حَتّٰى ذَهَبَ شَطْرُاللَّيْلِ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ نَفَّلْتَنَا بَقِيَّةَ لَيْلَتِنَا هٰذِهٖ فَقَالَ اِنَّهٗ مَنْ قَامَ مَعَ الْاِمَامِ حَتّٰى يَنْصَرِفَ كُتِبَ لَهٗ قِيَامُ لَيْلَةٍ ثُمَّ لَمْ يُصَلِّ بِنَا حَتّٰى بَقِيَ ثَلٰثٌ مِنَ الشَّهْرِ وَصَلّٰى بِنَا فِی الثَّالِثَةِ وَ دَعٰى اَهْلَهٗ وَ نِسَاءَهٗ فَقَامَ بِنَا حَتّٰى تَخَوَّفْنَا الْفَلَاحَ قُلْتُ لَهٗ وَمَا الْفَلَاحُ قَالَ السُّحُوْرُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِیْ قِيَامِ رَمَضَانَ فَرَاٰى بَعْضُهُمْ اَنْ يُصَلِّيَ اِحْدٰى وَاَرْبَعِيْنَ رَكْعَةً مَعَ الْوِتْرِ وَهُوَ قَوْلُ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ هُمْ بِالْمَدِيْنَةِ وَ اَكْثَرُ اَهْلِ الْعِلْمِ عَلٰى مَا رُوِيَ عَنْ عَلِيٍّ وَ عُمَرَ وَغَيْرِ هِمَا مِنْ اَصْحٰبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَابْنِ الْمُبَارَكِ وَ الشَّافِعِيِّ وَ هٰكَذَا اَدْرَكْتُ بِبَلَدِ نَا بِمَكَّةَ يُصَلُّوْنَ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً وَقَالَ اَحْمَدُ رُوِيَ فِیْ هٰذَا اَلْوَانٌ وَلَمْ يُقْضَ فِيْهِ بِشَیْءٍ وَ قَالَ اِسْحٰقُ بَلْ نَخْتَارُ اِحْدٰى وَ

۷۸۵: حضرت ابوذرؓ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ روزے رکھے۔آپؐ نے تیئسویں رات تک ہمارے ساتھ رات کی نماز نہیں پڑھی (یعنی تراویح) پھر تیئسویں رات کو ہمیں لے کر کھڑے ہوئے یہاں تک کہ تہائی رات گزر گئی پھر چوبیسویں رات کو نماز نہ پڑھائی لیکن پچیسویں رات کو آدھی رات تک نماز (تراویح) پڑھائی۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہماری آرزو تھی کہ آپؐ رات بھی ہمارے ساتھ نوافل پڑھتے۔آپؐ نے فرمایا جو شخص امام کے ساتھ اس کے فارغ ہونے تک نماز میں شریک رہا اس کے لئے پوری رات کا قیام لکھ دیا گیا۔ پھر نبی ﷺ نے ستائیسویں رات تک نماز نہ پڑھائی۔ ستائیسویں رات کو پھر کھڑے ہوئے اور ہمارے ساتھ اپنے گھر والوں اور عورتوں کو بھی بلایا یہاں تک کہ ہمیں اندیشہ ہوا کہ فلاح کا وقت نہ نکل جائے۔راوی کہتے ہیں میں نے ابوذرؓ سے پوچھا فلاح کیا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا سحری۔امام ابوعیسٰی ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا رمضان میں رات کی نماز (یعنی تراویح) کے بارے میں اختلاف ہے۔بعض اہل علم کے نزدیک وتر سمیت اکتالیس رکعتیں پڑھنی چاہئیں یہ اہل مدینہ کا قول ہے اور اسی پر ان کا عمل ہے اکثر اہل علم کا اس پر عمل ہے جو حضرت عمرؓ، علیؓ اور دوسرے صحابہؓ سے مروی ہے کہ بیس رکعات پڑھے۔سفیان ثوریؒ، ابن مبارکؒ، شافعیؒ کا یہی قول ہے۔امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ میں

اَرْبَعِيْنَ رَكْعَةً عَلٰى مَا رُوِىَ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَ اخْتَارَ ابْنُ الْمُبَارَكِ وَ اَحْمَدُ وَ اِسْحٰقُ الصَّلٰوةَ مَعَ الْاِمَامِ فِىْ شَهْرِ رَمَضَانَ وَ اخْتَارَ الشَّافِعِىُّ اَنْ يُّصَلِّىَ الرَّجُلُ وَحْدَهُ اِذَا كَانَ قَائِمًا.

نے اسی طرح اپنے شہر مکہ مکرمہ والوں کو بیس رکعت پڑھتے ہوئے پایا ہے۔ امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ اس بارے میں مختلف روایات ہیں۔ لہٰذا انہوں نے اس مسئلے میں کچھ نہیں کہا۔ اسحٰقؒ اکتالیس رکعات کا مذہب اختیار کرتے ہیں۔ جیسے ابی بن کعب سے مروی ہے ابن مبارکؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ فرماتے ہیں کہ رمضان میں امام کے ساتھ نماز (تراویح) پڑھی جائے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر خود قاری ہو تو اکیلے نماز پڑھے۔

**فائدہ** یعنی اگر امام حافظ یا قاری نہ ہو اور وہ چھوٹی سورتوں سے تراویح پڑھائے تو حافظ قاری کو اکیلے تراویح پڑھنا چاہیے۔ نماز تراویح کے متعلق امام ترمذیؒ صرف یہی ایک باب لائے ہیں جس میں حضور ﷺ سے رکعات کی تعداد منقول نہیں لیکن امام ترمذیؒ نے وتر سمیت اکتالیس۔ بڑے صحابہؓ سے بیس رکعات اور امام شافعیؒ کا مشاہدہ بیان فرمایا کہ مکہ میں بیس پڑھتے تھے۔ امام احمد بن حنبلؒ کے متعلق لکھا ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں مختلف روایات کی بناء پر کچھ نہیں کہتا۔ صحابہؓ کے زمانے سے لے کر حرمین شریفین میں بیس رکعات ہی ادا کی جاتی ہیں۔ حکومت کا مذہب حنبلی ہے لیکن حرمین شریفین کے علاوہ سعودی عرب کے دوسرے شہروں میں سنا ہے کہ آٹھ پڑھی جاتی ہیں۔ جب اس بارے میں حضرت عائشہ صدیقہؓ سے سوال کیا گیا تو آپؓ نے جواب میں فرمایا کہ آپ ﷺ رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعت پڑھتے تھے گویا چند دن جو آپ ﷺ نے بعد عشاء با جماعت نماز ادا کی وہ تہجد ہی تھی تراویح نہیں۔

## ۵۴۶: بَابُ مَاجَآءَ فِىْ فَضْلِ مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا

## ۵۴۶: باب روزہ افطار کرانے کی فضیلت

۷۸۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَبْدُالرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِىِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا كَانَ لَهٗ مِثْلُ اَجْرِهٖ غَيْرَ اَنَّهٗ لَا يَنْقُصُ مِنْ اَجْرِ الصَّائِمِ شَيْئًا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۸۶: حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے کسی روزہ دار کا روزہ افطار کرایا اس کو بھی اتنا ہی اجر ملے گا جتنا روزہ دار کو اور روزہ دار کے ثواب میں کچھ کمی نہ ہو گی۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۵۴۷: بَابُ التَّرْغِيْبِ فِىْ قِيَامِ شَهْرِ رَمَضَانَ وَمَاجَآءَ فِيْهِ مِنَ الْفَضْلِ

## ۵۴۷: باب رمضان میں نماز شب (یعنی تراویح) کی ترغیب اور فضیلت

۷۸۷. حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرَغِّبُ فِىْ قِيَامِ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّامُرَهُمْ بِعَزِيْمَةٍ وَ يَقُوْلُ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَ احْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ

۷۸۷: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قیام رمضان (تراویح) کی طرف رغبت دیتے لیکن وجوب کا حکم نہ فرماتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے جس شخص نے رمضان (کی راتوں) میں ایمان اور اخلاص کے ساتھ قیام کیا (یعنی نماز پڑھی) اس کے پچھلے

فَتُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ الْاَمْرُ عَلٰى ذٰلِکَ ثُمَّ کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ فِيْ خِلَافَةِ اَبِيْ بَکْرٍ وَ صَدْرًا مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَلٰى ذٰلِکَ وَ فِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَ قَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ اَيْضًا عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

گناہ معاف کر دیئے گئے ۔ پھر آپ ﷺ کے وفات پا جانے تک اسی پر عمل رہا۔ اسی طرح خلافت ابوبکر صدیقؓ اور پھر خلافت عمرؓ کے ابتدائی دور میں بھی اسی پر عمل رہا۔ اس باب میں حضرت عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے اور زہری نے یہ حدیث بواسطہ عروہ حضرت عائشہؓ سے مرفوعًا روایت کی ہے۔

# اَبْوَابُ الْحَجِّ
## عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
# ابوابِ حج
## جو مروی ہیں رسول اللہ ﷺ سے

### ۵۴۸: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ حُرْمَةِ مَكَّةَ

۷۸۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ شُرَيْحٍ الْعَدَوِيِّ اَنَّهُ قَالَ لِعَمْرِو بْنِ سَعْدٍ وَ هُوَ يَبْعَثُ الْبُعُوْثَ اِلٰى مَكَّةَ ائْذَنْ لِيْ اَيُّهَا الْاَمِيْرُ اُحَدِّثْكَ قَوْلاً قَامَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغَدَ مِنْ يَوْمِ الْفَتْحِ سَمِعَتْهُ اُذُنَايَ وَ وَعَاهُ قَلْبِيْ وَ اَبْصَرَتْهُ عَيْنَايَ حِيْنَ تَكَلَّمَ بِهٖ اَنَّهُ حَمِدَ اللّٰهَ وَ اَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ مَكَّةَ حَرَّمَهَا اللّٰهُ وَ لَمْ يُحَرِّمْهَا النَّاسُ وَلاَ يَحِلُّ لِاِمْرِئٍ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يَسْفِكَ بِهَا دَمًا اَوْيَعْضِدَ بِهَا شَجَرَةً فَاِنْ اَحَدٌ تَرَخَّصَ لِقِتَالِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهَا فَقُوْلُوْا لَهٗ اِنَّ اللّٰهَ اَذِنَ لِرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَاْذَنْ لَكَ وَ اِنَّمَا اَذِنَ لِيْ فِيْهَا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ وَ قَدْ عَادَتْ حُرْمَتُهَا الْيَوْمَ كَحُرْمَتِهَا بِالْاَمْسِ وَالْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ فَقِيْلَ لِاَبِيْ شُرَيْحٍ مَا قَالَ لَكَ عَمْرُوْ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ اَنَا اَعْلَمُ مِنْكَ بِذٰلِكَ يَا اَبَا شُرَيْحٍ اِنَّ الْحَرَمَ لاَ يُعِيْذُ عَاصِيًا وَلاَ فَارًّا بِدَمٍ وَلاَ فَارًّا بِخَرْبَةٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى وَ يُرْوٰى بِخَرِيَةٍ وَ فِي الْبَاب عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

### ۵۴۸: باب مکہ کا حرم ہونا

۷۸۸: حضرت ابوشریح عدویؓ فرماتے ہیں کہ میں نے عمرو بن سعید سے مکہ کی طرف لشکر بھیجتے ہوئے کہا۔ اے امیر مجھے اجازت دو کہ میں تم سے ایک ایسی حدیث بیان کروں جو رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کی صبح کھڑے ہو کر فرمائی۔ میرے کانوں نے اسے سنا دل نے یاد رکھا اور آنکھوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے دیکھا۔ آپ ﷺ نے اللہ کی حمد وثنا بیان کی اور فرمایا مکہ اللہ تعالیٰ کا حرم ہے۔ اسے لوگوں نے حرمت کی جگہ قرار نہیں دیا کسی بھی شخص کے لئے جو اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اس میں خون بہانا اور وہاں کے درخت کاٹنا حلال نہیں اگر کوئی شخص رسول اللہ ﷺ کے (وہاں) قتال کی وجہ سے اس میں لڑائی کو جائز سمجھے تو اسے کہہ دو کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو اس کی اجازت دی تھی۔ تجھے تو اجازت نہیں دی (آپ ﷺ نے فرمایا) مجھے بھی دن کے کچھ حصے میں اس کی اجازت دی گئی اور اس کے بعد اس کی حرمت اسی دن اسی طرح لوٹ آئی جیسے کل تھی اور حاضر وغائب تک یہ حکم پہنچا دے۔ ابوشریحؓ سے پوچھا گیا کہ اس پر عمرو بن سعید نے کیا کہا۔ انہوں نے کہا کہ اس نے کہا اے ابوشریحؓ میں اس حدیث کو تم سے بہتر جانتا ہوں۔ حرم نافرمان اور باغیوں کو پناہ نہیں دیتا اور نہ قتل کر کے بھاگنے والوں یا چوری کر کے بھاگنے والوں کو پناہ دیتا ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ

اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِىْ شُرَيْحٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ شُرَيْحٍ الْخُزَاعِىُّ اسْمُهُ خُوَيْلِدُ بْنُ عَمْرٍو الْعَدَوِىُّ الْكَعْبِىُّ وَ مَعْنٰى قَوْلِهٖ وَلاَ فَارًّا بِخَرْبَةٍ يَعْنِىْ جِنَايَةٍ يَقُوْلُ مَنْ جَنٰى جِنَايَةً اَوْ اَصَابَ دَمًا ثُمَّ جَآءَ اِلَى الْحَرَمِ فَاِنَّهٗ يُقَامُ عَلَيْهِ الْحَدُّ.

''بِخَرْبَة'' کی جگہ'' بِخِزْيَةٍ'' کے الفاظ بھی مروی ہیں (خربہ کے معنی ذلت کے ہیں) اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ اور ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں ابوشریحؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اور ابوشریح خزاعی کا نام خویلد بن عمرو عدوی کعبی ہے۔'' وَلاَ فَارًّا بِخَرْبَةٍ '' کے معنی جنابت یعنی تقصیر کر کے بھاگنے والا کے ہیں۔جو شخص نقصان کر کے خونریزی کے بعد حرم میں آجائے اس پر حد قائم کی جائے۔

## ۵۴۹ :بَابُ مَاجَآءَ فِىْ ثَوَابِ الْحَجِّ وَ الْعُمْرَةَ

## ۵۴۹: باب حج اور عمرے کا ثواب

۷۸۹ :حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَ اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَشَجُّ قَالَ نَا اَبُوْ خَالِدِ الْاَحْمَرُ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَابِعُوْا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَاِنَّهُمَا يَنْفِيَانِ الْفَقْرَ وَالذُّنُوْبَ كَمَا يَنْفِى الْكِيْرُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ وَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَلَيْسَ لِلْحَجَّةِ الْمَبْرُوْرَةِ ثَوَابٌ اِلَّا الْجَنَّةُ وَ فِى الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ وَ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ حُبْشِىٍّ وَ اُمِّ سَلَمَةَ وَ جَابِرٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ.

۷۸۹: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حج اور عمرے پے در پے کیا کرو کیونکہ یہ دونوں فقر اور گناہوں کو اس طرح ختم کر دیتے ہیں جیسے بھٹی لوہے، سونے اور چاندی کے میل کو ختم کر دیتی ہے اور حج مقبول کا بدلہ صرف جنت ہی ہے۔اس بارے میں عمر رضی اللہ عنہ، عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن حبشی رضی اللہ عنہ، ام سلمہ رضی اللہ عنہا اور جابر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت سے حسن صحیح غریب ہے۔

۷۹۰: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَجَّ فَلَمْ يَرْفُثْ وَ لَمْ يَفْسُقْ غُفِرَلَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ اَبُوْ حَازِمٍ كُوْفِىٌّ وَهُوَ الْاَشْجَعِىُّ وَ اسْمُهٗ سَلْمَانُ مَوْلٰى عَزَّةَ الْاَشْجَعِيَّةِ.

۷۹۰: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے حج کیا اور اس دوران عورتوں کے ساتھ فحش کلامی یا فسق (یعنی گناہ) کا ارتکاب نہیں کیا تو اس کے تمام پچھلے گناہ بخش دیئے گئے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں ابو ہریرہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اور ابوحازم کوفی اشجعی ہیں ان کا نام سلمان ہے اور یہ عزۃ الاشجعیہ کے غلام ہیں۔

## ۵۵۰ :بَابُ مَاجَآءَ مِنَ التَّغْلِيْظِ فِىْ تَرْكِ الْحَجِّ

## ۵۵۰ :باب ترک حج کی مذمت

۷۹۱ :حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقُطَعِىُّ الْبَصْرِىُّ نَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا هِلَالُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ مَوْلٰى رَبِيْعَةَ ابْنِ عَمْرِوبْنِ مُسْلِمٍ الْبَاهِلِىِّ نَا اَبُوْ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِىُّ عَنِ

۷۹۱: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص سامان سفر اور اپنی سواری کی ملکیت رکھتا ہو کہ وہ اسے بیت اللہ تک پہنچا سکے پھر اس کے باوجود وہ حج نہ کرے تو اس

الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَلَكَ زَادًا اَوْرَاحِلَةً تُبَلِّغُهُ اِلٰى بَيْتِ اللهِ وَلَمْ يَحُجَّ فَلا عَلَيْهِ اَنْ يَمُوْتَ يَهُوْدِيًّا اَوْنَصْرَانِيًّا وَ ذٰلِكَ اَنَّ اللهَ يَقُوْلُ فِيْ كِتَابِهٖ وَ لِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلاً قَالَ اَبُوْ عِيْسٰي هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ اِلَّامِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَ فِيْ اِسْنَادِهٖ مَقَالٌ وَهِلاَلُ بْنُ عَبْدِاللهِ مَجْهُوْلٌ وَالْحَارِثُ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ.

میں کوئی فرق نہیں کہ وہ یہودی یا نصرانی ہوکر مرے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں فرماتا ہے۔ ''وَ لِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلاً '' اور اللہ کے لئے بیت اللہ کا حج ان لوگوں پر فرض ہے جو اس کی استطاعت رکھتے ہوں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے ہم اسے صرف اسی سند سے پہنچانتے ہیں اور اس کی سند میں کلام ہے۔ ہلال بن عبداللہ مجہول ہے اور حارث کو حدیث میں ضعیف کہا گیا ہے۔

## ۵۵۱: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ اِيْجَابِ الْحَجِّ بِالزَّادِوَ الرَّاحِلَةِ

## ۵۵۱: باب زادراہ اور سواری کی ملکیت سے حج فرض ہوجاتا ہے

۷۹۲: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى نَا وَكِيْعٌ نَا اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ يَزِيْدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ مَا يُوْجِبُ الْحَجَّ قَالَ الزَّادُوَ الرَّاحِلَةُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ عِنْدَاَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا مَلَكَ زَادًا اَوْرَاحِلَةً وَجَبَ عَلَيْهِ الْحَجُّ وَ اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ زَيْدٍ هُوَالْخَوْزِيُّ الْمَكِّيُّ وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ.

۷۹۲: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور دریافت کیا کہ یارسول اللہ ﷺ حج کس چیز سے فرض ہوتا ہے آپ ﷺ نے فرمایا زاد راہ (سامان سفر) اور سواری سے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ اگر کسی شخص کے پاس سامان سفر اور سواری ہو تو اس پر حج فرض ہے۔ ابراہیم بن یزید خوزی مکی ہیں۔ بعض علماء نے ان کے حافظے کی وجہ سے ان کو ضعیف کہا ہے۔

## ۵۵۲: بَابُ مَاجَآءَ كَمْ فُرِضَ الْحَجُّ

## ۵۵۲: باب کتنے حج فرض ہیں

۷۹۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَشَجُّ نَا مَنْصُوْرُ بْنُ وَرْدَانَ كُوْفِي عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الاَعْلٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلاً قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ اَفِيْ كُلِّ عَامٍ فَسَكَتَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ فِيْ كُلِّ عَامٍ قَالَ لاَ وَلَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ فَاَنْزَلَ اللهُ تَعَالٰى يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لاَ تَسْئَلُوْا عَنْ اَشْيَاءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُوْءْ كُمْ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى

۷۹۳: حضرت علی بن ابی طالبؓ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی ''وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلاً '' تو صحابہؓ نے پوچھا یارسول اللہ ﷺ کیا ہر سال حج کرنا فرض ہے؟ آپ ﷺ خاموش رہے۔ صحابہؓ نے پھر پوچھا اے اللہ کے رسولؐ: کیا ہر سال حج فرض ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں اور اگر میں ہاں کہہ دیتا تو ہر سال حج فرض ہوجاتا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی ''یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ...... ' (یعنی اے ایمان والو ایسی چیزوں کے بارے میں مت سوال کرو کہ اگر ان کی حقیقت تم پر ظاہر کر دی

حَدِيْثُ عَلِيٍّ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَ اسْمُ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ وَهُوَ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ فَيْرُوْزَ.

جائے تو تمہیں بری لگیں'') اس باب میں حضرت ابن عباسؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت علیؓ کی حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اور ابو بختری کا نام سعید بن ابوعمران ہے اور وہ سعید بن ابوفیروز ہیں۔

## ۵۵۳: بَابُ مَاجَآءَ كَمْ حَجَّ النَّبِيُّ ﷺ

۷۹۴: حَدَّثَنَا عَبْدُاللهِ بْنُ اَبِيْ زِيَادٍ نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ عَنْ سُفْيٰنَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّ ثَلٰثَ حِجَجٍ حَجَّتَيْنِ قَبْلَ اَنْ يُهَاجِرَ وَ حَجَّةً بَعْدَ مَا هَاجَرَ مَعَهَا عُمْرَةٌ فَسَاقَ ثَلٰثَةً وَ سِتِّيْنَ بَدَنَةً وَ جَاءَ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ بِبَقِيَّتِهَا فِيْهَا جَمَلٌ لِاَبِيْ جَهْلٍ فِيْ اَنْفِهٖ بُرَةٌ مِنْ فِضَّةٍ فَنَحَرَهَا فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ كُلِّ بَدَنَةٍ بِبَضْعَةٍ فَطُبِخَتْ فَشَرِبَ مِنْ مَرَقِهَا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ زَيْدِ ابْنِ حُبَابٍ وَ رَأَيْتُ عَبْدَاللهِ بْنَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ فِيْ كُتُبِهٖ عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ اَبِيْ زِيَادٍ وَ سَاَلْتُ مُحَمَّدًا عَنْ هٰذَا فَلَمْ يَعْرِفْهُ مِنْ حَدِيْثِ الثَّوْرِيِّ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ رَاَيْتُهٗ لَا يَعُدُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ مَحْفُوْظًا وَ قَالَ اِنَّمَا يُرْوٰى عَنِ الثَّوْرِيِّ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ مُجَاهِدٍ مُرْسَلٌ.

## ۵۵۳: باب نبی اکرم ﷺ نے کتنے حج کیے

۷۹۴: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے تین حج کیے دو ہجرت سے پہلے اور ایک ہجرت کے بعد جس کے ساتھ عمرہ بھی کیا۔ اس حج میں آپ ﷺ قربانی کے لئے اپنے ساتھ تریسٹھ اور باقی اونٹ حضرت علیؓ یمن سے ساتھ لے کر آئے۔ ان میں سے ایک اونٹ ابوجہل کا بھی تھا جس کے ناک میں چاندی کا چھلہ تھا آپؐ نے انہیں ذبح کیا اور ہر اونٹ میں سے گوشت کا ایک ایک ٹکڑا اکٹھا کرنے کا حکم دیا پھر اسے پکایا گیا اور اس کے بعد آپؐ نے اس کا کچھ شوربہ پیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث سفیان کی روایت سے غریب ہے ہم اسے صرف زید بن حباب کی روایت سے جانتے ہیں۔ عبداللہ بن عبدالرحمٰن اپنی کتاب میں یہ حدیث عبداللہ بن ابوزیاد سے روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں کہ میں نے امام بخاریؒ سے اس کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بھی سفیان ثوری کی سند سے نہیں پہچانا۔ جعفر اپنے والد وہ جابر سے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ امام بخاریؒ کے نزدیک یہ حدیث محفوظ نہیں فرماتے ہیں کہ یہ حدیث ثوری نے ابواسحاق سے اور وہ مجاہد سے مرسلاً روایت کرتے ہیں۔

۷۹۵: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ قُلْتُ لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ كَمْ حَجَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَجَّةً وَاحِدَةً وَاعْتَمَرَ اَرْبَعَ عُمَرٍ عُمْرَةٌ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ وَ عُمْرَةُ الْحُدَيْبِيَةِ وَ عُمْرَةٌ مَعَ حَجَّتِهٖ وَ عُمْرَةُ الْجِعِرَّانَةِ اِذَا قَسَمَ غَنِيْمَةَ حُنَيْنٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ

۷۹۵: حضرت قتادہؓ سے روایت ہے کہ میں نے انس بن مالکؓ سے پوچھا کہ نبی اکرم ﷺ نے کتنے حج کیے؟ انہوں نے فرمایا ایک حج اور چار عمرے۔ ایک عمرہ ذیقعدہ میں ایک صلح حدیبیہ کے موقع پر، ایک حج کے ساتھ اور ایک عمرہ جعرانہ جب آپ ﷺ نے غزوہ حنین کے مال غنیمت کی تقسیم کی۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ حبان بن

صَحِيْحٌ وَ حِبَانُ بْنُ هِلَالٍ اَبُوْ حَبِيْبِ الْبَصْرِيُّ هُوَ جَلِيْلٌ ثِقَةٌ وَ ثِقَةٌ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ۔

ہلال کی کنیت ابوحبیب بصری ہے۔اور وہ بڑے بزرگ اور ثقہ ہیں۔یحییٰ بن سعید قطان انہیں ثقہ کہتے ہیں۔

**خلاصۃ الابواب:** حج کی فرضیت کا حکم راجح قول کے مطابق ۹ھ میں آیا اور اس کے اگلے سال ۱۰ھ میں اپنی وفات سے صرف تین مہینے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کی بہت بڑی جماعت کے ساتھ حج فرمایا جو ''حجۃ الوداع'' کے نام سے مشہور ہے اور اگر بندہ کو صحیح اور مخلصانہ حج نصیب ہو جائے جسے دین و شریعت کی زبان میں حج مبرور کہتے ہیں اور ابراہیمی و محمدی نسبت کا کوئی ذرّہ اس کو عطا ہو جائے تو گویا اس کو سعادت کا اعلیٰ مقام حاصل ہو گیا۔اس مختصر تمہید کے بعد حضرت علیؓ کی حدیث پر نظر ڈالئے کہ اس حدیث میں ان لوگوں کے لئے بڑی سخت وعید ہے جو حج کرنے کی استطاعت کے باوجود حج نہ کریں اس لئے سورۂ آل عمران کی اس آیت کا حوالہ دیا گیا اور اس کی سند پیش کی گئی ہے۔جس میں حج کی فرضیت کا بیان ہے لیکن معلوم ہوتا ہے کہ راوی نے صرف حوالہ کے طور پر آیت کا ابتدائی حصہ پڑھنے پر اکتفا کیا یہ وعید آیت کے جس حصے سے نکلتی ہے وہ اس کے آگے والا حصہ ہے۔جس کا مطلب یہ ہے کہ اس حکم کے بعد جو کوئی کافرانہ رویہ اختیار کرے یعنی باوجود استطاعت کے حج نہ کرے تو اللہ تعالیٰ کو کوئی پروا نہیں وہ ساری دنیا اور ساری کائنات سے بے نیاز ہے۔مراد یہ ہے کہ ایسے ناشکرے اور نافرمان جو کچھ بھی کریں اور جس حال میں مریں اللہ کو ان کی کوئی پروا نہیں ہے۔(۱) حدیث باب کی بنا پر جمہور کے نزدیک فرضیت حج کے لئے زادِ راہ اور راحلہ (سفر خرچ اور سواری) کا ہونا ضروری ہے ایک اور حدیث میں ہے کہ قرآن پاک کی آیت ﴿وللّٰہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا﴾ جب نازل ہوئی تو کسی نے سوال کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم السبیل یعنی سبیل سے کیا مراد ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زادِ راہ اور راحلہ یعنی خرچہ اور سواری مراد ہے(۲) اس پر اجماع ہے کہ حج کی فرضیت ایک ہی بار ہے جیسا کہ حضرت علی کرم اللہ وجھہ کی حدیث باب سے ثابت ہوتا ہے(۳) اس پر بھی روایات متفق ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعثت کے بعد ہجرت سے پہلے ایک سے زائد حج کئے چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ یہ تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم موسم حج میں حجاج کے مجمعوں میں جاتے اور انہیں دین اسلام کی دعوت دیتے تھے اور ارکانِ حج کی ادائیگی میں اسوۂ ابراہیمی کی پیروی کرتے ہوئے روایت باب میں ہجرت سے پہلے آپ کے صرف دو مرتبہ حج کرنے کا بیان ہے لیکن یہ روایت راجح نہیں کیونکہ دوسری روایات اس پر دال ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت سے پہلے دو سے زیادہ حج کئے اور یہی صحیح ہے اس لیے کہ ہجرت سے پہلے حج کے موسم میں تین مرتبہ انصارِ مدینہ کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات ثابت ہے۔اس سے معلوم ہوا کہ قبل الہجرت دو سے زیادہ حج کئے لیکن راجح یہ ہے کہ ان حجوں کی صحیح تعداد معلوم نہیں۔

## ۵۵۴ بَابُ مَاجَآءَ كَمِ اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم

## ۵۵۴: باب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے عمرے کئے

۷۹۶ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَمَرَ اَرْبَعَ عُمَرٍ عُمْرَةَ الْحُدَيْبِيَةِ وَ عُمْرَةَ الثَّانِيَةِ مِنْ قَابِلٍ عُمْرَةَ الْقِصَاصِ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ وَ عُمْرَةَ الثَّالِثَةِ مِنَ الْجِعِرَّانَةِ وَ الرَّابِعَةَ الَّتِيْ مَعَ

۷۹۶: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار عمرے کئے ایک عمرہ حدیبیہ کے موقع پر دوسرا آئندہ سال ذیقعدہ میں حدیبیہ والے عمرے کی قضا میں تیسرا عمرہ جعرانہ اور چوتھا عمرہ حج کے ساتھ۔اس باب میں حضرت انسؓ، عبداللہ بن عمروؓ، اور ابن عمرؓ سے بھی روایت

حَجَّتِهِ وَ فِي الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَ عَبْدِاللهِ ابْنِ عَمْرٍو وَابْنِ عُمَرَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَ رَوٰى بْنُ عُيَيْنَةَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَمَرَ اَرْبَعَ عُمَرٍ وَ لَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عباسؓ کی حدیث غریب ہے ابن عیینہ نے یہ حدیث عمرو بن دینار سے اور وہ عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار عمرے کئے اور اس میں انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کا ذکر نہیں کیا۔

۷۹۷: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

۷۹۷: یہ حدیث روایت کی سعید بن عبدالرحمٰن مخزومی نے انہوں نے سفیان بن عیینہ سے انہوں نے عمرو بن دینار سے انہوں نے عکرمہ سے انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے پھر یہ حدیث پہلی حدیث کی مثل بیان کی۔

## ۵۵۵: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ اَيِّ مَوْضِعٍ اَحْرَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## ۵۵۵: باب نبی اکرم ﷺ نے کس جگہ احرام باندھا

۷۹۸: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ قَالَ لَمَّا اَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَجَّ اَذَّنَ فِي النَّاسِ فَاجْتَمَعُوْا فَلَمَّا اَتَى الْبَيْدَاءَ اَحْرَمَ وَ فِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَ اَنَسٍ وَ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ جَابِرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۹۸: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ نے حج کا ارادہ کیا تو لوگوں میں اعلان کرایا۔لوگ جمع ہو گئے پھر جب آپ ﷺ بیداء کے مقام پر پہنچے تو آپ ﷺ نے احرام باندھا۔اس باب میں حضرت ابن عمرؓ، انسؓ اور مسور بن مخرمہ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث جابرؓ حسن صحیح ہے۔

۷۹۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ مُوْسٰى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ الْبَيْدَاءُ الَّتِيْ تَكْذِبُوْنَ فِيْهَا عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللهِ مَا اَهَلَّ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مِنْ عِنْدِ الْمَسْجِدِ مِنْ عِنْدِ الشَّجَرَةِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۷۹۹: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ تم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ باندھتے ہو کہ آپ ﷺ نے بیداء کے مقام پر احرام باندھا اللہ کی قسم آپ ﷺ نے ذوالحلیفہ کے پاس درخت کے قریب سے لبیک پکارنا شروع کیا۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۵۵۶: بَابُ مَاجَآءَ مَتٰى اَحْرَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## ۵۵۶: باب نبی ﷺ نے کب احرام باندھا

۸۰۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا عَبْدُالسَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ

۸۰۰: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے نماز کے بعد لبیک پکاری۔امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں

النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَھَلَّ فِیْ دُبُرِ الصَّلٰوۃِ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُ اَحَدًا رَوَاہُ غَیْرَ عَبْدِالسَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ وَھُوَ الَّذِیْ یَسْتَحِبُّہٗ اَھْلُ الْعِلْمِ اَنْ یُّحْرِمَ الرَّجُلُ فِیْ دُبُرِ الصَّلٰوۃِ.

یہ حدیث غریب ہے ہمیں نہیں معلوم کہ اس حدیث کو عبدالسلام بن حرب کے علاوہ کسی اور نے روایت کیا ہو۔ اہل علم اس کو مستحب کہتے ہیں کہ آدمی نماز کے بعد احرام باندھے اور تلبیہ پڑھے۔

**خلاصة الابواب:** اس پر اتفاق ہے کہ حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر ظاہراً احرام ذوالحلیفہ سے باندھا لیکن اس میں روایات مختلف ہیں کہ آپ ﷺ نے تلبیہ کب پڑھا۔ بعض روایات میں ہے کہ آپ ﷺ نے نماز کے فوراً بعد مسجد ہی میں پڑھا تھا بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ درخت کے پاس مسجد سے نکلتے ہی پڑھا تھا بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ جب آپ ﷺ اونٹنی پر اچھی طرح سوار ہوگئے تب پڑھا تھا اور بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ رو بیداء کے مقام پر پہنچ کر پڑھا لیکن حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے یہ اختلاف دور ہوجاتا ہے وہ فرماتے ہیں کہ دراصل نبی کریم ﷺ نے ان تمام مقامات پر تلبیہ پڑھا تھا لہٰذا جس نے بھی جہاں آپ ﷺ کا تلبیہ سن لیا اسی طرح روایت کردیا۔

## ۵۵۷: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ اِفْرَادِ الْحَجِّ

## ۵۵۷: باب حج افراد

۸۰۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُصْعَبٍ قِرَاءَۃً عَنْ مَالِکِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْرَدَ الْحَجَّ وَ فِی الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ عَائِشَۃَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَ الْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَھْلِ الْعِلْمِ وَرُوِیَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْرَدَ الْحَجَّ وَ اَفْرَدَ اَبُوْ بَکْرٍ وَ عُمَرُ وَ عُثْمَانُ.

۸۰۱: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج افراد کیا (یعنی حج میں فقط حج کا احرام باندھا) اس باب میں جابر رضی اللہ عنہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے امام ابوعیسیٰ ترمذی فرماتے ہیں کہ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا حسن صحیح ہے۔ اسی پر بعض اہل علم کا عمل ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج افراد کیا اور اسی طرح ابوبکر رضی اللہ عنہ، عمر رضی اللہ عنہ اور عثمان رضی اللہ عنہ نے بھی حج افراد کیا۔

۸۰۲: حَدَّثَنَا بِذٰلِکَ قُتَیْبَۃُ نَا عَبْدُاللّٰہِ بْنُ نَافِعٍ الصَّائِغُ عَنْ عُبَیْدِاللّٰہِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ بِھٰذَا قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی وَ قَالَ الثَّوْرِیُّ اِنْ اَفْرَدْتَ الْحَجَّ فَحَسَنٌ وَاِنْ قَرَنْتَ فَحَسَنٌ وَقَالَ الشَّافِعِیُّ مِثْلَہٗ وَ قَالَ اَحَبُّ اِلَیْنَا الْاِفْرَادُ ثُمَّ التَّمَتُّعُ ثُمَّ الْقِرَانُ.

۸۰۲: ہم سے روایت کی اس کی قتیبہ نے وہ عبداللہ بن نافع صائغ سے وہ عبیداللہ بن عمرؓ سے وہ نافع سے اور وہ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ سفیان ثوریؒ نے فرمایا کہ اگر آدمی حج افراد کرے تو بہتر ہے اور اگر تمتع کرے تو بھی بہتر ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ ہمارے نزدیک حج افراد سب سے بہتر ہے پھر حج تمتع اور اس کے بعد حج قران۔

(ف) حج کی تین قسمیں ہیں (۱) حج اِفراد (۲) حج تمتع (۳) حج قران۔ صرف حج کا احرام باندھنا وہ حج اِفراد ہے۔ حج قران وہ ہے کہ حج اور عمرے کا اکٹھا احرام باندھے۔ حج تمتع یہ ہے کہ عمرہ کا احرام باندھ کر عمرہ کرے اور احرام کھول دے پھر حج کے دنوں میں حج کا احرام باندھ کر حج کرے اور اگر قربانی کا جانور ساتھ لایا ہے تو احرام نہ کھولے اور اگر قربانی کا جانور ساتھ نہیں ہے تو احرام کھول دے اور مکہ مکرمہ میں ہی ٹھہرا رہے اور حج سے پہلے کہیں نہ جائے۔ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک حج قران افضل ہے۔

## ۵۵۸: بَابُ مَاجَآءَ فِي الْجَمْعِ بَيْنَ الْحَجِّ وَ الْعُمْرَةِ

۸۰۳: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَبَّيْكَ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَنَسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ قَدْ ذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِلٰى هٰذَا وَاخْتَارُوْهُ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ وَغَيْرِهِمْ.

## ۵۵۸: باب حج اور عمرہ ایک ہی احرام میں کرنا

۸۰۳: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ اکرم ﷺ سے سنا فرماتے تھے لبیک بعمرة وحجة الٰہی میں حج اور عمرہ دونوں کے ساتھ تیری بارگاہ میں حاضر ہوں۔ اس باب میں حضرت عمرؓ اور عمران بن حصینؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت انسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے بعض اہل علم اسی پر عمل کرتے ہیں۔ اہل کوفہ اور دوسرے لوگوں نے اسے (یعنی حج قران کو) پسند کیا ہے۔

## ۵۵۹: بَابُ مَاجَآءَ فِي التَّمَتُّعِ

۸۰۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ اَنَّهُ سَمِعَ سَعْدَ بْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ وَ الضَّحَّاكَ بْنَ قَيْسٍ وَهُمَا يَذْكُرَانِ التَّمَتُّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَقَالَ الضَّحَّاكُ بْنُ قَيْسٍ لَا يَصْنَعُ ذٰلِكَ اِلَّا مَنْ جَهِلَ اَمْرَ اللّٰهِ تَعَالٰى فَقَالَ سَعْدٌ بِئْسَ مَا قُلْتَ يَا ابْنَ اَخِيْ فَقَالَ الضَّحَّاكُ فَاِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَدْ نَهٰى عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ سَعْدٌ قَدْ صَنَعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَنَعْنَاهَا مَعَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۸۰۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ اَخْبَرَنِيْ يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ نَا اَبِيْ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ سَالِمَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ الشَّامِ وَهُوَ يَسْاَلُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ عَنِ التَّمَتُّعِ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ هِيَ حَلَالٌ فَقَالَ الشَّامِيُّ اِنَّ اَبَاكَ قَدْ نَهٰى عَنْهَا فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ اَرَاَيْتَ اِنْ كَانَ اَبِيْ نَهٰى عَنْهَا وَصَنَعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَاَمْرُ اَبِيْ يُتَّبَعُ اَمْ اَمْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ

## ۵۵۹: باب تمتع کے بارے میں

۸۰۴: حضرت محمد بن عبداللہ بن حارث بن نوفل سے روایت ہے انہوں نے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ اور ضحاک بن قیسؓ سے سنا کہ وہ دونوں تمتع کا ذکر کر رہے تھے جس میں حج کے ساتھ عمرہ بھی کیا جاتا ہے۔ ضحاک بن قیس نے کہا یہ تو وہی کرے گا جو اللہ کے حکم سے بے خبر ہو۔ حضرت سعدؓ نے کہا اے بھتیجے تو نے بری بات کہی۔ ضحاک نے کہا کہ عمر بن خطابؓ نے تمتع سے منع کیا ہے۔ حضرت سعدؓ فرمانے لگے کہ نبی اکرم ﷺ نے خود بھی (حج) تمتع کیا اور آپ ﷺ کے ساتھ ہم نے بھی اسی طرح کیا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۸۰۵: ابن شہاب سے روایت ہے کہ ان سے سالم بن عبداللہ نے بیان کیا کہ انہوں نے ایک شامی کو حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے حج کے ساتھ عمرے کو ملانے (یعنی تمتع) کے متعلق سوال کرتے ہوئے سنا۔ عبداللہ بن عمرؓ نے فرمایا یہ جائز ہے۔ شامی نے کہا آپؓ کے والد نے اس سے منع کیا ہے۔ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا دیکھو اگر میرے والد کسی کام سے منع کریں اور رسول اللہ ﷺ وہی کام کریں تو میرے والد کی اتباع کی جائے گی یا رسول اللہ ﷺ کی۔ شامی نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ کی۔ ابن

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَقَدْ صَنَعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

عمرؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمتع کیا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۰۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاؤسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ تَمَتَّعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَ اَوَّلُ مَنْ نَهٰى عَنْهُ مُعَاوِيَةُ وَ فِى الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَ عُثْمَانَ وَجَابِرٍ وَ سَعْدٍ وَ اَسْمَاءَ ابْنَتِ اَبِىْ بَكْرٍ وَ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَاخْتَارَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحٰبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمُ التَّمَتُّعَ بِالْعُمْرَةِ وَالتَّمَتُّعُ اَنْ يَدْخُلَ الرَّجُلُ بِعُمْرَةٍ فِىْ اَشْهُرِ الْحَجِّ ثُمَّ يُقِيْمُ حَتّٰى يَحُجَّ فَهُوَ مُتَمَتِّعٌ وَ عَلَيْهِ دَمٌ مَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْىِ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِى الْحَجِّ وَ سَبْعَةٍ اِذَا رَجَعَ اِلٰى اَهْلِهٖ وَ يُسْتَحَبُّ لِلْمُتَمَتِّعِ اِذَا صَامَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فِى الْحَجِّ اَنْ يَصُوْمَ فِى الْعَشْرِ وَ يَكُوْنَ اٰخِرُهَا يَوْمَ عَرَفَةَ فَاِنْ لَمْ يَصُمْ فِى الْعَشْرِ صَامَ اَيَّامَ التَّشْرِيْقِ فِىْ قَوْلِ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ ابْنُ عُمَرَ وَ عَائِشَةَ وَ بِهٖ يَقُوْلُ مَالِكٌ وَ الشَّافِعِيُّ وَ اَحْمَدُ وَ اِسْحٰقَ وَ قَالَ بَعْضُهُمْ لَا يَصُوْمُ اَيَّامَ التَّشْرِيْقِ وَ هُوَ قَوْلُ اَهْلِ الْكُوْفَةِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَاَهْلُ الْحَدِيْثِ يَخْتَارُوْنَ التَّمَتُّعَ بِالْعُمْرَةِ فِى الْحَجِّ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ.

۸۰۶: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تمتع کیا۔ اسی طرح ابوبکرؓ، عمرؓ، اور عثمانؓ نے بھی تمتع ہی کیا اور جس نے سب سے پہلے تمتع سے منع کیا وہ امیر معاویہؓ ہیں۔ اس باب میں حضرت علیؓ، عثمانؓ، جابرؓ، سعدؓ، اسماء بنت ابی بکرؓ، اور ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں۔ ابن عباسؓ کی حدیث حسن ہے۔ علماء صحابہؓ کی ایک جماعت نے تمتع ہی کو اختیار کیا ہے۔ یعنی حج اور عمرے کو۔ تمتع حج کے مہینوں میں عمرہ کرنے اور اس کے بعد حج کرنے تک وہیں رہنے کو کہتے ہیں۔ اور اس میں قربانی کرنا واجب ہے۔ اگر کوئی قربانی نہ کر سکتا ہو تو حج کے دنوں میں تین اور گھر واپس آنے پر سات روزے رکھے۔ اور اس کے لئے مستحب ہے کہ تین روزے ذوالحجہ کے پہلے دس دنوں میں رکھ لے اس طرح کہ تیسرا روزہ عرفہ کے دن ہو۔ یعنی پہلے عشرے کے آخری تین دن۔ اگر ان دنوں میں روزے نہ رکھے ہوں تو بعض علماء صحابہؓ جس میں حضرت عمرؓ اور عائشہؓ بھی شامل ہیں کے نزدیک ایام تشریق میں روزے رکھے۔ امام مالکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ ایام تشریق میں روزے نہ رکھے۔ اہل کوفہ (احناف) کا یہی قول ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ محدثین تمتع ہی کو اختیار کرتے ہیں۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۵۶۰: بَابُ مَاجَآءَ فِى التَّلْبِيَةِ

## ۵۶۰: باب تلبیہ (لبیک کہنے) کہنا

۸۰۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ تَلْبِيَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَ الْمُلْكَ لَاشَرِيْكَ لَكَ.

۸۰۷: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کا تلبیہ یہ تھا "لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ ......" (اے اللہ میں حاضر ہوں میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں تیری بارگاہ میں۔ تمام تعریفیں اور نعمتیں تیرے ہی لئے ہیں۔ تیری بادشاہت میں تیرا کوئی شریک نہیں۔

۸۰۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ اَهَلَّ فَانْطَلَقَ يُهِلُّ يَقُوْلُ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَاشَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَاشَرِيْكَ لَكَ قَالَ وَ كَانَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ هٰذِهِ تَلْبِيَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ يَزِيْدُ مِنْ عِنْدِهٖ فِيْ اَثَرِ تَلْبِيَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِيْ يَدَيْكَ لَبَّيْكَ وَالرَّغْبَاءُ اِلَيْكَ وَالْعَمَلُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى وَ فِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَجَابِرٍ وَ عَائِشَةَ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ غَيْرِ هِمْ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ وَ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ فَاِنْ زَادَ زَائِدٌ فِي التَّلْبِيَةِ شَيْئًا مِنْ تَعْظِيْمِ اللّٰهِ فَلَا بَأْسَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ وَاَحَبُّ اِلَيَّ اَنْ يَقْتَصِرَ عَلٰى تَلْبِيَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشَّافِعِيُّ وَ اِنَّمَا قُلْنَا لَا بَأْسَ بِزِيَادَةِ تَعْظِيْمِ اللّٰهِ فِيْهَا لِمَا جَآءَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَهُوَ حَفِظَ التَّلْبِيَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ زَادَ ابْنُ عُمَرَ فِيْ تَلْبِيَةِ مِنْ قَبْلِهٖ لَبَّيْكَ وَ الرَّغْبَاءُ اِلَيْكَ وَالْعَمَلُ۔

۸۰۸: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے احرام باندھا اور یہ تلبیہ کہتے ہوئے چلے "لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ." (میں حاضر ہوں اے اللہ میں حاضر ہوں تیری بارگاہ میں ۔ تیرا کوئی شریک نہیں میں تیرے حضور حاضر ہوں بے شک تعریف نعمت اور بادشاہت تیرے ہی لئے ہے۔ تیرا کوئی شریک نہیں حضرت نافعؒ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن عمرؓ فرمایا کرتے تھے کہ یہ رسول اللہ ﷺ کا تلبیہ ہے۔ آپؓ (حضرت ابن عمرؓ) اس تلبیہ میں یہ اضافہ فرماتے " لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِيْ يَدَيْكَ لَبَّيْكَ وَالرَّغْبَاءُ اِلَيْكَ " (ترجمہ میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں تیری عبادت کے لئے ہر وقت تیار رہوں بھلائی تیرے ہی اختیار میں ہے تیری ہی طرف رغبت ہے اور عمل تیری ہی رضا کے لئے ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ امام ابوعیسیٰ فرماتے ہیں کہ اس باب میں حضرت ابن مسعودؓ، جابرؓ، عائشہؓ، ابن عباسؓ اور ابو ہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ فرماتے ہیں کہ ابن عمرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ علماء صحابہؓ وغیرہ کا اسی پر عمل ہے۔ سفیان ثوریؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر کسی نے تلبیہ میں کچھ ایسے الفاظ زیادہ کئے جن میں اللہ تعالیٰ کی تعظیم پائی جاتی ہے تو انشاء اللہ کوئی حرج نہیں لیکن مجھے یہ بات پسند ہے کہ صرف رسول اللہؐ کا تلبیہ ہی پڑھے ۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ یہ بات کہ تعظیم خداوندی کے کچھ الفاظ زیادہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہم نے اس لئے کہی کہ ابن عمرؓ کو رسول اللہؐ کا تلبیہ یاد تھا پھر بھی حضرت ابن عمرؓ نے اپنی طرف سے یہ الفاظ "**لبیک والرغباء الیک والعمل**" زیادہ کئے (میں تیری بارگاہ میں حاضر ہوں تیری ہی طرف رغبت ہے اور تیرے ہی لئے عمل ہے۔

**خلاصة الابواب** : حج کی تین قسمیں ہیں (۱) افراد (۲) تمتع (۳) قران: تمام فقہاء کے نزدیک قران سب سے افضل ہے پھر تمتع پھر افراد۔ امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک سب سے افضل افراد ہے پھر تمتع پھر قران۔ امام احمدؒ کے نزدیک ان میں سے ہر ایک قسم جائز ہے اختلاف صرف افضلیت میں ہے۔ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک وہ تمتع افضل ہے جس میں سوق ہدی نہ ہو یعنی قربانی کا جانور ساتھ نہ ہو پھر افراد پھر قران۔ (تفصیل کے لئے دیکھئے درس ترمذی ج:۳)

## ۵۶۱: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ فَضْلِ التَّلْبِیَةِ وَ النَّحْرِ

۸۰۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ نَا ابْنُ اَبِیْ فُدَیْکٍ وَ ثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا ابْنُ اَبِیْ فُدَیْکٍ عَنِ الضَّحَّاکِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ یَرْبُوْعٍ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ الصِّدِّیْقِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سُئِلَ اَیُّ الْحَجِّ اَفْضَلُ قَالَ الْعَجُّ وَالثَّجُّ.

۸۱۰: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ عَیَّاشٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِیَّةَ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَامِنْ مُسْلِمٍ یُلَبِّیْ اِلَّالَبّٰی مَنْ عَنْ یَمِیْنِہٖ وَ شِمَالِہٖ مِنْ حَجَرٍ اَوْشَجَرٍ اَوْمَدَرٍ حَتّٰی تَنْقَطِعَ الْاَرْضُ مِنْ هٰهُنَا وَهٰهُنَا.

۸۱۱: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِیُّ وَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ الْاَسْوَدِ اَبُوْ عَمْرٍو الْبَصْرِیُّ قَالَا نَا عُبَیْدَةُ بْنُ حُمَیْدٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِیَّةَ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِیْثِ اِسْمٰعِیْلَ بْنِ عَیَّاشٍ وَ فِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَجَابِرٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ اَبِیْ بَکْرٍ حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ ابْنِ اَبِیْ فُدَیْکٍ عَنِ الضَّحَّاکِ بْنِ عُثْمَانَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْکَدِرِ لَمْ یَسْمَعْ مِنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ یَرْبُوْعٍ وَ قَدْ رَوٰی مُحَمَّدُ ابْنُ الْمُنْکَدِرِ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ یَرْبُوْعٍ عَنْ اَبِیْهِ غَیْرَهٰذَا الْحَدِیْثِ وَ رَوٰی اَبُوْ نُعَیْمٍ الطَّحَّانُ ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنِ ابْنِ اَبِیْ فُدَیْکٍ عَنِ الضَّحَّاکِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ یَرْبُوْعٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَخْطَاءَ فِیْهِ ضِرَارٌ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی سَمِعْتُ اَحْمَدَ بْنَ الْحَسَنِ یَقُوْلُ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ مَنْ قَالَ فِی الْحَدِیْثِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ

## ۵۶۱: باب تلبیہ اور قربانی کی فضیلت

۸۰۹: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون سا حج افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس میں تلبیہ (یعنی لبیک) کی کثرت ہو اور خون بہایا جائے یعنی قربانی کی جائے)۔

۸۱۰: حضرت سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کوئی مسلمان تلبیہ کہتا ہے تو اس کے دائیں بائیں تمام پتھر، درخت اور کنکریاں سب تلبیہ کہتے ہیں۔ یہاں تک کہ زمین اِدھر اُدھر (مشرق ومغرب) سے پوری ہو جاتی ہے۔ (یعنی جہاں تک زمین ہے سب لبیک پکارتے ہیں۔

۸۱۱: ہم سے روایت کی حسن بن محمد زعفرانی اور عبدالرحمٰن بن اسود، ابوعمرو بصری نے کہا کہ ہم سے روایت کی عبیدہ بن حمید نے عمارہ بن غزیہ سے انہوں نے ابی حازم سے انہوں نے سہل بن سعد سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسمٰعیل بن عیاش کی حدیث کی مثل، اس باب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اور جابر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث ابی بکر غریب ہے۔ ہم اسے ابن ابی فدیک کی ضحاک بن عثمان سے روایت کے علاوہ نہیں جانتے۔ محمد بن منکدر، سعید بن عبدالرحمٰن بن یربوع سے بھی ان کے والد کے حوالے سے اس کے علاوہ روایت کرتے ہیں ابونعیم طحان ضرار بن صرد یہ حدیث ابن ابی فدیک سے وہ ضحاک سے وہ محمد بن منکدر سے وہ سعید بن عبدالرحمٰن بن یربوع سے وہ اپنے والد سے وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں لیکن ضرار نے اس میں غلطی کی ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے احمد بن حنبلؒ سے سنا آپؒ فرماتے تھے وہ شخص جو اس حدیث کو محمد بن منکدر سے وہ سعید بن عبدالرحمٰن بن یربوع

عَنِ ابْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ يَرْبُوْعٍ عَنْ اَبِيْهِ فَقَدْ اَخْطَاءَ قَالَ وَ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ ذَكَرْتُ لَه حَدِيْثَ ضِرَارِ بْنِ صُرَدٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ فُدَيْكٍ فَقَالَ هُوَ خَطَاءٌ فَقُلْتُ قَدْ رَوَاهُ غَيْرُهُ عَنِ ابْنِ اَبِىْ فُدَيْكٍ اَيْضًا مِثْلَ رِوَايَتِهٖ فَقَالَ لَاشَىْءَ اِنَّمَا رَوَوْهُ عَنِ ابْنِ اَبِىْ فُدَيْكٍ وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ وَ رَاَيْتُهٗ يُضَعِّفُ ضِرَارَ بْنَ صُرَدٍ وَ الْعَجُّ هُوَ رَفْعُ الصَّوْتِ بِالتَّلْبِيَةِ وَ الثَّجُّ هُوَ نَحْرُ الْبُدْنِ.

سے اور وہ اپنے والد سے اس سند سے روایت کرتا ہے پس اس نے خطا کی۔ (امام ترمذیؒ کہتے ہیں) میں نے امام بخاریؒ کے سامنے ضرار بن صرد کی ان ابی فدیک سے روایت بیان کی تو انہوں نے فرمایا کچھ نہیں۔ پس ان لوگوں نے اسے ابن ابی فدیک سے روایت کر دیا ہے۔ اور سعید بن عبدالرحمٰن کو چھوڑ دیا ہے۔ (امام ترمذیؒ کہتے ہیں) میرے خیال میں امام بخاریؒ ضرار بن صرد کو ضعیف سمجھتے ہیں۔ عج کے معنی بلند آواز سے تلبیہ کہنا اور ثج قربانی کو کہتے ہیں۔

## ۵۶۲: بَابُ مَاجَآءَ فِىْ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالتَّلْبِيَةِ

## ۵۶۲: باب تلبیہ بلند آواز سے پڑھنا

۸۱۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَانِىْ جِبْرَئِيْلُ فَاَمَرَنِىْ اَنْ اٰمُرَ اَصْحَابِىْ اَنْ يَرْفَعُوْا اَصْوَاتَهُمْ بِالْاِهْلَالِ اَوِ التَّلْبِيَةِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ خَلَّادٍ عَنْ اَبِيْهِ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا يَصِحُّ وَالصَّحِيْحُ هُوَ خَلَّادُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ وَهُوَ خَلَّادُ بْنُ السَّائِبِ بْنِ خَلَّادِ بْنِ سُوَيْدٍ الْاَنْصَارِىِّ وَفِى الْبَابِ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ وَ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ.

۸۱۲: حضرت خلاد بن سائب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس جبرائیل آئے اور مجھے حکم دیا کہ میں اپنے صحابہؓ کو تلبیہ بلند آواز سے پڑھنے کا حکم دوں۔ راوی کو شک ہے کہ اہلال فرمایا یا تلبیہ دونوں کے معنی ایک ہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ خلاد کی ان کے والد سے مروی حدیث حسن صحیح ہے بعض راوی اسے خلاد بن سائب سے، زید بن خالد کے حوالے سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں۔ یہ صحیح نہیں ہے۔ خلاد کی اپنے والد سے روایت ہی صحیح ہے وہ خلاد بن سائب بن خلاد بن سوید انصاری ہیں۔ اس باب میں زید بن خالد رضی اللہ عنہ، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔

## ۵۶۳: بَابُ مَاجَآءَ فِى الْاِغْتِسَالِ عِنْدَ الْاِحْرَامِ

## ۵۶۳: باب احرام باندھتے وقت غسل کرنا

۸۱۳: حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِىْ زِيَادٍ نَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ يَعْقُوْبَ الْمَدَنِىُّ عَنِ ابْنِ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ رَاَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَجَرَّدَ لِاِهْلَالِهٖ وَاغْتَسَلَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَدِاسْتَحَبَّ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ الْاِغْتِسَالَ عِنْدَ الْاِحْرَامِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِىِّ.

۸۱۳: حضرت خارجہ بن زید بن ثابت اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ نے احرام باندھتے وقت کپڑے اتارے اور غسل فرمایا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں۔ کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ بعض اہل علم احرام باندھتے وقت غسل کرنے کو مستحب کہتے ہیں۔ امام شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۵۶۴ : بَابُ مَاجَآءَ فِیْ مَوَاقِیْتِ الْاِحْرَامِ لِاَهْلِ الْاٰ فَاقِ

۸۱۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلاً قَالَ مِنْ اَیْنَ نُهِلُّ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ یُهِلُّ اَهْلُ الْمَدِیْنَةِ مِنْ ذِی الْحُلَیْفَةِ وَاَهْلُ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ وَاَهْلُ نَجْدٍ مَنْ قَرْنٍ قَالَ وَ اَهْلُ الْیَمَنِ مِنْ یَلَمْلَمَ وَ فِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ.

۸۱۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا وَکِیْعٌ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ زِیَادٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَّتَ لِاَهْلِ الْمَشْرِقِ الْعَقِیْقَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

## ۵۶۴: باب آفاقی کے لئے احرام باندھنے کی جگہ

۸۱۴: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے راویت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کہاں سے احرام باندھیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اہل مدینہ ذوالحلیفہ سے اہل شام جحفہ سے، اہل نجد قرن سے اور یمن والے یلملم سے احرام باندھیں۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ، جابر بن عبداللہؓ اور عبداللہ بن عمروؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عمرؓ حسن صحیح ہے اور اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔

۸۱۵: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مشرق کے لئے عقیق کو میقات (احرام باندھنے کی جگہ مقرر فرمایا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔

## ۵۶۵ : بَابُ مَاجَآءَ فِیْ مَالاَ یَجُوْزُ لِلْمُحْرِمِ لُبْسُهٗ

۸۱۶: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اللَّیْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ قَالَ قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا ذَا تَاْمُرُنَا اَنْ نَلْبَسَ مِنَ الثِّیَابِ فِی الْحَرَمِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لاَ تَلْبَسِ الْقَمِیْصَ وَلاَ السَّرَاوِیْلاَتِ وَلاَ الْبَرَانِسَ وَ لاَ الْعَمَائِمَ وَلاَ الْخِفَافَ اِلَّا اَنْ یَکُوْنَ اَحَدٌ لَیْسَتْ لَهٗ نَعْلاَنِ فَلْیَلْبَسِ الْخُفَّیْنِ مَا اَسْفَلَ مِنَ الْکَعْبَیْنِ وَلاَ تَلْبَسُوْا شَیْئًا مِنَ الثِّیَابِ مَسَّهُ الزَّعْفَرَانُ وَلاَ الْوَرْسُ وَلاَ تَنْتَقَّبُ الْمَرْاَةُ الْحَرَامُ وَلاَ تَلْبَسِ الْقُفَّازَیْنِ قَالَ اَبُوْعِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلَیْهِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ.

## ۵۶۵: باب کہ محرم (احرام والے) کے لئے کون سا لباس پہننا جائز نہیں

۸۱۶: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص کھڑا ہوا اور اس نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حالت احرام میں ہم کون کون سے کپڑے پہن سکتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! قمیض، شلوار، برساتی، پگڑی اور موزے نہ پہنو البتہ اگر کسی کے پاس جوتے نہ ہوں تو موزے پہن سکتا ہے لیکن انہیں ٹخنوں کے نیچے تک کاٹ دے۔ پھر ایسا کپڑا بھی نہ ہو جس میں درس (ایک خوشبو) یا زعفران لگا ہوا ہو اور عورت اپنے چہرے پر نقاب نہ ڈالے اور ہاتھوں میں دستانے نہ پہنے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسی پر اہل علم کا عمل ہے۔

## ۵۶۶ : بَابُ مَاجَآءَ فِیْ لُبْسِ السَّرَاوِیْلِ

## ۵۶۶: باب اگر تہبند اور جوتے

وَالْخُفَّيْنِ لِلْمُحْرِمِ اِذَا لَمْ يَجِدِ الْاِزَارَ وَا لنَّعْلَيْنِ

نہ ہوں تو پاجامہ اور موزے پہن لے

۸۱۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ الْبَصْرِيُّ نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ نَا اَيُّوْبُ نَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْمُحْرِمُ اِذَا لَمْ يَجِدِ الْاِزَارَ فَلْيَلْبَسِ السَّرَاوِيْلَ وَاِذَالَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ.

۸۱۷: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ جب محرم (احرام باندھنے والے) کو تہبند نہ ملے تو شلوار پہن لے اور اگر جوتے نہ ہوں تو موزے پہن لے۔

۸۱۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرٍو نَحْوَهُ وَفِى الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَ جَابِرٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالُوْا اِذَا لَمْ يَجِدِا لْمُحْرِمُ الْاِزَارَ لَبِسَ السَّرَاوِيْلَ وَاِذَا لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ لَبِسَ الْخُفَّيْنِ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَ قَالَ بَعْضُهُمْ عَلٰى حَدِيْثِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ.

۸۱۸: ہم سے روایت کی قتیبہ نے انہوں نے حماد بن زید سے انہوں نے عمرو سے اسی حدیث کی طرح۔ اس باب میں ابن عمرؓ اور جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے وہ کہتے ہیں کہ اگر لنگی نہ ہو تو شلوار پہن لے اور اگر جوتے نہ ہوں تو موزے پہن لے۔ امام احمدؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم ابن عمرؓ کی حدیث سے استدلال کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر جوتے نہ ہوں تو موزے پہن سکتا ہے۔ بشرطیکہ موزوں کو ٹخنوں کے نیچے تک کاٹ دے۔ سفیان ثوریؒ اور شافعیؒ کا یہی قول ہے۔

## ۵۶۷: بَابُ مَا جَآءَ فِى الَّذِىْ يُحْرِمُ وَ عَلَيْهِ قَمِيْصٌ اَوْ جُبَّةٌ

## ۵۶۷: باب جو شخص قمیص یا جبہ پہنے ہوئے احرام باندھے

۸۱۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ يَعْلٰى بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْرَابِيًا قَدْ اَحْرَمَ وَ عَلَيْهِ جُبَّةٌ فَاَمَرَهُ اَنْ يَنْزِعَهَا.

۸۱۹: عطاء روایت کرتے ہیں یعلیٰ بن اُمیہ سے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اعرابی کو احرام کی حالت میں جبہ پہنے ہوئے دیکھا تو اسے حکم دیا کہ اسے اتار دے۔

۸۲۰: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو ابْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَ هٰذَا اَصَحُّ وَفِى الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ وَهٰكَذَا رَوٰى قَتَادَةُ وَالْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ وَ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ وَ الصَّحِيْحُ مَا رَوٰى عَمْرٌو وَ

۸۲۰: ہم سے روایت کی ابن ابی عمر نے انہوں نے سفیان سے انہوں نے عمرو بن دینار سے انہوں نے عطاء سے انہوں نے صفوان بن یعلیٰ سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کے ہم معنی حدیث۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ اصح ہے اور اس حدیث میں قصہ ہے۔ اسی طرح قتادہ حجاج بن ارطاۃ اور کئی راوی بھی عطاء سے یعلیٰ بن امیہ کے

بْنُ دِیْنَارٍ وَ ابْنُ جُرَیْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ یَعْلٰی عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

واسطے سے روایت کرتے ہیں لیکن صحیح عمرو بن دینار اور ابن جریج کی ہی راویت ہے یہ دونوں عطاء سے وہ صفوان بن یعلیٰ سے اور وہ اپنے والد سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں۔

**خلاصۃ الابواب:** کعبین سے مراد قدم کی پشت کی ہڈی ہے نہ کہ ٹخنہ مطلب یہ ہے کہ ہڈی جوتے میں چھپی نہیں رہنی چاہئے احرام کی حالت میں عورت کے چہرہ پر اس طریقہ سے نقاب ڈالنا کہ وہ نقاب اس کے چہرہ پر لگنے لگے جائز نہیں چہرہ سے دور رہنا ضروری ہے جیسا کہ حضرت عائشہؓ کی حدیث سے ثابت ہے حنفیہ کے نزدیک عورت کے لئے دستانے پہننا جائز ہے جس حدیث میں عورت کے لئے دستانے پہننا منع ہے وہ حضرت ابن عمرؓ کے اپنے الفاظ ہیں حضور ﷺ نے منع نہیں فرمایا۔(۲) امام شافعیؒ اور امام احمدؒ اس حدیث کے ظاہر پر عمل کرتے ہیں چنانچہ ان کے نزدیک محرم کو اگر چادر مہیا نہ ہو تو سلا ہوا کپڑا (پاجامہ) پہن سکتا ہے اور اس کے پہننے سے فدیہ بھی واجب نہیں۔ حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک اس صورت میں بھی سلا ہوا پاجامہ پہننا جائز نہیں بلکہ سلے ہوئے کپڑے کو پھاڑ کر اسے چادر بنا لے پھر پہن لے اگر یہ ممکن نہ ہو تو شلوار پہن لے لیکن اس صورت میں فدیہ ادا کرنا واجب ہے ان کے دلائل وہ مشہور احادیث ہیں جن میں محرم کو سلے ہوئے کپڑے پہننے سے روکا گیا ہے۔

## ۵۶۸: بَابُ مَا جَآءَ مَایَقْتُلُ الْمُحْرِمُ مِنَ الدَّوَّابِ

## ۵۶۸: باب محرم کا کن جانوروں کو مارنا جائز ہے

۸۲۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْمَلِکِ بْنِ اَبِی الشَّوَارِبِ نَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَمْسُ فَوَاسِقُ یُقْتَلْنَ فِی الْحَرَمِ الْفَارَةُ وَالْعَقْرَبُ وَالْغُرَابُ الْحُدَیَّا وَالْکَلْبُ الْعَقُوْرُ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَ ابْنِ عُمَرَ وَ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَ اَبِیْ سَعِیْدٍ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ عَائِشَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

۸۲۱: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ احرام میں پانچ چیزوں کو مارنا جائز ہے۔ چوہا، بچھو، کوا، چیل اور کاٹنے والا کتا۔ اس باب میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ، ابن عمر رضی اللہ عنہما، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، ابوسعید رضی اللہ عنہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۲۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا هُشَیْمٌ نَا یَزِیْدُ بْنُ اَبِیْ زِیَادٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ نُعْمٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَقْتُلُ الْمُحْرِمُ السَّبُعَ الْعَادِیَ وَالْکَلْبَ الْعَقُوْرَ وَالْفَارَةَ وَ الْعَقْرَبَ وَالْحِدَاَةَ وَ الْغُرَابَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَ الْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالُوْا اَلْمُحْرِمُ یَقْتُلُ السَّبُعَ الْعَادِیَ وَالْکَلْبَ وَهُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَ قَالَ الشَّافِعِیُّ کُلُّ سَبُعٍ عَدٰی عَلَی النَّاسِ اَوْعَلٰی دَوَابِّهِمْ فَلِلْمُحْرِمِ قَتْلُهٗ۔

۸۲۲: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا محرم کے لئے درندے، کاٹنے والے کتے، چوہے، بچھو، چیل اور کوے کو مارنا جائز ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے وہ کہتے ہیں کہ درندے اور کاٹنے والے کتے کو قتل کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ سفیان ثوریؒ اور امام شافعیؒ کا یہی قول ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ جو درندہ انسان یا جانور پر حملہ آور ہوتا ہو تو محرم کے لئے اس کو مارنا بھی جائز ہے۔

**خلاصۃ الباب:** امام ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک ان کو قتل کرنے کی علت ان کا ابتداءً ایذا دینا ہے اس کی تائید حضرت ابو سعید خدری کی حدیث سے ہوتی ہے جس میں ہے یقتل المحرم السبع العادی کہ محرم سات ظالم درندوں کو مار سکتا ہے۔

## ۵۶۹: بَابُ مَا جَآءَ فِی الْحِجَامَةِ لِلْمُحْرِمِ

۸۲۳: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ طَاوُسٍ وَ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ بُحَيْنَةَ وَجَابِرٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ قَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ فِی الْحِجَامَةِ لِلْمُحْرِمِ وَقَالُوْا لَا يَحْلِقُ شَعْرًا وَقَالَ مَالِكٌ لَا يَحْتَجِمُ الْمُحْرِمُ اِلَّا مِنْ ضُرُوْرَةٍ وَقَالَ سُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ وَالشَّافِعِیُّ لَا بَاْسَ اَنْ يَحْتَجِمَ الْمُحْرِمُ وَلَا يَنْزِعُ شَعْرًا.

## ۵۶۹: باب محرم کے پچھنے لگانا

۸۲۳: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام کی حالت میں پچھنے لگائے۔ اس باب میں حضرت انسؓ، عبداللہ بن بحینہؓ، اور جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض اہل علم محرم کو پچھنے لگانے کی اجازت دیتے ہیں بشرطیکہ بال نہ مونڈھے۔ امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ محرم بغیر ضرورت کے پچھنے نہ لگائے۔ سفیان ثوریؒ اور امام شافعیؒ کہتے ہیں کہ اگر بال نہ اکھاڑے جائیں تو محرم کے لئے پچھنے لگانے میں کوئی حرج نہیں۔

**خلاصۃ الباب:** جمہور ائمہ کے نزدیک محرم کے لئے پچھنے لگوانے میں کوئی حرج نہیں۔

## ۵۷۰: بَابُ مَا جَآءَ فِی كَرَاهِيَةِ تَزْوِيْجِ الْمُحْرِمِ

۸۲۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ نَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ اَرَادَ ابْنُ مَعْمَرٍ اَنْ يُنْكِحَ ابْنَهُ فَبَعَثَنِیْ اِلٰی اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ وَ هُوَ اَمِيْرُ الْمَوْسِمِ فَاَتَيْتُهُ فَقُلْتُ اِنَّ اَخَاكَ يُرِيْدُ اَنْ يُنْكِحَ ابْنَهُ فَاَحَبَّ اَنْ يُشْهِدَكَ ذٰلِكَ فَقَالَ لَا اَرَاهُ اِلَّا اَعْرَابِيًّا جَافِيًا اِنَّ الْمُحْرِمَ لَا يَنْكِحُ وَلَا يُنْكِحُ اَوْ كَمَا قَالَ ثُمَّ حَدَّثَ عَنْ عُثْمَانَ مِثْلَهُ يَرْفَعُهُ وَ فِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ وَ مَيْمُوْنَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی حَدِيْثُ عُثْمَانَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ الْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ وَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ وَ ابْنُ عُمَرَ وَهُوَ قَوْلُ بَعْضِ فُقَهَاءِ التَّابِعِيْنَ وَ بِهٖ يَقُوْلُ مَالِكٌ وَالشَّافِعِیُّ وَ اَحْمَدُ وَ اِسْحٰقُ لَا يَرَوْنَ اَنْ يَتَزَوَّجَ الْمُحْرِمُ وَ قَالُوْا اِنْ نَكَحَ فَنِكَاحُهُ بَاطِلٌ.

## ۵۷۰: باب احرام کی حالت میں نکاح کرنا مکروہ ہے

۸۲۴: نبیہ بن وہب سے روایت ہے کہ ابن معمر نے اپنے بیٹے کی شادی کا ارادہ کیا تو مجھے امیر حج ابان بن عثمان کے پاس بھیجا۔ میں گیا اور کہا کہ آپ کا بھائی اپنے بیٹے کا نکاح کرنا چاہتا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ آپ اس بات پر گواہ ہوں۔ ابان بن عثمان نے فرمایا وہ گنوار اور بے عقل آدمی ہے۔ محرم (احرام باندھنے والا) نہ خود نکاح کر سکتا ہے اور نہ کسی کا نکاح کروا سکتا ہے یا اسی طرح کچھ کہا پھر حضرت عثمان سے مرفوعاً اسی کے مثل روایت بیان کی۔ اس باب میں حضرت ابورافعؓ اور میمونہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ عثمان کی حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض صحابہؓ کا اسی پر عمل ہے جن میں عمر بن خطابؓ، علیؓ، اور ابن عمرؓ شامل ہیں پھر بعض فقہاء تابعینؒ، امام مالکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ بھی احرام کی حالت میں نکاح کرنے کو ناجائز سمجھتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر نکاح کر لیا جائے تو وہ نکاح باطل ہے۔

۸۲۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ مَطَرِ الْوَرَّاقِ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِیْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ

۸۲۵: حضرت ابورافعؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے میمونہؓ کے ساتھ نکاح کیا تو آپ محرم نہیں تھے۔ پھر جب صحبت کی تب بھی

عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ قَالَ تَزَوَّجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ حَلَالٌ وَبَنٰى بِهَا وَهُوَ حَلَالٌ وَكُنْتُ اَنَا الرَّسُوْلُ فِيْمَا بَيْنَهُمَا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَلَا نَعْلَمُ اَحَدًا اَسْنَدَهٗ غَيْرَ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ عَنْ رَبِيْعَةَ وَ رَوٰى مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ رَبِيْعَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ حَلَالٌ وَرَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلًا وَ رَوَاهُ اَيْضًا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ رَبِيْعَةَ مُرْسَلًا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَرُوِیَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْاَصَمِّ عَنْ مَيْمُوْنَةَ قَالَتْ تَزَوَّجَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ حَلَالٌ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْاَصَمِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ حَلَالٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَ يَزِيْدُ بْنُ الْاَصَمِّ هُوَ ابْنُ اُخْتِ مَيْمُوْنَةَ.

آپؐ احرام سے نہیں تھے۔ میں دونوں کے درمیان قاصد تھا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے ہم نہیں جانتے کہ حماد بن زید کے علاوہ کسی نے اس کو مسند بیان کیا ہو۔ حماد بواسطہ مطر الوراق، ربیعہ سے روایت کرتے ہیں۔ مالک بن انس نے بواسطہ ربیعہ، سلیمان بن یسار سے مرسلاً روایت کیا کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت میمونہؓ سے نکاح کیا تو آپؐ محرم نہ تھے۔ سلیمان بن بلال نے بھی ربیعہ سے مرسل روایت کی ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یزید بن اصم نے حضرت میمونہؓ سے روایت کیا وہ فرماتی ہیں کہ نبی اکرمؐ نے مجھ سے نکاح کیا تو آپ محرم نہ تھے۔ بعض راوی یزید بن اصمؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرمؐ نے میمونہؓ سے نکاح کیا تو وہ حلال (یعنی احرام کی حالت میں نہیں تھے)۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یزید بن اصم میمونہؓ کے بھانجے ہیں۔

## ۵۷۱: بَابُ مَا جَآءَ فِی الرُّخْصَةِ فِیْ ذٰلِكَ

## ۵۷۱: باب محرم کو نکاح کی اجازت

۸۲۶: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَا سُفْيَانُ بْنُ حَبِيْبٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَبِهٖ يَقُوْلُ سُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ وَ اَهْلُ الْكُوْفَةِ.

۸۲۶: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے میمونہؓ سے نکاح کیا اور آپ ﷺ اس وقت محرم تھے۔ اس باب میں حضرت عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عباسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض اہل علم کا اس پر عمل ہے سفیان ثوریؒ اور اہل کوفہ بھی اسی کے قائل ہیں۔

۸۲۷: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ.

۸۲۷: حضرت ایوب، عکرمہ سے بواسطہ ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت میمونہؓ سے نکاح کیا تو آپ ﷺ اس وقت حالت احرام میں تھے۔

۸۲۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا دَاوٗدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الشَّعْثَاءِ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَاَبُو الشَّعْثَاءِ اسْمُهٗ جَابِرُ بْنُ زَيْدٍ وَ اخْتَلَفُوْا

۸۲۸: ہم سے روایت کی قتیبہ نے ان سے داؤد بن عبدالرحمن عطار نے انہوں نے عمرو بن دینار سے کہا عمرو نے کہ میں نے سنا ابوشعثاء سے وہ روایت کرتے ہیں ابن عباسؓ سے کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت میمونہؓ سے حالت احرام میں نکاح کیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ کہتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح ہے۔ ابوشعثاء کا

فِيْ تَزْوِيْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُوْنَةَ لِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا فِيْ طَرِيْقِ مَكَّةَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ تَزَوَّجَهَا حَلَالًا وَظَهَرَ اَمْرُ تَزْوِيْجِهَا وَهُوَ مُحْرِمٌ ثُمَّ بَنٰى بِهَا وَهُوَ حَلَالٌ بِسَرِفَ فِيْ طَرِيْقِ مَكَّةَ وَمَاتَتْ مَيْمُوْنَةُ بِسَرِفَ حَيْثُ بَنٰى بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ دُفِنَتْ بِسَرِفَ.

نام جابر بن زید ہے۔ اہل علم کا نبی اکرم ﷺ کے میمونہؓ سے نکاح کے متعلق اختلاف ہے۔ اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے مکہ کے راستے میں نکاح کیا تھا۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ نکاح حلال ہوتے ہوئے ہوا لیکن لوگوں کو اس کا پتہ احرام باندھنے کی حالت میں چلا پھر دخول بھی حلال ہونے کی حالت میں ہی سرف (ایک مقام ہے) کے مقام پر مکہ میں ہوا۔ حضرت میمونہؓ کی وفات بھی سرف میں ہوئی اور آپؓ وہیں دفن ہوئیں۔

۸۲۹: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ نَا اَبِيْ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا فَزَارَةَ يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْاَصَمِّ عَنْ مَيْمُوْنَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا وَهُوَ حَلَالٌ وَ بَنٰى بِهَا حَلَالًا وَمَاتَتْ بِسَرِفَ وَدَفَنَّاهَا فِي الظُّلَّةِ الَّتِيْ بُنِيَ بِهَا فِيْهَا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَ رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْاَصَمِّ مُرْسَلًا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ حَلَالٌ.

۸۲۹: حضرت میمونہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہؐ نے مجھ سے نکاح بھی اور مجامعت بھی حلال ہوتے ہوئے ہی فرمائی تھی۔ (یعنی جب محرم نہیں تھے) راوی کہتے ہیں پھر میمونہؓ سرف کے مقام پر فوت ہوئیں اور ہم نے انہیں اسی اقامت گاہ میں دفن کیا جہاں آپؐ نے ان کے ساتھ پہلی رات گزاری تھی۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے اور متعدد راویوں نے اسے حضرت یزید بن اصمؒ سے مرسلاً روایت کیا ہے کہ نبی اکرمؐ نے حضرت میمونہؓ سے نکاح کیا اور اس وقت آپؐ حالت احرام میں نہیں تھے۔

**خلاصۃ الباب:** محرم کے نکاح کا مسئلہ معرکہ آراء اختلافیات میں سے ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک حالت احرام میں نکاح ناجائز ہے۔ امام ابوحنیفہؒ اور ان کے اصحاب کے نزدیک حالت احرام میں نکاح کرنا جائز ہے اور اپنی بیٹی وغیرہ نکاح کر کے دینا بھی جائز ہے۔ ائمہ ثلاثہ کی دلیل حدیث باب ہے لا ینکح و لا یُنکح۔ امام ابوحنیفہؒ کا استدلال اگلے باب کی حدیث ہے امام صاحب فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباسؓ کی حدیث راجح ہے جس میں یہ ذکر ہے کہ حضرت نبی کریم ﷺ نے حضرت میمونہؓ سے بحالت احرام نکاح کیا تھا اس روایت کے ہم پلہ کوئی حدیث نہیں اور یہ روایت تواتر کے ساتھ مروی ہے نیز اس کے شواہد موجود ہیں۔

## ۵۷۲: بَابُ مَا جَآءَ فِيْ اَكْلِ الصَّيْدِ لِلْمُحْرِمِ

## ۵۷۲: باب محرم کو شکار کا گوشت کھانا

۸۳۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو عَنِ الْمُطَّلِبِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَيْدُ الْبَرِّ لَكُمْ حَلَالٌ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ مَالَمْ تَصِيْدُوْهُ اَوْ يُصَدْ لَكُمْ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ وَطَلْحَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ

۸۳۰: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا! حالت احرام میں خشکی کا شکار تمہارے لئے حلال ہے جب تک کہ تم خود شکار نہ کرو اور نہ ہی تمہارے حکم سے شکار کیا جائے۔ اس باب میں حضرت ابوقتادہؓ اور طلحہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث جابرؓ مفسّر ہے

جَابِرٍ حَدِيْثٌ مُفَسَّرٌ وَالْمُطَّلِبُ لاَ نَعْرِفُ لَهُ سَمَاعًا مِنْ جَابِرٍ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ لاَ يَرَوْنَ بِاَكْلِ الصَّيْدِ لِلْمُحْرِمِ بَاْسًا اِذَا لَمْ يَصْطَدْهُ اَوْيُصَدْ مِنْ اَجْلِهٖ قَالَ الشَّافِعِيُّ هٰذَا اَحْسَنُ حَدِيْثٍ رُوِيَ فِي هٰذَا الْبَابِ وَ اَقْيَسُ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ.

اور مُطّلِب کے جابرؓ سے سماع کا ہمیں علم نہیں۔ اہل علم کا اس پر عمل ہے وہ کہتے ہیں کہ محرم کے لئے شکار کا گوشت کھانے میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ اس نے خود یا صرف اسی کے لئے شکار نہ کیا گیا ہو۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں۔ یہ حدیث اس باب کی احسن اور قیاس کے سب سے زیادہ موافق حدیث ہے اور اسی پر عمل ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

۸۳۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِي النَّضْرِ عَنْ نَافِعٍ مَوْلٰى اَبِيْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّهُ كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا كَانَ بِبَعْضِ طَرِيْقِ مَكَّةَ تَخَلَّفَ مَعَ اَصْحَابٍ لَهُ مُحْرِمِيْنَ وَهُوَ غَيْرُ مُحْرِمٍ فَرَاٰى حِمَارًا وَحْشِيًا فَاسْتَوٰى عَلٰى فَرَسِهٖ فَسَاَلَ اَصْحَابَهُ اَنْ يُنَاوِلُوْهُ سَوْطَهُ فَاَبَوْا فَسَاَلَهُمْ رُمْحَهُ فَاَبَوْا عَلَيْهِ فَاَخَذَهُ فَشَدَّهُ عَلَى الْحِمَارِ فَقَتَلَهُ فَاَكَلَ مِنْهُ بَعْضُ اَصْحٰبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ اَبٰى بَعْضُهُمْ فَاَدْرَكُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلُوْهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ اِنَّمَا هِيَ طُعْمَةٌ اَطْعَمَكُمُوْهَا اللّٰهُ.

۸۳۱: حضرت ابوقتادہؓ فرماتے ہیں کہ میں اور صحابہ کرامؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ جا رہے تھے۔ جب مکہ کے قریب پہنچے تو میں اپنے کچھ ساتھیوں کے ساتھ پیچھے رہ گیا۔ صرف میں احرام میں نہیں تھا اور باقی سب احرام میں تھے۔ پس ابوقتادہؓ نے ایک وحشی گدھے کو دیکھا تو اپنے گھوڑے پر چڑھ گئے اور ساتھیوں سے لاٹھی مانگی۔ انہوں نے انکار کر دیا پھر نیزہ مانگا انہوں نے اس سے بھی انکار کیا تو آپ نے خود ہی اٹھا لیا اور اس گدھے پر حملہ کر کے اسے قتل کر دیا۔ بعض صحابہؓ نے اس میں سے کھایا اور بعض نے انکار کر دیا۔ جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے اور اس کے متعلق پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ تو کھانا تھا جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں کھلایا۔

۸۳۲: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ فِيْ حِمَارِ الْوَحْشِ مِثْلَ حَدِيْثِ اَبِي النَّضْرِ غَيْرَ اَنَّ فِيْ حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هَلْ مَعَكُمْ مِنْ لَحْمِهٖ شَيْءٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۳۲: ہم سے روایت کی قتیبہ نے انہوں نے مالک سے انہوں نے زید بن اسلم سے انہوں نے عطاء بن یسار سے انہوں نے ابوقتادہ سے وحشی گدھے کے متعلق ابوالنضر کی حدیث کے مثل روایت کیا ہے۔ لیکن اس میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے پاس اس کے گوشت میں سے کچھ باقی ہے؟ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

**خلاصۃ الباب:** (۱) محرم کے لئے خشکی کا شکار از روئے قرآن پاک سے حرام ہے اسی طرح اگر محرم نے کسی غیر محرم کی شکار میں مدد کی یا اشارہ یا اس کو شکار کے بارے میں بتایا کہ فلاں جگہ شکار موجود ہے تب بھی اس شکار کا کھانا محرم کے لئے باتفاق حرام ہے البتہ اگر محرم کی مدد یا رہنمائی یا اشارہ کے بغیر کسی غیر محرم نے شکار کیا ہو تو محرم کے حق میں ایسے شکار کے جائز ہونے میں فقہاء کا اختلاف ہے۔ امام ابوحنیفہؒ اور ان کے اصحاب کے نزدیک محرم کے لئے ایسے شکار کا کھانا مطلقاً جائز ہے ان کی دلیل اسی باب میں حضرت ابوقتادہؓ کی روایت ہے (۲) سمندری شکار محرم کے لئے بنص قرآن جائز ہے البتہ ٹڈی کے بارہ

میں جمہور کا مذہب یہ ہے کہ وہ خشکی کا شکار ہے لہٰذا اس کے مارنے پر جزاء واجب ہے جس کی دلیل مؤطا امام مالک میں حضرت عمر کے فرمان سے ہے "لَتَمْرَةٌ خَيْرٌ مِنْ جَرَادَةٍ" کہ ایک کھجور بہتر ہے ٹڈی سے۔ (۳) ضبع ایک درندہ ہے جسے فارسی میں "کفتار" اور اردو میں بجو کہتے ہیں۔ حنفیہ کے نزدیک اگر وہ یا اور کوئی درندہ از خود حملہ آور ہو اور اسے محرم قتل کر دے تو کوئی جزا واجب نہیں اور اگر محرم اسے ابتداءً قتل کرے تو جزا واجب ہے جو زیادہ سے زیادہ ایک بکری ہوگی حدیث باب کا مطلب یہی ہے

## ۵۷۳: بَابُ مَا جَآءَ فِي كَرَاهِيَةِ لَحْمِ الصَّيْدِ لِلْمُحْرِمِ

۸۳۳: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِاللهِ بْنِ عَبْدِاللهِ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ الصَّعْبَ ابْنَ جَثَّامَةَ اَخْبَرَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّبِهٖ بِالْاَبْوَاءِ اَوْبِوَدَّانَ فَاَهْدٰى لَهٗ حِمَارًا وَحْشِيًا فَرَدَّهٗ عَلَيْهِ فَلَمَّا رَاٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ وَجْهِهِ الْكَرَاهِيَةَ قَالَ اِنَّهٗ لَيْسَ بِنَا رَدٌّ عَلَيْكَ وَلٰكِنَّا حُرُمٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ ذَهَبَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اِلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ وَكَرِهُوْا اَكْلَ الصَّيْدِ لِلْمُحْرِمِ وَقَالَ الشَّافِعِيُّ اِنَّمَا وَجْهُ هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَنَا اِنَّمَا رَدَّ عَلَيْهِ لِمَا ظَنَّ اَنَّهٗ صِيْدَ مِنْ اَجْلِهٖ وَتَرَكَهٗ عَلَى التَّنَزُّهِ وَقَدْ رَوٰى بَعْضُ اَصْحَابِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَقَالَ اَهْدٰى لَهٗ لَحْمَ حِمَارٍ وَحْشٍ وَهُوَ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ۔

## ۵۷۳: باب محرم کے لئے شکار کا گوشت کھانا مکروہ ہے

۸۳۳: صعب بن جثامہؓ نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہؐ صعب کو "ابواء" یا "ودان" (دونوں مقام مکہ اور مدینے کے درمیان میں) لے کر گئے تو صعب ایک وحشی گدھا رسول اللہؐ کے لئے ہدیہ لائے۔ آپؐ نے واپس لوٹا دیا۔ جب رسول اللہؐ نے ان کے چہرے پر کراہت کے آثار دیکھے تو آپؐ نے فرمایا کہ یہ میں نے اس لئے واپس کیا ہے کہ ہم احرام میں ہیں۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ کا اس حدیث پر عمل ہے۔ ان کے نزدیک محرم کو شکار کا گوشت کھانا مکروہ ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ نبی اکرمؐ نے اسے اس لئے واپس کیا تھا کہ ان کے خیال میں صعب نے اسے نبی اکرمؐ ہی کے لئے شکار کیا تھا۔ اور آپؐ کا اسے ترک کرنا تنزیہاً ہے۔ زہری کے بعض ساتھی بھی اسے زہری سے روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ صعب نے وحشی گدھے کا گوشت ہدیے میں پیش کیا تھا لیکن یہ غیر محفوظ ہے اس باب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔

## ۵۷۴: بَابُ مَا جَآءَ فِي صَيْدِ الْبَحْرِ لِلْمُحْرِمِ

۸۳۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا وَكِيْعٌ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِي الْمُهَزِّمِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجٍّ اَوْ عُمْرَةٍ

## ۵۷۴: باب کہ محرم کے لئے سمندری جانوروں کا شکار حلال ہے

۸۳۴: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ہم حج یا عمرہ کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نکلے تو ہمارے سامنے ٹڈی دل آ گیا پس ہم نے انہیں اپنی لاٹھیوں اور کوڑوں سے مارنا شروع

فَاسْتَقْبَلَنَا رَجْلٌ مِنْ جَرَادٍ فَجَعَلْنَا نَضْرِبُهُ بِاَسْيَاطِنَا وَ عِصِيِّنَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُوْهُ فَاِنَّهُ مِنْ صَيْدِ الْبَحْرِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اَبِي الْمُهَزِّمِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَ اَبُو الْمُهَزِّمِ اسْمُهُ يَزِيْدُ بْنُ سُفْيَانَ وَ قَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ شُعْبَةُ وَ قَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ لِلْمُحْرِمِ اَنْ يَصِيْدَ الْجَرَادَ وَ يَأْكُلَهُ وَرَاٰى بَعْضُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِ صَدَقَةً اِذَا اصْطَادَهُ اَوْ اَكَلَهُ.

کر دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اسے کھاؤ یہ دریا کا شکار ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے ابومہزم کی حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت کے علاوہ نہیں جانتے۔ ابومہزم کا نام یزید بن سفیان ہے۔ شعبہ نے ان کے متعلق کلام کیا ہے۔ علماء کی ایک جماعت محرم کے لئے ٹڈی کو شکار کر کے کھانے کی اجازت دیتی ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اگر محرم ٹڈی کو کھائے یا اس کا شکار کرے گا تو اس پر صدقہ واجب ہو جائے گا۔

## ۵۷۵: بَابُ مَا جَآءَ فِي الضَّبُعِ يُصِيْبُهَا الْمُحْرِمُ

## ۵۷۵: باب محرم کے لئے بجو کے شکار کا حکم

۸۳۵: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِاللهِ ابْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ عَمَّارٍ قَالَ قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ الضَّبُعُ اَصَيْدٌ هِيَ قَالَ نَعَمْ قَالَ قُلْتُ اٰكُلُهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ قُلْتُ اَقَالَهُ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ قَالَ عَلِيٌّ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ رَوٰى جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ فَقَالَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عُمَرَ وَ حَدِيْثُ ابْنِ جُرَيْجٍ اَصَحُّ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ وَ الْعَمَلُ فِي الْمُحْرِمِ اِذَا اَصَابَ ضَبُعًا اَنَّ عَلَيْهِ الْجَزَآءَ.

۸۳۵: حضرت ابن ابی عمارؓ سے روایت ہے کہ میں نے جابر بن عبداللہ سے پوچھا کیا بجو شکار ہے؟ انہوں نے فرمایا! ہاں میں نے پوچھا کیا میں اسے کھا سکتا ہوں؟ انہوں نے فرمایا ہاں میں نے پوچھا کیا رسول اللہ ﷺ نے اسی طرح فرمایا ہے؟ انہوں نے فرمایا! ہاں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ علی، یحییٰ بن سعید کے حوالے سے کہتے ہیں کہ جریر بن حازم یہ حدیث روایت کرتے ہوئے بحوالہ جابرؓ حضرت عمرؓ سے روایت کرتے ہیں۔ ابن جریج کی روایت اصح ہے اور امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے کہ محرم اگر بجو کا شکار کرے تو اس پر جزاء ہے۔

فائدہ: بجو ایک جانور ہے۔ جو مردار کھاتا ہے۔ بجو کا شکار جائز لیکن اس کا کھانا منع ہے کیونکہ کیل والے شکاری درندوں کے کھانے سے رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا ہے۔ امام ابوحنیفہؒ، امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کا یہی مسلک ہے۔

## ۵۷۶: بَابُ مَا جَآءَ فِي الْاِغْتِسَالِ لِدُخُوْلِ مَكَّةَ

## ۵۷۶: مکہ داخل ہونے کے لئے غسل کرنا

۸۳۶: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنِيْ هَارُوْنُ ابْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اغْتَسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِدُخُوْلِ مَكَّةَ بِفَخٍّ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَيْرُ

۸۳۶: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کے لئے فخ کے مقام پر غسل فرمایا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث غیر محفوظ ہے۔ اور صحیح وہی ہے جو نافع سے مروی ہے کہ ابن عمرؓ

مَحْفُوْظٍ وَ الصَّحِيْحُ مَارَوٰى نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ يَغْتَسِلُ لِدُخُوْلِ مَكَّةَ وَ بِهٖ يَقُوْلُ الشَّافِعِيُّ يُسْتَحَبُّ الْاِغْتِسَالُ لِدُخُوْلِ مَكَّةَ وَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ ضَعِيْفٌ فِي الْحَدِيْثِ ضَعَّفَهٗ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَغَيْرُهُمَا وَلَا نَعْرِفُ هٰذَا مَرْفُوْعًا اِلَّامِنْ حَدِيْثِهٖ.

مکہ میں جانے کے لئے غسل کیا کرتے تھے۔ امام شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے کہ مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کے لئے غسل کرنا مستحب ہے۔ عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم حدیث میں ضعیف ہیں۔ امام احمد بن حنبلؒ اور علی بن مدینی وغیرہ نے انہیں ضعیف کہا ہے۔ اور ہم اس حدیث کو صرف انہی کی روایت سے مرفوع جانتے ہیں۔

## ۵۷۷: بَابُ مَا جَآءَ فِيْ دُخُوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ مِنْ اَعْلَاهَا وَ خُرُوْجِهٖ مِنْ اَسْفَلِهَا

## ۵۷۷: باب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں بلندی کی طرف سے داخل ہوئے اور پستی کی طرف سے باہر نکلے

۸۳۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّاجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى مَكَّةَ دَخَلَهَا مِنْ اَعْلَاهَا وَ خَرَجَ مِنْ اَسْفَلِهَا وَ فِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۳۷: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ گئے تو بلندی کی طرف سے داخل ہوئے اور پستی کی طرف سے باہر نکلے۔ اس باب میں ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۵۷۸: بَابُ مَا جَآءَ فِيْ دُخُوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ نَهَارًا

## ۵۷۸: باب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں دن کے وقت داخل ہوئے

۸۳۸: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى نَا وَكِيْعٌ نَا الْعُمَرِيُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ نَهَارًا قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۸۳۸: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں دن کے وقت داخل ہوئے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن ہے۔

## ۵۷۹: بَابُ مَا جَآءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ رَفْعِ الْيَدِ عِنْدَ رُؤْيَةِ الْبَيْتِ

## ۵۷۹: باب بیت اللہ کے دیکھنے کے وقت ہاتھ اٹھانا مکروہ ہے

۸۳۹: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى نَا وَكِيْعٌ نَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ قَزَعَةَ الْبَاهِلِيِّ عَنِ الْمُهَاجِرِ الْمَكِّيِّ قَالَ سُئِلَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَيَرْفَعُ الرَّجُلُ يَدَيْهِ اِذَا رَاَى الْبَيْتَ فَقَالَ حَجَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُنَّا نَفْعَلُهٗ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى رَفْعُ الْيَدِ عِنْدَ رُؤْيَةِ الْبَيْتِ

۸۳۹: مہاجر مکی سے روایت ہے کہ جابر بن عبداللہؓ سے پوچھا گیا کیا بیت اللہ کو دیکھ کر آدمی ہاتھ اٹھائے؟ آپؓ نے فرمایا ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا تو کیا کہیں ہم ہاتھ اٹھاتے تھے (یعنی ہاتھ نہیں اٹھاتے تھے) امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ بیت اللہ کو دیکھنے پر ہاتھ اٹھانے کی کراہت کے متعلق ہم

اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ عَنْ اَبِیْ قَزْعَةَ وَ اسْمُ اَبِیْ قَزْعَةَ سُوَيْدُ بْنُ حُجْرٍ.

صرف شعبہ کی ابوقزعہ سے روایت سے جانتے ہیں۔ ابوقزعہ کا نام سوید بن حجر ہے۔

## ۵۸۰: بَابُ مَا جَآءَ كَيْفَ الطَّوَافُ

## ۵۸۰: باب طواف کی کیفیت

۸۴۰: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ نَا سُفْيَانُ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ النَّبِیُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَاسْتَلَمَ الْحَجَرَ ثُمَّ مَضٰى عَلٰى يَمِيْنِهٖ فَرَمَلَ ثَلٰثًا وَ مَشٰى اَرْبَعًا ثُمَّ اَتَى الْمُقَامَ فَقَالَ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلّٰى فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ وَ الْمُقَامُ بَيْنَهُ وَ بَيْنَ الْبَيْتِ ثُمَّ اَتَى الْحَجَرَ بَعْدَ الرَّكْعَتَيْنِ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ اَظُنُّهُ قَالَ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللهِ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ جَابِرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ الْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ.

۸۴۰: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ مکہ تشریف لائے تو مسجد حرام میں داخل ہوئے اور حجر اسود کو بوسہ دیا۔ پھر داہنی طرف چل دیئے (یعنی طواف شروع کیا) تین چکر بازؤں کو تیز تیز ہلاتے ہوئے پورے کئے اور چار چکروں میں (اپنی عادت کے مطابق) چلے۔ پھر مقام ابراہیم کے پاس آئے اور آیت کریمہ "وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلّٰى" مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ بناؤ پڑھ کر دو رکعتیں پڑھیں اس وقت مقام ابراہیم آپؐ اور بیت اللہ کے درمیان تھا۔ پھر حجر اسود کی طرف آئے اور اسے بوسہ دیا۔ پھر صفا کی طرف چلے گئے۔ راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے کہ آپؐ یہ آیت پڑھی "اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ ......" یعنی صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ اس باب میں حضرت ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث جابرؓ حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔

**خلاصۃ الابواب** : (۱) بیت اللہ شریف کو دیکھ کر دعاء کرنا متعدد روایات سے ثابت ہے البتہ اس میں بحث ہے کہ رفع یدین کے ساتھ ہو یا بغیر رفع یدین کے۔ احناف کے اس میں دو قول ہیں (۱) امام طحاوی نے ہاتھ چھوڑنے کو ترجیح دی ہے اور اسی کو فقہائے حنفیہ کا مسلک بتایا ہے (۲) بعض علماء نے متعدد محققین حنفیہ کا قول نقل کیا ہے کہ رفع یدین کے ساتھ دعاء کرنا مستحب ہے

## ۵۸۱: بَابُ مَا جَآءَ فِی الرَّمَلِ مِنَ الْحَجَرِ اِلَى الْحَجَرِ

## ۵۸۱: باب حجر اسود سے رمل شروع کرنے اور اسی پر ختم کرنا

۸۴۱: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ خَشْرَمٍ نَا عَبْدُاللهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَلَ مِنَ الْحَجَرِ اِلَى الْحَجَرِ ثَلٰثًا وَ مَشٰى اَرْبَعًا وَ فِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ جَابِرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالَ

۸۴۱: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے مونڈھے ہلاتے ہوئے تیز تیز قدم چل کر حجر اسود سے حجر اسود تک تین چکر لگائے اور پھر چار چکر اپنی عادت کے مطابق چل کر پورے کئے۔ اس باب میں حضرت ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث جابرؓ حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر بھول کر رمل

الشَّافِعِیُّ اِذَا تَرَکَ الرَّمَلَ عَمَدًا فَقَدْ اَسَاءَ وَلَا شَیْءَ عَلَیْهِ وَ اِذَا لَمْ یَرْمُلْ فِی الْاَشْوَاطِ الثَّلٰثَةِ لَمْ یَرْمُلْ فِیْمَا بَقِیَ وَ قَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ لَیْسَ عَلٰی اَهْلِ مَکَّةَ رَمَلٌ وَ لَا عَلٰی مَنْ اَحْرَمَ مِنْهَا.

(تیزی سے چلنا) چھوڑ دے تو اس نے غلطی کی لیکن اس پر کوئی بدلہ نہیں اور اگر پہلے تین چکروں میں رمل نہیں کیا تو باقی چکروں میں بھی رمل نہ کرے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اہل مکہ پر رمل واجب نہیں اور نہ ہی اس پر رمل واجب ہے جس نے مکہ سے احرام باندھا ہو۔

## ۵۸۲: بَابُ مَا جَآءَ فِی اسْتِلَامِ الْحَجَرِ وَ الرُّکْنِ الْیَمَانِیِّ دُوْنَ مَا سِوَاهُمَا

## ۵۸۲: باب حجر اسود اور رکن یمانی کے علاوہ کسی چیز کو بوسہ نہ دے

۸۴۲: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ نَا سُفْیَانُ وَ مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ خُثَیْمٍ عَنْ اَبِی الطُّفَیْلِ قَالَ کُنَّا مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ مُعَاوِیَةَ لَا یَمُرُّ بِرُکْنٍ اِلَّا اسْتَلَمَهُ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمْ یَکُنْ یَسْتَلِمُ اِلَّا الْحَجَرَ الْاَسْوَدَ وَ الرُّکْنَ الْیَمَانِیَّ فَقَالَ مُعَاوِیَةُ لَیْسَ شَیْءٌ مِنَ الْبَیْتِ مَهْجُوْرًا وَفِی الْبَابِ عَنْ عُمَرَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَکْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنْ لَا یَسْتَلِمَ اِلَّا الْحَجَرَ الْاَسْوَدَ وَالرُّکْنَ الْیَمَانِیَّ.

۸۴۲: حضرت ابوطفیل سے روایت ہے کہ ہم ابن عباسؓ اور معاویہؓ کے ساتھ طواف کر رہے تھے۔ معاویہؓ جس رکن سے گزرتے اسے چوم لیتے تھے۔ اس پر ابن عباسؓ نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حجر اسود اور رکن یمانی کے علاوہ کسی چیز کو بوسہ نہیں دیتے تھے۔ حضرت معاویہؓ نے فرمایا کہ بیت اللہ میں کوئی چیز بھی نہیں چھوڑنی چاہیے۔ اس باب میں حضرت عمرؓ سے بھی روایت ہے امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عباسؓ حسن صحیح ہے۔ اکثر اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ حجر اسود اور رکن یمانی کے علاوہ کسی چیز کو بوسہ نہ دے۔

## ۵۸۳: بَابُ مَا جَآءَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ طَافَ مُضْطَجِعًا

## ۵۸۳: باب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اضطباع کی حالت میں طواف کیا

۸۴۳: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا قَبِیْصَةُ عَنْ سُفْیَانَ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنْ عَبْدِالْحَمِیْدِ عَنِ ابْنِ یَعْلٰی عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم طَافَ بِالْبَیْتِ مُضْطَجِعًا وَعَلَیْهِ بُرْدٌ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثُ الثَّوْرِیِّ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِهٖ وَهُوَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَ عَبْدُالْحَمِیْدِ هُوَ ابْنُ جُبَیْرِ بْنِ شَیْبَةَ عَنِ ابْنِ یَعْلٰی عَنْ اَبِیْهِ وَهُوَ یَعْلَی بْنُ اُمَیَّةَ.

۸۴۳: ابن ابی یعلی اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرمؐ نے اضطباع کی حالت میں طواف کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بدن پر ایک چادر تھی۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث ثوری کی ابن جریج سے مروی ہے۔ ہم اسے ان کی روایت کے علاوہ نہیں جانتے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ عبدالحمید، عبدالحمید بن جبیر بن شیبہ ہیں۔ اور ابن یعلی، یعلی بن امیہ ہیں۔

فائدہ: چادر کو دائیں کندھے کے نیچے سے گزار کر دونوں کونے یا ایک کونہ بائیں کندھے پر ڈالنے کو اضطباع کہتے ہیں۔

## ۵۸۴: بَابُ مَا جَآءَ فِیْ تَقْبِیْلِ الْحَجَرِ

## ۵۸۴: باب حجر اسود کو بوسہ دینا

۸۴۴: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ

۸۴۴: عابس بن ربیعہ سے روایت ہے کہ میں نے عمر بن

اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَابِسِ بْنِ رَبِيْعَةَ قَالَ رَاَيْتُ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ يُقَبِّلُ الْحَجَرَ وَ يَقُوْلُ اِنِّىْ اُقَبِّلُكَ وَ اَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ وَلَوْلَا اَنِّىْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُكَ لَمْ اُقَبِّلْكَ وَ فِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ بَكْرٍ وَ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ يَسْتَحِبُّوْنَ تَقْبِيْلَ الْحَجَرِ فَاِنْ لَمْ يُمْكِنْهُ اَنْ يَصِلَ اِلَيْهِ اسْتَلَمَهُ بِيَدِهٖ وَقَبَّلَ يَدَهُ وَ اِنْ لَمْ يَصِلْ اِلَيْهِ اسْتَقْبَلَهُ اِذَا حَاذٰى بِهٖ وَ كَبَّرَ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ.

خطاب رضی اللہ عنہما کو حجر اسود کو بوسہ دیتے ہوئے دیکھا اور وہ فرماتے تھے میں تجھے بوسہ دیتا ہوں اور میں جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے اگر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں کبھی تجھے بوسہ نہ دیتا۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث عمرؓ حسن صحیح ہے۔ اور اس پر اہل علم کا عمل ہے کہ حجر اسود کا بوسہ لینا مستحب ہے۔ اگر اس تک پہنچنا ممکن نہ ہو تو ہاتھ سے چھو کر ہاتھ کو چوم لے اور اگر ایسا بھی ممکن نہ ہو تو اس کے سامنے ہو کر تکبیر کہے۔ امام شافعیؒ کا یہی قول ہے۔

**خلاصۃ الابواب :** رکنِ یمانی حجر اسود کے بالمقابل بیت اللہ کے جنوب مغربی گوشہ کو کہتے ہیں۔ حجر اسود اور رکنِ یمانی کے حکم میں یہ فرق ہے کہ اگر حجر اسود کو چومنے یا استلام کا موقع نہ ملے تو دور سے اشارہ کر کے ہاتھوں کو چوم لینا مسنون ہے لیکن رکنِ یمانی میں اگر ہاتھ سے استلام کا موقع مل جائے فبہا ورنہ دور سے اشارہ کرنا مسنون نہیں۔ دوسرا فرق یہ کہ حجر اسود کی طرح رکن یمانی کو چومنا ثابت نہیں نیز امام ازرقی نے ایسی روایات نقل کی ہیں جس سے حجر اسود اور رکن یمانی کے استلام کے وقت دعاء کی قبولیت کی خاص امید معلوم ہوتی ہے۔

## ۵۸۵: بَابُ مَا جَآءَ اَنَّهٗ يَبْدَاُ بِالصَّفَا قَبْلَ الْمَرْوَةِ

## ۵۸۵: باب سعی صفا سے شروع کرنا چاہیے

۸۴۵: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ قَدِمَ مَكَّةَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا وَ اَتَى الْمَقَامَ فَقَرَاَ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى فَصَلّٰى خَلْفَ الْمَقَامِ ثُمَّ اَتَى الْحَجَرَ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ قَالَ نَبْدَاُ بِمَا بَدَاَ اللّٰهُ بِهٖ فَبَدَاَ بِالصَّفَا وَ قَرَاَ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ الْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّهٗ يَبْدَاُ بِالصَّفَا قَبْلَ الْمَرْوَةِ فَاِنْ بَدَاَ بِالْمَرْوَةِ لَمْ يُجْزِهٖ وَ يَبْدَاُ بِالصَّفَا وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِىْ مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ وَلَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةِ حَتّٰى رَجَعَ فَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِنْ لَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا

۸۴۵: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرمؐ جب مکہ تشریف لائے تو آپؐ نے بیت اللہ کا طواف کیا۔ پھر مقام ابراہیم پر آئے اور یہ آیت پڑھی: ''وَاتَّخِذُوْا مِنْ ......'' (اور مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ بناؤ) پھر مقام ابراہیم کے پیچھے نماز پڑھنے کے بعد حجر اسود کی طرف آئے اور اسے بوسہ دیا پھر فرمایا ہم بھی اسی طرح شروع کرتے ہیں جس طرح اللہ نے شروع کیا اور صفا کی سعی شروع کرتے ہوئے یہ آیت پڑھی'' اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ '' یعنی صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ سعی میں صفا سے شروع کرے لہٰذا اگر مروہ سے شروع کرے گا تو وہ سعی نہیں ہوگی۔ علماء کا اس شخص کے بارے میں اختلاف ہے جو طواف کعبہ کر کے بغیر سعی کئے واپس

وَالْمَرْوَةِ حَتّٰی خَرَجَ مِنْ مَكَّةَ فَاِنْ ذَكَرَ وَهُوَ قَرِيْبٌ مِنْهَا رَجَعَ فَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَاِنْ لَمْ يَذْكُرْ حَتّٰی اَتٰی بِلَادَهٗ اَجْزَاَهٗ وَ عَلَيْهِ دَمٌ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَقَالَ بَعْضٌ اِنْ تَرَكَ الطَّوَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ حَتّٰی اَتٰی اِلٰی بِلَادِهٖ فَاِنَّهٗ لَا يُجْزِئُهٗ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ قَالَ الطَّوَافُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَاجِبٌ لَا يَجُوْزُ الْحَجُّ اِلَّا بِهٖ.

آ جائے بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اگر طواف کعبہ کیا اور سعی صفا ومروہ کئے بغیر مکہ سے نکل گیا تو اگر وہ قریب ہی ہو تو واپس آ جائے اور سعی کرے۔ اگر اپنے وطن پہنچنے تک یاد نہ آئے تو دم کے طور پر قربانی کرے۔ سفیان ثوریؒ کا یہی قول ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ اگر وہ سعی کئے بغیر اپنے وطن واپس پہنچ جائے تو اس کا حج نہیں ہوا۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ صفا مروہ کے درمیان سعی واجب ہے اس کے بغیر حج نہیں ہوتا۔

## ۵۸۶ :بَابُ مَا جَآءَ فِي السَّعْيِ بَيْنَ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةِ

## ۵۸۶: باب صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا

۸۴۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّمَا سَعٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَيْتِ وَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِيُرِيَ الْمُشْرِكِيْنَ قُوَّتَهٗ قَالَ وَ فِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَ ابْنِ عُمَرَ وَ جَابِرٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهُوَ الَّذِيْ يَسْتَحِبُّهٗ اَهْلُ الْعِلْمِ اَنْ يَسْعٰی بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَاِنْ لَمْ يَسْعَ وَمَشٰی بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ رَاَوْهُ جَائِزًا.

۸۴۶: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کا طواف اور صفا ومروہ کی سعی اس لئے کی تاکہ مشرکین کو اپنی قوت دکھائیں۔ اس باب میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، ابن عمر رضی اللہ عنہما، جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما حسن صحیح ہے۔ اہل علم کے نزدیک صفا اور مروہ کے درمیان دوڑ کر چلنا مستحب ہے۔ لیکن آہستہ چلنا بھی جائز ہے۔

۸۴۷: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰی نَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ جُمْهَانَ قَالَ رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يَمْشِيْ فِي الْمَسْعٰی فَقُلْتُ لَهٗ اَتَمْشِيْ فِي الْمَسْعٰی بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَقَالَ لَئِنْ سَعَيْتُ فَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْعٰی وَ لَئِنْ مَشَيْتُ فَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَمْشِيْ وَاَنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوٰی سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَ هٰذَا.

۸۴۷: حضرت کثیر بن جمہان سے روایت ہے کہ میں نے ابن عمرؓ کو صفا ومروہ کی سعی کے دوران آہستہ چلتے ہوئے دیکھا تو پوچھا؟ کیا آپؓ صفا ومروہ کے درمیان آہستہ چلتے ہیں؟ فرمایا کہ اگر میں دوڑ کر چلوں تو میں نے حضور اکرم ﷺ کو دوڑتے ہوئے دیکھا ہے اور اگر آہستہ چلوں تو میں نے نبی اکرم ﷺ کو آہستہ چلتے ہوئے بھی دیکھا ہے اور میں بہت بوڑھا ہوں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ سعید بن جبیرؓ نے بھی عبداللہ بن عمرؓ سے ایسے ہی روایت کی ہے۔

## ۵۸۷ :بَابُ مَا جَاءَ فِي الطَّوَافِ رَاكِبًا

## ۵۸۷: باب سواری پر طواف کرنا

۸۴۸: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ نَا عَبْدُالْوَارِثِ

۸۴۸: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ

وَعَبْدُالْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ طَافَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ فَاِذَا انْتَهٰى اِلَى الرُّكْنِ اَشَارَ اِلَيْهِ وَ فِى الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَ اَبِى الطُّفَيْلِ وَ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ قَدْ كَرِهَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنْ يَطُوْفَ الرَّجُلُ بِالْبَيْتِ وَ بَيْنَ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةِ رَاكِبًا اِلَّا مِنْ عُذْرٍ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ.

نے اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر طواف کیا پس جب آپ ﷺ حجر اسود کے سامنے پہنچتے تو اس کی طرف اشارہ کر دیتے تھے۔ اس باب میں حضرت جابرؓ ابو طفیلؓ اور ام سلمہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عباسؓ حسن صحیح ہے بعض اہل علم صفا و مروہ کی سعی اور بیت اللہ کا طواف بغیر عذر کے سواری پر کرنا مکروہ سمجھتے ہیں امام شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۵۸۸: بَابُ مَا جَآءَ فِىْ فَضْلِ الطَّوَافِ.

## ۵۸۸: باب طواف کی فضیلت کے بارے میں

۸۴۹: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَا يَحْيَى بْنُ الْيَمَانِ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ خَمْسِيْنَ مَرَّةً خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِهٖ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ قَالَ وَ فِى الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ سَاَلْتُ مُحَمَّدًا عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَ اِنَّمَا يُرْوٰى هٰذَا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

۸۴۹: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے پچاس مرتبہ بیت اللہ کا طواف کیا وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو گیا جیسے کہ اس کی ماں نے ابھی جنا ہے۔ اس باب میں حضرت انسؓ اور ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عباسؓ غریب ہے میں نے امام بخاریؒ سے اس حدیث کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے فرمایا کہ یہ ابن عباسؓ سے موقوفاً مروی ہے۔

۸۵۰: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَيُّوْبَ قَالَ كَانُوْا يَعُدُّوْنَ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ اَفْضَلَ مِنْ اَبِيْهِ وَلَهٗ اَخٌ يُقَالُ لَهٗ عَبْدُالْمَلِكِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَ قَدْ رُوِىَ عَنْهُ اَيْضًا.

۸۵۰: حضرت ایوب کہتے ہیں کہ محدثین عبداللہ بن سعید بن جبیر کو ان کے والد سے افضل سمجھتے تھے ان کا ایک بھائی عبدالملک بن سعید بن جبیر بھی ہے ان سے بھی یہ حدیث مروی ہے۔

## ۵۸۹: بَابُ مَا جَآءَ فِى الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَ بَعْدَ الصُّبْحِ فِى الطَّوَافِ لِمَنْ يَّطُوْفُ

## ۵۸۹: باب عصر اور فجر کے بعد طواف کے دو (نفل) پڑھنا

۸۵۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ وَ عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَانَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ بَابَاهُ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ النَّبِىَّ ﷺ قَالَ يَا بَنِىْ عَبْدِمَنَافٍ لَا تَمْنَعُوْا اَحَدًا طَافَ بِهٰذَا الْبَيْتِ وَصَلّٰى اَيَّةَ سَاعَةٍ شَاءَ مِنْ لَيْلٍ اَوْنَهَارٍ وَفِى الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِىْ ذَرٍّ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى

۸۵۱: حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے بنو عبد مناف! جو شخص اس گھر کا طواف کرے اور دن یا رات کے کسی حصے میں بھی نماز پڑھے تو اسے منع نہ کرو۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ اور ابو ذرؓ سے بھی روایت ہے امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ

حَدِيْثُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ قَدْ رَوَاهُ عَبْدُاللهِ بْنُ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ بَابَاهَ اَيْضًا وَ قَدِ اخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِي الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَ بَعْدَ الصُّبْحِ بِمَكَّةَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا بَاْسَ بِالصَّلٰوةِ وَ الطَّوَافِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَ بَعْدَ الصُّبْحِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ وَ احْتَجُّوْا بِحَدِيْثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ قَالَ بَعْضُهُمْ اِذَا طَافَ بَعْدَ الْعَصْرِ لَمْ يُصَلِّ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ وَ كَذٰلِكَ اِنْ طَافَ بَعْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ اَيْضًا لَمْ يُصَلِّ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَ احْتَجُّوْا بِحَدِيْثِ عُمَرَ اَنَّهُ طَافَ بَعْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ فَلَمْ يُصَلِّ وَ خَرَجَ مِنْ مَكَّةَ حَتّٰى نَزَلَ بِذِيْ طُوًى فَصَلّٰى بَعْدَمَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ.

فرماتے ہیں حدیث جبیر بن مطعم حسن صحیح ہے عبداللہ بن ابی نجیح نے اسی عبداللہ بن باباہ سے بھی روایت کیا ہے اہل علم کا عصر اور فجر کے بعد مکہ مکرمہ میں نماز پڑھنے کے بارے میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک عصر اور فجر کے بعد طواف کرنے اور نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے بعض علماء کہتے ہیں کہ اگر عصر کے بعد طواف کرے تو غروب آفتاب تک نماز نہ پڑھے ان کی دلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ انہوں نے فجر کے بعد طواف کیا اور نماز پڑھے بغیر مکہ مکرمہ سے باہر تشریف لے گئے۔ یہاں تک کہ مقام ذی طویٰ میں پہنچے اور طلوع آفتاب کے بعد طواف کے نوافل ادا کئے سفیان ثوریؒ اور مالک بن انس رضی اللہ عنہ کا یہی قول ہے۔

## ۵۹۰: بَابُ مَا جَآءَ مَا يُقْرَاُ فِيْ رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ

## ۵۹۰: باب طواف کی دو رکعتوں میں کیا پڑھا جائے

۸۵۲: حَدَّثَنَا اَبُوْمُصْعَبٍ قِرَاءَةً عَنْ عَبْدِالْعَزِيْزِ ابْنِ عِمْرَانَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ فِيْ رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ بِسُوْرَةِ الْاِخْلَاصِ قُلْ يٰاَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ وَ قُلْ هُوَاللهُ اَحَدٌ.

۸۵۲: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف کی نماز کی ایک رکعت میں ''يٰاَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ'' اور دوسری رکعت میں ''قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ'' پڑھی۔

۸۵۳: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ جَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ قَالَ يَسْتَحِبُّ اَنْ يَقْرَءَ فِيْ رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ بِقُلْ يٰاَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ وَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَ هٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِالْعَزِيْزِبْنِ عِمْرَانَ وَحَدِيْثُ جَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عِمْرَانَ ضَعِيْفٌ فِي الْحَدِيْثِ.

۸۵۳: ہناد وکیع سے وہ سفیان سے وہ جعفر بن محمد سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ طواف کی دو رکعتوں میں ''يٰاَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ'' اور ''قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ'' پڑھنا پسند کرتے تھے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث عبدالعزیز بن عمران کی حدیث سے اصح ہے اور جعفر بن محمد کی اپنے والد سے مروی حدیث حضرت جابرؓ سے مرفوعاً روایت ہے عبدالعزیز بن عمران حدیث میں ضعیف ہیں۔

## ۵۹۱: بَابُ مَا جَآءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ

## ۵۹۱: باب ننگے ہو

## الطَّوَافِ عُرْيَانًا

## ...کر طواف کرنا حرام ہے

۸۵۴: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اُثَيْعٍ قَالَ سَأَلْتُ عَلِيًّا بِاَيِّ شَيْءٍ بُعِثْتَ قَالَ بِاَرْبَعٍ لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلاَّ نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ وَلاَ يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ وَلاَ يَجْتَمِعُ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِكُوْنَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا وَمَنْ كَانَ بَيْنَهُ وَ بَيْنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهْدٌ فَعَهْدُهُ اِلٰى مُدَّتِهِ وَمَنْ لاَ مُدَّةَ لَهُ فَاَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَ فِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عَلِيٍّ حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۸۵۴: حضرت زید بن اثیع فرماتے ہیں کہ میں نے علیؓ سے پوچھا کہ آپ ﷺ کی طرف سے کن چیزوں کا حکم دے کر بھیجے گئے تھے۔ انہوں نے فرمایا چار چیزوں کا ایک یہ کہ جنت میں صرف مسلمان وہی داخل ہوگا۔ دوسرا' بیت اللہ شریف کا طواف برہنہ نہ کیا جائے۔ تیسرا' اس سال کے بعد مسلمان اور مشرک حج میں اکٹھے نہیں ہوں گے اور چوتھا' نبی اکرم ﷺ کا جس سے معاہدہ ہے وہ اپنی مقررہ مدت تک رہے گا اور اگر کوئی مدت مقررہ نہ ہو تو اس کو پہلے چار ماہ کی مہلت ہے۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی روایت ہے امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث علیؓ حسن ہے۔

۸۵۵: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ وَ نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالاَ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ نَحْوَهُ وَ قَالَ زَيْدُبْنُ يُثَيْعٍ وَهٰذَا اَصَحُّ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَ شُعْبَةُ وَهِمَ فِيْهِ فَقَالَ زَيْدُ بْنُ اُثَيْلٍ.

۸۵۵: ابو اسحاق سے اسی حدیث کی مثل روایت کی اور زید بن اثیع کی جگہ زید بن یثیع کیا اور یہ زیادہ صحیح ہے امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ شعبہ سے اس میں خطا ہوئی اور انہوں نے زید بن اثیل کہا

**خلاصة الابواب:** (۱) حدیث باب سے استدلال کر کے امام شافعیؒ اور امام احمدؒ اس بات کے قائل ہیں کہ طواف کے بعد دو رکعتیں اوقات مکروہہ میں بھی ادا کی جا سکتی ہیں۔ امام ابو حنیفہؒ کا مسلک یہ ہے کہ یہ رکعتیں اوقات مکروہہ میں ادا نہیں کی جا سکتیں بلکہ فجر اور عصر کے بعد طواف کرنے والے کو چاہئے کہ وہ طواف کرتا رہے اور آخر میں تمام طوافوں کی رکعات سورج کے طلوع یا غروب کے بعد ایک ساتھ ادا کرے انکی دلیل حضرت عمرؓ کی حدیث ہے (۲) نبی کریم ﷺ نے ۹ ھ کے حج میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کو مکہ مکرمہ بھیجا تھا تاکہ وہ میدان عرفات اور منیٰ میں جہاں تمام قبائل عرب کا اجتماع ہوتا تھا سورۂ براءت میں نازل شدہ احکام کا اعلان کر دیں بعد میں آپ ﷺ نے اسی سلسلہ میں حضرت علیؓ کو بھی بھیجا تھا مشرکین ننگے ہو کر بیت اللہ کا طواف کرتے تھے تو حضور ﷺ نے اسی سے روکا تھا۔

## ۵۹۲: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ دُخُوْلِ الْكَعْبَةِ.

## ۵۹۲: باب خانہ کعبہ میں داخل ہونا

۸۵۶: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا وَكِيْعٌ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ ابْنِ عَبْدِالْمَلِكِ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِيْ وَهُوَ قَرِيْرُ الْعَيْنِ طَيِّبُ النَّفْسِ فَرَجَعَ اِلَيَّ وَهُوَ حَزِيْنٌ

۸۵۶: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ میرے پاس سے نکلے تو آنکھیں ٹھنڈی اور مزاج خوش تھا لیکن جب واپس تشریف لائے تو غمگین تھے میں نے پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا میں کعبہ میں داخل ہوا کاش کہ میں کعبہ

فَقُلْتُ لَهُ فَقَالَ اِنِّیْ دَخَلْتُ الْكَعْبَةَ وَوَدِدْتُ اَنِّیْ لَمْ اَكُنْ فَعَلْتُ اِنِّیْ اَخَافُ اَنْ اَكُوْنَ اَتْعَبْتُ اُمَّتِیْ مِنْ بَعْدِیْ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

میں داخل نہ ہوا ہوتا مجھے ڈر ہے کہ میں نے اپنے بعد اپنی امت کو تکلیف میں ڈال دیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۵۹۳: بَابُ مَا جَآءَ فِی الصَّلٰوةِ فِی الْكَعْبَةِ

## ۵۹۳: باب کعبہ میں نماز پڑھنا

۸۵۷: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ عَمْرِو ابْنِ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ بِلَالٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰی فِیْ جَوْفِ الْكَعْبَةِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَمْ یُصَلِّ وَلٰكِنَّهٗ كَبَّرَ وَفِی الْبَابِ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ وَالْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ وَ عُثْمَانَ بْنِ طَلْحَةَ وَ شَیْبَةَ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ بِلَالٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلَیْهِ عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ لَا یَرَوْنَ بِالصَّلٰوةِ فِی الْكَعْبَةِ بَاْسًا وَ قَالَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ لَا بَاْسَ بِالصَّلٰوةِ النَّافِلَةِ فِی الْكَعْبَةِ وَكَرِهَ اَنْ تُصَلَّی الْمَكْتُوْبَةُ فِی الْكَعْبَةِ وَ قَالَ الشَّافِعِیُّ لَا بَاْسَ اَنْ تُصَلَّی الْمَكْتُوْبَةُ وَ التَّطَوُّعُ فِی الْكَعْبَةِ لِاَنَّ حُكْمَ النَّافِلَةِ وَ الْمَكْتُوْبَةِ فِی الطَّهَارَةِ وَ الْقِبْلَةِ سَوَاءٌ.

۸۵۷: حضرت بلالؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے وسط کعبہ میں نماز پڑھی حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے نماز نہیں پڑھی بلکہ صرف تکبیر کہی اس باب میں حضرت اسامہ بن زیدؓ، فضل بن عباسؓ عثمان بن طلحہؓ اور شیبہ بن عثمانؓ سے بھی روایت ہے امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اکثر اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ خانہ کعبہ میں نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں امام مالک بن انسؒ فرماتے ہیں کہ خانہ کعبہ میں نوافل پڑھنے میں بھی کوئی حرج نہیں البتہ فرض نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ امام شافعی فرماتے ہیں کہ نفل نماز ہو یا فرض نماز دونوں کے پڑھنے میں کوئی حرج نہیں اس لئے کہ طہارت اور قبلہ کا حکم فرض اور نفل دونوں کے لئے ایک جیسا ہے۔

## ۵۹۴: بَابُ مَا جَآءَ فِیْ كَسْرِ الْكَعْبَةِ

## ۵۹۴: باب خانہ کعبہ کو توڑ کر بنانا

۸۵۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ یَزِیْدَ اَنَّ ابْنَ الزُّبَیْرِ قَالَ لَهٗ حَدِّثْنِیْ بِمَا كَانَتْ تُفْضِیْ اِلَیْكَ اُمُّ الْمُؤْمِنِیْنَ یَعْنِیْ عَائِشَةَ فَقَالَ حَدَّثَتْنِیْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا لَوْ لَا اَنَّ قَوْمَكِ حَدِیْثُ عَهْدٍ بِالْجَاهِلِیَّةِ لَهَدَمْتُ الْكَعْبَةَ وَجَعَلْتُ لَهَا بَابَیْنِ فَلَمَّا مَلَكَ ابْنُ الزُّبَیْرِ هَدَمَهَا وَ جَعَلَ لَهَا بَابَیْنِ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۸۵۸: حضرت اسود بن یزید فرماتے ہیں کہ ابن زبیر نے ان سے کہا کہ مجھے وہ باتیں بتاؤ جو حضرت عائشہؓ تمہیں بتایا کرتی تھیں اسود نے کہا کہ وہ بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا اگر تمہاری قوم عہد جاہلیت کے قریب نہ ہوتی (یعنی جاہلیت چھوڑ کر نئے نئے مسلمان نہ ہوئے ہوتے) تو میں کعبہ کو توڑ کر اس میں دو دروازے بناتا پھر جب ابن زبیر مکہ کے حاکم مقرر ہوئے تو انہوں نے اسے توڑ کر دوبارہ بنایا اور اس کے دو دروازے کر دیے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۵۹۵: بَابُ مَا جَآءَ فِی الصَّلٰوةِ فِی الْحِجْرِ

## ۵۹۵: باب حطیم میں نماز پڑھنا

۸۵۹: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا عَبْدُالْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلْقَمَةَ

۸۵۹: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ میں چاہتی تھی کہ

بْنِ اَبِیْ عَلْقَمَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اُحِبُّ اَنْ اَدْخُلَ الْبَیْتَ فَاُصَلِّیَ فِیْهِ فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ بِیَدِیْ فَاَدْخَلَنِی الْحِجْرَ وَ قَالَ صَلِّیْ فِی الْحِجْرِ اِنْ اَرَدْتِّ دُخُوْلَ الْبَیْتِ فَاِنَّمَا هُوَ قِطْعَةٌ مِنَ الْبَیْتِ وَلٰكِنَّ قَوْمَكِ اسْتَقْصَرُوْهُ حِیْنَ بَنَوا الْكَعْبَةَ فَاَخْرَجُوْهُ مِنَ الْبَیْتِ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَ عَلْقَمَةُ بْنُ اَبِیْ عَلْقَمَةَ هُوَ عَلْقَمَةُ بْنُ بِلَالٍ.

کعبہ میں داخل ہو کر نماز پڑھوں پس رسول اللہ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے حطیم میں لے گئے پھر فرمایا حطیم میں نماز پڑھو۔ اگر تم بیت اللہ میں داخل ہونا چاہتی ہو تو یہ بھی اس کا ایک حصہ ہے لیکن تمہاری قوم نے کعبہ کی تعمیر کے وقت تعظیم کی اسے چھوڑ دیا اور اسے کعبہ سے نکال دیا۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے علقمہ بن ابی علقمہ سے مراد علقمہ بن بلال ہیں۔

**خلاصۃ الابواب:** (۱) یہ فتح مکہ کا واقعہ ہے نبی کریم ﷺ کے کعبہ میں نماز کے پڑھنے کے بارے میں روایات متعارض ہیں۔ حضرت بلالؓ کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے داخل ہونے کے بعد وہاں نماز پڑھی جبکہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور فضل بن عباسؓ کی روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے وہاں نماز نہیں پڑھی بلکہ صرف تکبیر کہی ۔جمہور نے حضرت بلالؓ کی روایت کو ترجیح دی ہے۔ (۲) کعبہ شریف کی تعمیر دس مرتبہ ہوئی (۱) سب سے پہلی تعمیر ملائکہ نے حضرت آدمؑ کی تخلیق سے دو ہزار سال پہلے کی تھی اور اس کا مقصد بیت معمور کے بالمقابل زمین پر ایک عبادت گاہ تعمیر کرنا تھا۔ دسویں مرتبہ حجاج بن یوسف نے تعمیر کیا اور حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کے کئے ہوئے اضافے کو چھوڑ کر پھر سے قریش کی بنیادوں پر کعبہ کو تعمیر کیا چنانچہ پھر حطیم باہر رہ گئی اور کعبہ کا دروازہ ایک رہ گیا (۳) حجر کے بیت اللہ کا حصہ ہونے پر جمہور کا اتفاق ہے اس لئے کہ یہ وہی حصہ ہے جسے قریش نے بناء کعبہ کے وقت چھوڑ دیا تھا البتہ حطیم کے بارہ میں اختلاف ہے کہ وہ بیت اللہ کا جزو ہے یا نہیں حجر بیت اللہ کی شمالی دیوار کے بعد چھ ذراع کی جگہ کو کہتے ہیں۔

## ۵۹۶: بَابُ مَا جَآءَ فِیْ فَضْلِ الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ وَالرُّكْنِ وَ الْمَقَامِ

## ۵۹۶: باب حجر اسود رکن یمانی اور مقام ابراہیم کی فضیلت

۸۶۰: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا جَرِیْرٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ الْحَجَرُ الْاَسْوَدُ مِنَ الْجَنَّةِ وَهُوَ اَشَدُّ بَیَاضًا مِنَ اللَّبَنِ فَسَوَّدَتْهُ خَطَایَا بَنِیْ اٰدَمَ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۸۶۰: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حجر اسود جب جنت سے اتارا گیا تو دودھ سے بھی زیادہ سفید تھا لیکن بنی آدم کے گناہوں نے اسی سیاہ کر دیا۔ اس باب میں عبداللہ بن عمروؓ اور ابو ہریرہؓ سے بھی روایت ہے امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عباسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

۸۶۱: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ عَنْ رَجَاءٍ اَبِیْ یَحْیٰی قَالَ سَمِعْتُ مُسَافِعًا الْحَاجِبَ یَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

۸۶۱: مسافع حاجب نے عبداللہ بن عمروؓ کو روایت کرتے ہوئے سنا۔ وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا رکن یمانی اور مقام ابراہیم جنت کے یاقوتوں میں سے دو یاقوت ہیں۔ اللہ تعالیٰ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الرُّكْنَ وَ الْمَقَامَ يَا قُوْتَتَانِ مِنْ يَا قُوْتِ الْجَنَّةِ طَمَسَ اللّٰهُ نُوْرَ هُمَا وَلَوْ لَمْ يَطْمِسْ نُوْرَهُمَا لَاَضَاءَ تَامَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا يُرْوٰى عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو مَوْقُوْفًا قَوْلُهٗ وَفِيْهِ عَنْ اَنَسٍ اَيْضًا وَهُوَ حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

نے ان کے نور کی روشنی بجھادی اور اگر اللہ تعالیٰ اسے نہ بجھاتا تو ان کی روشنی مشرق سے مغرب تک سب کچھ روشن کر دیتی۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں۔ یہ حدیث عبداللہ بن عمرو کا اپنا قول (حدیث موقوف) مروی ہے۔ اس باب میں حضرت انسؓ سے بھی روایت ہے اور وہ غریب روایت ہے۔

**خلاصۃ الباب** : نبی کریم ﷺ نے منیٰ میں قصر کیا تھا۔ اس قصر کی علت کے بارے میں جمہور ائمہ کا مسلک یہ ہے کہ یہ قصر سفر کی بناء پر تھا چنانچہ ان کے نزدیک اہل مکہ کے لئے منیٰ میں قصر نہیں ہوگا جبکہ امام مالکؒ اور اوزاعیؒ کا مسلک یہ ہے کہ منیٰ میں قصر کرنا اسی طرح مناسک حج میں سے ہے جیسے عرفات و مزدلفہ میں جمع بین الصلوتین ۔لہٰذا مکہ مکرمہ یا اس کے آس پاس سے آئے ہوں وہ بھی منیٰ میں قصر کریں۔

## ۵۹۷ : بَابُ مَا جَآءَ فِي الْخُرُوْجِ اِلٰى مِنٰى وَالْمُقَامُ بِهَا

## ۵۹۷: باب منیٰ کی طرف جانا اور قیام کرنا

۸۶۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْاَجْلَحِ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ وَالْفَجْرَ ثُمَّ غَدَا اِلٰى عَرَفَاتٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَ اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُسْلِمٍ قَدْ تَكَلَّمُوْا فِيْهِ.

۸۶۲: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے منیٰ میں ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور فجر کی نمازیں پڑھائیں اور پھر صبح عرفات کی طرف تشریف لے گئے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ اسمٰعیل بن مسلم کے بارے میں کلام کیا گیا ہے۔

۸۶۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْاَجْلَحِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِمِنًى الظُّهْرَ وَالْفَجْرَ ثُمَّ غَدَا اِلٰى عَرَفَاتٍ وَ فِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ وَاَنَسٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ عَلِيُّ ابْنُ الْمَدِيْنِيِّ قَالَ يَحْيٰى قَالَ شُعْبَةُ لَمْ يَسْمَعِ الْحَكَمُ مِنْ مِقْسَمٍ اِلَّا خَمْسَةَ اَشْيَاءَ وَ عَدَّهَا وَلَيْسَ هٰذَا الْحَدِيْثُ فِيْمَا عَدَّ شُعْبَةُ.

۸۶۳: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ میں ظہر اور فجر کی نماز پڑھائی اور پھر عرفات کی طرف تشریف لے گئے۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن زبیرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ علی بن مدینی یحییٰ کے حوالے سے اور وہ شعبہ کے حوالے سے کہتے ہیں کہ حکم نے مقسم سے صرف پانچ حدیثیں سنی ہیں شعبہ نے ان حدیثوں کو شمار کرتے ہوئے اس حدیث کا ذکر نہیں کیا۔

## ۵۹۸ : بَابُ مَا جَآءَ اَنَّ مِنٰى مُنَاخُ مَنْ سَبَقَ

## ۵۹۸: باب منیٰ میں پہلے پہنچنے والا قیام کا زیادہ حق دار ہے

۸۶۴: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى وَ مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ قَالَا نَا وَكِيْعٌ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُهَاجِرٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ عَنْ اُمِّهِ مُسَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَبْنِيْ لَكَ بَيْتًا يُظِلُّكَ بِمِنًى قَالَ لَا مِنًى

۸۶۴: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ کہ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا ہم منی میں آپ ﷺ کے لئے ایک سایہ دار جگہ نہ بنا دیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں منیٰ ان لوگوں کی جگہ ہے جو پہلے وہاں پہنچ جائیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے

مُنَاخُ مَنْ سَبَقَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

ہیں یہ حدیث حسن ہے۔

## ۵۹۹: بَابُ مَا جَآءَ فِي تَقْصِيْرِ الصَّلٰوةِ بِمِنًى

## ۵۹۹: باب منیٰ میں قصر نماز پڑھنا

۸۶۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى اٰمَنَ مَا كَانَ النَّاسُ وَاَكْثَرَهُ رَكْعَتَيْنِ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَابْنِ عُمَرَ وَاَنَسٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرُوِيَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهُ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ وَمَعَ اَبِيْ بَكْرٍ وَمَعَ عُمَرَ وَعُثْمَانَ رَكْعَتَيْنِ صَدْرًا مِنْ اِمَارَتِهِ وَقَدِ اخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِي تَقْصِيْرِ الصَّلٰوةِ بِمِنًى لِاَهْلِ مَكَّةَ اَنْ يَقْصُرُوا الصَّلٰوةَ بِمِنًى اِلَّا مَنْ كَانَ بِمِنًى مُسَافِرًا وَهُوَ قَوْلُ ابْنِ جُرَيْجٍ وَسُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَيَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ الْقَطَّانِ وَالشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا بَاْسَ لِاَهْلِ مَكَّةَ اَنْ يَقْصُرُوا الصَّلٰوةَ بِمِنًى وَهُوَ قَوْلُ الْاَوْزَاعِيِّ وَمَالِكٍ وَسُفْيَانَ ابْنِ عُيَيْنَةَ وَعَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِيٍّ.

۸۶۵: حضرت حارثہ بن وہبؓ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور بہت سے لوگوں کے ساتھ منیٰ میں بے خوف وخطر دو رکعتیں قصر نماز پڑھی۔ اس باب میں حضرت ابن مسعودؓ، ابن عمرؓ اور انسؓ سے بھی روایت ہے امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حارثہ بن وہب کی حدیث حسن صحیح ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، ابوبکرؓ، عمرؓ اور عثمانؓ کی خلافت کے ابتدائی دور میں ان حضرات کے ساتھ منیٰ میں دو رکعتیں ہی پڑھیں (یعنی قصر نماز) اہل مکہ کے منیٰ میں قصر کرنے کے بارے میں اہل علم کا اختلاف ہے بعض علماء کہتے ہیں کہ منیٰ میں صرف مسافر ہی قصر نماز پڑھ سکتا ہے اہل مکہ نہیں ابن جریج، سفیان، ثوریؒ یحییٰ بن سعید قطانؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اگر اہل مکہ منیٰ میں قصر نماز پڑھیں تو اس میں کوئی حرج نہیں اوزاعیؒ، مالکؒ، سفیان بن عیینہؒ اور عبدالرحمٰن بن مہدیؒ کا یہی قول ہے۔

## ۶۰۰: بَابُ مَا جَآءَ فِي الْوُقُوْفِ بِعَرَفَاتٍ وَالدُّعَاءِ فِيْهَا

## ۶۰۰: باب عرفات میں ٹھہرنا اور دُعا کرنا

۸۶۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ صَفْوَانَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ شَيْبَانَ قَالَ اَتَانَا ابْنُ مِرْبَعٍ الْاَنْصَارِيُّ وَنَحْنُ وُقُوْفٌ بِالْمَوْقِفِ مَكَانًا يُبَاعِدُهُ عَمْرٌو فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْكُمْ يَقُوْلُ كُوْنُوْا عَلٰى مَشَاعِرِكُمْ فَاِنَّكُمْ عَلٰى اِرْثٍ مِنْ اِرْثِ اِبْرَاهِيْمَ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَعَائِشَةَ وَجُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ وَالشَّرِيْدِ بْنِ السُّوَيْدِ الثَّقَفِيِّ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ مِرْبَعٍ

۸۶۶: حضرت یزید بن شیبان سے روایت ہے کہ ہمارے پاس ابن مربع انصاری تشریف لائے۔ انہوں نے فرمایا میں تمہاری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قاصد ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ تم لوگ اپنی اپنی عبادت کی جگہ بیٹھے رہو کیونکہ تم لوگ ابراہیم علیہ السلام کے ترکہ میں سے ایک ترکہ پر ہو۔ اس باب میں حضرت علیؓ، عائشہؓ، جبیر بن مطعمؓ اور شرید بن سوید ثقفیؓ سے بھی روایت ہے امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن مربع کی حدیث حسن صحیح ہے ہم اسے صرف ابن عیینہ کی روایت سے

حَدِيْثٌ حَسَنٌ لَانَعْرِفُهُ اِلَّامِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ وَ ابْنِ مِرْبَعٍ اِسْمُهُ يَزِيْدُ بْنُ مِرْبَعٍ الْاَ نُصَارِيُّ وَاِنَّمَا يُعْرَفُ لَهُ هٰذَا الْحَدِيْثُ الْوَاحِدُ.

جانتے ہیں وہ عمرو بن دینار سے روایت کرتے ہیں ابن مربع کا نام یزید بن مربع انصاری ہے ان سے بھی ایک حدیث مروی ہے۔

۸۶۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْاَعْلٰى الصَّنْعَانِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِيُّ نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتْ قُرَيْشٌ وَ مَنْ كَانَ عَلٰى دِيْنِهَا وَهُمُ الْحُمْسُ يَقِفُوْنَ بِالْمُزْدَلِفَةِ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ قَطِيْنُ اللّٰهِ وَكَانَ مَنْ سِوَاهُمْ يَقِفُوْنَ بِعَرَفَةَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ اَهْلَ مَكَّةَ كَانُوْا لَايَخْرُجُوْنَ مِنَ الْحَرَمِ وَعَرَفَةُ خَارِجٌ مِنَ الْحَرَمِ فَاَهْلُ مَكَّةَ كَانُوْا يَقِفُوْنَ بِالْمُزْدَلِفَةِ وَيَقُوْلُوْنَ نَحْنُ قَطِيْنُ اللّٰهِ يَعْنِيْ سُكَّانُ اللّٰهِ وَمَنْ سِوٰى اَهْلِ مَكَّةَ كَانُوْا يَقِفُوْنَ بِعَرَفَاتٍ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ وَالْحُمْسُ هُمْ اَهْلُ الْحَرَمِ.

۸۶۷: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ قریش اور ان کے متبعین جنہیں حمس کہا جاتا ہے مزدلفہ میں ٹھہر جاتے (عرفات نہ جاتے) اور کہتے ہم بیت اللہ کے خادم اور مکہ کے رہنے والے ہیں جب کہ دوسرے تمام لوگ عرفات میں جا کر ٹھہرتے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "ثُمَّ اَفِيْضُوْا ......" (پھر جہاں سے دوسرے لوگ واپس ہوتے ہیں تم بھی وہیں سے واپس ہو) امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ کہتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اہل مکہ حرم سے باہر نہیں جاتے تھے جب کہ عرفات حرم سے باہر ہے وہ لوگ مزدلفہ میں ہی ٹھہر جاتے اور کہتے کہ ہم تو اللہ کے گھر کے قریب رہنے والے ہیں لیکن دوسرے لوگ عرفات میں جا کر ٹھہرتے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی (پھر وہاں سے واپس لوٹو جہاں سے دوسرے لوگ لوٹتے ہیں) حمس سے مراد اہل حرم ہیں۔

## ۶۰۱: بَابُ مَاجَآءَ اَنَّ عَرَفَةَ كُلَّهَا مَوْقِفٌ

## ۶۰۱: باب تمام عرفات ٹھہرنے کی جگہ ہے

۸۶۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَااَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَيَّاشِ ابْنِ اَبِيْ رَبِيْعَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَافِعٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ وَقَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ فَقَالَ هٰذِهٖ عَرَفَةُ وَهُوَ الْمَوْقِفُ وَ عَرَفَةُ كُلُّهَا مَوْقِفٌ ثُمَّ اَفَاضَ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَ اَرْدَفَ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ وَ جَعَلَ يُشِيْرُ بِيَدِهٖ عَلٰى هَيْأَتِهٖ وَالنَّاسُ يَضْرِبُوْنَ يَمِيْنًا وَّ شِمَالًا يَلْتَفِتُ اِلَيْهِمْ وَ يَقُوْلُ يَآاَيُّهَا النَّاسُ عَلَيْكُمُ السَّكِيْنَةُ ثُمَّ اَتٰى جَمْعًا فَصَلّٰى

۸۶۸: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ؐ عرفات میں ٹھہرے اور فرمایا یہ عرفات ٹھہرنے کی جگہ ہے۔ پھر غروب آفتاب کے وقت آپؐ واپس ہوئے اور اسامہ بن زیدؓ کو ساتھ بٹھا لیا اور اپنی عادت کے مطابق سکون واطمینان کیساتھ ہاتھ سے اشارے کرنے لگے لوگ دائیں بائیں اپنے اونٹوں کو چلانے کے لئے مار رہے تھے۔ نبی اکرمؐ نے لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا اے لوگو اطمینان سے چلو پھر آپؐ مزدلفہ پہنچے اور مغرب وعشاء دو نمازیں اکٹھی پڑھیں صبح کے وقت قزح کے مقام پر آئے اور وہاں ٹھہرے آپؐ نے فرمایا یہ قزح ہے اور یہ ٹھہرنے کی جگہ ہے بلکہ مزدلفہ سارے کا سارا ٹھہرنے کی

بِهِمُ الصَّلٰوتَيْنِ جَمِيْعًا فَلَمَّا اَصْبَحَ اَتٰى قُزَحَ وَ وَقَفَ عَلَيْهِ وَ قَالَ هٰذَا قُزَحُ وَهُوَ الْمَوْقِفُ وَجَمْعٌ كُلُّهَا مَوْقِفٌ ثُمَّ اَفَاضَ حَتّٰى انْتَهٰى اِلٰى وَادِىْ مُحَسِّرٍ فَقَرَعَ نَاقَتَهُ فَخَبَّتْ حَتّٰى جَاوَزَ الْوَادِىْ فَوَقَفَ وَ اَرْدَفَ الْفَضْلَ ثُمَّ اَتَى الْجَمْرَةَ فَرَمَاهَا ثُمَّ اَتَى الْمَنْحَرَ فَقَالَ هٰذَا الْمَنْحَرُ وَ مِنًى كُلُّهَا مَنْحَرٌ وَ اسْتَفْتَتْهُ جَارِيَةٌ شَابَّةٌ مِنْ خَثْعَمٍ فَقَالَتْ اِنَّ اَبِىْ شَيْخٌ كَبِيْرٌ قَدْ اَدْرَكَتْهُ فَرِيْضَةُ اللهِ فِى الْحَجِّ اَفَيُجْزِئُ اَنْ اَحُجَّ عَنْهُ قَالَ حُجِّىْ عَنْ اَبِيْكِ قَالَ وَلَوٰى عُنُقَ الْفَضْلِ فَقَالَ الْعَبَّاسُ يَا رَسُوْلَ اللهِ لِمَ لَوَيْتَ عُنُقَ ابْنِ عَمِّكَ قَالَ رَاَيْتُ شَابًّا وَ شَابَّةً فَلَمْ اٰمَنِ الشَّيْطَانَ عَلَيْهِمَا فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اِنِّىْ اَفَضْتُ قَبْلَ اَنْ اَحْلِقَ قَالَ احْلِقْ وَلَا حَرَجَ اَوْ قَصِّرْ وَلَا حَرَجَ قَالَ وَجَاءَ اٰخَرُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اِنِّىْ ذَبَحْتُ قَبْلَ اَنْ اَرْمِىَ قَالَ ارْمِ وَلَا حَرَجَ قَالَ ثُمَّ اَتَى الْبَيْتَ فَطَافَ بِهٖ ثُمَّ اَتٰى زَمْزَمَ فَقَالَ يَا بَنِىْ عَبْدِالْمُطَّلِبِ لَوْلَا اَنْ يَّغْلِبَكُمْ عَلَيْهِ النَّاسُ لَنَزَعْتُ وَ فِى الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ عَلِيٍّ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ لَا نَعْرِفُهٗ مِنْ حَدِيْثِ عَلِيٍّ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَيَّاشٍ وَ قَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الثَّوْرِىِّ مِثْلَ هٰذَا وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ قَدْ رَاَوْا اَنْ يُّجْمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ بِعَرَفَةَ فِىْ وَقْتِ الظُّهْرِ وَ قَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِذَا صَلَّى الرَّجُلُ فِىْ رَحْلِهٖ وَلَمْ يَشْهَدِ الصَّلٰوةَ مَعَ الْاِمَامِ اِنْ شَاءَ جَمَعَ هُوَ بَيْنَ الصَّلٰوتَيْنِ مِثْلَ مَا صَنَعَ الْاِمَامُ وَ زَيْدُ بْنُ عَلِيٍّ هُوَ ابْنُ حُسَيْنِ ابْنِ

جگہ ہے۔ پھر وہاں سے چل کر وادی محسر میں پہنچے تو اونٹنی کو ایک کوڑا مارا جس سے وہ دوڑنے لگی یہاں تک کہ آپؐ اس وادی سے نکل گئے پھر رکے اور فضل بن عباسؓ کو اپنے ساتھ بٹھا کر جمرہ کے پاس آئے اور کنکریاں ماریں اس کے بعد قربانی کی جگہ پہنچے اور فرمایا یہ قربانی کی جگہ ہے اور منیٰ پورے کا پورا قربان گاہ ہے۔ یہاں قبیلہ خثعم کی ایک لڑکی نے آپؐ سے پوچھا۔ اس نے عرض کیا میرے والد بہت بوڑھے ہیں اور ان پر حج فرض ہے۔ کیا میں انکی طرف سے حج کر سکتی ہوں؟ فرمایا ہاں اپنے والد کی طرف سے حج کر لو۔ پھر راوی کہتے ہیں آپؐ نے فضل بن عباس کی گردن دوسری طرف موڑ دی۔ اس پر حضرت عباسؓ نے عرض کی یا رسول اللہ آپؐ نے اپنے چچازاد کی گردن کیوں پھیر دی۔ نے فرمایا میں نے نوجوان مرد اور نوجوان عورت کو دیکھا تو میں ان پر شیطان سے بے خوف نہیں ہوا۔ پھر ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ میں نے سر منڈانے سے پہلے کعبۃ اللہ کا طواف کر لیا ہے۔ فرمایا کوئی حرج نہیں سر منڈوا لے یا فرمایا بال کٹوا لے۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر ایک شخص آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ میں نے کنکریاں مارنے سے پہلے قربانی کر لی۔ فرمایا کوئی حرج نہیں اب کنکریاں مار لو پھر نبی اکرمؐ بیت اللہ کے پاس آئے اس کا طواف کیا اور پھر آپؐ زمزم پر تشریف لائے اور فرمایا اے عبدالمطلب کی اولاد اگر مجھے یہ ڈر نہ ہوتا کہ لوگ تم پر غالب آ جائیں گے تو میں بھی زمزم کا پانی کھینچتا (نکالتا) یعنی میرے اس طرح نکالنے پر لوگ میری سنت کی اتباع میں تمہیں پانی نکالنے کی مہلت نہ دیں گے۔ اس باب میں حضرت جابرؓ سے بھی روایت ہے امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث علی حسن صحیح ہے ہم اسے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث سے صرف عبدالرحمن بن حارث بن عیاش کی روایت سے جانتے ہیں کئی راوی ثوری سے اسی کے مثل روایت کرتے ہیں اسی پر اہل علم کا عمل

عَلِيِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ.

ہے۔ کہ عرفات میں ظہر اور عصر کی نماز ظہر کے وقت میں جمع کی جائیں۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اپنے خیمہ میں اکیلا نماز پڑھے اور امام کی جماعت میں شریک نہ ہو تو وہ بھی امام ہی کی طرح دونوں نمازیں جمع کر کے پڑھ سکتا ہے۔ زید بن علی وہ زید بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب ہیں۔

## ۶۰۲: بَابُ مَا جَآءَ فِی الْاِفَاضَةِ مِنْ عَرَفَاتٍ

۸۶۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا وَكِيْعٌ وَ بِشْرُ ابْنُ السَّرِيِّ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ قَالُوْا نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْضَعَ فِیْ وَادِیْ مُحَسِّرٍ وَ زَادَ فِيْهِ بِشْرٌ وَ اَفَاضَ مِنْ جَمْعٍ وَعَلَيْهِ السَّكِيْنَةُ وَ اَمَرَهُمْ بِالسَّكِيْنَةِ وَ زَادَفِيْهِ اَبُوْ نُعَيْمٍ وَ اَمَرَهُمْ اَنْ يَرْمُوْا بِمِثْلِ حَصَا الْخَذْفِ وَ قَالَ لَعَلِّیْ لَا اَرَاكُمْ بَعْدَ عَامِیْ هٰذَا وَ فِی الْبَابِ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ جَابِرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

## ۶۰۲: باب عرفات سے واپسی

۸۶۹: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ وادی محسر میں تیزی سے چلے۔ بشر نے اس میں یہ اضافہ کیا ہے کہ نبی اکرم ﷺ جب مزدلفہ سے لوٹے تو اطمینان کے ساتھ اور صحابہؓ کو آپ ﷺ نے اسی کا حکم دیا۔ ابونعیم نے یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے صحابہؓ کو ایسی کنکریاں مارنے کا حکم دیا جو دو انگلیوں میں پکڑی جا سکیں یعنی کھجور کی گٹھلی کے برابر پھر آپ ﷺ نے فرمایا شاید میں اس سال کے بعد تم لوگوں کو نہ دیکھ سکوں۔ اس باب میں حضرت اسامہ بن زیدؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۶۰۳: بَابُ مَا جَآءَ فِی الْجَمْعِ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِالْمُزْدَلِفَةِ

۸۷۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ صَلَّى بِجَمْعٍ فَجَمَعَ بَيْنَ الصَّلٰوتَيْنِ بِاِقَامَةٍ وَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ مِثْلَ هٰذَا فِیْ هٰذَا الْمَكَانِ.

## ۶۰۳: باب مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کو جمع کرنا

۸۷۰: حضرت عبداللہ بن مالک سے روایت ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے مزدلفہ میں دو نمازیں ایک ہی تکبیر سے پڑھیں اور فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی جگہ اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

۸۷۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ يَحْيٰى وَالصَّوَابُ حَدِيْثُ سُفْيَانَ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَ اَبِیْ اَيُّوْبَ وَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَجَابِرٍ وَ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ بِرِوَايَةِ سُفْيَانَ اَصَحُّ مِنْ رِوَايَةِ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِیْ

۸۷۱: حضرت سعید بن جبیر نے حضرت ابن عمرؓ سے اسی کی مثل حدیث مرفوعاً روایت کی۔ محمد بن بشار، یحییٰ بن سعید کے حوالے سے کہتے ہیں کہ سفیان کی حدیث صحیح ہے۔ اس باب میں حضرت علیؓ، ابوایوبؓ، عبداللہ بن مسعودؓ، جابرؓ اور اسامہ بن زیدؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عمرؓ کی حدیث بروایت سفیان اسماعیل بن خالد کی روایت سے اصح ہے۔ اور حدیث سفیان حسن صحیح ہے۔ اسرائیل بھی یہ حدیث

خَالِدٍ وَحَدِيْثُ سُفْيَانَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ قَالَ وَرَوٰى اِسْرَائِيْلُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ وَخَالِدٍ ابْنَيْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَحَدِيْثُ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ هُوَحَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ اَيْضًا رَوَاهُ سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَاَمَّااَبُوْ اِسْحٰقَ فَاِنَّمَا رَوٰى عَنْ عَبْدِاللّٰهِ وَخَالِدٍ ابْنَيْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَ الْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّهُ لَا يُصَلِّيْ صَلٰوةَ الْمَغْرِبِ دُوْنَ جَمْعٍ فَاِذَا اَتٰى جَمْعًا وَهُوَ الْمُزْدَلِفَةُ جَمَعَ بَيْنَ الصَّلٰوتَيْنِ بِاِقَامَةٍ وَاحِدَةٍ وَلَمْ يَتَطَوَّعْ فِيْمَا بَيْنَهُمَا وَهُوَ الَّذِيْ اخْتَارَهُ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ وَذَهَبُوْا اِلَيْهِ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ قَالَ سُفْيَانُ وَ اِنْ شَاءَ صَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ تَعَشّٰى وَ وَضَعَ ثِيَابَهُ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الْعِشَاءَ وَ قَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ يَجْمَعُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِالْمُزْدَلِفَةِ بِاَذَانٍ وَ اِقَامَتَيْنِ يُؤَذِّنُ لِصَلٰوةِ الْمَغْرِبِ وَ يُقِيْمُ وَ يُصَلِّي الْمَغْرِبَ ثُمَّ يُقِيْمُ وَ يُصَلِّي الْعِشَاءَ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ.

ابواسحاق سے وہ عبداللہ اور خالد (یہ دونوں مالک کے بیٹے ہیں) سے اور وہ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں۔ سعید بن جبیر کی ابن عمرؓ سے مروی حدیث بھی حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو سلمہ بن کہیل، سعید بن جبیرؒ سے روایت کرتے ہیں جب کہ ابو اسحٰق، عبداللہ اور خالد سے اور وہ دونوں ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ مغرب کی نماز مزدلفہ سے پہلے نہ پڑھی جائے۔ پس جب حاجی مزدلفہ پہنچیں تو مغرب اور عشاء دونوں نمازوں کو ایک ہی وقت میں ایک ہی تکبیر کے ساتھ پڑھیں اور ان کے درمیان کوئی نفل نماز نہ پڑھیں۔ بعض اہل علم نے یہی مسلک اختیار کیا ہے۔ جن میں سفیان ثوریؒ بھی ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ اگر چاہے تو مغرب پڑھ کر کھانا کھائے، کپڑے اتارے اور پھر تکبیر کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھے۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ مغرب اور عشاء کی نمازیں مزدلفہ میں ایک اذان اور دو تکبیروں کے ساتھ پڑھی جائیں۔ یعنی مغرب کیلئے اذان اور اقامت کہے اور نماز پڑھے۔ پھر اقامت کہے کر عشاء کی نماز پڑھے امام شافعیؒ کا یہی قول ہے۔

## ۶۰۴: بَابُ مَا جَآءَ مَنْ اَدْرَكَ الْاِمَامَ بِجَمْعٍ فَقَدْ اَدْرَكَ الْحَجَّ

## ۶۰۴: باب امام کو مزدلفہ میں پانے والے نے حج کو پالیا

۸۷۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْمَرَ اَنَّ نَاسًا مِنْ اَهْلِ نَجْدٍ اَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِعَرَفَةَ فَسَاَلُوْهُ فَاَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى الْحَجُّ عَرَفَةُ مَنْ جَاءَ لَيْلَةَ جَمْعٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ فَقَدْ اَدْرَكَ الْحَجَّ اَيَّامُ مِنًى ثَلٰثَةٌ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ قَالَ مُحَمَّدٌ وَ زَادَ يَحْيٰى وَ اَرْدَفَ رَجُلًا فَنَادٰى بِهٖ.

۸۷۲: عبدالرحمٰن بن یعمرؓ سے روایت ہے کہ اہل نجد کے کچھ آدمی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپؐ اس وقت عرفات میں تھے۔ ان لوگوں نے آپؐ سے حج کے متعلق پوچھا۔ آپؐ نے منادی کو حکم دیا کہ لوگوں میں یہ اعلان کرے کہ حج عرفات میں وقوف کا نام ہے اور جو شخص مزدلفہ کی رات طلوع فجر سے پہلے عرفات میں پہنچ جائے تو اس نے حج کو پالیا۔ منیٰ کا قیام تین دن ہے لیکن اگر کوئی جلدی کرتے ہوئے دو دنوں کے بعد واپس آ گیا تو اس پر کوئی گناہ نہیں اور جو ٹھہرا رہا اس پر بھی کوئی گناہ نہیں۔ محمد کہتے ہیں کہ یحییٰ کی روایت میں یہ الفاظ زائد ہیں کہ آپ ﷺ نے ایک آدمی کو اپنی سواری پر پیچھے بٹھایا اور اس نے اعلان کیا۔

۸۷۳: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ عَنْ بُکَیْرِ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ یَعْمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ بِمَعْنَاهُ قَالَ قَالَ ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ قَالَ سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ وَ هٰذَا اَجْوَدُ حَدِیْثٍ رَوَاهُ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی وَالْعَمَلُ عَلٰی حَدِیْثِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ یَعْمَرَ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ غَیْرِهِمْ اَنَّهٗ مَنْ لَمْ یَقِفْ بِعَرَفَاتٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ فَقَدْ فَاتَهُ الْحَجُّ وَلَا یُجْزِیُٔ عَنْهُ اِنْ جَاءَ بَعْدَ فَاتَهُ الْحَجَّ وَلَا یُجْزِیُٔ عَنْهُ اِنْ جَاءَ بَعْدَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ وَ یَجْعَلُهَا عُمْرَةً وَعَلَیْهِ الْحَجُّ مِنْ قَابِلٍ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِیِّ وَالشَّافِعِیِّ وَ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ وَقَدْ رَوٰی شُعْبَةُ عَنْ بُکَیْرِ بْنِ عَطَاءٍ نَحْوَ حَدِیْثِ الثَّوْرِیِّ قَالَ سَمِعْتُ الْجَارُوْدَ یَقُوْلُ سَمِعْتُ وَکِیْعًا رَوٰی هٰذَا الْحَدِیْثَ فَقَالَ هٰذَا الْحَدِیْثُ اُمُّ الْمَنَاسِکِ.

۸۷۳: ابن ابی عمر، سفیان بن عیینہ سے وہ سفیان ثوری سے وہ بکیر بن عطاء سے وہ عبدالرحمٰن بن یعمر وہ نبی ﷺ سے اسی کے ہم معنی روایت کرتے ہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذی فرماتے ہیں ابن ابی عمر سفیان بن عیینہ کا قول نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ سفیان ثوری کی روایت میں سے یہ روایت سب سے بہتر ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ علماء صحابہؓ وغیرہ عبدالرحمٰن بن یعمر کی حدیث پر عمل کرتے ہیں کہ جو شخص طلوع فجر سے پہلے عرفات نہ پہنچا اس کا حج نہیں ہوا پس طلوع فجر کے بعد پہنچنے والے شخص کا حج فوت ہوگیا۔ وہ اس مرتبہ عمرہ کرے اور آئندہ سال کا حج اس پر واجب ہے۔ سفیان ثوریؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ شعبہ نے بھی بکیر بن عطاء سے ثوری کی حدیث کی مثل روایت کی ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے جارود سے سنا وہ وکیع سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے یہ حدیث روایت کی اور کہا کہ یہ حدیث ام المناسک (یعنی مسائل حج کی اصل) ہے۔

۸۷۴: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ عَنْ دَاوٗدَ ابْنِ اَبِیْ هِنْدٍ نَا وَ اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اَبِیْ خَالِدٍ وَ زَکَرِیَّا ابْنُ اَبِیْ زَائِدَةَ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسِ ابْنِ اَوْسِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ لَامِ الطَّائِیِّ قَالَ اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُزْدَلِفَةِ حِیْنَ خَرَجَ اِلَی الصَّلٰوةِ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ جِئْتُ مِنْ جَبَلَیْ طَیِّیٍٔ اَکْلَلْتُ رَاحِلَتِیْ وَ اَتْعَبْتُ نَفْسِیْ وَاللّٰہِ مَا تَرَکْتُ مِنْ حَبْلٍ اِلَّا وَقَفْتُ عَلَیْهِ فَهَلْ لِیْ مِنْ حَجٍّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَهِدَ صَلٰوتَنَا هٰذِهٖ وَوَقَفَ مَعَنَا حَتّٰی یَدْفَعَ وَقَدْ وَقَفَ بِعَرَفَةَ قَبْلَ ذٰلِکَ لَیْلًا اَوْنَهَارًا فَقَدْ تَمَّ حَجُّهٗ وَ قَضٰی تَفَثَهٗ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۸۷۴: حضرت عروہ بن مضرس بن اوس بن حارثہ بن ام طائی سے روایت ہے کہ میں مزدلفہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ ﷺ نماز کے لئے نکل رہے تھے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں طے کے دو پہاڑوں سے آیا ہوں میں نے اپنی اونٹنی کو بھی خوب تھکایا اور خود بھی بہت تھک گیا ہوں۔ قسم ہے پروردگار کی میں نے کوئی پہاڑ نہیں چھوڑا جس پر نہ ٹھہرا ہوں کیا میرا حج ہوگیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے ہماری اس وقت کی نماز میں شرکت کی اور واپس جانے تک ہمارے پاس ٹھہرا اس سے پہلے ایک رات، دن عرفات میں ٹھہرا تو اس کا حج پورا ہوگیا۔ اور اس کی میل کچیل دور ہوگئی۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۶۰۵: بَابُ مَا جَآءَ فِیْ تَقْدِیْمِ الضَّعَفَةِ مِنْ جَمْعٍ بِلَیْلٍ

## ۶۰۵: باب ضعیف لوگوں کو مزدلفہ سے جلدی روانہ کرنا

۸۷۵: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ

۸۷۵: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَعَثَنِىْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ ثَقَلٍ مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ وَ فِى الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَ اُمِّ حَبِيْبَةَ وَ اَسْمَاءَ وَالْفَضْلِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ بَعَثَنِىْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ ثَقَلٍ مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ رُوِىَ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ وَ رَوٰى شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ مُشَاشٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدَّمَ ضَعَفَةَ اَهْلِهٖ مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ وَ هٰذَا الْحَدِيْثُ خَطَاءٌ اَخْطَأَ فِيْهِ مُشَاشٌ وَ زَادَ فِيْهِ عَنِ الْفَضْلِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ رَوٰى ابْنُ جُرَيْجٍ وَغَيْرُهٗ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ لَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ.

ﷺ نے مجھے سامان وغیرہ کے ساتھ رات ہی کو مزدلفہ سے بھیج دیا تھا۔ اس باب میں حضرت عائشہؓ، ام حبیبہؓ، اسماءؓ اور فضلؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عباسؓ کی یہ حدیث صحیح ہے اوکئی طرق سے انہی (ابن عباسؓ) سے مروی ہے۔ شعبہ یہ حدیث مشاش سے وہ عطاء سے اور وہ ابن عباسؓ سے اور انہوں نے فضل بن عباس سے روایت کی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے کمزوروں کو رات ہی کے وقت مزدلفہ سے روانہ کر دیا تھا۔ اس حدیث میں مشاش سے غلطی ہوئی ہے اور انہوں نے اس میں فضل بن عباس کا واسطہ زیادہ کیا ہے۔ کیونکہ ابن جریج وغیرہ یہ حدیث عطاء سے اور وہ ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اس میں فضل بن عباس کا ذکر نہیں کیا۔

۸۷۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا وَكِيْعٌ عَنِ الْمَسْعُوْدِىِّ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِىَّ ﷺ قَدَّمَ ضَعَفَةَ اَهْلِهٖ وَقَالَ لَا تَرْمُوا الْجَمْرَةَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ لَمْ يَرَوْا بَاْسًا اَنْ يَتَقَدَّمَ الضَّعَفَةُ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ بِلَيْلٍ يَصِيْرُوْنَ اِلٰى مِنًى وَ قَالَ اَكْثَرُ اَهْلِ الْعِلْمِ بِحَدِيْثِ النَّبِىِّ ﷺ اَنَّهُمْ لَا يَرْمُوْنَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَ رَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِىْ اَنْ يَرْمُوْا بِلَيْلٍ وَالْعَمَلُ عَلٰى حَدِيْثِ النَّبِىِّ ﷺ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِىِّ وَالشَّافِعِىِّ.

۸۷۶: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر کے ضعفاء کو مزدلفہ پہلے روانہ کر دیا اور فرمایا کہ طلوع آفتاب سے پہلے کنکریاں نہ مارنا۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے کہ کمزوروں کو مزدلفہ سے جلد منیٰ بھیج دینے میں کوئی حرج نہیں۔ اکثر اہل علم یہی کہتے ہیں کہ سورج نکلنے سے پہلے کنکریاں نہ ماریں۔ بعض اہل علم رات کے وقت ہی کنکریاں مارنے کی اجازت دیتے ہیں۔ لیکن عمل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث پر ہی ہے۔ سفیان ثوریؒ اور امام شافعیؒ کا یہی قول ہے۔

## ۶۰۶ : بَابٌ

## ۶۰۶: باب

۸۷۷: حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ خَشْرَمٍ نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمِىْ يَوْمَ النَّحْرِ ضُحًى وَاَمَّا بَعْدَ ذٰلِكَ فَبَعْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ

۸۷۷: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ قربانی کے دن چاشت کے وقت کنکریاں مارتے تھے لیکن دوسرے دنوں میں زوال شمس کے بعد کنکریاں مارتے تھے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اکثر اہل علم کا اس پر عمل ہے کہ قربانی کے دن زوال آفتاب کے بعد ہی

اَنَّهُ لَا يَرْمِي بَعْدَ يَوْمِ النَّحْرِ اِلَّا بَعْدَ الزَّوَالِ.

کنکریاں ماری جائیں۔

## ۶۰۷: بَابُ مَا جَآءَ اَنَّ الْاِفَاضَةَ مِنْ جَمْعٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ.

## ۶۰۷: باب مزدلفہ سے طلوع آفتاب سے پہلے نکلنا

۸۷۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْ خَالِدِ الْاَحْمَرُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفَاضَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَ فِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ اِنَّمَا كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَنْتَظِرُوْنَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ ثُمَّ يُفِيْضُوْنَ.

۸۷۸: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ مزدلفہ سے سورج طلوع ہونے سے پہلے واپس ہوئے۔ اس باب میں حضرت عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ زمانہ جاہلیت کے لوگ طلوع آفتاب کا انتظار کرتے اور اس کے بعد مزدلفہ سے نکلتے تھے۔

۸۷۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوُدَ قَالَ اَنْبَانَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو ابْنَ مَيْمُوْنٍ يَقُوْلُ كُنَّا وُقُوْفًا بِجَمْعٍ فَقَالَ عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ اِنَّ الْمُشْرِكِيْنَ كَانُوْا لَا يُفِيْضُوْنَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ اَشْرِقْ ثَبِيْرُ وَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالَفَهُمْ فَاَفَاضَ عُمَرُ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۷۹: حضرت ابو اسحٰق، عمرو بن میمونؒ سے نقل کرتے ہیں کہ ہم مزدلفہ میں تھے کہ حضرت عمر بن خطابؓ نے فرمایا مشرکین سورج نکلنے سے پہلے مزدلفہ سے واپس نہیں ہوتے تھے اور کہتے تھے کہ ثبیر پہاڑ پر دھوپ پہنچ جائے تو تب نکلو لیکن رسول اللہ ﷺ نے ان کی مخالفت فرمائی پس حضرت عمرؓ طلوع آفتاب سے پہلے وہاں سے چل پڑے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

**خلاصة الابواب:** حُمْسٌ "اَحْمَس" کی جمع ہے اس کے معنی صاحب قوت وشدت یہ قریش اور اس کے آس پاس کے چند قبیلوں کا لقب ہے۔ ان کو حمس اس لئے کہا جاتا تھا کہ انہوں نے ایام حج میں اپنے اوپر سختی کی ہوئی تھی اور دوسرے اہل عرب سے زیادہ پابندیاں عائد کی ہوئی تھیں یہ لوگ احرام باندھنے کے بعد گوشت کو حرام کر لیتے تھے۔ بالوں کے خیموں میں نہیں رہتے تھے اسی طرح متعدد جائز کاموں سے احتراز کرتے تھے پھر جب مکہ لوٹتے تھے تو اپنے پہلے کپڑے اتار رکھتے تھے اور حمس کے کپڑوں کے سوا طواف کو جائز نہیں سمجھتے تھے (۲) امام مالکؒ کا مسلک یہ ہے کہ عرفات سے بطن عرفہ اور مزدلفہ میں وادی محسّر میں وقوف کیا تو مکروہ ہوگا لیکن وقوف ہو جائیگا۔ دسویں ذی الحجہ کو حاجیوں کے ذمہ چار مناسک ہوتے ہیں (۱) رمی (۲) قربانی (قارن اور متمتع کے لئے) (۳) حلق یا قصر (۴) طواف زیارت۔ نبی کریم ﷺ سے ان افعال کا بالترتیب کرنا ثابت ہے پھر مذکورہ چار کاموں میں سے شروع کے تین میں امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک واجب ہے اس ترتیب کے قصداً چھوڑنے سے دم واجب ہے اور بھولے سے یا جہالت کی وجہ سے چھوڑنے سے دم واجب نہیں ہوتا (۳) حنفیہ کے نزدیک عرفات میں ظہر وعصر کو جمع کرنا مسنون ہے اور مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کو جمع کر کے پڑھنا واجب ہے۔ عرفات میں جمع تقدیم ہے یعنی عصر کو ظہر کے وقت

میں چند شرائط کے ساتھ پڑھنا ہے اور مزدلفہ میں مغرب کی نماز کو عشاء کے وقت میں تاخیر کی شرائط کے ساتھ پڑھنا ہے۔(۴) وقوف عرفات کا وقت ۹ ذی الحجہ کے زوال سے دس ذی الحجہ کے طلوع فجر تک ہے اس دوران جس وقت بھی آدمی عرفات پہنچ جائے البتہ رات کا کچھ حصہ عرفات میں گذارنا ضروری ہے اگر کوئی شخص غروب آفتاب سے پہلے عرفات سے روانہ ہو جائے تو اس پر دم واجب ہوگا (۵) ترجمۃ الباب میں ''ضعفہ'' سے مراد عورتیں، بچے، کمزور بوڑھے اور مریض ہیں اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ضعفہ کے صبح صادق ہونے سے پہلے مزدلفہ سے منیٰ روانہ ہونے میں کوئی حرج نہیں۔(۶) یوم النحر د(دسویں تاریخ) میں جمرہ عقبہ کی رمی کے تین اوقات ہیں (۱) وقت مسنون: سورج کے طلوع کے بعد زوال شمس سے پہلے (۲) وقت مباح زوال کے بعد غروب شمس تک (۳) وقت مکروہہ یوم النحر گذرنے کے بعد گیارہ ذی الحجہ کی رات۔

## ۶۰۸: بَابُ مَا جَآءَ اَنَّ الْجِمَارَ الَّتِیْ تُرْمٰی مِثْلُ حَصَی الْخَذْفِ

۸۸۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ الْقَطَّانُ نَا ابْنُ جُرَیْجٍ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَرْمِی الْجِمَارَ بِمِثْلِ حَصَی الْخَذْفِ وَ فِی الْبَابِ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْاَحْوَصِ عَنْ اُمِّہٖ وَھِیَ اُمُّ جُنْدُبٍ الْاَزْدِیَّۃُ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَالْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ وَعَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ التَّیْمِیِّ وَعَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ مُعَاذٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَ ھُوَ الَّذِی اخْتَارَہٗ اَھْلُ الْعِلْمِ اَنْ تَکُوْنَ الْجِمَارُ الَّتِیْ تُرْمٰی بِھَا مِثْلُ حَصَی الْخَذْفِ.

## ۶۰۸: باب چھوٹی چھوٹی کنکریاں مارنا

۸۸۰: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا آپ ﷺ حذف (جو کنکریاں دو انگلیوں سے پھینکی جائیں یعنی چھوٹی کنکریاں) کے برابر کنکریاں مارتے تھے۔ اس باب میں سلیمان بن عمرو بن احوصؓ بواسطہ ان کی والدہ ام جندب ازدیہ، ابن عباسؓ، فضل بن عباسؓ، عبدالرحمٰن بن عثمان تیمیؓ اور عبدالرحمٰن بن معاذؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ علماء اسی کو اختیار کرتے ہیں کہ جو کنکریاں ماری جائیں وہ ایسی ہوں جن کو دو انگلیوں سے پھینکا جا سکے یعنی چھوٹی کنکریاں ہوں۔

## ۶۰۹: بَابُ مَا جَآءَ فِی الرَّمْیِ بَعْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ

۸۸۱: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَۃَ الضَّبِّیُّ الْبَصْرِیُّ نَا زِیَادُ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنِ الْحَکَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَرْمِی الْجِمَارَ اِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ قَالَ اَبُوْعِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

## ۶۰۹: باب زوال آفتاب کے بعد کنکریاں مارنا

۸۸۱: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زوال آفتاب کے بعد کنکریاں مارتے تھے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن ہے۔

## ۶۱۰: بَابُ مَا جَآءَ فِیْ رَمْیِ الْجِمَارِ رَاکِبًا

۸۸۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا یَحْیَی بْنُ زَکَرِیَّا ابْنِ اَبِیْ زَائِدَۃَ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنِ الْحَکَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَمٰی

## ۶۱۰: باب سوار ہو کر کنکریاں مارنا

۸۸۲: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے قربانی کے دن (دس ذوالحجہ کو) سوار ہو کر جمرہ عقبہ پر کنکریاں ماریں۔ اس باب میں حضرت جابرؓ، قدامہ بن

الْجَمْرَةَ يَوْمَ النَّحْرِ رَاكِبًا وَ فِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَ قُدَامَةَ بْنِ عَبْدِاللهِ وَ اُمِّ سُلَيْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْاَحْوَصِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَ اخْتَارَ بَعْضُهُمْ اَنْ يَمْشِيَ اِلَى الْجِمَارِ وَ وَجْهُ هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَنَا اَنَّهٗ رَكِبَ فِيْ بَعْضِ الْاَيَّامِ لِيُقْتَدٰى بِهٖ فِيْ فِعْلِهٖ وَ كِلَا الْحَدِيْثَيْنِ مُسْتَعْمَلٌ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ.

عبداللہؓ، اور ام سلیمان بن عمرو بن احوصؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عباسؓ کی حدیث حسن ہے۔ بعض اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ کنکریاں پیدل چل کر مارنی چاہئیں ہمارے نزدیک حدیث کا مطلب یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے بعض اوقات سوار ہو کر کنکریاں ماریں تاکہ آپ ﷺ کے فعل کی پیروی کی جائے۔ اہل علم کا دونوں حدیثوں پر عمل ہے۔

۸۸۳: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى نَا ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَمَى الْجِمَارَ مَشٰى اِلَيْهِ ذَاهِبًا وَ رَاجِعًا قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضٌ عَنْ عُبَيْدِاللهِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَقَالَ بَعْضٌ يَرْكَبُ يَوْمَ النَّحْرِ وَ يَمْشِيْ فِي الْاَيَّامِ الَّتِيْ بَعْدَ يَوْمِ النَّحْرِ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى وَ كَاَنَّ مَنْ قَالَ هٰذَا اِنَّمَا اَرَادَ اتِّبَاعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ فِعْلِهٖ لِاَنَّهٗ اِنَّمَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ رَكِبَ يَوْمَ النَّحْرِ حَيْثُ ذَهَبَ يَرْمِي الْجِمَارَ وَلَا يَرْمِيْ يَوْمَ النَّحْرِ اِلَّا جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ.

۸۸۳: حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ جمروں پر کنکریاں مارنے کے لئے پیدل جاتے اور پیدل ہی واپس تشریف لاتے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض راوی اسے عبیداللہ سے روایت کرتے ہوئے مرفوع نہیں کرتے اکثر اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ قربانی والے دن (دس ذوالحجہ) کو سوار ہو کر اور باقی دنوں میں پیدل چل کر کنکریاں مارے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں جس نے یہ کہا گویا کہ اس نے نبی اکرم ﷺ کی سنت کی پیروی کا خیال کیا کیونکہ نبی کریم ﷺ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے قربانی کے دن (دس ذوالحجہ کو) جمرہ عقبہ پر سواری پر سوار ہو کر کنکریاں ماری تھیں اور اس دن صرف جمرہ عقبہ پر ہی کنکریاں ماری جاتی ہیں۔

## ۶۱۱: بَابُ كَيْفَ تُرْمَى الْجِمَارُ

## ۶۱۱: باب کنکریاں کیسے ماری جائیں

۸۸۴: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى نَا وَكِيْعٌ نَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ اَبِيْ صَخْرَةَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ يَزِيْدَ قَالَ لَمَّا اَتٰى عَبْدُاللهِ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ اسْتَبْطَنَ الْوَادِيَ وَاسْتَقْبَلَ الْكَعْبَةَ وَ جَعَلَ يَرْمِي الْجَمْرَةَ عَلٰى حَاجِبِهِ الْاَيْمَنِ ثُمَّ رَمٰى بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ ثُمَّ قَالَ وَاللهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ غَيْرُهٗ مِنْ هٰهُنَا رَمَى الَّذِيْ اُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ.

۸۸۴: عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ جب عبداللہؓ جمرہ عقبہ پر میدان کے درمیان میں پہنچے تو قبلہ رخ ہوئے اور اپنی داہنی جانب جمرے پر کنکریاں مارنے لگے پھر انہوں نے سات کنکریاں ماریں اور ہر کنکری کے ساتھ تکبیر پڑھتے رہے۔ پھر فرمایا اللہ کی قسم جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اس جگہ سے انہوں نے کنکریاں ماری تھیں جن پر سورۃ بقرہ نازل ہوئی تھی (یعنی نبی کریم ﷺ)

۸۸۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنِ الْمَسْعُوْدِيِّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

۸۸۵: مسعودی اسی سند سے اسی کے مثل روایت کرتے ہیں۔

نَحْوَهٗ قَالَ وَ فِي الْبَابِ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ ابْنِ عُمَرَ وَ جَابِرٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ يَخْتَارُوْنَ اَنْ يَرْمِيَ الرَّجُلُ مِنْ بَطْنِ الْوَادِيْ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ وَ قَدْ رَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِنْ لَمْ يُمْكِنْهُ اَنْ يَرْمِيَ مِنْ بَطْنِ الْوَادِيْ رَمٰى مِنْ حَيْثُ قَدَرَ عَلَيْهِ وَ اِنْ لَمْ يَكُنْ فِيْ بَطْنِ الْوَادِيْ.

اس باب میں فضل بن عباسؓ، ابن عباسؓ، ابن عمرؓ اور جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن مسعودؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اس پر عمل ہے وہ پسند کرتے ہیں کہ کنکریاں مارنے والا میدان کے درمیان سے سات کنکریاں مارے اور ہر کنکری پر تکبیر کہے۔ بعض اہل علم نے اجازت دی ہے کہ اگر وسط وادی سے کنکریاں مارنا ممکن نہ ہو تو جہاں سے کنکریاں مار سکے وہاں سے ہی مارے۔

۸۸۶: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ وَ عَلِيُّ ابْنُ خَشْرَمٍ قَالَا نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ ابْنِ اَبِيْ زِيَادٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا جُعِلَ رَمْيُ الْجِمَارِ وَالسَّعْيُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِاِقَامَةِ ذِكْرِ اللّٰهِ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۸۸۶: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمروں پر کنکریاں مارنا اور صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا اللہ تعالیٰ کی یاد کرنے کے لئے مقرر ہوا ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۶۱۲: بَابُ مَا جَآءَ كَرَاهِيَةِ طَرْدِ النَّاسِ عِنْدَ رَمْيِ الْجِمَارِ

## ۶۱۲: باب رمی کے وقت لوگوں کو دھکیلنے کی کراہت

۸۸۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ اَيْمَنَ بْنِ نَابِلٍ عَنْ قُدَامَةَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمِي الْجِمَارَ عَلٰى نَاقَةٍ لَيْسَ ضَرْبٌ وَلَا طَرْدٌ وَلَا اِلَيْكَ اِلَيْكَ وَ فِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ حَنْظَلَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ قُدَامَةَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاِنَّمَا يُعْرَفُ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَهُوَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ اَيْمَنُ بْنُ نَابِلٍ هُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ.

۸۸۷: حضرت قدامہ بن عبداللہؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اونٹنی پر بیٹھے کنکریاں مارتے دیکھا نہ تو وہاں مارنا تھا نہ اِدھر اُدھر کرنا اور نہ یہ کہ ایک طرف ہو جاؤ۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن حنظلہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث قدامہ بن عبداللہ حسن صحیح ہے۔ یہ حدیث صرف اسی سند سے معروف ہے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ایمن بن نابل محدثین کے نزدیک ثقہ ہیں۔

## ۶۱۳: بَابُ مَا جَآءَ فِي الْاِشْتِرَاكِ فِي الْبُدْنَةِ وَالْبَقَرَةِ

## ۶۱۳: باب اونٹ اور گائے میں شراکت

۸۸۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَحَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۸۸۸: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے صلح حدیبیہ کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ

وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ الْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ وَ الْبَدَنَةَ عَنْ سَبْعَةٍ وَ فِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَ عَائِشَةَ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ جَابِرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ غَيْرِهِمْ يَرَوْنَ الْجَزُوْرَ عَنْ سَبْعَةٍ وَ الْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ وَ اَحْمَدَ وَ رُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ وَالْجَزُوْرَ عَنْ عَشَرَةٍ وَهُوَ قَوْلُ اِسْحٰقَ وَاحْتَجَّ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَ حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ وَجْهٍ وَّاحِدٍ.

سات آدمیوں کی طرف سے گائے اور سات ہی کی طرف سے اونٹ کی قربانی دی۔ اس باب میں ابن عمرؓ، ابو ہریرہؓ، عائشہؓ اور ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ جابرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ علماء صحابہؓ وتابعینؒ کا اسی پر عمل ہے کہ قربانی میں گائے یا اونٹ سات آدمیوں کی طرف سے کافی ہے۔ سفیان ثوریؒ، شافعیؒ، اور احمدؒ کا یہی قول ہے۔ حضرت ابن عباسؓ سے مرفوعاً مروی ہے کہ قربانی میں گائے سات اور اونٹ دس آدمیوں کے لئے کافی ہے۔ اسحٰقؒ کا یہی قول ہے وہ اسی حدیث سے استدلال کرتے ہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث کو ہم صرف ایک ہی سند سے جانتے ہیں۔

۸۸۹: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ وَ غَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ عِلْبَاءَ بْنِ اَحْمَرَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فَحَضَرَ الْاَضْحٰى فَاشْتَرَكْنَا فِي الْبَقَرَةِ سَبْعَةً وَ فِي الْجَزُوْرِ عَشَرَةً قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَ هُوَ حَدِيْثُ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ.

۸۸۹: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ کہ ہم ایک سفر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ عیدالاضحیٰ آ گئی تو ہم لوگ گائے میں سات اور اونٹ میں دس افراد شریک ہوئے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حسین بن واقد کی حدیث غریب ہے۔

**خلاصة الابواب:** جمہور ائمہ کے نزدیک مزدلفہ سے اسفار (روشنی) کے بعد طلوع شمس سے پہلے روانہ ہونا چاہئے۔ البتہ امام مالکؒ کے نزدیک اسفار سے بھی پہلے روانگی مستحب ہے (۲) اس پر اتفاق ہے کہ تمام جمرات کی رمی کسی جانب سے کسی بھی کیفیت کے ساتھ کی جاسکتی ہے اور جمرہ اُولیٰ اور جمرہ وسطیٰ کی رمی کے وقت قبلہ رو ہونا مستحب ہے صحیحین میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے اسی واقعہ میں بیت اللہ اس کے بائیں جانب اور منیٰ کے دائیں جانب ہونے کا ذکر ہے جمہور کا مسلک بھی یہی ہے کہ جمرہ کبریٰ کی رمی کے وقت جمرہ کا استقبال کرتے ہوئے اسی ہیئت سے کھڑا ہونا چاہیے کہ بیت اللہ بائیں جانب ہو اور منیٰ دائیں جانب۔ حدیث باب کو علامہ ابن حجر نے شاذ کیا ہے۔

## ۶۱۴: بَابُ مَا جَآءَ فِيْ اِشْعَارِ الْبُدْنِ

## ۶۱۴: باب قربانی کے اونٹ کا اشعار

۸۹۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا وَكِيْعٌ عَنْ هِشَامٍ

۸۹۰: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے

الدَّسْتَوَائِيّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْ حَسَّانَ الْاَعْرَجِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَلَّدَ نَعْلَيْنِ وَ اَشْعَرَ الْهَدْىَ فِي الشِّقِّ الْاَيْمَنِ بِذِى الْحُلَيْفَةِ وَ اَمَاطَ عَنْهُ الدَّمَ وَ فِي الْبَابِ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ حَسَّانَ الْاَعْرَجُ اسْمُهٗ مُسْلِمٌ وَ الْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحٰبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ يَرَوْنَ الْاِشْعَارَ وَ هُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ وَ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ يُوْسُفَ بْنَ عِيْسٰى يَقُوْلُ سَمِعْتُ وَكِيْعًا يَقُوْلُ حِيْنَ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ فَقَالَ لَا تَنْظُرُوْا اِلٰى قَوْلِ اَهْلِ الرَّاْيِ فِي هٰذَا فَاِنَّ الْاِشْعَارَ سُنَّةٌ وَقَوْلُهُمْ بِدْعَةٌ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا السَّائِبِ يَقُوْلُ كُنَّا عِنْدَ وَكِيْعٍ فَقَالَ لِرَجُلٍ مِمَّنْ يَنْظُرُ فِي الرَّاْيِ اَشْعَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَقُوْلُ اَبُوْحَنِيْفَةَ هُوَ مُثْلَةٌ قَالَ الرَّجُلُ فَاِنَّهٗ قَدْ رُوِىَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ اَنَّهٗ قَالَ الْاِشْعَارُ مُثْلَةٌ قَالَ فَرَاَيْتُ وَكِيْعًا غَضِبَ غَضَبًا شَدِيْدًا وَ قَالَ اَقُوْلُ لَكَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ تَقُوْلُ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ مَا اَحَقَّكَ بِاَنْ تُحْبَسَ ثُمَّ لَا تُخْرَجُ حَتّٰى تَنْزِعَ عَنْ قَوْلِكَ هٰذَا.

قربانیوں کی اونٹنیوں کے گلوں میں جوتیوں کا ہار ڈالا (یعنی تقلید کیا) اور ہدی کو داہنی جانب سے زخمی کیا ذوالحلیفہ میں اور اس کا خون صاف کر دیا۔ اس باب میں مسور بن مخرمہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عباسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ ابوحسان اعرج کا نام مسلم ہے۔ علماء صحابہؓ اور دیگر اہل علم اسی حدیث پر عمل کرتے ہیں۔ وہ اشعار کو سنت سمجھتے ہیں۔ امام ثوریؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں میں نے یوسف بن عیسیٰ کو یہ حدیث وکیع کے حوالے سے راویت کرتے ہوئے سنا۔ انہوں نے فرمایا کہ اس مسئلے میں اہل رائے کا قول نہ دیکھو (اہل رائے سے مراد امام عبدالرحمٰن تیمی مدنی ہیں جو امام مالکؒ کے استاد ہیں) اس لئے کہ نشان لگانا (یعنی اشعار) سنت ہے۔ اہل رائے کہتے ہیں کہ یہ بدعت ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ابوسائب سے سنا وہ کہتے ہیں ہم وکیع کے پاس تھے کہ انہوں نے اہل رائے میں سے ایک شخص سے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے اشعار کیا (یعنی نشان لگایا) اور امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ یہ مثلہ (اعضا کا کاٹنا ہے) اس شخص نے کہا ابراہیم نخعی بھی کہتے ہیں کہ اشعار مثلہ ہے۔ اس پر وکیع غصے میں آ گئے اور فرمایا میں تم سے کہتا ہوں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اور تم کہتے ہو کہ ابراہیم نخعی نے یوں کہا۔ تم اس قابل ہو کہ تمہیں قید کر دیا جائے یہاں تک کہ تم اپنے اس قول سے رجوع کر لو۔

(**فائدہ**) احناف نشان لگانے کے تو قائل ہیں لیکن ایسا نہ ہو کہ زخم گہرا ہو جائے اور جانور میں نقص پڑ جائے۔

**خلاصۃ الابواب:** تقلید (گلے میں جوتا یا اور کوئی چمڑا ڈالنا) بالاتفاق سنت ہے تا کہ لوگ سمجھ جائیں کہ یہ ہدی خرقہ ہے۔ دوسرا طریقہ اشعار تھا جس کی صورت یہ ہے کہ اونٹ کی داہنی کروٹ میں نیزے سے زخم لگا دیا جاتا ہے یہ بھی جمہور کے نزدیک سنت ہے امام ابوحنیفہؒ بھی اس کی سنت ہونے کے قائل ہیں البتہ ان کے زمانے میں لوگ اشعار کرنے میں بہت زیادہ مبالغہ کرنے لگے تھے اور گہرے زخم لگا دیتے تھے جس سے جانوروں کو ناقابل برداشت تکلیف ہوتی تھی اس لئے انہوں نے اشعار سے روکا تھا ورنہ ان کا مقصود نفس اشعار سے روکنا نہ تھا بلکہ مبالغہ سے روکنا تھا۔ اگر امام ابوحنیفہؒ سے اشعار کے مکروہ ہونے کا کوئی دوسرا قول مروی ہے تو اس کا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ اشعار کے مقابلہ میں تقلید نعلین افضل ہے جس کی دلیل

ہے کہ نبی کریم ﷺ نے جتنے بدنوں کا سوق (ہانکا) فرمایا ان میں سے ایک کا آپ ﷺ نے اشعار فرمایا باقی سب میں تقلید (گلے میں جوتا ڈالنا) کی صورت پر عمل کیا تھا۔ واضح رہے کہ حضرت عائشہؓ اور حضرت ابن عباسؓ سے ایسی روایات مروی ہیں کہ جن میں اشعار کرنے اور نہ کرنے کے اختیار کا پتہ چلتا ہے گویا کہ ان دونوں حضرات کے نزدیک اشعار نہ سنت ہے اور نہ مستحب بلکہ مباح ہے جس سے معلوم ہوا کہ امام ابوحنیفہؒ کا مسلک حضرت عائشہؓ اور حضرت ابن عباسؓ کے قریب قریب ہے۔ واللہ اعلم

## ۶۱۵: بَابُ

۸۹۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَاَبُوْ سَعِيْدِ الْاَشَجُّ قَالَا ثَنَا ابْنُ الْيَمَانِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرٰى هَدْيَةً مِنْ قُدَيْدٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ الثَّوْرِيِّ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يَحْيَى ابْنِ الْيَمَانِ وَ رَوٰى عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اشْتَرٰى مِنْ قُدَيْدٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَ هٰذَا اَصَحُّ.

## ۶۱۵: باب

۸۹۱: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے مقام قدید سے ہدی کا جانور خریدا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے ثوری کی روایت سے یحییٰ بن یمان کی روایت کے علاوہ نہیں جانتے۔ نافع سے مروی ہے کہ ابن عمرؓ نے بھی مقام قدید سے ہی ہدی کا جانور خریدا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ کہتے ہیں کہ یہ روایت اصح ہے۔

## ۶۱۶: بَابُ مَا جَآءَ فِيْ تَقْلِيْدِ الْهَدْيِ لِلْمُقِيْمِ

۸۹۲: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ فَتَلْتُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لَمْ يُحْرِمْ وَلَمْ يَتْرُكْ شَيْئًا مِنَ الثِّيَابِ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالُوْا اِذَا قَلَّدَ الرَّجُلُ الْهَدْيَ وَهُوَ يُرِيْدُ الْحَجَّ لَمْ يَحْرُمْ عَلَيْهِ شَيْءٌ مِنَ الثِّيَابِ وَ الطِّيْبِ حَتّٰى يُحْرِمَ وَ قَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِذَا قَلَّدَ الرَّجُلُ الْهَدْيَ فَقَدْ وَجَبَ عَلَيْهِ مَا وَجَبَ عَلَى الْمُحْرِمِ.

## ۶۱۶: باب مقیم کا ہدی کے گلے میں ہار ڈالنا

۸۹۲: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ میں نبی کریم ﷺ کی ہدی کے ہار کے لئے رسیاں بٹا کرتی تھی پھر آپ ﷺ نے نہ تو احرام باندھا اور نہ کپڑے ہی پہننا ترک کیے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے ہدی کے جانور کے گلے میں ہار ڈالتا ہے تو اس وقت اس پر سلے ہوئے کپڑے یا خوشبو حرام نہیں ہوتی جب تک کہ وہ احرام نہ باندھے۔ بعض کہتے ہیں کہ ہدی کے گلے میں ہار ڈالنے (تقلید) کے ساتھ ہی اس پر وہ تمام چیزیں واجب ہو جاتی ہیں جو محرم پر واجب ہوتی ہیں۔

**خلاصۃ الباب:** شافعیہ اور حنابلہ کے نزدیک اونٹوں کی طرح بکریوں میں تقلید مشروع ہے حدیث باب ان کی دلیل ہے۔ حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک قلادہ ڈالنا اونٹوں اور گائے بیل کے ساتھ خاص ہے اس لئے کہ حضور ﷺ سے حج میں بکریاں لے جانا ثابت نہیں بلکہ اونٹ لے جانا ثابت ہے۔ واللہ اعلم۔

## ۶۱۷: بَابُ مَا جَآءَ فِيْ تَقْلِيْدِ الْغَنَمِ

۸۹۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ

## ۶۱۷: باب بکریوں کی تقلید کے بارے میں

۸۹۳: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نبی

مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّهَا غَنَمًا ثُمَّ لَا يُحْرِمُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ الْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ غَيْرِهِمْ يَرَوْنَ تَقْلِيْدَ الْغَنَمِ.

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قربانی کی بکریوں کے گلے کے ہاروں کی رسیاں بٹا کرتی تھی۔ پھر آپ ﷺ احرام نہیں باندھتے تھے (یعنی اپنے اوپر کسی چیز کو حرام نہیں کرتے تھے۔) امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے اسی پر بعض صحابہؓ وغیرہ کا عمل ہے کہ بکریوں کے گلے میں ہار ڈالے جائیں۔

## ۶۱۸ : بَابُ مَا جَآءَ اِذَا عَطِبَ الْهَدْيُ مَا يُصْنَعُ بِهٖ

## ۶۱۸: باب اگر ہدی کا جانور مرنے کے قریب ہو تو کیا کیا جائے

۸۹۴: حَدَّثَنَا هٰرُوْنُ بْنُ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِيُّ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ نَاجِيَةَ الْخُزَاعِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ اَصْنَعُ بِمَا عَطِبَ مِنَ الْهَدْيِ قَالَ انْحَرْهَا ثُمَّ اغْمِسْ نَعْلَهَا فِيْ دَمِهَا ثُمَّ خَلِّ بَيْنَ النَّاسِ وَ بَيْنَهَا فَيَاْكُلُوْهَا وَ فِي الْبَابِ عَنْ ذُؤَيْبٍ اَبِيْ قَبِيْصَةَ الْخُزَاعِيِّ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ نَاجِيَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالُوْا فِيْ هَدْيِ التَّطَوُّعِ اِذَا عَطِبَ لَا يَاْكُلُ هُوَ وَلَا اَحَدٌ مِنْ اَهْلِ رُفْقَتِهٖ وَ يُخَلّٰى بَيْنَهُ وَ بَيْنَ النَّاسِ يَاْكُلُوْنَهُ وَ قَدْ اَجْزَاَ عَنْهُ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ وَ قَالُوْا اِنْ اَكَلَ مِنْهُ شَيْئًا غَرِمَ بِقَدْرِ مَا اَكَلَ مِنْهُ وَ قَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِذَا اَكَلَ مِنْ هَدْيِ التَّطَوُّعِ شَيْئًا فَقَدْ ضَمِنَ.

۸۹۴: حضرت ناجیہ خزاعیؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ ہدی مرنے کے قریب ہو تو کیا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا اسے ذبح کرو پھر اس کے گلے کی جوتی کو اس کے خون میں ڈبودو پھر اسے لوگوں کے کھانے کے لئے چھوڑ دو۔ اس باب میں حضرت ذویب، ابوقبیصہ خزاعیؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث ناجیہؓ حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ اگر نفلی قربانی کا جانور مرنے کے قریب ہو تو وہ خود یا اس کے دوست اس کا گوشت نہ کھائیں بلکہ دوسرے لوگوں کو کھلا دیں اس طرح اس کی قربانی ہو جائے گی۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے وہ کہتے ہیں کہ اگر اس میں سے کچھ کھا لیا تو جتنا کھایا ہے تو اتنا ہی تاوان ادا کرے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں اگر اس گوشت میں سے کچھ کھا لیا تو اتنی قیمت ادا کرے۔

## ۶۱۹ : بَابُ مَا جَآءَ فِيْ رُكُوْبِ الْبَدَنَةِ

## ۶۱۹: باب قربانی کے اونٹ پر سوار ہونا

۸۹۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا يَسُوْقُ بَدَنَةً فَقَالَ لَهُ ارْكَبْهَا فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا بُدْنَةٌ فَقَالَ لَهُ فِي الثَّالِثَةِ اَوْ فِي الرَّابِعَةِ ارْكَبْهَا وَ يْحَكَ اَوْ وَيْلَكَ وَ فِي الْبَابِ

۸۹۵: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو دیکھا کہ ہدی کو ہانک کر لے جا رہا ہے۔ فرمایا اس پر سوار ہو جا۔ وہ عرض کرنے لگا یا رسول اللہ ﷺ یہ ہدی کا جانور ہے۔ آپؐ نے تیسری یا چوتھی مرتبہ فرمایا تجھ پر افسوس ہے یا تیری لئے ہلاکت ہے تو اس پر سوار ہو جا۔ اس باب

عَنْ عَلِيٍّ وَ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَ جَابِرٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی حَدِيْثُ اَنَسٍ حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ حَسَنٌ وَ قَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِ هِمْ فِيْ رُكُوْبِ الْبَدَنَةِ اِذَا احْتَاجَ اِلٰى ظَهْرِهَا وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَ اَحْمَدُ وَ اِسْحٰقَ وَ قَالَ بَعْضُهُمْ لَا يَرْكَبُ مَالَمْ يُضْطَرَّ اِلَيْهِ.

میں حضرت علیؓ، ابو ہریرہؓ، اور جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث انسؓ صحیح حسن ہے۔ صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ کی ایک جماعت نے ضرورت کے وقت قربانی کے جانور (ہدی) پر سوار ہونے کی رخصت (اجازت) دی ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ، اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ اس وقت تک سوار نہ ہو جب تک مجبور نہ ہو۔

**خلاصۃ الابواب:** حنفیہ کے نزدیک ایسے جانور کا گوشت مالداروں کو کھلانا جائز نہیں بلکہ اسے صرف فقراء کھا سکتے ہیں البتہ اگر وہ ہدی واجب تھی تو اس کے ذمہ ضروری ہے کہ اس کی جگہ دوسری ہدی قربان کرے اور یہ ہدی اس کی ملکیت ہوگئی چنانچہ اسے خود کھانے، غنی لوگوں اور فقراء کو کھلانے اور ہر قسم کے تصرف کا اختیار ہے یہی مذہب مالکیہ اور امام احمد کا بھی ہے (۲) سفیان ثوریؒ، امام شعبیؒ، حسن بصریؒ، عطاؒ اور حنفیہ کے نزدیک سوار ہونا درست نہیں الا یہ کہ مجبور ہو تو جائز ہے۔ ان کی دلیل صحیح مسلم میں حضرت جابرؓ کی روایت ہے

## ۶۲۰: بَابُ مَا جَآءَ بِاَيِّ جَانِبِ الرَّاْسِ يُبْدَأُ فِي الْحَلْقِ

## ۶۲۰: باب سر کے بال کس طرف سے منڈوانے شروع کئے جائیں

۸۹۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا رَمَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَمْرَةَ نَحَرَ نُسُكَهُ ثُمَّ نَاوَلَ الْحَالِقَ شِقَّهُ الْاَيْمَنَ فَحَلَقَهُ فَاَعْطَاهُ اَبَا طَلْحَةَ ثُمَّ نَا وَلَهُ شِقَّهُ الْاَيْسَرَ فَحَلَقَهُ فَقَالَ اقْسِمْهُ بَيْنَ النَّاسِ.

۸۹۶: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب جمرہ عقبہ پر کنکریاں مارنے سے فارغ ہوئے تو قربانی کے جانور ذبح کئے۔ پھر حجام کو بلایا اور سر کی دائیں جانب اس کے سامنے کر دی۔ اس نے اس طرف سے سر مونڈا۔ آپؐ نے وہ بال ابوطلحہؓ کو دے۔ پھر حجام کی طرف بائیں جانب کی تو اس نے اس طرف بھی سر مونڈا۔ پھر رسول اللہؐ نے فرمایا یہ بال لوگوں میں تقسیم کر دو۔

۸۹۷: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ هِشَامٍ نَحْوَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۸۹۷: ابن ابی عمر، سفیان بن عیینہ سے اور وہ ہشام سے اسی کے مثل روایت کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۶۲۱: بَابُ مَا جَآءَ فِي الْحَلْقِ وَالتَّقْصِيْرِ

## ۶۲۱: باب بال منڈوانا اور کتروانا

۸۹۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ حَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَلَقَ طَائِفَةٌ مِنْ اَصْحَابِهٖ وَقَصَّرَ بَعْضُهُمْ قَالَ ابْنُ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَحِمَ اللّٰهُ

۸۹۸: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت نے سر کے بال منڈوائے جب کہ بعض صحابہؓ نے بال کتروائے۔ حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرمؐ نے ایک یا دو مرتبہ فرمایا اے اللہ سر کے

الْمُحَلِّقِيْنَ مَرَّةً وَ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ قَالَ وَ الْمُقَصِّرِيْنَ وَ فِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ ابْنِ اُمِّ الْحُصَيْنِ وَ مَارِبَ وَ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَ اَبِيْ مَرْيَمَ وَ حُبْشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ وَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ يَخْتَارُوْنَ لِلرَّجُلِ اَنْ يَحْلِقَ رَاْسَهُ وَ اِنْ قَصَّرَ يَرَوْنَ اَنَّ ذٰلِكَ يُجْزِئُ عَنْهُ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ وَ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ.

بال منڈوانے والوں پر رحم فرما پھر فرمایا بال کتروانے والوں پر بھی (اللہ رحم فرمائے)۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ، ابن ام حصینؓ، ماربؓ، ابوسعیدؓ، ابومریمؓ، حبشی بن جنادۃؓ اور ابو ہریرۃؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے کہ اگر آدمی سر کے بال منڈوائے تو بہتر ہے لیکن اگر سر کے بال کتروائے تو بھی جائز ہے۔ سفیان ثوریؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

## ۶۲۲: بَابُ مَا جَآءَ فِي كَرَاهِيَةِ الْحَلْقِ لِلنِّسَاءِ

## ۶۲۲: باب عورتوں کے لئے سر کے بال منڈوانا حرام ہے

۸۹۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْجُرَشِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الطَّيَالِسِيُّ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خِلَاسِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَحْلِقَ الْمَرْاَةُ رَاْسَهَا.

۸۹۹: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کو سر کے بال منڈوانے سے منع فرمایا۔

۹۰۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ خِلَاسٍ نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عَلِيٍّ فِيْهِ اِضْطِرَابٌ وَ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ تَحْلِقَ الْمَرْاَةُ رَاْسَهَا وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ لَا يَرَوْنَ عَلَى الْمَرْاَةِ حَلْقًا وَ يَرَوْنَ اَنَّ عَلَيْهَا التَّقْصِيْرَ.

۹۰۰: خلاس اسی کے مثل روایت کرتے ہیں لیکن انہوں نے اس میں حضرت علیؓ کا ذکر نہیں کیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں اضطراب ہے۔ پھر یہ حدیث حماد بن سلمہ سے بھی قتادہ کے حوالے سے حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے عورت کو سر کے بال منڈوانے سے منع فرمایا اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ عورت سر کے بال نہ منڈوائے (یعنی حلق نہ کرے) بلکہ بال کتروالے۔

## ۶۲۳: بَابُ مَا جَآءَ فِيْ مَنْ حَلَقَ قَبْلَ اَنْ يَّذْبَحَ اَوْ نَحَرَ قَبْلَ اَنْ يَّرْمِيَ

## ۶۲۳ باب: جو آدمی سر منڈوالے ذبح سے پہلے اور قربانی کرلے کنکریاں مارنے سے پہلے

۹۰۱: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ وَ ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ قَالَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَلَقْتُ قَبْلَ اَنْ اَذْبَحَ فَقَالَ اذْبَحْ وَلَا حَرَجَ وَ سَاَلَهُ اٰخَرُ فَقَالَ

۹۰۱: حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں نے قربانی سے پہلے سر منڈوا لیا ہے آپ ﷺ نے فرمایا کوئی حرج نہیں اب قربانی کر لو۔ دوسرے شخص نے سوال کیا یا رسول اللہ ﷺ میں نے کنکریاں مارنے سے پہلے قربانی کر لی۔

نَحَرْتُ قَبْلَ اَنْ اَرْمِیَ قَالَ ارْمِ وَلَا حَرَجَ وَ فِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ وَ جَابِرٍ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ ابْنِ عُمَرَ وَ اُسَامَةَ بْنِ شُرَیْکٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِذَا قَدَّمَ نُسُکًا قَبْلَ نُسُکٍ فَعَلَیْهِ دَمٌ.

آپ ﷺ نے فرمایا کوئی حرج نہیں اب کنکریاں مارلو۔ اس باب میں حضرت علیؓ، جابرؓ، ابن عباسؓ، ابن عمرؓ، اور اسامہ بن شریکؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث عبداللہ بن عمروؓ حسن صحیح ہے۔ اکثر اہل علم کا اس پر عمل ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ افعال حج میں تقدیم وتاخیر سے جانور ذبح کرنا واجب ہے

(فائدہ) عبادلہ اربعہ مشہور ہیں۔ (۱) عبداللہ بن عمرؓ (۲) عبداللہ بن عباسؓ (۳) عبداللہ بن مسعودؓ (۴) عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ۔

**خلاصۃ الابواب:** حدیث باب سے معلوم ہوا کہ حلق (یعنی سر منڈانا) سر منڈانے والے کے دائیں جانب سے ابتداء کرنا مستحب ہے (۲) علامہ عینیؒ فرماتے ہیں دونوں جانبوں کے بال نبی کریم ﷺ نے حضرت ابوطلحہؓ کو دے دیئے تھے پس دائیں جانب کے بال تو حضرت ابوطلحہؓ نے نبی کریم ﷺ کے حکم سے (ایک ایک دو دو کر کے) لوگوں میں تقسیم کردئے اور بائیں جانب کے آپ ﷺ کے حکم سے اپنی اہلیہ حضرت اُم سلیمؓ کو دیدیئے۔ اس طرح کی احادیث سلف صالحین کے تبرکات کے بارے میں اصل کی حیثیت رکھتی ہیں۔ حضرت خالد بن ولیدؓ نے جنگ یمامہ میں اپنی جان کو خطرہ میں ڈال کر وہ ٹوپی حاصل کرلی تھی جس میں حضور ﷺ کے موئے مبارک تھے۔ (۳) اس پر اتفاق ہے کہ حلق (سر منڈوانا) افضل قصر سے یعنی (بال ترشوانا) پھر اس پر بھی اتفاق ہے کہ حلق اور قصر ارکان حج وعمرہ اور ان کے مناسک میں سے ہیں اور ان کے بغیر حج وعمرہ میں کوئی بھی مکمل نہیں ہوتا۔

## ۶۲۴: بَابُ مَا جَآءَ فِی الطِّیْبِ عِنْدَ الْاِحْلَالِ قَبْلَ الزِّیَارَةِ

## ۶۲۴: باب احرام کھولنے کے بعد طواف زیارت سے پہلے خوشبو لگانا

۹۰۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا هُشَیْمٌ نَا مَنْصُوْرُ ابْنُ زَاذَانَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَ طَیَّبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ یُّحْرِمَ وَ یَوْمَ النَّحْرِ قَبْلَ اَنْ یَّطُوْفَ بِالْبَیْتِ بِطِیْبٍ فِیْهِ مِسْکٌ وَ فِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ عَائِشَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَکْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ غَیْرِهِمْ یَرَوْنَ اَنَّ الْمُحْرِمَ اِذَا رَمٰی جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ یَوْمَ النَّحْرِ وَذَبَحَ وَ حَلَقَ اَوْقَصَّرَ فَقَدْ حَلَّ لَهٗ کُلُّ شَیْءٍ حَرُمَ عَلَیْهِ اِلَّا النِّسَآءَ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ وَ

۹۰۲: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو احرام باندھنے سے پہلے خوشبو لگائی۔ اور نحر کے دن دس ذوالحجہ کو طواف زیارت سے پہلے ایسی خوشبو لگائی جس میں مسک بھی تھا (یعنی مشک والی خوشبو) اس باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا حسن صحیح ہے۔ اکثر صحابہؓ وتابعینؒ کا اسی حدیث پر عمل ہے کہ محرم کے لئے قربانی کے دن (یعنی دس ذوالحجہ کو) جمرہ عقبہ پر کنکریاں مارنے۔ قربانی کرنے اور حلق یا قصر کروانے کے بعد عورتوں کے علاوہ تمام چیزیں حلال ہو جاتی ہیں۔ امام شافعیؒ،

اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ وَ قَدْ رُوِیَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهٗ قَالَ حَلَّ لَهٗ كُلُّ شَیْءٍ اِلَّا النِّسَاءَ وَ الطِّیْبَ وَ قَدْ ذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِلٰی هٰذَا مِنْ اَصْحٰبِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ غَیْرِهِمْ وَهُوَ قَوْلُ اَهْلِ الْكُوْفَةِ.

احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عورتوں اور خوشبو کے علاوہ اس کے لئے تمام چیزیں حلال ہو جاتی ہیں۔ بعض صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ اور اہل کوفہ کا یہی قول ہے۔

## ۶۲۵: بَابُ مَا جَآءَ مَتٰی یُقْطَعُ التَّلْبِیَةُ فِی الْحَجِّ

## ۶۲۵: باب حج میں لبیک کہنا کب ترک کیا جائے

۹۰۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا یَحْیَى بْنُ سَعِیْدٍ الْقَطَّانُ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَرْدَفَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَمْعٍ اِلٰی مِنًى فَلَمْ یَزَلْ یُلَبِّیْ حَتّٰی رَمٰی جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ وَ فِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ وَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ غَیْرِ اَنَّ الْحَاجَّ لَا یَقْطَعُ التَّلْبِیَةَ حَتّٰی یَرْمِیَ الْجَمْرَةَ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ وَ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ.

۹۰۳: حضرت فضل بن عباسؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے مزدلفہ سے منیٰ تک مجھے اپنے ساتھ سواری پر بٹھا لیا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جمرہ عقبہ کو کنکریاں مارنے تک لبیک کہتے رہے۔ اس باب میں حضرت علیؓ، ابن مسعودؓ اور ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اسی پر اہل علم صحابہؓ و تابعینؒ کا عمل ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حاجی کو تلبیہ پڑھنا اسی وقت چھوڑنا چاہیے جب جمرہ عقبہ کو کنکریاں مارے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

## ۶۲۶: بَابُ مَا جَآءَ مَتٰی یُقْطَعُ التَّلْبِیَةُ فِی الْعُمْرَةِ

## ۶۲۶: باب عمرے میں تلبیہ پڑھنا کب ترک کرے

۹۰۴: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا هُشَیْمٌ عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ یَرْفَعُ الْحَدِیْثَ اَنَّهٗ كَانَ یُمْسِكُ عَنِ التَّلْبِیَةِ فِی الْعُمْرَةِ اِذَا اسْتَلَمَ الْحَجَرَ وَ فِی الْبَابِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ وَ الْعَمَلُ عَلَیْهِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالُوْا لَا یَقْطَعُ الْمُعْتَمِرُ التَّلْبِیَةَ حَتّٰی یَسْتَلِمَ الْحَجَرَ وَ قَالَ بَعْضُهُمْ اِذَا انْتَهٰی اِلٰی بُیُوْتِ مَكَّةَ قَطَعَ التَّلْبِیَةَ وَ الْعَمَلُ عَلٰی حَدِیْثِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ بِهٖ یَقُوْلُ سُفْیَانُ وَالشَّافِعِیُّ وَ اَحْمَدُ وَ اِسْحٰقَ.

۹۰۴: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ عمرے میں تلبیہ پڑھنا اس وقت چھوڑتے تھے جب حجرِ اسود کو بوسہ دیتے۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عباسؓ صحیح ہے۔ اکثر اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ عمرے میں تلبیہ اس وقت تک ختم نہ کرے جب تک حجرا سود کو بوسہ نہ دے لے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ جب مکہ کی آبادی میں پہنچ جائے تو تلبیہ ترک کر دے لیکن عمل رسول اللہ ﷺ کی حدیث پر ہی ہے۔ سفیانؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

**خلاصۃ الابواب:** جمہور ائمہ کا مسلک یہی ہے کہ حج میں تلبیہ وقتِ احرام سے جمرہ عقبہ کی رمی تک رہتا

ہے پھر ان میں اختلاف ہے امام ابوحنیفہؒ سفیان ثوریؒ امام شافعیؒ اور ابوثورؒ کے نزدیک جمرہ عقبہ پر پہلی کنکری مارنے کے ساتھ ہی تلبیہ ختم ہوجائیگا۔ امام احمدؒ اور امام اسحاقؒ کے نزدیک جمرہ عقبہ کی رمی مکمل کرنے تک تلبیہ جاری رہے گا ان کی دلیل حدیث باب اپنے ظاہر کے اعتبار سے ہے۔ حنفیہ اور شافعیہ کی دلیل بیہقی کی روایت ہے (۲) حدیث باب امام ابوحنیفہؒ اور امام شافعیؒ کا مسلک ہے کہ عمرہ کرنے والے کا تلبیہ (طواف شروع کرنے تک) استلام حجر اسود تک جاری رہے گا۔ واللہ اعلم

## ۶۲۷: بَابُ مَا جَآءَ فِي طَوَافِ الزِّيَارَةِ بِاللَّيْلِ

## ۶۲۷: باب رات کو طواف زیارت کرنا

۹۰۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَّرَ طَوَافَ الزِّيَارَةِ اِلَى اللَّيْلِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَ قَدْ رَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ اَنْ يُؤَخِّرَ طَوَافَ الزِّيَارَةِ اِلَى اللَّيْلِ وَ اسْتَحَبَّ بَعْضُهُمْ اَنْ يُؤَخِّرَ وَلَوْ اِلٰى اٰخِرِ اَيَّامِ مِنًى.

۹۰۵: حضرت ابن عباسؓ اور حضرت عائشہؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے طوافِ زیارت میں رات تک تاخیر کی۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔ بعض اہل علم نے اس حدیث پر عمل کرتے ہوئے طواف زیارت میں رات تک تاخیر کی اجازت دی ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ نحر کے دن طواف زیارت کرنا مستحب ہے۔ بعض علماء نے منیٰ میں قیام کے آخر تک بھی طواف زیارت کی اجازت دی ہے۔

**خلاصۃ الباب:** (۱) بظاہر حدیث باب سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے طواف زیارت رات کے وقت کیا لیکن دوسری تمام روایات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے طواف زیارت دن میں فرمایا تھا اس لئے حدیث میں علماء نے مختلف تاویلات کی ہیں ان میں سے ایک تاویل یہ ہے کہ آپ ﷺ نے طواف زیارت رات کے وقت کرنے کی اجازت دی یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ ﷺ نے خود رات کے وقت طوافِ زیارت کیا۔ (۲) نبی کریم ﷺ کا منیٰ سے واپسی کے موقعہ پر بطحاء مکہ یعنی محصّب میں نزول قصداً تھا لیکن مقصود وسفر مدینہ میں صرف آسانی پیدا کرنا ہی نہ تھا بلکہ اللہ لطیف وخبیر کی قدرت کا اظہار مقصود تھا کہ جس وادی میں کفر پر قسمیں کھائی گئی تھیں اور مؤمنین سے شعب ابی طالب میں مقاطعہ کیا گیا تھا آج ان سب علاقوں میں حق تعالیٰ شانہ نے مؤمنین کو فاتح بنا کر مشرکین کو مغلوب کردیا گویا وہاں آپ ﷺ کا اترنے سے مقصود تذکیر نعمت اور تحدیث نعمت تھا۔

## ۶۲۸: بَابُ مَا جَآءَ فِي نُزُوْلِ الْاَبْطَحِ

## ۶۲۸: باب وادی ابطح میں اترنا

۹۰۶: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ نَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْبَكْرٍ وَ عُمَرُ وَ عُثْمَانُ يَنْزِلُوْنَ الْاَبْطَحَ وَ فِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَ اَبِيْ رَافِعٍ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَدِ اسْتَحَبَّ بَعْضُ اَهْلِ

۹۰۶: حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ، ابوبکرؓ، عمر رضی اللہ عنہ اور عثمان رضی اللہ عنہ وادی ابطح میں اترتے تھے۔ اس باب میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، ابو رافع رضی اللہ عنہ اور ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہم اسے صرف عبدالرزاق کی عبیداللہ بن عمر سے روایت سے پہچانتے ہیں۔ بعض اہل علم کے نزدیک وادی ابطح میں ٹھہرنا

الْعِلْمِ نُزُوْلَ الْاَبْطَحِ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَرَوْا ذٰلِكَ وَاجِبًا اِلَّا مَنْ اَحَبَّ ذٰلِكَ قَالَ الشَّافِعِيُّ وَ نُزُوْلُ الْاَبْطَحِ لَيْسَ مِنَ النُّسُكِ فِيْ شَيْءٍ اِنَّمَا هُوَ مَنْزِلٌ نَزَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

مستحب ہے واجب نہیں۔ جو چاہے تو ٹھہرے ورنہ واجب نہیں۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ وادی ابطح میں اترنا حج کے افعال میں سے نہیں ہے۔ یہ ایک مقام ہے جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اترتے تھے۔

۹۰۷: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَيْسَ التَّحْصِيْبُ بِشَيْءٍ اِنَّمَا هُوَ مَنْزِلٌ نَزَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى التَّحْصِيْبُ نُزُوْلُ الْاَبْطَحِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۰۷: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں تحصیب کوئی (لازمی) چیز نہیں وہ تو ایک منزل ہے جہاں حضور ﷺ اترتے تھے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں تحصیب کا مطلب وادی ابطح میں اترنا ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۶۲۹: بَابٌ

## ۶۲۹: باب

۹۰۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْاَعْلٰى نَا يَزِيْدُ ابْنُ زُرَيْعٍ نَا حَبِيْبٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّمَا نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَبْطَحَ لِاَنَّهُ كَانَ اَسْمَحَ لِخُرُوْجِهِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ. حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ نَحْوَهُ.

۹۰۸: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وادی ابطح میں اس لئے اترتے تھے کہ وہاں سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا (مدینہ کی طرف) جانا آسان تھا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابن ابی عمر نے بواسطہ سفیان، ہشام بن عروہ اس کے ہم معنی روایت کی ہے۔

## ۶۳۰: بَابُ مَا جَآءَ فِيْ حَجِّ الصَّبِيِّ

## ۶۳۰: باب بچے کا حج

۹۰۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَرِيْفٍ الْكُوْفِيُّ نَااَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ رَفَعَتْ اِمْرَاَةٌ صَبِيًّا لَهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلِهٰذَا حَجٌّ قَالَ نَعَمْ وَلَكِ اَجْرٌ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثُ جَابِرٍ حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

۹۰۹: حضرت بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ ایک عورت ایک بچے کو لے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا اس کا بھی حج صحیح ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں اور ثواب تجھے ملے گا۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔ جابرؓ کی حدیث غریب ہے۔

۹۱۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ الْبَاهِلِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ نَحْوَهُ وَ قَدْ رُوِيَ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ مُرْسَلًا.

۹۱۰: قتیبہ، قزعہ بن سوید باہلی سے وہ محمد بن منکدر سے اور وہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً اس کے مثل روایت کرتے ہیں جب کہ محمد بن منکدر سے مرسلاً بھی روایت ہے۔

۹۱۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ

۹۱۱: حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میرے

مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ حَجَّ اَبِيْ اَبِيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَاَنَا ابْنُ سَبْعِ سِنِيْنَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ قَدْ اَجْمَعَ اَهْلُ الْعِلْمِ اَنَّ الصَّبِيَّ اِذَا حَجَّ قَبْلَ اَنْ يُدْرِكَ فَعَلَيْهِ الْحَجُّ اِذَا اَدْرَكَ لَا تُجْزِئُ عَنْهُ تِلْكَ الْحَجَّةُ عَنْ حَجَّةِ الْاِسْلَامِ وَ كَذٰلِكَ الْمَمْلُوْكُ اِذَا حَجَّ فِيْ رِقِّهٖ ثُمَّ اَعْتَقَ فَعَلَيْهِ الْحَجُّ اِذَا وَجَدَ اِلٰى ذٰلِكَ سَبِيْلًا وَلَا يُجْزِئُ عَنْهُ مَا حَجَّ فِيْ حَالِ رِقِّهٖ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ وَ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ.

والد نے حجۃ الوداع کے موقعہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا میں بھی انکے ساتھ تھا اس وقت میری عمر سات سال تھی۔ امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی پر اجماع ہے کہ نابالغ بچے کا حج کر لینے سے فرض ساقط نہیں ہوتا اسی طرح غلام کا بھی حالت غلامی میں کیا ہوا حج کافی نہیں اسے آزاد ہونے کے بعد دوسرا حج کرنا ہوگا۔ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ، شافعی رحمۃ اللہ علیہ، احمد رحمۃ اللہ علیہ اور اسحٰق رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی قول ہے۔

۹۱۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ نُمَيْرٍ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا اِذَا حَجَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنَّا نُلَبِّيْ عَنِ النِّسَاءِ وَ نَرْمِيْ عَنِ الصِّبْيَانِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَ قَدْ اَجْمَعَ اَهْلُ الْعِلْمِ اَنَّ الْمَرْاَةَ لَا يُلَبِّيْ عَنْهَا غَيْرُهَا بَلْ هِيَ تُلَبِّيْ وَيُكْرَهُ لَهَا رَفْعُ الصَّوْتِ بِالتَّلْبِيَةِ.

۹۱۲: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جب ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ حج کرتے تو عورتوں کی طرف سے تلبیہ (لبیک) کہتے اور بچوں کی طرف سے کنکریاں مارتے تھے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں اہل علم کا اسی پر اجماع ہے کہ عورت کی طرف سے کوئی دوسرا تلبیہ (لبیک) نہ کہے بلکہ وہ خود کہے لیکن اس کے لئے آواز بلند کرنا مکروہ ہے۔

## ۶۳۱: بَابُ مَا جَآءَ فِي الْحَجِّ عَنِ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ الْمَيِّتِ

## ۶۳۱: باب بہت بوڑھے اور میت کی طرف سے حج کرنا

۹۱۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ قَالَ ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ امْرَاَةً مِنْ خَثْعَمَ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبِيْ اَدْرَكَتْهُ فَرِيْضَةُ اللّٰهِ فِي الْحَجِّ وَهُوَ شَيْخٌ كَبِيْرٌ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يَسْتَوِيَ عَلٰى ظَهْرِ الْبَعِيْرِ قَالَ حُجِّيْ عَنْهُ وَ فِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَ بُرَيْدَةَ وَ حُصَيْنِ بْنِ عَوْفٍ وَ اَبِيْ رَزِيْنٍ الْعُقَيْلِيِّ وَ سَوْدَةَ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ الْفَضْلِ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ رُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

۹۱۳: حضرت فضل بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ قبیلہ خثعم کی ایک عورت نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میرے والد پر حج فرض ہے اور وہ بہت بوڑھے ہیں، اونٹ کی پیٹھ پر بیٹھ بھی نہیں سکتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا تم ان کی طرف سے حج کرلو۔ اس باب میں حضرت علیؓ، بریدہؓ، حصین بن عوفؓ، ابورزین عقیلیؓ، سودہ رضی اللہ عنہ، اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث حسن صحیح ہے۔ یہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی بواسطہ سنان بن عبداللہ جہنی ان کی پھوپھی سے مرفوعاً مروی ہے

اَیْضًا عَنْ سِنَانِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ الْجُهَنِیِّ عَنْ عَمَّتِهٖ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ رَوٰی ابْنُ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْتُ مُحَمَّدًا عَنْ هٰذِهِ الرِّوَایَاتِ فَقَالَ اَصَحُّ شَیْءٍ فِیْ هٰذَا الْبَابِ مَارَوٰی ابْنُ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُحَمَّدٌ وَ یُحْتَمَلُ اَنْ یَکُوْنَ ابْنُ عَبَّاسٍ سَمِعَهٗ مِنَ الْفَضْلِ وَ غَیْرِهٖ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَوٰی هٰذَا فَاَرْسَلَهٗ وَلَمْ یَذْکُرِ الَّذِیْ سَمِعَهٗ مِنْهُ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی وَ قَدْ صَحَّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ هٰذَا الْبَابِ غَیْرُ حَدِیْثٍ وَ الْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِهِمْ وَبِهٖ یَقُوْلُ الثَّوْرِیُّ وَ ابْنُ الْمُبَارَکِ وَالشَّافِعِیُّ وَ اَحْمَدُ وَ اِسْحٰقُ یَرَوْنَ اَنْ یُّحَجَّ عَنِ الْمَیِّتِ وَ قَالَ مَالِکٌ اِذَا اَوْصٰی اَنْ یُّحَجَّ عَنْهُ حُجَّ وَ قَدْ رَخَّصَ بَعْضُهُمْ اَنْ یَّحُجَّ عَنِ الْحَیِّ اِذَا کَانَ کَبِیْرًا اَوْبِحَالٍ لَا یَقْدِرُ اَنْ یَحُجَّ وَهُوَ قَوْلُ ابْنِ الْمُبَارَکِ وَالشَّافِعِیِّ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی یہ مرفوعاً مروی ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں میں نے امام محمد بن اسماعیل بخاریؒ سے ان روایات کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا کہ اس باب میں اصح روایت ابن عباسؓ کی فضل بن عباس سے مرفوعاً روایت ہے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں یہ بھی احتمال ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے یہ حدیث فضل بن عباس وغیرہ کے واسطہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سن کر مرسلاً روایت کی ہو۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ اس باب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی کئی احادیث صحیح ہیں۔ اسی حدیث پر صحابہؓ وتابعینؒ کا عمل ہے۔ سفیان ثوریؒ، ابن مبارکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے کہ میت کی طرف سے حج کیا جا سکتا ہے۔ امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ اگر میت نے مرنے سے پہلے حج کرنے کی وصیت کی تھی تو اس کی طرف سے حج کیا جائے۔ بعض علماء نے زندہ کی طرف سے بھی حج کرنے کی اجازت دی ہے جب کہ وہ بوڑھا ہو یا ایسی حالت میں ہو کہ حج نہ کر سکتا ہو۔ ابن مبارکؒ اور امام شافعیؒ کا یہی قول ہے۔

**خلاصۃ الابواب:** اس پر علماء کا اتفاق ہے کہ بچہ اگر حج کرے تو درست ہو جاتا ہے اور یہ حج نفلی ہوگا جس کا ثواب اس کے ولی کو ملے گا اور بالغ ہونے کے بعد اس کو فریضہ حج مستقلاً ادا کرنا ہوگا (۲) حدیث باب کا مطلب یہ ہے کہ عورتیں تلبیہ اونچی آواز سے نہ پڑھیں۔

## ۶۳۲: بَابُ مِنْهُ

## ۶۳۲: باب اسی سے متعلق

۹۱۴: حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ عِیْسٰی نَا وَکِیْعٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ عَنْ اَبِیْ رَزِیْنِ الْعُقَیْلِیِّ اَنَّهٗ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبِیْ شَیْخٌ کَبِیْرٌ لَا یَسْتَطِیْعُ الْحَجَّ وَلَا الْعُمْرَةَ وَلَا الظَّعْنَ قَالَ حُجَّ عَنْ اَبِیْکَ وَاعْتَمِرْ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَاِنَّمَا ذُکِرَتِ الْعُمْرَةُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۹۱۴: حضرت ابورزین عقیلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میرے والد بہت بوڑھے ہیں نہ حج کر سکتے ہیں نہ عمرہ اور نہ سواری پر بیٹھنے کے قابل ہیں آپ ﷺ نے فرمایا تم اپنے باپ کی طرف سے حج اور عمرہ کر لو۔ امام ابوعیسٰی ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی طرف سے عمرے کا ذکر صرف اسی حدیث میں ہے کہ کسی

فِي هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْ يَعْتَمِرَ الرَّجُلُ عَنْ غَيْرِهٖ وَاَبُوْرَزِيْنِ الْعُقَيْلِيُّ اسْمُهٗ لَقِيْطُ ابْنُ عَامِرٍ.

دوسرے کی طرف سے بھی کیا جا سکتا ہے۔ ابورزین عقیلی کا نام لقیط بن عامر ہے۔

۹۱۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْاَعْلٰى نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنَّ اُمِّيْ مَاتَتْ وَلَمْ تَحُجَّ اَفَاَحُجُّ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ حُجِّيْ عَنْهَا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۱۵: حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ ایک عورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا میری ماں فوت ہو چکی ہیں۔ انہوں نے حج نہیں کیا۔ کیا میں ان کی طرف سے حج کر سکتی ہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں تم ان کی طرف سے حج کرو۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

**خلاصۃ الباب:** حنفیہ کے نزدیک جو عبادات محض مالی ہیں ان میں نیابت درست ہے جو محض بدنی عبادت ہیں ان میں نیابت درست نہیں اور جو عبادات مالی بھی ہوں اور بدنی بھی ہوں جیسے حج ان میں سخت کمزوری اور عاجزی کے وقت درست ہے امام مالکؒ کے نزدیک حج میں نیابت درست نہیں البتہ امام شافعیؒ اس مسئلہ میں امام ابوحنیفہؒ کے ساتھ ہیں۔

## ۶۳۳: بَابُ مَا جَاءَ فِي الْعُمْرَةِ اَوَاجِبَةٌ هِيَ اَمْ لَا

## ۶۳۳: باب عمرہ واجب ہے یا نہیں

۹۱۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ ثَنَا عَمْرُوْ بْنُ عَلِيٍّ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم سُئِلَ عَنِ الْعُمْرَةِ اَوَاجِبَةٌ هِيَ قَالَ لَا وَاَنْ تَعْتَمِرُوْا هُوَ اَفْضَلُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهُوَ قَوْلُ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالُوْا الْعُمْرَةُ لَيْسَتْ بِوَاجِبَةٍ وَ كَانَ يُقَالُ هُمَا حَجَّانِ الْحَجُّ الْاَكْبَرُ يَوْمَ النَّحْرِ وَالْحَجُّ الْاَصْغَرُ الْعُمْرَةُ وَقَالَ الشَّافِعِيُّ الْعُمْرَةُ سُنَّةٌ لَا نَعْلَمُ اَحَدًا رَخَّصَ فِيْ تَرْكِهَا وَ لَيْسَ فِيْهَا شَيْءٌ ثَابِتٌ بِاَنَّهَا تَطَوُّعٌ قَالَ وَ قَدْ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ ضَعِيْفٌ لَا تَقُوْمُ بِمِثْلِهِ الْحُجَّةُ وَ قَدْ بَلَغَنَا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ كَانَ يُوْجِبُهَا.

۹۱۶: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عمرے کے بارے میں پوچھا گیا کہ کیا عمرہ واجب ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں اگر تم عمرہ کرو تو بہتر ہے (یعنی افضل ہے)۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ کہتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض علماء کا یہی قول ہے کہ عمرہ واجب نہیں اور کہا جاتا ہے۔ کہ حج کی دو قسمیں ہیں حج اکبر جو قربانی کے دن یعنی دس ذوالحجہ کو ہوتا ہے اور دوسرا حج اصغر یعنی عمرہ۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں عمرہ سنت ہے کسی نے اس کے ترک کی اجازت نہیں دی اور نہ ہی اس کے نفل ہونے کے متعلق کوئی روایت ثابت ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں کہ ایک روایت اسی طرح کی ہے لیکن ضعیف ہے۔ اس سے استدلال نہیں کیا جا سکتا ہمیں معلوم ہوا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ اسے واجب کہتے تھے۔

## ۶۳۴: بَابٌ مِنْهُ

## ۶۳۴: باب اسی سے متعلق

۹۱۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ ثَنَا زِيَادُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ زِيَادٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ

۹۱۷: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عمرہ قیامت تک حج میں داخل ہو گیا۔ اس باب

ﷺ قَالَ دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِی الْحَجِّ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ وَفِی الْبَابِ عَنْ سُرَاقَۃَ بْنِ مَالِکِ بْنِ جُعْشُمٍ وَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَ مَعْنٰی ھٰذَا الْحَدِیْثِ اَنْ لَا بَاْسَ بِالْعُمْرَۃِ فِیْ اَشْھُرِ الْحَجِّ وَ ھٰکَذَا قَالَ الشَّافِعِیُّ وَ اَحْمَدُ وَ اِسْحٰقُ وَ مَعْنٰی ھٰذَا الْحَدِیْثِ اَنَّ اَھْلَ الْجَاھِلِیَّۃِ کَانُوْا لَا یَعْتَمِرُوْنَ فِیْ اَشْھُرِ الْحَجِّ فَلَمَّا جَآءَ الْاِسْلَامُ رَخَّصَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ذَالِکَ قَالَ دَخَلَتِ الْعُمْرَۃُ فِی الْحَجِّ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ یَعْنِیْ لَا بَاْسَ بِالْعُمْرَۃِ فِیْ اَشْھُرِ الْحَجِّ وَ اَشْھُرُ الْحَجِّ شَوَّالٌ وَ ذُوالْقَعْدَۃِ وَ عَشْرٌ مِنْ ذِی الْحَجَّۃِ لَا یَنْبَغِیْ لِلرَّجُلِ اَنْ یُّھِلَّ بِالْحَجِّ اِلَّا فِیْ اَشْھُرِ الْحَجِّ وَ اَشْھُرِ الْحُرُمِ رَجَبُ وَ ذُوالْقَعْدَۃِ وَ ذُوالْحَجَّۃِ وَ الْمُحَرَّمُ ھٰکَذَا رُوِیَ قَالَ غَیْرُ وَاحِدٍ مِنْ اَھْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ ﷺ وَ غَیْرِھِمْ.

میں حضرت سراقہ بن مالک بن جعشمؓ اور جابر بن عبداللہؓ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عباسؓ حسن ہے اس کا معنی یہ ہے کہ حج کے مہینوں میں عمرہ کرنے میں کوئی حرج نہیں۔امام شافعیؒ، احمدؒ، اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔اس حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ دور جاہلیت کے لوگ حج کے مہینوں میں عمرہ نہیں کرتے تھے۔جب اسلام آیا تو نبی اکرم ﷺ نے اس کی اجازت دی اور فرمایا قیامت تک عمرہ حج میں داخل ہوگیا۔یعنی حج کے مہینوں میں عمرہ کرنے میں کوئی حرج نہیں حج کے مہینے شوال، ذوالقعدہ اور ذوالحجہ کے دس دن ہیں۔حج کے لئے تلبیہ (لبیک کہنا) انہی چار مہینوں میں جائز ہے۔پھر حرام کے مہینے رجب ذوالقعدہ، ذوالحج اور محرم ہیں۔ کئی راوی علماء صحابہؓ وغیرہ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

**خلاصۃ الابواب:** راجح قول یہ ہے کہ عمرہ سنت مؤکدہ ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک پانچ دنوں میں عمرہ مکروہ ہے یوم عرفہ، یوم النحر اور ایام تشریق کے تین دن یعنی گیارہویں بارہویں تیرہویں تاریخ میں۔امام مالکؒ، حسن بصریؒ اور محمد بن سیرین کے نزدیک سال میں ایک سے زائد عمرہ مکروہ ہے امام شافعیؒ کے نزدیک زیادہ عمرے کرنے میں کوئی حرج نہیں بلکہ مستحب ہے۔(۲) جمہور کے نزدیک حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اشہیر حج (شوال، ذوالقعدہ اور ذی الحج کے ابتدائی دنوں میں عمرہ درست ہے

## ۶۳۵: بَابُ مَا جَآءَ فِیْ ذِکْرِ فَضْلِ الْعُمْرَۃِ

۹۱۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا وَکِیْعٌ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ سُمَیٍّ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْعُمْرَۃُ اِلَی الْعُمْرَۃِ تُکَفِّرُ مَا بَیْنَھُمَا وَالْحَجُّ الْمَبْرُوْرُ لَیْسَ لَہٗ جَزَآءٌ اِلَّا الْجَنَّۃَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

## ۶۳۵: باب عمرے کی فضیلت

۹۱۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک عمرہ دوسرے عمرے تک کے گناہوں کا کفارہ ہے اور حج مقبول کا بدلہ جنت ہی ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۶۳۶: بَابُ مَا جَآءَ فِی الْعُمْرَۃِ مِنَ التَّنْعِیْمِ

۹۱۹: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مُوْسٰی وَ ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ قَالَا نَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَۃَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بَکْرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

## ۶۳۶: باب تنعیم سے عمرے کے لئے جانا

۹۱۹: حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی علیہ وسلم نے حکم دیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو تنعیم سے عمرے کے لئے احرام بندھوالاؤ۔

وَسَلَّمَ اَمَرَ عَبْدَالرَّحْمٰنِ ابْنَ اَبِیْ بَکْرٍ اَنْ یُّعْمِرَ عَائِشَةَ مِنَ التَّنْعِیْمِ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۶۳۷ : بَابُ مَا جَآءَ فِی الْعُمْرَةِ مِنَ الْجِعْرَانَةِ

## ۶۳۷: باب جعرانہ سے عمرے کے لئے جانا

۹۲۰ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنْ مُزَاحِمِ بْنِ اَبِیْ مُزَاحِمٍ عَنْ عَبْدِالْعَزِیْزِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ مُحَرِّشٍ الْکَعْبِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنَ الْجِعْرَانَةِ لَیْلًا مُعْتَمِرًا فَدَخَلَ مَکَّةَ لَیْلًا فَقَضٰی عُمْرَتَهٗ ثُمَّ خَرَجَ مِنْ لَیْلَتِهٖ فَاَصْبَحَ بِالْجِعْرَانَةِ کَبَائِتٍ فَلَمَّا زَالَتِ الشَّمْسُ مِنَ الْغَدِ خَرَجَ مِنْ بَطْنِ سَرِفَ حَتّٰی جَاءَ مَعَ الطَّرِیْقِ طَرِیْقِ جَمْعٍ بِبَطْنِ سَرِفَ فَمِنْ اَجْلِ ذٰلِکَ خَفِیَتْ عُمْرَتُهٗ عَلَی النَّاسِ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَلَا نَعْرِفُ لِمُحَرِّشٍ الْکَعْبِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ غَیْرَ هٰذَا الْحَدِیْثِ.

۹۲۰: حضرت محرش کعبیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جعرانہ سے رات کے وقت عمرے کا احرام باندھ کر نکلے اور رات ہی کو مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے۔ اپنا عمرہ پورا کیا پھر اسی وقت مکہ سے واپس چل پڑے اور صبح تک جعرانہ میں پہنچے جیسے کوئی کسی کے ہاں رات رہتا ہے پھر زوال آفتاب کے وقت نکلے اور سرف میدان کی طرف تشریف لے گئے یہاں تک کہ مزدلفہ کے ساتھ ساتھ میدان سرف کے وسط میں پہنچ گئے۔ اسی لئے لوگوں پر آپ ﷺ کا یہ عمرہ پوشیدہ رہا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم محرش کعبی کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس روایت کے علاوہ کوئی روایت نہیں جانتے۔

## ۶۳۸ :بَابُ مَا جَآءَ فِیْ عُمْرَةِ رَجَبٍ

## ۶۳۸: باب رجب میں عمرہ کرنا

۹۲۱ : حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ نَا یَحْیَی بْنُ اٰدَمَ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ عَیَّاشٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ عَنْ عُرْوَةَ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ فِیْ اَیِّ شَهْرٍ اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ فِیْ رَجَبٍ قَالَ فَقَالَتْ عَائِشَةُ مَا اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِلَّا وَهُوَ مَعَهٗ تَعْنِی ابْنَ عُمَرَ وَمَا اعْتَمَرَ فِیْ شَهْرِ رَجَبٍ قَطُّ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا یَقُوْلُ حَبِیْبُ بْنُ اَبِیْ ثَابِتٍ لَمْ یَسْمَعْ مِنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ.

۹۲۱: حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمرؓ سے پوچھا گیا کہ رسول اللہ ﷺ نے کون سے مہینے میں عمرہ کیا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا رجب میں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ابن عمرؓ نبی اکرم ﷺ کے ہر عمرے میں ان کے ساتھ تھے۔ لیکن آپ ﷺ نے رجب میں کبھی عمرہ نہیں کیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔ میں نے امام بخاریؒ سے سنا وہ فرماتے تھے کہ حبیب بن ابی ثابت نے عروہ بن زبیر سے کوئی حدیث نہیں سنی۔

۹۲۲ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسٰی نَا شَیْبَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اعْتَمَرَ اَرْبَعًا اِحْدَاهُنَّ فِیْ رَجَبٍ

۹۲۲: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار عمرے کیے ان میں سے ایک رجب کے مہینے میں تھا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث

قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

غریب حسن صحیح ہے۔

## ۶۳۹: بَابُ مَا جَآءَ فِىْ عُمْرَةِ ذِى الْقَعْدَةِ.

## ۶۳۹: باب ذیقعدہ میں عمرہ کرنا

۹۲۳: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ الدُّوْرِيُّ ثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرِ السَّلُوْلِيُّ الْكُوْفِيُّ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَمَرَ فِىْ ذِى الْقَعْدَةِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ فِى الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

۹۲۳: حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذیقعدہ کے مہینے میں عمرہ کیا۔ امام ابو عیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔

## ۶۴۰: بَابُ مَا جَآءَ فِىْ عُمْرَةِ رَمَضَانَ

## ۶۴۰: باب رمضان میں عمرہ کرنا

۹۲۴: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ ثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ اُمِّ مَعْقِلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُمْرَةٌ فِىْ رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً وَ فِى الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ جَابِرٍ وَ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَ اَنَسٍ وَ وَهْبِ ابْنِ خَنْبَشٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَ يُقَالُ هَرِمُ بْنُ خَنْبَشٍ وَ قَالَ بَيَانٌ وَ جَابِرٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ وَهْبِ بْنِ خَنْبَشٍ وَ قَالَ دَاوُدُ الْاَوْدِيُّ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ هَرِمِ بْنِ خَنْبَشٍ وَ وَهْبٌ اَصَحُّ وَ حَدِيْثُ اُمِّ مَعْقِلٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَ قَالَ اَحْمَدُ وَ اِسْحٰقُ قَدْ ثَبَتَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عُمْرَةً فِىْ رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً قَالَ اِسْحٰقُ مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ مِثْلُ مَا رُوِىَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ قَرَأَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فَقَدْ قَرَأَ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ.

۹۲۴: حضرت ام معقلؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ رمضان میں عمرہ کرنے کا ثواب حج کے برابر ہے۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ، جابرؓ، ابو ہریرہؓ، انسؓ اور وہب بن خنبشؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں انہیں ہرم بن خنبش بھی کہا جاتا ہے۔ بیان اور جابر نے شعبی سے وہب بن خنبش اور داؤد اودی نے شعبی سے ہرم بن خنبش نقل کیا۔ لیکن وہب بن خنبش زیادہ صحیح ہے۔ حدیث ام معقل اس سند سے حسن غریب ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ رمضان میں عمرہ ایک حج کے برابر ہے۔ امام اسحٰقؒ کہتے ہیں کہ اس حدیث کا مطلب اسی طرح ہے جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے "قل ھواللہ احد" پڑھی اس نے قرآن کا ایک تہائی پڑھا۔

**خلاصۃ الابواب:** (۱) عمرہ کا بہت ثواب بیان فرمایا (۲) اہل مکہ کے لئے عمرہ کی میقات حل ہے خواہ وہ تنعیم ہو یا حل کا کوئی اور حصہ۔ ائمہ اربعہ کا یہی مذہب ہے۔ چونکہ تنعیم دوسری حدود حل کے مقابلے میں قریب تھی اس لئے آپ ﷺ نے تنعیم سے عمرہ کرانے کے لئے کہا (۳) ماہ رجب میں عمرہ کے بارے میں حضرت عائشہؓ کا بیان صحیح ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے رجب میں کوئی عمرہ نہیں کیا واللہ اعلم۔ (۴) رمضان میں عمرہ کرنے کا ثواب حج کے برابر ہے لیکن حجۃ الاسلام کے قائم مقام نہ ہوگا۔

## ۶۴۱: بَابُ مَا جَآءَ فِى الَّذِىْ يُهِلُّ

## ۶۴۱: باب جو حج کے لئے

بِالْحَجِّ فَيُكْسَرُ اَوْ يَعْرَجُ

۹۲۵: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ نَا حَجَّاجُ الصَّوَّافُ نَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ حَدَّثَنِى الْحَجَّاجُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كُسِرَ اَوْعَرِجَ فَقَدْ حَلَّ وَ عَلَيْهِ حَجَّةٌ اُخْرٰى فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِاَبِىْ هُرَيْرَةَ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَا صَدَقَ.

۹۲۶: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِىُّ عَنِ الْحَجَّاجِ مِثْلَهٗ قَالَ وَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَ هٰكَذَا رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْحَجَّاجِ الصَّوَّافِ نَحْوَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَ رَوٰى مَعْمَرٌ وَ مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ رَافِعٍ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَ حَجَّاجُ الصَّوَّافُ لَمْ يَذْكُرْ فِىْ حَدِيْثِهٖ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ رَافِعٍ وَ حَجَّاجٌ ثِقَةٌ حَافِظٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ رِوَايَةُ مَعْمَرٍ وَ مُعَاوِيَةَ بْنِ سَلَّامٍ اَصَحُّ.

۹۲۷: حَدَّثَنَا عَبْدُبْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ.

لبیک پکارنے کے بعد زخمی یا معذور ہو جائے

۹۲۵: حضرت عکرمہؓ سے روایت ہے کہ مجھے حجاج بن عمروؓ نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کا کوئی عضو ٹوٹ گیا یا لنگڑا ہو گیا تو وہ احرام سے نکل گیا اب اس پر دوسرے سال (یعنی آئندہ) حج واجب ہے۔ حضرت عکرمہؒ فرماتے ہیں میں نے ابو ہریرہؓ اور ابن عباسؓ سے اس کا ذکر کیا تو ان دونوں نے فرمایا اس (یعنی حجاج بن عمرو) نے سچ کہا۔

۹۲۶: اسحٰق بن منصور، محمد بن عبداللہ انصاری سے اور وہ حجاج سے اسی کے مثل روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں میں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔ کئی راوی حجاج صواف سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔ معمر اور معاویہ بن سلام یہ حدیث یحییٰ بن ابی کثیر سے وہ عکرمہ سے وہ عبداللہ بن رافع سے وہ حجاج بن عمرو سے اور وہ نبی ﷺ سے یہی حدیث روایت کرتے ہیں۔ حجاج صواف اپنی روایت میں عبداللہ بن رافع کا ذکر نہیں کرتے اور حجاج محدثین کے نزدیک ثقہ اور حافظ ہیں۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں کہ میں نے امام بخاریؒ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ معمر اور معاویہ بن سلام کی روایت اصح ہے۔

۹۲۷: عبد بن حمید، عبدالرزاق سے وہ معمر سے وہ یحییٰ بن ابی کثیر سے وہ عکرمہ سے وہ عبداللہ بن رافع سے وہ حجاج بن عمرو سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

## ۶۴۲: بَابُ مَا جَآءَ فِى الْاِشْتِرَاطِ فِى الْحَجِّ

۹۲۸: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ الْبَغْدَادِىُّ نَا عَبَّادُ ابْنُ الْعَوَّامِ عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ ضُبَاعَةَ بِنْتَ الزُّبَيْرِ اَتَتِ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ اُرِيْدُ الْحَجَّ اَفَاَشْتَرِطُ قَالَ نَعَمْ قَالَتْ كَيْفَ اَقُوْلُ قَالَ قُوْلِىْ

## ۶۴۲: باب حج میں شرط لگانا

۹۲۸: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ضباعہ بنت زبیرؓ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں حج کرنا چاہتی ہوں۔ کیا میں شرط لگا سکتی ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں۔ وہ عرض کرنے لگیں کیا! کہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا یہ کہو "لَبَّيْكَ..... " (میں حاضر ہوں۔ اے

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ مَحِلِّیْ مِنَ الْاَرْضِ حَیْثُ تَحْبِسُنِیْ وَ فِی الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَ اَسْمَاءَ وَ عَائِشَۃَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَ الْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَھْلِ الْعِلْمِ یَرَوْنَ الْاِشْتِرَاطَ فِی الْحَجِّ وَ یَقُوْلُوْنَ اِنِ اشْتَرَطَ فَعَرَضَ لَہٗ مَرَضٌ اَوْ عُذْرٌ فَلَہٗ اَنْ یَّحِلَّ وَ یَخْرُجَ مِنْ اِحْرَامِہٖ وَھُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ وَ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ وَلَمْ یَرَ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ الْاِشْتِرَاطَ فِی الْحَجِّ وَقَالُوْا اِنِ اشْتَرَطَ فَلَیْسَ لَہٗ اَنْ یَّخْرُجَ مِنْ اِحْرَامِہٖ وَ یَرَوْنَہٗ کَمَنْ لَّمْ یَشْتَرِطْ۔

اللہ تیری بارگاہ میں حاضر ہوں۔ اس زمین میں جہاں تو روکے۔ احرام سے باہر آ جاؤں گی) اس باب میں حضرت جابرؓ، اسماءؓ اور عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عباسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ حج میں شرط لگانا جائز ہے۔ (یعنی احرام کو مشروط کرنا) وہ فرماتے ہیں کہ اگر مشروط احرام کی نیت کی ہو اور پھر بیمار یا معذور ہو جائے تو اس کیلئے احرام کھولنا جائز ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے بعض علماء کے نزدیک حج کو کسی شرط کے ساتھ مشروط کرنا جائز نہیں وہ فرماتے ہیں کہ اگر شرط کی تب بھی احرام کھولنا جائز نہیں۔ گویا نزدیک شرط لگانا یا نہ لگانا دونوں برابر ہیں۔

**خلاصۃ الابواب:** احصار حج یا عمرہ سے روکنے والا۔ حنفیہ کے نزدیک ہر اس چیز سے ثابت ہو جاتا ہے جو بیت اللہ سے منع کر دے حضرات صحابہ میں سے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ حضرت زید بن ثابتؓ، ابن عباسؓ، عطاء بن ابی رباح، ابرہیم نخعی اور سفیان ثوری کا بھی یہی مسلک ہے بہر حال مرض وغیرہ سے حنفیہ کے نزدیک احصار متحقق ہوتا ہے۔ امام مالکؒ، امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک احصار صرف دشمن سے متحقق ہوتا ہے مرض سے نہیں۔ مُحْصَرُ (جس بندہ کو روکا گیا ہے) کے حق میں اس بارے میں بھی اختلاف ہے کہ اس کے ذمہ اس حج اور عمرہ کی قضاء واجب ہے یا نہیں۔ شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک قضاء واجب نہیں امام احمدؒ کی دوسری روایت اسی کے مطابق ہے ان حضرات کا کہنا ہے کہ قرآن کریم نے وجوب قضاء کا ذکر نہیں فرمایا حنفیہ کے نزدیک مُحْصَر اگر دم ذبح کرا کے حلال ہو جائے تو اس پر قضاء واجب ہے۔ (۲) شرط کا مطلب یہ ہے کہ تلبیہ کے ساتھ یوں کہے کہ جس مقام پر مجھے کوئی مرض یا عذر پیش آ جائے تو احرام سے نکلنے کا مجھے اختیار ہے بہت سارے ائمہ کے نزدیک اشتراط کا اعتبار نہیں۔ حدیث باب کا جواب یہ ہے کہ یہ حضرت ضباعہؓ کی خصوصیت تھی۔

## ۶۴۳: بَابُ مِنْهُ

## ۶۴۳: باب اسی سے متعلق

۹۲۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا عَبْدُاللّٰہِ بْنُ الْمُبَارَکِ اَخْبَرَنِیْ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّہٗ کَانَ یُنْکِرُ الْاِشْتِرَاطَ فِی الْحَجِّ وَ یَقُوْلُ اَلَیْسَ حَسْبُکُمْ سُنَّۃُ نَبِیِّکُمْ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

۹۲۹: سالم اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ وہ حج میں شرط لگانے سے انکار کرتے تھے اور فرماتے کیا تمہارے لئے تمہارے نبی ﷺ کی سنت کافی نہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۶۴۴: بَابُ مَا جَآءَ فِی الْمَرْاَۃِ تَحِیْضُ بَعْدَ الْاِفَاضَۃِ

## ۶۴۴: باب طواف زیارت کے بعد کسی عورت کو حیض آ جانا

۹۳۰: حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ نَا اللَّیْثُ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ

۹۳۰: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ کے

الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ ذُكِرَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ حَاضَتْ فِيْ اَيَّامِ مِنًى فَقَالَ اَحَابِسَتُنَا هِيَ قَالُوْا اِنَّهَا قَدْ اَفَاضَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا اِذًا وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ الْمَرْأَةَ اِذَا طَافَتْ طَوَافَ الْاِفَاضَةِ ثُمَّ حَاضَتْ فَاِنَّمَا تَنْفِرُ وَلَيْسَ عَلَيْهَا شَيْءٌ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ وَ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ.

سامنے ذکر کیا گیا کہ صفیہ بنت حیی حائضہ ہوگئی۔ یعنی منیٰ میں قیام کے دنوں میں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا وہ ہمیں روکنے والی ہیں۔ صحابہؓ نے عرض کیا انہوں نے طواف زیارت کر لیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اب کوئی بات نہیں (یعنی رکنے کی ضرورت نہیں) اس باب میں حضرت ابن عمرؓ اور ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث عائشہؓ حسن صحیح ہے۔ اس پر اہل علم کا عمل ہے کہ اگر کسی عورت کو طواف زیارت کے بعد حیض آ جائے تو وہ چلی آئے اس پر کوئی چیز واجب نہیں۔ سفیان ثوریؒ، شافعیؒ، اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

۹۳۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَنْ حَجَّ الْبَيْتَ فَلْيَكُنْ اٰخِرُ عَهْدِهٖ بِالْبَيْتِ اِلَّا الْحُيَّضَ وَ رَخَّصَ لَهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ.

۹۳۱: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جو شخص حج کرے اسے آخر میں بیت اللہ کا طواف کر کے جانا چاہیے ہاں البتہ حائضہ کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (طواف زیارت ترک کرنے کی) رخصت دی ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عمرؓ حسن صحیح ہے۔ اسی پر اہل علم کا عمل ہے۔

## ۶۴۵: بَابُ مَا جَآءَ مَا تَقْضِي الْحَائِضُ مِنَ الْمَنَاسِكِ

## ۶۴۵: باب حائضہ کون کون سے افعال کر سکتی ہے

۹۳۲: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا شَرِيْكٌ عَنْ جَابِرٍ وَ هُوَ ابْنُ يَزِيْدَ الْجُعْفِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ حِضْتُ فَاَمَرَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقْضِيَ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا اِلَّا الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ الْحَائِضَ تَقْضِي الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا مَا خَلَا الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ وَ قَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عَائِشَةَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ اَيْضًا.

۹۳۲: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں حج کے موقع پر حائضہ ہوگئی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے خانہ کعبہ کے طواف کے علاوہ تمام مناسک حج ادا کرنے کا حکم دیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ علماء کا اسی پر عمل ہے کہ حائضہ بیت اللہ کے طواف کے علاوہ تمام مناسک حج ادا کرے۔

یہ حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اور سند سے بھی مروی ہے۔

۹۳۳: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ نَا مَرْوَانُ بْنُ شُجَاعٍ الْجَزَرِيُّ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ عِكْرِمَةَ وَ مُجَاهِدٍ وَ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَفَعَ الْحَدِيْثَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۹۳۳: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما مرفوع حدیث بیان کرتے ہیں کہ نفاس اور حیض والی عورتیں غسل کر کے احرام باندھیں اور تمام مناسک حج ادا کریں سوائے بیت اللہ کے

اَنَّ النُّفَسَاءَ وَ الْحَائِضَ تَغْتَسِلُ وَ تُحْرِمُ وَ تَقْضِی الْمَنَاسِکَ کُلَّهَا غَیْرَ اَنْ لَا تَطُوْفَ بِالْبَیْتِ حَتّٰی تَطْهُرَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

طواف کے یہاں تک کہ پاک ہو جائیں۔ یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

**خلاصۃ الباب :** اس پر اتفاق ہے کہ عورت کو اگر حیض آ جائے تو اس سے طواف وداع ساقط ہو جاتا ہے یہاں سے یہ بھی معلوم ہوا کہ طواف زیارت ساقط نہ ہوگا چنانچہ اگر کسی عورت کو طواف زیارت کرنے سے پہلے حیض آنے لگا اب اس کو رک کر اپنے پاک ہونے کا انتظار کرنا ہوگا اور پاکی کے بعد طواف زیارت لازم ہوگا اس پر تمام ائمہ کا اتفاق ہے۔

## ۶۴۶ : بَابُ مَا جَآءَ مَنْ حَجَّ اَوِ اعْتَمَرَ فَلْیَکُنْ اٰخِرُ عَهْدِهٖ بِالْبَیْتِ

## ۶۴۶: باب جو شخص حج یا عمرہ کے لئے آئے اسے چاہیے کہ آخر میں بیت اللہ سے ہو کر واپس لوٹے

۹۳۴: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْکُوْفِیُّ نَا الْمُحَارِبِیُّ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ عَنْ عَبْدِالْمَلِکِ ابْنِ مُغِیْرَةَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْبَیْلَمَانِیِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ ﷺ یَقُوْلُ مَنْ حَجَّ هٰذَا الْبَیْتَ اَوِاعْتَمَرَ فَلْیَکُنْ اٰخِرُ عَهْدِهٖ بِالْبَیْتِ فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ خَرَرْتَ مِنْ یَدَیْکَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ تُخْبِرُنَا بِهٖ وَ فِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَوْسٍ حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَ هٰکَذَا رَوٰی غَیْرُوَاحِدٍ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ مِثْلُ هٰذَا وَقَدْ خُوْلِفَ الْحَجَّاجُ فِیْ بَعْضِ هٰذَا الْاِسْنَادِ.

۹۳۴: حضرت حارث بن عبداللہ بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا جو شخص اس گھر کا حج یا عمرہ کرے وہ آخر میں بیت اللہ کا طواف کرنے کے بعد روانہ ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا افسوس ہے تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات سنی اور ہمیں نہیں بتائی۔ اس باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حارث کی حدیث غریب ہے۔ کئی راوی حجاج بن ارطاہ سے بھی اسی کی مثل روایت کرتے ہیں جب کہ بعض نے اس سند کے بیان کرنے میں حجاج سے اختلاف بھی کیا ہے۔

**خلاصۃ الباب :** طواف وداع کے بارہ میں ائمہ کے اقوال مختلف ہیں امام شافعیؒ کے نزدیک واجب ہے امام مالکؒ کا مسلک یہ کہ سنت ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک آفاقی پر واجب ہے مکی اور میقاتی وغیرہ پر نہیں

## ۶۴۷: بَابُ مَا جَآءَ اَنَّ الْقَارِنَ یَطُوْفُ طَوَافًا وَاحِدًا

## ۶۴۷: باب قارن صرف ایک طواف کرے

۹۳۵: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَرَنَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَطَافَ لَهُمَا طَوَافًا وَاحِدًا

۹۳۵: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج قران کیا۔ یعنی حج اور عمرہ ایک ساتھ کیا اور دونوں کے لئے صرف ایک طواف کیا۔

وَ فِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ جَابِرٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی

اس باب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدث حسن ہے اور اسی پر علماء

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِہِمْ قَالُوْا الْقَارِنُ یَطُوْفُ طَوَافًا وَاحِدًا وَھُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ وَ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِہِمْ یَطُوْفُ طَوَافَیْنِ وَ یَسْعٰی سَعْیَیْنِ وَھُوَ قَوْلُ الثَّوْرِیِّ وَاَھْلِ الْکُوْفَۃِ.

صحابہؓ وغیرہ میں سے بعض کا عمل ہے کہ قارن (یعنی حج اور عمرہ ایک ساتھ کرنے والا) ایک ہی طواف کرے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے بعض صحابہ کرامؓ فرماتے ہیں کہ دو مرتبہ طواف اور دو مرتبہ سعی کرے (یعنی صفا و مروہ کے درمیان) ثوریؒ اور اہل کوفہ کا بھی یہی قول ہے۔

۹۳۶: حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ اَسْلَمَ الْبَغْدَادِیُّ نَا عَبْدُالْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عُبَیْدِاللّٰہِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْرَمَ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَۃِ اَجْزَاَہٗ طَوَافٌ وَاحِدٌ وَسَعْیٌ وَاحِدٌ مِنْھُمَا حَتّٰی یَحِلَّ مِنْھُمَا جَمِیْعًا قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ تَفَرَّدَ بِہِ الدَّرَاوَرْدِیُّ عَلٰی ذٰلِکَ اللَّفْظِ وَقَدْ رَوَاہُ غَیْرُ وَاحِدٍ عَنْ عُبَیْدِاللّٰہِ بْنِ عُمَرَ وَلَمْ یَرْفَعُوْہُ وَھُوَ اَصَحُّ.

۹۳۶: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے حج اور عمرہ کا (اکٹھا) احرام باندھا اسے حلال ہونے کے لئے ایک طواف اور ایک سعی ہی کافی ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ دراوردی اس حدیث کو ان الفاظ سے روایت کرنے میں منفرد ہیں۔ کئی راوی یہ حدیث ابن عمرؓ سے غیر مرفوع روایت کرتے ہیں اور یہ اصح ہے۔

**خلاصۃ الباب:** یہ مسئلہ بھی معرکۃ الآراء مسائل میں سے ہے کہ حج قران کرنے والے کے ذمہ کتنے طواف ہیں؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قارن پر کل تین طواف واجب ہیں۔ طواف قدوم، طواف زیارت، طواف وداع۔ طواف عمرہ قارن (قران کرنے والے) کو مستقلاً نہیں کرنا پڑتا۔ حنفیہ کے نزدیک قارن پر کل چار طواف ہوتے ہیں۔ اوّل: طواف عمرہ جس کے بعد سعی بھی ہوتی ہے۔ دوسرے طواف قدوم جو سنت ہے۔ تیسرے طواف زیارت جو رکن حج ہے اس کے بعد حج کی سعی بھی ہوتی ہے بشرطیکہ طواف قدوم کے ساتھ نہ کی ہو۔ چوتھے طواف وداع جو واجب ہے البتہ حائضہ وغیرہ پر ساقط ہو جاتا ہے۔ ان چار طوافوں میں حنفیہ کے نزدیک ایک طواف کرنے کی گنجائش ہے اور وہ اس طرح کہ طوافِ عمرہ ہی میں طوافِ قدوم کی نیت کر لے تو الگ طواف قدوم کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی اور یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ مسجد میں داخل ہونے کے بعد سنتوں یا فرائض میں تحیۃ المسجد کی نیت کر لی جائے۔ حنفیہ کے دلائل سنن دار قطنی میں حضرت علیؓ، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت عمران بن حصین، حضرت ابن عمرؓ، کتاب الآثار میں حضرت علیؓ کا اثر مصنف ابن ابی شیبہ میں حضرت علی اور ابنِ مسعودؓ کا فتویٰ حضرت حسن بن علیؓ کا فتویٰ، محلّی بن حزمؒ میں حضرت حسین بن علیؓ کا فتویٰ موجود ہے۔ باقی حدیث باب میں جو حضرت جابرؓ سے روایت ہے اور اس کے علاوہ اس مضمون کی احادیث میں تاویل کی گئی ہے ان کا ظاہری مفہوم کسی کے نزدیک مراد نہیں کیونکہ اس پر اتفاق ہے کہ آنحضرت ﷺ نے صرف ایک طواف نہیں کیا بلکہ تین طواف کئے۔

## ۶۴۸: بَابُ مَا جَآءَ اِنْ یَمْکُثَ الْمُھَاجِرُ بِمَکَّۃَ بَعْدَ الصَّدْرِ ثَلٰثًا

## ۶۴۸: باب مہاجر حج کے بعد تین دن تک مکہ میں رہے

۹۳۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَۃَ عَنْ

۹۳۷: حضرت علاء بن حضرمیؓ مرفوعاً نقل کرتے ہیں کہ مہاجر

عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَضْرَمِيِّ يَعْنِيْ مَرْفُوْعًا قَالَ يَمْكُثُ الْمُهَاجِرُ بَعْدَ قَضَاءِ نُسُكِهٖ بِمَكَّةَ ثَلٰثًا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ قَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مَرْفُوْعًا.

حج کے افعال ادا کر چکنے کے بعد تین دن مکہ مکرمہ میں قیام کرے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس سند سے اسی طرح کئی راوی اسے مرفوعاً روایت کرتے ہیں۔

## ۶۴۹ : بَابُ مَا جَآءَ مَا يَقُوْلُ عِنْدَ الْقُفُوْلِ مِنَ الْحَجِّ وَ الْعُمْرَةِ

## ۶۴۹: باب حج اور عمرے سے واپسی پر کیا کہے

۹۳۸ :حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَفَلَ مِنْ غَزْوَةٍ اَوْ حَجٍّ اَوْ عُمْرَةٍ فَعَلَا فَدْفَدًا مِنَ الْاَرْضِ اَوْشَرَفًا كَبَّرَ ثَلٰثًا ثُمَّ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَائِحُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ وَ فِي الْبَابِ عَنِ الْبَرَآءِ وَاَنَسٍ وَجَابِرٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۳۸: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام کسی جہاد، حج یا عمرہ سے واپس تشریف لے جاتے تو جب کسی بلند مقام یا ٹیلے پر چڑھتے تو تین مرتبہ تکبیر کہتے اور پڑھتے'' لا الہ الا اللہ '' (اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اس کی بادشاہی اور تمام تعریفیں اسی کے لئے ہیں وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ہم لوٹنے والے، توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے، اپنے رب کے لئے پھرنے والے اور اپنے رب کی حمد و ثنا بیان کرنے والے ہیں۔اللہ نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا۔اپنے بندے کی مدد کی اور مخالف لشکروں کو اکیلے شکست دی) اس باب میں حضرت براءؓ، انسؓ اور جابرؓ سے بھی روایت ہے۔امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عمرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۶۵۰ : بَابُ مَا جَآءَ فِي الْمُحْرِمِ يَمُوْتُ فِيْ اِحْرَامِهٖ

## ۶۵۰: باب محرم جو احرام میں مرجائے

۹۳۹ :حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فَرَاٰى رَجُلًا سَقَطَ عَنْ بَعِيْرِهٖ فَوُقِصَ فَمَاتَ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ وَ سِدْرٍ وَ كَفِّنُوْهُ فِيْ ثَوْبَيْهِ وَلَا تُخَمِّرُوْا رَاْسَهٗ فَاِنَّهٗ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُهِلُّ اَوْيُلَبِّيْ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ

۹۳۹: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ہم ایک سفر میں نبی اکرم علیہ السلام کے ہمراہ تھے آپ علیہ السلام نے دیکھا کہ ایک آدمی اپنے اونٹ سے گرا اور اس کی گردن ٹوٹ گئی اور وہ مرگیا۔ وہ احرام باندھے ہوئے تھا۔آپ علیہ السلام نے فرمایا اسے بیری کے پتوں اور پانی سے غسل دو۔انہی کپڑوں میں اسے دفن کرو اور اس کا سر مت ڈھانپو۔قیامت کے دن یہ اسی حالت میں احرام باندھے ہوئے یا تلبیہ کہتے ہوئے اٹھایا جائے گا۔امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے سفیان ثوریؒ،

وَالشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدُ وَ اِسْحٰقَ وَ قَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِذَا مَاتَ الْمُحْرِمُ انْقَطَعَ اِحْرَامُهٗ وَ يُصْنَعُ بِهٖ كَمَا يُصْنَعُ بِغَيْرِ الْمُحْرِمِ۔

شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ محرم کے مرنے سے اس کا احرام ختم ہو جاتا ہے لہٰذا اس کے ساتھ بھی غیر محرم کی طرح معاملہ کیا جائے گا۔

**خلاصة الباب:** حدیث باب امام شافعیؒ، امام احمد اور ظاہریہ کا استدلال ہے جبکہ امام ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک موت سے محرم کا احرام ختم ہو جاتا ہے ان کی دلیل مسلم شریف کی روایت ہے اور مؤطا امام مالکؒ کی روایت ہے کہ عبداللہ بن عمرؓ کا بیٹا حالت احرام میں وفات پا گیا تو ابن عمرؓ نے اس کے سر کو ڈھانپا اور چہرے کو بھی معلوم ہوا کہ اگر محرم حالت احرام میں فوت ہو جائے تو اس کے ساتھ وہ معاملہ کیا جائے گا جو حلال کے ساتھ کیا جاتا ہے چنانچہ اسے خوشبو لگانا اور اس کا سر ڈھکنا جائز ہیں۔

### ۶۵۱: بَابُ مَا جَآءَ فِي الْمُحْرِمِ يَشْتَكِي عَيْنَهٗ فَيَضْمِدُهَا بِالصَّبْرِ

### ۶۵۱: باب محرم اگر آنکھوں کی تکلیف میں مبتلا ہو جائے تو صَبِرُ (ایلوے) کا لیپ کرے

۹۴۰ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ اَنَّ عُمَرَ ابْنِ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ مَعْمَرٍ اشْتَكٰى عَيْنَيْهِ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَسَاَلَ اَبَانَ بْنَ عُثْمَانَ فَقَالَ اضْمِدْ هُمَا بِالصَّبْرِ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ يَذْكُرُهٗ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَضْمِدْ هُمَا بِالصَّبْرِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ لَا يَرَوْنَ بَاْسًا اَنْ يَتَدَاوَى الْمُحْرِمُ بِدَوَاءٍ مَالَمْ يَكُنْ فِيْهِ طِيْبٌ۔

۹۴۰: نبیہ بن وہب فرماتے ہیں کہ عمر بن عبیداللہ بن معمر کی احرام کی حالت میں آنکھیں دکھنے لگیں۔ انہوں نے ابان بن عثمان سے پوچھا (کہ کیا کروں) تو انہوں نے فرمایا اس پر صَبِرُ کا لیپ کرو۔ میں نے حضرت عثمان بن عفانؓ کو نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہوئے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا اس پر مصبر (ایلوے) کا لیپ کرو۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ محرم کے دوا استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ اس میں خوشبو نہ ہو۔

### ۶۵۲: بَابُ مَا جَآءَ فِي الْمُحْرِمِ يَحْلِقُ رَاْسَهٗ فِي اِحْرَامِهٖ مَا عَلَيْهِ

### ۶۵۲: باب اگر محرم احرام کی حالت میں سر منڈا دے تو کیا حکم ہے

۹۴۱: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَيُّوْبَ وَابْنِ اَبِي نَجِيْحٍ وَحُمَيْدِ الْاَعْرَجِ وَ عَبْدِ الْكَرِيْمِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ مَرَّبِهٖ وَهُوَ بِالْحُدَيْبِيَةِ قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ مَكَّةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ وَهُوَ يُوْقِدُ تَحْتَ قِدْرٍ وَالْقَمْلُ يَتَهَافَتُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَقَالَ اَتُؤْذِيْكَ هَوَامُّكَ

۹۴۱: حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حدیبیہ میں مکہ مکرمہ داخل ہونے سے پہلے ان کے پاس سے گزرے جبکہ وہ احرام کی حالت میں ہنڈیا کے نیچے آگ سلگا رہے تھے اور جوئیں گر کر ان کے منہ پر پڑ رہی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا یہ جوئیں تمہیں اذیت دیتی ہیں؟ عرض کیا ہاں۔ آپ صلی

هٰذِهٖ فَقَالَ نَعَمْ فَقَالَ احْلِقْ وَاَطْعِمْ فَرَقًا بَيْنَ سِتَّةِ مَسَاكِيْنَ وَالْفَرَقُ ثَلٰثَةُ اَصْعٍ اَوْصُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اَوْانْسُكْ نَسِيْكَةً قَالَ ابْنُ اَبِىْ نَجِيْحٍ اَوِ اذْبَحْ شَاةً قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ وَغَيْرِ هِمْ اَنَّ الْمُحْرِمَ اِذَا حَلَقَ اَوْلَبِسَ مِنَ الثِّيَابِ مَالَا يَنْبَغِىْ لَهٗ اَنْ يَلْبَسَ فِىْ اِحْرَامِهٖ اَوْ تَطَيَّبَ فَعَلَيْهِ الْكَفَّارَةُ بِمِثْلِ مَا رُوِىَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ۔

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سر منڈالو اور ایک فرق (تین صاع) کھانا چھ مسکینوں کو کھلا دو۔ یا پھر تین دن روزہ رکھو یا ایک جانور ذبح کرو۔ ابن ابی نجیح کہتے ہیں یا ایک بکری ذبح کرو۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اسی پر علماء صحابہؓ و تابعینؒ کا عمل ہے کہ محرم جب سر منڈوائے یا ایسا کپڑا پہن لے جو احرام میں نہیں پہننا چاہیے تھا۔ یا خوشبو لگائے تو اس پر کفارہ ہوگا۔ جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔

## ۶۵۳: بَابُ مَا جَآءَ فِى الرُّخْصَةِ لِلرِّعَآءِ اَنْ يَرْمُوْا يَوْمًا وَ يَدَعُوْا يَوْمًا

## ۶۵۳: باب چرواہوں کو اجازت ہے کہ ایک دن رمی کریں اور ایک دن چھوڑ دیں

۹۴۲: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عُمَرَ نَا سُفْيٰنُ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِوبْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِى الْبَدَّاحِ بْنِ عَدِيٍّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِلرِّعَاءِ اَنْ يَرْمُوْا يَوْمًا وَ يَدَعُوْا يَوْمًا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰكَذَا رَوٰى ابْنُ عُيَيْنَةَ وَ رَوٰى مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ اَبِى الْبَدَّاحِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ عَنْ اَبِيْهِ وَ رِوَايَةُ مَالِكٍ اَصَحُّ وَ قَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ لِلرُّعَاةِ اَنْ يَرْمُوْا يَوْمًا وَ يَدَعُوْا يَوْمًا وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ۔

۹۴۲: ابوالبداح بن عدی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے چرواہوں کو ایک دن کنکریاں مارنے اور ایک دن چھوڑنے کی رخصت دی۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عیینہ نے بھی اسی طرح روایت کیا ہے۔ مالک بن انسؒ بھی عبیداللہ بن ابوبکرؓ سے وہ اپنے والد سے اور ابوالبداع بن عاصم بن عدی سے ان کے والد کے حوالے سے روایت کرتے ہیں مالک کی روایت اصح ہے۔ اہل علم کی ایک جماعت چرواہوں کو ایک دن کنکریاں مارنے اور ایک دن چھوڑ دینے کی اجازت دیتی ہے۔ امام شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے۔

۹۴۳: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِى الْبَدَّاحِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرُعَاةِ الْاِبِلِ فِى الْبَيْتُوْتَةِ اَنْ يَرْمُوْا يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ يَجْمَعُوْا رَمْىَ يَوْمَيْنِ بَعْدَ يَوْمِ النَّحْرِ فَيَرْ مُوْنَهٗ فِىْ اَحَدِ هِمَا قَالَ مَالِكٌ ظَنَنْتُ اَنَّهٗ قَالَ فِى الْاَوَّلِ مِنْهُمَا ثُمَّ يَرْمُوْنَ يَوْمَ النَّفْرِ وَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهُوَ اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ۔

۹۴۳: ابوالبداح بن عاصم بن عدی اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اونٹ چرانے والوں کو منیٰ میں رات نہ رہنے کی اجازت دی۔ وہ اس طرح کہ قربانی کے دن کنکریاں ماریں پھر دو دن کی رمی اکٹھی کر لیں۔ پھر ایک دن میں ان دونوں کی رمی کر لیں۔ امام مالکؒ فرماتے ہیں میرا خیال ہے کہ راوی نے کہا دونوں دنوں کی رمی پہلے دن کرے اور پھر اسی دن رمی کے لئے آ جائے جس دن وہاں سے کوچ کیا جاتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور یہ ابن عیینہ کی عبداللہ بن ابوبکر سے مروی روایت سے اصح ہے۔

## ۶۵۴: بَابُ

۹۴۴: حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ بْنُ عَبْدِالصَّمَدِ بْنِ عَبْدِالْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ نَا سُلَیْمُ بْنُ حَیَّانَ قَالَ سَمِعْتُ مَرْوَانَ الْاَصْفَرَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ عَلِیًّا قَدِمَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنَ الْیَمَنِ فَقَالَ بِمَا اَھْلَلْتَ قَالَ اَھْلَلْتُ بِمَا اَھَلَّ بِہٖ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا اَنَّ مَعِیَ ھَدْیًا لَاَحْلَلْتُ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ.

## ۶۵۴: باب

۹۴۴: حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ حضرت علیؓ حجۃ الوداع کے موقع پر یمن سے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ ﷺ نے پوچھا تم نے کس نیت سے احرام باندھا ہے۔ عرض کیا جس نیت سے رسول اللہ ﷺ نے احرام باندھا ہے۔ پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میرے پاس ہدی (یعنی قربانی کا جانور) نہ ہوتی تو میں احرام کھول دیتا۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔

## ۶۵۵: بَابُ

۹۴۵: حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ بْنُ عَبْدِالصَّمَدِ ابْنِ عَبْدِالْوَارِثِ نَا اَبِیْ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ یَوْمِ الْحَجِّ الْاَکْبَرِ فَقَالَ یَوْمُ النَّحْرِ.

۹۴۶: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَۃَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ یَوْمُ الْحَجِّ الْاَکْبَرِ یَوْمُ النَّحْرِ وَلَمْ یَرْفَعْہُ وَ ھٰذَا اَصَحُّ مِنَ الْحَدِیْثِ الْاَوَّلِ وَ رِوَایَۃُ ابْنِ عُیَیْنَۃَ مَوْقُوْفًا اَصَحُّ عَنْ رِوَایَۃِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ مَرْفُوْعًا قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰکَذَا رَوٰی غَیْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْحُفَّاظِ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِیٍّ مَوْقُوْفًا.

## ۶۵۵: باب

۹۴۵: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حج اکبر کے بارے میں پوچھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ قربانی کا دن ہے (یعنی دس ذوالحجہ)۔

۹۴۶: حضرت علی رضی اللہ عنہ غیر مرفوع حدیث روایت کرتے ہیں کہ حج اکبر کا دن قربانی کا دن ہے۔ یہ حدیث پہلی حدیث سے اصح ہے اور ابن عیینہ کی موقوف روایت محمد بن اسحاق کی مرفوع روایت سے اصح ہے۔ کئی حفاظ حدیث ابواسحٰق سے وہ حارث سے اور وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اسی طرح موقوفاً روایت کرتے ہیں۔

## ۶۵۶: بَابُ

۹۴۷: حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ نَا جَرِیْرٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنِ ابْنِ عُبَیْدِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ کَانَ یُزَاحِمُ عَلَی الرُّکْنَیْنِ فَقُلْتُ یَا اَبَا عَبْدِالرَّحْمٰنِ اِنَّکَ تُزَاحِمُ عَلَی الرُّکْنَیْنِ زِحَامًا مَارَاَیْتُ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُزَاحِمُ عَلَیْہِ فَقَالَ اِنْ اَفْعَلْ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ مَسْحَھُمَا کَفَّارَۃٌ لِلْخَطَا

## ۶۵۶: باب

۹۴۷: ابوعبید بن عمیر اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ ابن عمرؓ دونوں رکنوں (حجر اسود اور رکن یمانی) پر ٹھہرا کرتے تھے۔ میں نے کہا اے ابوعبدالرحمٰن آپ دونوں رکنوں پر ٹھہرتے ہیں جب کہ میں نے کسی صحابی کو ایسا کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ ابن عمرؓ نے فرمایا میں کیوں نہ ٹھہروں میں نے رسول اللہؐ سے سنا کہ ان کو چھونے سے گناہوں کا کفارہ ادا ہوتا ہے۔ میں نے یہ بھی سنا ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ جس نے اس گھر کا سات مرتبہ طواف کیا اور

يَا وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ مَنْ طَافَ بِهٰذَا الْبَيْتِ اُسْبُوْعًا فَاَحْصَاهُ كَانَ كَعِتْقِ رَقَبَةٍ وَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ لَا يَضَعُ قَدَمًا وَلَا يَرْفَعُ اُخْرٰى اِلَّا حَطَّ اللّٰهُ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً وَكُتِبَتْ لَهُ بِهَا حَسَنَةٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَ رَوٰى حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنِ ابْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرْفِيْهِ عَنْ اَبِيْهِ وَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

اس کی حفاظت کی تو یہ ایک غلام آزاد کرنے کی مثل (اجر) ہے۔ میں نے یہ بھی سنا کہ آپؐ نے فرمایا کہ جب کوئی شخص طواف میں ایک قدم رکھتا ہے اور ایک قدم اٹھاتا ہے تو اس کا ایک گناہ معاف اور ایک نیکی لکھ دی جاتی ہے امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حماد بن زید بھی عطاء بن سائب سے وہ عبید بن عمیر سے اور وہ ابن عمرؓ سے اسی کی مثل راویت کرتے ہیں لیکن ابن عبید کے والد کا ذکر نہیں کرتے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

## ٦٥٧: بَابٌ

۹۴۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا جَرِيْرٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ طَاوٗسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الطَّوَافُ حَوْلَ الْبَيْتِ مِثْلُ الصَّلٰوةِ اِلَّا اَنَّكُمْ تَتَكَلَّمُوْنَ فِيْهِ فَمَنْ تَكَلَّمَ فِيْهِ فَلَا يَتَكَلَّمُ اِلَّا بِخَيْرٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَ قَدْ رُوِىَ عَنِ ابْنِ طَاوٗسٍ وَغَيْرِهٖ عَنْ طَاوٗسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَوْقُوْفًا وَلَا نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ يَسْتَحِبُّوْنَ اَنْ لَا يَتَكَلَّمَ الرَّجُلُ فِي الطَّوَافِ اِلَّا لِحَاجَةٍ اَوْ بِذِكْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَوْ مِنَ الْعِلْمِ.

## ٦٥٧: باب

۹۴۸: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا بیت اللہ کا طواف نماز ہی کی طرح ہے۔ سن لو تم اس میں گفتگو کر لیتے ہو لہذا جو اس میں بات کرے وہ نیکی کی ہی بات کرے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن طاؤس وغیرہ طاؤس سے اور وہ ابن عباسؓ سے یہ حدیث موقوفا روایت کرتے ہیں۔ ہم اس حدیث کو عطاء بن سائب کی روایت کے علاوہ مرفوع نہیں جانتے۔ اکثر علماء کا اس پر عمل ہے وہ کہتے ہیں کہ طواف میں باتیں نہ کرنا مستحب ہے لیکن ضرورت کے وقت یا علم کی باتیں یا اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے کی اجازت ہے۔

## ٦٥٨: بَابٌ

۹۴۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا جَرِيْرٌ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَجَرِ وَاللّٰهِ لَيَبْعَثَنَّهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَهُ عَيْنَانِ يُبْصِرُ بِهِمَا وَلِسَانٌ يَنْطِقُ بِهٖ يَشْهَدُ عَلٰى مَنِ اسْتَلَمَهُ بِحَقٍّ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

## ٦٥٨: باب

۹۴۹: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حجر اسود کے بارے میں فرمایا۔ اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو اس حالت میں اٹھائے گا کہ اس کی دو آنکھیں ہوں گی جن سے دیکھے گا اور زبان ہوگی جس سے بات کرے گا اور جس نے اسے حق کے ساتھ چوما اس کے متعلق گواہی دے گا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔

۹۵۰: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ فَرْقَدٍ السَّبَخِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدَّهِنُ بِالزَّيْتِ وَهُوَ مُحْرِمٌ غَيْرَ الْمُقَتَّتِ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى مُقَتَّتٌ مُطَيَّبٌ

۹۵۰: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم احرام کی حالت میں بغیر خوشبو زیتون کا تیل استعمال کرتے تھے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں مقتت کے معنی خوشبو دار کے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس

هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ فَرْقَدِ السَّبْخِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَ قَدْ تَكَلَّمَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ فِيْ فَرْقَدِ السَّبْخِيِّ وَ رَوٰى عَنْهُ النَّاسُ.

حدیث کوفرقد سبخی کی سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت سے ہی جانتے ہیں۔ یحییٰ بن سید نے فرقد سبخی میں کلام کیا ہے لیکن لوگ ان سے روایت کرتے ہیں۔

## ۶۵۹: بَابٌ

## ۶۵۹: باب

۹۵۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا خَلَّادُ بْنُ يَزِيْدَ الْجُعْفِيُّ نَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا كَانَتْ تَحْمِلُ مِنْ مَآءِ زَمْزَمَ وَ تُخْبِرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَحْمِلُهُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۹۵۱: ہشام بن عروہ اپنے والد حضرت عروہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ زمزم کا پانی اپنے ساتھ لے جایا کرتی تھیں اور فرماتیں کہ رسول اللہ ﷺ بھی اسے لے جایا کرتے تھے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

## ۶۶۰: بَابٌ

## ۶۶۰: باب

۹۵۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْوَزِيْرِ الْوَاسِطِيُّ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالَا نَا اِسْحٰقُ بْنُ يُوْسُفَ الْاَزْرَقُ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِالْعَزِيْزِبْنِ رُفَيْعٍ قَالَ قُلْتُ لِاَنَسٍ حَدِّثْنِيْ بِشَيْءٍ عَقَلْتَهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْنَ صَلَّى الظُّهْرَيَوْمَ التَّرْوِيَةِ قَالَ بِمِنًى قَالَ قُلْتُ فَاَيْنَ صَلَّى الْعَصْرَيَوْمَ النَّفْرِ قَالَ بِالْاَ بْطَحِ ثُمَّ قَالَ افْعَلْ كَمَا يَفْعَلُ اُمَرَاؤُكَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَاحَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ يُسْتَغْرَبُ مِنْ حَدِيْثِ الْاَزْرَقِ عَنِ الثَّوْرِيِّ.

۹۵۲: عبدالعزیز بن رفیع کہتے ہیں میں نے انس رضی اللہ عنہ سے کہا کہ مجھے ایسی حدیث سنائیں جو آپؓ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی۔ رسول اللہ ﷺ نے آٹھویں ذی الحجہ کو ظہر کی نماز کہاں پڑھی؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا منٰی میں۔ میں نے کہا جس دن آپ ﷺ روانہ ہوئے اس دن عصر کہاں پڑھی؟ فرمایا وادی ابطح میں۔ پھر حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم اسی طرح کرو جس طرح تمہارے امیر کرتے ہیں (یعنی تم وہاں نماز پڑھا کرو جہاں تمہارے حج کے امیر نماز پڑھیں)

**خلاصۃ الابواب** : یہاں دو مسئلے زیر بحث آتے ہیں مسئلہ ا: منٰی (منٰی کی راتیں) میں رات گذارنا: امام ابوحنیفہؒ امام احمدؒ کے نزدیک سنت مؤکدہ ہے۔ امام مالکؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک (رات منٰی میں گذارنا) واجب ہے پھر اگر حاجی مبیت (منٰی کی راتوں میں مقام منٰی میں رات نہ گذارے) ترک کردے۔ امام مالکؒ کے نزدیک ایک رات ترک (چھوڑ دے) کردے تو ایک بکری دینا واجب ہے۔ امام شافعیؒ کے نزدیک ایک رات کے بدلہ میں ایک درہم واجب ہے دو راتوں کے دو درہم۔ البتہ تینوں راتوں کے ترک کی صورت میں امام مالکؒ کی طرح دم واجب ہے۔ حنفیہ کے نزدیک مبیت کو ترک یعنی رات منٰی میں نہ گذارے) کرنا مکروہ ہے اور اس پر کوئی کفارہ نہیں۔ مسئلہ ۲: اکثر ائمہ کرام کے نزدیک رُعاۃ یعنی چرواہے قسم کے لوگوں کو اجازت ہے کہ وہ دو دن کی رمی یعنی کنکریاں مارنے کے عمل کو اکٹھا کر کے ایک دن کرلیں، اس صورت میں ان حضرات کے نزدیک کسی قسم کا جزاء اور فدیہ بھی واجب نہیں۔ حدیث باب ان حضرات کی دلیل ہے جبکہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک صرف اونٹ چرانا کافی نہیں بلکہ اس کے ساتھ اونٹوں کے ضائع ہو جانے کا اندیشہ ہو تو اس صورت میں دو دن کی رمی کو جمع

کر سکتے ہیں جس کی صورت یہ ہے کہ دسویں تاریخ میں جمرہ عقبہ کی رمی کر کے وہ چلا جائے اور گیارہ ذی الحجہ میں رات کے آخری حصہ میں آئے اور طلوع صبح صادق سے پہلے گیارہویں کی رمی کر لے اور طلوع صبح صادق کے بعد بارہویں تاریخ کی رمی کر لے اس کو جمع تاخیر صوری کہتے ہیں۔ اس صورت میں حدیث باب امام صاحب کے مسلک کے خلاف نہیں (۲) مبہم نیت کے ساتھ احرام باندھنا ائمہ اربعہ کے نزدیک جائز ہے پھر احناف کے نزدیک نیت مبہم کی صورت میں افعال حج یا افعال عمرہ کی ادائیگی سے قبل اس احرام کو حج یا عمرہ کے واسطے معین کرنا ضروری ہوگا۔ تفصیل کے لئے علماء سے رجوع کیا جائے۔ (۳) سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں کہ حج کے پانچوں دن یوم الحج الاکبر کا مصداق ہیں جن میں عرفہ (نویں ذوالحجہ) یوم النحر دونوں داخل ہیں حدیث باب لفظ یوم کو مفرد لانے کا تعلق ہے یہ عرب کے محاورہ کے مطابق ہے اس لئے کہ بسا اوقات لفظ ''یوم'' بول کر مطلق زمانہ یا چند ایام مراد ہوتے ہیں جیسے غزوۂ بدر کے چند ایام کو قرآن کریم نے ''یوم الفرقان'' کے مفرد نام سے تعبیر کیا ہے بہر حال عامۃ الناس میں جو یہ مشہور ہے کہ جس سال عرفہ کے دن جمعہ ہو صرف وہی حج اکبر ہے قرآن وسنت کی اصطلاح میں اس کی کوئی اصل نہیں بلکہ ہر سال کا حج حجِ اکبر ہی ہے (۴) کسی طواف کرنے والے کو تکلیف پہنچا کر استلام حجر اسود جائز نہیں چنانچہ حضرت عمر بن خطابؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا اے عمرؓ طواف کرتے وقت کسی کو ایذا نہ دینا کیونکہ تم بہت قوی آدمی ہو حجر اسود کو بوسہ دینے کے لئے کسی کے ساتھ مزاحمت کر کے استلام نہ کرنا تو حدیث باب میں ابن عمرؓ کا زحام بھی اسی پر محمول ہے کہ وہ بغیر ایذاء کے ہوتا اگرچہ استلامِ حجر کی سنت پوری کرنے کا وہ نہایت اہتمام فرماتے تھے۔ (۵) حالت احرام میں ایسا تیل جو خود خوشبو ہو یا اس میں خوشبو ملی ہوئی ہو، دوا کے طور پر درست ہے۔ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک عام تیل کا استعمال حالت احرام میں دم (قربانی) کو واجب کرتا ہے (دم دینا واجب ہے) امام صاحب فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ سے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ حج کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا الشعث التفل اصل حاجی وہ ہے جو پراگندہ بال اور میلا کچیلا ہو اور تیل لگانا پراگندگی کے خلاف ہے۔ امام شافعیؒ کے نزدیک سر اور داڑھی میں لگانے سے دم واجب ہے ان کے علاوہ جسم پر استعمال کرنا درست ہے۔ حدیث باب کو شافعیہ سر اور داڑھی کے علاوہ پر محمول کرتے ہیں اور امام صاحب فرماتے ہیں کہ حدیث باب کا دارومدار فرقد السبخیؒ پر ہے جو کہ ضعیف ہے یہ بھی ممکن ہے کہ نبی کریم ﷺ نے احرام سے پہلے تیل لگایا ہو جس کے اثرات باقی رہ گئے ہوں۔ واللہ اعلم (۶) اس روایت میں ماء زمزم کو دوسرے علاقوں میں لے جانے کا جائز ہونا ثابت ہوتا ہے بلکہ سنت ہونا معلوم ہوتا ہے زمزم کی فضیلت متعدد روایات سے ثابت ہے معجم طبرانی کبیر میں حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے فرماتے ہیں روئے زمین پر بہترین پانی زمزم ہے اس میں غذائیت بھی اور بیماریوں کی شفا بھی موجود ہے زمزم پینے کے آداب میں سے یہ ہے کہ بیت اللہ کی طرف منہ کر کے، دائیں ہاتھ سے تین سانس میں پئے اور ہر دفعہ کے شروع میں بسم اللہ کہے اور سانس لینے پر الحمد للہ کہے اور زمزم خوب پیٹ بھر کر پئے چنانچہ حضرت ابن عباسؓ کی حدیث سے اس کی تائید ہوتی ہے۔

# اَبْوَابُ الْجَنَائِزِ
## عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
## میّت (جنازے) کے ابواب
جو مروی ہیں رسول اللہ ﷺ سے

### ۶۶۱: بَابُ مَاجَآءَ فِي ثَوَابِ الْمَرِيْضِ

۹۵۳: حَدَّثَنَا هَنَّادٌنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَايُصِيْبُ الْمُؤْمِنَ شَوْكَةٌ فَمَا فَوْقَهَا اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً وَفِي الْبَابِ عَنْ سَعْدِبْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ وَاَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَبِيْ اُمَامَةَ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ وَاَنَسٍ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍووَاَسَدِبْنِ كُرْزٍوَجَابِرٍ وَعَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ وَاَبِيْ مُوْسٰى قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ عَآئِشَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۵۴: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَااَبِيْ عَنْ اُسَامَةَ ابْنِ زَيْدٍعَنْ مُحَمَّدِبْنِ عَمْرِ وبْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَطَاءِ بِنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَامِنْ شَيْءٍ يُصِيْبُ الْمُؤْمِنَ مِنْ نَصَبٍ وَلَاحَزَنٍ وَلَاوَصَبٍ حَتَّى الْهَمُّ يَهُمُّهُ اِلَّايُكَفِّرُاللّٰهُ بِهٖ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ فِيْ هٰذَا الْبَابِ قَالَ وَسَمِعْتُ الْجَارُوْدَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ وَكِيْعًا يَقُوْلُ اِنَّهٗ لَمْ يُسْمَعْ فِي الْهَمِّ اَنَّهٗ يَكُوْنُ كَفَّارَةً اِلَّافِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَ قَدْرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

### ۶۶۱: باب بیماری کا ثواب

۹۵۳: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مؤمن کو کوئی کانٹا نہیں چبھتا یا اسے بڑی تکلیف نہیں پہنچتی مگر اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کا ایک درجہ بلند کرتا اور اس کی ایک غلطی معاف کرتا ہے۔ اس باب میں حضرت سعد بن ابی وقاصؓ، ابوعبیدہ بن جراحؓ، ابوہریرہؓ، ابوامامہؓ، ابوسعیدؓ، انسؓ، عبداللہ بن عمروؓ، اسد بن کرزؓ، جابرؓ، عبدالرحمٰن بن ازہرؓ اور ابوموسیٰؓ سے بھی روایات مروی ہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث عائشہؓ حسن صحیح ہے۔

۹۵۴: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مؤمن کو کوئی زخم، غم یا رنج حتیٰ کہ اگر کوئی پریشانی بھی ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں اس کے (مؤمن) گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اس باب میں حسن ہے۔ میں نے جارود سے سنا انہوں نے وکیعؒ کا قول نقل کیا کہ انہوں نے فرمایا میں نے اس روایت کے علاوہ کسی روایت میں نہیں سنا کہ پریشانی یا فکر سے بھی گناہ مٹ جاتے ہیں۔ بعض راوی یہ حدیث عطاء بن یسار سے اور وہ ابوہریرہؓ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں۔

### ۶۶۲: بَابُ مَاجَآءَ فِي عِيَادَةِ الْمَرِيْضِ

۹۵۵: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَايَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ

### ۶۶۲: باب مریض کی عیادت

۹۵۵: حضرت ثوبانؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے

نَاخَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِی اَسْمَاءَ الرَّحَبِیِّ عَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا عَادَاَخَاهُ الْمُسْلِمَ لَمْ يَزَلْ فِیْ خُرْفَةِ الْجَنَّةِ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ وَاَبِیْ مُوْسٰی وَالْبَرَاءِ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ وَاَنَسٍ وَجَابِرٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰی حَدِيْثُ ثَوْبَانَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَرَوٰی اَبُوْ غِفَارٍ وَعَاصِمٌ الْاَحْوَلِ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِی قِلَابَةَ عَنْ اَبِی الْاَشْعَثِ عَنْ اَبِیْ اَسْمَآءَ عَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ قَالَ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ مَنْ رَوٰی هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِی الْاَ شْعَثِ عَنْ اَبِیْ اَسْمَاءَ فَهُوَاَصَحُّ قَالَ مُحَمَّدٌ وَاَحَادِيْثُ اَبِیْ قِلَابَةَ اِنَّمَا هِیَ عَنْ اَبِیْ اَسْمَاءَ اِلَّا هٰذَا الْحَدِيْثُ فَهُوَعِنْدِیْ عَنْ اَبِی الْاَشْعَثِ عَنْ اَبِیْ اَسْمَاءَ.

فرمایا جب کوئی مسلمان اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کرتا ہے تو وہ اتنی دیر جنت میں میوے چنتا رہتا ہے۔ اس باب میں حضرت علیؓ، ابوموسیٰؓ، براءؓ، ابوہریرہؓ، انسؓ اور جابرؓ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں ثوبان کی حدیث حسن ہے۔ابوغفار اور عاصم احول یہ حدیث ابوقلابہ سے وہ ابوالاشعث سے وہ ابواسماء سے وہ ثوبان سے اور وہ نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔امام ترمذیؒ کہتے ہیں میں نے محمد بن اسماعیل بخاریؒ سے سنا کہ وہ فرماتے ہیں جو یہ حدیث ابواشعث سے اور وہ ابواسماء سے روایت کرتے ہیں۔اس حدیث کی روایت اصح ہے۔امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ ابوقلابہ کی احادیث (براہ راست) ابواسماء سے مروی ہیں۔لیکن میرے نزدیک یہ حدیث ابوقلابہ نے بواسطہ ابواشعث، ابواسماء سے روایت کی ہے۔

٩٥٦: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُبْنُ الْوَزِيْرِ الْوَاسِطِیُّ نَايَزِيْدُ ابْنُ هَارُوْنَ عَنْ عَاصِمِ الْاَحْوَلِ عَنْ اَبِی قِلَابَةَ عَنْ اَبِی الْاَشْعَثِ عَنْ اَبِی اَسْمَاءَ عَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ وَزَادَفِيْهِ قِيْلَ مَاخُرْفَةُ الْجَنَّةِ قَالَ جَنَاهَا.

۹۵۶: ہم سے روایت کی محمد بن وزیر واسطی نے انہوں نے یزید بن ہارون سے انہوں نے عاصم احول سے انہوں نے ابوقلابہ سے انہوں نے ابوالاشعث سے انہوں نے ابواسماء سے انہوں نے ثوبان سے اور انہوں نے نبی ﷺ سے اسی حدیث کی مثل اور اس میں یہ الفاظ زیادہ نقل کئے'' قِيْلَ مَاخُرْفَةُ الْجَنَّةِ.... خرفہ جنت کیا ہے؟ فرمایا اس (جنت) کے پھل۔

٩٥٧: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ اَسْمَاءَ عَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيْثِ خَالِدٍ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ اَبَا الْاَ شْعَثِ وَرَوٰی بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

۹۵۷: ہم سے روایت کی احمد بن عبدہ ضبی نے انہوں نے حماد بن زید سے انہوں نے ایوب سے انہوں نے ابوقلابہ سے انہوں نے اسماء سے انہوں نے ثوبان سے اور انہوں نے نبی ﷺ سے خالد کی حدیث کی مثل اور اس میں ابوالاشعث کا ذکر نہیں کیا۔بعض راوی یہ حدیث حماد بن زید سے بھی غیر مرفوع روایت کرتے ہیں۔

٩٥٨: حَدَّثَنَا اَحْمَدُبْنُ مَنِيْعٍ نَاالْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ ثُوَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَخَذَعَلِیٌّ بِيَدِیْ فَقَالَ انْطَلِقْ بِنَا اِلَى الْحُسَيْنِ نَعُوْدُهٗ فَوَجَدْنَاعِنْدَهٗ اَبَامُوْسٰی فَقَالَ عَلِیٌّ اَعَائِدًاجِئْتَ يَااَبَامُوْسٰی اَمْ زَائِرًافَقَالَ لَابَلْ

۹۵۸: ثویر اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت علیؓ نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا چلو حسینؓ کی عیادت کے لئے چلیں ہم نے ان کے پاس حضرت ابوموسیٰ کو پایا تو حضرت علیؓ نے پوچھا اے ابوموسیٰ بیمار پرسی کے لئے آئے ہو یا ملاقات کے لئے؟ عیادت

عَائِدًا فَقَالَ عَلِيٌّ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَامِنْ مُسْلِمٍ يَعُوْدُ مُسْلِمًا غُدْوَةً اِلَّا صَلَّى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰى يُمْسِيَ وَاِنْ عَادَهُ عَشِيَّةً اِلَّاصَلَّى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰى يُصْبِحَ وَكَانَ لَهُ خَرِيْفٌ فِي الْجَنَّةِ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ وَقَدْرُوِيَ عَنْ عَلِيٍّ هٰذَالْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِوَجْهٍ وَمِنْهُمْ مَنْ وَقَفَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَاسْمُ اَبِيْ فَاخِتَةَ سَعِيْدُبْنُ عِلَاقَةَ.

کے لئے۔حضرت علیؓ نے فرمایا میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ جب کوئی مسلمان کسی مسلمان کی صبح کے وقت عیادت کرتا ہے تو ستر ہزار فرشتے شام تک اس کے لیے دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں اور اگر شام کو عیادت کرے تو صبح تک۔اور اس کے لئے جنت میں ایک باغ ہوگا۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب حسن ہے۔حضرت علیؓ سے یہ حدیث کئی سندوں سے مروی ہے۔بعض راوی یہ حدیث موقوفاً روایت کرتے ہیں۔ابوفاختہ کا نام سعید بن علاقہ ہے۔

## ۶۶۳ . بَابُ مَاجَآءَ فِي النَّهْيِ عَنِ التَّمَنِّيْ لِلْمَوْتِ

## ۶۶۳: باب موت کی تمنا کرنے کی ممانعت

۹۵۹ :حَدَّثَنَا مُحَمَّدُبْنُ بَشَّارٍ نَامُحَمَّدُبْنُ جَعْفَرٍ نَاشُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى خَبَّابٍ وَقَدِاكْتَوٰى فِيْ بَطْنِهٖ فَقَالَ مَااَعْلَمُ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيَ مِنَ الْبَلَاءِ مَالَقِيْتُ لَقَدْ كُنْتُ وَمَا اَجِدُدِرْهَمًا عَلٰى عَهْدِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ نَاحِيَةِ بَيْتِيْ اَرْبَعُوْنَ اَلْفًاوَلَوْلَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَااَوْنَهٰى اَنْ يُتَمَنَّى الْمَوْتُ لَتَمَنَّيْتُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَنَسٍ وَجَابِرٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ خَبَّابٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرُوِيَ عَنْ اَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لَايَتَمَنَّيَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لِضُرٍّنَزَلَ بِهٖ وَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مَاكَانَتِ الْحَيٰوةُ خَيْرًالِّيْ وَتَوَفَّنِيْ اِذَاكَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًالِّيْ.

۹۵۹:حضرت حارثہ بن مضربؓ سے روایت ہے کہ میں خباب کے پاس حاضر ہوا۔انہوں نے اپنے پیٹ میں داغ لگوایا تھا۔وہ فرمانے لگے مجھے نہیں معلوم کہ صحابہ کرامؓ میں سے کسی نے اتنی تکلیف اٹھائی ہو جتنی میں نے اٹھائی ہے۔میرے پاس نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں ایک درہم بھی نہ ہوتا تھا اور اب میرے گھر کے ایک کونے میں چالیس ہزار درہم پڑے ہوئے ہیں۔اگر رسول اللہ ﷺ نے ہمیں موت کی تمنا سے منع نہ کیا ہوتا تو میں موت کی تمنا کرتا۔اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ،انسؓ اور جابرؓ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث خباب حسن صحیح ہے۔حضرت انس بن مالکؓ سے بھی مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی کسی تکلیف کے باعث جو اسے پہنچی ہو،موت کی تمنا نہ کرے بلکہ یہ کہے"اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ ....خیراً لّی۔(ترجمہ)۔اے اللہ اگر میرے لئے زندگی بہتر ہو تو مجھے زندہ رکھ اور اگر موت بہتر ہو تو موت دے دے

۹۶۰ :حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍنَااِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَاعَبْدُالْعَزِيْزِبْنُ صُهَيْبٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۶۰: علی بن حجر،اسمٰعیل بن ابراہیم سے وہ عبدالعزیز بن صہیب سے وہ انس بن مالکؓ اور وہ نبی ﷺ سے یہی حدیث روایت کرتے ہیں۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۶۶۴ : بَابُ مَاجَآءَ فِی التَّعَوُّذِ لِلْمَرِیْضِ

۹۶۱ : حَدَّثَنَا بِشْرُبْنُ هِلَالِ الصَّوَّافُ الْبَصْرِیُّ نَاعَبْدُالْوَارِثِ بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ عَبْدِالْعَزِیْزِ بْنِ صُهَیْبٍ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَنَّ جِبْرَئِیْلَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَامُحَمَّدُ اشْتَکَیْتَ قَالَ نَعَمْ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُؤْذِیْکَ مِنْ شَرِّکُلِّ نَفْسٍ وَعَیْنٍ حَاسِدٍ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِیْکَ وَاللّٰهُ یَشْفِیْکَ.

## ۶۶۴ : باب مریض کے لئے تعوذ

۹۶۱: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ حضرت جبرائیل نبی اکرمؐ کے پاس آئے اور فرمایا اے محمد ﷺ کیا آپؐ بیمار ہیں؟ آپؐ نے فرمایا ہاں۔ جبرائیلؑ نے کہا "بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ ...... (ترجمہ میں اللہ کے نام سے آپ کو ہر تکلیف دینے والی چیز سے ہر خبیث نفس کی برائی سے اور ہر حسد کرنے والے کی نظر سے دم کرتا ہوں۔ میں اللہ کے نام سے آپ کو دم کرتا ہوں اللہ آپؐ کو شفا عطا فرمائے۔

۹۶۲ : حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا عَبْدُالْوَارِثِ بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ عَبْدِالْعَزِیْزِ بْنِ صُهَیْبٍ قَالَ دَخَلْتُ اَنَا وَ ثَابِتٌ الْبُنَانِیُّ عَلٰی اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ فَقَالَ ثَابِتٌ یَااَبَا حَمْزَةَ اشْتَکَیْتُ فَقَالَ اَنَسٌ اَفَلاَ اَرْقِیْکَ بِرُقْیَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَلٰی قَالَ اللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ مُذْهِبَ الْبَاْسِ اشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَاشَافِیْ اِلَّااَنْتَ شِفَاءً لَایُغَادِرُ سَقَمًا وَفِی الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَعَائِشَةَ قَالَ اَبُوْعِیْسٰی حَدِیْثُ اَبِیْ سَعِیْدٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ قَالَ وَسَاَلْتُ اَبَا زُرْعَةَ عَنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ فَقُلْتُ لَهٗ رِوَایَةُ عَبْدِالْعَزِیْزِ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَصَحُّ اَوْحَدِیْثُ عَبْدِالْعَزِیْزِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ کِلَاهُمَا صَحِیْحٌ نَاعَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِالْوَارِثِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَبْدِالْعَزِیْزِ ابْنِ صُهَیْبٍ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنْ عَبْدِالْعَزِیْزِ ابْنِ صُهَیْبٍ عَنْ اَنَسٍ.

۹۶۲: حضرت عبدالعزیز بن صہیب سے روایت ہے کہ میں اور ثابت بنانی حضرت انس بن مالکؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ثابت نے کہا اے ابوحمزہ میں بیمار ہوں۔ حضرت انسؓ نے فرمایا کیا میں تمہیں رسول اللہؐ کی دعا سے نہ جھاڑوں (یعنی دم نہ کروں) انہوں نے کہا کیوں نہیں۔ حضرت انسؓ نے یہ پڑھا "اللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ ...... (ترجمہ اے اللہ: لوگوں کے پالنے والے اے تکلیفوں کو دور کرنے والے شفا عطا فرما۔ کیونکہ تیرے بغیر کوئی شفا دینے والا نہیں۔ ایسی شفا عطا فرما کہ کوئی بیماری نہ رہے۔ اس باب میں حضرت انسؓ اور عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں ابوسعیدؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ میں نے ابوزرعہ سے اس حدیث کے متعلق پوچھا کہ عبدالعزیز کی ابونضرہ سے بحوالہ ابوسعید مروی حدیث زیادہ صحیح ہے یا عبدالعزیز کی انسؓ سے مروی حدیث؟ ابوزرعہ نے کہا دونوں صحیح ہیں۔ عبدالصمد بن عبدالوارث اپنے والد سے وہ عبدالعزیز بن صہیب سے وہ ابونضرہ سے اور وہ ابوسعیدؓ سے روایت کرے ہیں۔ عبدالعزیز بن صہیب، انسؓ سے بھی روایت کرتے ہیں۔

**خلاصۃ الابواب** : موت کی تمنا اگر دنیوی نقصان کی وجہ سے ہو تو جائز نہیں اگر اخروی ضرر کی وجہ سے ہو مثلاً اس کو اپنے ایمان کے ضائع ہونے کا خطرہ ہو تو تمنی موت میں کوئی حرج نہیں بلکہ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ مندوب ہے۔

## ۶۶۵ :بَابُ مَاجَآءَ فِی الْحَثِّ عَلَی الْوَصِیَّةِ

۹۶۳ : حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍنَاعُبْدُاللّٰهِ بْنُ

## ۶۶۵: باب وصیت کی ترغیب

۹۶۳: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

نُمَيْرٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَاحَقُّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ يَبِيْتُ لَيْلَتَيْنِ وَلَهٗ شَيْءٌ يُوْصِىْ فِيْهِ اِلَّا وَوَصِيَّتُهٗ مَكْتُوْبَةٌ عِنْدَهٗ وَفِى الْبَابِ عَنِ ابْنِ اَبِىْ اَوْفٰى قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ ۔

فرمایا کہ کسی مسلمان کو یہ حق نہیں کہ وہ دو راتیں بھی اس طرح گزارے کہ اس کے پاس کوئی ایسی چیز ہو جس کی وصیت کرنی چاہیے لیکن وہ وصیت کتابت کی صورت میں اس کے پاس موجود نہ ہو۔ اس باب میں ابن ابی اوفی سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عمرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

**خلاصۃ الابواب :** (۱) حدیث کا مطلب ہے یہ کہ جس شخص کے پاس کوئی امانت ہو یا اس کے ذمہ کوئی قرض ہو یا حق واجب ہو خواہ اللہ تعالیٰ کا حق ہو یا حقوق العباد میں سے ہو یا وارث کا کوئی حق ہو یا غیر وارث کا تو اس کے لئے واجب ہے کہ وہ اس کے بارے میں وصیت کرے اگر کسی قسم کا کوئی حق اس کے ذمہ نہ ہو تو وصیت واجب نہیں (۲) حدیث باب میں والثلث کثیر (یعنی تہائی زیادہ ہے) کے تین مطلب ہو سکتے ہیں (۱) ثلث ۱/۳ وصیت کا وہ انتہائی درجہ ہے جو جائز ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ اس سے کم کیا جائے (۲) تہائی کی وصیت بھی اکمل ہے یعنی اس کا اجر وثواب زیادہ ہے (۳) تہائی بھی کثیر ہے قلیل نہیں ہے۔ حنفیہ نے پہلے مطلب کو ترجیح دی ہے اس کی تائید حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے ہوتی ہے (۳) جب کسی پر موت کے اثرات ظاہر ہونے لگیں تو اس کو کلمۂ شہادت کی تلقین کریں۔ مستحب ہے۔ جس کی صورت یہ ہوگی کہ اس کے پاس موجود لوگ بلند آواز سے کلمہ شہادت پڑھیں اس کو پڑھنے کا حکم نہ دیا جائے اس لئے کہ وہ بڑے کٹھن لمحات ہوتے ہیں حکم دینے کی صورت میں نہ جانے اس کے منہ سے کیا نکل جائے۔ (۴) اس حدیث کا بعض روایات کے ساتھ تعارض معلوم ہوتا ہے کہ مؤمن کی روح بہت آسانی سے نکل جاتی ہے اس کا جواب یہ ہے کہ مؤمن مرض کی شدت میں مبتلا کیا جاتا ہے لیکن اس کی روح آسانی سے نکل جاتی ہے۔ نبی کریم ﷺ کے حق میں بھی مرض کی شدت تھی نہ کہ موت کی سختی۔ واللہ اعلم۔ (۵) المؤمن یموت بعرق الجبین کے مطلب میں علماء کے کئی اقوال ہیں (۱) عرق جبین کنایہ ہے اس مشقت سے جو مؤمن طلب رزق حلال کے لئے اٹھاتا ہے اور روایت کا مطلب یہ کہ مؤمن زندگی بھر رزق حلال کمانے کی کوشش کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ اس کی موت آجاتی ہے (۲) موت کے وقت اپنی سیئات اور اللہ تعالیٰ کی جانب سے اکرام دیکھ کر جو بندہ پر ندامت کی کیفیت طاری ہوتی ہے اس کی وجہ سے اسے پسینہ آجاتا ہے (۳) مؤمن بندہ کی سیئات کو ختم کرنے یا اس کے درجات کو بلند کرنے کے لئے اس کے ساتھ قبض روح میں سختی کا معاملہ کیا جاتا ہے۔ (۴) پیشانی پر پسینہ مؤمنانہ موت کی علامت ہے اگرچہ اس کی وجہ سے عقل سے نہ سمجھی جاسکے۔ (۵) امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ موت کے قریب اُمید کا غلبہ مناسب ہے اس لئے کہ اس سے محبت پیدا ہوتی ہے اور اس سے پہلے خوف کا غلبہ مناسب ہے اس لئے کہ اس شہوت کی آگ بجھ جاتی ہے اور دل سے دنیا کی محبت ختم ہو جاتی ہے۔

## ۶۶۶: بَابُ مَاجَآءَ فِى الْوَصِيَّةِ بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ

## ۶۶۶: باب تہائی اور چوتھائی مال کی وصیت

۹۶۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا جَرِيْرٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِىِّ عَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ عَادَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مَرِيْضٌ فَقَالَ اَوْصَيْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ بِكَمْ قُلْتُ بِمَالِىْ كُلِّهٖ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ فَمَا تَرَكْتَ لِوَلَدِكَ قَالَ هُمْ

۹۶۴: حضرت سعد بن مالکؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میری بیمار پرسی کے لئے تشریف لائے اور میں بیمار تھا۔ پس آپؐ نے فرمایا کیا تم نے وصیت کردی ہے؟ میں عرض کیا: ہاں۔ فرمایا: کتنے مال کی۔ میں نے کہا اللہ کی راہ میں پورے مال کی۔ فرمایا: اپنی اولاد کے لئے: کیا چھوڑا۔ عرض کیا

اَغْنِيَاءُ بِخَيْرٍ فَقَالَ اَوْصِ بِالْعُشْرِ قَالَ فَمَازِلْتُ اُنَا قِصُهُ حَتّٰى قَالَ اَوْصِ بِالثُّلُثِ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ قَالَ اَبُوْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ فَنَحْنُ نَسْتَحِبُّ اَنْ يَنْقُصَ مِنَ الثُّلُثِ لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ سَعْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرُوِيَ مِنْ غَيْرِوَجْهٍ وَقَدْرُوِيَ عَنْهُ كَبِيْرٌ وَيُرْوٰى كَثِيْرٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَاَهْلِ الْعِلْمِ لَايَرَوْنَ اَنْ يُوْصِيَ الرَّجُلُ بِاَكْثَرَمِنَ الثُّلُثِ وَيَسْتَحِبُّوْنَ اَنْ يَنْقُصَ مِنَ الثُّلُثِ وَقَالَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ كَانُوْا يَسْتَحِبُّوْنَ فِي الْوَصِيَّةِ الْخُمُسَ دُوْنَ الرُّبُعِ وَالرُّبُعَ دُوْنَ الثُّلُثِ وَمَنْ اَوْصٰى بِالثُّلُثِ فَلَمْ يَتْرُكْ شَيْئًا وَلَايَجُوْزُلَهُ اِلَّا الثُّلُثُ.

وہ سب مالدار ہیں۔فرمایا اپنے مال کے دسویں حصے کی وصیت کرو حضرت سعدؓ کہتے ہیں کہ میں متواتر کم سمجھتا رہا یہاں تک کہ آپؐ نے فرمایا تہائی مال کی وصیت کرو اور تہائی حصہ بھی بہت ہے۔ابوعبدالرحمٰن کہتے ہیں ہم مستحب جانتے ہیں کہ تہائی حصے سے بھی کچھ کم میں وصیت کریں کیونکہ آپ ﷺ نے فرمایا تہائی حصہ بھی بہت ہے۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ فرماتے ہیں کہ حدیث سعدؓ حسن صحیح ہے اور یہ کئی طریقوں سے مروی ہے۔ پھر کئی سندوں میں ''کبیر'' اور کئی سندوں میں ''کثیر'' کا لفظ آیا ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ کوئی شخص تہائی مال سے زیادہ کی وصیت نہ کرے بلکہ تہائی مال سے بھی کم کی وصیت کرنا مستحب ہے۔سفیان ثوریؒ کہتے ہیں کہ اہل علم مال کے پانچویں یا چوتھے حصے کی وصیت کو تہائی حصے کی وصیت سے مستحب سمجھتے ہیں۔جس نے تہائی حصے کی وصیت کی گویا کہ اس نے کچھ نہیں چھوڑا اور اس کو تہائی مال سے زیادہ کی وصیت کرنا جائز نہیں۔

## ۶۶۷: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ تَلْقِيْنِ الْمَرِيْضِ عِنْدَ الْمَوْتِ وَالدُّعَاءِ لَهُ

## ۶۶۷: باب حالت نزع میں مریض کو تلقین اور دعا کرنا

۹۶۵: حَدَّثَنَا اَبُوْسَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ الْبَصْرِيُّ نَا بِشْرُبْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَقِّنُوْا مَوْتَاكُمْ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاُمِّ سَلَمَةَ وَعَائِشَةَ وَجَابِرٍ وَسُعْدَى الْمُرِّيَّةِ وَهِيَ امْرَاَةُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ سَعِيْدٍ حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۶۵: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے قریب الموت لوگوں کو لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی تلقین کیا کرو۔اس باب میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، ام سلمہ رضی اللہ عنہا، عائشہ رضی اللہ عنہا، جابر رضی اللہ عنہ اور سعدی المریہ رضی اللہ عنہا سے بھی روایت ہے۔سعدی مریہ، طلحہ بن عبیداللہ کی بیوی ہیں۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث ابوسعید غریب حسن صحیح ہے۔

۹۶۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا حَضَرْتُمُ الْمَرِيْضَ اَوِالْمَيِّتَ فَقُوْلُوْا خَيْرًا فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ يُؤَمِّنُوْنَ عَلٰى مَا تَقُوْلُوْنَ قَالَتْ فَلَمَّا مَاتَ اَبُوْسَلَمَةَ

۹۶۶: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں فرمایا جب تم مریض یا میت کے پاس جاؤ تو اچھی دعا کرو۔اس لیے کہ فرشتے تمہاری دعا پر آمین کہتے ہیں ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ جب ابوسلمہؓ کا انتقال ہوا تو میں آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا

اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَّ اَبَاسَلَمَةَ مَاتَ قَالَ فَقُوْلِيْ اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَلَهٗ وَاَعْقِبْنِيْ مِنْهُ عُقْبٰى حَسَنَةً قَالَتْ فَقُلْتُ فَاَعْقَبَنِى اللّٰهُ مِنْهُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْهُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى شَقِيْقٌ هُوَ ابْنُ سَلَمَةَ اَبُوْ وَائِلِ الْاَسَدِيُّ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اُمِّ سَلَمَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ كَانَ يُسْتَحَبُّ اَنْ يُلَقَّنَ الْمَرِيْضُ عِنْدَ الْمَوْتِ قَوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِذَا قَالَ ذٰلِكَ مَرَّةً فَمَالَمْ يَتَكَلَّمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَا يَنْبَغِيْ اَنْ يُلَقَّنَ وَلَا يُكْثَرُ عَلَيْهِ فِيْ هٰذَا وَرُوِىَ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ اَنَّهٗ لَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ جَعَلَ رَجُلٌ يُلَقِّنُهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَكْثَرَ عَلَيْهِ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ اِذَا قُلْتَ مَرَّةً فَاَنَا عَلٰى ذٰلِكَ مَالَمْ اَتَكَلَّمْ بِكَلَامٍ وَاِنَّمَا مَعْنٰى قَوْلِ عَبْدِاللّٰهِ اِنَّمَا اَرَادَ مَا رُوِىَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ اٰخِرُ قَوْلِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ.

اے اللہ کے رسول ﷺ ابوسلمہؓ کا انتقال ہوگیا ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا یہ دعا پڑھو ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ .... حَسَنَةً (ترجمہ اے اللہ مجھے بھی اور اس کو بھی بخش دے اور اس کے بدلے میں مجھے ان سے بہتر عطا فرما۔ حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے یہی دعا مانگی تو اللہ تعالیٰ نے مجھے ان سے بہتر شوہر دے دیا (یعنی رسول اللہ ﷺ)۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں شقیق۔ شقیق بن سلمہ ابووائل اسدی ہیں۔امام ترمذیؒ فرماتے ہیں ام سلمہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔موت کے وقت مریض کو لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی تلقین کرنا مستحب ہے۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں جب قریب المرگ آدمی ایک مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کر خاموش ہوجائے تو بار بار اسے اس کی تلقین نہ کی جائے۔ابن مبارک سے مروی ہے کہ جب ان کی وفات کا وقت قریب آیا تو ایک شخص انہیں بار بار کلمہ طیبہ کی تلقین کرنے لگا۔ابن مبارکؒ نے فرمایا کہ جب میں نے ایک مرتبہ یہ کلمہ پڑھ لیا تو جب تک دوسری بات نہ کروں اسی پر قائم ہوں۔ عبداللہ بن مبارکؒ کی یہ بات رسول اللہ ﷺ کی حدیث کے مطابق ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جس کی آخری بات ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' ہو وہ جنت میں داخل ہوگیا۔

## ٦٦٨: بَابُ مَاجَآءَ فِي التَّشْدِيْدِ عِنْدَ الْمَوْتِ

## ٦٦٨: باب موت کی سختی

٩٦٧: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَااللَّيْثُ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ مُوْسٰى بْنِ سَرْجِسَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْمَوْتِ وَعِنْدَهٗ قَدَحٌ فِيْهِ مَاءٌ وَهُوَ يُدْخِلُ يَدَهٗ فِي الْقَدَحِ ثُمَّ يَمْسَحُ وَجْهَهٗ بِالْمَاءِ ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

٩٦٧: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ ﷺ کو وفات کے وقت دیکھا۔آپ ﷺ کے پاس پانی کا ایک پیالہ رکھا ہوا تھا۔آپ ﷺ پیالے میں اپنا ہاتھ ڈالتے اور چہرہ اقدس پر ملتے پھر فرماتے اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ (ترجمہ ''اے اللہ موت کی سختیوں اور تکلیفوں پر میری مدد فرما۔'' امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔

٩٦٨: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُنَا مُبَشِّرُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ الْحَلَبِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْعَلَاءِ عَنْ

٩٦٨: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ کی وفات کے موقع پر موت کی شدت دیکھنے کے بعد

اَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا اَغْبِطُ اَحَدًا بِهَوْنِ مَوْتٍ بَعْدَ الَّذِي رَاَيْتُ مِنْ شِدَّةِ مَوْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ وَسَاَلْتُ اَبَازُرْعَةَ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ قُلْتُ لَهُ مَنْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ هُوَ ابْنُ الْعَلَاءِ بْنُ اللَّجْلَاجِ وَاِنَّمَا اَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ .

میں کسی کی آسانی سے موت کی تمنا نہیں کرتی۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں میں نے ابوزرعہ سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا کہ عبدالرحمٰن بن علاء کون ہیں؟ فرمانے لگے علاء بن الجلاج کے بیٹے ہیں۔ میں اس حدیث کو اس سند کے علاوہ نہیں جانتا۔

## ۶۶۹ : بَابٌ

۹۶۹ : حَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ يَمُوْتُ بِعَرَقِ الْجَبِيْنِ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ لَا نَعْرِفُ لِقَتَادَةَ سِمَاعًا مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ.

## ۶۶۹: باب

۹۶۹: حضرت عبداللہ بن بریدہؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مؤمن جب مرتا ہے تو اس کی پیشانی پر پسینہ آ جاتا ہے۔ اس باب میں حضرت ابن مسعودؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔ بعض محدثین فرماتے ہیں کہ قتادہ کے عبداللہ بن بریدہ سے سماع کا ہمیں علم نہیں۔

## ۶۷۰ : بَابٌ

۹۷۰ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي زِيَادٍ وَهَارُوْنُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّارُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَا نَا سَيَّارُ ابْنُ حَاتِمٍ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰى شَابٍّ وَهُوَ بِالْمَوْتِ فَقَالَ كَيْفَ تَجِدُكَ وَ اللّٰهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي اَرْجُو اللّٰهَ وَاِنِّي اَخَافُ ذُنُوْبِي فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَجْتَمِعَانِ فِي قَلْبِ عَبْدٍ فِي مِثْلِ هٰذَا الْمَوْطِنِ اِلَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ مَا يَرْجُوْ وَاٰمَنَهُ مِمَّا يَخَافُ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ ثَابِتٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا .

## ۶۷۰: باب

۹۷۰: حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ ایک جوان شخص کے پاس تشریف لے گئے وہ قریب الموت تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم اپنے آپ کو کیسے پاتے ہو؟ اس نے کہا یا رسول اللہ ﷺ! اللہ کی قسم میں اللہ کی رحمت و مغفرت کا امیدوار ہوں اور اپنے گناہوں کی وجہ سے خوف میں مبتلا ہوں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس موقع پر (یعنی موت کے وقت) اگر مؤمن کے دل میں یہ دونوں چیزیں امید اور خوف جمع ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ اسے اس کی امید کے مطابق عطا کرتا ہے اور اسے اس چیز سے دور کر دیتا ہے جس سے وہ ڈرتا ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔ بعض راوی یہ حدیث ثابت سے مرسلاً روایت کرتے ہیں۔

## ۶۷۱ : بَابُ مَا جَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ النَّعْيِ

۹۷۱ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا عَبْدُالْقُدُّوْسِ ابْنُ بَكْرِ بْنِ خُنَيْسٍ نَا حَبِيْبُ بْنُ سُلَيْمٍ الْعَبْسِيُّ عَنْ بِلَالِ بْنِ

## ۶۷۱: باب کسی کی موت کی خبر کا اعلان کرنا مکروہ ہے

۹۷۱: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب میں مر جاؤں تو کسی کو خبر نہ کرنا کیونکہ مجھے ڈر ہے کہ یہ نعی ہے۔ میں

يَحْيَى الْعَبَسِيُّ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ اِذَا مِتُّ فَلاَ تُوْذِنُوْ بِيْ اَحَدًا فَاِنِّيْ اَخَافُ اَنْ يَكُوْنَ نَعْيًا وَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَنْهٰى عَنِ النَّعْيِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے موت کی خبر کو مشہور کرنے سے منع فرمایا۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۹۷۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدِ الرَّازِيُّ نَاحَكَّامُ ابْنُ سَلْمٍ وَهَارُوْنُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ عَنْ عَنْبَسَةَ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِيَّاكُمْ وَالنَّعْيَ فَاِنَّ النَّعْيَ مِنْ عَمَلِ الْجَاهِلِيَّةِ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ وَالنَّعْيُ اَذَانٌ بِالْمَيِّتِ وَفِي الْبَابِ عَنْ حُذَيْفَةَ.

۹۷۲: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نعی سے بچو کیونکہ یہ جہالت کے کاموں میں سے ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نعی کسی کی موت کا اعلان کرنا ہے (یعنی فلاں شخص مرگیا) اس باب میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔

۹۷۳: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ نَاعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ الْعَدَنِيُّ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ نَحْوَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَلَمْ يَذْكُرْفِيْهِ وَالنَّعْيُ اَذَانٌ بِالْمَيِّتِ وَهٰذَااَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ عَنْبَسَةَ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ وَاَبُوْ حَمْزَةَ هُوَمَيْمُوْنُ الْاَعْوَرُوَلَيْسَ هُوَ بِالْقَوِيِّ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عَبْدِاللّٰهِ حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَقَدْكَرِهَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ النَّعْيَ وَالنَّعْيُ عِنْدَهُمْ اَنْ يُنَادٰى فِي النَّاسِ اَنَّ فَلاَ نًا مَاتَ لِيَشْهَدُوْا جَنَازَتَهُ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ لاَ بَاْسَ بِاَنْ يُعْلِمَ الرَّجُلُ قَرَابَتَهُ وَاِخْوَانَهُ وَرُوِيَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ لَابَاْسَ بِاَنْ يُعْلِمَ الرَّجُلُ قَرَابَتَهُ.

۹۷۳: عبداللہ رضی اللہ عنہ اسی کے مثل غیر مرفوع روایت کرتے ہیں۔ لیکن اس روایت میں " اَلنَّعْيُ اَذَانٌ بِالْمَيِّتِ " کے الفاظ بیان نہیں کرتے۔ یہ حدیث عنبسہ کی ابوحمزہ سے مروی حدیث سے اصح ہے۔ ابوحمزہ کا نام میمون اعور ہے۔ یہ محدثین کے نزدیک قوی نہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث غریب ہے۔ بعض علماء نعی (موت کی تشہیر) کو مکروہ کہتے ہیں انکے نزدیک نعی کا مطلب یہ ہے کہ کسی کی موت کا اعلان کیا جائے تاکہ لوگ اس کے جنازے میں شریک ہوں۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اپنے رشتہ داروں اور بھائیوں کو اطلاع دینے میں کوئی حرج نہیں۔ ابراہیم بھی یہی کہتے ہیں کہ رشتہ داروں کو خبر دینے میں کوئی حرج نہیں۔

## ۶۷۲: بَابُ مَاجَآءَ اَنَّ الصَّبْرَفِي الصَّدْمَةِ الْاُوْلٰى

## ۶۷۲: باب صبر وہی ہے جو صدمہ کے شروع میں ہو

۹۷۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَااللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصَّبْرُفِي الصَّدْمَةِ الْاُوْلٰى قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۹۷۴: حضرت انس روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا صبر وہی ہے جو مصیبت کے شروع میں ہو (یعنی ثواب اسی میں ملتا ہے) امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔

۹۷۵. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ

۹۷۵: ثابت بنانی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے

شُعْبَةَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْاُوْلٰى قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبر وہی ہے جو صدمہ کے نازل ہوتے ہی ہو۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۶۷۳ : بَابُ مَاجَآءَ فِيْ تَقْبِيْلِ الْمَيِّتِ.

## ۶۷۳: باب میّت کو بوسہ دینا

۹۷۶ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبَّلَ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُوْنٍ وَهُوَ مَيِّتٌ وَهُوَ يَبْكِيْ اَوْقَالَ عَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَجَابِرٍ وَعَائِشَةَ قَالُوْا اَنَّ اَبَابَكْرٍ قَبَّلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَيِّتٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۷۶: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی میّت کا بوسہ لیا۔ اس وقت آپ ﷺ رو رہے تھے یا فرمایا آپ ﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ، جابرؓ اور عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ سب فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے نبی اکرم ﷺ کی وفات کے بعد آپ ﷺ کا بوسہ لیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث عائشہؓ حسن صحیح ہے۔

## ۶۷۴ : بَابُ مَاجَآءَ فِيْ غُسْلِ الْمَيِّتِ.

## ۶۷۴: باب میّت کو غسل دینا

۹۷۷ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا هُشَيْمٌ نَا خَالِدٌ وَمَنْصُوْرٌ وَهِشَامٌ فَاَمَّا خَالِدٌ وَهِشَامٌ فَقَالَا عَنْ مُحَمَّدٍ وَحَفْصَةَ وَقَالَ مَنْصُوْرٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ تُوُفِّيَتْ اِحْدٰى بَنَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اغْسِلْنَهَا وِتْرًا ثَلٰثًا اَوْخَمْسًا اَوْ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ اِنْ رَاَيْتُنَّ وَاغْسِلْنَهَا بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَاجْعَلْنَ فِي الْاٰخِرَةِ كَافُوْرًا اَوْ شَيْئًا مِنْ كَافُوْرٍ فَاِذَا فَرَغْتُنَّ فَاٰذِنَّنِيْ فَلَمَّا فَرَغْنَا اٰذَنَّاهُ فَاَلْقٰى اِلَيْنَا حِقْوَهُ فَقَالَ اَشْعِرْنَهَا بِهٖ قَالَ هُشَيْمٌ وَفِيْ حَدِيْثِ غَيْرِ هٰؤُلَاءِ وَلَا اَدْرِيْ وَلَعَلَّ هِشَامًا مِنْهُمْ قَالَتْ وَضَفَرْنَا شَعْرَهَا ثَلٰثَةَ قُرُوْنٍ قَالَ هُشَيْمٌ فَحَدَّثَنَا خَالِدٌ مِنْ بَيْنِ الْقَوْمِ عَنْ حَفْصَةَ وَمُحَمَّدٍ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ وَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَابْدَاْنَ بِمَيَا مِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اُمِّ سُلَيْمٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى

۹۷۷: حضرت ام عطیہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی فوت ہوئیں تو آپ ﷺ نے فرمایا اسے طاق مرتبہ، تین یا پانچ یا ضرورت سمجھو تو اس سے بھی زیادہ مرتبہ غسل دو۔ اور غسل پانی اور بیری کے پتوں سے دو اور آخری مرتبہ اس میں کافور ڈال دو یا فرمایا تھوڑا کافور ڈال دو۔ پھر جب تم فارغ ہو جاؤ تو مجھے اطلاع کرنا (ام عطیہؓ فرماتی ہیں) غسل سے فراغت کے بعد ہم نے آپؐ کو خبر دی تو آپؐ نے اپنا ازار بند ہماری طرف ڈال کر فرمایا اسے اس کا شعار بناؤ (یعنی کفن سے نیچے رکھو) ہشیم کہتے ہیں دوسری روایات جن میں مجھے معلوم نہیں شاید ہشام بھی انہی میں سے ہیں۔ ام عطیہؓ فرماتی ہیں ہم نے ان کے بالوں کی تین چوٹیاں بنائیں۔ ہشیم کہتے ہیں میرا خیال ہے کہ راوی نے مزید یہ کہا کہ ہم نے ان کی چوٹیاں پیچھے کی طرف ڈال دیں۔ ہشیم کہتے ہیں ہم سے خالد نے بواسطہ حفصہ اور محمد، ام عطیہؓ سے بیان کیا کہ نبی اکرم ﷺ نے ہمیں فرمایا کہ دائیں طرف سے اور اعضائے وضو سے شروع کریں (یعنی غسل) اس باب میں حضرت ام سلمہؓ

حَدِيْثُ اُمِّ عَطِيَّةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ وَقَدْ رُوِىَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ اَنَّهُ قَالَ غُسْلُ الْمَيِّتِ كَالْغُسْلِ مِنَ الْجَنَابَةِ وَقَالَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ لَيْسَ لِغُسْلِ الْمَيِّتِ عِنْدَ نَا حَدٌّ مُوَقَّتٌ وَلَيْسَ لِذٰلِكَ صِفَةٌ مَعْلُوْمَةٌ وَلٰكِنْ يُطَهَّرُ قَالَ الشَّافِعِيُّ اِنَّمَا قَالَ مَالِكٌ قَوْلاً مُجْمَلًا يُغَسَّلُ وَيُنْقٰى وَاِذَا اُنْقِىَ الْمَيِّتُ بِمَاءٍ قَرَاحٍ اَوْمَاءٍ غَيْرِهٖ اَجْزَاَ ذٰلِكَ مِنْ غُسْلِهٖ وَلٰكِنْ اَحَبُّ اِلَيَّ اَنْ يُغْسَلَ ثَلٰثًا فَصَاعِدًا لَا يُنْقَصُ مِنْ ثَلٰثٍ لِمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِغْسِلْنَهَا ثَلٰثًا اَوْ خَمْسًا وَاِنْ اَنْقَوْا فِىْ اَقَلِّ مِنْ ثَلٰثِ مَرَّاتٍ اَجْزَاَ وَلَا يَرٰى اَنَّ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا هُوَ عَلٰى مَعْنَى الْاِ نْقَاءِ ثَلٰثًا اَوْ خَمْسًا وَلَمْ يُوَقِّتْ وَكَذٰلِكَ قَالَ الْفُقَهَاءُ وَهُمْ اَعْلَمُ بِمَعَانِى الْحَدِيْثِ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَيَكُوْنُ فِى الْاٰ خِرَةِ شَىْءٌ مِنَ الْكَافُوْرِ.

سے بھی روایت ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں۔ ام عطیہؓ کی حدیث حسن صحیح ہےاوراسی پر علماء کا عمل ہے۔ ابراہیم نخعیؒ سے مروی ہے کہ غسل میت غسل جنابت ہی کی طرح ہے۔ مالک بن انسؒ فرماتے ہیں کہ میّت کے غسل کی کوئی مقررہ حد اور نہ ہی اس کی کوئی خاص کیفیت ہے بلکہ مقصد یہی ہے کہ میّت پاک ہوجائے۔ امام شافعیؒ کہتے ہیں کہ امام مالکؒ کا قول مجمل ہے کہ میّت کو نہلایا اور صاف کیا جائے خالص پانی یا کسی چیز کی ملاوٹ والے پانی سے میّت کو صاف کیا جائے۔ تب بھی کافی ہے لیکن تین مرتبہ یا اس سے زائد غسل دینا میرے نزدیک مستحب ہے۔ تین سے کم نہ کیا جائے۔ کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ انہیں تین یا پانچ بار غسل دو۔ اگر تین مرتبہ سے کم ہی میں صفائی ہوجائے تو بھی جائز ہے۔ امام شافعی فرماتے ہیں۔ کہ نبی اکرم ﷺ کے اس حکم سے مراد پاک وصاف کرنا ہے۔ خواہ تین بار سے ہو یا پانچ بار سے۔ کوئی تعداد مقرر نہیں، فقہاء کرام نے یہی فرمایا ہے اور وہ حدیث کے معانی کو سب سے زیادہ سمجھتے ہیں۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا قول یہ ہے کہ میّت کو پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دیا جائے اور آخر میں کافور بھی ساتھ ملایا جائے۔

## ۶۷۵: بَابُ مَاجَآءَ فِى الْمِسْكِ لِلْمَيِّتِ

## ۶۷۵: باب میّت کو مشک لگانا

۹۷۸: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ نَااَبِىْ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ خُلَيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْمِسْكِ فَقَالَ هُوَ اَطْيَبُ طِيْبِكُمْ.

۹۷۸: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشک کے استعمال کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تمہاری سب خوشبوؤں سے بہتر ہے۔

۹۷۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَااَبُوْدَاوٗدَ وَشَبَابَةُ قَالَانَا شُعْبَةُ عَنْ خُلَيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ نَحْوَهٗ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَوَ اِسْحٰقَ وَقَدْ كَرِهَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ الْمِسْكَ لِلْمَيِّتِ وَقَدْرَوَاهُ الْمُسْتَمِرُّ ابْنُ الرَّيَّانِ اَيْضًا عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِىْ

۹۷۹: روایت کی ہم سے محمود بن غیلان نے انہوں نے ابوداؤد اور شبابہ سے ان دونوں نے روایت کی شعبہ سے انہوں نے خلید بن جعفر سے اسی حدیث کے مثل۔ امام ابوعیسٰی ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے اہل علم کا اس پر عمل ہے۔ امام احمد اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کے نزدیک میّت کو مشک لگانا مکروہ ہے اور روایت کی یہ حدیث مستمر بن

سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَلِيٌّ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْمُسْتَمِرُّ بْنُ الرَّيَّانِ ثِقَةٌ وَخُلَيْدُ بْنُ جَعْفَرٍ ثِقَةٌ.

ریان نے بھی انہوں نے ابونضرہ سے انہوں نے ابوسعید سے انہوں نے نبی علیہ سے، علی کہتے ہیں ۔ یحییٰ بن سعد کے نزدیک مستمر بن ریان اور خلید بن جعفر (دونوں) ثقہ ہیں۔

## ٦٧٦: بَابُ مَاجَآءَ فِي الْغُسْلِ مِنْ غُسْلِ الْمَيِّتِ

## ٦٧٦: باب میّت کو غسل دے کر خود غسل کرنا

٩٨٠: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ نَاعَبْدُالْعَزِيْزِبْنُ الْمُخْتَارِعَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ غُسْلِهِ الْغُسْلُ وَمِنْ حَمْلِهِ الْوُضُوْءُ يَعْنِي الْمَيِّتَ قَالَ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَعَائِشَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِي هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْرُوِيَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ مَوْقُوْفًا وَقَدِ اخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِي الَّذِيْ يُغَسِّلُ الْمَيِّتَ فَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اِذَاغَسَّلَ مَيِّتًا فَعَلَيْهِ الْغُسْلُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَلَيْهِ الْوُضُوْءُ وَقَالَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ اَسْتَحِبُّ الْغُسْلَ مِنْ غُسْلِ الْمَيِّتِ وَلَااَرٰى ذٰلِكَ وَاجِبًا وَهٰكَذَاقَالَ الشَّافِعِيُّ وَقَالَ اَحْمَدُ مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا اَرْجُوْاَنْ لَا يَجِبَ عَلَيْهِ الْغُسْلُ وَاَمَّا الْوُضُوْءُ فَاَقَلُّ مَاقِيْلَ فِيْهِ وَقَالَ اِسْحٰقُ لَا بُدَّمِنَ الْوُضُوْءِ وَقَدْ رَوٰى عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ اَنَّهُ قَالَ لَايَغْتَسِلُ وَلَايَتَوَضَّأُمَنْ غَسَّلَ الْمَيِّتَ.

٩٨٠: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میّت کو غسل دینے والے کو غسل کرنا چاہیے اور میت کو اٹھانے والے کو وضو کرنا چاہیے۔اس باب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حسن ہے اور ان سے موقوفاً بھی مروی ہے۔اہل علم کا اس مسئلے میں اختلاف ہے۔بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دوسرے علماء کے نزدیک میّت کو غسل دینے کے بعد غسل کرنا لازم ہے اور بعض کے نزدیک وضو کر لینا کافی ہے۔امام مالکؒ فرماتے ہیں میّت کو غسل دینے کے بعد غسل کرنا مستحب ہے۔واجب نہیں۔امام شافعیؒ بھی اسی کے قائل ہیں۔امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ جو میّت کو غسل دے میرے خیال میں اس پر غسل واجب نہیں۔جب کہ وضو کی روایات بہت کم ہیں۔اسحٰقؒ کہتے ہیں کہ وضو کرنا ضروری ہے۔عبداللہ بن مبارک سے مروی کہ غسل میّت کے بعد نہانا یا غسل کرنا ضروری نہیں۔

## ٦٧٧: بَابُ مَاجَآءَ مَايُسْتَحَبُّ مِنَ الْاَكْفَانِ

## باب کفن کس طرح دینا مستحب ہے

٩٨١: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَابِشْرُبْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلْبَسُوْامِنْ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضَ فَاِنَّهَا مِنْ خَيْرِثِيَابِكُمْ وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ وَفِي الْبَابِ عَنْ سَمُرَةَ وَابْنِ عُمَرَ وَعَائِشَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهُوَ الَّذِيْ يَسْتَحِبُّهُ اَهْلُ الْعِلْمِ وَقَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ

٩٨١: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ علیہ نے فرمایا سفید کپڑے پہنا کرو کیونکہ یہ تمہارے کپڑوں میں سے بہترین ہیں اور اسی میں اپنے مردوں کو کفن دیا کرو۔اس باب میں سمرہؓ، ابن عمرؓ اور عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں ابن عباسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔اہل علم کے نزدیک یہی مستحب ہے۔ابن مبارکؒ کہتے ہیں مجھے یہ بات پسند ہے کہ جن کپڑوں میں وہ (یعنی مرنے والا)

اَحَبُّ اِلَیَّ اَنْ یُکَفَّنَ فِیْ ثِیَابِہِ الَّتِیْ کَانَ یُصَلِّیْ فِیْھَا وَقَالَ اَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ اَحَبُّ الثِّیَابِ اِلَیْنَا اَنْ یُکَفَّنَ فِیْھَا الْبَیَاضُ وَیُسْتَحَبُّ حُسْنُ الْکَفَنِ۔

نماز پڑھتا تھا ان ہی میں اسے کفن دیا جائے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ فرماتے ہیں کہ کفن میں سفید کپڑے کا ہونا مجھے پسند ہے اوراچھا کفن دینا مستحب ہے۔

## ۶۷۸ بَابٌ

## ۶۷۸: باب

۹۸۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُبْنُ بَشَّارٍ نَاعُمَرُ بْنُ یُوْنُسَ نَاعِکْرِمَۃُ بْنُ عَمَّارٍعَنْ ھِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا وَلِیَ اَحَدُکُمْ اَخَاہُ فَلْیُحْسِنْ کَفَنَہٗ وَفِیْہِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَقَالَ ابْنُ الْمُبَارَکِ قَالَ سَلَّامُ بْنُ اَبِیْ مُطِیْعٍ فِیْ قَوْلِہٖ وَلْیُحْسِنْ اَحَدُکُمْ کَفَنَ اَخِیْہِ قَالَ ھُوَ الصَّفَاءُ وَلَیْسَ بِالْمُرْتَفِعِ۔

۹۸۲: حضرت ابو قتادہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی اپنے فوت ہوجانے والے بھائی کا ولی ہوتو اسے بہترین کفن دے۔ اس باب میں حضرت جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسٰی ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ابن مبارکؒ فرماتے ہیں سلام بن مطیع نے اس روایت کے بارے میں ''کہ تمہیں اپنے (مردہ) بھائی کو اچھا کفن دینا چاہیے'' وہ فرماتے ہیں کہ اس روایت کا مطلب یہ ہے کہ صاف اور سفید کپڑوں کا کفن دیا جائے نہ کہ قیمتی کپڑے کا۔

**خلاصۃ الابواب:** ''نعی'' لغت میں موت کی خبر کو کہتے ہیں یہاں اس سے نعی الجاہلیہ مراد ہے۔ جس کی صورت یہ ہوتی تھی کہ عرب میں جب کوئی بڑا آدمی مرجاتا یا قتل کردیا جاتا تو کسی آدمی کو گھوڑے پر سوار کر کے مختلف قبائل کی طرف بھیجتے تھے جو روتا جاتا تھا اور کہتا جاتا تھا کہ فلاں کی موت کی خبر کو ظاہر کرو۔ جن روایات میں نعی (موت کی خبر دینا) کی ممانعت آئی ہے وہ مذکورہ نعی جاہلیت پر ہی محمول ہے۔ واللہ اعلم۔ (۲) یعنی صبر کی اصل فضیلت صدقہ کے شروع کے وقت ہے اس لئے کہ وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ انسان کو صبر آ ہی جاتا ہے اس کا اعتبار نہیں۔ صبر کے لئے دو چیزیں ضروری ہیں ایک رضا بالقضاء دوسرے اختیاری چیخنے چلانے سے بچنا۔ رضا بالقضاء کا طریقہ یہ ہے کہ غور کرے کہ اللہ تعالیٰ حاکم بھی ہیں اور حکیم بھی ان کے حاکم ہونے کا تقاضہ یہ ہے کہ ان کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں ہوسکتا۔ حاصل یہ کہ اللہ تعالیٰ نے جو فیصلہ فرمایا اس کا انہیں کلی اختیار ہے اور اس کے نتیجہ میں ہمیں اس صدمہ کا سامنا کرنا پڑا وہ اگرچہ ہمارے لئے بظاہر ناگوار ہے لیکن ان کی حکمت کے بمقتضیٰ اس میں یقیناً ہمارے لئے خیر ہوگا۔ معلوم ہوا کہ میت کو بوسہ دینا جائز ہے۔ (۳) حضور اقدس ﷺ کی کون سی صاحبزادی مراد ہے ایک قول یہ ہے کہ حضرت رقیہؓ مراد ہیں جبکہ دوسرا قول یہ ہے کہ حضرت ام کلثوم مراد ہیں لیکن راجح یہ ہے کہ حضرت ابوالعاصؓ بن الربیع کی اہلیہ حضرت زینب مراد ہیں جو نبی کریم ﷺ کی بیٹیوں میں سے سب سے بڑی ہیں۔ میت کو ایک دفعہ غسل دینا فرض کفایہ ہے اگرچہ وہ ظاہراً پاک صاف ہو اور تین مرتبہ پانی بہانا مسنون ہے (۴) صدر اول کے بعد اس پر اجماع منعقد ہوگیا کہ غسل میت یعنی میت کو غسل دینے سے غسل واجب نہیں ہوتا اور نہ جنازہ اٹھانے سے وضو واجب ہوتا ہے اسکی دلیل بیہقی شریف میں حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے۔ دوسری دلیل مصنف ابن ابی شیبہ میں حضرت ابن عمرؓ کی روایت ہے کہ میت کو غسل دینے والے پر غسل کرنا واجب نہیں۔

## ۶۷۹: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ کَمْ کُفِّنَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۹۸۳: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا حَفْصُ بْنُ غِیَاثٍ عَنْ هِشَامِ ابْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ کُفِّنَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ ثَلٰثَةِ اَثْوَابٍ بِیْضٍ یَمَانِیَّةٍ لَیْسَ فِیْهَا قَمِیْصٌ وَلَا عِمَامَةٌ قَالَ فَذَکَرُوْا لِعَائِشَةَ قَوْلَهُمْ فِیْ ثَوْبَیْنِ وَبُرْدٍ حِبَرَةٍ فَقَالَتْ قَدْ اُتِیَ بِالْبُرْدِ وَلٰکِنَّهُمْ رَدُّوْهُ وَلَمْ یُکَفِّنُوْهُ فِیْهِ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۹۸۴: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا بِشْرُ بْنُ السَّرِیِّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِیْلٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَفَّنَ حَمْزَةَ بْنَ عَبْدِالْمُطَّلِبِ فِیْ نَمِرَةٍ فِیْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ وَابْنِ عُمَرَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ عَائِشَةَ حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رُوِیَ فِیْ کَفَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رِوَایَاتٌ مُخْتَلِفَةٌ وَحَدِیْثُ عَائِشَةَ اَصَحُّ الْاَحَادِیْثِ الَّتِیْ رُوِیَتْ فِیْ کَفَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَکْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِهِمْ وَقَالَ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ یُکَفَّنُ الرَّجُلُ فِیْ ثَلٰثَةِ اَثْوَابٍ اِنْ شِئْتَ فِیْ قَمِیْصٍ وَلِفَافَتَیْنِ وَاِنْ شِئْتَ فِیْ ثَلٰثِ لَفَائِفَ وَیُجْزِیْ ثَوْبٌ وَاحِدٌ اِنْ لَمْ یَجِدُوْا ثَوْبَیْنِ وَالثَّوْبَانِ یُجْزِیَانِ وَالثَّلٰثَةُ لِمَنْ وَجَدَهَا اَحَبُّ اِلَیْهِمْ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالُوْا تُکَفَّنُ الْمَرْاَةُ فِیْ خَمْسَةِ اَثْوَابٍ.

## ۶۷۹: باب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کفن میں کتنے کپڑے تھے

۹۸۳: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کفن مبارک تین سفید یمنی کپڑوں پر مشتمل تھا۔ ان میں قمیص اور پگڑی نہیں تھی۔ حضرت عائشہؓ سے ذکر کیا گیا کہ لوگ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کفن میں دو کپڑے اور ایک حبری (بیل بوٹے والی چادر) تھی۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا چادر لائی گئی تھی لیکن اسے واپس کر دیا گیا اور اس میں کفن نہیں دیا گیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۸۴: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حمزہ بن عبدالمطلب کو ایک چادر یعنی ایک ہی کپڑے میں کفن دیا۔ اس باب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ، ابن عباس رضی اللہ عنہما، عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کفن مبارک کے بارے میں مختلف روایات مذکور ہیں اور ان تمام روایات میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت زیادہ صحیح ہے۔ اکثر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دیگر علماء کا اسی پر عمل ہے۔ سفیان ثوریؒ کہتے ہیں۔ کہ مرد کو تین کپڑوں میں کفن دیا جائے ایک قمیص اور دو لفافے۔ اگر چاہے تو تین لفافوں میں ہی کفن دے دے۔ پھر اگر تین کپڑے نہ ہوں تو دو اور دو بھی نہ ہوں تو ایک سے بھی کفن دیا جا سکتا ہے۔ امام شافعیؒ احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ یہ حضرات کہتے ہیں کہ عورت کو پانچ کپڑوں میں کفن دیا جائے۔

## ۶۸۰: بَابُ مَاجَآءَ فِی الطَّعَامِ یُصْنَعُ لِاَهْلِ الْمَیِّتِ

۹۸۵: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ وَعَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَا نَا

## ۶۸۰: باب اہل میت کے لئے کھانا پکانا

۹۸۵: حضرت عبداللہ بن جعفرؓ سے روایت ہے جب حضرت

سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ جَعْفَرِبْنِ خَالِدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ لَمَّا جَاءَ نَعْيُ جَعْفَرٍ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اصْنَعُوْا لِاَهْلِ جَعْفَرٍ طَعَامًا فَاِنَّهُ قَدْ جَاءَ هُمْ مَا يَشْغَلُهُمْ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ كَانَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ يَسْتَحِبُّ اَنْ يُوَجَّهَ اِلٰى اَهْلِ الْمَيِّتِ بِشَيْءٍ لِشُغْلِهِمْ بِالْمُصِيْبَةِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَجَعْفَرُبْنُ خَالِدٍ هُوَ ابْنُ سَارَةَ وَهُوَ ثِقَةٌ رَوٰى عَنْهُ جُرَيْجٍ.

جعفرؓ کی شہادت کی خبر آئی تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جعفر کے گھر والوں کے لیے کھانا پکاؤ کیونکہ انہیں ایک آنے والے حادثہ نے (کھانا پکانے) سے روک رکھا ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے بعض اہل علم اسے مستحب گردانتے ہیں کہ میت کے گھر والوں کے پاس کوئی نہ کوئی چیز بھیجی جائے کیونکہ وہ مصیبت میں مشغول ہوتے ہیں۔ امام شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے۔ جعفر بن خالد سارہ کے بیٹے ہیں یہ ثقہ ہیں۔ ان سے ابن جریج روایت کرتے ہیں۔

## ۶۸۱: بَابُ مَاجَآءَ فِي النَّهْيِ عَنْ ضَرْبِ الْخُدُوْدِ وَشَقِّ الْجُيُوْبِ عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ

## ۶۸۱: باب مصیبت کے وقت چہرہ پیٹنا اور گریبان پھاڑنا منع ہے

۹۸۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ زُبَيْدُ الْاِيَامِيُّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ شَقَّ الْجُيُوْبَ وَضَرَبَ الْخُدُوْدَ وَدَعَا بِدَعْوَةِ الْجَاهِلِيَّةِ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۸۶: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رخساروں کو پیٹے، گریبان چاک کرے یا زمانہ جاہلیت کی پکار پکارے (یعنی ناشکری کی باتیں کرے) اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۶۸۲: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ النَّوْحِ

## ۶۸۲: باب نوحہ حرام ہے

۹۸۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَاقُرَّانُ بْنُ تَمَّامٍ وَمَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ وَيَزِيْدُبْنُ هَارُوْنَ عَنْ سَعِيْدِبْنِ عُبَيْدٍ الطَّائِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيْعَةَ الْاَسَدِيِّ قَالَ مَاتَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ قَرَظَةُ بْنُ كَعْبٍ فَنِيْحَ عَلَيْهِ فَجَآءَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ وَقَالَ مَابَالُ النَّوْحِ فِي الْاِسْلَامِ اَمَااِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ نِيْحَ عَلَيْهِ عُذِّبَ مَانِيْحَ عَلَيْهِ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَعَلِيٍّ وَاَبِيْ مُوْسٰى وَقَيْسِ بْنِ عَاصِمٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَجُنَادَةَ بْنِ مَالِكٍ وَاَنَسٍ وَاُمِّ عَطِيَّةَ وَسَمُرَةَ وَاَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ

۹۸۷: حضرت علی بن ربیعہ اسدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انصار میں سے ایک شخص قرظہ بن کعب فوت ہو گئے تو لوگ اس پر نوحہ کرنے لگے۔ پس حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ تشریف لائے منبر پر چڑھے اور اللہ کی حمد وثنا بیان کرنے کے بعد فرمایا۔ نوحہ کی اسلام میں کیا حیثیت ہے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ جس پر نوحہ کیا جاتا ہے اسے عذاب میں مبتلا کیا جاتا ہے۔ اس باب میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ، علی رضی اللہ عنہ، ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ، قیس بن عاصم رضی اللہ عنہ، ابوہریرہؓ، جنادہ بن مالکؓ، انسؓ، ام عطیہؓ، سمرہؓ اور ابومالک اشعریؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث مغیرہ بن شعبہؓ غریب حسن صحیح ہے۔

حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۹۸۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ نَا شُعْبَةُ وَالْمَسْعُوْدِيُّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ اَبِي الرَّبِيْعِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَرْبَعٌ فِيْ اُمَّتِيْ مِنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ لَنْ يَدَعَهُنَّ النَّاسُ النِّيَاحَةُ وَالطَّعْنُ فِي الْاَحْسَابِ وَالْعَدْوٰى اَجْرَبَ بَعِيْرٌ فَاَجْرَبَ مِائَةَ بَعِيْرٍ مَنْ اَجْرَبَ الْبَعِيْرَ الْاَوَّلَ وَالْاَنْوَاءُ مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۹۸۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زمانہ جاہلیت کی چار چیزیں ایسی ہیں جو میری امت کے چند لوگ نہیں چھوڑیں گے۔ نوحہ کرنا' نسب پر طعن کرنا چھوت یعنی یہ اعتقاد رکھنا کہ اونٹ کو خارش ہوئی تو سب کو ہی ہوگئی اگر ایسا ہی ہے تو پہلے اونٹ کو کس سے لگی تھی۔ اور یہ اعتقاد رکھنا کہ بارش ستاروں کی گردش سے ہوتی ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔

## ۶۸۳: بَابُ مَاجَآءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ الْبُكَاءِ عَلَى الْمَيِّتِ

## ۶۸۳: باب میّت پر بلند آواز سے رونا منع ہے

۹۸۹: حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِيْ زِيَادٍ نَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ نَا اَبِيْ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَيِّتُ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ اَهْلِهِ عَلَيْهِ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ كَرِهَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ الْبُكَاءَ عَلَى الْمَيِّتِ قَالُوا الْمَيِّتُ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ اَهْلِهِ عَلَيْهِ وَذَهَبُوا اِلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ وَقَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ اَرْجُوْ اِنْ كَانَ يَنْهَاهُمْ فِيْ حَيٰوتِهِ اَنْ لَا يَكُوْنَ عَلَيْهِ مِنْ ذٰلِكَ شَيْءٌ.

۹۸۹: حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد اور وہ حضرت عمرؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میّت کے گھر والوں کے بلند آواز سے رونے پر میّت کو عذاب ہوتا ہے۔ اس باب میں حضرتؓ اور عمران بن حصینؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم میّت پر زور سے رونے کو حرام کہتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر میّت کے گھر والے روئیں تو ان کے رونے سے میّت پر عذاب ہوتا ہے۔ یہ حضرات اسی حدیث پر عمل کرتے ہیں۔ ابن مبارکؒ فرماتے ہیں کہ اگر وہ خود اپنی زندگی میں انہیں اس سے روکتا رہا اور مرنے سے پہلے منع بھی کیا تو امید ہے کہ اس کو عذاب نہیں ہوگا۔

۹۹۰: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَسِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَسِيْدٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ اَخْبَرَهٗ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَامِنْ مَيِّتٍ يَمُوْتُ فَيَقُوْمُ بَاكِيْهِمْ فَيَقُوْلُ وَاجَبَلَاهُ وَاسَيِّدَاهُ اَوْنَحْوَ ذٰلِكَ اِلَّا وُكِّلَ بِهٖ مَلَكَانِ يَلْهَزَانِهٖ اَهٰكَذَا كُنْتَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۹۹۰: موسیٰ بن ابو موسیٰ اشعریؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کوئی مرنے والا مرتا ہے اور اس پر رونے والے کھڑا ہو اور وہ کہے کہ اے میرے پہاڑ۔ اے میرے سردار یا اسی قسم کے کوئی اور الفاظ کہتا ہے۔ تو میت پر دو فرشتے مقرر کیے جاتے ہیں جو اس کے سینے پر گھونسے (مکے) مارتے ہیں اور پوچھتے ہیں کیا تو ایسا ہی تھا۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے۔

## ٦٨٤ : بَابُ مَاجَآءَ فِى الرُّخْصَةِ فِى الْبُكَاءِ عَلَى الْمَيِّتِ

۹۹۱ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا مَالِكٌ وَثَنَا اِسْحٰقُ ابْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ وَهُوَا بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو ابْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَمْرَةَ اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ وَذُكِرَلَهَا اَنَّ ابْنَ عُمَرَيَقُوْلُ اِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ الْحَيِّ فَقَالَتْ عَائِشَةُ غَفَرَاللّٰهُ لِاَبِىْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَمَا اِنَّهُ لَمْ يَكْذِبْ وَلٰكِنَّهُ نَسِىَ اَوْ اَخْطَأَ اِنَّمَا مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى يَهُوْدِيَّةٍ يُبْكٰى عَلَيْهَا فَقَالَ اِنَّهُمْ لَيَبْكُوْنَ عَلَيْهَا وَاِنَّهَا لَتُعَذَّبُ فِىْ قَبْرِهَاقَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

۹۹۲ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِىُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍوعَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ عُمَرَعَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَيِّتُ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ اَهْلِهٖ عَلَيْهِ قَالَ فَقَالَتْ عَآئِشَةُ يَرْحَمُهُ اللّٰهُ لَمْ يَكْذِبْ وَلٰكِنَّهٗ وَهِمَ اِنَّمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ مَاتَ يَهُوْدِيًّا اِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ وَاِنَّ اَهْلَهٗ لَيَبْكُوْنَ عَلَيْهِ وَفِى الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَقَرَظَةَ بْنِ كَعْبٍ وَاَبِىْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَائِشَةَ وَقَدْذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِلٰى هٰذَا وَتَاَوَّلُوْا هٰذِهِ الْاٰيَةَ (وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى) هُوَقَوْلُ الشَّافِعِىِّ.

۹۹۳ : حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ خَشْرَمٍ نَاعِيْسٰى بْنُ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ لَيْلٰى عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ اَخَذَ

## ٦٨٤ : باب میّت پر چلائے بغیر رونا جائز ہے

۹۹۱: حضرت عمرہؒ حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے سامنے کسی نے ذکر کیا کہ ابن عمرؓ کہتے ہیں میّت کو زندہ آدمی کے رونے کی وجہ سے عذاب دیا جاتا ہے۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا اللہ تعالیٰ ابوعبدالرحمٰن کی مغفرت فرمائے انہوں نے یقیناً جھوٹ نہیں بولا لیکن یا تو وہ بھول گئے ہیں یا ان سے غلطی ہوئی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ ایک یہودی عورت کی میّت کے پاس سے گزرے۔ لوگ اس کی موت پر رو رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ اس پر رو رہے ہیں اور اسے قبر میں عذاب ہو رہا ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث صحیح ہے۔

۹۹۲: حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میّت پر اس کے رشتہ داروں کے رونے کی وجہ سے عذاب ہوتا ہے۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا اللہ ان پر رحم فرمائے انہوں نے جھوٹ نہیں کہا بلکہ انہیں وہم ہو گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ایک یہودی کے لئے فرمائی تھی کہ وہ مر گیا تھا پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ میّت پر عذاب ہو رہا ہے اور اس کے گھر والے اس پر رو رہے ہیں۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ، قرظہ بن کعبؓ، ابوہریرہؓ، ابن مسعودؓ اور اسامہ بن زیدؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث عائشہؓ حسن صحیح ہے۔ اور یہ حدیث حضرت عائشہؓ ہی سے کئی سندوں سے مروی ہے۔ بعض اہل علم کا اس روایت پر عمل ہے اور انہوں نے قرآن کریم کی اس آیت کی تفسیر کی ہے کہ اللہ فرماتا ہے ''وَلَا تَـزِرُ......'' کوئی شخص کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ امام شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے۔

۹۹۳: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے عبدالرحمٰن بن عوفؓ کا ہاتھ پکڑا اور انہیں

النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِیَدِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ عَوْفٍ فَانْطَلَقَ بِهٖ اِلٰی اِبْنِهٖ اِبْرَاهِیْمَ فَوَجَدَهٗ یَجُوْدُ بِنَفْسِهٖ فَاَخَذَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَهٗ فِیْ حِجْرِهٖ فَبَکٰی فَقَالَ لَهٗ عَبْدُالرَّحْمٰنِ اَتَبْکِیْ اَوَلَمْ تَکُنْ نَهَیْتَ عَنِ الْبُکَاءِ قَالَ لَا وَلٰکِنْ نَهَیْتُ عَنْ صَوْتَیْنِ اَحْمَقَیْنِ فَاجِرَیْنِ صَوْتٍ عِنْدَ مُصِیْبَةٍ خَمْشِ وُجُوْهٍ وَشَقِّ جُیُوْبٍ وَرَنَّةِ شَیْطَانٍ وَ فِی الْحَدِیْثِ کَلَامٌ اَکْثَرُ مِنْ هٰذَا قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

اپنے صاحبزادے ابراہیم کے پاس لے گئے۔ وہ اس وقت نزع کی حالت میں تھے۔ آپ ﷺ نے انہیں اپنی گود میں لیا اور رونے لگے۔ عبدالرحمٰن نے عرض کیا آپ ﷺ بھی روتے ہیں؟ کیا آپ ﷺ نے رونے سے منع نہیں کیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں۔ بلکہ بیوقوفی اور نافرمانی کی دو آوازوں سے منع کیا ہے۔ ایک تو مصیبت کے وقت کی آواز جب چہرہ نوچا جائے اور گریبان چاک کیا جائے اور دوسری شیطان کی طرف رونے کی آواز (یعنی نوحہ) امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔

## ۶۸۵: بَابُ مَاجَآءَ فِی الْمَشْیِ اَمَامَ الْجَنَازَةِ

## ۶۸۵: باب جنازہ کے آگے چلنا

۹۹۴: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ وَاَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ وَاِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ قَالُوْا نَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَابَکْرٍ وَعُمَرَ یَمْشُوْنَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ.

۹۹۴: حضرت سالم اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم' ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جنازے کے آگے چلتے ہوئے دیکھا۔

۹۹۵: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیِّ الْخَلَّالُ نَا عَمْرُو ابْنُ عَاصِمٍ نَا هَمَّامٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ وَبَکْرٍ الْکُوْفِیِّ وَ زِیَادٍ وَسُفْیَانَ کُلُّهُمْ یَذْکُرُ اَنَّهٗ سَمِعَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَابَکْرٍ وَعُمَرَ یَمْشُوْنَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ.

۹۹۵: ہم سے روایت بیان کی حسن بن علی خلال نے انہوں نے عمرو بن عاصم سے انہوں نے ہمام سے انہوں نے منصور سے اور بکر کوفی اور زیاد سے اور سفیان سے یہ سب روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے زہری سے سنا۔ انہوں نے سالم بن عبداللہ سے انہوں نے اپنے باپ سے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم ﷺ ابوبکرؓ اور عمرؓ کو دیکھا کہ وہ جنازے کے آگے چلتے تھے۔

۹۹۶: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ یَمْشُوْنَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ قَالَ الزُّهْرِیُّ وَاَخْبَرَنِیْ سَالِمٌ اَنَّ اَبَاهُ کَانَ یَمْشِیْ اَمَامَ الْجَنَازَةِ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ ابْنِ عُمَرَ هٰکَذَا رَوَی ابْنُ جُرَیْجٍ وَزِیَادُ ابْنُ سَعْدٍ وَغَیْرُ وَاحِدٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ نَحْوَ حَدِیْثِ ابْنِ عُیَیْنَةَ وَرَوٰی مَعْمَرٌ وَیُوْنُسُ بْنُ یَزِیْدَ وَمَالِکٌ وَغَیْرُ هُمْ مِنَ الْحُفَّاظِ عَنِ الزُّهْرِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

۹۹۶: ہم سے روایت کی عبد بن حمید نے انہوں نے عبدالرزاق سے انہوں نے معمر سے انہوں نے زہری سے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ' ابوبکرؓ اور عمرؓ جنازے کے آگے چلتے تھے۔ زہری نے کہا کہ ہمیں سالم نے خبر دی کہ ان کے باپ جنازے کے آگے چلتے تھے۔ اس باب میں حضرت انسؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عمرؓ کی مانند ابن جریج اور زیاد بن سعد اور کئی لوگوں نے روایت کی زہری سے انہوں نے سالم سے انہوں نے اپنے باپ سے حدیث ابن عیینہ کی طرح اور روایت کی معمر اور یونس

وَسَلَّمَ كَانَ يَمْشِيْ اَمَامَ الْجَنَازَةِ وَاَهْلُ الْحَدِيْثِ كُلُّهُمْ يَرَوْنَ اَنَّ الْحَدِيْثَ الْمُرْسَلَ فِيْ ذٰلِكَ اَصَحُّ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَسَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مُوْسٰى يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّزَّاقِ يَقُوْلُ قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ حَدِيْثُ الزُّهْرِيِّ فِيْ هٰذَا مُرْسَلٌ اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ وَاَرٰى ابْنُ جُرَيْجٍ اَخَذَهُ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى وَرَوٰى هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ زِيَادٍ وَهُوَ ابْنُ سَعْدٍ وَمَنْصُوْرٍ وَبَكْرٍ وَسُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ وَاِنَّمَاهُوَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ رَوٰى عَنْهُ هَمَّامٌ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِي الْمَشْيِ اَمَامَ الْجَنَازَةِ فَرَاٰى بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الْمَشْيَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ اَفْضَلُ وَهُوَقَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ .

بن یزید اور مالک وغیرہ حفاظ نے زہری سے کہ نبی ﷺ جنازے کے آگے چلتے تھے۔ تمام محدثین کا اتفاق ہے کہ اس باب میں مرسل حدیث زیادہ صحیح ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں۔ یحییٰ بن موسیٰ نے عبدالرزاق سے ابن مبارکؒ کے حوالے سے سنا کہ زہری کی مرسل حدیث ابن عیینہ کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔ ابن مبارکؒ کہتے ہیں۔ شاید ابن جریج نے یہ روایت ابن عیینہ سے لی ہو۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں ہمام بن یحییٰ نے یہ حدیث زیاد بن سعد سے پھر منصور، ابوبکر اور سفیان نے زہری سے انہوں نے سالم سے اور انہوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے۔ جب کہ ہمام، سفیان بن عیینہ سے روایت کرتے ہیں۔ اس مسئلے میں اہل علم کا اختلاف ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور دوسرے علماء کے نزدیک جنازے کے آگے چلنا افضل ہے۔ امام شافعیؒ اور احمدؒ کا یہی قول ہے۔

۹۹۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَامُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ نَا يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِيْ اَمَامَ الْجَنَازَةِ وَاَبُوْبَكْرٍ وَعُثْمَانُ وَسَاَلْتُ مُحَمَّداً عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ اَخْطَاَ فِيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ وَ اِنَّمَا يُرْوٰى هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ كَانُوْا يَمْشُوْنَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ قَالَ الزُّهْرِيُّ وَاَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ اَنَّ اَبَاهُ كَانَ يَمْشِيْ اَمَامَ الْجَنَازَةِ قَالَ مُحَمَّدٌ وَ هٰذَا اَصَحُّ .

۹۹۷: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ، ابوبکرؓ، عمرؓ اور عثمانؓ جنازہ کے آگے چلتے تھے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں میں نے امام بخاریؒ سے اس حدیث کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ اس میں محمد بن بکر نے غلطی کی ہے اور یہ حدیث بواسطہ یونس، زہری سے مروی ہے کہ نبی کرام ﷺ، ابوبکرؓ اور عمرؓ سب جنازے کے آگے چلتے تھے۔ زہری فرماتے ہیں۔ مجھے سلام نے بتایا کہ ان کے والد حضرت عبداللہ بن عمرؓ بھی جنازے کے آگے چلا کرتے تھے اور یہ اصح ہے۔

## ۶۸۶: بَابُ مَاجَآءَ فِي الْمَشْيِ خَلْفَ الْجَنَازَةِ

## ۶۸۶: باب جنازہ کے پیچھے چلنا

۹۹۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَاوَهْبُ ابْنُ جَرِيْرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ يَحْيٰى اِمَامِ بَنِيْ تَيْمِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْ مَاجِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَاَلْنَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَشْيِ خَلْفَ الْجَنَازَةِ فَقَالَ مَادُوْنَ الْخَبَبِ فَاِنْ كَانَ خَيْراً عَجَّلْتُمُوْهُ وَاِنْ كَانَ

۹۹۸: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے جنازے کے پیچھے چلنے کے بارے میں سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا جلدی چلو (یعنی دوڑنے سے ذرا کم) اور اگر وہ نیک ہے تو اسے جلدی قبر میں پہنچا دو گے اور اگر وہ برا ہے تو اہل جہنم ہی کو دور کیا جاتا ہے۔ پس جنازے

شَرًّا فَلا يُبْعَدُ اِلَّا اَهْلُ النَّارِ الْجَنَازَةُ مَتْبُوْعَةٌ وَلَا تَتْبَعُ لَيْسَ مِنْهَا مَنْ تَقَدَّمَهَا قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَاحَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ يُضَعِّفُ حَدِيْثَ اَبِيْ مَاجِدٍ هٰذَا وَقَالَ مُحَمَّدٌ قَالَ الْحُمَيْدِيُّ قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ قِيْلَ لِيَحْيٰى مَنْ اَبُوْ مَاجِدٍ هٰذَا فَقَالَ طَائِرٌ طَارَفَحَدَّثَنَا وَقَدْذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اِلٰى هٰذَا وَرَاَوْااَنَّ الْمَشْيَ خَلْفَهَا اَفْضَلُ وَبِهٖ يَقُوْلُ الثَّوْرِيُّ وَاِسْحٰقُ وَاَبُوْ مَاجِدٍ رَجُلٌ مَجْهُوْلٌ وَلَهٗ حَدِيْثَانِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَيَحْيٰى اِمَامُ بَنِيْ تَيْمِ اللّٰهِ ثِقَةٌ يُكْنٰى اَبَا الْحَارِثِ وَيُقَالُ لَهٗ يَحْيَى الْجَابِرُ وَيُقَالُ لَهٗ يَحْيَى الْمُجْبِرُ اَيْضًا وَهُوَ كُوْفِيٌّ رَوٰى لَهٗ شُعْبَةُ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَاَبُوالْاَحْوَصِ وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ .

کے پیچھے چلنا چاہیے نہ کہ اسکو پیچھے چھوڑنا چاہیے اور جو اس سے آگے چلتا ہے وہ ان کے ساتھ نہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں اس حدیث کو ہم اس سند سے صرف ابن مسعودؓ ہی کی روایت سے جانتے ہیں۔ میں نے امام بخاریؒ سے سنا وہ ابو ماجد کی اس روایت کو ضعیف کہتے ہیں۔ امام بخاریؒ نے بواسطہ حمیدی' ابن عیینہ سے نقل کیا کہ یحییٰ سے ابو ماجد کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا ایک مجہول الحال شخص ہیں وہ ہم سے روایت کرتے ہیں۔ بعض صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء کا یہی مسلک ہے کہ جنازے کے پیچھے چلنا افضل ہے۔ سفیان ثوریؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے کہ ابو ماجد مجہول ہیں اور ان کے واسطے سے ابن مسعودؓ سے دو حدیثیں منقول ہیں۔ یحییٰ امام بنی تیم اللہ ثقہ ہیں۔ ان کی کنیت ابوحارث ہے۔ انہیں جابر اور یحییٰ مجبر بھی کہا جاتا ہے یہ کوفی ہیں۔ شعبہ' سفیان ثوری' ابواحوص اور سفیان بن عیینہ ان سے روایت کرتے ہیں۔

## ۶۸۷ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ الرُّكُوْبِ خَلْفَ الْجَنَازَةِ

## ۶۸۷: باب جنازہ کے پیچھے سوار ہو کر چلنا مکروہ ہے

۹۹۹ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ رَاشِدِبْنِ سَعْدٍ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةٍ فَرَاٰى نَاسًارُكْبَانًا فَقَالَ اَلَا تَسْتَحْيُوْنَ اِنَّ مَلَائِكَةَ اللّٰهِ عَلٰى اَقْدَامِهِمْ وَاَنْتُمْ عَلٰى ظُهُوْرِ الدَّوَابِّ وَفِي الْبَابِ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ وَجَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ ثَوْبَانَ قَدْرُوِيَ عَنْهُ مَوْقُوْفًا.

۹۹۹: حضرت ثوبانؓ سے روایت ہے کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک جنازے میں گئے آپ ﷺ نے کچھ لوگوں کو سواری پر چلتے ہوئے دیکھا تو فرمایا تمہیں شرم نہیں آتی اللہ کے فرشتے پیدل چل رہے ہیں اور تم سواریوں پر سوار ہو۔ اس باب میں مغیرہ بن شعبہؓ اور جابر بن سمرہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ثوبانؓ حضرت ثوبانؓ ہی سے موقوفاً مروی ہے۔

## ۶۸۸ : بَابُ مَاجَاءَ فِي الرُّخْصَةِ فِيْ ذٰلِكَ

## ۶۸۸: باب جنازے کے پیچھے سواری پر سوار ہو کر جانے کی اجازت

۱۰۰۰ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَااَبُوْدَاوٗدَ نَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ ابْنَ سَمُرَةَ

۱۰۰۰: حضرت سماک بن حرب، حضرت جابر بن سمرہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ابن وحداح کے

يَقُولُ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَازَةِ ابْنِ الدَّحْدَاحِ وَهُوَ عَلٰى فَرَسٍ لَهُ يَسْعٰى وَنَحْنُ حَوْلَهُ وَهُوَ يَتَوَقَّصُ بِهِ.

جنازے میں گئے۔آپ ﷺ اپنے گھوڑے پر سوار تھے۔جو دوڑتا تھا۔ہم آپ ﷺ کے اردگرد تھے۔آپ ﷺ اسے چھوٹے چھوٹے قدموں سے لیے جارہے تھے۔

۱۰۰۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْهَاشِمِيُّ نَا اَبُوْقُتَيْبَةَ عَنِ الْجَرَّاحِ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ ابْنِ سَمُرَةَ يَقُوْلُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّبَعَ جَنَازَةَ ابْنِ الدَّحْدَاحِ مَاشِيًا وَرَجَعَ عَلٰى فَرَسٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۰۱: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابن دحداح کے جنازے میں پیدل گئے اور گھوڑے پر واپس تشریف لائے۔
امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۶۸۹: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْاِسْرَاعِ بِالْجَنَازَةِ

## ۶۸۹ باب جنازہ کو جلدی لے جانا

۱۰۰۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ اَسْرِعُوْا بِالْجَنَازَةِ فَاِنْ تَكُ خَيْرًا تُقَدِّمُوْهَا اِلَيْهِ وَاِنْ تَكُ شَرًّا تَضَعُوْهُ عَنْ رِقَابِكُمْ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۰۲: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنازہ جلدی لے جاؤ اس لیے کہ اگر وہ نیک ہے تو اسے جلد بہتر جگہ پہنچایا جائے اور اگر برا ہے تو اپنی گردنوں سے جلد بوجھ اتارا جائے۔اس باب میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حسن صحیح ہے۔

**خلاصۃ الابواب:** (۱) مختلف حضرات نے آپ ﷺ کے کفن کے لئے مختلف کپڑے پیش کئے لیکن حضرات صحابہؓ نے ان میں سے تین کا انتخاب کیا اور باقی واپس کردئے۔ضرورت کے وقت صرف ایک کپڑے کا کفن بھی کافی ہوتا ہے۔نیز حدیث باب سے جمہور کا مسلک ثابت ہوتا ہے کہ تین کپڑے مرد کے لئے مسنون ہیں۔جمہور علماء کے نزدیک مرد کے کفن میں پگڑی کوئی مسنون نہیں ہے۔البتہ تین کپڑوں کی تعین کے بارے میں اختلاف ہے۔امام شافعیؒ کے نزدیک وہ تین کپڑے تین لفافے ہیں جبکہ حنفیہ کے نزدیک وہ تین کپڑے یہ ہیں لفافہ۔ازار اور قمیض اور قمیض زندوں کی قمیض کی طرح ہو یا مردوں جیسی۔(۲) اس حدیث کی بنا پر مستحب ہے کہ جس گھر میں موت واقع ہوئی ہو اس کے رشتہ دار یا پڑوسی کھانا پکا کر وہاں بھیجیں تا کہ وہ اپنی مصیبت کھانے کی فکر میں مبتلا نہ ہوں لیکن ہمارے زمانے میں میت کے گھر والے اس موقع پر رشتہ داروں اور تعزیت کے لئے آنے والوں کے لئے کھانے اور دعوت کا انتظام کرتے ہیں یہ مکروہ اور گمراہ کن عمل ہے اس لئے کہ دعوت سرور (خوشی) کے موقع پر ہوتی ہے نہ کہ مصیبت کے موقع پر اس کے بدعت ہونے کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ ہمارے زمانے میں عوام نے میت کے گھر والوں کی جانب سے اس دعوت کو واجبات دینیہ میں سے سمجھ لیا ہے اور جو چیز شریعت میں واجب نہ ہو اس کو ضروری سمجھ کر کرنا بدعت ہے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرامؓ اور تابعین تبع تابعین کے دور میں اس دعوت کا رواج نہیں تھا (۳) مطلب یہ ہے کہ میت کو اس کے گھر والوں کے نوحہ کرنے کی وجہ سے عذاب دیا جاتا ہے جب تک وہ نوحہ کرتے رہتے ہیں البتہ ہلکا رونا جو بغیر آواز کے ہو تو جائز ہے یعنی زور زور سے رویا دھویا جائے اور چیخ و پکار کی جائے یا میت کے

مبالغہ آمیز فضائل گنائے جائیں اور تقدیر خداوندی کو غلط قرار دیا جائے تو سخت گناہ ہے اور نوحہ کرنے والی عورتیں جب کہتی ہیں واجبلاہ، واستیداہ ہائے میرے آقا تو فرشتے اس کے سینے پر ہاتھ مار کر کہتے ہیں تم اتنے عظیم ہو تم ایسے ایسے ہو۔ (۴) جنازہ کے آگے پیچھے دائیں بائیں ہر طرف چلنا بالاتفاق جائز ہے البتہ افضلیت میں اختلاف ہے۔ امام مالکؒ اور احمدؒ کے نزدیک پیدل چلنے والے کے لئے آگے چلنا اور سوار کے لئے جنازہ کے پیچھے چلنا افضل ہے۔ امام شافعیؒ کے نزدیک جنازہ کے آگے چلنا افضل ہے امام ابوحنیفہؒ ان کے اصحاب اور امام اوزاعیؒ کا مسلک یہ ہے کہ مطلقاً جنازہ کے پیچھے چلنا افضل ہے۔ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل حدیث نمبر ۹۹۸ ہے اس کے علاوہ طحاوی اور مصنف عبدالرزاق میں احادیث موجود ہیں کہ پیچھے چلنا افضل ہے۔ حدیث نمبر ۹۹۹ اس روایت سے جنازہ کے ساتھ سواری کرنے کی کراہت معلوم ہوتی ہے لیکن سنن ابی داؤد میں حضرت مغیرہؓ کی روایت میں ہے کہ نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ سوار جنازہ کے پیچھے چلے جس سے جنازہ کے ساتھ سواری کی اجازت معلوم ہوتی ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ بغیر عذر کے سوار ہونا مکروہ ہے لیکن بیماری یا لنگڑا ہونے کی صورت میں مکروہ نہیں۔ نبی کریم ﷺ نے سواری کرنے پر نکیر فرشتوں کی وجہ سے کی تھی جو جنازہ کے ساتھ چل رہے تھے۔

## ۶۹۰ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قَتْلٰى اُحُدٍ وَذِكْرُ حَمْزَةَ

۱۰۰۳ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْصَفْوَانَ عَنْ اُسَامَةَ ابْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اَتٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى حَمْزَةَ يَوْمَ اُحُدٍ فَوَقَفَ عَلَيْهِ فَرَاٰهُ قَدْ مُثِّلَ بِهٖ فَقَالَ لَوْلَا اَنْ تَجِدَ صَفِيَّةُ فِيْ نَفْسِهَا لَتَرَكْتُهُ حَتّٰى تَاْكُلَهُ الْعَافِيَةُ حَتّٰى يُحْشَرَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنْ بُطُوْنِهَا قَالَ ثُمَّ دَعَا بِنَمِرَةٍ فَكَفَّنَهُ فِيْهَا فَكَانَتْ اِذَا مُدَّتْ عَلٰى رَاْسِهٖ بَدَتْ رِجْلَاهُ وَاِذَا مُدَّتْ عَلٰى رِجْلَيْهِ بَدَا رَاْسُهُ قَالَ فَكَثُرَ الْقَتْلٰى وَقَلَّتِ الثِّيَابُ قَالَ فَكُفِّنَ الرَّجُلُ وَالرَّجُلَانِ وَالثَّلٰثَةُ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ ثُمَّ يُدْفَنُوْنَ فِيْ قَبْرٍ وَاحِدٍ قَالَ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُ عَنْهُمْ اَيُّهُمْ اَكْثَرُ قُرْاٰنًا فَيُقَدِّمُهُ اِلَى الْقِبْلَةِ قَالَ فَدَفَنَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اَنَسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ اَنَسٍ اِلَّا مِنْ

## ۶۹۰ : باب شہدائے احد اور حضرت حمزہؓ

۱۰۰۳: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ جنگ احد میں نبی اکرم ﷺ حضرت حمزہؓ کی شہادت کے بعد ان کے پاس تشریف لائے تو دیکھا کہ ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے گئے ہیں۔ فرمایا اگر صفیہؓ کے دل پر گراں گزرنے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں انہیں اسی طرح چھوڑ دیتا۔ یہاں تک کہ انہیں جانور کھا جاتے پھر قیامت کے دن انہیں جانوروں کے پیٹوں سے اٹھایا جاتا۔ راوی کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ نے چادر منگوائی اور اس میں سے انہیں کفن دیا۔ وہ چادر بھی ایسی تھی کہ اگر سر پر ڈالی جاتی تو پاؤں ننگے رہ جاتے اور اگر پاؤں ڈھکے جاتے تو سر سے ہٹ جاتی۔ راوی کہتے ہیں پھر شہید زیادہ ہوگئے اور کپڑے کم پڑ گئے۔ پس ایک دو اور تین شہیدوں تک کو ایک ہی کپڑے میں کفن دیا گیا اور پھر ایک ہی قبر میں دفن کیا گیا۔ اس دوران نبی اکرم ﷺ ان کے بارے میں پوچھتے تھے کہ کسے قرآن زیادہ یاد تھا۔ پس جس کو قرآن زیادہ یاد ہوتا آپ ﷺ قبر میں قبلہ کی طرف سے آگے کرتے۔ راوی کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ نے سب کو دفن کیا اور ان کی نماز جنازہ نہیں پڑھی۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث انسؓ حسن

هٰذَا الْوَجْهِ.

غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے حضرت انسؓ کی روایت سے جانتے ہیں۔

## ۶۹۱. بَابُ اٰخَرُ

۱۰۰۴: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ مُسْلِمِ الْاَعْوَرِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُ الْمَرِيْضَ وَيَشْهَدُ الْجَنَازَةَ وَيَرْكَبُ الْحِمَارَ وَيُجِيْبُ دَعْوَةَ الْعَبْدِ وَكَانَ يَوْمَ بَنِیْ قُرَيْظَةَ عَلٰى حِمَارٍ مَخْطُوْمٍ بِحَبْلٍ مِنْ لِيْفٍ عَلَيْهِ اِكَافُ لِيْفٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُسْلِمٍ عَنْ اَنَسٍ وَمُسْلِمٌ الْاَعْوَرُ يُضَعَّفُ وَهُوَ مُسْلِمُ بْنُ كَيْسَانَ الْمُلَائِیُّ.

## ۶۹۱: باب

۱۰۰۴: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ مریض کی عیادت کرتے، جنازے میں شریک ہوتے، گدھے پر سوار ہوتے اور غلام کی دعوت قبول کرتے تھے۔ جنگ بنی قریظہ کے دن بھی آپ گدھے پر سوار تھے جس کی لگام کھجور کی چھال کی رسی سے بنی ہوئی تھی اور اس پر زین بھی کھجور کی چھال کا تھا۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں ہم اس حدیث کو صرف مسلم کی روایت سے جانتے ہیں۔ مسلم، انسؓ سے روایت کرتے ہیں۔ مسلم اعور ضعیف ہیں اور کیسان ملائی کے بیٹے ہیں۔

## ۶۹۲: بَابٌ

۱۰۰۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْتَلَفُوْا فِیْ دَفْنِهٖ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا مَا نَسِيْتُهُ قَالَ مَاقَبَضَ اللّٰهُ نَبِيًّا اِلَّا فِی الْمَوْضِعِ الَّذِیْ يُحِبُّ اَنْ يُدْفَنَ فِيْهِ فَدَفَنُوْهُ فِیْ مَوْضِعِ فِرَاشِهٖ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ الْمُلَيْكِیُّ يُضَعَّفُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ وَقَدْرُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ رَوَاهُ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنْ اَبِیْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

## ۶۹۲: باب

۱۰۰۵: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی تو صحابہؓ میں آپ ﷺ کی تدفین کے متعلق اختلاف پیدا ہوگیا۔ پس حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا میں نے رسول اللہ ﷺ سے ایک بات سنی اور کبھی نہیں بھولا کہ آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نبی کی روح اسی جگہ قبض فرماتے ہیں جس جگہ اس کی تدفین کو پسند فرماتے ہیں۔ اس پر آپ ﷺ کو آپ کے بستر مبارک کی جگہ ہی دفن کیا گیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔ عبدالرحمٰن بن ابوبکر ملیکی حافظے کی وجہ سے ضعیف ہیں اور یہ حدیث کئی سندوں سے مروی ہے حضرت ابن عباسؓ نے یہ حدیث حضرت ابوبکر صدیقؓ سے اور انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے روایت کی ہے۔

## ۶۹۳: بَابُ اٰخَرُ

۱۰۰۶: حَدَّثَنَا اَبُوْكُرَيْبٍ نَامُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَنَسٍ الْمَكِّیِّ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اذْكُرُوْا

## ۶۹۳: دوسرا باب

۱۰۰۶: حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اپنے فوت ہوجانے والوں کی بھلائیاں یاد کیا کرو اور ان کی برائیوں کے ذکر سے رک جاؤ۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے

مَحَاسِنَ مَوْتَاكُمْ وَكُفُّوْا عَنْ مَسَاوِيْهِمْ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ عِمْرَانُ بْنُ اَنَسٍ الْمَكِّيُّ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشَةَ وَعِمْرَانُ بْنُ اَنَسٍ مِصْرِيٌّ اَثْبَتُ وَاَقْدَمُ مِنْ عِمْرَانَ بْنِ اَنَسٍ الْمَكِّيِّ.

ہیں یہ حدیث غریب ہے۔ میں نے امام بخاریؒ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ عمران بن انس مکی منکر الحدیث ہیں۔ بعض راوی عطاء سے بھی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے روایت کرتے ہیں۔ عمران بن انس مصری، عمران بن انس مکی سے زیادہ ثابت اور مقدم ہیں۔

## ۶۹۴: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْجُلُوْسِ قَبْلَ اَنْ تُوْضَعَ

## ۶۹۴: باب جنازہ رکھنے سے پہلے بیٹھنا

۱۰۰۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسٰى عَنْ بِشْرِبْنِ رَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ ابْنِ جُنَادَةَ بْنِ اَبِىْ اُمَيَّةَ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ عُبَادَةَ ابْنِ الصَّامِتِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اتَّبَعَ الْجَنَازَةَ لَمْ يَقْعُدْحَتّٰى تُوْضَعَ فِي اللَّحْدِ فَعَرَضَ لَهٗ حَبْرٌ فَقَالَ هٰكَذَا نَصْنَعُ يَامُحَمَّدُ فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ خَالِفُوْهُمْ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَبِشْرُبْنُ رَافِعٍ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ فِي الْحَدِيْثِ

۱۰۰۷: حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی جنازہ میں تشریف لے جاتے تو اسے قبر میں اتار نے تک بیٹھتے نہیں تھے۔ پس یہودیوں کا ایک عالم آیا تو اس نے کہا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم بھی اسی طرح کرتے ہیں۔ اس پر آپ صلی علیہ وسلم بیٹھ گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کی مخالفت کرو۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے اور بشر بن رافع حدیث میں قوی نہیں۔

## ۶۹۵: بَابُ فَضْلِ الْمُصِيْبَةِ اِذَا احْتُسِبَ .

## ۶۹۵ باب مصیبت پر صبر کی فضیلت

۱۰۰۸: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ سِنَانٍ قَالَ دَفَنْتُ ابْنِىْ سِنَانًا وَاَبُوْ طَلْحَةَ الْخَوْلَانِيُّ جَالِسٌ عَلٰى شَفِيْرِ الْقَبْرِ فَلَمَّا اَرَدْتُ الْخُرُوْجَ اَخَذَ بِيَدِىْ فَقَالَ اَلَا اُبَشِّرُكَ يَا اَبَاسِنَانٍ قُلْتُ بَلٰى قَالَ حَدَّثَنِي الضَّحَّاكُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَرْزَبٍ عَنْ اَبِىْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا مَاتَ وَلَدُ الْعَبْدِ قَالَ اللّٰهُ لِمَلَائِكَتِهٖ قَبَضْتُمْ وَلَدَ عَبْدِىْ فَيَقُوْلُوْنَ نَعَمْ يَقُوْلُ قَبَضْتُمْ ثَمَرَةَ فُؤَادِهٖ فَيَقُوْلُوْنَ نَعَمْ فَيَقُوْلُ مَا ذَا قَالَ عَبْدِىْ فَيَقُوْلُوْنَ حَمِدَكَ وَاسْتَرْجَعَ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ ابْنُوْا لِعَبْدِىْ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَسَمُّوْهُ بَيْتَ الْحَمْدِ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ .

۱۰۰۸: حضرت ابوسنانؒ سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بیٹے سنان کو دفن کیا تو ابوطلحہ خولانی قبر کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے۔ میں جب باہر آنے لگا تو انہوں نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور فرمایا: اے ابوسنان کیا میں تمہیں خوشخبری نہ سناؤں میں نے کہا کیوں نہیں۔ فرمایا ضحاک بن عبدالرحمٰن بن عرزب، ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا جب کسی آدمی کا بچہ فوت ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتا ہے کیا تم نے میرے بندے کے بیٹے کی روح قبض کی؟ عرض کرتے ہیں ''ہاں''۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تم نے اس کے دل کا پھل (ٹکڑا) قبض کیا؟ وہ عرض کرتے ہیں جی ہاں۔ پھر اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں میرے بندے نے کیا کہا فرشتے عرض کرتے ہیں اس نے تیری تعریف کی اور ''انا للہ وانا الیہ راجعون'' پڑھا۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ میرے بندے کیلئے جنت میں ایک گھر بناؤ اور اسکا نام بیت الحمد (تعریف

کا گھر) رکھو۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے۔

## ۶۹۶ : بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّكْبِيرِ عَلَى الْجَنَازَةِ

## ۶۹۶ : باب تکبیرات جنازہ

۱۰۰۹ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَامَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِبْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلَى النَّجَاشِيِّ فَكَبَّرَ اَرْبَعًا وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ اَبِيْ اَوْفٰى وَجَابِرٍ وَاَنَسٍ وَيَزِيْدَ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى وَيَزِيْدُ بْنُ ثَابِتٍ هُوَ اَخُوْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَهُوَ اَكْبَرُ مِنْهُ شَهِدَ بَدْرًا وَزَيْدٌ لَمْ يَشْهَدْ بَدْرًا قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَاَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ يَرَوْنَ التَّكْبِيْرَعَلَى الْجَنَازَةِ اَرْبَعَ تَكْبِيْرَاتٍ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَابْنِ الْمُبَارَكِ وَالشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ.

۱۰۰۹ : حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کی نماز جنازہ پڑھی اور اس میں چار مرتبہ تکبیر کہی۔ اس باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ، جابر رضی اللہ عنہ، انس رضی اللہ عنہ اور یزید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یزید بن ثابت، زید بن ثابت کے بڑے بھائی ہیں اور یہ جنگ بدر میں بھی شریک تھے جب کہ زید اس جنگ میں شریک نہیں ہوئے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اکثر علماء صحابہؓ اور دیگر علماء کا اس پر عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہی جائیں۔ سفیان ثوریؒ، مالک بن انسؒ، ابن مبارکؒ، شافعی، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

(ف) نجاشی حبشہ کے بادشاہ تھے اور وہ مسلمان ہو گئے تھے آپ ﷺ نے ان کی نماز جنازہ غائبانہ پڑھی جب کہ اس کے علاوہ آپ ﷺ نے کسی کا بھی غائبانہ جنازہ نہیں پڑھا۔ احناف غائبانہ نماز جنازہ کے قائل نہیں ان کے دلائل یہ ہیں: (۱) کہ حبشہ میں نجاشی کا جنازہ پڑھنے والا کوئی نہ تھا۔ (۲) یہ نجاشی وہ بادشاہ تھا کہ جس نے مسلمانوں کی ہجرت اولیٰ حبشہ میں معاونت کی جب کہ مشرکین مکہ مخالفت کے لئے گئے۔ نجاشی نے ان کی بات نہ مانی ۔ (۳) یہ نجاشی کی خصوصیت اور اس کی تکریم تھی۔ (۴) یہ نبی اکرم ﷺ کی خصوصیت تھی ۔ ورنہ سوال یہ ہے کہ سیکڑوں صحابہؓ جنگوں میں شہید ہوئے جب کہ حضور اکرم ﷺ مدینہ منورہ میں تھے لیکن آپ ﷺ نے کسی کی نماز جنازہ نہیں پڑھی۔ غزدہ موتہ میں حضور ﷺ کے تین نامور اور جا نثار صحابہ شہید ہوئے۔ آپ ﷺ ان کی شہادت کی (وحی آنے پر) یا کشف کے ذریعہ خبر دی اور پھر منبر پر چڑھے اور ان کے لئے دعا کی اور صحابہؓ نے جو مسجد نبوی میں موجود تھے اس دعا میں شرکت کی۔ (مترجم)

۱۰۱۰ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَاشُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى قَالَ كَانَ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ يُكَبِّرُ عَلٰى جَنَائِزِنَا اَرْبَعًا وَاَنَّهُ كَبَّرَعَلٰى جَنَازَةٍ خَمْسًا فَسَاَلْنَاهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُهَا قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ

۱۰۱۰ : حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے کہ زید بن ارقم رضی اللہ عنہ ہمارے جنازوں کی نماز میں چار تکبیریں کہتے تھے ۔ ایک مرتبہ انہوں نے ایک جنازہ پڑھتے ہوئے پانچ تکبیریں کہیں تو ہم نے ان سے اس کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی طرح کرتے تھے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث زید بن ارقم رضی

صَحِيْحٌ وَقَدْذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِلٰى هٰذَا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ رَاَوُا التَّكْبِيْرَعَلَى الْجَنَازَةِ خَمْسًا وَقَالَ اَحْمَدُ وَ اِسْحٰقُ اِذَاكَبَّرَالْاِمَامُ عَلَى الْجَنَازَةِ خَمْسًافَاِنَّهُ يَتْبَعُ الْاِمَامُ.

اللہ عنہ حسن صحیح ہے۔ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دوسرے علماء کا یہی مسلک ہے کہ جنازہ کی پانچ تکبیریں ہیں۔ امام احمد اور اسحٰق فرماتے ہیں کہ اگر امام جنازہ پر پانچ تکبیریں کہے تو مقتدی بھی اس کی اتباع کریں۔

## ۶۹۷. بَابُ مَايَقُوْلُ فِى الصَّلٰوةِ عَلَى الْمَيِّتِ

## باب نماز جنازہ میں کیا پڑھا جائے

۱۰۱۱: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ ثَنَا هِقْلُ بْنُ زِيَادٍ نَاالْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِى كَثِيْرٍقَالَ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ اِبْرَاهِيْمَ الْاَ شْهَلِيُّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰى عَلَى الْجَنَازَةِ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِ نَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا قَالَ يَحْيٰى وَحَدَّثَنِىْ اَبُوْسَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَزَادَ فِيْهِ اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهُ مِنَّافَاَحْيِهِ عَلَى الْاِ سْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْاِيْمَانِ وَفِى الْبَابِ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ وَالِدِ اَبِىْ اِبْرَاهِيْمَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرَوٰى هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ وَعَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلاً وَرَوٰى عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِى كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَدِيْثُ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ وَعِكْرِمَةُ رُبَّمَا يَهِمُ فِىْ حَدِيْثِ يَحْيٰى .

۱۰۱۱: حضرت یحیٰی بن ابوکثیر، ابوابراہیم اشہلی سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ نماز جنازہ میں یہ دعا پڑھتے تھے۔ اَللّٰهُمَّ مَنْ ...... "اے اللہ ہمارے زندوں، مردوں وحاضر، غائب، چھوٹوں، بڑوں، مردوں اور عورتوں کی بخشش فرما"۔ یحیٰی بھی ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے اور وہ ابوہریرہؓ سے مرفوعاً اسی کی مانند روایت کرتے ہوئے یہ الفاظ زیادہ نقل کرتے ہیں "اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهُ ...... ترجمہ (اے اللہ ہم میں جسے زندہ رکھے اسے اسلام پر زندہ رکھ اور جسے موت دے اسے ایمان پر موت دے) اس باب میں عبدالرحمٰن بن عوفؓ، ابوقتادہؓ، عائشہؓ، جابرؓ اور عوف بن مالکؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسٰی ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ حدیث صحیح ہے۔ ہشام، ستوائی اور علی بن مبارک بھی یہ حدیث یحیٰی بن ابو کثیر سے اور وہ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے مرسلاً روایت کرتے ہیں۔ عکرمہ بن عمار بھی یحیٰی بن کثیر سے وہ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں۔ عکرمہ بن عمار کی حدیث غیر محفوظ ہے کیونکہ عکرمہ یحیٰی بن ابوکثیر کی حدیث میں وہم کرتے ہیں۔

۱۰۱۲: وَرُوِىَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَبِىْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَسَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ اَصَحُّ الرِّوَايَاتِ فِىْ هٰذَا حَدِيْثُ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ اِبْرَاهِيْمَ الْاَ شْهَلِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ وَسَاَلْتُهُ عَنِ اسْمِ

۱۰۱۲: عبداللہ بن ابی قتادہ اپنے والد اور وہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے امام بخاریؒ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ ان تمام روایات میں سب سے زیادہ صحیح روایت یحیٰی بن ابوکثیر کی ہے جو ابراہیم اشہلی اپنے والد سے نقل کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں کہ میں

اَبِیْ اِبْرَاهِیْمَ الْاَ شْهَلِیِّ فَلَمْ یَعْرِفْهُ۔

نے امام بخاریؒ سے ابوابراہیم اشہلی کا نام پوچھا تو انہیں معلوم نہیں تھا۔

۱۰۱۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِیٍّ نَامُعَاوِیَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ جُبَیْرِ بْنِ نُفَیْرٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ عَلٰی مَیِّتٍ فَفَهِمْتُ مِنْ صَلٰوتِهٖ عَلَیْهِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَهٗ وَارْحَمْهُ وَاغْسِلْهُ بِالْبَرَدِ کَمَا یُغْسَلُ الثَّوْبُ قَالَ اَبُوْعِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ اَصَحُّ شَیْءٍ فِیْ هٰذَا الْبَابِ هٰذَا الْحَدِیْثُ۔

۱۰۱۳: حضرت عوف بن مالکؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو نماز جنازہ میں دعا پڑھتے ہوئے سنا تو مجھے آپ ﷺ کی یہ دعا سمجھ آئی ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَهٗ ......'' ترجمہ (اے اللہ اس کی مغفرت فرما، اس پر رحم فرما اور اسکے گناہوں کو (رحمت) کے اولوں سے اس طرح دھو دے جس طرح کپڑا دھویا جاتا ہے) امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ فرماتے ہیں اس باب میں یہ حدیث سب سے زیادہ صحیح ہے

## ۶۹۸: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْقِرَاءَةِ عَلَی الْجَنَازَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

## ۶۹۸: باب نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ پڑھنا

۱۰۱۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَازَیْدُ بْنُ حُبَابٍ نَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ عُثْمَانَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَعَلَی الْجَنَازَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَفِی الْبَابِ عَنْ اُمِّ شَرِیْكٍ قَالَ اَبُوْعِیْسٰی حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثٌ لَیْسَ اِسْنَادُهٗ بِذَاكَ الْقَوِیِّ اِبْرَاهِیْمُ بْنُ عُثْمَانَ هُوَاَبُوْ شَیْبَةَ الْوَاسِطِیُّ مُنْكَرُالْحَدِیْثِ وَالصَّحِیْحُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَوْلُهٗ مِنَ السُّنَّةِ الْقِرَاءَةُعَلَی الْجَنَازَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ۔

۱۰۱۴: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ پڑھی۔ اس باب میں ام شریک رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما کی سند قوی نہیں۔ ابراہیم بن عثمان یعنی ابوشیبہ واسطی منکر الحدیث ہے اور صحیح ابن عباسؓ سے یہی ہے کہ انہوں نے کہا (یعنی ابن عباس رضی اللہ عنہما نے) کہ نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ پڑھنا سنت ہے۔

۱۰۱۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَاعَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِیٍّ نَا سُفْیَانُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ صَلّٰی عَلٰی جَنَازَةٍ فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَقُلْتُ لَهٗ فَقَالَ اِنَّهٗ مِنَ السُّنَّةِ اَوْمِنْ تَمَامِ السُّنَّةِ قَالَ اَبُوْعِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِ هِمْ یَخْتَارُوْنَ اَنْ یُقْرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ بَعْدَ التَّكْبِیْرَةِ الْاُوْلٰی وَهُوَ قَوْلُ

۱۰۱۵: حضرت طلحہ بن عبداللہ بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ایک مرتبہ جنازے کی نماز پڑھی تو اس میں سورہ فاتحہ بھی پڑھی۔ میں نے ان سے اس کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا: یہ سنت ہے یا فرمایا ''مِنْ تَمَامِ السُّنَّةِ'' تکمیل سنت سے ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اسی پر بعض علماء صحابہ رضی اللہ عنہم اور دوسرے علماء کا عمل ہے۔ وہ تکبیر اولیٰ کے بعد سورہ فاتحہ کا پڑھنا پسند کرتے ہیں۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ

الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ لَا يَقْرَءُ فِي الصَّلٰوةِ عَلَى الْجَنَازَةِ اِنَّمَاهُوَ الثَّنَاءُ عَلَى اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ عَلٰى نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالدُّعَاءُ لِلْمَيِّتِ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَغَيْرِهٖ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ.

" کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ نہ پڑھے کیونکہ یہ (نماز جنازہ) اللہ تعالیٰ کی ثناء، درود شریف اور میّت کے لئے دعا پر مشتمل ہے۔ سفیان ثوریؒ اور اہل کوفہ (احناف) کا یہی قول ہے۔

## ۶۹۹ : بَابُ كَيْفَ الصَّلٰوةُ عَلَى الْمَيِّتِ وَالشَّفَاعَةُ لَهٗ

## ۶۹۹: باب نماز جنازہ کی کیفیت اور میّت کے لئے شفاعت کرنا

۱۰۱۶ : حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَاعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ وَيُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ يَزِيْدَ ابْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ مَرْثَدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ قَالَ كَانَ مَالِكُ بْنُ هُبَيْرَةَ اِذَا صَلّٰى عَلٰى جَنَازَةٍ فَتَقَالَ النَّاسُ عَلَيْهَا جَزَّأَهُمْ ثَلٰثَةَ اَجْزَاءٍ ثُمَّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ ثَلٰثَةُ صُفُوْفٍ فَقَدْ اَوْجَبَ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَاُمِّ حَبِيْبَةَ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَمَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ مَالِكِ بْنِ هُبَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ هٰكَذَا رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ وَرَوٰى اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَاَدْخَلَ بَيْنَ مَرْثَدٍ وَمَالِكِ بْنِ هُبَيْرَةَ رَجُلًا وَرِوَايَةُ هٰؤُلَاءِ اَصَحُّ عِنْدَنَا.

۱۰۱۶: حضرت مرثد بن عبداللہ یزنی سے روایت ہے کہ مالک بن ہبیرہ جب نماز جنازہ پڑھتے اور لوگ کم ہوتے تو انہیں تین صفوں میں تقسیم کر دیتے۔ پھر فرماتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس میّت پر تین صفوں نے نماز پڑھی اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔ اس باب میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، ام حبیبہ رضی اللہ عنہا، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، اور میمونہ رضی اللہ عنہا (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی) سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث مالک بن ہبیرہ حسن صحیح ہے۔ کئی راوی ابو اسحٰق سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔ ابراہیم بن سعد بھی محمد بن اسحٰقؒ سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں اور مرثد اور مالک بن ہبیرہ کے درمیان ایک اور آدمی کا ذکر کرتے ہیں۔ ہمارے نزدیک پہلی روایت زیادہ صحیح ہے۔

۱۰۱۷ : حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ عَنْ اَيُّوْبَ وَثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَانَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ رَضِيْعٍ كَانَ لِعَائِشَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَمُوْتُ اَحَدٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَتُصَلِّيْ عَلَيْهِ اُمَّةٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَبْلُغُوْا اَنْ يَكُوْنُوْا مِائَةً فَيَشْفَعُوْا لَهٗ اِلَّا شُفِّعُوْا فِيْهِ وَقَالَ عَلِيٌّ فِيْ حَدِيْثِهٖ مِائَةٌ فَمَا فَوْقَهَا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ اَوْقَفَهٗ بَعْضُهُمْ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

۱۰۱۷: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمانوں میں سے کوئی شخص ایسا نہیں کہ جس کی موت کے بعد نماز جنازہ میں مسلمانوں کی ایک جماعت جس کی تعداد (۱۰۰) سو تک ہو وہ سب اس کے لیے شفاعت کریں اور ان کی شفاعت قبول نہ کی جائے۔ علی رضی اللہ عنہ اپنی نقل کردہ حدیث میں کہتے ہیں کہ ان کی تعداد (۱۰۰) سو یا اس سے زیادہ ہو۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا حسن صحیح ہے بعض راوی اسے موقوفاً روایت کرتے ہیں۔

## ۷۰۰: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ کَرَاھِیَۃِ الصَّلٰوۃِ عَلَی الْجَنَازَۃِ عِنْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَعِنْدَ غُرُوْبِھَا

۱۰۱۸: حَدَّثَنَا ھَنَّادٌ نَاوَکِیْعٌ عَنْ مُوْسَی بْنِ عُلَیِّ ابْنِ رَبَاحٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عُقْبَۃَ بْنِ عَامِرِ الْجُھَنِیِّ قَالَ ثَلٰثُ سَاعَاتٍ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ یَنْھَانَا اَنْ نُصَلِّیَ فِیْھِنَّ اَوْنَقْبُرَ فِیْھِنَّ مَوْتَانَا حِیْنَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ بَازِغَۃً حَتّٰی تَرْتَفِعَ وَحِیْنَ تَقُوْمُ قَائِمُ الظَّھِیْرَۃِ حَتّٰی تَمِیْلَ وَحِیْنَ تَضَیَّفُ لِلْغُرُوْبِ حَتّٰی تَغْرُبَ قَالَ اَبُوْعِیْسٰی ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَھْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ ﷺ وَغَیْرِ ھِمْ یَکْرَھُوْنَ الصَّلٰوۃَ عَلَی الْجَنَازَۃِ فِیْ ھٰذِہِ السَّاعَاتِ وَقَالَ ابْنُ الْمُبَارَکِ مَعْنٰی ھٰذَا الْحَدِیْثِ وَاَنْ نَقْبُرَ فِیْھِنَّ مَوْتَانَا یَعْنِی الصَّلٰوۃَ عَلَی الْجَنَازَۃِ وَکَرِہَ الصَّلٰوۃَ عَلَی الْجَنَازَۃِ عِنْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَ عِنْدَ غُرُوْبِھَا وَاِذَا انْتَصَفَ النَّھَارُحَتّٰی تَزُوْلَ الشَّمْسُ وَھُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ الشَّافِعِیُّ لَابَاْسَ اَنْ یُصَلّٰی عَلَی الْجَنَازَۃِ فِی السَّاعَاتِ الَّتِیْ تُکْرَہُ فِیْھِنَّ الصَّلٰوۃُ۔

## ۷۰۰: باب طلوع وغروب آفتاب کے وقت نماز جنازہ پڑھنا مکروہ ہے

۱۰۱۸: حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تین اوقات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں نماز جنازہ پڑھنے اور رمیت کو دفنانے سے منع فرمایا کرتے تھے۔ طلوع آفتاب کے وقت یہاں تک کہ سورج بلند ہو جائے۔ دوپہر کے وقت یہاں تک کہ سورج ڈھل جائے اور غروب آفتاب کے وقت یہاں تک کہ سورج پوری طرح ڈوب نہ جائے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دیگر علماء کا اسی پر عمل ہے کہ ان اوقات میں نماز جنازہ پڑھنا مکروہ ہے۔ ابن مبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مردوں کی تدفین سے ان اوقات میں منع کرنے کا مطلب یہی ہے کہ نماز جنازہ نہ پڑھی جائے۔ ان کے نزدیک ان اوقات میں نماز جنازہ پڑھنا مکروہ ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ اور اسحٰق رحمہ اللہ کا بھی یہی قول ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ ان اوقات میں نماز جنازہ پڑھنا مکروہ نہیں۔

**خلاصۃ الابواب:** (۱) اس حدیث کی بنا پر ائمہ اور جمہور کا مسلک یہ ہے کہ نماز جنازہ چار تکبیرات پر مشتمل ہے دراصل نبی کریم ﷺ سے نماز جنازہ میں چار سے لیکر نو تک تکبیر ثابت ہیں لیکن جمہور ائمہ نے چار کو ترجیح دی ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ سے ثابت ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت علیؓ کی والدہ فاطمہ بنت اسد کی نماز جنازہ میں چار تکبیرات کہیں اس اجتماع میں حضرات شیخین اور حضرت علیؓ کے علاوہ حضرت عباسؓ، حضرت ابوایوب انصاریؓ، حضرت اسامہ بن زیدؓ جیسے جلیل القدر حضرات صحابہؓ بھی موجود تھے اس کے علاوہ بھی احادیث میں چار تکبیرات کا ذکر ہے۔ (۲) حدیث نمبر ۱۵، ۱۰۱۴۔ شافعیہ اور حنابلہ کی دلیل ہے کہ نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ پڑھنا واجب ہے جبکہ امام ابوحنیفہؒ، امام مالکؒ کا مسلک یہ ہے کہ سورہ فاتحہ کا پڑھنا واجب نہیں ان کی دلیل مؤطاء امام مالکؒ کی روایت سے ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نماز جنازہ میں قراءت نہیں کرتے تھے اس لئے فقہاء مدینہ کا عمل بھی یہ بیان کیا ہے کہ وہ جنازہ میں فاتحہ نہیں پڑھتے پھر عالمگیریہ میں یہ تفصیل لکھی ہے کہ اگر نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ دعاء کی نیت سے پڑھ لی جائے تو کوئی حرج نہیں البتہ قراءت کی نیت سے نہ پڑھی جائے اس لئے کہ وہ قراءت کا محل نہیں۔ (۳) جمہور ائمہ کا مسلک یہ ہے کہ اوقات مکروہ میں جس طرح پانچ وقتی نمازیں پڑھنا مکروہ ہیں اسی طرح ان اوقات میں نماز جنازہ پڑھنا بھی مکروہ ہے۔ (۴) حدیث نمبر ۱۰۱۸ سے استدلال کر کے امام شافعیؒ اور امام احمدؒ اس بات کے قائل ہیں کہ مسجد میں نماز جنازہ پڑھنے میں کوئی حرج نہیں جبکہ امام ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک مسجد میں مکروہ ہے ان کے دلائل صحیح بخاری سنن ابی داؤد اور صحیح مسلم کی روایات ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## ۷۰۱: بَابُ فِي الصَّلٰوةِ عَلَى الْاَطْفَالِ

۱۰۱۹: حَدَّثَنَا بِشْرُبْنُ اٰدَمَ بْنِ بِنْتِ اَزْهَرَ السَّمَّانُ نَااِسْمٰعِيْلُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ نَااَبِيْ عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرَّاكِبُ خَلْفَ الْجَنَازَةِ وَالْمَاشِيْ حَيْثُ يَشَاءُ مِنْهَا وَالطِّفْلُ يُصَلّٰى عَلَيْهِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرَوٰى اِسْرَائِيْلُ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ قَالُوْا يُصَلّٰى عَلَى الطِّفْلِ وَاِنْ لَمْ يَسْتَهِلَّ بَعْدَ اَنْ يُعْلَمَ اَنَّهٗ خُلِقَ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ.

## ۷۰۱: باب بچوں کی نماز جنازہ

۱۰۱۹: حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سوار جنازہ کے پیچھے رہے اور پیدل چلنے والے جہاں جی چاہے (آگے یا پیچھے) وہاں چلے اور لڑکے پر بھی نماز جنازہ پڑھی جائے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اسرائیل اور کئی راوی یہ حدیث سعید بن عبداللہ سے روایت کرتے ہیں۔ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دیگر علماء اس حدیث پر عمل کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ بچے پر نماز جنازہ پڑھی جائے اگر چہ وہ پیدا ہونے کے بعد رویا بھی نہ ہو صرف اس کی شکل ہی بنی ہو۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۷۰۲: بَابُ مَاجَاءَ فِي تَرْكِ الصَّلٰوةِ عَلَى الطِّفْلِ حَتّٰى يَسْتَهِلَّ

۱۰۲۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ نَامُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الطِّفْلُ لَا يُصَلّٰى عَلَيْهِ وَلَا يَرِثُ وَلَا يُوْرَثُ حَتّٰى يَسْتَهِلَّ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ قَدِاضْطَرَبَ النَّاسُ فِيْهِ فَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرْفُوْعًا وَرَوٰى اَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ مَوْقُوْفًا وَكَاَنَّ هٰذَا اَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْمَرْفُوْعِ وَقَدْذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِلٰى هٰذَا وَقَالُوْا لَا يُصَلّٰى عَلَى الطِّفْلِ حَتّٰى يَسْتَهِلَّ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ.

## ۷۰۲: باب اگر بچہ پیدا ہونے کے بعد نہ روئے تو اس کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے

۱۰۲۰: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بچہ جب تک پیدا ہونے کے بعد روئے نہیں اس کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے۔ اور نہ وہ کسی کا وارث ہوتا ہے اور نہ ہی اس کا کوئی وارث۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں اس حدیث میں اضطراب ہے۔ بعض راوی اس حدیث کو ابوزبیر سے وہ جابرؓ سے اور وہ نبی ﷺ سے موقوفاً روایت کرتے ہیں۔ اشعث بن سوار اور کئی راوی حضرت جابرؓ سے موقوفاً انہی کا قول روایت کرتے ہیں۔ اور یہ مرفوع حدیث کے مقابلے میں زیادہ صحیح ہے۔ بعض اہل علم کا یہی مسلک ہے کہ اگر بچہ پیدائش کے بعد روئے نہیں تو اس کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے۔ ثوریؒ اور شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۷۰۳: بَابُ مَاجَاءَ فِي الصَّلٰوةِ عَلَى الْمَيِّتِ فِي الْمَسْجِدِ

۱۰۲۱: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَاعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ حَمْزَةَ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

## ۷۰۳: باب مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا

۱۰۲۱: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سہیل بن بیضاء کی نماز

الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى سُهَيْلِ بْنِ الْبَيْضَاءِ فِي الْمَسْجِدِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالَ الشَّافِعِيُّ قَالَ مَالِكٌ يُصَلّٰى عَلَى الْمَيِّتِ فِي الْمَسْجِدِ وَقَالَ الشَّافِعِيُّ يُصَلّٰى عَلَى الْمَيِّتِ فِي الْمَسْجِدِ وَاحْتَجَّ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ.

جنازہ مسجد میں پڑھی۔ امام ابوعیسٰی ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ امام مالکؒ نے فرمایا کہ مسجد میں نماز جنازہ نہ پڑھی جائے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ مسجد میں نماز جنازہ پڑھی جائے۔ امام شافعیؒ نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے۔

## ۷۰۴: بَابُ مَاجَاءَ اَيْنَ يَقُوْمُ الْاِمَامُ مِنَ الرَّجُلِ وَالْمَرْأَةِ

## ۷۰۴: باب مرد اور عورت کی نماز جنازہ میں امام کہاں کھڑا ہو

۱۰۲۲: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ اَبِيْ غَالِبٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَلٰى جَنَازَةِ رَجُلٍ فَقَامَ حِيَالَ رَأْسِهٖ ثُمَّ جَاؤُوا بِجَنَازَةِ امْرَأَةٍ مِنْ قُرَيْشٍ فَقَالُوْا يَا اَبَا حَمْزَةَ صَلِّ عَلَيْهَا فَقَامَ حِيَالَ وَسْطِ السَّرِيْرِ فَقَالَ لَهُ الْعَلَاءُ بْنُ زِيَادٍ هٰكَذَا رَاَيْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَى الْجَنَازَةِ مَقَامَكَ مِنْهَا وَمِنَ الرَّجُلِ مَقَامَكَ مِنْهُ قَالَ نَعَمْ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ احْفَظُوْا وَفِي الْبَابِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اَنَسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ هَمَّامٍ مِثْلَ هٰذَا وَرَوٰى وَكِيْعٌ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ هَمَّامٍ فَوَهِمَ فِيْهِ فَقَالَ عَنْ غَالِبٍ عَنْ اَنَسٍ وَالصَّحِيْحُ عَنْ اَبِيْ غَالِبٍ وَقَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَبْدُ الْوَارِثِ ابْنُ سَعِيْدٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ اَبِيْ غَالِبٍ مِثْلَ رِوَايَةِ هَمَّامٍ وَاخْتَلَفُوْا فِي اسْمِ اَبِيْ غَالِبٍ هٰذَا فَقَالَ بَعْضُهُمْ يُقَالُ اِسْمُهٗ نَافِعٌ وَيُقَالُ رَافِعٌ وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِلٰى هٰذَا وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ.

۱۰۲۲: حضرت ابوغالب سے روایت ہے کہ میں نے انس بن مالکؓ کے ساتھ ایک شخص کی نماز جنازہ پڑھی وہ اس کے سر کے مقابل کھڑے ہوئے۔ پھر لوگ ایک قریشی عورت کا جنازہ لائے اور ان سے کہا گیا: اے ابوحمزہ اس کی نماز جنازہ پڑھایئے۔ آپ چارپائی کے درمیان کے مقابل کھڑے ہوئے۔ اس پر حضرت علاء بن زید نے ان سے پوچھا کیا آپؓ نے نبی کریم ﷺ کو مرد اور عورت کا نماز جنازہ پڑھاتے ہوئے اس جگہ کھڑے ہوتے ہوئے دیکھا ہے جہاں آپؓ کھڑے ہوئے۔ فرمایا ہاں۔ پھر جب جنازہ سے فارغ ہوئے تو آپؓ نے فرمایا اسے یاد رکھو۔ اس باب میں حضرت سمرہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسٰی ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث انسؓ حسن ہے۔ کئی راوی ہمام سے اسی کے مثل روایت کرتے ہیں۔ وکیع یہ حدیث ہمام سے روایت کرتے ہوئے وہم کرتے ہیں۔ وکیع اپنی روایت میں کہتے ہیں کہ غالب سے روایت ہے جب کہ صحیح ابوغالب ہے۔ پھر عبدالوارث بن سعد اور کئی راوی بھی یہ حدیث ابوغالب سے ہمام ہی کے مثل روایت کرتے ہیں۔ ابوغالب کے نام میں اختلاف ہے۔ بعض نافع اور بعض رافع کہتے ہیں۔ بعض اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے۔ امام احمدؒ، اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

۱۰۲۳: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ وَالْفَضْلُ

۱۰۲۳: حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی

بْنُ مُوْسٰی عَنِ الْحُسَیْنِ الْمُعَلِّمِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰی عَلٰی امْرَاَةٍ فَقَامَ وَسَطَهَاقَالَ اَبُوْعِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرَوٰی شُعْبَةُ عَنِ الْحُسَیْنِ الْمُعَلِّمِ.

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کی نماز جنازہ پڑھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنازہ کے وسط میں کھڑے ہوئے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ شعبہ نے حسین معلم سے اسے روایت کیا ہے۔

## ۷۰۵: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ تَرْکِ الصَّلٰوةِ عَلَی الشَّهِیْدِ

## ۷۰۵: باب شہید پر نماز جنازہ نہ پڑھنا

۱۰۲۴: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدِنَااللَّیْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ کَعْبِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ اَخْبَرَهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَجْمَعُ بَیْنَ الرَّجُلَیْنِ مِنْ قَتْلٰی اُحُدٍ فِی الثَّوْبِ الْوَاحِدِ ثُمَّ یَقُوْلُ اَیُّهُمَا اَکْثَرُ حِفْظًا لِلْقُرْاٰنِ فَاِذَااُشِیْرَلَهُ اِلٰی اَحَدِهِمَا قَدَّمَهُ فِی اللَّحْدِ فَقَالَ اَنَا شَهِیْدٌ عَلٰی هٰؤُلَاءِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَاَمَرَبِدَفْنِهِمْ فِیْ دِمَائِهِمْ وَ لَمْ یُصَلِّ عَلَیْهِمْ وَلَمْ یُغَسَّلُوْا وَفِی الْبَابِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ جَابِرٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرُوِیَ هٰذَا الْحَدِیْثُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَرُوِیَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ ابْنِ اَبِیْ صُعَیْرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْهُمْ مَنْ ذَکَرَهُ عَنْ جَابِرٍ وَقَدِ اخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِی الصَّلٰوةِ عَلَی الشَّهِیْدِ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لَایُصَلّٰی عَلَی الشَّهِیْدِ وَهُوَ قَوْلُ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ وَبِهٖ یَقُوْلُ الشَّافِعِیُّ وَ اَحْمَدُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ یُصَلّٰی عَلَی الشَّهِیْدِ وَاحْتَجُّوْا بِحَدِیْثِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ صَلّٰی عَلٰی حَمْزَةَ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِیِّ وَاَهْلِ الْکُوْفَةِ وَبِهٖ یَقُوْلُ اِسْحٰقُ.

۱۰۲۴: حضرت عبدالرحمٰن بن کعب بن مالکؓ سے روایت ہے کہ جابر بن عبداللہؓ نے مجھے بتایا کہ نبی اکرم ﷺ شہدائے احد میں سے دودو آدمیوں کوایک ہی کپڑے میں کفن دینے کے بعد پوچھتے کہ ان میں سے کون زیادہ قرآن کا حافظ ہے جب ان میں سے ایک کی طرف اشارہ کیا جاتا تو آپ ﷺ اسے قبر میں آگے کرتے اور فرماتے میں قیامت کے دن ان سب پر گواہ ہوں گا۔ آپ ﷺ نے ان سب کوان کے خون سمیت دفن کرنے کا حکم دیا اور نہ تو اس کی نماز جنازہ پڑھی اور نہ ہی انہیں غسل دیا گیا۔ اس باب میں حضرت انسؓ بن مالکؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت جابرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اور زہری سے بحوالہ انسؓ مرفوعاً مروی ہے۔ زہری عبداللہ بن ثعلبہ بن ابوصغیر سے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ جب کہ کچھ راوی حضرت جابرؓ سے بھی روایت کرتے ہیں۔ اہل علم کا شہید کی نماز جنازہ پڑھنے کے بارے میں اختلاف ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ شہداء کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے۔ اہل مدینہ، امام شافعیؒ اور احمدؒ کا یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ شہید کی نماز جنازہ پڑھی جائے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے حمزہؓ کی نماز جنازہ پڑھی۔ سفیان ثوریؒ، اہل کوفہ (احناف) اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

## ۷۰۶: بَابُ مَاجَاءَ فِی الصَّلٰوةِ عَلَی الْقَبْرِ

## ۷۰۶: باب قبر پر نماز جنازہ پڑھنا

۱۰۲۵: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَاهُشَیْمٌ اَخْبَرَنَا الشَّیْبَانِیُّ نَا الشَّعْبِیُّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَنْ رَاَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَرَاٰی قَبْرًا مُنْتَبِذًا فَصَفَّ

۱۰۲۵: شعبی کہتے ہیں کہ مجھ سے اس آدمی نے بیان کیا جس نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا اور اس نے ایک اکیلی قبر دیکھی جس پر نبی کریم ﷺ نے صحابہ کرامؓ کی صف بندی فرمائی اور نماز جنازہ

اَصْحَابُهُ فَصَلّٰى عَلَيْهِ فَقِيْلَ لَهُ مَنْ اَخْبَرَكَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَبُرَيْدَةَ وَيَزِيْدَ ابْنِ ثَابِتٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ وَاَبِيْ قَتَادَةَ وَسَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ لَايُصَلّٰى عَلَى الْقَبْرِ وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَقَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ اِذَا دُفِنَ الْمَيِّتُ وَلَمْ يُصَلَّ عَلَيْهِ صُلِّيَ عَلَى الْقَبْرِ وَقَالَ اَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ يُصَلّٰى عَلَى الْقَبْرِ اِلٰى شَهْرٍ وَقَالَا اَكْثَرُ مَاسَمِعْنَا عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلٰى قَبْرِ اُمِّ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ بَعْدَ شَهْرٍ.

پڑھائی۔ شعبی سے پوچھا گیا کہ وہ کون ہے جس نے آپ ﷺ کو یہ واقعہ سنایا؟ انہوں نے فرمایا کہ حضرت ابن عباسؓ۔ اس باب میں حضرت انسؓ، بریدہؓ، یزید بن ثابتؓ ابوہریرہؓ، عامر بن ربیعہؓ، ابوقتادہؓ اور سہل بن حنیفؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن عباسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اکثر صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء کا اس پر عمل ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ قبر پر نماز جنازہ نہ پڑھی جائے۔ امام مالکؒ کا بھی یہی قول ہے۔ ابن مبارکؒ فرماتے ہیں کہ اگر میّت کو نماز جنازہ پڑھے بغیر دفن کیا جائے تو قبر پر نماز جنازہ پڑھی جائے۔ ابن مبارکؒ کے نزدیک قبر پر نماز جنازہ پڑھنا جائز ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ فرماتے ہیں کہ قبر پر ایک ماہ تک نماز جنازہ پڑھنا جائز ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے سعید بن مسیّبؒ سے اکثر سنا ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ام سعد بن عبادہؓ کی قبر پر ایک ماہ بعد نماز جنازہ پڑھی۔

۱۰۲۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَايَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ اُمَّ سَعْدٍ مَاتَتْ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَائِبٌ فَلَمَّا قَدِمَ صَلّٰى عَلَيْهَا وَقَدْ مَضٰى لِذٰلِكَ شَهْرٌ.

۱۰۲۶: حضرت سعید بن مسیّبؒ سے روایت ہے کہ ام سعدؓ نبی اکرم ﷺ کی غیر موجودگی میں فوت ہوگئیں۔ پھر آپ ﷺ واپس تشریف لائے تو ان پر نماز جنازہ پڑھی جب کہ ان کی وفات کو ایک ماہ ہوگیا تھا۔

## ۷۰۷: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ صَلٰوةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النَّجَاشِيِّ

## ۷۰۷: باب نبی اکرم ﷺ کا نجاشی کی نماز جنازہ پڑھنا

۱۰۲۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَلَفٍ وَ حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ قَالَا نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ نَايُوْنُسُ ابْنُ عُبَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَخَاكُمُ النَّجَاشِيَّ قَدْمَاتَ فَقُوْمُوْا فَصَلُّوْا عَلَيْهِ قَالَ فَقُمْنَا وَصَفَفْنَا كَمَايُصَفُّ عَلَى الْمَيِّتِ وَصَلَّيْنَا عَلَيْهِ كَمَا يُصَلّٰى عَلَى الْمَيِّتِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَ اَبِيْ

۱۰۲۷: حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا۔ تمہارے بھائی نجاشی کا انتقال ہوگیا ہے۔ چلو اٹھو اور ان کی نماز جنازہ پڑھو۔ حضرت عمران کہتے ہیں ہم کھڑے ہوئے اور اسی طرح صفیں بنائیں جس طرح نماز جنازہ میں صفیں بنائی جاتی ہیں۔ اور نماز جنازہ پڑھی جس طرح میت پر پڑھی جاتی ہے۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ، ابو سعید رضی اللہ عنہ، حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ اور جریر بن

سَعِيدٍ وَحُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ وَجَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَبُوْ عِيسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْرَوَاهُ اَبُوْ قِلَابَةَ عَنْ عَمِّهٖ اَبِى الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَاَبُوالْمُهَلَّبِ اسْمُهٗ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو وَيُقَالُ لَهٗ مُعَاوِيَةُ ابْنُ عَمْرٍو.

عبداللہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ابو قلابہ بھی یہ حدیث اپنے چچا ابومہلب سے اور وہ عمران بن حصین سے روایت کرتے ہیں ۔ ابو مہلب کا نام عبدالرحمٰن بن عمرو ہے۔انہیں معاویہ بن عمرو بھی کہتے ہیں۔

## ۷۰۸: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ فَضْلِ الصَّلٰوةِ عَلَى الْجَنَازَةِ

## ۷۰۸: باب نماز جنازہ کی فضلیت

۱۰۲۸ : حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو نَا اَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلٰى جَنَازَةٍ فَلَهٗ قِيْرَاطٌ وَمَنْ تَبِعَهَا حَتّٰى يُقْضٰى دَفْنُهَا فَلَهٗ قِيْرَاطَانِ اَحَدُ هُمَا اَوْ اَصْغَرُ هُمَا مِثْلُ اُحُدٍ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِابْنِ عُمَرَ فَاَرْسَلَ اِلٰى عَائِشَةَ فَسَاَلَهَا عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَتْ صَدَقَ اَبُوْهُرَيْرَةَ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ لَقَدْ فَرَّطْنَا فِىْ قَرَارِيْطَ كَثِيْرَةٍ قَالَ وَ فِى الْبَابِ عَنِ الْبَرَاءِ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَبِىْ سَعِيْدٍ وَاُبَىِّ بْنِ كَعْبٍ وَابْنِ عُمَرَ وَثَوْبَانَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِىَ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

۱۰۲۸: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص نماز جنازہ پڑھے اس کے لئے ایک قیراط ثواب اور جو جنازہ کے پیچھے چلا یہاں تک کہ دفن سے فارغ ہوا تو اس کے لئے دو قیراط۔جن میں سے ایک یا فرمایا ان دونوں میں سے چھوٹا قیراط احد پہاڑ کے برابر ہے۔حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں میں نے اس حدیث کا ابن عمرؓ سے تذکرہ کیا تو انہوں نے حضرت عائشہؓ کے پاس کسی کو بھیج کر اس کے بارے میں دریافت کیا۔حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ ابو ہریرہؓ نے سچ کہا ہے ۔حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا: ہم نے تو بہت سے قیراطوں کا نقصان کر دیا۔اس باب میں حضرت براءؓ،عبداللہ بن مغفلؓ،عبداللہ بن مسعودؓ،ابوسعیدؓ،ابی بن کعبؓ وابن عمرؓ اور ثوبانؓ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے اور حضرت ابو ہریرہؓ ہی سے کئی سندوں سے مروی ہے۔

## ۷۰۹: بَابُ اٰخَرُ

## ۷۰۹: دوسرا باب

۱۰۲۹ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ نَا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْمُهَزَّمِ يَقُوْلُ صَحِبْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ عَشْرَ سِنِيْنَ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً وَحَمَلَهَا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَقَدْ قَضٰى مَا عَلَيْهِ مِنْ حَقِّهَا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ لَمْ يَرْفَعْهُ وَاَبُو الْمُهَزَّمِ اسْمُهٗ

۱۰۲۹: ابومہزم کہتے ہیں: میں دس سال تک ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحبت میں رہا۔میں نے ان سے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو جنازے کے ساتھ چلا اور اسے تین مرتبہ اٹھایا (یعنی کندھا دیا) اس نے اس کا حق ادا کر دیا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔بعض راوی یہ حدیث اسی سند سے غیر مرفوع روایت کرتے ہیں ۔ابومہزم کا نام یزید بن سفیان ہے۔شعبہ انہیں

يَزِيْدُ بْنُ سُفْيَانَ وَ ضَعَّفَهُ شُعْبَةُ.

ضعیف کہتے ہیں۔

## ۷۱۰: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْقِيَامِ لِلْجَنَازَةِ

۱۰۳۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ نَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُوْمُوْا لَهَا حَتّٰى تُخَلِّفَكُمْ اَوْ تُوْضَعَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَجَابِرٍ وَ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ وَقَيْسِ بْنِ سَعْدٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

## ۷۱۰: باب جنازہ کے لئے کھڑا ہونا

۱۰۳۰: حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جایا کرو یہاں تک کہ وہ گزر جائے یا رکھ دیا جائے۔ اس باب میں حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ، جابر رضی اللہ عنہ، سہیل بن حنیف رضی اللہ عنہ، قیس بن سعد رضی اللہ عنہ، اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۳۱: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ وَالْحَسَنُ ابْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُوْمُوْا فَمَنْ تَبِعَهَا فَلَا يَقْعُدَنَّ حَتّٰى تُوْضَعَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِيْ سَعِيْدٍ فِيْ هٰذَا الْبَابِ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ قَالَا مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَلَا يَقْعُدَنَّ حَتّٰى تُوْضَعَ عَنْ اَعْنَاقِ الرِّجَالِ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَتَقَدَّمُوْنَ الْجَنَازَةَ وَيَقْعُدُوْنَ قَبْلَ اَنْ تَنْتَهِيَ اِلَيْهِمُ الْجَنَازَةُ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ.

۱۰۳۱: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جاؤ تم میں سے جو آدمی جنازے کے ساتھ ہو تو جب تک جنازہ رکھ نہ دیا جائے ہرگز نہ بیٹھے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابو سعید رضی اللہ عنہ اس باب میں حسن صحیح ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے کہ جنازے کے ساتھ آنے والا شخص اس کے نیچے رکھے جانے تک نہ بیٹھے۔ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دیگر اہل علم سے مروی ہے کہ وہ جنازہ کے آگے آگے چلتے تھے اور جنازہ پہنچنے سے پہلے بیٹھ جاتے۔ امام شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۷۱۱: بَابُ فِي الرُّخْصَةِ فِيْ تَرْكِ الْقِيَامِ لَهَا

۱۰۳۲: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ وَاقِدٍ وَهُوَ ابْنُ عَمْرِو بْنِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ مَسْعُوْدِ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَنَّهُ ذُكِرَ الْقِيَامُ فِي الْجَنَائِزِ حَتّٰى تُوْضَعَ فَقَالَ عَلِيٌّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَعَدَ وَفِي الْبَابِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

## ۷۱۱: باب جنازہ کے لئے کھڑا نہ ہونا

۱۰۳۲: حضرت علی بن ابی طالبؓ سے منقول ہے کہ انہوں نے جنازہ کی آمد پر اس کے رکھے جانے تک کھڑے رہنے کا ذکر کیا گیا تو آپؓ نے فرمایا۔ نبی اکرم ﷺ شروع میں کھڑے ہوتے تھے پھر بیٹھنے لگے۔ اس باب میں حسن بن علیؓ اور ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں تابعین کرامؒ سے

اَبُوعِيْسٰى حَدِيْثُ عَلِيٍّ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِيْهِ رِوَايَةُ اَرْبَعَةٍ مِنَ التَّابِعِيْنَ بَعْضُهُمْ عَنْ بَعْضٍ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالَ الشَّافِعِيُّ وَهٰذَا اَصَحُّ شَيْءٍ فِيْ هٰذَا الْبَابِ نَاسِخٌ لِلْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ اِذَا رَاَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُوْمُوْا وَقَالَ اَحْمَدُ اِنْ شَاءَ قَامَ وَاِنْ شَاءَ لَمْ يَقُمْ وَاحْتَجَّ بِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْرُوِيَ عَنْهُ اَنَّهُ قَامَ ثُمَّ قَعَدَ وَهٰكَذَا قَالَ اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَمَعْنٰى قَوْلِ عَلِيٍّ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنَازَةِ ثُمَّ قَعَدَ يَقُوْلُ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْمُ اِذَا رَاَى الْجَنَازَةَ ثُمَّ تَرَكَ ذٰلِكَ بَعْدُ فَكَانَ لَا يَقُوْمُ اِذَا رَاَى الْجَنَازَةَ.

چار روایتیں ہیں۔ جوایک دوسرے سے روایت کرتے ہیں۔ اس پر بعض اہل علم کا عمل ہے امام شافعیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اس باب میں اصح ہے اور پہلی حدیث کو منسوخ کرتی ہے جس میں یہ فرمایا گیا کہ جنازہ دیکھ کر کھڑے ہوجاؤ۔ امام احمدؒ فرماتے ہیں اگر چاہے تو کھڑا ہو ورنہ بیٹھا رہے۔ کیونکہ نبی اکرم ﷺ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ شروع میں کھڑے ہوا کرتے تھے لیکن بعد میں بیٹھے رہتے۔ اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ حضرت علیؓ کی حدیث کا مطلب یہی ہے کہ نبی اکرم ﷺ شروع شروع میں جنازہ کے لئے کھڑے ہوجایا کرتے تھے لیکن بعد میں آپ ﷺ نے کھڑا ہونا ترک کردیا اور جب آپ ﷺ جنازہ دیکھتے تو کھڑے نہ ہوتے۔

## ۷۱۲: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّحْدُ لَنَا وَالشَّقُّ لِغَيْرِنَا

## ۷۱۲: باب نبی اکرمؐ نے فرمایا کہ لحد ہمارے لیے ہیں اور شق دوسروں کے لئے ہے

۱۰۳۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ وَنَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوْفِيُّ وَيُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى الْقَطَّانُ الْبَغْدَادِيُّ قَالُوْا نَا حَكَّامُ بْنُ سَلْمٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّحْدُ لَنَا وَالشَّقُّ لِغَيْرِنَا وَفِي الْبَابِ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَعَائِشَةَ وَابْنِ عُمَرَ وَ جَابِرٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۰۳۳: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لحد[1] ہمارے لئے ہے اور شق[2] دوسرے لوگوں کے لئے۔ اس باب میں جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ، عائشہ رضی اللہ عنہا، ابن عمر رضی اللہ عنہما اور جابر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسٰی ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما اس سند سے غریب ہے۔

## ۷۱۳: بَابُ مَاجَاءَ مَايَقُوْلُ اِذَا اُدْخِلَ الْمَيِّتُ قَبْرَهٗ

## ۷۱۳: باب میّت کو قبر میں اُتارتے وقت کیا کہا جائے

۱۰۳۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ نَا خَالِدٌ الْاَحْمَرُ نَا الْحَجَّاجُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اُدْخِلَ الْمَيِّتُ الْقَبْرَ وَ قَالَ اَبُوْ

۱۰۳۴: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ جب میّت قبر میں رکھتے راوی کہتے ہیں کہ ابوخالد کی روایت میں یہ الفاظ ہیں: جب میّت لحد میں رکھی جاتی تو یہ دعا پڑھتے: "بِسْمِ اللّٰهِ

---

[1] لحد: قبر کو سیدھا کھودنے کے بعد نیچے سے ایک جانب کو کھودنے کو کہتے ہیں اگر زمین سخت ہو تو لحد افضل ہے۔

[2] شق: زمین کو سیدھا نیچے کی طرف کھودنے کو شق کہتے ہیں۔ نرم زمین میں شق مناسب ہے واللہ اعلم (مترجم)

خَالِدٍ اِذَا وُضِعَ الْمَيِّتُ فِيْ لَحْدِهٖ قَالَ مَرَّةً بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ اَيْضًا عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ اَبُو الصِّدِّيْقِ النَّاجِيُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِي الصِّدِّيْقِ النَّاجِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَوْقُوْفًا اَيْضًا.

وَبِاللّٰهِ ......" (ترجمہ) ہم اس میّت کو اللہ کے نام کے ساتھ اور رسول اللہ ﷺ کی شریعت پر قبر میں اتارتے ہیں) ابو خالد نے دوسری بار یہ دعا روایت کی "بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَعَلٰى سُنَّةِ ......" (مطلب دونوں کا ایک ہی ہے) امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے اور اس کے علاوہ بھی کئی سندوں سے حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے۔ ابن عمرؓ نبی اکرمؐ سے روایت کرتے ہیں۔ ابوصدیق ناجی نے بھی یہ حدیث ابن عمرؓ سے مرفوعاً روایت کی ہے اور ابوبکر ناجی کے واسطے سے بھی ابن عمرؓ سے مرفوعاً مروی ہے۔

**خلاصة الابواب :** شافعیہ اور اکثر احناف کا مسلک یہ ہے کہ امام مرد کے جنازے میں سر کے مقابل جبکہ عورت کے جنازے میں درمیان میں کھڑا ہوگا۔ امام ابوحنیفہؒ کی مشہور روایت یہ ہے کہ امام میّت کے سینے کے مقابل کھڑا ہو خواہ میّت مرد ہو یا عورت۔ امام ابو یوسفؒ کی مشہور روایت بھی یہی ہے شیخ ابن ہمام نے امام ابوحنیفہؒ کی اسی روایت کو راجح قرار دیا ہے اور دلیل کے طور پر امام احمدؒ کی ایک روایت ذکر کی ہے کہ حضرت انسؓ نے ایک جنازہ کی نماز پڑھی تو سینے کے برابر کھڑے ہوئے۔ واللہ اعلم۔ شہید کی نمازِ جنازہ کے بارے میں امام ابوحنیفہؒ کا مسلک یہ ہے کہ نماز جنازہ پڑھی جائے گی دلائل سنن ابن ماجہ، مسند احمد اور بخاری میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے شہداء احد کی نماز جنازہ پڑھی تھی۔

## ۷۱۴: بَابُ مَاجَاءَ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ يُلْقٰى تَحْتَ الْمَيِّتِ فِي الْقَبْرِ

## ۷۱۴: باب قبر میں میّت کے نیچے کپڑا بچھانا

۱۰۳۵: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ الطَّائِيُّ نَا عُثْمَانُ بْنُ فَرْقَدٍ قَالَ سَمِعْتُ جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ الَّذِيْ اَلْحَدَ قَبْرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبُوْ طَلْحَةَ وَالَّذِيْ اَلْقَى الْقَطِيْفَةَ تَحْتَهٗ شُقْرَانُ مَوْلٰى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَعْفَرٌ وَاَخْبَرَنِي ابْنُ اَبِيْ رَافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ شُقْرَانَ يَقُوْلُ اَنَا وَاللّٰهِ طَرَحْتُ الْقَطِيْفَةَ تَحْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقَبْرِ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ شُقْرَانَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَرَوٰى عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ فَرْقَدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ.

۱۰۳۵: جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ابوطلحہؓ نے لحد (قبر) کھودی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام شقران نے اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نیچے چادر بچھائی۔ جعفر کہتے ہیں مجھے ابن ابی رافع نے بتایا کہ میں نے شقران کو یہ کہتے ہوئے سنا: اللہ کی قسم میں نے ہی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نیچے چادر بچھائی تھی۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے۔ علی بن مدینی نے بھی یہ حدیث عثمان بن مرقد سے روایت کی ہے۔

۱۰۳۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ

۱۰۳۶: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِیْ حَمْزَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جُعِلَ فِیْ قَبْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطِيْفَةٌ حَمْرَاءُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرَوٰی شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ حَمْزَةَ الْقَصَّابِ وَاسْمُهٗ عِمْرَانُ بْنُ اَبِیْ عَطَاءٍ وَرُوِیَ عَنْ اَبِیْ جَمْرَةَ الضُّبَعِیِّ وَاسْمُهٗ نَصْرُبْنُ عِمْرَانَ وَكِلَاهُمَا مِنْ اَصْحَابِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَقَدْرُوِیَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ كَرِهَ اَنْ يُلْقٰی تَحْتَ الْمَيِّتِ فِی الْقَبْرِشَیْءٌ وَاِلٰی هٰذَا ذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ.

ﷺ کی قبر مبارک میں سرخ چادر بچھائی گئی۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ شعبہ نے اس حدیث کو ابوحمزہ قصاب سے روایت کیا۔ ان کا نام عمران بن ابوعطاء ہے اور ابوحمزہ ضبعی سے بھی روایت ہے۔ ان کا نام نصر بن عمران ہے۔ یہ دونوں حضرت ابن عباسؓ کے دوستوں میں سے ہیں۔ حضرات ابن عباسؓ سے یہ بھی مروی ہے کہ میّت کے نیچے قبر میں کچھ بچھانا مکروہ ہے۔ بعض اہل علم کا یہی مذہب ہے۔

۱۰۳۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَ يَحْيٰی عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِیْ جَمْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَهٰذَا اَصَحُّ.

۱۰۳۷: ایک اور جگہ محمد بن بشار کہتے ہیں کہ ہم سے روایت کی محمد بن جعفر اور یحییٰ نے شعبہ سے انہوں نے ابوحمزہ سے انہوں نے ابن عباسؓ سے اور یہ زیادہ صحیح ہے۔

## ۷۱۵: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ تَسْوِيَةِ الْقَبْرِ

## ۷۱۵: باب قبروں کو زمین کے برابر کر دینا

۱۰۳۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَاعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیِّ نَاسُفْيَانُ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ اَنَّ عَلِيًّا قَالَ لِاَبِی الْهَيَّاجِ الْاَسَدِیِّ اَبْعَثُكَ عَلٰی مَابَعَثَنِیْ بِهِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَاتَدَعَ قَبْرًا مُشْرِفًا اِلَّا سَوَّيْتَهٗ وَلَا تِمْثَالًا اِلَّا طَمَسْتَهٗ وَفِی الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی حَدِيْثُ عَلِیٍّ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ يَكْرَهُوْنَ اَنْ يُرْفَعَ الْقَبْرُ فَوْقَ الْاَرْضِ قَالَ الشَّافِعِیُّ اَكْرَهُ اَنْ يُرْفَعَ الْقَبْرُ اِلَّا بِقَدْرِ مَا يُعْرَفُ اَنَّهٗ قَبْرٌ لِكَيْلَا يُوْطَأَ وَلَا يُجْلَسَ عَلَيْهِ.

۱۰۳۸: حضرت ابووائل سے روایت ہے کہ حضرت علیؓ نے ابو ہیاج اسدی سے فرمایا میں تمہیں اُس کام کے لئے بھیج رہا ہوں جس کے لئے رسول اللہ ﷺ نے مجھے بھیجا تھا کہ تم کسی اونچی قبر کو زمین کے برابر کئے بغیر نہ چھوڑو اور نہ کسی تصویر کو مٹائے بغیر چھوڑو۔ اس باب میں حضرت جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت علیؓ کی حدیث حسن ہے اور بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ قبر کو زمین سے بلند کرنا حرام ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ قبر کو زمین سے اونچا کرنا حرام ہے۔ البتہ اتنی اونچی کی جائے جس سے اس کا قبر ہونا معلوم ہوتا کہ لوگ اس پر چلیں یا بیٹھیں نہیں۔

## ۷۱۶: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ كَرَاهِيَةِ الْوَطْیِ عَلَی الْقُبُوْرِ وَالْجُلُوْسِ عَلَيْهَا

## ۷۱۶: باب قبروں پر چلنا اور بیٹھنا منع ہے

۱۰۳۹: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ بُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِیْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِیِّ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ عَنْ اَبِیْ

۱۰۳۹: حضرت ابومرثد غنوی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ تو قبروں پر بیٹھو اور نہ ان کی طرف نماز پڑھو۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، عمرو بن

مَرْثَدٍ الْغَنَوِيِّ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَجْلِسُوْا عَلَى الْقُبُوْرِ وَلَا تُصَلُّوْا عَلَيْهَا وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعَمْرِو بْنِ حَزْمٍ وَبَشِيْرِ بْنِ الْخَصَاصِيَّةِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ.

حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اور بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ محمد بن بشار نے بواسطہ عبدالرحمٰن بن مہدی، عبداللہ بن مبارک سے اسی سند کے ساتھ اسی کے مثل روایت کی ہے۔

۱۰۴۰: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ وَاَبُوْ عَمَّارٍ قَالَا نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ بُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ عَنْ اَبِيْ مَرْثَدٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ نَحْوَهُ وَلَيْسَ فِيْهِ عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ وَهٰذَا الصَّحِيْحُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى قَالَ مُحَمَّدٌ حَدِيْثُ ابْنِ الْمُبَارَكِ خَطَأٌ اَخْطَأَ فِيْهِ ابْنُ الْمُبَارَكِ وَزَادَ فِيْهِ عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ وَاِنَّمَا هُوَ بُسْرُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ وَاثِلَةَ هٰكَذَا رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ فِيْهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ وَلَيْسَ فِيْهِ عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ وَبُسْرُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَدْ سَمِعَ مِنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ.

۱۰۴۰: بسر بن عبیداللہ نے ابو سطہ واثلہ بن اسقع ابو مرشد غنویؒ سے اس کی مثل مرفوع حدیث روایت کی ہے اور اس میں ابو ادریس کا واسطہ مذکور نہیں اور یہی صحیح ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ نے فرمایا کہ ابن مبارک کی اس حدیث میں ان سے خطا ہوئی ہے۔ انہوں نے اس میں ابو ادریس خولانی کا نام زیادہ ذکر کیا ہے۔ حالانکہ بسر بن عبیداللہ بلا واسطہ واثلہ بن اسقع سے روایت کرتے ہیں۔ کئی راوی عبدالرحمٰن بن جابر سے اسی طرح روایت کرتے ہیں اور وہ ابو ادریس خولانی کا نام ذکر نہیں کرتے۔ بُسر بن عبداللہ نے واثلہ بن اسقع سے احادیث سنی ہیں۔

## ۷۱۷: بَابُ مَا جَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ تَجْصِيْصِ الْقُبُوْرِ وَالْكِتَابَةِ عَلَيْهَا

## باب قبروں کو پختہ کرنا' ان کے ارد گرد اور اوپر لکھنا حرام ہے

۱۰۴۱: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْاَسْوَدِ اَبُوْ عَمْرٍو الْبَصْرِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيْعَةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُجَصَّصَ الْقُبُوْرُ وَاَنْ يُكْتَبَ عَلَيْهَا وَاَنْ يُبْنٰى عَلَيْهَا وَاَنْ تُوْطَأَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ جَابِرٍ وَرَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْهُمُ الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ فِيْ تَطْيِيْنِ الْقُبُوْرِ قَالَ الشَّافِعِيُّ لَا بَاْسَ اَنْ يُطَيَّنَ الْقَبْرُ.

۱۰۴۱: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں کو پختہ کرنے، ان پر لکھنے، ان پر تعمیر کرنے اور ان پر چلنے سے منع فرمایا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ بعض اہل علم جن میں حسن بصریؒ بھی شامل ہیں قبروں کو گارے سے لیپنے کی اجازت دیتے ہیں۔ امام شافعیؒ کے نزدیک بھی اس میں کوئی حرج نہیں۔

## ۷۱۸: بَابُ مَا يَقُوْلُ الرَّجُلُ اِذَا دَخَلَ الْمَقَابِرَ

## ۷۱۸: باب قبرستان جانے کی دعا

۱۰۴۲: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ عَنْ

۱۰۴۲: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ

اَبِیْ کُدَیْنَةَ عَنْ قَابُوْسَ بْنِ اَبِیْ ظَبْیَانَ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِقُبُوْرِ الْمَدِیْنَةِ فَاَقْبَلَ عَلَیْهِمْ بِوَجْهِهٖ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَااَهْلَ الْقُبُوْرِ یَغْفِرُاللّٰهُ لَنَا وَلَکُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ وَفِی الْبَابِ عَنْ بُرَیْدَةَ وَعَائِشَةَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَاَبُوْ کُدَیْنَةَ اسْمُهٗ یَحْیَی ابْنُ الْمُهَلَّبِ وَاَبُوْ ظَبْیَانَ اسْمُهٗ حُصَیْنُ بْنُ جُنْدُبٍ.

مدینہ طیبہ کے قبرستان سے گزرے تو قبروں کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا۔ "اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ ......" (ترجمہ اے قبر والو! تم پر سلام ہو اللہ تعالیٰ ہماری اور تمھاری مغفرت فرمائے۔ تم ہم سے پہلے پہنچے ہو اور ہم بھی تمہارے پیچھے آنے والے ہیں۔ اس باب میں حضرت بریدہؓ اور عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ابو کدینہ کا نام یحییٰ بن مہلب ہے اور ابوظبیان کا نام حصین بن جندب ہے۔

## ۷۱۹: بَابُ مَاجَاءَ فِی الرُّخْصَةِ فِیْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ

## ۷۱۹: باب قبروں کی زیارت کی اجازت

۱۰۴۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِیِّ الْخَلَّالُ قَالُوْانَا اَبُوْ عَاصِمِ النَّبِیْلُ نَاسُفْیَانُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ کُنْتُ نَهَیْتُکُمْ عَنْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ فَقَدْ اُذِنَ لِمُحَمَّدٍ فِیْ زِیَارَةِ قَبْرِ اُمِّهٖ فَزُوْرُوْهَا فَاِنَّهَا تُذَکِّرُ الْاٰخِرَةَ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَنَسٍ وَاَبِیْ هُرَیْرَةَ وَاُمِّ سَلَمَةَ قَالَ اَبُوْعِیْسٰی حَدِیْثُ بُرَیْدَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ لَایَرَوْنَ بِزِیَارَةِ الْقُبُوْرِ بَاْسًا وَهُوَ قَوْلُ ابْنِ الْمُبَارَکِ وَالشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ.

۱۰۴۳: حضرت سلیمان بن بریدہؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے تمہیں قبروں کی زیارت سے منع کیا تھا۔ بلاشبہ اب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی اجازت مل گئی ہے۔ پس تم بھی قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ آخرت کی یاد دلاتی ہے۔ اس باب میں حضرت ابوسعیدؓ، ابن مسعودؓ، انسؓ، ابوہریرہؓ اور ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں حدیث بریدہؓ حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے کہ قبروں کی زیارت کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ ابن مبارکؒ شافعی، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۷۲۰: بَابُ مَاجَآءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ لِلنِّسَآءِ

## ۷۲۰: باب عورتوں کو قبروں کی زیارت کرنا ممنوع ہے

۱۰۴۴: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عُمَرَ ابْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ زَوَّارَاتِ الْقُبُوْرِ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَحَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی وَهٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رَاٰی بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ هٰذَا کَانَ قَبْلَ اَنْ یُرَخِّصَ

۱۰۴۴: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے قبروں کی زیارت کے لئے بکثرت جانے والی عورتوں پر لعنت فرمائی۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ اور حسان بن ثابتؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض اہل علم کے نزدیک یہ اس وقت تھا جب نبی اکرم ﷺ نے زیارت قبور کی اجازت نہیں دی تھی۔

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَلَمَّا رَخَّصَ دَخَلَ فِيْ رُخْصَتِهِ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ قَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّمَا كُرِهَ زِيَارَةُ الْقُبُوْرِ لِلنِّسَاءِ لِقِلَّةِ صَبْرِ هِنَّ وَكَثْرَةِ جَزَعِهِنَّ.

جب آپ ﷺ نے اجازت دے دی تو یہ اجازت مردوں اور عورتوں دونوں کو شامل ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ عورتوں کے لئے قبروں کی زیارت اس لیے حرام ہے کہ ان میں صبر کم اور رونا پیٹنا، چیخنا، چلانا زیادہ ہوتا ہے۔

## ۷۲۱: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ لِلنِّسَاءِ

۱۰۴۵: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ نَا عِيْسَى ابْنُ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ تُوُفِّيَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ بِالْحُبْشِيِّ قَالَ فَحُمِلَ اِلٰى مَكَّةَ فَدُ فِنَ فِيْهَا فَلَمَّا قَدِمَتْ عَائِشَةُ اَتَتْ قَبْرَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِيْ بَكْرٍ فَقَالَتْ وَكُنَّا كَنَدْ مَانَيْ جَزِيْمَةَ حِقْبَةً مِنَ الدَّهْرِ حَتّٰى قِيْلَ لَنْ نَتَصدَّ عَا فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا كَاَنِّيْ وَمَا لِكًا لِطُوْلِ اجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ لَيْلَةً مَعًاثُمَّ قَالَتْ وَاللّٰهِ لَوْ حَضَرْتُكَ مَا دُفِنْتَ اِلَّا حَيْثُ مُتَّ وَلَوْ شَهِدْتُكَ مَازُرْتُكَ.

## ۷۲۱: باب عورتوں کا قبروں کی زیارت کرنا

۱۰۴۵: حضرت ابوملیکہ سے روایت ہے کہ عبدالرحمٰن بن ابو بکر حبشہ میں فوت ہوگئے تو ان کو مکہ مکرمہ لا کر دفن کیا گیا۔ پھر جب حضرت عائشہؓ عبدالرحمٰن کی قبر پر آئیں تو (اشعار میں) فرمایا۔ ہم دونوں اس طرح تھے جسطرح بادشاہ جزیمہ کے دو ہم نشین جو ایک مدت تک اکٹھے رہے ہوں۔ یہاں تک کہ کہا جانے لگا یہ کبھی جدا نہ ہوں گے لیکن جب ہم جدا ہوئے تو ایسا محسوس ہوا گویا کہ مدت دراز تک اکٹھا رہنے کے باوجود میں اور مالک نے ایک رات بھی اکٹھے نہیں گزاری پھر فرمایا اللہ کی قسم اگر میں وہاں ہوتی تو تمہیں تمہاری وفات کی جگہ ہی دفن کراتی اور اگر موت سے پہلے تمہیں دیکھ لیتی تو کبھی تمہاری قبر پر نہ آتی۔

## ۷۲۲: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ الدَّفْنِ بِاللَّيْلِ

۱۰۴۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو السَّوَّاقُ قَالَا نَا يَحْيَى بْنُ الْيَمَانِ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ خَلِيْفَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْقَبْرَ لَيْلًا فَاُسْرِجَ لَهُ سِرَاجٌ فَاَخَذَهُ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ وَقَالَ رَحِمَكَ اللّٰهُ اِنْ كُنْتَ لَاَوَّاهًا تَلَّاءً لِلْقُرْاٰنِ وَكَبَّرَ عَلَيْهِ اَرْبَعًا وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَيَزِيْدَ بْنِ ثَابِتٍ وَهُوَ اَخُوْزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَكْبَرُ مِنْهُ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِلٰى هٰذَا وَقَالَ يُدْخَلُ الْمَيِّتُ الْقَبْرَ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ يُسَلُّ سَلًّا وَرَخَّصَ اَكْثَرُ اَهْلِ

## ۷۲۲: باب رات کو دفن کرنا

۱۰۴۶: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ ایک قبر میں (تدقیق کے لئے) رات کے وقت اترے تو آپ ﷺ کے لئے چراغ سے روشنی کی گئی۔ آپ ﷺ نے میت کو قبلے کی طرف سے پکڑا اور فرمایا اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے، تم بہت نرم دل اور قرآن کی اکثریت سے تلاوت کرنے والے تھے۔ آپ ﷺ نے اس (کے جنازہ) پر چار تکبیریں پڑھی۔ اس باب میں حضرت جابرؓ اور یزید بن ثابتؓ سے بھی روایت ہے۔ یزید، زید بن ثابت کے بڑے بھائی ہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن عباسؓ حسن ہے۔ بعض اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے فرماتے ہیں کہ میت کو قبلے کی طرف سے قبر میں اتارا جائے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ سر کی

الْعِلْمِ فِی الدَّفْنِ بِاللَّیْلِ.

طرف سے رکھ کر قبر میں کھینچ لیں۔ اکثر اہل علم نے رات کو دفن کرنے کی اجازت دی ہے۔

## ۷۲۳: بَابُ مَاجَاءَ فِی الثَّنَاءِ الْحَسَنِ عَلَی الْمَیِّتِ

۱۰۴۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیعٍ نَایَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَاحُمَیْدٌ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ مَرَّعَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِجَنَازَةٍ فَاَثْنَوْاعَلَیْهَا خَیْرًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَجَبَتْ ثُمَّ قَالَ اَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ قَالَ وَفِی الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَکَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ وَ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی حَدِیْثُ اَنَسٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

## ۷۲۳: باب میّت کو اچھے الفاظ میں یاد کرنا

۱۰۴۷: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک جنازہ گزرا۔ صحابہ کرامؓ نے اس کی اچھی تعریف کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے لئے جنت واجب ہوگئی پھر فرمایا تم زمین پر اللہ کے گواہ ہو۔ اس باب میں حضرت عمرؓ، کعب بن عجرہؓ اور ابو ہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث انس رضی اللہ عنہ حسن صحیح ہے۔

۱۰۴۸: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مُوْسٰی وَهَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ قَالَا نَا اَبُوْدَاوُدَالطَّیَالِسِیُّ نَادَاوُدُ بْنُ اَبِی الْفُرَاتِ نَاعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِی اَسْوَدَ الدِیْلِیِّ قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِیْنَةَ فَجَلَسْتُ اِلٰی عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ فَمَرُّوْا بِجَنَازَةٍ فَاَثْنَوْا عَلَیْهَا خَیْرًا فَقَالَ عُمَرُ وَجَبَتْ فَقُلْتُ لِعُمَرَ وَمَا وَجَبَتْ قَالَ اَقُوْلُ کَمَاقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَامِنْ مُسْلِمٍ یَشْهَدُ لَهُ ثَلٰثَةٌ اِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ قَالَ قُلْنَا وَاثْنَانِ قَالَ وَاثْنَانِ قَالَ وَلَمْ نَسْأَلْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوَاحِدِ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَاَبُو الْاَسْوَدِ الدِّیْلِیُّ اسْمُهُ ظَالِمُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سُفْیَانَ.

۱۰۴۸: حضرت ابواسود دیلی فرماتے ہیں میں مدینہ میں ایک روز حضرت عمرؓ پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک جنازہ گزرا۔ لوگوں نے اس کی تعریف بیان کی۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا واجب ہوگئی۔ میں نے کہا: کیا واجب ہوگئی۔ آپؓ نے فرمایا میں نے اسی طرح کہا جس طرح رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس مسلمان کے حق میں تین آدمی گواہی دے دیں اس کے لئے جنت واجب ہوگئی۔ ابواسود فرماتے ہیں ہم نے عرض کیا اگر دو شخص گواہی دیں تب بھی آپ ﷺ نے فرمایا ''ہاں دو بھی''۔ راوی کہتے ہیں ہم نے آپ سے ایک شخص کے بارے میں نہیں پوچھا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابوالاسود دیلی کا نام ظالم بن عمرو بن سفیان ہے۔

## ۷۲۴: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ ثَوَابِ مَنْ قَدَّمَ وَلَدًا

۱۰۴۹: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ عَنْ مَالِکِ بْنِ اَنَسٍ ح وَ نَا الْاَنْصَارِیُّ نَا مَعْنٌ نَامَالِکُ بْنُ اَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَایَمُوْتُ لِاَحَدٍ مِنَ

## ۷۲۴: جس کا بیٹا فوت ہو جائے اس کا ثواب

۱۰۴۹: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمانوں میں سے اگر کسی کے تین بیٹے فوت ہو جائیں تو اسے دوزخ کی آگ نہیں چھوئے گی مگر صرف قسم پوری کرنے کے بقدر۔ اس

الْمُسْلِمِيْنَ ثَلٰثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ فَتَمَسَّهُ النَّارُ اِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَمُعَاذٍ وَكَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَعُتْبَةَ بْنِ عَبْدٍ وَ اُمِّ سُلَيْمٍ وَجَابِرٍ وَاَنَسٍ وَاَبِي ذَرٍّ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَبِي ثَعْلَبَةَ الْاَ شْجَعِيِّ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَعُقْبَةَ ابْنِ عَامِرٍ وَاَبِي سَعِيْدٍ وَقُرَّةَ بْنِ اِيَاسٍ الْمُزَنِيِّ وَاَبُوْ ثَعْلَبَةَ لَهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثٌ وَاحِدٌ هٰذَا الْحَدِيْثُ وَلَيْسَ هُوَبِالْخَشْنِيِّ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِي هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

باب میں حضرت عمر، معاذ، کعب بن مالک، عتبہ بن عبد، ام سلیم، جابر، انس، ابو ذر، ابن مسعود، ابو ثعلبہ، شجعی، ابن عباس، عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ، ابو سعید رضی اللہ عنہ، قرہ بن ایاس مزنی رضی اللہ عنہم سے بھی روایت ہے اور ابو ثعلبہ کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک ہی حدیث مروی ہے اور یہ ابو ثعلبہ خشنی نہیں ہیں۔ امام ابو عیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حسن صحیح ہے۔

۱۰۵۰: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ نَااِسْحٰقُ ابْنُ يُوْسُفَ نَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ عَنْ اَبِي مُحَمَّدٍ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَدَّمَ ثَلٰثَةً لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ كَانُوْا لَهُ حِصْنًا حَصِيْنًا قَالَ اَبُوْ ذَرٍّ قَدَّمْتُ اِثْنَيْنِ قَالَ وَاثْنَيْنِ فَقَالَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ سَيِّدُ الْقُرَّاءِ قَدَّمْتُ وَاحِدًا قَالَ وَوَاحِدًا وَلٰكِنْ اِنَّمَا ذٰلِكَ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْاُوْلٰى قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْ عُبَيْدَةَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِيْهِ.

۱۰۵۰: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کے تین نابالغ بچے فوت ہوئے۔ وہ اسے دوزخ سے بچانے کے لئے مضبوط قلعے کی مانند ہوں گے۔ ابوذرؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ میں دو (بچے) بھیج چکا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دو بھی اسی طرح ہیں۔ سید القراء ابی بن کعبؓ نے عرض کیا میرا بھی ایک بیٹا فوت ہوا ہے۔ پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایک بھی لیکن یہ (ثواب) پہلے صدمہ کے وقت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔ ابو عبیدہ نے اپنے والد سے کوئی حدیث نہیں سنی۔

۱۰۵۱: حَدَّثَنَا نَصْرُبْنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ وَاَبُوْ الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْبَصْرِيُّ قَالَا نَا عَبْدُ رَبِّهٖ بْنُ بَارِقٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ سَمِعْتُ جَدِّيْ اَبَا اُمِّيْ سِمَاكَ بْنَ الْوَلِيْدِ الْحَنَفِيَّ يُحَدِّثُ اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يُحَدِّثُ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ كَانَ لَهٗ فَرَطَانِ مِنْ اُمَّتِيْ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ بِهِمَا الْجَنَّةَ فَقَالَتْ لَهٗ عَائِشَةُ فَمَنْ كَانَ لَهٗ فَرَطٌ مِنْ اُمَّتِكَ قَالَ وَمَنْ كَانَ لَهٗ فَرَطٌ يَامُوَفَّقَةُ قَالَتْ فَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهٗ فَرَطٌ مِنْ اُمَّتِكَ

۱۰۵۱: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم ﷺ سے سنا کہ میری امت میں سے جس کے دو بیٹے فوت ہوئے۔ اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کرے گا۔ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا: آپ ﷺ کی امت میں جس کا ایک بیٹا فوت ہوا۔ آپ ﷺ نے فرمایا ایک بھی کافی ہے اے نیک عورت۔ پھر عرض کیا: اگر کسی کا کوئی بیٹا نہ ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا میں اپنی امت [1] کا فرط ہوں میری امت کے لئے کسی کی جدائی کی تکلیف میری جدائی کی تکلیف سے زیادہ

[1] فرط سے مراد یہ ہے کہ جس طرح نبی اکرم ﷺ کی امت کے بچے فوت ہو کر ان کے لئے ذخیرہ آخرت بنا دیئے گئے اسی طرح قیامت کے دن جن کے بچے نہیں ہیں ان کی شفاعت رسول اللہ ﷺ کریں گے۔ (مترجم)

قَالَ فَاَنَا فَرَطُ اُمَّتِیْ لَمْ یُصَابُوْ ابِمِثْلِیْ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ عَبْدِ رَبِّهٖ بْنِ بَارِقٍ وَقَدْرَوٰی عَنْهُ غَیْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْاَئِمَّةِ.

نہیں۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے۔ہم اسے صرف عبدربہ بن بارق کی روایت سے جانتے ہیں۔ان سے کئی ائمہ حدیث روایت کرتے ہیں۔

۱۰۵۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُبْنُ سَعِیْدِ الْمُرَابِطِیُّ نَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ نَاعَبْدُ رَبِّهٖ بْنُ بَارِقٍ فَذَکَرَ بِنَحْوِهٖ وَسِمَاکُ بْنُ الْوَلِیْدِ الْحَنَفِیُّ هُوَاَبُوْ زُمَیْلٍ الْحَنَفِیُّ.

۱۰۵۲: ہم سے روایت کی احمد بن سعید مرابطی نے انہوں نے حبان بن ہلال سے انہوں نے عبدربہ بن بارق سے اسی کی مثل روایت کی ہےاور سماک بن ولید حنفی وہ ابوزمیل حنفی ہیں۔

## ۷۲۵: بَابُ مَاجَاءَ فِی الشُّهَدَاءِ مَنْ هُمْ

## ۷۲۵: باب شہداء کون ہیں

۱۰۵۳: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِیُّ نَامَعْنٌ نَامَالِکٌ ح وَنَا قُتَیْبَةُ عَنْ مَالِکٍ عَنْ سُمَیٍّ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشُّهَدَآءُ خَمْسٌ اَلْمَطْعُوْنُ وَالْمَبْطُوْنُ وَالْغَرِقُ وَصَاحِبُ الْهَدْمِ وَالشَّهِیْدُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَصَفْوَانَ بْنِ اُمَیَّةَ وَجَابِرِ بْنِ عَتِیْکٍ وَخَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ وَسُلَیْمَانَ ابْنِ صُرَدٍ وَاَبِیْ مُوْسٰی وَعَائِشَةَ قَالَ اَبُوْعِیْسٰی حَدِیْثُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۰۵۳: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا شہید پانچ ہیں۔ طاعون سے مرنے والا، پیٹ کی بیماری سے مرنے والا، ڈوب کرمرنے والا، دیوار وغیرہ کے نیچے دب کر مرنے والا اور اللہ کے راستے میں شہید ہونے والا۔ اس باب میں حضرت انسؓ، صفوان بن امیہ، جابر، بن عتیکؓ، خالد بن عرفطہؓ، سفیان بن صردؓ، ابوموسیٰؓ اور حضرت عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابو ہریرہؓ حسن صحیح ہے۔

۱۰۵۴: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ اَسْبَاطَ بْنِ مُحَمَّدِ الْقُرَشِیُّ الْکُوْفِیُّ نَااَبُوْسِنَانٍ الشَّیْبَانِیُّ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ السَّبِیْعِیِّ قَالَ قَالَ سُلَیْمَانُ بْنُ صُرَدٍ لِخَالِدِ ابْنِ عُرْفُطَةَاَوْخَالِدٍ لِسُلَیْمَانَ اَمَا سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ قَتَلَهٗ بَطْنُهٗ لَمْ یُعَذَّبْ فِیْ قَبْرٍ فَقَالَ اَحَدُ هُمَا لِصَاحِبِهٖ نَعَمْ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ فِیْ هٰذَا الْبَابِ وَقَدْرُوِیَ مِنْ غَیْرِهٰذَا الْوَجْهِ.

۱۰۵۴: حضرت ابواسحٰق سبیعیؒ سے روایت ہے کہ سلیمان بن صردؓ نے خالد بن عرفطہؓ سے یا خالدؓ نے سلیمان سے کہا: کیا تم نے رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث سنی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جو پیٹ کی بیماری کی وجہ سے مرگیا اسے عذاب قبر نہیں ہوگا۔ یہ سن کہ دونوں میں سے ایک نے دوسرے سے کہا ''ہاں'' میں نے (حدیث) سنی ہے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اس باب میں حسن غریب ہےاور یہ حدیث دوسری سند سے بھی مروی ہے۔

## ۷۲۶: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ الْفِرَارِمِنَ الطَّاعُوْنِ

## ۷۲۶: باب طاعون سے بھاگنا منع ہے

۱۰۵۵: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَاحَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ عَمْرِو ابْنِ دِیْنَارٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ اَنَّ النَّبِیَّ

۱۰۵۵: حضرت اسامہ بن زیدؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے طاعون کا ذکر کیا تو فرمایا یہ بنی اسرائیل کی ایک

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الطَّاعُوْنَ فَقَالَ بَقِيَّةُ رِجْزٍ اَوْعَذَابٍ اُرْسِلَ عَلٰى طَائِفَةٍ مِنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ فَاِذَا وَقَعَ بِاَرْضٍ وَاَنْتُمْ بِهَافَلَا تَخْرُجُوْا مِنْهَا وَاِذَا وَقَعَ بِاَرْضٍ وَلَسْتُمْ بِهَافَلَا تَهْبِطُوْا عَلَيْهَا وَفِي الْبَابِ عَنْ سَعْدٍ وَخُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَجَابِرٍ وَعَائِشَةَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

جماعت کی طرف بھیجے جانے والا عذاب کا بچا ہوا حصہ ہے۔ پس اگر کسی جگہ میں یہ وبا پھیلی ہوئی ہو اور تم وہیں ہو تو وہاں سے فرار نہ اختیار کرو اور اگر تم اس جگہ نہیں ہو جہاں طاعون پھیلا تو وہاں نہ جاؤ۔ اس باب میں حضرت سعدؓ، خزیمہؓ، ثابت، عبدالرحمٰن بن عوفؓ، جابرؓ اور حضرت عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث اسامہ بن زید حسن صحیح ہے۔

## ۷۲۷. بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ

## ۷۲۷: باب جو اللہ کی ملاقات کو محبوب رکھے اللہ بھی اس سے ملنا پسند فرماتا ہے

۱۰۵۶: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ اَبُوا الْاَشْعَثِ الْعِجْلِيُّ نَاالْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يُحَدِّثُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَآءَهٗ وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعَائِشَةَ وَقَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۵۶: حضرت عبادہ بن صامتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو محبوب رکھتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملنا پسند فرماتا ہے اور جو اللہ کی ملاقات کو نا پسند کرے اللہ بھی اس سے ملاقات کرنا پسند نہیں کرتے۔ اس باب میں حضرت ابوموسیٰؓ، ابو ہریرہؓ اور عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث عبادہ بن صامتؓ حسن صحیح ہے۔

۱۰۵۷: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَاخَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ نَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ ح وَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَاذَكَرَتْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ قَالَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ كُلُّنَايَكْرَهُ الْمَوْتَ قَالَ لَيْسَ كَذٰلِكَ وَلٰكِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا بُشِّرَبِرَحْمَةِ اللّٰهِ وَرِضْوَانِهٖ وَجَنَّتِهٖ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ وَاَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ وَاِنَّ الْكَافِرَاِذَابُشِّرَبِعَذَابِ اللّٰهِ وَسَخَطِهٖ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ وَكَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۵۷: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو اللہ سے ملنا چاہتا ہے اللہ بھی اس سے ملنے کی چاہت رکھتے ہیں اور جو اللہ سے ملاقات کو نا پسند کرے اللہ بھی اس سے ملنا پسند نہیں کرتا۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہم میں سے ہر آدمی موت کو نا پسند کرتا ہے۔ فرمایا یہ بات نہیں بلکہ جب مؤمن کو اللہ کی رحمت، اس کی رضا اور جنت کی بشارت دی جاتی ہے۔ تو اس کے دل میں اللہ سے ملاقات کا اشتیاق پیدا ہوتا ہے۔ پس اللہ بھی اس سے ملاقات کے مشتاق ہوتے ہیں لیکن جب کافر کو اللہ کے عذاب اور اس کے غصے کے بارے میں بتایا جاتا ہے تو وہ اللہ کی ملاقات سے گریز کرتا ہے پس اللہ بھی اس سے ملاقات کرنے کو نا پسند کرتا ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

**خلاصۃ الابواب:** عورتوں کے لئے قبروں کی زیارت اس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ وہ شریعت کے خلاف کوئی کام نہ کریں ورنہ سخت گناہ ہے۔ (۲) طاعون زدہ علاقہ میں جانا اور اس سے نکلنا اس شخص کے لئے جائز ہے جس کا اعتقاد پختہ ہو کہ نفع ونقصان جو کچھ لاحق ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے ہوتا ہے لیکن اگر اس کے اعتقاد میں کمزوری ہو اور سمجھتا ہو کہ اگر شہر سے نکل جائیگا تو نجات پا جائے گا تو نکلنا درست نہیں (۳) جمہور ائمہ کے نزدیک خودکشی کرنے والے کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی تو ان حضرات کی نزدیک حدیث باب زجر پر محمول ہے تا کہ اس فعل کی شفاعت واضح ہو سکے

## ۷۲۸: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ مَنْ یَقْتُلُ نَفْسَهٗ

## ۷۲۸: باب خودکشی کرنے والے کی نماز جنازہ

۱۰۵۸: حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ عِیْسٰی نَاوَکِیْعٌ نَااِسْرَائِیْلُ وَشَرِیْکٌ عَنْ سِمَاکِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ اَنَّ رُجَلاً قَتَلَ نَفْسَهٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیْهِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْعِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَّقَدِاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِیْ هٰذَا فَقَالَ بَعْضُهُمْ یُصَلّٰی عَلٰی کُلِّ مَنْ صَلّٰی اِلَی الْقِبْلَةِ وَعَلٰی قَاتِلِ النَّفْسِ وَهُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ اَحْمَدُ لَا یُصَلِّیَ الْاِمَامُ عَلٰی قَاتِلِ النَّفْسِ وَیُصَلِّیْ عَلَیْهِ غَیْرُ الْاِمَامِ.

۱۰۵۸: حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے خودکشی کر لی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے اہل علم کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ جس شخص نے بھی قبلہ رخ نماز پڑھی ہو اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے خواہ اس نے خودکشی ہی کیوں نہ کی ہو۔ سفیان ثوریؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خودکشی کرنے والے کی نماز جنازہ پڑھنا امام کے لئے جائز نہیں۔ باقی لوگ پڑھ لیں۔

**خلاصۃ الباب:** (۱) مقروض کی نماز جنازہ شروع دور میں نبی کریم ﷺ نہیں پڑھا کرتے تھے البتہ دوسروں سے پڑھوا دیا کرتے تھے لیکن بعد میں آپ ﷺ نے مقروض کی نماز پڑھانی شروع کر دی تھی جیسا کہ اگلی روایت میں آ رہا ہے (۲) امام ابوحنیفہؒ امام مالکؒ اور سفیان ثوریؒ وغیرہ کے نزدیک بقیہ تکبیروں میں ہاتھ نہیں اٹھائے جائیں گے ان کی دلیل حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث باب ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صرف پہلی تکبیر میں رفع یدین فرمایا۔ یہ حدیث درجہ حسن میں ہے۔

## ۷۲۹: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْمَدْیُوْنِ

## ۷۲۹: باب قرض دار کی نماز جنازہ

۱۰۵۹: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ نَا شُعْبَةُ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ اَبِیْ قَتَادَةَ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُتِیَ بِرَجُلٍ لِیُصَلِّیَ عَلَیْهِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلُّوْاعَلٰی صَاحِبِکُمْ فَاِنَّ عَلَیْهِ دَیْنًا قَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ هُوَ عَلَیَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْوَفَآءِ قَالَ بِالْوَفَاءِ فَصَلّٰی

۱۰۵۹: حضرت عثمان بن عبداللہ موہبؒ نے عبداللہ بن ابی قتادہؓ کو اپنے والد سے نقل کرتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک جنازہ لایا گیا تا کہ اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے۔ آپ ﷺ نے صحابہؓ کو حکم دیا کہ اپنے ساتھی کی نماز جنازہ پڑھو۔ یہ مقروض تھا۔ ابوقتادہؓ نے عرض کیا وہ قرض میرے ذمہ ہے میں ہی اسے ادا کروں گا۔ آپ ﷺ نے پوچھا پورا قرضہ۔ انہوں نے عرض کیا: ہاں پورا۔ پس آپ ﷺ نے

عَلَيْهِ وَ فِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَّسَلْمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ وَاَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِىْ قَتَادَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

اس کی نماز جنازہ پڑھی۔ اس باب میں حضرت جابرؓ، سلمہ بن اکوعؓ اور اسماء بنت یزیدؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابوقتادہؓ حسن صحیح ہے۔

۱۰۶۰: حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ مَكْتُوْمُ بْنُ الْعَبَّاسِ قَالَ ثَنِىْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ ثَنِى اللَّيْثُ ثَنِىْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُؤْتٰى بِالرَّجُلِ الْمُتَوَفّٰى عَلَيْهِ الدَّيْنُ فَيَقُوْلُ هَلْ تَرَكَ لِدَيْنِهِ مِنْ قَضَاءٍ فَاِنْ حُدِّثَ اَنَّهُ تَرَكَ وَفَاءً صَلّٰى عَلَيْهِ وَاِلَّا قَالَ لِلْمُسْلِمِيْنَ صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْفُتُوْحَ قَامَ فَقَالَ اَنَا اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ فَمَنْ تُوُفِّىَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَتَرَكَ دَيْنًا فَعَلَىَّ قَضَاؤُهُ وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَهُوَ لِوَرَثَتِهِ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ اللَّيْثِ ابْنِ سَعْدٍ.

۱۰۶۰: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ اگر رسول اللہ ﷺ کے پاس کسی مقروض شخص کی میت نماز جنازہ کے لئے لائی جاتی تو آپ ﷺ پوچھتے کیا اس نے اپنے قرض کی ادائیگی کے لئے کچھ چھوڑا ہے۔ اگر کہا جاتا کہ چھوڑا ہے تو اس کی نماز پڑھتے ورنہ مسلمانوں سے فرماتے اپنے ساتھی کی نماز پڑھ لو لیکن جب اللہ تعالیٰ نے بہت سی فتوحات عنایت فرمائیں تو رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اور فرمایا میں مؤمنوں کے لئے اپنی ذات سے بھی زیادہ بہتر ہوں۔ لہٰذا جو مسلمان قرض چھوڑ کر مر جائے اس کی ادائیگی میرے ذمے ہے اور جو کچھ وہ وراثت میں چھوڑے گا وہ اس کے وارثوں کے لئے ہوگا۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ یحییٰ بن بکیر اور کئی راوی بھی یہ حدیث لیث بن سعد سے روایت کرتے ہیں۔

## ۷۳۰: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ عَذَابِ الْقَبْرِ

## ۷۳۰ باب عذاب قبر

۱۰۶۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ الْبَصْرِىُّ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِىِّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قُبِرَ الْمَيِّتُ اَوْقَالَ اَحَدُكُمْ اَتَاهُ مَلَكَانِ اَسْوَدَانِ اَزْرَقَانِ يُقَالُ لِاَحَدِهِمَا الْمُنْكَرُ وَالْاٰخَرُ النَّكِيْرُ فَيَقُوْلَانِ مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِىْ هٰذَا الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ مَا كَانَ يَقُوْلُ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ وَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ فَيَقُوْلَانِ قَدْ كُنَّا نَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْلُ هٰذَا ثُمَّ يُفْسَحُ لَهُ فِىْ قَبْرِهِ سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فِىْ سَبْعِيْنَ ثُمَّ يُنَوَّرُ لَهُ فِيْهِ ثُمَّ يُقَالُ لَهُ نَمْ فَيَقُوْلُ اَرْجِعُ اِلٰى اَهْلِىْ فَاُخْبِرُ هُمْ

۱۰۶۱: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کسی میت یا فرمایا تم میں سے کسی ایک کو قبر میں رکھ دیا جاتا ہے تو اس کے پاس سیاہ رنگ کے نیلی آنکھوں والے دو فرشتے آتے ہیں۔ ایک کو منکر دوسرے کو نکیر کہا جاتا ہے وہ دونوں اس میت سے پوچھتے ہیں تو اس شخص (یعنی نبی اکرمؐ) کے بارے میں کیا کہتا تھا۔ وہ شخص وہی جواب دیتا ہے جو دنیا میں کہتا تھا کہ وہ اللہ کے بندے اور رسولؐ ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمدؐ اللہ کے بندے اور رسولؐ ہیں۔ پھر وہ فرشتے کہیں گے کہ ہم جانتے تھے تو یہی جواب دے گا پھر اس کی قبر ستر گز وسیع کر دی جاتی ہے اور اسے منور کر دیا جاتا ہے۔ پھر اسے کہا جاتا ہے کہ سو جا۔ وہ کہتا ہے میں اپنے گھر والوں کے پاس جا کر ان کو بتا دوں۔ وہ کہتے ہیں

فَيَقُوْلَانِ لَهُ نَمْ كَنَوْمَةِ الْعَرُوْسِ الَّذِىْ لَايُوْقِظُهُ اِلَّا اَحَبُّ اَهْلِهٖ اِلَيْهِ حَتّٰى يَبْعَثَهُ اللّٰهُ مِنْ مَضْجَعِهٖ ذٰلِكَ وَاِنْ كَانَ مُنَافِقًا قَالَ سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ فَقُلْتُ مِثْلَهُ لَآاَدْرِىْ فَيَقُوْلَانِ قَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْلُ ذٰلِكَ فَيُقَالُ لِلْاَرْضِ الْتَئِمِىْ عَلَيْهِ فَتَلْتَئِمُ عَلَيْهِ فَتَخْتَلِفُ اَضْلَاعُهُ فَلَا يَزَالُ فِيْهَا مُعَذَّبًا حَتّٰى يَبْعَثَهُ اللّٰهُ مِنْ مَضْجَعِهٖ ذٰلِكَ وَفِى الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَالْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ وَاَبِىْ اَيُّوْبَ وَاَنَسٍ وَجَابِرٍ وَعَائِشَةَ وَاَبِىْ سَعِيْدٍ كُلُّهُمْ رَوَوْا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ عَذَابِ الْقَبْرِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

دلہن کی طرح سو جاؤ جسے اس کے محبوب ترین شخص کے علاوہ کوئی نہیں جگاتا۔ اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن اس کی خواب گاہ سے اٹھائے گا اور اگر وہ منافق ہو تو یہ جواب دے گا میں لوگوں سے کچھ سنا کرتا تھا اور اسی طرح کہا کرتا تھا۔ مجھے نہیں معلوم۔ فرشتے کہیں گے ہمیں معلوم تھا کہ تو یہی جواب دے گا۔ پھر زمین کو حکم دیا جاتا ہے کہ اسے دبوچ لے۔ وہ اسے اس طرح دبوچتی ہے کہ اس کی پسلیاں ایک دوسری میں گھس جاتی ہیں پھر اسے اسی طرح عذاب دیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ قیامت کے دن اسے اسی جگہ سے اٹھایا جائے گا۔ اس باب میں حضرت علیؓ، زید بن ثابتؓ، ابن عباسؓ، براء بن عازبؓ، ابوایوبؓ، انسؓ، جابرؓ، عائشہؓ اور ابوسعیدؓ نبی اکرم ﷺ سے عذاب قبر کے متعلق روایت کرتے ہیں۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابوہریرہؓ حسن غریب ہے۔

۱۰۶۲: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَبْدَةٌ عَنْ عُبَيْدَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَامَاتَ الْمَيِّتُ عُرِضَ عَلَيْهِ مَقْعَدُهُ فَاِنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَمِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاِنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَمِنْ اَهْلِ النَّارِ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا مَقْعَدُكَ حَتّٰى يَبْعَثَكَ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۶۲: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کوئی شخص مرتا ہے تو اسے اس کے رہنے کی جگہ دکھائی جاتی ہے۔ اگر وہ جنت والوں میں سے ہوتا ہے تو جنت اور اگر اہل دوزخ میں سے ہوتا ہے تو دوزخ دکھائی جاتی ہے۔ پھر اس سے کہا جاتا ہے۔ یہ تیرا ٹھکانہ ہے یہاں تک کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ تجھے اٹھائے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۷۳۱: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ اَجْرِ مَنْ عَزّٰى مُصَابًا

## ۷۳۱: باب مصیبت زدہ کو تسلی دینے پر اجر

۱۰۶۳: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى نَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ قَالَ نَا وَاللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ سُوْقَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ عَزّٰى مُصَابًا فَلَهُ مِثْلُ اَجْرِهٖ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَانَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَلِيِّ بْنِ عَاصِمٍ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَهُ مَوْقُوْفًا وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَيُقَالُ اَكْثَرُمَا ابْتُلِىَ

۱۰۶۳: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی مصیبت زدہ کو تسلی دیتا ہے۔ اسے بھی اسی طرح ثواب ہوتا ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس حدیث کو صرف علی بن عاصم کی روایت سے مرفوع جانتے ہیں۔ بعض راوی اس حدیث کو محمد بن سوقہ سے بھی اس سند سے اسی کی مثل موقوفاً روایت کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ اکثر علی بن عاصم پر اسی

بِهٖ عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ نَقَمُوْا عَلَيْهِ .

حدیث کی وجہ سے طعن کیا گیا۔

## ۷۳۲: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَنْ يَمُوْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

۱۰۶۴ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ وَاَبُوْعَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ نَاهِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ سَيْفٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَامِنْ مُسْلِمٍ يَمُوْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلَّا وَقَاهُ اللّٰهُ فِتْنَةَ الْقَبْرِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِمُتَّصِلٍ رَبِيْعَةُ بْنُ سَيْفٍ اِنَّمَا يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَلَا نَعْرِفُ لِرَبِيْعَةَ بْنِ سَيْفٍ سَمَاعًا مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو.

## ۷۳۲: باب جمعہ کے دن مرنے والے کی فضیلت

۱۰۶۴: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات کو فوت ہوتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اسے قبر کے فتنے سے محفوظ رکھتے ہیں۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔ اس کی سند متصل نہیں کیونکہ ربیعہ بن سیف اسے عبدالرحمٰن حبلی سے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے حوالے سے روایت کرتے ہیں۔ ہم نہیں جانتے کہ ربیعہ بن سیف نے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے کوئی حدیث سنی ہو۔

## ۷۳۳: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ تَعْجِيْلِ الْجَنَازَةِ .

۱۰۶۵ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُهَنِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ يَا عَلِيُّ ثَلَاثٌ لَاتُؤَخِّرْهَا الصَّلٰوةُ اِذَا اٰنَتْ وَالْجَنَازَةُ اِذَا حَضَرَتْ وَالْاَيِّمُ اِذَا وَجَدْتَ لَهَا كُفْوًا قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَمَا اَرٰى اِسْنَادَهٗ مُتَّصِلاً.

## ۷۳۳: باب جنازہ میں جلدی کرنا

۱۰۶۵: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی تین چیزوں میں دیر نہ کرو۔ نماز جب کہ اس کا وقت ہو جائے۔ جنازہ جب حاضر ہو اور بیوہ عورت جب اس کے لئے کفو (مناسب رشتہ) مل جائے۔

امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے اور میں اس کی سند کو متصل نہیں سمجھتا۔

## ۷۳۴: بَابُ اٰخَرُ فِيْ فَضْلِ التَّعْزِيَةِ

۱۰۶۶ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الْمُؤَدِّبُ نَا يُوْنُسُ ابْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَتْنَا اُمُّ الْاَسْوَدِ عَنْ مُنْيَةَ ابْنَةِ عُبَيْدَةَ بْنِ اَبِيْ بَرْزَةَ عَنْ جَدِّهَا اَبِيْ بَرْزَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَزّٰى ثَكْلٰى كُسِيَ بُرْدًا فِي الْجَنَّةِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِالْقَوِيِّ.

## ۷۳۴: باب تعزیت کی فضیلت

۱۰۶۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ جس نے کسی عورت سے اس کے بیٹے کے فوت ہو جانے پر تعزیت کی۔ اسے جنت میں ایک چادر پہنائی جائے گی۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے اور اس کی سند قوی نہیں۔

## ۷۳۵: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ رَفْعِ الْيَدَيْنِ عَلَى الْجَنَازَةِ

۱۰۶۷ : حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ نَا اِسْمٰعِيْلُ ابْنُ

## ۷۳۵: باب نماز جنازہ میں ہاتھ اٹھانا

۱۰۶۷: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ

اَبَانَ الْوَرَّاقُ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْلَى الْاَسْلَمِيِّ عَنْ اَبِيْ فَرْوَةَ يَزِيْدَ بْنِ سِنَانٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَبَّرَ عَلٰى جَنَازَةٍ فَرَفَعَ يَدَيْهِ فِيْ اَوَّلِ تَكْبِيْرِهٖ وَوَضَعَ الْيُمْنٰى عَلَى الْيُسْرٰى قَالَ اَبُوْعِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّامِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ هٰذَا فَرَاٰى اَكْثَرُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ وَغَيْرِهِمْ اَنْ يَرْفَعَ الرَّجُلُ يَدَيْهِ فِيْ كُلِّ تَكْبِيْرَةٍ عَلَى الْجَنَازَةِ وَهُوَقَوْلُ ابْنِ الْمُبَارَكِ وَلِلشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ لَايَرْفَعُ يَدَيْهِ اِلَّا فِيْ اَوَّلِ مَرَّةٍ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ وَذُكِرَعَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ اَنَّهٗ قَالَ فِي الصَّلٰوةِ عَلَى الْجَنَازَةِ لَا يَقْبِضُ بِيَمِيْنِهٖ عَلٰى شِمَالِهٖ وَرَاٰى بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنْ يَقْبِضَ بِيَمِيْنِهٖ عَلٰى شِمَالِهٖ كَمَا يَفْعَلُ فِي الصَّلٰوةِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى يَقْبِضُ اَحَبُّ اِلَيَّ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنازہ پر تکبیر کہی اور (صرف) پہلی تکبیر میں ہاتھ اٹھائے اور دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھا۔امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔ہم اس حدیث کوصرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ اہل علم کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے ۔ اکثر صحابہ کرامؓ اور دوسرے علماء فرماتے ہیں کہ جنازہ کی تمام تکبیروں میں ہاتھ اٹھائے جائیں۔ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ،شافعی رحمۃ اللہ علیہ، احمد رحمۃ اللہ علیہ اور اسحٰق رحمۃ اللہ علیہ کا یہی قول ہے۔بعض علماء کہتے ہیں کہ صرف پہلی مرتبہ ہاتھ اٹھائے سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ اور اہل کوفہ (احناف) کا یہی قول ہے۔ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ نماز جنازہ میں ہاتھ باندھنا ضروری ہیں لیکن بعض اہل علم کے نزدیک نماز جنازہ میں بھی دوسری نمازوں کی طرح ہاتھ باندھنے چاہئیں۔امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مجھے ہاتھ باندھنا زیادہ پسند ہے۔

## ۷۳٦: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ نَفْسَ الْمُؤْمِنِ مُعَلَّقَةٌ بِدَيْنِهٖ حَتّٰى يُقْضٰى عَنْهُ

## ۷۳٦: باب مؤمن کا جی قرض کی طرف لگا رہتا ہے جب تک کوئی اس کی طرف سے ادا نہ کردے

۱۰٦۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَااَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ زَكَرِيَّابْنِ زَائِدَةَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسُ الْمُؤْمِنِ مُعَلَّقَةٌ بِدَيْنِهٖ حَتّٰى يُقْضٰى عَنْهُ.

۱۰٦۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مؤمن کا دل اس کے قرض ہی کی طرف لگا رہتا ہے جب تک کوئی اس کی طرف سے ادا نہ کرے۔

۱۰٦۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُمَرَ ابْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ نَفْسُ الْمُؤْمِنِ مُعَلَّقَةٌ بِدَيْنِهٖ حَتّٰى يُقْضٰى عَنْهُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَهُوَ اَصَحُّ مِنَ الْاَوَّلِ.

۱۰٦۹: ہم سے روایت کی محمد بن بشار نے انہوں نے عبدالرحمٰن بن مہدی سے انہوں نے ابراہیم بن سعد سے انہوں نے اپنے والد سے انہوں نے ابو ہریرہؓ سے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا مؤمن کا دل وجان لگا رہتا ہے اپنے قرض میں یہاں تک کہ اس کی طرف سے ادا نہ کردیا جائے۔امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے اور پہلی حدیث سے اصح ہے۔

# اَبْوَابُ النِّکَاحِ
## عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
## نکاح کے باب
### جو رسول اللہ ﷺ سے مروی ہیں

۱۰۷۰: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ أَبِي الشِّمَالِ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعٌ مِنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِينَ اَلْحَيَاءُ وَالتَّعَطُّرُ وَالسِّوَاكُ وَالنِّكَاحُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُثْمَانَ وَثَوْبَانَ وَابْنِ مَسْعُودٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَجَابِرٍ وَعَكَّافٍ حَدِيثُ أَبِي أَيُّوبَ حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ.

۱۰۷۰: حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار چیزیں انبیاء کی سنتوں میں سے ہیں۔ حیاء کرنا، عطر لگانا، مسواک کرنا اور نکاح کرنا۔ اس باب میں حضرت عثمان، ثوبان، ابن مسعود، عائشہ، عبداللہ بن عمرو، جابر اور عکاف رضی اللہ عنہم سے بھی روایت ہے حدیث ابی ایوب رضی اللہ عنہ حسن غریب ہے۔

۱۰۷۱: حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خِدَاشٍ نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ أَبِي الشِّمَالِ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيثِ حَفْصٍ وَرَوَى هٰذَا الْحَدِيثَ هُشَيْمٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْوَاسِطِيُّ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ وَلَمْ يَذْكُرُوا فِيهِ عَنْ أَبِي الشِّمَالِ وَحَدِيثُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ وَعَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ أَصَحُّ.

۱۰۷۱: ہم سے روایت کی محمود بن خداش نے انہوں نے عباد بن عوام سے انہوں نے حجاج سے انہوں نے مکحول سے انہوں نے ابو اشمال سے انہوں نے ابوایوب سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے حفص کی حدیث کی مثل روایت کرتے ہیں پھر یہی حدیث ہشیم، محمد بن یزید واسطی، معاویہؒ اور کئی راوی بھی حجاج سے وہ مکحول سے اور وہ ابو یواب سے روایت کرتے ہیں لیکن وہ ابوشمال کا ذکر نہیں کرتے۔ حفص بن غیاث اور عباد بن عوام کی حدیث اصح ہے۔

۱۰۷۲: حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ نَا أَبُو أَحْمَدَ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ شَبَابٌ لَا نَقْدِرُ عَلَى شَيْءٍ وَقَالَ يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ عَلَيْكُمْ بِالْبَاءَةِ فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ فَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فَإِنَّ الصَّوْمَ لَهُ وِجَاءٌ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

۱۰۷۲: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے۔ ہم جوان تھے لیکن نکاح کی استطاعت نہیں رکھتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے نوجوانو تم ضرور نکاح کرو کیونکہ یہ آنکھوں کو نیچا رکھتا ہے اور شرمگاہ کی حفاظت کرتا ہے۔ جسے نکاح کی طاقت نہ ہو وہ روزہ رکھے کیوں کہ روزہ اس کے حق میں گویا خصی کرنا ہے (یعنی شہوت ختم ہو جاتی ہے) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۷۳ : حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ نَاعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ نَا الْاَعْمَشُ عَنْ عُمَارَةَ نَحْوَهُ وَ قَدْرَوٰى غَيْرُوَاحِدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَ هٰذَا وَرَوٰى اَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَالْمُحَارِبِيُّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

۱۰۷۳: ہم سے روایت کی حسن بن علی خلال نے انہوں نے عبداللہ بن نمیر سے انہوں نے اعمش سے انہوں عمارہ سے اسی حدیث کی مثل اور کئی راوی اعمش سے بھی اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔ ابومعاویہ اور محاربی بھی اعمش سے وہ ابراہیم سے وہ علقمہ سے وہ عبداللہ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کے مثل روایت کرتے ہیں۔

## ۷۳۸: بَابُ مَاجَاءَ فِي النَّهْيِ عَنِ التَّبَتُّلِ

## ۷۳۸: باب ترک نکاح کی ممانعت

۱۰۷۴ : حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْ انَاعَبْدُ الرَّزَّاقِ نَامَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَعْدِبْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ رَدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنِ التَّبَتُّلَ وَلَوْاَذِنَ لَهُ لَاخْتَصَيْنَا هٰذَاحَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

۱۰۷۴: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کو ترک نکاح کی اجازت نہیں دی اور اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں اجازت دے دیتے تو ہم سب خصّی ہو جاتے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۰۷۵ : حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ وَزَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ وَاِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَصْرِيُّ قَالُوْا نَامُعَاذُبْنُ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ التَّبَتُّلِ وَزَادَزَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ فِيْ حَدِيْثِهٖ وَقَرَاَقَتَادَةُ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلاً مِنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَذُرِّيَّةً وَفِي الْبَابِ عَنْ سَعْدٍ وَاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَعَائِشَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثُ سَمُرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَرَوَى الْاَشْعَثُ بْنُ عَبْدِالْمَلِكِ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَيُقَالُ كِلَا الْحَدِيْثَيْنِ صَحِيْحٌ.

۱۰۷۵: حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ترک نکاح کی ممانعت فرمائی۔ زید بن اخزم نے اپنی روایت میں یہ اضافہ کیا کہ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی "وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا......" (ترجمہ "یعنی ہم نے آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے اور انہیں بیویاں اور اولاد عطا فرمائی) اس باب میں حضرت سعد، انس بن مالک عائشہ، ابن عباس رضی اللہ عنہم سے بھی روایت ہے۔ حدیث سمرہ رضی اللہ عنہ حسن غریب ہے۔ اشعث بن عبدالملک نے یہ حدیث بواسطہ حسن اور سعد بن ہشام، حضرت عائشہؓ سے اس کے ہم معنی مرفوع حدیث روایت کی کہا جاتا ہے۔ کہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں۔

## ۷۳۹: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَنْ تَرْضَوْنَ دِيْنَهٗ فَزَوِّجُوْهُ

## ۷۳۹: باب جس کی دینداری پسند کرو اس سے نکاح کرو

۱۰۷۶ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنِ ابْنِ وَثِيْمَةَ النَّصْرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

۱۰۷۶: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تمہیں ایسا شخص نکاح کا پیغام

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَطَبَ إِلَيْكُمْ مَنْ تَرْضَوْنَ دِيْنَهُ وَخُلُقَهُ فَزَوِّجُوْهُ إِلَّا تَفْعَلُوْا تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ عَرِيْضٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ أَبِيْ حَاتِمٍ الْمُزَنِيِّ وَعَائِشَةَ حَدِيْثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَدْ خُوْلِفَ عَبْدُ الْحَمِيْدِ ابْنُ سُلَيْمَانَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَرَوَاهُ اللَّيْثُ ابْنُ سَعْدٍ عَنْ أَبِيْ عَجْلَانَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا قَالَ مُحَمَّدٌ حَدِيْثُ اللَّيْثِ أَشْبَهُ وَلَمْ يَعُدَّ حَدِيْثَ عَبْدِ الْحَمِيْدِ مَحْفُوْظًا.

دے جس کا دین واخلاق تمہیں پسند ہو تو اس سے نکاح کرو۔ اگر ایسا نہ کیا تو زمین میں فتنہ برپا ہو جائے گا اور بہت بڑا فساد ہوگا۔ اس باب میں ابو حاتم مزنی اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ میں عبدالحمید بن سلیمان سے اختلاف کیا گیا ہے۔ لیث بن سعد، ابن عجلان سے اور وہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرسلاً روایت کرتے ہیں۔ امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ فرماتے ہیں حدیث لیث اشبہ اور حدیث عبدالحمید محفوظ ہے۔

۱۰۷۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو نَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمٰعِيْلَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ هُرْمُزٍ عَنْ مُحَمَّدٍ وَسَعِيْدِ ابْنَيْ عُبَيْدٍ عَنْ أَبِيْ حَاتِمٍ الْمُزَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَاءَكُمْ مَنْ تَرْضَوْنَ دِيْنَهُ وَخُلُقَهُ فَانْكِحُوْهُ إِنْ لَا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَإِنْ كَانَ فِيْهِ قَالَ إِذَا جَاءَكُمْ مَنْ تَرْضَوْنَ دِيْنَهُ وَخُلُقَهُ فَانْكِحُوْهُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ أَبُوْ حَاتِمٍ الْمُزَنِيُّ لَهُ صُحْبَةٌ وَلَا نَعْرِفُ لَهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ.

۱۰۷۷: حضرت ابو حاتم مزنیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تمہارے پاس ایسا شخص آئے جس کے دین اور اخلاق کو تم پسند کرتے ہو تو اس سے نکاح کردو۔ اگر ایسا نہ کرو گے تو زمین میں فتنہ اور فساد ہوگا۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگرچہ وہ مفلس ہی کیوں نہ ہو۔ فرمایا اگر اس کی دینداری اور اخلاق کو تم پسند کرتے ہو تو اسی سے نکاح کردو۔ یہی الفاظ تین مرتبہ فرمائے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ابو حاتم مزنیؓ کی صحابیت ثابت ہے۔ لیکن ان کی اس حدیث کے علاوہ کسی اور حدیث کا ہمیں علم نہیں۔

## ۷۴۰: بَابُ مَا جَاءَ فِيْ مَنْ يَنْكِحُ عَلٰى ثَلٰثِ خِصَالٍ

## ۷۴۰: باب لوگ تین چیزیں دیکھ کر نکاح کرتے ہیں

۱۰۷۸: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى نَا إِسْحٰقُ ابْنُ يُوْسُفَ الْأَزْرَقُ نَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْمَرْأَةَ تُنْكَحُ عَلٰى دِيْنِهَا وَمَالِهَا وَجَمَالِهَا فَعَلَيْكَ بِذَاتِ الدِّيْنِ تَرِبَتْ يَدَاكَ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَوْفِ ابْنِ مَالِكٍ وَعَائِشَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَأَبِيْ سَعِيْدٍ حَدِيْثُ جَابِرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۷۸: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت سے اس کے دین اس کے مال اور اس کی خوبصورتی کی وجہ سے نکاح کیا جاتا ہے لہٰذا تم دیندار عورت کو نکاح کے لئے اختیار کرو۔ (پھر فرمایا) تمہارے دونوں ہاتھ خاک آلودہ ہوں۔ اس باب میں عوف بن مالکؓ، عائشہؓ، عبداللہ بن عمروؓ، اور ابو سعیدؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث جابر رضی اللہ عنہ حسن صحیح ہے۔

## ۷۴۱: بَابُ مَاجَاءَ فِی النَّظْرِ اِلَی الْمَخْطُوْبَةِ

۱۰۷۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَاابْنُ اَبِیْ زَائِدَةَ ثَنِیْ عَاصِمُ بْنُ سُلَیْمَانَ عَنْ بَکْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ الْمُزَنِیِّ عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّہٗ خَطَبَ امْرَاَةً فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُنْظُرْ اِلَیْھَافَاِنَّہٗ اَحْرٰی اَنْ یُؤْدَمَ بَیْنَکُمَا وَفِی الْبَابِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ وَجَابِرٍ وَاَنَسٍ وَاَبِیْ حُمَیْدٍ وَاَبِیْ ھُرَیْرَةَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَقَدْذَھَبَ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ اِلٰی ھٰذَا الْحَدِیْثِ وَقَالُوْالا بَاْسَ اَنْ یَنْظُرَ اِلَیْھَا وَلَمْ یَرمِنْھَا مُحَرَّمًا وَھُوَقَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَ مَعْنٰی قَوْلِہٖ اَحْرٰی اَنْ یُؤْدَمَ بَیْنَکُمَاقَالَ اَحْرٰی اَنْ تَدُوْمَ الْمَوَدَّةُ بَیْنَکُمَا۔

## ۷۴۱: باب جس عورت سے پیغام نکاح کرے اس کو دیکھ لینا

۱۰۷۹: حضرت مغیرہؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک عورت کو نکاح کا پیغام دیا (یعنی منگنی کی) پس نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اسے دیکھ لو۔ یہ تمہاری محبت کو قائم رکھنے کے لئے زیادہ مناسب ہے۔ اس باب میں محمد بن مسلمہؓ، جابرؓ انسؓ، ابوحمیدؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ بعض علماء نے اس حدیث کے مطابق فرمایا کہ جس عورت کو آدمی نکاح کا پیغام بھیجے اسکو دیکھنے میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن اس کا کوئی ایسا عضو نہ دیکھے جس کو دیکھنا حرام ہو۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے ارشاد ''اَحْرٰی اَنْ...... '' کے معنی یہ ہیں کہ تمہارے درمیان محبت کے ہمیشہ رہنے کے لئے زیادہ مناسب ہے۔

## ۷۴۲: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ اِعْلَانِ النِّکَاحِ

۱۰۸۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَاھُشَیْمٌ نَا اَبُوْ بَلْجٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبِ الْجُمَحِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَصْلُ مَابَیْنَ الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ الدُّفُّ وَالصَّوْتُ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَجَابِرٍ وَالرُّبَیِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ وَحَدِیْثُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَاَبُوْ بَلْجٍ اسْمُہٗ یَحْیَی بْنُ اَبِیْ سُلَیْمٍ وَیُقَالُ ابْنُ سُلَیْمٍ اَیْضًاوَمُحَمَّدُ ابْنُ حَاطِبٍ قَدْرَاَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ غُلَامٌ صَغِیْرٌ۔

۱۰۸۱: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَایَزِیْدُ بْنُ ھٰرُوْنَ نَاعِیْسَی بْنُ مَیْمُوْنٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَعْلِنُوْاھٰذَا النِّکَاحَ وَاجْعَلُوْہُ فِی الْمَسَاجِدِ وَاضْرِبُوْا عَلَیْہِ بِالدُّفُوْفِ ھٰذَاحَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ فِیْ ھٰذَا الْبَابِ وَعِیْسَی بْنُ

## ۷۴۲: باب نکاح کا اعلان کرنا

۱۰۸۰: محمد بن حاطب جمحی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حرام اور حلال کے درمیان فرق صرف دف بجانے اور آواز کا ہے (یعنی حرام چوری سے اور حلال شہرت سے ہوتا ہے) اس باب میں حضرت عائشہؓ، جابرؓ اور ربیع بنت معوذؓ سے بھی روایت ہے۔ محمد بن حاطب کی حدیث حسن ہے۔ ابوبلج کا نام یحییٰ بن ابوسلیم ہے۔ انہیں ابن سلیم بھی کہتے ہیں۔ محمد بن حاطب نے اپنے بچپن کے زمانے میں نبی اکرم ﷺ کو دیکھا ہے۔

۱۰۸۱: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم لوگ نکاح کی تشہیر کرو۔ اسے مسجدوں میں کیا کرو اور نکاح کے وقت دف بجایا کرو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ عیسیٰ بن میمون انصاری کو حدیث میں ضعیف کہا گیا ہے عیسیٰ بن میمون جو ابن ابی نجیح سے تفسیر

مَیْمُوْنَ الْاَنْصَارِیُّ یُضَعَّفُ فِی الْحَدِیْثِ وَعِیْسَی بْنُ مَیْمُوْنِ الَّذِیْ یَرْوِیْ عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِیْحِ التَّفْسِیْرَ هُوَ ثِقَةٌ۔

روایت کرتے ہیں وہ ثقہ ہیں۔

۱۰۸۲: حَدَّثَنَا حُمَیْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ الْبَصْرِیُّ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ نَا خَالِدُ بْنُ ذَکْوَانَ عَنِ الرُّبَیِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ قَالَتْ جَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ عَلَیَّ غَدَاةً بُنِیَ بِیْ فَجَلَسَ عَلٰی فِرَاشِیْ کَمَجْلِسِکَ مِنِّیْ وَجُوَیْرِیَاتٌ لَنَا یَضْرِبْنَ بِدُفُوْفِهِنَّ وَیَنْدُبْنَ مَنْ قُتِلَ مِنْ اٰبَائِیْ یَوْمَ بَدْرٍ اِلٰی اَنْ قَالَتْ اِحْدَاهُنَّ وَفِیْنَا نَبِیٌّ یَعْلَمُ مَا فِیْ غَدٍ فَقَالَ لَهَا اسْکُتِیْ عَنْ هٰذِهٖ وَقُوْلِی الَّتِیْ کُنْتِ تَقُوْلِیْنَ قَبْلَهَا وَهٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

۱۰۸۲: حضرت رُبیع بنت معوذ بن عفراء سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سہاگ کے بعد کی صبح میرے ہاں تشریف لائے اور بستر پر بیٹھے جہاں (اے خالد بن زکوان) تم بیٹھے ہو۔ ہماری لونڈیاں دف بجاتی اور ہمارے آباؤ اجداد میں سے جو لوگ جنگ بدر میں شہید ہوگئے تھے ان کے متعلق مرثیہ گا رہی تھی یہاں تک کہ ان میں سے ایک نے یہ شعر پڑھا "وَفِیْنَا نَبِیٌّ"...... (اور ہمارے درمیان ایسا نبی ہے جو کل کی باتیں جانتا ہے) پس آپ ﷺ نے فرمایا خاموش ہو جاؤ اور اس طرح کے اشعار نہ پڑھو بلکہ جس طرح پہلے پڑھ رہی تھیں اسی طرح پڑھو اور یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۷۴۳: بَابُ مَا یُقَالُ لِلْمُتَزَوِّجِ

## ۷۴۳: باب کہ نکاح کرنے والے کو کیا کہا جائے

۱۰۸۳: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَیْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا رَفَّأَ الْاِنْسَانَ اِذَا تَزَوَّجَ قَالَ بَارَکَ اللّٰهُ لَکَ وَبَارَکَ عَلَیْکَ وَجَمَعَ بَیْنَکُمَا فِیْ خَیْرٍ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَقِیْلِ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ حَدِیْثُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

۱۰۸۳: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جب کوئی آدمی نکاح کرتا تو نبی اکرم ﷺ اس کو مبارکباد دیتے ہوئے اس کے لئے یوں دعا فرماتے "بَارَکَ اللّٰهُ ...... الخ (ترجمہ اللہ تعالیٰ مبارک کرے تمہیں برکت دے اور تم دونوں کو بھلائی میں جمع کرے) اس باب میں عقیل بن ابی طالبؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابو ہریرہؓ حسن صحیح ہے۔

## ۷۴۴: بَابُ مَا جَاءَ فِیْمَا یَقُوْلُ اِذَا دَخَلَ عَلٰی اَهْلِهٖ؟

## ۷۴۴: باب جب بیوی کے پاس جائے تو کیا کہے؟

۱۰۸۴: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ کُرَیْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا اَتٰی اَهْلَهٗ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا فَاِنْ قَضَی اللّٰهُ بَیْنَهُمَا وَلَدًا لَمْ یَضُرَّهُ الشَّیْطَانُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ

۱۰۸۴: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی کے پاس جائے (صحبت کے لئے) تو یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطٰنَ.. (اللہ کے نام کے ساتھ! اے اللہ ہمیں شیطان سے دور رکھ اور ہمیں جو اولاد دے اسے بھی شیطان سے محفوظ فرما۔ پس اگر اللہ تعالیٰ نے ان کے درمیان اولاد مقدر کی ہوگی تو اسے

صَحِیْحٌ.

شیطان نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۷۴۵: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْاَوْقَاتِ الَّتِیْ یُسْتَحَبُّ فِیْهَا النِّکَاحُ

## ۷۴۵: باب وہ اوقات جن میں نکاح کرنا مستحب ہے

۱۰۸۵: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ نَا سُفْیٰنُ عَنْ اِسْمٰعِیْلَ بْنِ اُمَیَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تَزَوَّجَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ شَوَّالٍ وَبَنٰی بِیْ فِیْ شَوَّالٍ وَکَانَتْ عَائِشَةُ تَسْتَحِبُّ اَنْ یُبْنٰی بِنِسَائِهَا فِیْ شَوَّالٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ لَانَعْرِفُ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ الثَّوْرِیِّ عَنْ اِسْمٰعِیْلَ.

۱۰۸۵: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے شوال میں نکاح کیا پھر صحبت بھی شوال میں کی۔ حضرت عائشہ اپنی سہیلیوں کی سہاگ رات شوال میں ہونا پسند کرتی تھیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ہم اسے صرف ثوری کی اسماعیل سے روایت کے ذریعہ جانتے ہیں۔

## ۷۴۶: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْوَلِیْمَةِ

## ۷۴۶: باب ولیمہ

۱۰۸۶: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَاٰی عَلٰی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اَثَرَ صُفْرَةٍ فَقَالَ مَا هٰذَا فَقَالَ اِنِّیْ تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً عَلٰی وَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ فَقَالَ بَارَکَ اللّٰهُ لَکَ اَوْ لِمْ وَلَوْبِشَاةٍ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَعَائِشَةَ وَجَابِرٍ وَزُهَیْرِ بْنِ عُثْمَانَ حَدِیْثُ اَنَسٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ وَزْنُ ثَلٰثَةِ دَرَاهِمَ وَ ثُلُثٍ وَقَالَ اِسْحٰقُ هُوَ وَزْنُ خَمْسَةِ دَرَاهِمَ.

۱۰۸۶: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ ایک دن نبی اکرم ﷺ نے عبدالرحمٰن بن عوفؓ کے بدن یا کپڑوں پر زرد رنگ کا اثر دیکھا تو پوچھا یہ کیا ہے؟ عبدالرحمٰن نے عرض کیا میں نے گٹھلی بھر سونے کے عوض ایک عورت سے نکاح کیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تمہیں مبارک کرے۔ دعوت ولیمہ کرو اگر چہ ایک بکری ہی سے ہو۔ اس باب میں ابن مسعودؓ، عائشہؓ، جابرؓ، زہیر بن عثمانؓ سے روایت ہے۔ حدیث انسؓ حسن صحیح ہے۔ امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ ایک گٹھلی کے برابر سونا تین درہم اور درہم کے تہائی حصے کے برابر ہوتا ہے۔ اسحٰقؒ کہتے ہیں کہ پانچ درہم کے برابر ہوتا ہے۔

۱۰۸۷: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوٗدَ عَنْ اَبِیْهِ نَوْفٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَوْلَمَ عَلٰی صَفِیَّةَ بِنْتِ حُیَیٍّ بِسَوِیْقٍ وَتَمْرٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

۱۰۸۷: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صفیہ بنت حسی سے نکاح پر ستو اور کھجور سے ولیمہ کیا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۰۸۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی نَا الْحُمَیْدِیُّ عَنْ سُفْیَانَ نَحْوَهٰذَا وَقَدْرَوٰی غَیْرُوَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنِ ابْنِ عُیَیْنَةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَنَسٍ وَلَمْ یَذْکُرُوْا فِیْهِ

۱۰۸۸: ہم سے روایت کی محمد بن یحییٰ نے انہوں نے حمید سے انہوں نے سفیان سے اسی کی مثل روایت کی کئی لوگوں نے یہ حدیث ابن عیینہ انہوں نے زہری انہوں نے انسؓ سے اور اس

عَنْ وَائِلٍ عَنِ ابْنِهِ نَوْفٍ وَكَانَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ يُدَلِّسُ فِي هٰذَا الْحَدِيْثِ فَرُبَّمَالَمْ يَذْكُرْفِيْهِ عَنْ وَائِلٍ عَنِ ابْنِهِ وَرُبَّمَاذَكَرَهٗ.

میں وائل کا ذکر نہیں کیا۔ وائل اپنے بیٹے نوف سے روایت کرتے ہیں۔ سفیان بن عیینہ اس حدیث میں تدلیس کرتے ہیں کیونکہ کبھی وائل کا ذکر کرتے ہیں اور کبھی نہیں کرتے۔

۱۰۸۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْبَصْرِيُّ نَازِيَادُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَاعَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامُ اَوَّلِ يَوْمٍ حَقٌّ وَطَعَامُ يَوْمِ الثَّانِيْ سُنَّةٌ وَطَعَامُ يَوْمِ الثَّالِثِ سُمْعَةٌ وَمَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهٖ حَدِيْثُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ لَا نَعْرِفُهٗ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ زِيَادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَزِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ كَثِيْرُ الْغَرَائِبِ وَالْمَنَاكِيْرِ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ يَذْكُرُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ قَالَ وَكِيْعٌ زِيَادُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَعَ شَرَفِهٖ يَكْذِبُ فِي الْحَدِيْثِ.

۱۰۸۹: حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پہلے دن کا کھانا واجب ہے دوسرے دن کا سنت اور تیسرے دن کا کھانا ریا کاری ہے۔ لہٰذا جو کوئی شہرت تلاش کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے کام لوگوں کو سنائے گا (یعنی اس کے لئے آخرت میں کوئی بدلہ نہیں) ہم حدیث ابن مسعود ؓ کو مرفوعاً صرف زیاد بن عبداللہ کی روایت سے پہچانتے ہیں۔ زیاد بن عبداللہ بہت غریب اور منکر حدیثیں روایت کرتا ہے۔ میں نے محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے سنا وہ محمد بن عقبہ کے واسطے سے وکیع کا قول نقل کرتے ہیں کہ زیاد بن عبداللہ باعزت ہونے کے باوجود حدیث میں جھوٹ بولتے ہیں۔

## ۷۴۷: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اِجَابَةِ الدَّاعِيْ

## ۷۴۷: باب دعوت قبول کرنا

۱۰۹۰: حَدَّثَنَااَبُوْ سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ نَا بِشْرُ ابْنُ مفضَّلٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِئْتُوا الدَّعْوَةَ اِذَا دُعِيْتُمْ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَالْبَرَاءِ وَاَنَسٍ وَاَبِيْ اَيُّوْبَ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۹۰: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تمہیں دعوت دی جائے تو قبول کرو۔ اس باب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، براء رضی اللہ عنہ، انس رضی اللہ عنہ اور ابوایوب رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما حسن صحیح ہے۔

## ۷۴۸: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَنْ يَجِيْءُ اِلَى الْوَلِيْمَةِ بِغَيْرِ دَعْوَةٍ

## ۷۴۸: باب بن بلائے ولیمہ میں جانا

۱۰۹۱: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهٗ اَبُوْ شُعَيْبٍ اِلٰى غُلَامٍ لَهٗ لَحَّامٍ فَقَالَ اصْنَعْ لِيْ طَعَامًا مَايَكْفِيْ خَمْسَةً فَاِنِّيْ رَاَيْتُ فِيْ وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُوْعَ فَصَنَعَ طَعَامًا ثُمَّ اَرْسَلَ اِلَى

۱۰۹۱: حضرت ابومسعودؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص ابو شعیب اپنے غلام لحام کے پاس آیا اور اسے کہا کہ پانچ آدمیوں کا کھانا پکاؤ۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کے چہرہ مبارک پر بھوک کے آثار دیکھے ہیں۔ غلام نے کھانا پکایا تو اس نے نبی اکرم ﷺ کو ہم نشینوں سمیت بلوایا۔ پس آپ

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَاهُ وَجُلَسَاءَهُ الَّذِيْنَ مَعَهُ فَلَمَّا قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّبَعَهُمْ رَجُلٌ لَمْ يَكُنْ مَعَهُمْ حِيْنَ دُعُوْا فَلَمَّا انْتَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْبَابِ قَالَ لِصَاحِبِ الْمَنْزِلِ اِنَّهُ اتَّبَعَنَا رَجُلٌ لَمْ يَكُنْ مَعَنَا حِيْنَ دَعَوْتَنَا فَاِنْ اَذِنْتَ لَهُ دَخَلَ قَالَ فَقَدْ اَذِنَّا لَهُ فَلْيَدْخُلْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

ﷺ کے ساتھ ایک ایسا شخص بھی چل دیا جو دعوت دینے کے وقت موجود نہیں تھا۔ آپ ﷺ جب دعوت دینے والے کے دروازے پر پہنچے تو اس سے فرمایا ہمارے ساتھ ایک ایسا شخص بھی ہے جو دعوت دیتے وقت موجود نہیں تھا اگر تم اجازت دو تو وہ بھی آ جائے۔ ابوشعیب نے عرض کیا ہم نے اجازت دی وہ بھی آ جائے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس باب میں حضرت عمرؓ سے بھی روایت ہے۔

## ۷۴۹: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ تَزْوِيْجِ الْاَبْكَارِ

## باب کنواری لڑکیوں سے نکاح کرنے کے بارے میں

۱۰۹۲: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرِو ابْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَتَزَوَّجْتَ يَاجَابِرُ فَقُلْتُ نَعَمْ قَالَ بِكْرًا اَمْ ثَيِّبًا فَقُلْتُ لَا بَلْ ثَيِّبًا فَقَالَ هَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَ تُلَاعِبُكَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ عَبْدَاللّٰهِ مَاتَ وَتَرَكَ سَبْعَ بَنَاتٍ اَوْتِسْعًا فَجِئْتُ بِمَنْ يَقُوْمُ عَلَيْهِنَّ فَدَعَالِيْ وَفِي الْبَابِ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ حَدِيْثُ جَابِرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۰۹۲: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک عورت سے نکاح کیا تو نبی اکرم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپؐ نے پوچھا کیا تم نے نکاح کیا ہے؟ میں نے عرض کیا۔ جی ہاں۔ فرمایا کنواری سے یا بیوہ سے۔ میں نے عرض کیا بیوہ سے۔ فرمایا کسی کنواری سے نکاح کیوں نہیں کیا وہ تم سے کھیلتی اور تم اس سے۔ عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میرے والد (عبداللہ) فوت ہو گئے اور سات یا نو لڑکیاں چھوڑ گئے (راوی کو شک ہے) پس میں نے ایسی عورت سے شادی کی جو ان کی نگرانی کر سکے۔ پس رسول اللہ ﷺ نے میرے لئے دعا فرمائی۔ اس باب میں حضرت ابی بن کعبؓ اور کعب بن عجرہؓ سے بھی روایت ہے یہ حدیث صحیح ہے۔

**خلاصۃ الابواب** : نکاح میں ایسی خصوصیات ہیں جو دوسرے معاملات میں نہیں اس وجہ سے احناف کے نزدیک دوسرے معاملات کی طرح محض یہ ایک معاملہ نہیں بلکہ یہ بھی عبادت ہے۔ غلبہ شہوت کی صورت میں نکاح ضروری ہے۔ چنانچہ ایسا شخص مہر اور نان نفقہ پر قدرت رکھنے اور حقوق زوجیت ادا کرنے پر قدرت ہونے کے باوجود اگر نکاح نہ کرے گا تو گناہگار ہو گا اگر غلبہ شہوت نہیں تو نکاح مسنون ہے (۲) اسلام نے نسب اور حرفت (پیشہ) کا اعتبار کیا ہے یعنی عمدہ اخلاق والے اور اپنے پیشہ اور نسب والے کو نکاح کر کے دو اس کو کفاءت کہتے ہیں یہ اسلام کے اصول مساوات کے منافی نہیں (۳) جمہور ائمہ کے نزدیک مرد کا اپنی ہونیوالی بیوی کو دیکھنا جائز ہے بلکہ مستحب ہے (۴) نکاح کے موقع پر دف بجانا جائز ہے لیکن آلات موسیقی کے ذریعے گانا بجانا جائز نہیں اس لئے قرآن وسنت سے موسیقی کے تمام آلات کی حرمت ثابت ہے۔ (۵) ولیمہ جمہور ائمہ کے نزدیک مسنون ہے بشرطیکہ فضول خرچی اور نمود ونمائش مقصود نہ ہو۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ اور حضرت جابر بن عبداللہؓ کے بارے میں مروی ہے کہ انہوں نے نکاح کے بعد آپ ﷺ کو اطلاع دی اس سے نکاح میں سادگی کا پسندیدہ اور مستحب ہونا معلوم ہوتا ہے۔

## ۷۵۰: بَابُ مَاجَاءَ لَانِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ

۱۰۹۳: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍنَا شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ ح وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ ح وَثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ ح وَثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ زِيَادٍ نَا زَيْدُ بْنُ حَبَابٍ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَانِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَاَنَسٍ۔

## ۷۵۰: باب ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا

۱۰۹۳: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔ اس باب میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، عمران بن حصین رضی اللہ عنہ اور انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی روایت ہے۔

۱۰۹۴: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ نَكَحَتْ بِغَيْرِ اِذْنِ وَلِيِّهَا فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ فَاِنْ دَخَلَ بِهَا فَلَهَا الْمَهْرُ بِمَا اسْتَحَلَّ مِنْ فَرْجِهَا فَاِنِ اشْتَجَرُوْا فَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَاوَلِيَّ لَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوٰى يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيُّ وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْحُفَّاظِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ نَحْوَ هٰذَا وَحَدِيْثُ اَبِيْ مُوْسٰى حَدِيْثٌ فِيْهِ اخْتِلَافٌ رَوَاهُ اِسْرَائِيْلُ وَشَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبُوْ عَوَانَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ وَقَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَوَاهُ اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَزَيْدُ بْنُ حُبَابٍ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَوٰى اَبُوْ عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَوٰى شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ عَنْ

۱۰۹۴: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عورت ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے اسکا نکاح باطل ہے، باطل ہے، باطل ہے پھر اگر خاوند نے اس سے جماع کیا تو اس پر مہر واجب ہو جائے گا۔ کیونکہ مرد نے اس کی شرمگاہ سے فائدہ اٹھایا۔ اگر ان کے درمیان کوئی جھگڑا ہو جائے تو بادشاہ وقت اس کا ولی ہے جس کا کوئی ولی (یعنی وارث) نہ ہو۔ یہ حدیث حسن ہے۔ یحییٰ بن سعید انصاری، یحییٰ بن ایوب، سفیان ثوری اور کئی حفاظ حدیث ابن جریج سے اسی کے مثل روایت کرتے ہیں۔ ابوموسیٰ کی حدیث میں اختلاف ہے۔ اسرائیل، شریک بن عبداللہ، ابو عوانہ۔ زہیر بن معاویہ اور قیس بن ربیع، ابواسحاق سے وہ ابو بردہ سے وہ ابوموسیٰ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حدیث کو راویت کرتے ہیں۔ ابوعبیدہ حداد، یونس بن ابواسحٰق سے وہ ابو بردہ سے وہ ابوموسیٰ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند روایت کرتے ہیں اور اس میں ابواسحٰق کا ذکر نہیں کرتے۔ یہ حدیث یونس بن ابواسحٰق سے بھی ابو بردہ کے حوالے سے مرفوعاً مروی ہے۔ شعبہ اور سفیان ثوری بھی ابواسحٰق سے وہ ابوموسیٰ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی حدیث روایت کرتے ہیں۔ سفیان کے بعض

اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا نِکَاحَ اِلَّا بِوَلِیٍّ وَقَدْ ذَکَرَ بَعْضُ اَصْحَابِ سُفْیٰنَ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی وَلَا یَصِحُّ وَرِوَایَةُ هٰؤُلَاءِ الَّذِیْنَ رَوَوْا عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا نِکَاحَ اِلَّا بِوَلِیٍّ عِنْدِیْ اَصَحُّ لِاَنَّ سَمَاعَهُمْ مِنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ فِیْ اَوْقَاتٍ مُخْتَلِفَةٍ وَاِنْ کَانَ شُعْبَةُ وَالثَّوْرِیُّ اَحْفَظُ وَاَثْبَتُ مِنْ جَمِیْعِ هٰؤُلَاءِ الَّذِیْنَ رَوَوْا عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ هٰذَا الْحَدِیْثَ فَاِنَّ رِوَایَةَ هٰؤُلَاءِ عِنْدِیْ اَشْبَهُ وَاَصَحُّ لِاَنَّ شُعْبَةَ وَالثَّوْرِیَّ سَمِعَا هٰذَا الْحَدِیْثَ مِنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ فِیْ مَجْلِسٍ وَاحِدٍ وَمِمَّا یَدُلُّ عَلٰی ذٰلِکَ مَا حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیَّ یَسْاَلُ اَبَا اِسْحٰقَ اَسَمِعْتَ اَبَا بُرْدَةَ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا نِکَاحَ اِلَّا بِوَلِیٍّ فَقَالَ نَعَمْ فَدَلَّ هٰذَا الْحَدِیْثُ عَلٰی اَنَّ سَمَاعَ شُعْبَةَ وَالثَّوْرِیِّ هٰذَا الْحَدِیْثَ فِیْ وَقْتٍ وَاحِدٍ وَاِسْرَائِیْلُ هُوَ ثَبْتٌ فِیْ اَبِیْ اِسْحٰقَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُثَنّٰی یَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ مَهْدِیٍّ یَقُوْلُ مَا فَاتَنِی الَّذِیْ فَاتَنِیْ مِنْ حَدِیْثِ الثَّوْرِیِّ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ اِلَّا لَمَّا اتَّکَلْتُ بِهٖ عَلٰی اِسْرَائِیْلَ لِاَنَّهٗ کَانَ یَاْتِیْ بِهٖ اَتَمَّ وَحَدِیْثُ عَائِشَةَ فِیْ هٰذَا الْبَابِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا نِکَاحَ اِلَّا بِوَلِیٍّ حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَرَوٰی ابْنُ جُرَیْجٍ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ مُوْسٰی عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَرَوَی الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ وَجَعْفَرُ ابْنُ رَبِیْعَةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَرُوِیَ عَنْ هِشَامِ ابْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلُهٗ وَقَدْ تَکَلَّمَ بَعْضُ اَصْحَابِ الْحَدِیْثِ فِیْ حَدِیْثِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ

ساتھی بھی سفیان سے وہ ابواسحٰق سے وہ ابوبردہ سے اور وہ ابوموسیٰ سے روایت کرتے ہیں لیکن یہ صحیح نہیں۔ میرے نزدیک ابواسحٰق کی ابوبردہ سے اور ان کی ابوموسیٰ کے حوالے سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی حدیث کہ ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا زیادہ صحیح ہے۔ اس لیے کہ ان تمام راویوں کا جو ابواسحٰق سے روایت کرتے ہیں۔ ابواسحٰق سے حدیث سننا مختلف اوقات میں تھا۔ اگرچہ سفیان اور شعبہ ان سب سے زیادہ اثبت اور احفظ ہیں۔ پس کئی راویوں کی روایت میرے نزدیک (یعنی امام ترمذیؒ) اصح واشبہ ہے۔ اس لیے کہ ثوری اور شعبہ دونوں نے یہ حدیث اس ابواسحٰق سے ایک ہی وقت میں سنی ہے۔ جس کی دلیل یہ ہے کہ محمود بن غیلان، ابوداود سے روایت کرتے ہیں کہ ان سے شعبہ نے کہا: میں نے سفیان ثوری کو ابواسحٰق سے یہ پوچھتے ہوئے سنا کہ کیا آپ نے ابوبردہ سے یہ حدیث سنی ہے۔ تو انہوں نے فرمایا: ہاں پس یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ان دونوں نے یہ حدیث ایک ہی وقت میں سنی جب کہ دوسرے راویوں نے مختلف اوقات میں سنی پھر اسرائیل ابواسحٰق کی روایتوں کو اچھی طرح یاد رکھنے والے ہیں۔ محمد بن مثنی، عبدالرحمٰن بن مہدی کے حوالے سے کہتے ہیں کہ انہوں نے کہا ثوری کی جو احادیث مجھ سے چھوٹ گئی ہیں وہ اسرائیل ہی پر بھروسہ کرنے کی وجہ سے چھوٹی ہیں کیونکہ یہ انہیں اچھی طرح یاد رکھتے تھے پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا'' حسن ہے۔ اس حدیث کو ابن جریج، سلیمان بن موسیٰ سے وہ زہری سے وہ عروہ رضی اللہ عنہ سے وہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں۔ پھر حجاج بن ارطاہ اور جعفر بن ربیعہ بھی زہری سے وہ عروہ سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اسی کے مثل مرفوعاً روایت کرتے ہیں۔ ہشام بھی اپنے والد سے وہ حضرت

عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ ثُمَّ لَقِيتُ الزُّهْرِيَّ فَسَأَلْتُهُ فَأَنْكَرَهُ فَضَعَّفُوا هٰذَا الْحَدِيثَ مِنْ اَجْلِ هٰذَا وَذُكِرَ عَنْ يَحْيَى بْنِ مَعِينٍ اَنَّهُ قَالَ لَمْ يَذْكُرْ هٰذَا الْحَرْفَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ وَسَمَاعُ اِسْمٰعِيلَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ لَيْسَ بِذَاكَ اِنَّمَا صَحَّحَ كُتُبَهُ عَلٰى كُتُبِ عَبْدِ الْمَجِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ مَا سَمِعَ مِنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَضَعَّفَ يَحْيٰى رِوَايَةَ اِسْمٰعِيلَ ابْنَ اِبْرَاهِيمَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَالْعَمَلُ فِي هٰذَا الْبَابِ عَلٰى حَدِيثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ وَاَبُوهُرَيْرَةَ وَغَيْرُ هُمْ وَهٰكَذَا رُوِيَ عَنْ بَعْضِ فُقَهَاءِ التَّابِعِينَ اَنَّهُمْ قَالُوا لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ مِنْهُمْ سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَالْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ وَشُرَيْحٌ وَاِبْرَاهِيمُ النَّخَعِيُّ وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَغَيْرُهُمْ وَبِهٰذَا يَقُولُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَالْاَوْزَاعِيُّ وَمَالِكٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ وَالشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ.

عائشہ سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں بعض محدثین زہری کی بحوالہ عائشہ رضی اللہ عنہا، عروہ رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث میں کلام کرتے ہیں۔ ابن جریج کہتے ہیں کہ میں نے زہری سے ملاقات کی اور اسی حدیث کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا میں نے یہ حدیث روایت نہیں کی۔ لہٰذا اسی وجہ سے اس حدیث کو محدثین نے ضعیف قرار دیا ہے۔ یحییٰ بن معین کے بارے میں مذکور ہے کہ انہوں نے کہا حدیث کے یہ الفاظ صرف اسماعیل بن ابراہیم ہی ابن جریج سے روایت کرتے ہیں اور ان کا ابن جریج سے سماع قوی نہیں۔ ان کے نزدیک بھی یہ ضعیف ہیں۔ اس باب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کہ ''ولی کے بغیر نکاح نہیں'' پر بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عمل ہے۔ جن میں عمر بن خطابؓ، علی بن ابی طالب، عبداللہ بن عباسؓ، ابو ہریرہؓ وغیرھم شامل ہیں۔ بعض فقہاء تابعینؒ سے بھی اسی طرح مروی ہے کہ ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔ سعید بن میتب، حسن بصری، شریح، ابراہیم نخعی عمر بن عبدالعزیز وغیرھم ان تابعین میں شامل ہیں سفیان ثوری، اوزاعی، مالک، عبداللہ بن مبارک شافعی، احمد اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

## ۷۵۱: بَابُ مَا جَاءَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِبَيِّنَةٍ

## ۷۵۱: باب بغیر گواہوں کے نکاح صحیح نہیں

۱۰۹۵: حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَغَايَا اللَّاتِي يُنْكِحْنَ اَنْفُسَهُنَّ بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ قَالَ يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ رَفَعَ عَبْدُ الْاَعْلٰى هٰذَا الْحَدِيثَ فِي التَّفْسِيرِ وَاَوْقَفَهُ فِي كِتَابِ الطَّلَاقِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

۱۰۹۵: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زانی عورتیں وہی ہیں جو گواہوں کے بغیر نکاح کرتی ہیں۔ یوسف بن حماد کہتے ہیں کہ عبدالاعلیٰ نے یہ حدیث تفسیر کے باب میں مرفوع اور کتاب الطلاق میں موقوف نقل کی ہے۔

۱۰۹۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا غُنْدَرٌ عَنْ سَعِيدٍ نَحْوَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَهٰذَا اَصَحُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَيْرُ مَحْفُوظٍ لَا نَعْلَمُ اَحَدًا رَفَعَهُ اِلَّا مَا رُوِيَ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلٰى عَنْ سَعِيدٍ عَنْ

۱۰۹۶: قتیبہ، غندر سے، وہ سعید سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں اور اسے مرفوع نہیں کرتے اور یہی صحیح ہے یہ حدیث غیر محفوظ ہے۔ ہمیں علم نہیں کہ اسے عبدالاعلیٰ کے علاوہ کسی اور نے مرفوعاً

قَتَادَةَ مَرْفُوْعًا وَرُوِیَ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلٰی عَنْ سَعِیْدٍ هٰذَا الْحَدِیْثُ مَوْقُوْفًا الصَّحِیْحُ مَارُوِیَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَوْلُهٗ لَانِكَاحَ اِلَّا بِبَیِّنَةٍ وَهٰكَذَا رَوٰی غَیْرُ وَاحِدٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ عَرُوْبَةَ نَحْوَ هٰذَا مَرْفُوْعًا وَفِی الْبَابِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ وَاَنَسٍ وَاَبِیْ هُرَیْرَةَ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ التَّابِعِیْنَ وَغَیْرِهِمْ قَالُوْا لَا نِكَاحَ اِلَّا بِشُهُوْدٍ لَمْ یَخْتَلِفُوْا فِیْ ذٰلِكَ عِنْدَنَا مَنْ مَضٰی مِنْهُمْ اِلَّا قَوْمًا مِنَ الْمُتَاَخِّرِیْنَ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ فِیْ هٰذَا اِذَا شَهِدَ وَاحِدٌ بَعْدَ وَاحِدٍ فَقَالَ اَكْثَرُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ وَغَیْرِهِمْ لَا یَجُوْزُ النِّكَاحُ حَتّٰی یَشْهَدَ الشَّاهِدَانِ مَعًا عِنْدَ عُقْدَةِ النِّكَاحِ وَقَدْرَاٰی بَعْضُ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ اِذَا شَهِدَ وَاحِدٌ بَعْدَ وَاحِدٍ اَنَّهٗ جَائِزٌ اِذَا اَعْلَنُوْا ذٰلِكَ وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَهٰكَذَا قَالَ اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ فِیْمَا حَكٰی عَنْ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ شَهَادَةُ رَجُلٍ وَامْرَاَتَیْنِ تَجُوْزُ فِی النِّكَاحِ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ.

روایت کیا ہو۔ عبدالاعلیٰ اسے سعید سے اور وہ قتادہ سے موقوفاً روایت کرتے ہیں۔ پھر عبدالاعلیٰ ہی اسے سعید سے مرفوعاً بھی روایت کرتے ہیں۔ صحیح یہی ہے کہ یہ ابن عباسؓ کا قول ہے کہ انہوں نے فرمایا گواہوں کے بغیر نکاح صحیح نہیں۔ کئی راوی سعید بن عروبہ سے بھی اسی کے مثل موقوفاً روایت کرتے ہیں۔ اس باب میں عمران بن حصینؓ، انسؓ اور ابو ہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ علماء، صحابہؓ، تابعینؒ اور دیگر علماء کا اسی پر عمل ہے کہ بغیر گواہوں کے نکاح نہیں ہوتا۔ سلف میں سے کسی کا اس مسئلے میں اختلاف نہیں۔ البتہ علماء متاخرین کی ایک جماعت کا اس میں اختلاف ہے۔ پھر علماء کا اس مسئلے میں اختلاف ہے کہ اگر ایک گواہ دوسرے کے بعد گواہی دے تو کیا حکم ہے۔ چنانچہ اکثر علماء کوفہ اور دیگر علماء کا قول ہے کہ اگر دونوں گواہ بیک وقت نکاح کے وقت موجود نہ ہوں تو ایسا نکاح جائز نہیں۔ بعض اہل مدینہ کہتے ہیں کہ اگر دونوں بیک وقت موجود نہ ہوں اور یکے بعد دیگرے گواہی دیں تو نکاح صحیح ہے۔ بشرطیکہ نکاح کا اعلان کیا جائے۔ مالک بن انسؓ کا یہی قول ہے اور اسحٰق بن ابراہیمؒ کی بھی یہی رائے ہے۔ بعض اہل علم کے نزدیک نکاح میں ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی کافی ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۷۵۲: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ خُطْبَةِ النِّكَاحِ

۱۰۹۷: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ عَلَّمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ التَّشَهُّدَ فِی الصَّلٰوةِ وَالتَّشَهُّدَ فِی الْحَاجَةِ قَالَ التَّشَهُّدُ فِی الصَّلٰوةِ اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَالتَّشَهُّدُ فِی الْحَاجَةِ اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ

## ۷۵۲: باب خطبہ نکاح

۱۰۹۷: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے ہمیں نماز کے لئے تشہد سکھانے کے ساتھ ساتھ حاجت کے لئے بھی تشہد سکھایا۔ آپؐ نے فرمایا نماز میں اس طرح تشہد پڑھو "اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰهِ ...... وَرَسُوْلُهٗ تک (ترجمہ تمام قولی عبدنی اور مالی عبادتیں اللہ کے لئے ہیں۔ اے نبی آپ پر سلام اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔ ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہو۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور رسول ہیں) اور حاجات جیسے کہ نکاح وغیرہ کا تشہد یہ ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَسْتَعِیْنُهٗ......

نَسْتَعِيْنُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ قَالَ وَيَقْرَأُ ثَلَاثَ اٰيَاتٍ قَالَ عَبْثَرٌ فَفَسَّرَ اَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ اِتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ اِتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَاءَ لُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا اِتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا اَلْاٰيَةُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدِيْثٌ حَسَنٌ رَوَاهُ الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكِلَا الْحَدِيْثَيْنِ صَحِيْحٌ لِاَنَّ اِسْرَائِيْلَ جَمَعَهُمَا فَقَالَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ وَاَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ قَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِنَّ النِّكَاحَ جَائِزٌ بِغَيْرِ خُطْبَةٍ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَغَيْرِهٖ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ.

وَرَسُوْلُهٗ تک تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں۔ہم اس سے مدد مانگتے ہیں اور بخشش چاہتے ہیں۔اپنے نفسوں کی شرارتوں اور اعمال کی برائیوں سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں۔جسے اللہ ہدایت دے اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں اور جسے اللہ گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین آیات پڑھتے تھے۔عبثر بن قاسم کہتے ہیں کہ سفیان ثوری نے ان کی تفصیل (یوں) بیان کی "اِتَّقُوا اللّٰهَ ......" (ترجمہ: "اللہ سے اس طرح ڈرو جس طرح ڈرنے کا حق ہے اور تمہیں حالت اسلام میں ہی موت آئے۔اللہ سے ڈرو جس کے نام پر تم سوال کرتے ہو اور رشتے داروں کا خیال رکھو۔اللہ تعالیٰ تم پر نگران ہے۔اللہ سے ڈرو اور سیدھی بات کہو۔" اس باب میں حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔حدیث عبداللہ حسن ہے۔یہ حدیث اعمش ابو اسحٰق سے وہ ابو عبیدہ سے اور وہ عبداللہ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔شعبہ بھی ابو اسحٰق سے اور وہ ابو عبیدہ سے بحوالہ عبداللہ مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔یہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں۔اسلئے کہ اسرائیل نے دونوں سندوں کو جمع کر دیا ہے۔اسرائیل ابو اسحٰق سے وہ ابو حوص اور ابو عبیدہ سے وہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔بعض علماء فرماتے ہیں کہ نکاح خطبے کے بغیر بھی جائز ہے۔سفیان ثوری رحمہ اللہ اور کئی اہل علم کا یہی قول ہے۔

۱۰۹۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ نَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ خُطْبَةٍ لَيْسَ فِيْهَا تَشَهُّدٌ فَهِيَ كَالْيَدِ الْجَذْمَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۰۹۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس خطبہ میں تشہد نہ ہو وہ ایسا ہے جیسے کوڑھی کا ہاتھ۔یہ حدیث حسن غریب ہے۔

## ۷۵۳: بَابُ مَاجَاءَ فِي اسْتِيْمَارِ الْبِكْرِ وَالثَّيِّبِ

## ۷۵۳: باب کنواری اور بیوہ کی اجازت

۱۰۹۹: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ نَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ

۱۰۹۹: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کنواری اور بیوہ دونوں کا نکاح

www.islamiurdubook.blogspot.com

سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَاتُنْكَحُ الثَّیِّبُ حَتّٰی تُسْتَأْمَرَ وَلَاتُنْكَحُ الْبِكْرُ حَتّٰی تُسْتَاْذَنَ وَاِذْنُهَا الصُّمُوْتُ وَفِی الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَعَائِشَةَ وَالْعُرْسِ ابْنِ عَمِیْرَةَ حَدِیْثُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ الثَّیِّبَ لَا تُزَوَّجُ حَتّٰی تُسْتَاْمَرَوَاِنْ زَوَّجَهَا الْاَبُ مِنْ غَیْرِ اَنْ یَسْتَاْمِرَهَا فَكَرِهَتْ ذٰلِكَ فَالنِّكَاحُ مَفْسُوْخٌ عِنْدَ عَامَّةِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِیْ تَزْوِیْجِ الْاَبْكَارِاِذَا زَوَّجَهُنَّ الْاٰبَآءُ فَرَاٰی اَكْثَرُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ وَغَیْرِهِمْ اَنَّ الْاَبَ اِذَا زَوَّجَ الْبِكْرَوَهِیَ بَالِغَةٌ بِغَیْرِ اَمْرِهَافَلَمْ تَرْضَ بِتَزْوِیْجِ الْاَبِ فَالنِّكَاحُ مَفْسُوْخٌ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ تَزْوِیْجُ الْاَبِ عَلَی الْبِكْرِ جَائِزٌ وَاِنْ كَرِهَتْ ذٰلِكَ وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَالشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ.

ان کی اجازت کے بغیر نہ کیا جائے اور کنواری لڑکی کی اجازت اس کا خاموش رہنا ہے۔ اس باب میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ، ابن عباس رضی اللہ عنہما، عائشہ رضی اللہ عنہا اور عرس بن عمیرہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے اسی پر اہل علم کا عمل ہے کہ بیوہ کا نکاح اس کی اجازت کے بغیر نہ کیا جائے۔ اگر چہ اسکا والد ہی اسکا نکاح کرنا چاہے اور اگر اس کے والد نے اس کی رضامندی کے بغیر نکاح کر دیا تو اکثر اہل علم کے نزدیک نکاح ٹوٹ جائے گا۔ جب کہ کنواری لڑکی کے نکاح کے متعلق علماء کا اختلاف ہے۔ اکثر علماء کوفہ اور دوسرے لوگوں کے نزدیک اگر بالغہ کنواری لڑکی کا نکاح اس کے باپ نے اس کی رضامندی کے بغیر کیا تو یہ نکاح ٹوٹ جائے گا۔ بعض علماء مدینہ کہتے ہیں کنواری لڑکی کا باپ اگر اس کا نکاح کر دے تو اس کی عدم رضا کے باوجود یہ نکاح جائز ہے۔ امام مالک بن انسؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

۱۱۰۰ : حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَامَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الْفَضْلِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاَیِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِیِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَاْذَنُ فِیْ نَفْسِهَا وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرَوٰی شُعْبَةُ وَسُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَاحْتَجَّ بَعْضُ النَّاسِ فِیْ اِجَازَةِ النِّكَاحِ بِغَیْرِ وَلِیٍّ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ وَلَیْسَ فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ مَااحْتَجُّوْابِهٖ لِاَنَّهٗ قَدْرُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَانِكَاحَ بِوَلِیٍّ وَهٰكَذَا اَفْتٰی بِهِ ابْنُ عَبَّاسٍ بَعْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِیٍّ وَاِنَّمَا مَعْنٰی قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْاَیِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِیِّهَا عِنْدَ اَكْثَرِ

۱۱۰۰: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بالغہ عورت اپنے نفس کی ولی سے زیادہ حق دار ہے اور کنواری لڑکی سے بھی نکاح کی اجازت لی جائے اور اس کی اجازت خاموش رہنا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ شعبہ اور سفیان ثوری نے اسے مالک بن انسؒ سے روایت کیا ہے۔ بعض لوگوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ ولی کے بغیر نکاح ہوسکتا ہے۔ لیکن یہ استدلال صحیح نہیں۔ کیونکہ ابن عباسؓ سے یہ حدیث کئی سندوں سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا ''ولی کے بغیر نکاح صحیح نہیں'' نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد حضرت ابن عباسؓ نے اسی پر فتویٰ بھی دیا ہے اور فرمایا کہ ولی کے بغیر نکاح نہیں۔ نبی اکرم ﷺ کا یہ قول کہ بالغہ اپنے نفس کی ولی سے زیادہ حقدار ہے کا مطلب اکثر علماء کے نزدیک یہ ہے کہ ولی اس کی رضامندی اور اجازت کے بغیر

اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ الْوَلِیَّ لَايُزَوِّجُهَا اِلَّا بِرَضَاهَا وَ اَمْرِهَا فَاِنْ زَوَّجَهَا فَالنِّكَاحُ مَفْسُوْخٌ عَلٰی حَدِيْثِ خَنْسَاءَ بِنْتِ خِدَامٍ حَيْثُ زَوَّجَهَا اَبُوْهَا وَهِیَ ثَيِّبٌ فَكَرِهَتْ ذٰلِكَ فَرَدَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِكَاحَهُ.

اس کا نکاح نہ کرے۔ اگر ایسا کرے گا تو نکاح ٹوٹ جائے گا۔ جیسے کہ خنساء بنت خدام کی حدیث میں ہے کہ وہ بیوہ تھیں اور ان کے والد نے ان کی مرضی کے بغیر ان کا نکاح کر دیا تو نبی کریم ﷺ نے نکاح کو فسخ کر دیا۔

## ۷۵۴: بَابُ مَاجَاءَ فِی اِكْرَاهِ الْيَتِيْمَةِ عَلَی التَّزْوِيْجِ

## ۷۵۴: باب یتیم لڑکی پر نکاح کے لئے زبردستی صحیح نہیں

۱۱۰۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِی سَلَمَةَ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْيَتِيْمَةُ تُسْتَأْمَرُ فِی نَفْسِهَا فَاِنْ صَمَتَتْ فَهُوَ اِذْنُهَا وَاِنْ اَبَتْ فَلَاجَوَازَ عَلَيْهَا وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِی مُوْسٰی وَابْنِ عُمَرَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی حَدِيْثُ اَبِی هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِی تَزْوِيْجِ الْيَتِيْمَةِ فَرَاٰی بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ الْيَتِيْمَةَ اِذَا زُوِّجَتْ فَالنِّكَاحُ مَوْقُوْفٌ حَتّٰی تَبْلُغَ فَاِذَا بَلَغَتْ فَلَهَا الْخِيَارُ فِی اِجَازَةِ النِّكَاحِ اَوْفَسْخِهِ وَهُوَ قَوْلُ بَعْضِ التَّابِعِيْنَ وَغَيْرِهِمْ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَايَجُوْزُ نِكَاحُ الْيَتِيْمَةِ حَتّٰی تَبْلُغَ وَلَايَجُوْزُ الْخِيَارُ فِی النِّكَاحِ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ وَالشَّافِعِیِّ وَغَيْرِهِمَا مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ وَقَالَ اَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ اِذَا بَلَغَتِ الْيَتِيْمَةُ تِسْعَ سِنِيْنَ فَزُوِّجَتْ فَرَضِيَتْ فَالنِّكَاحُ جَائِزٌ وَلَا خِيَارَ لَهَا اِذَا اَدْرَكَتْ وَاحْتَجَّا بِحَدِيْثِ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَنٰی بِهَا وَهِیَ بِنْتُ تِسْعِ سِنِيْنَ وَقَدْ قَالَتْ عَائِشَةُ اِذَا بَلَغَتِ الْجَارِيَةُ تِسْعَ سِنِيْنَ فَهِیَ امْرَاَةٌ.

۱۱۰۱: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یتیم لڑکی سے بھی نکاح کے لئے اس کی اجازت لی جائے اگر وہ خاموش رہے تو یہ اس کی رضامندی ہے اور اگر وہ انکار کر دے تو اس پر کوئی جبر نہیں۔ اس باب میں ابو موسیٰؓ اور ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابو ہریرہؓ حسن ہے۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ اگر یتیم لڑکی کا اس کی اجازت کے بغیر نکاح کر دیا تو یہ موقوف ہے۔ یہاں تک کہ وہ بالغ ہو جائے پھر اسے اختیار ہے کہ چاہے تو قبول کرے اور اگر چاہے تو ختم کر دے۔ بعض تابعین وغیرہم کا بھی یہی قول ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ یتیم لڑکی کا بلوغت سے پہلے نکاح کرنا جائز نہیں اور نہ ہی نکاح مین اختیار دینا جائز ہے۔ سفیان ثوریؒ شافعیؒ اور دوسرے علماء کا یہی قول ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کہتے ہیں کہ اگر یتیم لڑکی کا نو سال کی عمر میں اس کی رضامندی سے نکاح کیا گیا تو جوانی کے بعد اسکو کوئی اختیار باقی نہیں رہتا۔ ان کی دلیل حضرت عائشہؓ کی حدیث ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ان کے ساتھ نو سال کی عمر میں شب زفاف (یعنی سہاگ رات) گزاری۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ اگر لڑکی کی عمر نو سال ہو تو وہ مکمل جوان ہے۔

## ۷۵۵: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْوَلِيَّيْنِ يُزَوِّجَانِ

## ۷۵۵: باب اگر دو ولی دو مختلف جگہ نکاح کر دیں تو کیا کیا جائے

۱۱۰۲: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا غُنْدَرٌ نَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِی

۱۱۰۲: حضرت سمرہ بن جندبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ زَوَّجَهَا وَلِيَّانِ فَهِيَ لِلْاَوَّلِ مِنْهُمَا وَمَنْ بَاعَ بَيْعًا مِنْ رَجُلَيْنِ فَهُوَ لِلْاَوَّلِ مِنْهُمَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ لَا نَعْلَمُ بَيْنَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اخْتِلَافًا اِذَا زَوَّجَ اَحَدُ الْوَلِيَّيْنِ قَبْلَ الْاٰخَرِ فَنِكَاحُ الْاَوَّلِ جَائِزٌ وَنِكَاحُ الْاٰخِرِ مَفْسُوْخٌ وَاِذَا زَوَّجَا جَمِيْعًا فَنِكَاحُهُمَا جَمِيْعًا مَفْسُوْخٌ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ .

ﷺ نے فرمایا جس عورت کے دو ولیوں نے اس کا دو جگہ نکاح کر دیا۔ (یعنی دو آدمیوں کے ساتھ) تو وہ ان دونوں میں سے پہلے کی بیوی ہوگی اور اسی طرح اگر کوئی شخص ایک چیز کو دو آدمیوں کے ہاتھ فروخت کرے گا تو وہ ان دونوں میں سے پہلے کی ہوگی۔ یہ حدیث حسن ہے اہل علم کا اس پر عمل ہے۔ اہل علم کا اس مسئلے میں کوئی اختلاف نہیں کہ اگر کسی عورت کے دو ولی ہوں اور ایک اسکا نکاح کر دے لیکن دوسرے کو اس کا علم نہ ہو اور وہ بھی کہیں اور نکاح کر دے تو وہ پہلے والے کی بیوی ہے اور دوسرا نکاح باطل ہے اور اگر دونوں ایک ہی وقت میں نکاح کریں تو دونوں کا ہی باطل ہوگا۔ سفیان ثوریؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

## ۷۵۶: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ نِكَاحِ الْعَبْدِ بِغَيْرِ اِذْنِ سَيِّدِهٖ

## ۷۵۶: باب غلام کا اپنے مالک کی اجازت کے بغیر نکاح کرنا

۱۱۰۳: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا عَبْدٍ تَزَوَّجَ بِغَيْرِ اِذْنِ سَيِّدِهٖ فَهُوَ عَاهِرٌ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثُ جَابِرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَقِيْلٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا يَصِحُّ وَالصَّحِيْحُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَقِيْلٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اَنَّ نِكَاحَ الْعَبْدِ بِغَيْرِ اِذْنِ سَيِّدِهٖ لَا يَجُوْزُ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَغَيْرِهِمَا .

۱۱۰۳: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی غلام اپنے مالک کی اجازت کے بغیر نکاح کرے تو وہ زانی ہے۔ اس باب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔ حدیث جابر رضی اللہ عنہ حسن ہے۔ بعض راوی یہ حدیث عبداللہ بن محمد بن عقیل سے اور وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں لیکن یہ صحیح نہیں۔ صحیح یہی ہے کہ عبداللہ بن محمد بن عقیل حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعینؒ کا اسی پر عمل ہے کہ مالک کی اجازت کے بغیر غلام کا نکاح صحیح نہیں۔ امام احمدؒ، اسحٰقؒ اور دوسرے حضرات کا بھی یہی قول ہے۔

۱۱۰۴: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ نَا اَبِيْ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا عَبْدٍ تَزَوَّجَ بِغَيْرِ اِذْنِ سَيِّدِهٖ فَهُوَ عَاهِرٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۰۴: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو غلام اپنے مالک کی اجازت کے بغیر نکاح کرے وہ زانی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۷۵۷: بَابُ مَاجَاءَ فِی مُھُوْرِ النِّسَآءِ

۱۱۰۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَھْدِیٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالُوْا نَاشُعْبَةُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَامِرِ بْنِ رَبِیْعَةَ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ امْرَاَةً مِنْ بَنِیْ فَزَارَةَ تَزَوَّجَتْ عَلٰی نَعْلَیْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَرَضِیْتِ مِنْ نَفْسِکِ وَمَا لِکِ بِنَعْلَیْنِ قَالَتْ نَعَمْ فَاَجَازَهُ وَفِی الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَاَبِیْ ھُرَیْرَةَ وَسَھْلِ بْنِ سَعْدٍ وَاَبِیْ سَعِیْدٍ وَاَنَسٍ وَعَائِشَةَ وَجَابِرٍ وَاَبِیْ حَدْرَدٍ الْاَسْلَمِیِّ حَدِیْثُ عَامِرِ بْنِ رَبِیْعَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَاخْتَلَفَ اَھْلُ الْعِلْمِ فِی الْمَھْرِ فَقَالَ بَعْضُھُمُ الْمَھْرُ عَلٰی مَا تَرَاضَوْا عَلَیْهِ وَھُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَالشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ مَالِکُ بْنُ اَنَسٍ لَایَکُوْنُ الْمَھْرُ اَقَلَّ مِنْ رُبْعِ دِیْنَارٍ وَقَالَ بَعْضُ اَھْلِ الْکُوْفَةِ لَایَکُوْنُ الْمَھْرُ اَقَلَّ مِنْ عَشَرَةِ دَرَاھِمَ۔

۱۱۰۶: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ الْخَلَّالُ نَا اِسْحٰقُ ابْنُ عِیْسٰی وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ قَالَا نَا مَالِکُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ اَبِیْ حَازِمِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ سَھْلِ بْنِ سَعْدِ السَّاعِدِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ جَآءَتْهُ اِمْرَاَةٌ فَقَالَتْ اِنِّیْ وَھَبْتُ نَفْسِیْ لَکَ فَقَامَتْ طَوِیْلًا فَقَالَ رَجُلٌ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ زَوِّجْنِیْھَا اِنْ لَمْ یَکُنْ لَکَ بِھَا حَاجَةٌ فَقَالَ ھَلْ عِنْدَکَ مِنْ شَیْءٍ تُصْدِقُھَا فَقَالَ مَاعِنْدِیْ اِلَّا اِزَارِیْ ھٰذَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِزَارَکَ اِنْ اَعْطَیْتَھَا جَلَسْتَ وَلَا اِزَارَ لَکَ فَالْتَمِسْ شَیْئًا فَقَالَ مَااَجِدُ قَالَ الْتَمِسْ وَلَوْخَاتَمًا مِنْ حَدِیْدٍ قَالَ فَالْتَمَسَ فَلَمْ یَجِدْ شَیْئًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ھَلْ مَعَکَ مِنَ الْقُرْاٰنِ شَیْءٌ قَالَ نَعَمْ سُوْرَةُ کَذَا وَسُوْرَةُ کَذَا لِسُوَرٍ سَمَّاھَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

## ۷۵۷: باب عورتوں کا مہر

۱۱۰۵: عاصم بن عبداللہ سے روایت ہے کہ میں نے عبداللہ بن عامر بن ربیعہ سے ان کے والد کے حوالے سے سنا کہ قبیلہ بنو فزارہ کی ایک عورت نے دو جوتیاں مہر مقرر کر کے نکاح کیا تو رسول اللہ ﷺ نے اس سے پوچھا کیا تم جوتیوں کے بدلے میں اپنی جان و مال دینے پر راضی ہو: اس نے عرض کیا! ہاں پس آپ ﷺ نے اس کو اجازت دے دی۔
اس باب میں حضرت عمرؓ، ابو ہریرہؓ، سہل بن سعدؓ، ابو سعیدؓ، انسؓ، عائشہؓ، جابرؓ اور ابو حدرد اسلمیؓ سے بھی روایت ہے۔ عامر بن ربیعہ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ مہر کے مسئلہ میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ مہر کی کوئی مقدار متعین نہیں لہٰذا زوجین جس پر متفق ہو جائیں وہی مہر ہے۔ سفیان ثوریؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ مہر چار دینار سے کم نہیں۔ بعض اہل کوفہ (احناف) فرماتے ہیں کہ مہر دس درہم سے کم نہیں ہوتا۔

۱۱۰۶: حضرت سہل بن ساعدیؓ سے روایت ہے کہ ایک عورت نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا، میں نے خود کو آپ ﷺ کے حوالے کر دیا۔ پھر کافی دیر کھڑی رہی تو ایک شخص نے عرض کیا، یا رسول اللہ ﷺ اگر آپ ﷺ کو اس کی حاجت نہیں تو اس کا نکاح مجھ سے کر دیجئے آپ ﷺ نے فرمایا تمہارے پاس مہر کے لئے کچھ ہے؟ اس نے عرض کیا۔ میرے پاس صرف یہی تہبند ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر تم اپنا تہبند اسے دو گے تو خود خالی بیٹھے رہو گے۔ پس تم کوئی اور چیز تلاش کرو۔ اس نے کہا: میرے پاس کچھ نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا تلاش کرو اگرچہ وہ لوہے کی انگوٹھی ہی کیوں نہ ہو۔ راوی کہتے ہیں اس نے تلاش کیا لیکن کچھ نہ پا کر وہ دوبارہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے پوچھا: تم نے قرآن میں سے کچھ حفظ کیا ہے۔ اس نے عرض کیا۔ جی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْذَهَبَ الشَّافِعِيُّ اِلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَ اِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ شَيْءٌ يُصْدِقُهَا فَتَزَوَّجَهَا عَلٰى سُوْرَةٍ مِنَ الْقُرْاٰنِ فَالنِّكَاحُ جَائِزٌ وَيُعَلِّمُهَا سُوْرَةً مِنَ الْقُرْاٰنِ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ النِّكَاحُ جَائِزٌ وَيَجْعَلُ لَهَا صَدَاقَ مِثْلِهَا وَ هُوَ قَوْلُ اَهْلِ الْكُوْفَةِ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ.

ہاں۔فلاں فلاں سورتیں یاد ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میں نے ان سورتوں کے عوض جو تجھے یاد ہیں اس کے ساتھ تیرا نکاح کر دیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔امام شافعیؒ کا اسی پر عمل ہے۔امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر کچھ نہ پایا اور قرآن پاک کی سورت پر ہی نکاح کر لیا تو جائز ہے۔عورت کو قرآن کی سورتیں سکھا دے۔بعض اہل علم فرماتے ہیں نکاح جائز ہے اور مہر مثل واجب ہو جائیگا۔اہل کوفہ احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

۱۱۰۷: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَاسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِي الْعَجْفَاءِ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اَلَا لَا تُغَالُوْا صَدُقَةَ النِّسَاءِ فَاِنَّهَا لَوْ كَانَتْ مَكْرُمَةً فِي الدُّنْيَا وَتَقْوٰى عِنْدَ اللّٰهِ لَكَانَ اَوْلَاكُمْ بِهَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاعَلِمْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكَحَ شَيْئًا مِنْ نِسَائِهِ وَلَا اَنْكَحَ شَيْئًا مِنْ بَنَاتِهِ عَلٰى اَكْثَرَ مِنْ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ اُوْقِيَّةً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوالْعَجْفَاءِ السُّلَمِيُّ اسْمُهُ هَرِمٌ وَالْوَقِيَّةُ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَرْبَعُوْنَ دِرْهَمًا وَثِنْتَاعَشْرَةَ وَقِيَّةً هُوَاَرْبَعُ مِائَةٍ وَثَمَانُوْنَ دِرْهَمًا.

۱۱۰۷: ابوعجفاء سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا خبردار عورتوں کا مہر زیادہ نہ بڑھاؤ۔اگر یہ دنیا میں باعث عزت اور اللہ کے ہاں تقوٰی ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تم سے زیادہ اس کے حق دار تھے۔ مجھے علم نہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ازواج مطہراتؓ میں سے کسی کے ساتھ یا اپنی بیٹیوں کے نکاحوں میں بارہ اوقیہ (چاندی) سے زیادہ مہر رکھا ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ابوعجفاء کا نام ہرم ہے۔اہل علم کے نزدیک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے اور بارہ اوقیہ چار سواسی (۴۸۰) درہم ہوئے۔

### ۷۵۸: بَابُ مَاجَاءَ فِي الرَّجُلِ يُعْتِقُ الْاَمَةَ ثُمَّ يَتَزَوَّجُهَا

### ۷۵۸: باب آزاد کردہ لونڈی سے نکاح کرنا

۱۱۰۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَااَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْتَقَ صَفِيَّةَ وَجَعَلَ عِتْقَهَاصَدَاقَهَاوَفِي الْبَابِ عَنْ صَفِيَّةَ حَدِيْثُ اَنَسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِ هِمْ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ وَكَرِهَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنْ يُجْعَلَ عِتْقُهَا صَدَاقَهَا حَتّٰى يَجْعَلَ لَهَا مَهْرًاسِوَى الْعِتْقِ وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ اَصَحُّ.

۱۱۰۸: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صفیہ کو آزاد کیا اور ان کی آزادی کو ہی ان کا مہر مقرر کیا۔اس باب میں حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے بھی روایت ہے۔حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے۔بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دوسرے حضرت کا اس پر عمل ہے۔امام شافعیؒ ،احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔بعض علماء کے نزدیک آزادی کو مہر مقرر کرنا مکروہ ہے۔ان کے نزدیک آزادی کے علاوہ مہر مقرر کرنا چاہیے۔لیکن پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔

### ۷۵۹: بَابُ مَاجَاءَ فِي

### ۷۵۹: باب (آزاد کردہ لونڈی سے) نکاح

## اَلْفَضْلِ فِیْ ذٰلِكَ

۱۱۰۹: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَلِیُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْفَضْلِ ابْنِ یَزِیْدَ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰی عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ یُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَرَّتَیْنِ عَبْدٌ اَدّٰی حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ مَوَالِیْهِ فَذٰلِكَ یُؤْتٰی اَجْرَهٗ مَرَّتَیْنِ وَرَجُلٌ كَانَتْ عِنْدَهٗ جَارِیَةٌ وَضِیْئَةٌ فَاَدَّبَهَا فَاَحْسَنَ اَدَبَهَا ثُمَّ اَعْتَقَهَا ثُمَّ تَزَوَّجَهَا یَبْتَغِیْ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ فَذٰلِكَ یُؤْتٰی اَجْرَهٗ مَرَّتَیْنِ وَرَجُلٌ اٰمَنَ بِالْكِتَابِ الْاَوَّلِ ثُمَّ جَآءَهُ الْكِتٰبُ الْاٰخَرُ فَاٰمَنَ بِهٖ فَذٰلِكَ یُؤْتٰی اَجْرَهٗ مَرَّتَیْنِ۔

۱۱۱۰: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ عَنْ صَالِحِ بْنِ صَالِحٍ وَهُوَ ابْنُ حَیٍّ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ بِمَعْنَاهُ حَدِیْثُ اَبِیْ مُوْسٰی حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَاَبُوْبُرْدَةَ ابْنُ اَبِیْ مُوْسَی اسْمُهٗ عَامِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَیْسٍ وَ قَدْ رَوٰی شُعْبَةُ وَالثَّوْرِیُّ عَنْ صَالِحِ بْنِ صَالِحِ ابْنِ حَیٍّ هٰذَا الْحَدِیْثَ۔

## ۷۶۰: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ مَنْ یَتَزَوَّجُ الْمَرْاَةَ ثُمَّ یُطَلِّقُهَا قَبْلَ اَنْ یَدْخُلَ بِهَا هَلْ یَتَزَوَّجُ ابْنَتَهَا اَمْ لَا

۱۱۱۱: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا ابْنُ لَهِیْعَةَ عَنْ عُمَرَ ابْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَیُّمَا رَجُلٍ نَكَحَ امْرَاَةً فَدَخَلَ بِهَا فَلَا یَحِلُّ لَهٗ نِكَاحُ ابْنَتِهَا فَاِنْ لَمْ یَكُنْ دَخَلَ بِهَا فَلْیَنْكِحِ ابْنَتَهَا وَ اَیُّمَا رَجُلٍ نَكَحَ امْرَاَةً فَدَخَلَ بِهَا اَوْلَمْ یَدْخُلْ فَلَا یَحِلُّ لَهٗ نِكَاحُ اُمِّهَا قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی هٰذَا حَدِیْثٌ لَا یَصِحُّ مِنْ قِبَلِ اِسْنَادِهٖ

## کی فضیلت

۱۱۰۹: حضرت ابو بردہؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں کو دوہرا ثواب دیا جائے گا۔ وہ غلام جس نے اللہ تعالیٰ اور اپنے مالک کا حق ادا کیا اسے دوگنا اجر ملے گا۔ ایسا شخص جس کی ملکیت میں خوبصورت لونڈی ہو وہ اس کی اچھی تربیت کرے پھر اسے آزاد کر کے محض اللہ کی خوشنودی کے لیے نکاح کرے تو اسے بھی دوگنا ثواب ملے گا اور تیسرا وہ شخص جو پہلی کتاب پر بھی (یعنی توراۃ، زبور، انجیل) ایمان لایا اور پھر دوسری کتاب نازل ہوئی (یعنی قرآن) تو اس پر بھی ایمان لایا۔ اس کے لئے بھی دوگنا ثواب ہے۔

۱۱۱۰: ہم سے روایت کی ابن عمرؓ نے انہوں نے سفیان سے انہوں نے صالح بن صالح سے کہ وہ حی کے بیٹے ہیں۔ انہوں نے روایت کی شعبی سے انہوں نے ابو بردہ سے انہوں نے ابو موسیٰ سے انہوں نے نبی ﷺ سے اسی حدیث کی مثل حدیث ابو موسیٰ حسن صحیح ہے۔ ابو بردہ بن موسیٰ کا نام عامر بن عبداللہ بن قیس ہے۔ شعبہ اور ثوری نے یہ حدیث صالح بن صالح بن حی سے روایت کی ہے۔

## ۷۶۰: جو شخص کسی عورت سے نکاح کرنے کے بعد اس سے صحبت سے پہلے طلاق دے دے تو کیا وہ اس کی بیٹی سے نکاح کر سکتا ہے یا نہیں

۱۱۱۱: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جو آدمی کسی عورت سے نکاح کر کے اس سے صحبت بھی کرے اس کے لئے اس عورت کی لڑکی سے نکاح کرنا جائز نہیں۔ لیکن اگر صحبت نہ کی ہو تو اس صورت میں اس کی بیٹی اس کے لئے حلال ہے اور اگر کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرلے تو اس کی ماں اس پر حرام ہوجاتی ہے خواہ اس نے صحبت کی ہو یا نہ کی ہو۔ امام ترمذیؒ

وَاِنَّمَا رَوَاهُ ابْنُ لَهِيْعَةَ وَالْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو ابْنِ شُعَيْبٍ وَالْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ وَابْنُ لَهِيْعَةَ يُضَعَّفَانِ فِي الْحَدِيْثِ وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالُوْا اِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ امْرَأَةً ثُمَّ طَلَّقَهَا قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ بِهَا حَلَّ لَهُ اَنْ يَّنْكِحَ ابْنَتَهَا وَاِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ الْاِبْنَةَ فَطَلَّقَهَا قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ بِهَا لَمْ يَحِلَّ لَهُ نِكَاحُ اُمِّهَا لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى (وَاُمَّهَاتُ نِسَاءِ كُمْ) وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ.

فرماتے ہیں اس حدیث کی سند صحیح نہیں ابن لہیعہ، مثنی بن صباح اور وہ عمرو بن شعیب سے روایت کرتے ہیں اور ابن لہیعہ اور مثنیٰ دونوں حدیث میں ضعیف ہیں۔ اکثر اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کر کے اس سے صحبت کئے بغیر طلاق دے دے تو اس کی بیٹی اس کے لئے حلال ہے لیکن بیوی کی ماں اس پر ہر صورت میں حرام ہے چاہے وہ اس کے ساتھ (یعنی اپنی بیوی) صحبت کر کے طلاق دے یا اس سے پہلے۔ اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے" وَاُمَّهَاتُ ......" اور تمہاری بیویوں کی مائیں (تمہارے لئے حرام ہیں) امام شافعیؒ احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۷۶۱: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَنْ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا فَيَتَزَوَّجُهَا اٰخَرُ فَيُطَلِّقُهَا قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ بِهَا

## ۷۶۱: باب جو شخص اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے اور اس کے بعد وہ عورت کسی اور سے شادی کر لے لیکن یہ شخص صحبت سے پہلے ہی اسے طلاق دے دے

۱۱۱۲: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ وَاِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَا نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَآءَتْ امْرَأَةُ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنِّيْ كُنْتُ عِنْدَ رِفَاعَةَ فَطَلَّقَنِيْ فَبَتَّ طَلَاقِيْ فَتَزَوَّجْتُ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ الزُّبَيْرِ وَمَا مَعَهُ اِلَّا مِثْلُ هُدْبَةِ الثَّوْبِ فَقَالَ اَتُرِيْدِيْنَ اَنْ تَرْجِعِيْ اِلٰى رِفَاعَةَ لَاحَتّٰى تَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهُ وَيَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ وَفِي الْبَابِ عَنْ ابْنِ عُمَرَ وَاَنَسٍ وَالرُّمَيْصَاءِ اَوِ الْغُمَيْصَاءِ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ عَامَّةِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِ هِمْ اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا فَتَزَوَّجَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ فَطَلَّقَهَا قَبْلَ اَنْ

۱۱۱۲: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رفاعہ قرظی کی بیوی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا میں رفاعہ کے نکاح میں تھی کہ انہوں نے مجھے تین طلاقیں دے دیں۔ پھر میں نے عبدالرحمٰن بن زبیر کے ساتھ شادی کی لیکن ان کے پاس کچھ نہیں مگر جیسے کونا یا کپڑے کا کنارہ ہوتا ہے (یعنی جماع کی قوت نہیں) آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم چاہتی ہو کہ دوبارہ رفاعہ کے نکاح میں آ جاؤ؟ نہیں (لوٹ سکتی) جب تک کہ تم دونوں (یعنی عبدالرحمٰن اور تم) ایک دوسرے کا مزہ نہ چکھ لو (یعنی جماع کی لذت حاصل نہ کر لو) اس باب میں ابن عمرؓ، انسؓ رمیصاء یا غمیصا اور ابو ہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت عائشہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ تمام صحابہ کرامؓ اور دوسرے اہل علم کا اس پر عمل ہے کہ جب کوئی شخص اپنی بیوی کو تین طلاق دے پھر وہ عورت کسی دوسرے آدمی سے نکاح کرے اور وہ آدمی جماع سے پہلے طلاق دے دے تو وہ عورت پہلے خاوند

يَدْخُلَ بِهَا اَنَّهَا لَاتَحِلُّ لِلزَّوْجِ الْاَوَّلِ اِذَا لَمْ يَكُنْ جَامَعَهَا الزَّوْجُ الْاٰخَرُ.

کے لئے حلال نہیں ہے۔ یہاں تک کہ دوسرا شوہر اس عورت سے جماع کرے۔

## ۷۶۲: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمُحِلِّ وَالْمُحَلَّلِ لَهٗ

## ۷۶۲: باب حلالہ کرنے اور کرانے والا

۱۱۱۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَشَجُّ نَااَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنُ زُبَيْدِ الْاَيَامِيُّ نَامُجَالِدٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَعَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْمُحِلَّ وَالْمُحَلَّلَ لَهٗ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ عَلِيٍّ وَجَابِرٍ حَدِيْثٌ مَعْلُوْلٌ وَهٰكَذَارَوٰى اَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُجَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ وَعَامِرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ لَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِالْقَائِمِ لِاَنَّ مُجَالِدَ بْنَ سَعِيْدٍ قَدْ ضَعَّفَهٗ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْهُمْ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَرَوٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ مُجَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَلِيٍّ وَهٰذَا قَدْوَهِمَ فِيْهِ ابْنُ نُمَيْرٍ وَالْحَدِيْثُ الْاَوَّلُ اَصَحُّ وَقَدْرَوَاهُ مُغِيْرَةُ وَابْنُ اَبِيْ خَالِدٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ.

۱۱۱۳: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اور علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حلالہ کرنے اور حلالہ کرانے والے دونوں پر لعنت بھیجی ہے۔ اس باب میں حضرت ابن مسعود، ابوہریرہ، عقبہ بن عامر اور ابن عباس رضی اللہ عنہم سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ کہتے ہیں حضرت جابر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث معلول ہے۔ اشعث بن عبدالرحمٰن بھی خالد سے وہ عامر سے وہ حارث سے وہ علی رضی اللہ عنہ سے وہ عامر سے وہ جابر سے وہ عبداللہ سے اور وہ نبی ﷺ سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔ اس لیے کہ مجالد بن سعید بعض محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں جن میں احمد بن حنبلؒ بھی شامل ہیں عبداللہ بن نمیر بھی یہ حدیث مجالد سے وہ عامر سے وہ جابرؓ سے اور وہ علیؓ سے نقل کرتے ہیں۔ اس روایت میں ابن نمیر وہم کرتے ہیں اور پہلی حدیث زیادہ صحیح ہے۔ مغیرہ، ابن ابو خالد سے اور کئی راوی بھی شعبی سے وہ حارث سے اور وہ حضرت علیؓ سے روایت کرتے ہیں۔

۱۱۱۴: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَااَبُوْ اَحْمَدَ نَاسُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ قَيْسٍ عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُحِلَّ وَالْمُحَلَّلَ لَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْقَيْسٍ الْاَوْدِيُّ اسْمُهٗ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَرْوَانَ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ وَعَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ

۱۱۱۴: ہم سے روایت بیان کی محمود بن غیلان نے ابواحمد سے وہ سفیان سے وہ ابوقیس سے وہ ہزیل بن شرجیل سے اور وہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے حلالہ کرنے اور کرانے والے دونوں پر لعنت بھیجی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابوالقیس کا نام عبدالرحمٰن بن ثروان ہے۔ نبی اکرم ﷺ سے یہ حدیث مختلف سندوں سے منقول ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ جن میں حضرت عمر بن خطابؓ، عثمان بن عفانؓ، عبداللہ بن عمروؓ اور کئی دوسرے صحابہؓ شامل ہیں کا اس پر عمل ہے۔ فقہاء تابعین کا یہی قول ہے۔ سفیان ثوریؒ

عَـمَـرٍ وَ غَيْرُ هُمْ وَهُوَ قَوْلُ الْفُقَهَاءِ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَبِهٖ يَـقُـوْلُ سُـفْـيَـانُ الثَّـوْرِيُّ وَابْـنُ الْمُبَارَكِ وَالشَّافِعِيُّ وَاَحْـمَـدُ وَاِسْحٰقَ وَسَمِعْتُ الْجَارُوْدَ يَذْكُرُعَنْ وَكِيْعٍ اَنَّـهٗ قَـالَ بِهٰـذَا وَقَـالَ يَنْبَغِيْ اَنْ يُرْمٰى بِهٰذَا الْبَابِ مِنْ قَوْلِ اَصْـحَـابِ الـرَّاْيِ قَـالَ وَكِـيْـعٌ وَقَالَ سُفْيَانُ اِذَا تَزَوَّجَ الْمَرْاَةَ لِيُحَلِّلَهَا ثُمَّ بَدَالَهٗ اَنْ يُمْسِكَهَا فَلَا يَحِلُّ لَهٗ اَنْ يُمْسِكَهَا حَتّٰى تَزَوَّجَهَا بِنِكَاحٍ جَدِيْدٍ.

ابن مبارکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ میں نے جارود سے سنا کہ وکیع بھی اس کے قائل ہیں۔ وکیع فرماتے ہیں کہ اس باب میں اہل رائے کی رائے پھینک دینے کے قابل ہے۔ وکیع کہتے ہیں کہ سفیان کے نزدیک اگر کوئی شخص کسی عورت سے اسی نیت سے نکاح کرے کہ اسے پہلے شوہر کے لئے حلال کردے اور پھر اس کی چاہت ہو کہ وہ اسے اپنے ہی پاس رکھے تو دوسرا نکاح کرے کیونکہ پہلا نکاح صحیح نہیں۔

## ۷۶۳: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ

## ۷۶۳: باب نکاح متعہ

۱۱۱۵ : حَـدَّثَـنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْـدِ الـلّٰـهِ وَالْحَسَنِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيْهِمَا عَنْ عَـلِـيِّ بْـنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَـنْ مُتْعَةِ النِّسَآءِ وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَ هْلِيَّةِ زَمَنَ خَيْبَرَ وَفِـي الْبَـابِ عَنْ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثُ عَلِيٍّ حَـدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْـحَـابِ الـنَّبِـيِّ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَلَيْـهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهٖ وَاِنَّـمَـا رُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ شَيْءٌ مِنَ الرُّخْصَةِ فِي الْمُتْعَةِ ثُـمَّ رَجَـعَ عَـنْ قَوْلِهٖ حَيْثُ اُخْبِرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ وَاَمْرُاَكْثَرِاَهْلِ الْعِلْمِ عَلٰى تَحْرِيْمِ الْمُتْعَةِ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَابْنُ الْمُبَارَكِ وَالشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَوَاِسْحٰقَ .

۱۱۱۵: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ خیبر کے موقع پر عورتوں سے متعہ کرنے اور پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا۔ اس باب میں سبرہ جہنی رضی اللہ عنہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء کا اس پر عمل ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے متعہ کے بارے میں کسی قدر اجازت منقول ہے لیکن بعد میں جب انہیں بتایا گیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے تو انہوں نے اپنے اس قول سے رجوع کر لیا تھا۔ اکثر اہل علم متعہ کو حرام کہتے ہیں۔ سفیان ثوریؒ ابن مبارکؒ شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

۱۱۱۶ : حَـدَّثَـنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَاسُفْيَانُ بْنُ عُقْبَةَ اَخُوْ قَبِيْصَةَ بْـنِ عُقْبَةَ نَاسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّمَا كَـانَـتِ الْـمُـتْـعَـةُ فِـيْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ كَـانَ الـرَّجُلُ يَقْدَمُ الْبَـلْـدَةَ لَيْسَ لَهٗ بِهَا مَعْرِفَةٌ فَيَتَزَوَّجُ الْمَرْاَةَ بِقَدْرِ مَايَرٰى اَنَّـهٗ يُـقِيْـمُ فَتَـحْـفَظُ لَهٗ مَتَاعَهٗ وَتُصْلِحُ لَهٗ شَيْئَهٗ حَتّٰى اِذَا نَـزَلَـتِ الْاٰيَةُ اِلَّا عَـلٰـى اَزْوَاجِهِمْ اَوْمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَكُلُّ فَرْجٍ سِوَاهُمَا فَهُوَ حَرَامٌ.

۱۱۱۶: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ متعہ ابتدائے اسلام میں تھا۔ جب کوئی شخص کسی نئی جگہ جاتا جہاں اس کی جان پہچان نہ ہوتی تو جتنے دن اسے وہاں رہنا ہوتا اتنے دن کے لئے کسی عورت سے نکاح کر لیتا۔ تاکہ وہ عورت اس کے سامان کی حفاظت اور اس کے اموال کی اصلاح کرے۔ پھر جب یہ آیت نازل ہوئی ''اِلَّا عَـلٰـی ......'' (ترجمہ مگر صرف اپنی بیویوں اور لونڈیوں سے جماع کر سکتے ہو) تو حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا دونوں کے علاوہ ہر شرمگاہ حرام ہے۔

**خلاصة الباب :** پہلا مسئلہ یہ ہے کہ عورتوں کی عبارت سے نکاح ہوتا ہے یا نہیں۔ جمہور ائمہ کے نزدیک ولی کی تعبیر ضروری ہے صرف عورت کے بولنے سے نکاح نہیں ہوتا۔ جبکہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک عورتوں کی عبارت سے نکاح منعقد ہو جاتا ہے بشرطیکہ عورت آزاد اور عاقلہ بالغہ ہو البتہ ولی کا ہونا مستحب ہے۔ امام ابوحنیفہؒ کا مسلک نہایت مضبوط قوی اور راجح ہے اس لئے کہ امام صاحب کے پاس دلائل کا ایک بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ سب سے پہلے تو قرآن کریم کی آیت میں اولیاء کو خطاب کرتے ہوئے ارشاد ہے ''اور جب طلاق دی تم نے عورتوں کو پھر پورا کر چکیں اپنی عدت کو تو اب نہ روکو ان کو اس سے کہ نکاح کر لیں اپنے شوہروں سے'' (سورہ بقرہ آیت ۲۳۲ آیت ۲۳۴، ۲۳۰) احادیث میں بخاری اور مؤطا میں روایت ہے کہ ایک عورت نے اپنے نفس کو آنحضرت ﷺ پر پیش کیا آپ ﷺ نے سکوت فرمایا اور صحابی کی درخواست پر ان سے نکاح کر دیا اس واقعہ میں عورت کا ولی موجود نہ تھا اس کے علاوہ طحاوی، کنز العمال مسلم، ابوداؤد وغیرہ میں صحیح روایات موجود ہیں کہ ولی کے بغیر عورت کا نکاح درست ہے۔ جن روایات میں نکاح کا باطل ہونا مروی ہے وہ اس صورت پر محمول ہیں جبکہ عورت نے ولی کے بغیر غیر کفو میں نکاح کر لیا ہو اور حسن بن زیاد کی روایت کے مطابق امام صاحب کے نزدیک بھی اس صورت میں نکاح باطل ہے اسی روایت پر فتویٰ بھی ہے۔ دوسرا مسئلہ ولایت اجبار یعنی ولی کے لئے اپنی بیٹی وغیرہ کا زبردستی نکاح کا اختیار کس صورت میں ہے؟ امام شافعیؒ کے نزدیک کنواری پر اختیار ہے خواہ صغیرہ ہو یا بڑی ہو اس کے برعکس احناف کے نزدیک دارومدار لڑکی کے چھوٹا ہونے یا بڑا ہونے پر ہے لہٰذا صغیرہ (چھوٹی بچی) پر ولایت اجبار ہے اور بڑی پر نہیں۔ دلائل صحیح بخاری و مسلم، سنن نسائی وابی داؤد اور سنن ابن ماجہ میں موجود ہیں۔ لوہے اور پیتل وغیرہ کی انگوٹھی حرام ہے خواہ اس میں چاندی ملی ہوئی ہو جس حدیث میں اجازت ہے وہ مرجوح اور حرمت والی روایت راجح ہے۔ جمہور علماء کے نزدیک تعلیم قرآن کو مہر بنانا ناجائز نہیں جس حدیث میں تعلیم قرآن کے عوض نکاح کرنے کا ذکر ہے اس کی مراد یہ ہے کہ علم قرآن کے سبب تم پر مہر معجّل ضروری قرار نہیں دیا جاتا البتہ مہر مؤجل قواعد کے مطابق واجب ہوگا۔ متعہ کا مفہوم یہ ہے کہ کوئی شخص کسی عورت سے کہے کہ میں نے تم سے اتنی مدت کے لئے اتنے مال کے عوض متعہ کیا اور وہ عورت اس کو قبول کر لے۔ اس کے حرام ہونے پر تمام اُمت کا اجماع ہے اور سوائے اہل تشیع کے کوئی اس کے حلال ہونے کا قائل نہیں اور ان کی مخالفت کا کوئی اعتبار نہیں۔

## ۷۶۴: بَابُ مَاجَاءَ مِنَ النَّهْيِ عَنْ نِكَاحِ الشِّغَارِ

## ۷۶۷: باب نکاح شغار[1] کی ممانعت کے متعلق

۱۱۱۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ نَابِشْرُبْنُ الْمُفَضَّلِ نَا حُمَيْدٌ وَهُوَ الطَّوِيْلُ قَالَ

۱۱۱۷: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جلب[2]، جنب[3] اور شغار اسلام

---

۱۔ شغار۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی آدمی اپنی بیٹی یا بہن کا نکاح اس شرط پر کسی کے ساتھ کرے کہ وہ بھی اس سے اپنی بہن یا بیٹی کا نکاح کرے اور ان میں مہر مقرر نہ کیا جائے۔

۲۔ جلب۔ کا مطلب یہ ہے کہ زکوٰۃ کا عامل (یعنی زکوٰۃ وصول کرنے والا) کسی ایک جگہ پر جائے اور جانور رکھنے والے لوگوں سے کہے کہ وہ خود اپنے اپنے جانور اس کے پاس لائیں۔ (اس سے نبی اکرم ﷺ نے منع فرمایا ہے حکم یہ ہے کہ زکوٰۃ وصول کرنے والا خود جہاں چراگاہیں ہوں زکوٰۃ کا مال وصول کرے) یہی لفظ جلب گھوڑ دوڑ میں استعمال ہوتا ہے۔ اس میں اسکا معنی یہ ہے کہ ایک آدمی ایک گھوڑے پر سوار ہو اور ساتھ دوسرا گھوڑا بھی ہوتا کہ ایک گھوڑا تھک جائے تو دوسرے گھوڑے پر سوار ہو جائے۔

۳۔ جنب۔ کے بھی معنیٰ وہی ہیں جو جلب کے تھے۔ مگر بعض نے یہ معنیٰ بھی کئے ہیں کہ زکوٰۃ دینے والے اپنے جانور دور لے کر چلے جائیں تاکہ زکوٰۃ وصول کرنے والا ان کو ڈھونڈتا اور تلاش کرتا پھرے۔ (مترجم)

حَدَّثَ الْحَسَنُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاجَلَبَ وَلَاجَنَبَ وَلَا شِغَارَفِي الْاِسْلَامِ وَمَنِ انْتَهَبَ نُهْبَةً فَلَيْسَ مِنَّا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَ فِي الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَاَبِيْ رَيْحَانَةَ وَابْنِ عُمَرَ وَ جَابِرٍ وَمُعَاوِيَةَ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَوَائِلِ بْنِ حُجْرٍ.

میں جائز نہیں اور جو شخص کسی کے مال پر ظلم کرتے ہوئے قبضہ کر لے وہ ہم میں سے نہیں۔ اس باب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ، ابو ریحانہ رضی اللہ عنہ، ابن عمر رضی اللہ عنہما، جابر رضی اللہ عنہ، معاویہ رضی اللہ عنہ، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔

۱۱۱۸: حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَامَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الشِّغَارِ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ عَامَّةِ اَهْلِ الْعِلْمِ لَايَرَوْنَ نِكَاحَ الشِّغَارِ وَالشِّغَارُ اَنْ يُزَوِّجَ الرَّجُلُ ابْنَتَهُ عَلٰى اَنْ يُزَوِّجَهُ الْاٰخَرُ ابْنَتَهُ اَوْاُخْتَهُ وَلَا صَدَاقَ بَيْنَهُمَا وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ نِكَاحُ الشِّغَارِ مَفْسُوْخٌ وَلَا يَحِلُّ وَاِنْ جُعِلَ لَهُمَا صَدَاقًا وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَرُوِيَ عَنْ عَطَاءِ ابْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ قَالَ يُقَرَّانِ عَلٰى نِكَاحِهِمَا وَيُجْعَلُ لَهَا صَدَاقُ الْمِثْلِ وَهُوَ قَوْلُ اَهْلِ الْكُوْفَةِ.

۱۱۱۸: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نکاح شغار سے منع فرمایا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسی پر تمام اہل علم کا عمل ہے کہ نکاح شغار جائز نہیں۔ شغار اسے کہتے ہیں کہ ایک شخص اپنی بہن یا بیٹی کو بغیر مہر مقرر کئے کسی کے نکاح میں اس شرط پر دے کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی اس کے نکاح میں دے۔ اس میں مہر مقرر نہیں ہوتا۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ اگر اس پر مہر بھی مقرر کر دیا جائے تب بھی یہ حلال نہیں اور یہ نکاح باطل ہو جائے گا۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ عطاء بن ابی رباح سے منقول ہے کہ ان کا نکاح برقرار رکھا جائے اور مہر مثل مقرر کر دیا جائے۔ اہل کوفہ (احناف) کا بھی یہی قول ہے۔

## ۷۶۵: بَابُ مَاجَاءَ لَا تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا وَلَا عَلٰى خَالَتِهَا

## ۷۶۵: باب پھوپھی، خالہ، بھانجی، بھتیجی ایک شخص کے نکاح میں جمع نہ ہوں

۱۱۱۹: حَدَّثَنَا نَصْرُبْنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ نَاعَبْدُ الْاَعْلٰى نَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ اَبِيْ حَرِيْزٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ تَزَوَّجَ الْمَرْاَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا اَوْعَلٰى خَالَتِهَا.

۱۱۱۹: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھوپھی کی نکاح میں موجودگی میں اس کی بھتیجی اور خالہ کی موجودگی میں اس کی بھانجی سے نکاح کرنے سے منع فرمایا۔

۱۱۲۰: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ هِشَامِ ابْنِ حَسَّانَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَابْنِ عُمَرَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرٍو وَاَبِيْ سَعِيْدٍ وَاَبِيْ اُمَامَةَ وَجَابِرٍ وَعَائِشَةَ وَاَبِيْ مُوْسٰى وَسَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ.

۱۱۲۰: ہم سے روایت کی نصر بن علی نے انہوں نے عبدالاعلیٰ سے انہوں نے ہشام بن حسان سے انہوں نے ابن سیرین سے انہوں نے ابو ہریرہؓ سے انہوں نے نبی ﷺ سے اسی کی مثل۔ اس باب میں حضرت علیؓ، ابن عمرؓ، ابوسعیدؓ، ابوامامہؓ، جابرؓ، عائشہؓ، ابوموسیٰؓ اور سمرہ بن جندبؓ سے بھی روایت ہے۔

۱۱۲۱: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَايَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ

۱۱۲۱: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے

نَادَاوُدُبْنُ اَبِیْ هِنْدٍنَا عَامِرٌ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ تُنْكَحَ الْمَرْاَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا اَوِالْعَمَّةُ عَلٰى بِنْتِ اَخِيْهَا اَوِالْمَرْاَةُ عَلٰى خَالَتِهَا اَوِالْخَالَةُ عَلٰى بِنْتِ اُخْتِهَا وَلَا تُنْكَحُ الصُّغْرٰى عَلَى الْكُبْرٰى وَلَا الْكُبْرٰى عَلَى الصُّغْرٰى حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَعَامَّةِ اَهْلِ الْعِلْمِ لَا نَعْلَمُ بَيْنَهُمْ اِخْتِلَافًا اَنَّهُ لَا يَحِلُّ لِلرَّجُلِ اَنْ يَّجْمَعَ بَيْنَ الْمَرْاَةِ وَعَمَّتِهَا اَوْخَالَتِهَا فَاِنْ نَكَحَ امْرَاَةً عَلٰى عَمَّتِهَا اَوْخَالَتِهَا اَوِالْعَمَّةَ عَلٰى بِنْتِ اَخِيْهَا فَنِكَاحُ الْاُخْرٰى مِنْهُمَا مَفْسُوْخٌ وَبِهٖ يَقُوْلُ عَامَّةُ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى اَدْرَكَ الشَّعْبِیُّ اَبَاهُرَيْرَةَ وَرَوٰى عَنْهُ وَسَاَلْتُ مُحَمَّدًا عَنْ هٰذَا فَقَالَ صَحِيْحٌ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَرَوَى الشَّعْبِیُّ عَنْ رَجُلٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ.

پھوپھی کی موجودگی میں اس کی بھتیجی اور بھتیجی کی موجودگی میں اس کی پھوپھی اور پھر خالہ کی موجودگی میں اس کی بھانجی اور بھانجی کی موجودگی میں اس کی خالہ سے نکاح کرنے سے منع فرمایا (یعنی بڑی کی موجودگی میں چھوٹی اور چھوٹی کی موجودگی میں بڑی سے نکاح نہیں کیا جاسکتا) حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیثیں حسن صحیح ہیں۔ عام علماء کا اس پر عمل ہے۔ اس میں ہمیں کوئی اختلاف معلوم نہیں کہ کسی مرد کے لئے خالہ اور بھانجی یا پھوپھی اور بھانجی کو ایک نکاح میں جمع کرنا حلال نہیں۔ اگر کسی عورت کو اس کی پھوپھی یا خالہ پر نکاح میں لایا جائے تو دوسرا نکاح فسخ ہوجائے گا۔ عام علماء یہی فرماتے ہیں۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ شعبہ کی حضرت ابو ہریرہؓ سے ملاقات ثابت ہے۔ میں نے امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے اس کے متعلق پوچھا تو انہوں نے بھی کہا کہ یہ بھی صحیح ہے اور شعبہ، حضرت ابو ہریرہؓ سے ایک شخص کے واسطے سے بھی روایت کرتے ہیں۔

## ۷۶۶: بَابُ مَاجَاءَ فِی الشَّرْطِ عِنْدَ عُقْدَةِ النِّكَاحِ

## ۷۶۶: باب عقد نکاح کے وقت شرائط

۱۱۲۲: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى نَا وَكِيْعٌ نَا عَبْدُالْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍعَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِيْبٍ عَنْ مَرْثَدِبْنِ عَبْدِاللّٰهِ الْيَزَنِیِّ اَبِی الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ اَحَقَّ الشُّرُوْطِ اَنْ يُوَفّٰى بِهَا مَااسْتَحْلَلْتُمْ بِهَا الْفُرُوْجَ.

۱۱۲۲: حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شرائط میں سے وفا کے سب سے زیادہ لائق وہ شرط ہے جس کے بدلے تم نے شرمگاہوں کو حلال کیا۔

۱۱۲۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَايَحْيَى ابْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عَبْدِالْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ نَحْوَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَبَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ اِذَا اتَزَوَّجَ الرَّجُلُ امْرَاَةً وَشَرَطَ لَهَا اَنْ لَا يُخْرِجَهَا مِنْ مِصْرِهَافَلَيْسَ لَهُ اَنْ يُخْرِجَهَا وَهُوَ قَوْلُ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَبِهٖ يَقُوْلُ الشَّافِعِیُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ وَرُوِیَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِی

۱۱۲۳: ہم سے روایت کی ابو موسیٰ محمد بن مثنیٰ نے انہوں نے یحییٰ بن سعید سے اور وہ عبدالحمید بن جعفر سے اس کی مثل حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض اہل علم صحابہؓ وغیرہ کا اسی پر عمل ہے۔ جن میں عمر بن خطابؓ بھی شامل ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی عورت سے اس شرط پر نکاح کرے کہ وہ اسے اس کے شہر سے باہر نہیں لے جائے گا۔ تو اسے اس شرط کو پورا کرنا چاہیے۔ بعض علماء شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ حضرت علیؓ سے مروی ہے آپ

طَالِبٍ اَنَّهُ قَالَ شَرْطُ اللّٰهِ قَبْلَ شَرْطِهَا كَاَنَّهُ رَاٰى لِلزَّوْجِ اَنْ يُخْرِجَهَا وَاِنْ كَانَتِ اشْتَرَطَتْ عَلٰى اَنْ لَايُخْرِجَهَا وَذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِلٰى هٰذَا وَهُوَقَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَبَعْضُ اَهْلِ الْكُوْفَةِ .

ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی شرط ہر شرط پر مقدم ہے۔ گویا کہ ان کے نزدیک شوہر کا اپنی بیوی کو اس شرط کے باوجود شہر سے دوسرے شہر لے جانا صحیح ہے۔ بعض اہل علم کا بھی قول ہے۔ سفیان ثوریؒ اور بعض اہل کوفہ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۷۶۷: بَابُ مَاجَاءَ فِي الرَّجُلِ يُسْلِمُ وَعِنْدَهُ عَشْرُنِسْوَةٍ

## ۷۶۷: باب اسلام لاتے وقت دس بیویاں ہوں تو کیا حکم ہے

۱۱۲۴: حَدَّثَنَا هَنَّا دٌنَا عَبْدَةُ عَنْ سَعِيْدِبْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ غَيْلَانَ بْنَ سَلَمَةَ الثَّقَفِيَّ اَسْلَمَ وَلَهُ عَشْرُنِسْوَةٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَاَسْلَمْنَ مَعَهُ فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَتَخَيَّرَ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا هٰكَذَارَوَاهُ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِيْلَ يَقُوْلُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَيْرُمَحْفُوْظٍ وَالصَّحِيْحُ مَارَوٰى شُعَيْبُ ابْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ وَغَيْرُهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حُدِّثْتُ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ سُوَيْدٍ الثَّقَفِيِّ اَنَّ غَيْلَانَ بْنَ سَلَمَةَ اَسْلَمَ وَعِنْدَهُ عَشْرُنِسْوَةٍ قَالَ مُحَمَّدٌ وَاِنَّمَا حَدِيْثُ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَجُلًامِنْ ثَقِيْفٍ طَلَّقَ نِسَاءَهُ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ لَتُرَاجِعَنَّ نِسَآءَكَ اَوْ لَاَرْجُمَنَّ قَبْرَكَ كَمَا رُجِمَ قَبْرُاَبِيْ رِغَالٍ وَالْعَمَلُ عَلٰى حَدِيْثِ غَيْلَانَ بْنِ سَلَمَةَ عِنْدَ اَصْحَابِنَا مِنْهُمُ الشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُوَاِسْحَاقُ.

۱۱۲۴: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے غیلان بن سلمہ ثقفی مسلمان ہوئے تو ان کے نکاح میں دس بیویاں تھیں وہ بھی ان کے ساتھ ہی مسلمان ہو گئیں۔ نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا کہ ان میں سے چار کا انتخاب کر لیں۔ معمر بھی زہری سے وہ سالم سے اور وہ اپنے والد سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔ میں نے محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ سے سنا کہ یہ حدیث غیر محفوظ ہے اور صحیح وہ ہے جو شعیب بن حمزہ وغیرہ زہری سے اور وہ محمد بن سوید ثقفی سے نقل کرتے ہیں۔ کہ غیلان بن سلمہ اسلام لائے تو ان کی دس بیویاں تھیں۔ امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ زہری کی سالم سے اور ان کی ان کے والد سے منقول یہ حدیث بھی صحیح ہے کہ بنو ثقیف کے ایک شخص نے اپنی بیویوں کو طلاق دی تو حضرت عمرؓ نے اسے حکم دیا کہ تم ان سے رجوع کرو، وگرنہ میں تمہاری قبر کو بھی ابو رغال کی قبر کی طرح رجم کروں گا۔ اس باب میں غیلان ہی کی حدیث پر اہل علم کا عمل ہے۔ جن میں امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحاقؒ بھی شامل ہیں۔

## ۷۶۸: بَابُ مَاجَاءَ فِي الرَّجُلِ يُسْلِمُ وَعِنْدَهُ اُخْتَانِ

## ۷۶۸: باب نو مسلم کے نکاح میں دو بہنیں ہوں تو کیا حکم ہے

۱۱۲۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ اَبِيْ وَهْبٍ الْجَيْشَانِيِّ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ فَيْرُوْزَ الدَّيْلَمِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَسْلَمْتُ وَتَحْتِيْ اُخْتَانِ فَقَالَ

۱۱۲۵: ابو وہب جیشانی، ابن فیروز دیلمی سے نقل کرتے ہیں کہ ان کے والد نے فرمایا: کہ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ میں مسلمان ہو گیا ہوں اور میرے نکاح میں دو بہنیں ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْتَرْاَيَّتَهُمَا شِئْتَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاَبُوْ وَهْبِ الْجَيْشَانِيُّ اسْمُهُ الدَّيْلَمُ بْنُ هُوْ شَعُ.

تم ان دونوں میں سے جس کو چاہو اپنے لئے منتخب کرلو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ابووہب جیشانی کا نام دیلم بن ہوشع ہے۔

## ۷۶۹: بَابُ الرَّجُلِ يَشْتَرِى الْجَارِيَةَ وَهِيَ حَامِلٌ

## ۷۶۹: باب وہ شخص جو حاملہ لونڈی خریدے

۱۱۲۶: حَدَّثَنَا عُمَرُبْنُ حفصِ الشَّيْبَانِيُّ الْبَصْرِيُّ نَاعَبْدُاللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ نَايَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ رَبِيْعَةَ ابْنِ سُلَيْمٍ عَنْ بُسْرِبْنِ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِفَلاَ يَسْقِ مَآءَهُ وَلَدَغَيْرِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْرُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَاَهْلِ الْعِلْمِ لاَ يَرَوْنَ لِلرَّجُلِ اِذَا اشْتَرٰى جَارِيَةً وَهِيَ حَامِلٌ اَنْ يَطَاَهَا حَتّٰى تَضَعَ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِى الدَّرْدَآءِ وَالْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ وَاَبِى سَعِيْدٍ.

۱۱۲۶: حضرت رویفع بن ثابتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنا پانی (یعنی منی کا پانی) دوسرے کی اولاد کو نہ پلائے (یعنی جو عورت کسی اور سے حاملہ ہو (لونڈی) اور اس نے اسے خریدا تو اس سے صحبت نہ کرے) یہ حدیث حسن ہے اور کئی سندوں سے رویفع بن ثابتؓ ہی سے منقول ہے اہل علم کا اسی پر عمل ہے وہ فرماتے ہیں کہ کوئی شخص کسی باندی کو حاملہ ہوتے ہوئے خریدے تو بچہ پیدا ہونے تک اس سے جماع نہ کرے۔ اس باب میں ابودرداءؓ، عرباض بن ساریہؓ اور ابو سعیدؓ سے بھی روایت ہے۔

## ۷۷۰: بَابُ مَاجَاءَ فِى الرَّجُلِ يَسْبِى الْاَمَةَ وَلَهَا زَوْجٌ هَلْ يَحِلُّ لَهُ وَطْيُهَا

## ۷۷۰: باب اگر شادی شدہ لونڈی قیدی بن کر آئے تو اس سے جماع کیا جائے یا نہیں

۱۱۲۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا هُشَيْمٌ نَا عُثْمَانُ الْبَتِّيُّ عَنْ اَبِى الْخَلِيْلِ عَنْ اَبِى سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ اَصَبْنَا سَبَايَا يَوْمَ اَوْطَاسٍ وَلَهُنَّ اَزْوَاجٌ فِى قَوْمِهِنَّ فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَتْ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَهٰكَذَا رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ عَنْ عُثْمَانَ الْبَتِّيِّ عَنْ اَبِى الْخَلِيْلِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ وَاَبُو الْخَلِيْلِ اسْمُهُ صَالِحُ بْنُ اَبِىْ مَرْيَمَ.

۱۱۲۷: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے جنگ اوطاس کے موقع پر کچھ ایسی عورتیں قید کیں جو شادی شدہ تھیں اور ان کے شوہر بھی اپنی اپنی قوم میں موجود تھے۔ پس نبی اکرم ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا گیا تو یہ آیت نازل ہوئی "وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَآءِ ...... (ترجمہ اور وہ عورتیں جو شوہروں والی ہیں ان سے صحبت کرنا حرام ہے البتہ اگر وہ تمہاری ملکیت میں آجائیں تو وہ حلال ہیں) یہ حدیث حسن ہے۔ ثوریؒ، عثمان بتی بھی ابوخلیل سے اور وہ ابوسعید سے اسی حدیث کی مثل بیان کرتے ہیں۔ ابوخلیل کا نام صالح بن مریم ہے۔

۱۱۲۸: رَوٰى هَمَّامٌ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ

۱۱۲۸: روایت کی ہمام نے یہ حدیث قتادہ سے انہوں نے صالح

صَالِحٍ اَبِیْ الْخَلِيْلِ عَنْ اَبِیْ عَلْقَمَةَ الْهَاشِمِيِّ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ عَبْدُبْنُ حُمَيْدٍ نَاحَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ نَاهَمَّامٌ

ابی خلیل سے انہوں نے ابی علقمہ ہاشمی سے انہوں نے ابی سعید سے انہوں نے نبی علیہ سے۔ ہم سے روایت کی یہ عبد بن حمید نے انہوں نے حبان بن ہلال سے انہوں نے ہمام سے۔

## ۷۷۱: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ كَرَاهِيَةِ مَهْرِ الْبَغِيِّ

## ۷۷۱: باب زنا کی اجرت حرام ہے

۱۱۲۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَااللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِیْ بَكْرِبْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَمَهْرِالْبَغِيِّ وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ وَفِی الْبَابِ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ وَاَبِیْ جُحَيْفَةَ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَحَدِيْثُ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۲۹: حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت، زانیہ کی اجرت اور کاہن غیب کے علم کے دعویدار) کی مٹھائی کھانے سے منع فرمایا اس باب میں حضرت رافع بن خدیج، ابو جحیفہ، ابو ہریرہ، ابن عباس رضی اللہ عنہم سے بھی روایت ہے۔ ابومسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۷۷۲: بَابُ مَاجَاءَ اَنْ لَا يَخْطُبَ الرَّجُلُ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ

## ۷۷۲: باب کسی کے پیغام نکاح پر پیغام نہ بھیجا جائے

۱۱۳۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُبْنُ مَنِيْعٍ وَقُتَيْبَةُ قَالَا نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قُتَيْبَةُ يَبْلُغُ بِهٖ وَقَالَ اَحْمَدُقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبِيْعُ الرَّجُلُ عَلٰى بَيْعِ اَخِيْهِ وَلَا يَخْطُبُ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ وَفِی الْبَابِ عَنْ سَمُرَةَ وَابْنِ عُمَرَ قَالَ اَبُوْعِيْسٰى حَدِيْثُ اَبِیْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ قَالَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ اِنَّمَا مَعْنٰى كَرَاهِيَةِ اَنْ يَخْطُبَ الرَّجُلُ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ اِذَا خَطَبَ الرَّجُلُ الْمَرْاَةَ فَرَضِيَتْ بِهٖ فَلَيْسَ لِاَحَدٍ اَنْ يَخْطُبَ عَلٰى خِطْبَتِهٖ وَقَالَ الشَّافِعِيُّ مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ لَا يَخْطُبُ الرَّجُلُ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ هٰذَا عِنْدَ نَا اِذَا خَطَبَ الرَّجُلُ الْمَرْاَةَ فَرَضِيَتْ بِهٖ وَرَكَنَتْ اِلَيْهِ فَلَيْسَ لِاَحَدٍ اَنْ يَخْطُبَ عَلٰى خِطْبَتِهٖ فَاَمَّاقَبْلَ اَنْ يَعْلَمَ رِضَاهَا اَوْرُكُوْنَهَا اِلَيْهِ فَلَا بَاْسَ اَنْ يَخْطُبَهَا وَالْحُجَّةُ فِیْ ذٰلِكَ حَدِيْثُ فَاطِمَةَبِنْتِ

۱۱۳۰: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے قتیبہ نے کہا ابو ہریرہؓ اس حدیث کو نبی اکرم علیہ تک پہنچاتے تھے اور احمد نے کہا کہ رسول اللہ علیہ نے فرمایا کوئی شخص اپنے بھائی کی بیچی ہوئی چیز پر وہی چیز اس سے کم قیمت میں فروخت نہ کرے اور نہ ہی اپنے بھائی کے پیغام نکاح پر پیغام بھیجے۔ اس باب میں حضرت سمرہؓ اور ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابو ہریرہؓ حسن صحیح ہے۔ مالک بن انسؒ فرماتے ہیں کہ پیغام نکاح پر پیغام دینے کی ممانعت سے یہ مراد ہے کہ اگر کسی نے نکاح کا پیغام دیا اور عورت اس پر راضی بھی ہوگئی تو کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ اس کے پاس پیغام بھیجے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ پیغام سے وہ راضی ہوگئی اور اس کی طرف مائل ہوگئی تو اب کوئی دوسرا اس کی طرف نکاح کا پیغام نہ بھیجے۔ لیکن اس کی رضامندی اور میلان سے پہلے پیغام نکاح بھیجنے میں کوئی حرج نہیں۔ اس کی دلیل حضرت فاطمہ بنت قیس والی روایت ہے کہ انہوں نے بارگاہ نبوی میں حاضر ہو کر عرض کیا یارسول اللہ علیہ ابو

قَیْسٍ حَیْثُ جَآءَ تِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَتْ لَہٗ اَنَّ اَبَاجَھْمِ بْنَ حُذَیْفَۃَ وَمُعَاوِیَۃَ خَطَبَاھَا فَقَالَ اَمَّا اَبُوْ جَھْمٍ فَرَجُلٌ لَایَرْفَعُ عَصَاہُ عَنِ النِّسَآءِ وَاَمَّا مُعَاوِیَۃُ فَصُعْلُوْکٌ لَامَالَ لَہٗ وَلٰکِنْ اِنْکِحِیْ اُسَامَۃَ فَمَعْنٰی ھٰذَا الْحَدِیْثِ عِنْدَ نَا وَاللّٰہُ اَعْلَمُ اَنَّ فَاطِمَۃَ لَمْ تُخْبِرْہُ بِرِضَاھَا بِوَاحِدٍ مِّنْھُمَا فَلَوْ اَخْبَرَتْہُ لَمْ یُشِرْ عَلَیْھَا بِغَیْرِ الَّذِیْ ذَکَرَتْہُ۔

جہم بن حذیفہ اور معاویہ بن ابوسفیان نے مجھے نکاح کا پیغام بھیجا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ابوجہم تو ایسا شخص ہے کہ عورتوں کو بہت مارتا ہے اور معاویہ مفلس ہیں۔ ان کے پاس کچھ بھی نہیں لہٰذا تم اسامہؓ سے نکاح کرلو۔ ہمارے نزدیک اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ حضرت فاطمہ بنت قیس نے ان دونوں میں سے کسی ایک کے ساتھ رضامندی کا اظہار نہیں کیا کیونکہ اگر انہوں نے آپ ﷺ کو بتایا ہوتا کہ وہ کسی ایک کے ساتھ راضی ہیں تو آپ ﷺ کبھی انہیں اسامہؓ سے شادی کا مشورہ نہ دیتے۔

۱۱۳۱: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ اَنْبَانَا شُعْبَۃُ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَکْرِبْنُ جَھْمٍ قَالَ دَخَلْتُ اَنَا وَاَبُوْسَلَمَۃَ ابْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَلٰی فَاطِمَۃَ بِنْتِ قَیْسٍ فَحَدَّثَتْ اَنَّ زَوْجَھَا طَلَّقَھَا ثَلَاثًا وَلَمْ یَجْعَلْ لَھَا سُکْنٰی وَلَا نَفَقَۃً قَالَتْ وَوَضَعَ لِیْ عَشْرَۃَ اَقْفِزَۃٍ عِنْدَ ابْنِ عَمٍّ لَہٗ خَمْسَۃً شَعِیْرًا وَخَمْسَۃَ بُرٍ قَالَتْ فَاَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لَہٗ قَالَتْ فَقَالَ صَدَقَ فَاَمَرَنِیْ اَنْ اَعْتَدَّ فِیْ بَیْتِ اُمِّ شَرِیْکٍ ثُمَّ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ بَیْتَ اُمِّ شَرِیْکٍ بَیْتٌ یَغْشَاہُ الْمُھَاجِرُوْنَ وَلٰکِنِ اعْتَدِّیْ فِیْ بَیْتِ ابْنِ اُمِّ مَکْتُوْمٍ فَعَسٰی اَنْ تُلْقِیْ ثِیَابَکِ وَلَا یَرَاکِ فَاِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُکِ فَجَاءَ اَحَدٌ یَخْطُبُکِ فَاْتِیْنِیْ فَلَمَّا انْقَضَتْ عِدَّتِیْ خَطَبَنِیْ اَبُوْجَھْمٍ وَمُعَاوِیَۃُ قَالَتْ فَاَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لَہٗ فَقَالَ اَمَّا مُعَاوِیَۃُ فَرَجُلٌ لَا مَالَ لَہٗ وَاَمَّا اَبُوْ جَھْمٍ فَرَجُلٌ شَدِیْدٌ عَلَی النِّسَآءِ قَالَتْ فَخَطَبَنِیْ اُسَامَۃُ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رَوَاہُ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ عَنْ اَبِیْ بَکْرِبْنِ اَبِیْ جَھْمٍ نَحْوَ

۱۱۳۱: ابوبکر بن ابوجہم نقل کرتے ہیں کہ میں اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰنؓ، فاطمہ بنت قیسؓ کے پاس گئے تو انہوں نے بتایا کہ ان کے شوہر نے انہیں تین طلاقیں دے دی ہیں اور ان کے لئے نہ رہائش کا بندوبست کیا ہے نہ نان ونفقہ کا۔ البتہ اس نے اپنے چچازاد بھائی کے پاس دس قفیز غلہ رکھوایا ہے جس میں سے پانچ جو کے اور پانچ گیہوں کے ہیں۔ فاطمہ بنت قیس فرماتی ہیں میں رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور سارا ماجرا سنایا۔ آپؐ نے فرمایا انہوں نے ٹھیک کیا اور مجھے حکم دیا کہ میں ام شریک کے ہاں عدت گزاروں لیکن پھر آپؐ نے فرمایا ام شریک کے ہاں تو مہاجرین کا آنا جانا ہے۔ تم ابن مکتومؓ کے گھر عدت گزارو۔ کیونکہ اگر وہاں تمہیں کپڑے وغیرہ اتارنے پڑ جائیں تو تمہیں دیکھنے والا کوئی نہیں ہوگا۔ پھر جب تمہاری عدت پوری ہونے کے بعد اگر کوئی پیغام نکاح بھیجے تو میرے پاس آنا۔ فاطمہ بنت قیسؓ فرماتی ہیں کہ جب میری عدت پوری ہوئی تو ابوجہم اور معاویہؓ نے مجھے نکاح کا پیغام بھیجا۔ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس کا ذکر کیا۔ تو آپؐ نے فرمایا معاویہؓ کے پاس تو مال نہیں اور ابوجہم عورتوں کے معاملے میں بہت سخت ہیں۔ فاطمہؓ بنت قیس فرماتی ہیں کہ اس کے بعد مجھے اسامہ بن زیدؓ نے پیغام نکاح بھیجا اور اس کے بعد مجھ سے نکاح کیا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے حضرت اسامہؓ کے سبب برکت عطا فرمائی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ سفیان ثوریؒ بھی ابوبکر

هٰذَا الْحَدِیْثَ وَزَادَ فِیْهِ فَقَالَ لِی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ انْکِحِیْ اُسَامَةَ.

بن جہم سے اسی کے مثل حدیث نقل کرتے ہیں اور اس میں یہ اضافہ کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا۔ اسامہؓ سے نکاح کرلو۔

۱۱۳۲: حَدَّثَنَا بِذٰلِکَ مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَاوَکِیْعٌ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ اَبِیْ بَکْرِبْنِ اَبِی الْجَهْمِ بِهٰذَا.

۱۱۳۲: بیان کی یہ بات محمود بن غیلان نے انہوں نے وکیع سے انہوں نے سفیان سے انہوں نے ابی بکر بن ابی جہم سے۔

## ۷۷۳: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْعَزْلِ

## ۷۷۳: باب عزل[1] کے بارے میں

۱۱۳۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْمَلِکِ بْنِ اَبِی الشَّوَارِبِ نَایَزِیْدُبْنُ زُرَیْعٍ نَامَعْمَرٌعَنْ یَحْیَی ابْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ جَابِرٍقَالَ قُلْنَا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّاکُنَّا نَعْزِلُ فَزَعَمَتِ الْیَهُوْدُ اَنَّهُ الْمَوْءُ وْدَةُ الصُّغْرٰی فَقَالَ کَذَبَتِ الْیَهُوْدُ اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَرَادَاَنْ یَخْلُقَهُ لَمْ یَمْنَعْهُ وَفِی الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَالْبَرَاءِ وَاَبِیْ هُرَیْرَةَ وَاَبِیْ سَعِیْدٍ.

۱۱۳۳: حضرت جابرؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں ہم نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ہم عزل کیا کرتے تھے لیکن یہود کے خیال میں یہ زندہ درگور کرنے کی چھوٹی قسم ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہود جھوٹ بولتے ہیں۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ جب کسی کو پیدا کرنا چاہتا ہے تو اسے کوئی چیز بھی روک نہیں سکتی۔ اس باب میں حضرت عمرؓ، براءؓ، ابو ہریرہؓ اور ابوسعیدؓ سے بھی روایت ہے۔

۱۱۳۴: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ وَابْنُ عُمَرَ قَالَا نَا سُفْیَانُ ابْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِبْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ کُنَّا نَعْزِلُ وَالْقُرْاٰنُ یَنْزِلُ حَدِیْثُ جَابِرٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرُوِیَ عَنْهُ مِنْ غَیْرِوَجْهٍ قَدْرَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِهِمْ فِی الْعَزْلِ وَقَالَ مَالِکُ بْنُ اَنَسٍ تُسْتَاْمَرُ الْحُرَّةُ فِی الْعَزْلِ وَلَا تُسْتَاْمَرُ الْاَمَةُ.

۱۱۳۴: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ ہم قرآن کے نازل ہونے کے زمانے میں عزل کیا کرتے تھے۔ حدیث جابرؓ حسن صحیح ہے۔ یہ حدیث حضرت جابرؓ ہی سے کئی سندوں سے منقول ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور علماء نے عزل کی اجازت دی ہے۔ مالک بن انسؒ فرماتے ہیں کہ آزاد عورت سے اجازت لے کر عزل کیا جائے اور لونڈی سے عزل کے لئے اجازت کی ضرورت نہیں۔
(امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔ (مترجم)

## ۷۷۴: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ الْعَزْلِ

## ۷۷۴: باب عزل کی کراہت

۱۱۳۵: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَوَقُتَیْبَةُ قَالَانَا سُفْیَانُ ابْنُ عُیَیْنَةَ عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ قَزَعَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ ذُکِرَالْعَزْلُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِمَ یَفْعَلُ ذٰلِکَ اَحَدُکُمْ زَادَابْنُ اَبِیْ عُمَرَ فِیْ حَدِیْثِهٖ وَلَمْ یَقُلْ لَا یَفْعَلُ ذَاکَ اَحَدُکُمْ قَالَا فِیْ حَدِیْثِهِمَا فَاِنَّمَا لَیْسَتْ نَفْسٌ مَخْلُوْقَةٌ اِلَّا اللّٰهُ

۱۱۳۵: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے عزل کا ذکر کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی ایسا کیوں کرتا ہے۔ ابن عمرؓ اپنی حدیث میں یہ الفاظ زیادہ بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ تم میں سے کوئی ایسا نہ کرے۔ دونوں راوی کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جس نفس نے پیدا ہونا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے (ضرور)

[1] عزل یہ ہے کہ آدمی جب اپنی بیوی سے جماع کرے تو انزال کے وقت آلہ تناسل کو باہر نکال لے تاکہ حمل نہ ٹھہرے (مترجم)

خَالِقُهَا وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ حَدِيْثُ اَبِيْ سَعِيْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَقَدْ كَرِهَ الْعَزْلَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ.

پیدا کرے گا۔ اس باب میں حضرت جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابوسعیدؓ حسن صحیح ہے اور ابوسعیدؓ ہی سے کئی سندوں سے منقول ہے۔ صحابہ کرامؓ اور دوسرے علماء کی ایک جماعت نے عزل کو ناپسند کیا ہے۔

## ۷۷۵: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْقِسْمَةِ لِلْبِكْرِ وَالثَّيِّبِ

## ۷۷۵: باب کنواری اور بیوہ کیلئے رات کی تقسیم

۱۱۳۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَوْشِئْتُ اَنْ اَقُوْلَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلٰكِنَّهُ قَالَ السُّنَّةُ اِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ الْبِكْرَ عَلٰى اِمْرَأَتِهِ اَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا وَفِي الْبَابِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ حَدِيْثُ اَنَسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَفَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسٍ وَلَمْ يَرْفَعْهُ بَعْضُهُمْ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالُوْا اِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ امْرَأَةً بِكْرًا عَلٰى امْرَأَتِهِ اَقَامَ عِنْدَهَا سَبْعًا ثُمَّ قَسَمَ بَيْنَهُمَا بَعْدُ بِالْعَدْلِ وَاِذَا تَزَوَّجَ الثَّيِّبَ عَلٰى امْرَأَتِهِ اَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا.

۱۱۳۶: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ اگر تم چاہو تو میں یہ بھی کہہ سکتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ لیکن انسؓ نے یہی فرمایا کہ سنت یہ ہے کہ جب پہلی بیوی پر کنواری لڑکی سے نکاح کرے تو اس کے پاس سات راتیں گزارے اور اگر بیوی کے ہوتے ہوئے کسی بیوہ سے نکاح کرے تو اس کے پاس تین رات ٹھہرے۔ اس باب میں حضرت ام سلمہؓ سے بھی روایت ہے حدیث انسؓ حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو محمد بن اسحٰقؒ ایوب وہ ابو قلابہ اور وہ انسؓ سے مرفوعاً بھی روایت کرتے ہیں۔ بعض حضرات نے اسے غیر مرفوع روایت کیا ہے۔ بعض اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ہوتے ہوئے کنواری لڑکی سے شادی کرے تو اس کے پاس سات دن تک ٹھہرے۔ اور اس کے بعد دونوں میں برابر باری رکھے اور اگر پہلی بیوی کے ہوتے ہوئے بیوہ سے نکاح کرے تو اس کے پاس تین دن۔

**خلاصۃ الباب:** (۱) ائمہ ثلاثہ کے نزدیک دوسرا نکاح کرنے والا نئی بیوی کے پاس اگر باکرہ ہو تو سات دن اور اگر ثیبہ ہو تو تین دن ٹھہر سکتا ہے اور یہ مدت باری سے خارج ہوگی۔ جبکہ امام ابوحنیفہؒ حماد وغیرہ کا مسلک یہ ہے کہ یہ ایام باری سے خارج نہیں بلکہ یہ بھی باری میں محسوب (شمار) ہونگے اگلے باب میں حضرت ابوہریرہؓ کی روایت امام صاحب کی دلیل ہے۔

## ۷۷۶: بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّسْوِيَةِ بَيْنَ الضَّرَائِرِ

## سوکنوں کے درمیان باری مقرر کرنا

۱۱۳۷: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْسِمُ بَيْنَ نِسَائِهِ فَيَعْدِلُ وَيَقُوْلُ اللّٰهُمَّ هٰذِهِ قِسْمَتِيْ فِيْمَا اَمْلِكُ فَلَا تَلُمْنِيْ فِيْمَا تَمْلِكُ وَلَا اَمْلِكُ حَدِيْثُ

۱۱۳۷: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیویوں کے درمیان راتیں برابر تقسیم کرتے اور فرماتے اے اللہ یہ تقسیم تو میرے اختیار میں ہے پس تو جس چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ میں اس پر قادر نہیں۔ تو مجھے ایسی چیز پر ملامت نہ کر۔ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا کئی راویوں نے حماد

عَآئِشَةَ هٰكَذَا رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَآئِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْسِمُ وَرَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ مُرْسَلًا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْسِمُ وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَمَعْنٰى قَوْلِهٖ لَا تَلُمْنِي فِيْمَا تَمْلِكُ وَلَا أَمْلِكُ إِنَّمَا يَعْنِي بِهِ الْحُبَّ وَالْمَوَدَّةَ كَذَا فَسَّرَهُ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ.

بن سلمہ سے انہوں نے ایوب سے انہوں نے ابو قلابہ سے انہوں نے عبداللہ بن یزید سے اور انہوں نے ابو قلابہ سے، انہوں نے عبداللہ بن یزید سے اور انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اسی طرح مرفوعاً نقل کی ہے۔ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج مطہرات میں برابر برابر تقسیم کرتے تھے۔ یہ حدیث حماد بن سلمہ کی حدیث سے اصح ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول کہ مجھے "ملامت نہ کر" بعض اہل علم اس کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ اس سے مراد محبت والفت ہے۔

۱۱۳۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِيٍّ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيْكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا كَانَتْ عِنْدَ الرَّجُلِ امْرَأَتَانِ فَلَمْ يَعْدِلْ بَيْنَهُمَا جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَشِقُّهُ سَاقِطٌ وَإِنَّمَا أَسْنَدَ هٰذَا الْحَدِيْثَ هَمَّامُ ابْنُ يَحْيٰى عَنْ قَتَادَةَ وَرَوَاهُ هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ كَانَ يُقَالُ وَلَا نَعْرِفُ هٰذَا الْحَدِيْثَ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ هَمَّامٍ.

۱۱۳۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کسی شخص کی دو بیویاں ہوں اور وہ ان کے درمیان انصاف اور عدل نہ کرتا ہو تو وہ قیامت کے دن اس طرح آئے گا کہ اس کے بدن کا آدھا حصہ مفلوج ہوگا۔ یہ حدیث ہمام بن یحییٰ، قتادہ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔ ہشام دستوائی قتادہ رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ ایسا کیا جاتا تھا۔ ہمیں یہ حدیث مرفوعاً صرف ہمام کی روایت سے معلوم ہے۔

## ۷۷۷: بَابُ مَاجَاءَ فِي الزَّوْجَيْنِ الْمُشْرِكَيْنِ يُسْلِمُ أَحَدُهُمَا

## ۷۷۷: باب مشرک میاں بیوی میں سے ایک مسلمان ہو جائے تو؟

۱۱۳۹: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ وَهَنَّادٌ قَالَا نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ ابْنَتَهٗ زَيْنَبَ عَلٰى أَبِي الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيْعِ بِمَهْرٍ جَدِيْدٍ وَنِكَاحٍ جَدِيْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ فِي إِسْنَادِهٖ مَقَالٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ أَنَّ الْمَرْأَةَ إِذَا أَسْلَمَتْ قَبْلَ زَوْجِهَا ثُمَّ أَسْلَمَ زَوْجُهَا وَهِيَ فِي الْعِدَّةِ أَنَّ زَوْجَهَا أَحَقُّ بِهَا مَا كَانَتْ فِي الْعِدَّةِ وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ وَالْأَوْزَاعِيِّ وَالشَّافِعِيِّ وَأَحْمَدَ وَإِسْحٰقَ.

۱۱۳۹: عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو دوبارہ ابو عباس بن ربیع رضی اللہ عنہ کے نکاح میں دیا اور نیا مہر مقرر کیا۔ اس حدیث کی سند میں کلام ہے۔ اہل علم کا اس پر عمل ہے کہ اگر بیوی، شوہر سے پہلے اسلام لے آئے اور اس کے بعد عورت کی عدت ہی کے دوران شوہر بھی مسلمان ہو جائے تو اس مدت میں وہی شوہر اپنی بیوی کا زیادہ مستحق ہے۔ امام مالک بن انسؒ، اوزاعیؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

۱۱۴۰: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

۱۱۴۰: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول

اِسْحَاقَ قَالَ ثَنِیْ دَاوُدُبْنُ حُصَيْنٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رَدَّالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَتَهُ زَيْنَبَ عَلٰى اَبِى الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيْعِ بَعْدَ سِتِّ سِنِيْنَ بِالنِّكَاحِ الْاَوَّلِ وَلَمْ يُحْدِثْ نِكَاحًا هٰذَا حَدِيْثٌ لَيْسَ بِاِسْنَادِهٖ بَاْسٌ وَلٰكِنْ لَا نَعْرِفُ وَجْهَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَلَعَلَّهٗ قَدْجَآءَ هٰذَامِنْ قِبَلِ دَاوُدَبْنِ الْحُصَيْنِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ.

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو چھ سال بعد پہلے نکاح کے ساتھ ابوالعاص ربیع رضی اللہ عنہ کی طرف لوٹایا اور دوبارہ (نیا) نکاح نہیں کیا۔ اس حدیث کی سند میں کوئی حرج نہیں لیکن متن حدیث کو ہم نہیں پہچانتے (یعنی غیر معروف ہے) شاید یہ داؤد بن حصین کے حفظ کی وجہ سے ہو۔

۱۱۴۱: حَدَّثَنَايُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى نَاوَكِيْعٌ نَااِسْرَائِيْلُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًاجَآءَ مُسْلِمًا عَلٰى عَهْدِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ جَآءَتْ اِمْرَاَتُهٗ مُسْلِمَةً فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا كَانَتْ اَسْلَمَتْ مَعِیْ فَرَدَّهَا عَلَيْهِ هٰذَاحَدِيْثٌ صَحِيْحٌ سَمِعْتُ عَبْدَبْنَ حُمَيْدٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ يَزِيْدَبْنَ هَارُوْنَ يَذْكُرُعَنْ مُحَمَّدِبْنِ اِسْحٰقَ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَحَدِيْثُ الْحَجَّاجِ عَنْ عَمْرِوبْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّابْنَتَهٗ عَلٰى اَبِى الْعَاصِ ابْنِ الرَّبِيْعِ بِمَهْرٍ جَدِيْدٍ وَنِكَاحٍ جَدِيْدٍ فَقَالَ يَزِيْدُ ابْنُ هَارُوْنَ حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ اَجْوَدُ اِسْنَادًا وَ الْعَمَلُ عَلٰى حَدِيْثِ عَمْرِوبْنِ شُعَيْبٍ.

۱۱۴۱: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں ایک شخص مسلمان ہوکر آیا پھر اس کی بیوی بھی اسلام لے آئی تو اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ یہ میرے ساتھ ہی مسلمان ہوئی ہے۔ پس نبی اکرم ﷺ نے اس عورت کو اسی شخص کو دے دیا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ میں نے عبد بن حمید سے انہوں نے یزید بن ہارون سے سنا کہ وہ یہی حدیث محمد بن اسحٰق سے نقل کرتے تھے اور حجاج کی روایت جو مروی ہے بسند عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنی صاحبزادی کو نئے مہر اور نکاح کے ساتھ ابوالعاص بن ربیع کی طرف لوٹا دیا۔ یزید بن ہارون کہتے ہیں کہ ابن عباسؓ کی حدیث سند کے اعتبار سے زیادہ بہتر ہے اور عمل عمرو بن شعیب کی حدیث پر ہے۔

## ۷۷۸: بَابُ مَاجَاءَ فِى الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ الْمَرْاَةَ فَيَمُوْتُ عَنْهَاقَبْلَ اَنْ يَفْرِضَ لَهَا

## ۷۷۸: باب وہ شخص جو نکاح کے بعد مہر مقرر کرنے سے پہلے فوت ہو جائے تو؟

۱۱۴۲: حَدَّثَنَامَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَايَزِيْدُ بْنُ الْحُبَابِ نَاسُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةً وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا صَدَاقًا وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا حَتّٰى مَاتَ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ لَهَا مِثْلُ صَدَاقِ نِسَائِهَا لَاوَكْسَ وَلَا شَطَطَ وَعَلَيْهَاالْعِدَّةُ وَلَهَا الْمِيْرَاثُ فَقَامَ مَعْقِلُ بْنُ سِنَانٍ الْاَشْجَعِيُّ فَقَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ امْرَاَةٍ مِّنَامِثْلَ مَاقَضَيْتَ فَفَرِحَ

۱۱۴۲: حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ان سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو نکاح کرنے کے بعد مہر مقرر کرنے اور محبت کرنے سے پہلے فوت ہو جائے۔ ابن مسعودؓ نے فرمایا: ایسی عورت کا مہر اس کے خاندان کی عورتوں کے برابر ہوگا۔ نہ کم ہوگا اور نہ زیادہ۔ وہ عورت عدت گزارے گی اور اسے خاوند کے مال سے وراثت بھی ملے گی۔ اس پر معقل بن سنان اشجعیؓ کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے بروع بنت واشق (ہم میں سے ایک عورت) کے متعلق ایسا ہی فیصلہ کیا تھا جیسا کہ

بِهَا ابْنُ مَسْعُوْدٍ وَفِي الْبَابِ عَنِ الْجَرَّاحِ.

آپؐ نے فیصلہ کیا ہے۔ اس پر حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بہت خوش ہوئے اس باب میں حضرت جراحؓ سے بھی روایت ہے۔

۱۱۴۳ :حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ نَا يَزِيْدُ ابْنُ هَارُوْنَ وَعَبْدُالرَّزَّاقِ كِلَاهُمَا عَنْ سُفْيٰنَ عَنْ مَنْصُوْرٍ نَحْوَهُ حَدِيْثُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنْهُ غَيْرِ وَجْهٍ وَ الْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِ هِمْ وَبِهٖ يَقُوْلُ الثَّوْرِيُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحَاقُ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ وَيَزِيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَابْنُ عَبَّاسٍ وَابْنُ عُمَرَ اِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ الْمَرْاَةَ وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا صَدَاقًا حَتّٰى مَاتَ قَالُوْا لَهَا الْمِيْرَاثُ وَلَا صَدَاقَ لَهَا وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ وَهُوَقَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَقَالَ لَوْثَبَتَ حَدِيْثُ بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ لَكَانَتِ الْحُجَّةُ فِيْهَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرُوِيَ عَنِ الشَّافِعِيِّ اَنَّهُ رَجَعَ بِمِصْرَ بَعْدُ عَنْ هٰذَا الْقَوْلِ وَقَالَ بِحَدِيْثِ بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ.

۱۱۴۳: ہم سے روایت کی حسن بن علی خلال نے انہوں نے یزید بن ہارون سے اور عبدالرزاق سے دونوں نے سفیان سے انہوں نے منصور سے اسی کی مثل۔ حدیث ابن مسعودؓ حسن صحیح ہے اور انہی سے کئی سندوں سے مروی ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء کا اسی پر عمل ہے۔ سفیان ثوریؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ جن میں علی بن ابی طالبؓ، زید بن ثابتؓ، ابن عباسؓ اور ابن عمرؓ بھی شامل ہیں نے فرمایا جب کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرے اور مہر مقرر نہ کیا جائے تو جماع سے پہلے فوت ہونے کی صورت میں اس عورت کا میراث میں تو حصہ ہے لیکن مہر نہیں البتہ عدت گزارے گی۔ امام شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر بروع بنت واشقؓ والی حدیث ثابت بھی ہوجائے تو بھی حجت وہی بات ہوگی جو نبی اکرم ﷺ سے مروی ہے۔ امام شافعیؒ سے مروی ہے کہ وہ مصر میں گئے تو انہوں نے اپنے قول سے رجوع کر لیا تھا اور بروع بنت واشقؓ کی حدیث پر عمل کرنے لگے تھے۔

**خلاصۃ الابواب:** اگر بیوی مسلمان ہوجائے اور شوہر کافر ہو تو حنفیہ کے نزدیک شوہر پر اسلام پیش کیا جائے گا اگر وہ اسلام قبول کرلے تو بیوی اسی کی ہوگی اگر انکار کردے تو اس کے انکار کے سبب نکاح فسخ ہوجائے گا۔ حدیث باب میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اپنی صاحبزادی زینبؓ کو ان کے شوہر ابوالعاص کے پاس چھ سال کے بعد لوٹایا جبکہ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ چار سال بعد لوٹایا اور بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ دو سال بعد لوٹایا اس طرح روایات میں تعارض ہوجاتا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ دراصل ابوالعاص غزوۂ بدر کے موقع پر قیدی بنا کر لائے گئے، یعنی ہجرت کے دو سال اور اس وعدے پر چھوڑے گئے کہ حضرت زینبؓ کو مکہ مکرمہ سے بھیج دیں گے چنانچہ ابوالعاص نے بھیج دیا پھر ہجرت کے چار سال بعد ابوالعاص دوبارہ گرفتار کئے گئے جس کا واقعہ یہ ہوا کہ قریش کے اموال تجارت لے کر شام گئے تجارتی سفر سے واپسی کے وقت آنحضرت ﷺ کے ایک فوجی دستے سے سامنا ہوا جس نے ان کا سامان تجارت اپنے قبضے میں لے لیا انہوں نے رات کے وقت بھاگ کر حضرت زینبؓ کے پاس پناہ لی۔ حضور ﷺ نے اس امان کو باقی رکھا پھر آپ ﷺ کی خواہش پر مسلمانوں نے ان کا سارا مال ان کو واپس کردیا یہ مکہ مکرمہ چلے آئے قریش کو ان کی امانتیں لوٹا دیں پھر مکہ ہی میں مشرف با اسلام ہوئے اور ۶ھ میں ہجرت کی اس موقعہ پر آنحضرت ﷺ نے اپنی صاحبزادی کو ان کے حوالہ کردیا۔ اس واقعہ کو پیش نظر رکھ کر روایات میں تطبیق دی جائے گی۔

# اَبْوَابُ الرِّضَاعِ

## رضاعت (دودھ پلانے) کے ابواب

### ۷۷۹: بَابُ مَاجَاءَ يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَايَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ

۱۱۴۴: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَااِسْمٰعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ نَاعَلِيُّ بْنُ زَيْدٍعَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مِنَ الرَّضَاعِ مَاحَرَّمَ مِنَ النَّسَبِ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاُمِّ حَبِيبَةَ هٰذَاحَدِيثٌ صَحِيحٌ.

۱۱۴۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُبْنُ بَشَّارٍنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ نَامَالِكُ بْنُ اَنَسٍ ح وَنَااِسْحٰقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ نَامَعْنٌ نَامَالِكٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ يَسَارٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَاحَرَّمَ مِنَ الْوِلَادَةِ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَحَدِيثُ عَلِيٍّ حَدِيثٌ صَحِيحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ عَامَّةِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ لَانَعْلَمُ بَيْنَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اخْتِلَافًا.

### ۷۷۹: باب نسب سے حرام رشتے رضاعت سے بھی حرام ہوتے ہیں

۱۱۴۴: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جو رشتے نسب سے حرام کئے ہیں وہی رشتے رضاعت سے بھی حرام کئے ہیں۔ اس باب میں حضرت عائشہؓ، ابن عباسؓ، ام حبیبہؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۱۴۵: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے رضاعت سے بھی وہی رشتے حرام کئے ہیں جو ولادت (یعنی نسب) سے حرام کئے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دیگر اہل علم کا اسی پر عمل ہے اور اس مسئلہ میں علماء کا اتفاق ہے۔

**خلاصۃ الباب:** اس حدیث پر متفق علیہ طور پر عمل ہے کہ جو رشتہ نسب میں حرام ہے وہ رشتہ رضاعت میں بھی حرام ہے البتہ کتب حنفیہ میں متعدد رشتوں کو مستثنیٰ کیا گیا ہے۔ (۲) مصہ اسم ہے مص یمص سے ماخوذ ہے یعنی چوسنا جو بچہ کا فعل ہے جبکہ ''املاج'' داخل کرنے کے معنی میں ہے جو دودھ پلانے والی کا فعل ہے۔ رضاعت کی ہر مقدار حرام کرنے والی ہے قلیل ہو یا کثیر ہو۔ امام ابوحنیفہؒ اور ان کے اصحاب امام مالک، سفیان ثوریؒ، امام احمدؒ کی مشہور روایت بھی اس کے مطابق ہے صحابہ میں سے حضرت علیؓ، ابن مسعودؓ، ابن عمرؓ اور ابن عباسؓ کا یہی قول ہے۔ ان کے دلائل قرآن کریم میں سورہ نساء کی آیت ۲۳/۴ اور احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام ہیں جہاں تک حدیث باب کا تعلق ہے وہ حضرت علیؓ کی روایت سے منسوخ ہے۔ یہاں آپ ﷺ نے بطور احتیاط علیحدگی کا حکم دیا، چنانچہ بخاری شریف میں ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جب ایک بات کہہ کر شبہ پیدا کر دیا گیا تو اب بیوی کو نکاح میں کیسے رکھو گے کیونکہ شبہ کی کیفیت میں خوشگواری پیدا نہ ہوگی۔

## ۷۸۰: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ لَبَنِ الْفَحْلِ

۱۱۴۶: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ نَاابْنُ نُمَیْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَ عَمِّیْ مِنَ الرَّضَاعَةِ یَسْتَاْذِنُ عَلَیَّ فَاَبَیْتُ اَنْ اٰذَنَ لَهٗ حَتّٰی اَسْتَاْمِرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلْیَلِجْ عَلَیْکِ فَاِنَّهٗ عَمُّکِ قَالَتْ اِنَّمَا اَرْضَعَتْنِی الْمَرْاَةُ وَلَمْ یُرْضِعْنِی الرَّجُلُ قَالَ فَاِنَّهٗ عَمُّکِ فَلْیَلِجْ عَلَیْکِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِهِمْ کَرِهُوْا لَبَنَ الْفَحْلِ وَالْاَصْلُ فِیْ هٰذَا حَدِیْثُ عَائِشَةَ وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِیْ لَبَنِ الْفَحْلِ وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ اَصَحُّ.

۱۱۴۷: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَامَالِکُ بْنُ اَنَسٍ ح وَثَنَا الْاَنْصَارِیُّ نَامَعْنٌ نَامَالِکُ بْنُ اَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَمْرِوبْنِ الشَّرِیْدِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ لَهٗ جَارِیَتَانِ اَرْضَعَتْ اِحْدٰهُمَا جَارِیَةً وَالْاُخْرٰی غُلَامًا اَیَحِلُّ لِلْغُلَامِ اَنْ یَتَزَوَّجَ الْجَارِیَةَ فَقَالَ لَا اللِّقَاحُ وَاحِدٌ وَهٰذَا تَفْسِیْرُ لَبَنِ الْفَحْلِ وَهٰذَا الْاَصْلُ فِیْ هٰذَا الْبَابِ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ.

## ۷۸۰: باب دودھ مرد کی طرف منسوب ہے

۱۱۴۶: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ میرے پاس میرے رضاعی چچا تشریف لائے اور اندر آنے کی اجازت چاہی۔ میں نے نبی اکرم ﷺ سے پوچھے بغیر انہیں اجازت دینے سے انکار کر دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا وہ تمہارے پاس داخل ہو سکتے ہیں کیونکہ وہ تو تمہارے چچا ہیں۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھے تو عورت نے دودھ پلایا ہے مرد نے نہیں آپ ﷺ نے فرمایا انہیں چاہیے کہ وہ تمہارے پاس آ جائیں اس لیے کہ وہ تمہارے چچا ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء کا اس پر عمل ہے کہ انہوں رضاعی رشتہ والے مرد کے سامنے ہونے کو مکروہ کہا ہے۔ بعض اہل علم نے اس کی اجازت دی ہے لیکن پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔

۱۱۴۷: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ان سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص کے پاس دو لونڈیاں ہیں۔ ان میں سے ایک نے ایک لڑکی کو اور دوسری نے ایک لڑکے کو دودھ پلایا۔ کیا اس لڑکے کے لئے وہ لڑکی حلال ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا نہیں۔ کیونکہ منی تو ایک ہی ہے۔ (یعنی وہ شخص دونوں باندیوں کے ساتھ صحبت کرتا ہے) یہ مرد کے دودھ کی تفسیر ہے۔ اس باب میں یہی اصل ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

## ۷۸۱: بَابُ مَاجَآءَ لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَلَا الْمَصَّتَانِ

۱۱۴۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیِّ الصَّنْعَانِیُّ نَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَیْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ اَیُّوْبَ یُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ مُلَیْکَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الزُّبَیْرِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَلَا الْمَصَّتَانِ وَفِی الْبَابِ عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ وَاَبِیْ هُرَیْرَةَ

## ۷۸۱: باب ایک یا دو گھونٹ دودھ پینے سے رضاعت ثابت نہیں ہوتی

۱۱۴۸: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ایک یا دو گھونٹ دودھ پینے سے حرمت رضاعت ثابت نہیں ہوتی۔ اس باب میں ام فضلؓ، ابو ہریرہؓ، زبیرؓ، ابن زبیرؓ سے بھی روایت ہے۔ ابن زبیرؓ حضرت عائشہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتی ہیں کہ ایک یا دو گھونٹ

وَالزُّبَيْرِ وَابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَالْمَصَّتَانِ وَرَوٰى مُحَمَّدُبْنُ دِيْنَارٍعَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الزُّبَيْرِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَزَادَفِيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ دِيْنَارٍ عَنِ الزُّبَيْرِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ غَيْرُمَحْفُوْظٍ وَالصَّحِيْحُ عِنْدَاَهْلِ الْحَدِيْثِ حَدِيْثُ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَبَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ قَالَتْ عَائِشَةُ اُنْزِلَ فِي الْقُرْاٰنِ عَشْرُرَضَعَاتٍ مَعْلُوْمَاتٍ فَنُسِخَ مِنْ ذٰلِكَ خَمْسٌ وَصَارَاِلٰى خَمْسِ رَضَعَاتٍ مَعْلُوْمَاتٍ فَتُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاَمْرُعَلٰى ذٰلِكَ.

دودھ پینے سے رضاعت کی حرمت ثابت نہیں ہوتی۔ محمد بن دینار، ہشام بن عروہ سے وہ اپنے والد سے وہ عبداللہ بن زبیر سے وہ زبیر سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہوئے یہ الفاظ زیادہ بیان کرتے ہیں کہ زبیر نے نبی اکرم ﷺ سے نقل کیا ہے۔ لیکن یہ غیر محفوظ ہے۔ محدثین کے نزدیک صحیح حدیث ابن ابی ملیکہ کی ہے۔ ابن ابی ملیکہ عبداللہ بن زبیر سے وہ عائشہؓ سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتی ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس پر بعض علماء صحابہ وغیرہم کا عمل ہے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ قرآن میں دس مرتبہ دودھ چوسنے پر رضاعت کے حکم کے متعلق آیت نازل ہوئی جو واضح ہے پھر پانچ کا حکم منسوخ ہوگیا اور پانچ دفعہ کا رہ گیا جو معلوم ہے۔ پھر نبی اکرم ﷺ کی وفات ہوئی اور یہی حکم برقرار رہا کہ پانچ مرتبہ دودھ پینے سے رضاعت ثابت ہوتی ہیں۔

۱۱۴۹: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ اِسْحٰقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ نَامَعْنٌ نَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ تُفْتِيْ وَبَعْضُ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ اَحْمَدُ بِحَدِيْثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَلَا الْمَصَّتَانِ وَقَالَ اِنْ ذَهَبَ ذَاهِبٌ اِلٰى قَوْلِ عَائِشَةَ فِيْ خَمْسِ رَضَعَاتٍ فَهُوَ مَذْهَبٌ قَوِيٌّ وَجَبُنَ عَنْهُ اَنْ يَقُوْلَ فِيْهِ شَيْئًا وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ يُحَرِّمُ قَلِيْلُ الرِّضَاعِ وَكَثِيْرُهُ اِذَا وَصَلَ اِلَى الْجَوْفِ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَمَالِكِ ابْنِ اَنَسٍ وَالْاَوْزَاعِيِّ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ وَوَكِيْعٍ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ.

۱۱۴۹: ہم سے حضرت عائشہؓ کا یہ قول اسحق بن موسیٰ انصاری نے انہوں نے معن سے انہوں نے مالک سے انہوں نے عبداللہ بن ابوبکر سے انہوں نے عمرہ سے اور انہوں نے حضرت عائشہؓ سے نقل کیا ہے۔ حضرت عائشہؓ اور بعض ازواج مطہراتؓ کا فتویٰ بھی اسی پر ہے۔ امام شافعیؒ اور اسحقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ امام احمدؒ قائل ہیں اس حدیث کے جو مروی ہے۔ نبی اکرم ﷺ سے کہ ایک یا دوبار (دودھ) چوسنے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی اور یہ بھی کہا اگر کوئی حضرت عائشہؓ (پانچ بار دودھ چوسنے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی) کے قول کو اپنائے تو یہ بھی قوی ہے۔ امام احمدؒ اس مسئلے میں حکم دینے سے ڈرتے تھے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ فرماتے ہیں کہ کم اور زیادہ دونوں ہی سے رضاعت ثابت ہو جاتی ہے۔ بشرطیکہ دودھ پیٹ میں گیا ہو۔ سفیان ثوریؒ، مالکؒ، اوزاعیؒ، ابن مبارکؒ، وکیع اور اہل کوفہ کا یہی قول ہے۔

## ۷۸۲: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ شَهَادَةِ الْمَرْاَةِ

## ۷۸۲: باب رضاعت

## الْوَاحِدَةِ فِي الرَّضَاعِ

۱۱۵۰: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍنَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ ثَنِيْ عُبَيْدُبْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ عُقْبَةَ قَالَ وَسَمِعْتُهُ مِنْ عُقْبَةَ وَلٰكِنِّيْ لِحَدِيْثِ عُبَيْدٍ اَحْفَظُ قَالَ تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً فَجَاءَ تْنَا امْرَأَةٌ سَوْدَاءُ فَقَالَتْ اِنِّيْ قَدْ اَرْضَعْتُكُمَا فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ تَزَوَّجْتُ فُلَانَةَ بِنْتَ فُلَانٍ فَجَاءَ تْنَا امْرَأَةٌ سَوْدَاءُ فَقَالَتْ اِنِّيْ قَدْ اَرْضَعْتُكُمَا وَهِيَ كَاذِبَةٌ قَالَ فَاَعْرَضَ عَنِّيْ قَالَ فَاَتَيْتُهُ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهٖ فَقُلْتُ اِنَّهَا كَاذِبَةٌ قَالَ وَكَيْفَ بِهَا وَقَدْزَعَمَتْ اَنَّهَا قَدْاَرْضَعَتْكُمَا دَعْهَا عَنْكَ حَدِيْثُ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْرَوٰى غَيْرُوَاحِدٍ هٰذَاالْحَدِيْثَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنْ عُبَيْدِبْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ وَلَمْ يَذْكُرُوْافِيْهِ دَعْهَا عَنْكَ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اَجَازُوْاشَهَادَةَ الْمَرْأَةِ الْوَاحِدَةِ فِي الرَّضَاعِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تَجُوْزُشَهَادَةُ امْرَأَةٍ وَاحِدَةٍ فِي الرَّضَاعِ وَيُؤْخَذُيَمِيْنُهَا وَبِهٖ يَقُوْلُ اَحْمَدُوَاِسْحَاقُ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ لَاتَجُوْزُ شَهَادَةُ امْرَأَةٍ وَاحِدَةٍ فِي الرَّضَاعِ حَتّٰى يَكُوْنَ اَكْثَرَ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَ عَبْدُاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ هُوَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عُبَيْدِاللّٰهِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ وَيُكْنٰى اَبَا مُحَمَّدٍ وَكَانَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِقَدِاسْتَقْضَاهُ عَلَى الطَّائِفِ وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ اَدْرَكْتُ ثَلٰثِيْنَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُ الْجَارُوْدَبْنَ مُعَاذٍيَقُوْلُ سَمِعْتُ وَكِيْعًايَقُوْلُ لَاتَجُوْزُشَهَادَةُ امْرَأَةٍ وَاحِدَةٍ فِي الرَّضَاعِ فِي الْحُكْمِ

## میں ایک عورت کی گواہی کافی ہے

۱۱۵۰: عبداللہ بن ابی ملیکہ، عبید بن ابی مریم سے اور وہ عقبہ بن حارث سے نقل کرتے ہیں۔ عبداللہ کہتے ہیں میں نے یہ حدیث عقبہ سے بھی سنی ہے لیکن عبید کی حدیث مجھے زیادہ یاد ہے کہ عقبہ نے کہا میں نے ایک عورت سے نکاح کیا تو ایک سیاہ فام عورت آئی اور اس نے کہا میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے۔ پس میں نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں نے فلاں عورت سے نکاح کیا تھا کہ ایک سیاہ فام عورت آئی اور کہنے لگی کہ میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے اور وہ جھوٹی ہے۔ عقبہ کہتے ہیں آپ ﷺ نے مجھ سے چہرہ پھیر لیا۔ میں پھر آپ ﷺ کے سامنے آیا اور عرض کیا وہ جھوٹی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیسے؟ جب کہ اس کا دعویٰ ہے کہ اس نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے تم اس عورت کو چھوڑ دو۔ حدیث عقبہ بن حارث حسن صحیح ہے۔ کئی راوی یہ حدیث ابن ابی ملیکہ سے اور وہ عقبہ بن حارث سے نقل کرتے ہیں اور اس میں عبید بن ابی مریم کا ذکر نہیں کرتے۔ پھر اس حدیث میں یہ الفاظ بھی نہیں ہیں کہ ''تم اس کو چھوڑ دو'' بعض علماء صحابہ وغیرہ کا اسی پر عمل ہے کہ رضاعت کے ثبوت کے لئے ایک عورت کی گواہی کافی ہے۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ یہ اس صورت میں کافی ہے کہ اس عورت سے قسم لی جائے۔ امام احمدؒ و اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ ایک عورت کی گواہی کافی نہیں بلکہ زیادہ ہونی چاہئیں۔ امام شافعیؒ کا یہی قول ہے۔ عبداللہ بن ابی ملیکہ، عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکہ ہیں ان کی کنیت ابو محمد ہے۔ عبداللہ بن زبیرؓ نے انہیں طائف میں قاضی مقرر کیا تھا۔ ابن جریج کہتے ہیں کہ ابن ابی ملیکہ نے کہا کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کے تیس صحابیوں کو پایا ہے۔ ابن جریج کہتے ہیں کہ میں نے جارود بن معاذ سے سنا کہ وکیع کے نزدیک بھی رضاعت کے لئے ایک عورت کی گواہی کافی نہیں لیکن اگر ایک

وَيُفَارِقُهَا فِي الْوَرَعِ.

عورت کی گواہی سے اپنی بیوی کو چھوڑ دے تو یہی عین تقویٰ ہے۔

## ۷۸۳: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الرَّضَاعَةَ لَاتُحَرِّمُ اِلَّا فِي الصِّغَرِ دُوْنَ الْحَوْلَيْنِ

۱۱۵۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ هِشَامِ ابْنِ عُرْوَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَايُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ اِلَّا مَافَتَقَ الْاَمْعَاءَ فِي الثَّدْيِ وَكَانَ قَبْلَ الْفِطَامِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اَنَّ الرَّضَاعَةَ لَا تُحَرِّمُ اِلَّا مَاكَانَ دُوْنَ الْحَوْلَيْنِ وَمَاكَانَ بَعْدَ الْحَوْلَيْنِ الْكَامِلَيْنِ فَاِنَّهُ لَايُحَرِّمُ شَيْئًا وَفَاطِمَةُ بِنْتُ الْمُنْذِرِ بْنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ وَهِيَ امْرَاَةُ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ.

## ۷۸۳: باب رضاعت کی حرمت صرف دو سال کی عمر تک ہی ثابت ہوتی ہے

۱۱۵۱: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رضاعت کی حرمت اس صورت میں ثابت ہوتی ہے کہ دودھ بچے کی آنتوں میں پہنچ کر غذا کے قائم مقام ہو اور یہ دودھ چھڑانے سے پہلے ہو یعنی دودھ پلانے کی مدت میں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس پر صحابہؓ اور اہل علم کا عمل ہے۔ کہ رضاعت دو سال کے اندر اندر دودھ پینے سے ہی ثابت ہوتی ہے اور جو دو سال کے بعد پیئے اس سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔ فاطمہ بنت منذر بن زبیر بن عوام، ہشام بن عروہ کی بیوی ہیں۔

## ۷۸۴: بَابُ مَايُذْهِبُ مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ

۱۱۵۲: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ حَجَّاجٍ الْاَسْلَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَايُذْهِبُ عَنِّيْ مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ فَقَالَ غُرَّةٌ عَبْدٌ اَوْاَمَةٌ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ هٰكَذَا رَوَاهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ وَحَاتِمُ ابْنُ اِسْمٰعِيْلَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ حَجَّاجٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَوٰى سُفْيٰنُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ هِشَامِ ابْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ اَبِيْ حَجَّاجٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَدِيْثُ ابْنِ عُيَيْنَةَ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ وَالصَّحِيْحُ مَا رَوٰى هٰؤُلَاءِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ وَهِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ يُكْنٰى اَبَا الْمُنْذِرِ وَقَدْ اَدْرَكَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ وَقَالَ مَعْنٰى

## ۷۸۴: باب دودھ پلانے والی کے حق کیا دا ئیگی

۱۱۵۲: حجاج بن حجاج اسلمی اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ میرے ذمے سے دودھ پینے کا حق کیسے ادا ہو سکتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا ایک غلام یا لونڈی۔ (یعنی ایک غلام یا لونڈی دودھ پلانے والی کو دے دو تو حق ادا ہو گیا) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ یحییٰ بن سعید قطان، حاتم بن اسمٰعیل اور کئی راوی ہشام بن عروہ سے وہ اپنے والد سے وہ حجاج بن حجاج سے اور وہ اپنے والد سے یہ حدیث اسی طرح مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔ سفیان بن عیینہ ہشام سے وہ اپنے والد سے وہ حجاج بن ابی حجاج سے وہ اپنے والد سے وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کے مثل حدیث نقل کرتے ہیں۔ حدیث ابن عیینہ غیر محفوظ ہے۔ صحیح وہی ہے جو کئی راوی ہشام سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ ہشام بن عروہ کی کنیت ابو منذر ہے۔ اور ان کی جابر بن عبداللہؓ سے ملاقات ہوئی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ "مَايُذْهِبُ عَنِّيْ مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ" کا مطلب یہ

قَوْلِهِ مَایُذْهِبُ عَنِّیْ مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ یَقُوْلُ اِنَّمَا یَعْنِی ذِمَامَ الرَّضَاعَةِ وَحَقَّهَا یَقُوْلُ اِذَا اَعْطَیْتَ الْمُرْضِعَةَ عَبْدًا اَوْاَمَةً فَقَدْ قَضَیْتَ ذِمَامَهَا وَیُرْوٰی عَنْ اَبِی الطُّفَیْلِ قَالَ کُنْتُ جَالِسًا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رِدَاءَهٗ فَقَعَدَتْ عَلَیْهِ فَلَمَّا ذَهَبَتْ قِیْلَ هٰذِهٖ کَانَتْ اَرْضَعَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

ہے کہ کونسی ایسی چیز ہے جو دودھ پلانے کے حق کو ادا کر دیتی ہے ۔پس آپ ﷺ نے فرمایا۔ اگر تم اپنی دودھ پلانے والی کو غلام یا باندی دے دو۔ تو اس کا حق ادا ہو جاتا ہے۔ ابو طفیل سے منقول ہے کہ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک عورت آئی آپ ﷺ نے ان کے لئے ایک چادر بچھا دی تو وہ اس پر بیٹھ گئیں پھر جب وہ چلی گئیں تو لوگ کہنے لگے کہ وہ خاتون آپ ﷺ کی رضاعی ماں ہیں (یعنی حضرت حلیمہؓ)

## ۷۸۵: بَابُ مَاجَآءَ فِی الْاَمَةِ تُعْتَقُ وَلَهَا زَوْجٌ

## ۷۸۵: باب شادی شدہ لونڈی کو آزاد کرنا

۱۱۵۳: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍنَاجَرِیْرُبْنُ عَبْدِالْحَمِیْدِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ کَانَ زَوْجُ بَرِیْرَةَ عَبْدًافَخَیَّرَهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَاوَلَوْ کَانَ حُرًّالَمْ یُخَیِّرْهَا.

۱۱۵۳: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ بریرہ کے شوہر غلام تھے نبی اکرم ﷺ نے انہیں نکاح باقی رکھنے یا نہ رکھنے کا اختیار دے دیا تو انہوں نے خاوند سے علیحدگی اختیار کر لی۔ اگر ان کے شوہر آزاد ہوتے تو نبی اکرم ﷺ انہیں اختیار نہ دیتے۔

۱۱۵۴: حَدَّثَنَا هَنَّادٌنَا اَبُوْمُعَاوِیَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنِ الْاَسْوَدِعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ کَانَ زَوْجُ بَرِیْرَةَ حُرًّا فَخَیَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَدِیْثُ عَائِشَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ هٰکَذَارَوٰی هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ کَانَ زَوْجُ بَرِیْرَةَ عَبْدًاوَرَوٰی عِکْرِمَةُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رَاَیْتُ زَوْجَ بَرِیْرَةَ وَکَانَ عَبْدًا یُقَالُ لَهٗ مُغِیْثٌ وَهٰکَذَارُوِیَ عَنِ ابْنِ عُمَرَوَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَقَالُوْا اِذَا کَانَتِ الْاَمَةُ تَحْتَ الْحُرِّفَاُعْتِقَتْ فَلَاخِیَارَلَهَا وَاِنَّمَا یَکُوْنُ لَهَاالْخِیَارُاِذَااُعْتِقَتْ وَکَانَتْ تَحْتَ عَبْدٍوَهُوَقَوْلُ الشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَرَوٰی غَیْرُوَاحِدٍعَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنِ الْاَسْوَدِعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ کَانَ زَوْجُ بَرِیْرَةَ حُرًّافَخَیَّرَهَارَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَرَوٰی اَبُوْ عَوَانَةَ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنِ الْاَسْوَدِعَنْ عَائِشَةَ فِیْ قِصَّةِ بَرِیْرَةَ قَالَ الْاَسْوَدُ

۱۱۵۴: ہم سے روایت کی ہناد نے انہوں نے ابو معاویہ سے انہوں نے اعمش سے انہوں نے ابراہیم سے انہوں نے اسود سے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ بریدہ کا شوہر آزاد تھا اور آپ ﷺ نے بریدہ کو اختیار دیا۔ حدیث عائشہؓ حسن صحیح ہے۔ ہشام بن عروہ بھی اپنے والد سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے اسی طرح نقل کرتے ہیں کہ بریرہ کا شوہر غلام تھا۔ عکرمہ ابن عباسؓ کے حوالے سے کہتے ہیں کہ انہوں نے بریرہ کے شوہر کو دیکھا وہ غلام تھا اور اسے مغیث کہتے تھے۔ ابن عمرؓ سے بھی اسی طرح منقول ہے۔ بعض اہل علم کے نزدیک اسی حدیث پر عمل ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر باندی کو آزاد کیا جائے اور وہ کسی آزاد شخص کے نکاح میں ہو تو۔ اسے اختیار نہیں لیکن اگر غلام کے نکاح میں ہو تو اسے اختیار ہے۔ امام شافعیؒ احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ کئی راوی اعمش سے وہ ابراہیم سے وہ اسود سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے یہ بھی نقل کرتے ہیں کہ بریرہ کا شوہر آزاد تھا اور آپ ﷺ نے اسے اختیار دیا تھا۔ ابو عوانہ یہ حدیث اعمش سے وہ ابراہیم سے وہ اسود سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے بریدہ کا

وَكَانَ زَوْجُهَا حُرًّا وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَمَنْ بَعْدَهُمْ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ۔

قصہ نقل کرتے ہیں۔ اسود کہتے ہیں کہ بریدہ کا شوہر آزاد تھا۔ بعض علماء تابعین اور ان کے بعد کے علماء کا اسی پر عمل ہے۔ سفیان ثوریؒ اور اہل کوفہ کا بھی یہی قول ہے۔

۱۱۵۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَبْدَةُ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ وَقَتَادَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ زَوْجَ بَرِيْرَةَ كَانَ عَبْدًا اَسْوَدَ لِبَنِى الْمُغِيْرَةِ يَوْمَ اُعْتِقَتْ بَرِيْرَةُ وَاللّٰهِ لَكَاَنِّىْ بِهٖ فِىْ طُرُقِ الْمَدِيْنَةِ وَنَوَاحِيْهَا وَاِنَّ دُمُوْعَهٗ لَتَسِيْلُ عَلٰى لِحْيَتِهٖ يَتَرَضَّاهَا لِتَخْتَارَهٗ فَلَمْ تَفْعَلْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَسَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ عَرُوْبَةَ هُوَ سَعِيْدُ بْنُ مِهْرَانَ وَيُكْنٰى اَبَا النَّضْرِ۔

۱۱۵۵: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ بریرہ جب آزاد کی گئیں تو ان کا خاوند بنومغیرہ کا سیاہ فام غلام تھا۔ اللہ کی قسم ایسے لگتا ہے کہ وہ مدینہ کی گلیوں میں میرے سامنے پھر رہا ہے۔ اس کی داڑھی آنسوؤں سے تر ہے اور وہ بریرہ کو راضی کر رہے ہیں تا کہ وہ اسے اختیار کرے لیکن بریرہ نے ایسا نہیں کیا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ سعید بن ابی عروبہ سے مراد سعید بن مہران ہیں۔ ان کی کنیت ابوالنضر ہے۔

## ۷۸۶: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الْوَلَدَ لِلْفِرَاشِ

## ۷۸۶: باب لڑکا صاحب فراش کے لئے ہے

۱۱۵۶: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ وَفِى الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَائِشَةَ وَاَبِىْ اُمَامَةَ وَعَمْرِو بْنِ خَارِجَةَ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَالْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ وَزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ الزُّهْرِيُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ۔

۱۱۵۶: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اولاد صاحب فراش (یعنی شوہر یا باندی کے مالک) کے لئے ہے اور زانی کے لئے پتھر ہیں۔ اس باب میں حضرت عمرؓ، عثمانؓ، عائشہؓ، ابوامامہؓ عمرو بن خارجہؓ، عبداللہ بن عمروؓ براء بن عازبؓ اور زید بن ارقمؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ زہری یہ حدیث سعید بن میسّب اور ابوسلمہؓ سے اور وہ ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں اور اسی پر اہل علم کا عمل ہے۔

## ۷۸۷: بَابُ مَاجَآءَ فِى الرَّجُلِ يَرَى الْمَرْاَةَ فَتُعْجِبُهٗ

## ۷۸۷: باب مرد کسی عورت کو دیکھے اور وہ اسے پسند آ جائے

۱۱۵۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُالْاَعْلٰى بْنُ عَبْدِالْاَعْلٰى نَا هِشَامُ بْنُ اَبِىْ عَبْدِاللّٰهِ وَهُوَ الدَّسْتَوَائِىُّ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى امْرَاَةً فَدَخَلَ عَلٰى زَيْنَبَ فَقَضٰى حَاجَتَهٗ وَخَرَجَ وَقَالَ اِنَّ الْمَرْاَةَ اِذَا اَقْبَلَتْ اَقْبَلَتْ فِىْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ فَاِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ امْرَاَةً فَاَعْجَبَتْهُ فَلْيَاْتِ اَهْلَهٗ

۱۱۵۷: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک عورت کو دیکھا تو اپنی بیوی زینبؓ کے پاس داخل ہوئے اور اپنی حاجت پوری کی (یعنی صحبت کی) پھر باہر نکلے اور فرمایا عورت جب سامنے آتی ہے تو شیطان کی صورت میں آتی ہے۔ پس اگر تم میں سے کوئی کسی عورت کو دیکھے اور اسے اچھی لگے تو چاہیے کہ وہ اپنی بیوی کے پاس آ جائے کیونکہ اس کے

فَاِنَّ مَعَهَا مِثْلَ الَّذِیْ مَعَهَا وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ حَدِیْثُ جَابِرٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ وَهِشَامُ بْنُ اَبِیْ عَبْدِاللّٰهِ هُوَ صَاحِبُ الدَّسْتَوَائِیُّ هُوَ هِشَامُ بْنُ سَنْبَرٍ.

پاس بھی وہی چیز ہے جو اس (دوسری) کے پاس ہے۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت جابرؓ کی حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ہشام بن ابی عبداللہ، دستوائی کے دوست اور سنبر کے بیٹے ہیں۔

## ۷۸۸: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ حَقِّ الزَّوْجِ عَلَی الْمَرْاَةِ

## ۷۸۸: باب بیوی پر شوہر کے حقوق

۱۱۵۸: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَیْلٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ كُنْتُ اٰمِرًا اَحَدًا اَنْ یَسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا وَفِی الْبَابِ عَنْ مُعَاذِ ابْنِ جَبَلٍ وَسُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ وَعَائِشَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی وَطَلْقِ بْنِ عَلِیٍّ وَاُمِّ سَلَمَةَ وَاَنَسٍ وَابْنِ عُمَرَ حَدِیْثُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِیْثِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ.

۱۱۵۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں کسی کو کسی دوسرے کے لئے سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔ اس باب میں معاذ بن جبل، سراقہ بن مالک بن جعشم عائشہ، ابن عباس، عبداللہ بن ابی اوفیٰ، طلق بن علی، ام سلمہ، انس اور ابن عمر رضی اللہ عنہم سے روایت ہے۔ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اس سند سے حسن غریب ہے۔ یعنی محمد بن عمرو کی ابو سلمہ رضی اللہ عنہ سے اور ان کی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے۔

۱۱۵۹: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا مُلَازِمُ بْنُ عَمْرٍو وَثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ بَدْرٍ عَنْ قَیْسِ بْنِ طَلْقٍ عَنْ اَبِیْهِ طَلْقِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا الرَّجُلُ دَعَا زَوْجَتَهُ لِحَاجَتِهِ فَلْتَاْتِهِ وَاِنْ كَانَتْ عَلَی التَّنُّوْرِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

۱۱۵۹: حضرت طلق بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب شوہر بیوی کو اپنی حاجت (یعنی صحبت) کے لئے بلائے تو اسے اس کے پاس جانا چاہیے اگرچہ وہ تنور پر ہی کیوں نہ ہو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۱۶۰: حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِالْاَعْلَی الْكُوْفِیُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَبِیْ نَصْرٍ عَنْ مُسَاوِرِ الْحِمْیَرِیِّ عَنْ اُمِّهٖ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَیُّمَا امْرَاَةٍ مَاتَتْ وَزَوْجُهَا عَنْهَا رَاضٍ دَخَلَ الْجَنَّةَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

۱۱۶۰: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عورت اس حال میں مرے کہ اس کا خاوند اس سے راضی ہو وہ جنت میں داخل ہوگی۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

## ۷۸۹: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْمَرْاَةِ عَلٰی زَوْجِهَا

## ۷۸۹: عورت کے حقوق خاوند پر

۱۱۶۱: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَیْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَیْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو نَا اَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۱۱۶۱: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مسلمانوں میں سے کامل ترین ایمان والا وہ ہے جو اخلاق میں سب سے بہتر ہے اور تم میں سے بہترین

اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

لوگ وہ ہیں جو اپنی عورتوں کے حق میں اچھے ہیں۔ اس باب میں حضرت عائشہؓ، ابن عباسؓ سے بھی روایت ہے حدیث ابو ہریرہؓ حسن صحیح ہے۔

۱۱۶۲: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ نَا الْحُسَيْنُ ابْنُ عَلِيِّ الْجُعْفِيُّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ شَبِيْبِ بْنِ غَرْقَدَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْاَحْوَصِ قَالَ ثَنِيْ اَبِيْ اَنَّهُ شَهِدَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ وَذَكَّرَ وَوَعَظَ فَذَكَرَ فِي الْحَدِيْثِ قِصَّةً فَقَالَ اَلَا وَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ خَيْرًا فَاِنَّمَا هُنَّ عَوَانٍ عِنْدَكُمْ لَيْسَ تَمْلِكُوْنَ مِنْهُنَّ شَيْئًا غَيْرَ ذٰلِكَ اِلَّا اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ فَاِنْ فَعَلْنَ فَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا اَلَا اِنَّ لَكُمْ عَلٰى نِسَائِكُمْ حَقًّا وَلِنِسَائِكُمْ عَلَيْكُمْ حَقًّا فَاَمَّا حَقُّكُمْ عَلٰى نِسَائِكُمْ فَلَا يُوْطِئْنَ فُرُشَكُمْ مَنْ تَكْرَهُوْنَ وَلَا يَاْذَنَّ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لِمَنْ تَكْرَهُوْنَ اَلَا وَحَقُّهُنَّ عَلَيْكُمْ اَنْ تُحْسِنُوْا اِلَيْهِنَّ فِيْ كِسْوَتِهِنَّ وَطَعَامِهِنَّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَمَعْنٰى قَوْلِهٖ عَوَانٍ عِنْدَكُمْ يَعْنِيْ اَسْرٰى فِيْ اَيْدِيْكُمْ.

۱۱۶۲: سلمان بن عمرو بن احوص کہتے ہیں کہ ان کے والد نے انہیں بتایا کہ حجۃ الوداع کے موقع پر وہ بھی رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔ آپ ﷺ نے اللہ کی حمد وثناء بیان کی اور وعظ و نصیحت فرمائی۔ راوی نے یہ حدیث بیان کرتے ہوئے ایک واقعہ بیان کیا اور کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا خبردار میں تمہیں عورتوں کے حق میں بھلائی کی نصیحت کرتا ہوں اس لئے کہ وہ تمہارے پاس قید ہیں اور تم ان پر اس کے علاوہ کوئی اختیار نہیں رکھتے کہ ان سے صحبت کرو۔ البتہ یہ کہ وہ کھلم کھلا بے حیائی کی مرتکب ہوں۔ تو انہیں اپنے بستر سے الگ کر دو اور ان کی معمولی پٹائی کرو۔ پھر اگر وہ تمہاری بات ماننے لگیں تو انہیں تکلیف پہنچانے کے راستے تلاش نہ کرو۔ جان لو: کہ تمہارا تمہاری بیویوں پر اور ان کا تم پر حق ہے تمہارا ان پر حق یہ ہے کہ وہ تمہارے بستر پر ان لوگوں کو نہ بٹھائیں جنہیں تم ناپسند کرتے ہو بلکہ ایسے لوگوں کو گھر میں بھی داخل نہ ہونے دیں اور ان کا تم پر یہ حق ہے کہ تم انہیں بہترین کھانا اور بہترین لباس دو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ''عَوَانٍ عِنْدَكُمْ'' کے معنی یہ ہیں کہ وہ تمہارے پاس قیدی نہیں۔

## ۷۹۰: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ اِتْيَانِ النِّسَاءِ فِيْ اَدْبَارِهِنَّ

## ۷۹۰: باب عورتوں کے پیچھے سے صحبت کرنا حرام ہے

۱۱۶۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ وَهَنَّادٌ قَالَا نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ عَاصِمِ الْاَحْوَلِ عَنْ عِيْسَى بْنِ حِطَّانَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ سَلَّامٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ طَلْقٍ قَالَ اَتَى اَعْرَابِيٌّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الرَّجُلُ مِنَّا يَكُوْنُ فِي الْفَلَاةِ فَتَكُوْنُ مِنْهُ الرُّوَيْحَةُ وَيَكُوْنُ فِي الْمَاءِ قِلَّةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا فَسَا اَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّا وَلَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِيْ اَعْجَازِهِنَّ

۱۱۶۳: حضرت علی بن طلقؓ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی، نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہم میں سے کوئی کسی وقت جنگل میں ہوتا ہے۔ جہاں پانی کی قلت ہوتی ہے وہاں اس کی ہوا خارج ہو جاتی ہے تو وہ کیا کرے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کسی کی ہوا خارج ہو تو وہ وضو کرے اور عورتوں کے پیچھے یعنی دبر میں

فَاِنَّ اللّٰهَ لَايَسْتَحْيِ مِنَ الْحَقِّ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَخُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِي هُرَيْرَةَ حَدِيْثُ عَلِيِّ بْنِ طَلْقٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ لَا اَعْرِفُ لِعَلِيِّ بْنِ طَلْقٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ الْوَاحِدِ وَلَا اَعْرِفُ هٰذَا الْحَدِيْثَ مِنْ حَدِيْثِ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ السُّحَيْمِيِّ وَكَاَنَّهٗ رَاٰى اَنَّ هٰذَا رَجُلٌ اٰخَرُ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَوٰى وَكِيْعٌ هٰذَا الْحَدِيْثَ.

جماع نہ کرو۔ اللہ تعالیٰ حق بات کہنے سے حیانہیں فرماتا۔ اس باب میں حضرت عمرؓ، خزیمہ بن ثابتؓ، ابن عباسؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت علی بن طلقؓ کی حدیث حسن ہے (امام ترمذی کہتے ہیں) میں نے امام بخاریؒ سے سنا وہ فرماتے ہیں میں علی بن طلق کی نبی اکرم ﷺ سے اس حدیث کے علاوہ کوئی حدیث نہیں جانتا اور میں طلق بن علی سحیمی سے یہ روایت نہیں پہچانتا۔ گویا امام بخاریؒ کے خیال میں یہ کوئی دوسرے صحابی ہیں۔ وکیع نے بھی یہ حدیث روایت کی ہے۔

۱۱۶۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا وَكِيْعٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ وَهُوَ ابْنُ سَلَّامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا فَسَا اَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّأْ وَلَا تَاْتُوا النِّسَآءَ فِيْ اَعْجَازِهِنَّ وَعَلِيٌّ هٰذَا هُوَ عَلِيُّ بْنُ طَلْقٍ.

۱۱۶۴: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم سے کسی کی ہوا خارج ہو تو وضو کرے اور عورتوں کے پیچھے سے بدفعلی نہ کرو۔ یہ علی، حضرت علی بن طلق ہیں۔

۱۱۶۵: حَدَّثَنَا اَبُوْسَعِيْدٍ الْاَشَجُّ نَا اَبُوْخَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَايَنْظُرُ اللّٰهُ اِلٰى رَجُلٍ اَتٰى رَجُلًا اَوِ امْرَاَةً فِي الدُّبُرِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

۱۱۶۵: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) اس شخص کی طرف (نظر رحمت) سے نہیں دیکھے گا جو کسی مرد یا عورت سے غیر فطری عمل کرے (یعنی پیچھے سے جماع کرے) یہ حدیث حسن غریب ہے۔

## ۷۹۱: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ خُرُوْجِ النِّسَآءِ فِي الزِّيْنَةِ

## ۷۹۱: باب عورتوں کو بناؤ سنگھار کر کے نکلنا منع ہے

۱۱۶۶: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ بِنْتِ سَعْدٍ وَكَانَتْ خَادِمًا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الرَّافِلَةِ فِي الزِّيْنَةِ فِيْ غَيْرِ اَهْلِهَا كَمَثَلِ ظُلْمَةِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَانُوْرَ لَهَا هٰذَا حَدِيْثٌ لَانَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ وَمُوْسَى بْنُ عُبَيْدَةَ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ وَهُوَ صَدُوْقٌ وَقَدْ رَوٰى شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

۱۱۶۶: نبی اکرم ﷺ کی خادم حضرت میمونہ بنت سعدؓ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا خاوند کے سوا دوسروں کے لئے زینت کے ساتھ ناز نخرے سے چلنے والی عورت اس طرح ہے جیسے قیامت کی تاریکی جس میں کوئی روشنی نہ ہو۔ اس حدیث کو ہم صرف موسیٰ بن عبیدہ کی روایت سے پہچانتے ہیں اور موسیٰ بن عبیدہ کو حفظ کے اعتبار سے ضعیف قرار دیا گیا ہے۔ لیکن وہ سچے ہیں۔ شعبہ اور ثوری ان سے روایت کرتے ہیں۔ بعض راوی یہ حدیث موسیٰ بن عبیدہ ہی سے غیر مرفوع بھی نقل کرتے ہیں۔

## ۷۹۲: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْغَيْرَةِ

۱۱۶۷: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ ثَنَاسُفْيَانُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ الصَّوَّافِ عَنْ يَحْيَى ابْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يَغَارُ وَالْمُؤْمِنُ يَغَارُ وَغَيْرَةُ اللّٰهِ اَنْ يَاْتِىَ الْمُؤْمِنُ مَاحَرَّمَ عَلَيْهِ وَفِى الْبَابِ عَنْ عَآئِشَةَ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَرُوِىَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ سَلَمَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ اَسْمَآءَ ابْنَةِ اَبِىْ بَكْرٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْحَدِيْثُ وَكِلَا الْحَدِيْثَيْنِ صَحِيْحٌ وَحَجَّاجُ الصَّوَّافِ هُوَ حَجَّاجُ بْنُ اَبِىْ عُثْمَانَ وَاَبُوْ عُثْمَانَ اسْمُهٗ مَيْسَرَةُ وَحَجَّاجُ يُكْنٰى اَبَاالصَّلْتِ وَثَّقَهٗ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ.

۱۱۶۸: حَدَّثَنَا اَبُوْعِيْسٰى نَااَبُوْ بَكْرِ الْعَطَّارُ عَنْ عَلِىِّ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ الْمَدِيْنِىِّ قَالَ سَاَلْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدِ الْقَطَّانَ عَنْ حَجَّاجِ الصَّوَّافِ فَقَالَ هُوَ فَطِنٌ كَيِّسٌ.

## ۷۹۳: بَابُ فِىْ كَرَاهِيَةِ اَنْ تُسَافِرَ الْمَرْاَةُ وَحْدَهَا

۱۱۶۹: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَااَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَايَحِلُّ لِاِمْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ تُسَافِرُ سَفَرًا يَكُوْنُ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَصَاعِدًا اِلَّا وَمَعَهَا اَبُوْهَا اَوْ اَخُوْهَا اَوْزَوْجُهَا اَوِ ابْنُهَا اَوْذُوْ مَحْرَمٍ مِّنْهَا وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ عُمَرَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرُوِىَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَاتُسَافِرُ امْرَاَةٌ مَسِيْرَةَ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ اِلَّامَعَ ذِىْ مَحْرَمٍ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ يَكْرَهُوْنَ لِلْمَرْاَةِ اَنْ تُسَافِرَ اِلَّامَعَ ذِىْ مَحْرَمٍ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِى الْمَرْاَةِ اِذَاكَانَتْ مُوْسِرَةً وَلَمْ يَكُنْ لَهَا مَحْرَمٌ هَلْ تَحُجُّ فَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ

## ۷۹۲: باب غیرت کے بارے میں

۱۱۶۷: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ بہت غیرت والا ہے اسی طرح مؤمن بھی غیرت مند ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اس وقت غیرت آتی ہے جب مؤمن وہ کام کرے جو اس پر حرام ہے۔ اس باب میں حضرت عائشہؓ اور عبداللہ بن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابو ہریرہؓ حسن غریب ہے۔ یحییٰ بن کثیر بھی یہ حدیث ابوسلمہؓ سے وہ عروہ سے وہ اسماء بنت ابوبکرؓ سے اور وہ نبی ﷺ سے نقل کرتی ہیں یہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں۔ حجاج صواف، حجاج بن ابوعثمان ہیں ان کا نام میسرہ ہے۔ حجاج کی کنیت ابوصلت ہے یحییٰ بن سعید قطان نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے۔

۱۱۶۸: روایت کی علی بن عبداللہ مدنی نے کہ میں نے یحییٰ بن سعید قطان سے حجاج صواف کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا وہ ذہین اور ہوشیار ہیں۔

## ۷۹۳: باب عورت کا اکیلے سفر کرنا صحیح نہیں

۱۱۶۹: حضرت ابوسعیدؓ سے راویت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کسی ایسی عورت کے لئے جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتی ہو جائز نہیں کہ وہ تین دن یا اس سے زیادہ کا سفر اپنے والد بھائی، شوہر بیٹے یا کسی محرم کو ساتھ لیے بغیر کرے۔ اس باب میں حضرت ابو ہریرہؓ، ابن عباسؓ اور ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ نبی اکرم ﷺ سے یہ بھی منقول ہے کہ کوئی عورت ایک دن رات کا سفر محرم کے بغیر نہ کرے۔ اہل علم کا اس پر عمل ہے وہ محرم کے بغیر عورت کے سفر کو مکروہ سمجھتے ہیں۔ لیکن اگر کوئی عورت حج کی استطاعت رکھتی ہو اور اسکا کوئی محرم نہ ہو تو اس کے بارے میں اہل علم کا اختلاف ہے۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ اس پر حج فرض نہیں کیونکہ محرم کا ہونا بھی ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ''مَنِ

الْعِلْمِ لَايَجِبُ عَلَيْهَا الْحَجُّ لِاَنَّ الْمَحْرَمَ مِنَ السَّبِيْلِ لِقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا فَقَالُوْا اِذَا لَمْ يَكُنْ لَهَا مَحْرَمٌ فَلَمْ تَسْتَطِعْ اِلَيْهِ سَبِيْلًا وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِذَا كَانَ الطَّرِيْقُ اٰمِنًا فَاِنَّهَا تَخْرُجُ مَعَ النَّاسِ فِي الْحَجِّ وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَالشَّافِعِيِّ.

اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ''یعنی حج اس پر فرض ہے جس میں جانے کی استطاعت ہو اور یہ عورت استطاعت نہیں رکھتی کیونکہ اسکا کوئی محرم نہیں۔ سفیان ثوریؒ اور اہل کوفہ کا یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اگر راستے میں امن ہو تو وہ حج کے قافلے کے ساتھ جائے۔ امام مالک رحمہ اللہ اور شافعی رحمہ اللہ کا یہی قول ہے۔

۱۱۷۰: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ نَابِشْرُبْنُ عُمَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَافِرُ الْمَرْاَةُ مَسِيْرَةَ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ اِلَّا وَمَعَهَا ذُوْمَحْرَمٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۱۷۰: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی عورت محرم کے بغیر ایک رات و دن کا (بھی) سفر نہ کرے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۷۹۴: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ الدُّخُوْلِ عَلَى الْمُغِيْبَاتِ

## ۷۹۴: باب غیر محرم عورت کے ساتھ خلوت منع ہے

۱۱۷۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَااللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَبْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِيَّاكُمْ وَالدُّخُوْلَ عَلَى النِّسَآءِ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَرَاَيْتَ الْحَمْوَ قَالَ الْحَمْوُ الْمَوْتُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَجَابِرٍ وَعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ حَدِيْثُ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاِنَّمَا مَعْنٰى كَرَاهِيَةِ الدُّخُوْلِ عَلَى النِّسَآءِ عَلٰى نَحْوِ مَارُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَايَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ اِلَّا كَانَ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ وَمَعْنٰى قَوْلِهِ الْحَمْوُ يُقَالُ الْحَمْوُ اَخُو الزَّوْجِ كَاَنَّهُ كَرِهَ لَهُ اَنْ يَّخْلُوَبِهَا.

۱۱۷۱: حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ عورتوں کے پاس داخل ہونے سے پرہیز کرو۔ ایک انصاری شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ حمو (یعنی شوہر کا باپ، بھائی اور عزیز و اقارب) کے بارے میں کیا ارشاد ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا حمو تو موت ہے۔ اس باب میں حضرت عمرؓ جابرؓ اور عمرو بن عاصؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت عقبہ بن عامرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ عورتوں کے پاس داخل ہونے سے ممانعت کا مطلب اسی طرح ہے جیسے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جب کوئی شخص کسی تنہا عورت کے پاس ہو تو تیسرا شیطان ہوتا ہے۔ ''حمو'' کے معنیٰ خاوند کے بھائی کے ہیں گویا کہ آپ ﷺ نے دیور کو اپنی بھاوجہ کے پاس تنہا ٹھہرنے سے منع فرمایا۔

## ۷۹۵: بَابٌ

## ۷۹۵: باب

۱۱۷۲: حَدَّثَنَا نَصْرُبْنُ عَلِيٍّ نَاعِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَلِجُوْا عَلَى الْمُغِيْبَاتِ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِيْ مِنْ اَحَدِكُمْ مَجْرَى الدَّمِ قُلْنَا

۱۱۷۲: حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جن عورتوں کے شوہر گھروں میں موجود نہ ہوں اُن کے پاس نہ جاؤ کیونکہ شیطان تمہاری رگوں میں خون کی طرح دوڑتا ہے۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ کے لئے بھی ایسا

وَمِنْکَ قَالَ وَمِنِّیْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَعَانَنِیْ عَلَیْہِ فَاَسْلَمَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْتَکَلَّمَ بَعْضُهُمْ فِیْ مُجَالِدِ بْنِ سَعِیْدٍ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ وَسَمِعْتُ عَلِیَّ بْنَ خَشْرَمٍ یَقُوْلُ قَالَ سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ فِیْ تَفْسِیْرِ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَعَانَنِیْ عَلَیْہِ فَاَسْلَمَ یَعْنِیْ فَاَسْلَمُ اَنَامِنْهُ قَالَ سُفْیَانُ فَالشَّیْطَانُ لَایُسْلِمُ لَا تَلِجُوْاعَلَی الْمُغِیْبَاتِ وَالْمُغِیْبَةُ الْمَرْاَةُ الَّتِیْ یَکُوْنُ زَوْجُهَاغَائِبًاوَالْمُغِیْبَاتُ جَمَاعَةُ الْمُغِیْبَةِ.

ہے۔فرمایاہاں لیکن اللہ تعالیٰ نے میری اس پر مدد فرمائی اور میں اس سے محفوظ ہوں۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ بعض علماء مجالد بن سعید کے حافظے میں کلام کرتے ہیں۔ علی بن خشرم، سفیان بن عیینہ کے حوالے سے کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے اس قول ''کہ اللہ تعالیٰ نے میری مدد کی'' کا مقصد یہ ہے کہ میں اس کے شر سے محفوظ ہوگیا ہوں۔ سفیان کہتے ہیں کہ شیطان تو اسلام نہیں لاتا۔ مغیبات مغیبہ کی جمع ہے اور مغیبہ اس عورت کو کہتے ہیں جس کا خاوند گھر میں موجود نہ ہو۔

## ۷۹۶: بَابٌ

۱۱۷۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍنَاعَمْرُوبْنُ عَاصِمٍ نَاهَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُوَرِّقٍ عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَرْاَۃُ عَوْرَۃٌ فَاِذَاخَرَجَتِ اسْتَشْرَفَهَا الشَّیْطَانُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

## ۷۹۶: باب

۱۱۷۳: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت پردہ میں رہنے کی چیز ہے۔ کیونکہ جب وہ باہر نکلتی ہے تو شیطان اسے بہکانے کے لئے موقع تلاش کرتا رہتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

## ۷۹۷: بَابٌ

۱۱۷۴: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ نَااِسْمَاعِیْلُ بْنُ عَیَّاشٍ عَنْ بَحِیْرِبْنِ سَعْدٍعَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ کَثِیْرِبْنِ مُرَّةَ الْحَضْرَمِیِّ عَنْ مُعَاذِبْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ لَاتُؤْذِی اِمْرَاَةٌ زَوْجَهَافِی الدُّنْیَااِلَّا قَالَتْ زَوْجَتُهُ مِنَ الْحُوْرِالْعِیْنِ لَاتُؤْذِیْهِ قَاتَلَکِ اللّٰہُ فَاِنَّمَا هُوَ عِنْدَکِ دَخِیْلٌ یُوْشِکُ اَنْ یُفَارِقَکِ اِلَیْنَاهٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَرِوَایَةُ اِسْمٰعِیْلَ بْنِ عَیَّاشٍ عَنِ الشَّامِیِّیْنَ اَصْلَحُ وَلَهُ عَنْ اَهْلِ الْحِجَازِوَاَهْلِ الْعِرَاقِ

## ۷۹۷: باب

۱۱۷۴: حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کوئی عورت دنیا میں اپنے خاوند کو تکلیف پہنچاتی ہے۔ تو اس کی جنت والی بیوی (حور) کہتی ہے اللہ تجھے غارت کرے۔ اپنے شوہر کو تکلیف نہ پہنچا کیونکہ وہ دنیا میں تیرا مہمان ہے اور عنقریب تجھے چھوڑ کر ہمارے پاس آجائیگا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں اور اسماعیل بن عیاشؒ کی اہل شام سے منقول احادیث زیادہ درست نہیں لیکن حجاز اور عراق والوں سے وہ منکر احادیث روایت کرتے ہیں۔

**خلاصۃ الابواب:** دودھ مرد کی طرف منسوب ہے۔ بعض صحابہ اور دیگر علماء کا اس پر عمل ہے کہ انہوں نے رضاعی رشتے والے مرد کے سامنے ہونے کو مکروہ جبکہ بعض اہل علم نے اس کی اجازت دی ہے۔ (۲) رضاعت کے ثبوت کے لئے ایک عورت کی گواہی کافی ہے۔ بعض علماء صحابہ کا اس پر عمل ہے جبکہ بعض اہل علم کے نزدیک ایک عورت کی گواہی کافی نہیں۔ (۳) رضاعت کی حرمت صرف دو سال تک ہی ثابت ہوتی ہے۔ اس پر صحابہ اور اہل علم کا عمل ہے۔ اولاد صاحب فراش کے لئے ہے۔ اس پر اہل علم کا عمل ہے۔ (۴) خاوند کے سوا دوسروں کے لئے زینت کرنے والی عورت پر سخت وعید۔ (۵) غیر محرم عورت کے ساتھ خلوت ممانعت۔ قابل توجہ امر یہ ہے کہ حضور نے دیور کی خاص طور پر نشان دہی فرمائی ہے جبکہ ہمارے ہاں اس رشتے کو عموماً نظر انداز کیا جاتا ہے جس کے بھیانک نتائج ہم بھگتتے رہے ہیں۔ اللہ محفوظ فرمائے۔

# اَبْوَابُ الطَّلَاقِ وَ اللِّعَانِ
# عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
# طلاق اور لعان کے باب
## جو رسول اللہ ﷺ سے مروی ہیں

## ۷۹۸: بَابُ مَاجَاءَ فِي طَلَاقِ السُّنَّةِ

۱۱۷۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا حَمَّادُ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَقَالَ هَلْ تَعْرِفُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ فَاِنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَسَاَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهُ اَنْ يُّرَا جِعَهَا قَالَ قُلْتُ فَيُعْتَدُّ بِتِلْكَ التَّطْلِيْقَةِ قَالَ فِيْهِ اَرَاَيْتَ اِنْ عَجَزَ وَاسْتَحْمَقَ.

۱۱۷۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ مَوْلٰى اٰلِ طَلْحَةَ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ فِي الْحَيْضِ فَسَاَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَا جِعْهَا ثُمَّ لِيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا اَوْحَامِلًا حَدِيْثُ يُوْنُسَ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَكَذٰلِكَ حَدِيْثُ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَدْرُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَاعِنْدَاَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اِنَّ طَلَاقَ السُّنَّةِ اَنْ يُّطَلِّقَهَا طَاهِرًا مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ وَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنْ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا وَهِيَ طَاهِرٌ فَاِنَّهُ يَكُوْنُ لِلسُّنَّةِ اَيْضًا وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَقَالَ

## ۷۹۸: باب طلاقِ سنت

۱۱۷۵: حضرت یونس بن جبیرؒ سے روایت ہے کہ میں نے ابن عمرؓ سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو اپنی بیوی کو ایام حیض میں طلاق دیتا ہے۔ فرمایا تم عبداللہ بن عمرؓ کو جانتے ہو؟ انہوں نے بھی اپنی بیوی کو حیض کی حالت میں طلاق دی تھی جس پر حضرت عمرؓ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا آپؐ نے اُنہیں رجوع کرنے کا حکم دیا۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا کیا وہ طلاق بھی گنی جائے گی؟ فرمایا: خاموش رہو۔ اگر وہ عاجز ہوا اور پاگل ہو جائیں تو کیا ان کی طلاق نہیں گنی جائے گی (یعنی طلاق گنی جائے گی)

۱۱۷۶: حضرت سالم اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی بیوی کو ایام حیض میں طلاق دی۔ جس پر حضرت عمرؓ نے نبی اکرم ﷺ سے اس کے بارے میں پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا انہیں رجوع کرنے کا حکم دو۔ پھر حاملہ ہونے یا حیض سے پاک ہونے کی صورت میں طلاق دیں۔ حضرت یونس بن جبیر کی ابن عمرؓ اور سالم کی اپنے والد سے مروی حدیث دونوں حسن صحیح ہیں۔ یہ دوسری حدیث حضرت ابن عمرؓ سے کئی سندوں سے مروی ہے۔ اس پر علماء صحابہ اور دیگر علماء کا عمل ہے۔ کہ طلاق سنت یہی ہے کہ ایسے طہر (یعنی پاکیزگی کے ایام) میں طلاق دی جائے جس میں جماع نہ کیا ہو۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ ایک طہر میں ایک طلاق دینا بھی سنت ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ طلاق

بَعْضُهُمْ لَا يَكُوْنُ ثَلَاثًا لِلسُّنَّةِ اِلَّا اَنْ يُطَلِّقَهَا وَاحِدَةً وَهُوَقَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَاِسْحَاقَ وَقَالُوْا فِيْ طَلَاقِ الْحَامِلِ يُطَلِّقُهَا مَتٰى شَآءَ وَهُوَقَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحَاقَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ يُطَلِّقُهَا عِنْدَ كُلِّ شَهْرٍ تَطْلِيْقَةً.

سنت اسی صورت میں ہوگی۔ کہ ایک ہی طلاق دے۔ ثوریؒ، اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ حاملہ عورت کو جس وقت چاہے طلاق دے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض علماء کے نزدیک اسے ہر ماہ میں ایک طلاق دی جائے۔

## ۷۹۹: بَابُ مَاجَاءَ فِي الرَّجُلِ يُطَلِّقُ امْرَاَتَهُ الْبَتَّةَ

## ۷۹۹: باب جو شخص اپنی بیوی کو "البتہ" کے لفظ سے طلاق دے

۱۱۷۷: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا قَبِيْصَةُ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ رُكَانَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَتْ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي طَلَّقْتُ امْرَاَتِي الْبَتَّةَ فَقَالَ مَا اَرَدْتَ بِهَا قُلْتُ وَاحِدَةً قَالَ وَاللّٰهِ قُلْتُ وَاللّٰهِ قَالَ فَهُوَ مَا اَرَدْتَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدِ اخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ فِيْ طَلَاقِ الْبَتَّةِ فَرُوِيَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهُ جَعَلَ الْبَتَّةَ وَاحِدَةً وَرُوِيَ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ جَعَلَهَا ثَلَاثًا وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِيْهِ نِيَّةُ الرَّجُلِ اِنْ نَوٰى وَاحِدَةً فَوَاحِدَةٌ وَاِنْ نَوٰى ثَلَاثًا فَثَلَاثٌ وَاِنْ نَوٰى ثِنْتَيْنِ لَمْ تَكُنْ اِلَّا وَاحِدَةً وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ وَقَالَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ فِي الْبَتَّةِ اِنْ كَانَ قَدْ دَخَلَ بِهَا فَهِيَ ثَلَاثُ تَطْلِيْقَاتٍ وَقَالَ الشَّافِعِيُّ اِنْ نَوٰى وَاحِدَةً فَوَاحِدَةٌ يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ وَاِنْ نَوٰى ثِنْتَيْنِ فَثِنْتَيْنِ وَاِنْ نَوٰى ثَلَاثًا فَثَلَاثٌ.

۱۱۷۷: حضرت عبداللہ بن یزید بن رکانہ اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ میں نبی اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں نے اپنی بیوی کو البتہ طلاق دی (یوں کہا تجھ پر طلاق ہے یا مطلقہ ہے البتہ) آپؐ نے پوچھا اس سے تمہاری مراد کتنی طلاقیں تھیں۔ میں نے کہا: ایک۔ آپؐ نے فرمایا اللہ کی قسم۔ میں نے کہا ہاں اللہ کی قسم۔ پس آپؐ نے فرمایا وہی ہوگی جو تم نے نیت کی (یعنی ایک طلاق ہی واقع ہوئی ہے) اس حدیث کو ہم صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ علماء صحابہؓ اور دوسرے علماء کا لفظ البتہ کے استعمال میں اختلاف ہے کہ اس سے کتنی طلاقیں واقع ہوتی ہیں حضرت عمرؓ سے مروی ہے کہ یہ ایک ہی طلاق ہے۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ اس سے تین طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ طلاق دینے والے کی نیت کا اعتبار ہے اگر ایک طلاق کی نیت کی ہو تو ایک اور اگر تین کی نیت ہو تو تین واقع ہوتی ہیں لیکن اگر دو کی نیت کرے تو ایک طلاق ہی واقع ہوگی۔ سفیان ثوریؒ اور اہل کوفہ کا یہی قول ہے۔ امام مالک بن انسؒ فرماتے ہیں اگر لفظ البتہ کے ساتھ طلاق دے اور عورت سے صحبت کر چکا ہو تو تین طلاق واقع ہوجائیں گی۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر ایک طلاق کی نیت ہو تو ایک واقع ہوگی اور رجوع کا اختیار باقی رہے گا اور اگر دو کی نیت ہو تو دو اور اگر تین طلاق کی نیت کرے تو تین واقع ہوں گی۔

## ۸۰۰: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ

## ۸۰۰: باب عورت سے کہنا کہ

## اَمْرُکِ بِیَدِکِ

۱۱۷۸ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ نَصْرِبْنِ عَلِيٍّ نَاسُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَاحَمَّادُبْنُ زَيْدٍ قَالَ قُلْتُ لِاَيُّوْبَ هَلْ عَلِمْتَ اَحَدًا قَالَ فِيْ اَمْرُكِ بِيَدِكِ اَنَّهَا ثَلَاثٌ اِلَّاالْحَسَنَ قَالَ لَا اِلَّاالْحَسَنَ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ غَفْرًا اِلَّامَاحَدَّثَنِيْ قَتَادَةُ عَنْ كَثِيْرٍ مَوْلٰى بَنِيْ سَمُرَةَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثٌ قَالَ اَيُّوْبُ فَلَقِيْتُ كَثِيْرًا مَوْلٰى بَنِيْ سَمُرَةَ فَسَاَلْتُهُ فَلَمْ يَعْرِفْهُ فَرَجَعْتُ اِلٰى قَتَادَةَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ نَسِيَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَانَعْرِفُهُ اِلَّامِنْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ بْنِ حَرْبٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ وَسَاَلْتُ مُحَمَّدًا عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ بِهٰذَا وَاِنَّمَا هُوَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مَوْقُوْفٌ وَلَمْ يُعْرَفْ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مَرْفُوْعًا وَكَانَ عَلِيُّ بْنُ نَصْرٍ حَافِظًا صَاحِبَ حَدِيْثٍ وَقَدِ اخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ اَمْرُكِ بِيَدِكِ فَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ هِيَ وَاحِدَةٌ هُوَ قَوْلُ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَمَنْ بَعْدَهُمْ وَقَالَ عُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ الْقَضَاءُ مَا قَضَتْ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا جَعَلَ اَمْرَهَا بِيَدِهَا وَطَلَّقَتْ نَفْسَهَا ثَلَاثًا وَاَنْكَرَ الزَّوْجُ وَقَالَ لَمْ اَجْعَلْ اَمْرَهَا بِيَدِهَا اِلَّا فِيْ وَاحِدَةٍ اسْتُحْلِفَ الزَّوْجُ وَكَانَ الْقَوْلُ قَوْلَهُ مَعَ يَمِيْنِهٖ وَذَهَبَ سُفْيَانُ وَاَهْلُ الْكُوْفَةِ اِلٰى قَوْلِ عُمَرَ وَعَبْدِاللّٰهِ وَاَمَّا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ فَقَالَ الْقَضَآءُ مَاقَضَتْ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاَمَّا اِسْحٰقُ فَذَهَبَ اِلٰى قَوْلِ بْنِ عُمَرَ.

## تمہارا معاملہ تمہارے ہاتھ میں ہے

۱۱۷۸: حماد بن زید نقل کرتے ہیں کہ میں نے ایوب سے پوچھا: کیا آپؒ حسن کے علاوہ کسی اور شخص کو جانتے ہیں جس نے کہا کہ ''بیوی سے یہ کہنے سے کہ تمہارا معاملہ تمہارے ہاتھ میں ہے'' تین طلاق واقع ہوجاتی ہیں۔ فرمایا ''میں حسن کے سوا کسی کو نہیں جانتا۔ پھر فرمایا اے اللہ بخشش فرما۔ مجھے یہ حدیث قتادہ سے پہنچی انہوں نے ابو ہریرہؓ سے اور انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے نقل کی کہ آپ ﷺ نے فرمایا تین طلاقیں ہوگئیں۔ ایوب کہتے ہیں میں نے کثیر سے ملاقات کر کے اس کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے اس سے لاعلمی کا اظہار کیا۔ پھر میں حضرت قتادہؓ کے پاس آیا اور انہیں اس بات کی خبر دی انہوں نے فرمایا کہ کثیر بھول گئے ہیں۔ یہ حدیث ہم صرف سلیمان بن حرب کی حماد بن زید سے روایت سے جانتے ہیں۔ میں نے امام بخاریؒ سے اس حدیث کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا ہم سے بھی سلیمان بن حرب، حماد بن زید سے یہی حدیث نقل کرتے ہیں۔ لیکن یہ حضرت ابو ہریرہؓ پر موقوف ہے یعنی حضرت ابو ہریرہؓ کا قول ہے۔ علی بن نصر حافظ اور صاحب حدیث ہیں۔ اہل علم کا اس مسئلے میں اختلاف ہے کہ اگر کوئی اپنی بیوی کو اختیار دیتے ہوئے یہ کہے کہ '' تیرا معاملہ تیرے ہاتھ میں ہے تو کتنی طلاقیں واقع ہوتی ہیں''۔ بعض علماء صحابہؓ جن میں حضرت عمرؓ اور عبداللہ بن مسعودؓ بھی شامل ہیں کہتے ہیں کہ اس سے ایک ہی طلاق واقع ہوگی اور یہ تابعین اور ان کے بعد کے علماء میں سے کئی حضرات کا قول ہے۔ عثمان بن عفانؓ اور زید بن ثابتؓ کہتے ہیں کہ فیصلہ وہی ہوگا جو عورت کرے گی۔ ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو اختیار دے اور وہ خود کو تین طلاق دے دے تو اس صورت میں اگر خاوند کا دعویٰ ہو کہ اس نے صرف ایک ہی طلاق کا اختیار دیا تھا تو اس سے قسم لی جائے گی اور اسی کے قول کا اعتبار ہوگا۔ امام احمدؒ کا بھی یہی قول ہے۔ امام اسحٰقؒ حضرت ابن عمرؓ کے قول پر عمل کرتے ہیں۔

## ۸۰۱: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْخِيَارِ

۱۱۷۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَيَّرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَرْنَاهُ اَفَكَانَ طَلَاقًا.

۱۱۸۰: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ بِمِثْلِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِي الْخِيَارِ فَرُوِيَ عَنْ عُمَرَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهُمَا قَالَا اِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَوَاحِدَةٌ بَائِنَةٌ وَرُوِيَ عَنْهُمَا اَنَّهُمَا قَالَا اَيْضًا وَاحِدَةٌ يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ وَاِنِ اخْتَارَتْ زَوْجَهَا فَلَا شَيْءَ وَرُوِيَ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ قَالَ اِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَوَاحِدَةٌ بَائِنَةٌ وَاِنِ اخْتَارَتْ زَوْجَهَا فَوَاحِدَةٌ يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ وَقَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ اِنِ اخْتَارَتْ زَوْجَهَا فَوَاحِدَةٌ وَاِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَثَلَاثٌ وَذَهَبَ اَكْثَرُ اَهْلِ الْعِلْمِ وَالْفِقْهِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ بَعْدَهُمْ فِيْ هٰذَا الْبَابِ اِلٰى قَوْلِ عُمَرَ وَعَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ وَاَمَّا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ فَذَهَبَ اِلٰى قَوْلِ عَلِيٍّ.

## ۸۰۱: باب بیوی کو طلاق کا اختیار دینا

۱۱۷۹: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اختیار دیا تو ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہنے کو اختیار کیا۔ تو کیا یہ طلاق ہوئی۔

۱۱۸۰: مسروق حضرت عائشہؓ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بیوی کو اختیار دینے کے مسئلہ میں اہل علم کا اختلاف ہے۔ حضرت عمرؓ اور عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق کا اختیار دے دے اور وہ خود کو طلاق دے دے تو ایک طلاق بائنہ ہوگی۔ ان سے یہ بھی مروی ہے کہ وہ ایک طلاق رجعی بھی دے سکتی ہے۔ لیکن اگر وہ اپنے شوہر کو اختیار کرے تو کچھ بھی نہیں۔ حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ اگر وہ خود کو اختیار کرے گی تو ایک طلاق بائن اور اگر وہ اپنے شوہر کے ساتھ رہنا اختیار کرے گی تو ایک طلاق رجعی ہوگی ۔ حضرت زید بن ثابتؓ کہتے ہیں کہ اگر اس نے اپنے شوہر کو اختیار کیا تو ایک اور اگر خود کو اختیار کرے گی تو تین طلاق واقع ہو جائیں گی۔ اکثر فقہاء و علماء صحابہؓ اور تابعینؒ نے اس باب میں حضرت عمرؓ اور عبداللہ بن مسعودؓ کا قول اختیار کیا ہے۔ سفیان ثوریؒ اور اہل کوفہ کا بھی یہی قول ہے۔ امام احمدؒ بن حنبلؒ حضرت علیؓ کے قول پر عمل کرتے ہیں۔

## ۸۰۲: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا لَاسُكْنٰى لَهَا وَلَا نَفَقَةَ

۱۱۸۱: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا جَرِيْرٌ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ قَالَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ طَلَّقَنِيْ زَوْجِيْ ثَلَاثًا عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاسُكْنٰى لَكِ وَلَا نَفَقَةَ قَالَ مُغِيْرَةُ فَذَكَرْتُهٗ لِاِبْرَاهِيْمَ فَقَالَ قَالَ عُمَرُ لَا نَدَعُ

## ۸۰۲: باب جس عورت کو تین طلاقیں دی گئی ہوں اس کا نان نفقہ اور گھر شوہر کے ذمہ نہیں

۱۱۸۱: حضرت شعبی کہتے ہیں کہ فاطمہ بنت قیس نے فرمایا میرے شوہر نے رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں مجھے تین طلاقیں دیں تو آپ ﷺ نے فرمایا تیرے لئے نہ تو گھر ہے اور نہ نفقہ۔ مغیرہ کہتے ہیں کہ میں نے جب ابراہیم سے اس حدیث کا تذکرہ کیا تو انہوں نے کہا کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا: ہم

كِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّةَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِ امْرَاةٍ لَا نَدْرِيْ اَحَفِظَتْ اَمْ نَسِيَتْ فَكَانَ عُمَرُ يَجْعَلُ لَهَا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةَ.

اللہ کی کتاب اور اپنے نبی کی سنت کو ایک عورت کے قول کی وجہ سے نہیں چھوڑ سکتے ۔جس کے متعلق ہمیں یہ بھی معلوم نہ ہو کہ اسے یاد بھی ہے یا بھول گئی ہے ۔حضرت عمرؓ تین طلاق والی کو گھر اور کپڑا دیتے تھے ۔(یعنی شوہر کے ذمہ لگایا کرتے تھے )

۱۱۸۲ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا هُشَيْمٌ نَا حُصَيْنٌ وَاِسْمَاعِيْلُ وَمُجَالِدٌ قَالَ هُشَيْمٌ وَنَا دَاوُدُ اَيْضًا عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى فَاطِمَةَ ابْنَةِ قَيْسٍ فَسَاَلْتُهَا عَنْ قَضَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهَا فَقَالَتْ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا الْبَتَّةَ وَخَاصَمَتْهُ فِي السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةِ فَلَمْ يَجْعَلْ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُكْنٰى وَلَا نَفَقَةَ وَفِيْ حَدِيْثِ دَاوُدَ وَاَمَرَنِيْ اَنْ اَعْتَدَّ فِيْ بَيْتِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهُوَ قَوْلُ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْهُمُ الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ وَعَطَاءُ بْنُ اَبِيْ رَبَاحٍ وَالشَّعْبِيُّ وَبِهٖ يَقُوْلُ اَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ وَقَالُوْا لَيْسَ لِلْمُطَلَّقَةِ سُكْنٰى وَلَا نَفَقَةَ اِذَا لَمْ يَمْلِكْ زَوْجُهَا الرَّجْعَةَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ عُمَرُ وَعَبْدُ اللّٰهِ اِنَّ الْمُطَلَّقَةَ ثَلَاثًا لَهَا السُّكْنٰى وَلَا نَفَقَةَ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ لَهَا السُّكْنٰى وَلَا نَفَقَةَ لَهَا وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَاللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ وَالشَّافِعِيِّ وَقَالَ الشَّافِعِيُّ اِنَّمَا جَعَلْنَا لَهَا السُّكْنٰى بِكِتَابِ اللّٰهِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّا اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ قَالُوْا هُوَ الْبَذَاءُ اَنْ تَبْذُوَ عَلٰى اَهْلِهَا وَاعْتَلَّ بِاَنَّ فَاطِمَةَ ابْنَةَ قَيْسٍ لَمْ يَجْعَلْ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السُّكْنٰى لِمَا كَانَتْ تَبْذُوْ عَلٰى اَهْلِهَا قَالَ الشَّافِعِيُّ وَلَا نَفَقَةَ لَهَا لِحَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قِصَّةِ حَدِيْثِ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ .

۱۱۸۲ : حضرت شعبی سے روایت ہے کہ میں فاطمہ بنت قیسؓ کے پاس گیا اور ان سے پوچھا کہ رسول اللہؐ نے آپؓ کے معاملے میں کیا فیصلہ فرمایا تھا ؟ کہا کہ میرے خاوند نے مجھے لفظ البتہ کے ساتھ طلاق دی تھی (یعنی تین طلاقیں ) تو میں نے ان سے نان نفقہ اور گھر کے لئے جھگڑا کیا ۔لیکن نبی اکرمؐ نے گھر اور نان ، نفقہ نہ دیا ۔داؤد کی حدیث میں یہ بھی ہے '' پھر مجھے حکم دیا کہ ام مکتوم کے گھر عدت کے دن گزاروں ۔یہ حدیث حسن صحیح حسن ہے بصریؒ ، عطاء بن ابی رباح احمد اور اسحٰق وغیرہ کا یہی قول ہے کہ جب شوہر کے پاس رجوع کا اختیار باقی نہ رہے تو رہائش اور نان نفقہ بھی اس کے ذمہ نہیں رہتا لیکن بعض علماء صحابہؓ جن میں عمر بن خطاب اور عبداللہ بن مسعودؓ بھی شامل ہیں کہتے ہیں کہ تین طلاق کے بعد بھی عدت پوری ہونے تک گھر اور نان نفقہ مہیا کرنا شوہر کے ذمہ ہے ۔سفیان ثوریؒ اور اہل کوفہ کا یہی قول ہے ۔بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ شوہر کے ذمے صرف رہائش کا بندوبست رہ جاتا ہے نان نفقہ کی ذمہ داری نہیں ۔ مالکؒ ولیث بن سعدؒ اور شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے ۔امام شافعیؒ اپنے قول کی یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ اللہ نے فرمایا '' لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ ...... '' (تم اپنی عورتوں کو گھروں سے نہ نکالو اور وہ خود بھی نہ نکلیں مگر یہ کہ وہ بے حیائی کا ارتکاب کریں بے حیائی سے مراد یہ ہے کہ شوہر سے بدکلامی کریں ۔ امام شافعیؒ کہتے ہیں کہ نبی اکرمؐ نے حضرت فاطمہ بنت قیس کو اس لیے گھر نہیں دلوایا کہ وہ اپنے شوہر سے سخت کلامی کرتی تھیں ۔امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ فاطمہ بنت قیس کے واقعہ پر مشتمل حدیث کی رو سے ایسی عورت کیلئے نفقہ بھی نہیں ۔

خلاصة الباب : امام ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ کا مسلک یہ ہے کہ بیک وقت تین طلاقیں دینا حرام اور بدعت ہے ۔امام احمدؒ کی بھی ایک روایت اس کے مطابق ہے حضرات صحابہ کرامؓ میں سے حضرت عمر فاروقؓ، حضرت علیؓ حضرت ابن مسعودؓ، حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابن عمرؓ کا بھی یہی مسلک ہے۔امام شافعیؒ کے نزدیک اس طرح طلاق دینا جائز ہے اب مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص ایک کلمہ کے ساتھ تین طلاقیں دے یا ایک مجلس میں دے تو کتنی واقع ہوتی ہیں تو چاروں اماموں کا مذہب یہ ہے کہ اس طرح تینوں طلاقیں واقع ہو جائیں گی اور عورت مغلظہ ہو جائے گی ان کے دلائل یہ ہیں (۱) بخاری کی روایت ہے حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ایک آدمی نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں پھر اس نے دوسرا نکاح کیا اس عورت کو دوسرے شوہر نے طلاق دیدی حضور ﷺ سے سوال کیا گیا کہ یہ عورت پہلے خاوند کے لئے حلال ہوگئی؟ حضور ﷺ نے فرمایا نہیں حلال ہوئی یہاں تک کہ دوسرا شوہر اس کا شہد نہ چکھ لے جس طرح پہلے نے چکھا تھا اور بھی متعدد احادیث جمہور ائمہ کی دلیل ہیں (۲) فقہاء کا اس پر اتفاق ہے کہ مطلقہ رجعیہ اور متوتہ حاملہ عدت کے دوران نفقہ اور سکنیٰ (رہائش) دونوں کی مستحق ہوتی ہے البتہ جس عورت کو بائنہ طلاق ہوئی ہو اور وہ غیر حاملہ ہو اس کا نفقہ اور رہائش بھی مطلقاً شوہر پر واجب ہے یہ مذہب امام ابوحنیفہؒ اور ان کے اصحاب کا ہے امیر المؤمنین حضرت عمر بن الخطابؓ اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا بھی یہی مسلک ہے نیز سفیان ثوریؒ ابرہیم نخعی ابن شہرمہ ابن ابی لیلیٰ وغیرہ بھی اس مسلک کے قائل ہیں امام احمدؒ بن حنبلؒ اور اہل ظاہر کا مسلک یہ ہے کہ اس کے لئے نفقہ نہ سکنیٰ (رہائش) ہے حضرت علیؓ حضرت ابن عباسؓ اور حضرت جابرؓ کی طرف بھی یہی قول منسوب ہے۔ان کی دلیل حضرت فاطمہ بنت قیس کی روایت ہے۔احناف کے دلائل سورہ بقرہ کی آیت ۲۴۱ کہ مطلقہ عورتوں کے لئے متاع ہے دستور کے مطابق ہے اس آیت میں متاع سے مراد نفقہ اور سکنیٰ دونوں مراد ہیں ۔ دوسری دلیل سورہ طلاق کی آیت کریمہ جس کا ترجمہ یہ ہے کہ عورتوں کو اپنی طاقت اور وسعت کے مطابق رہائش دو اور ان کو تکلیف نہ پہنچاؤ۔امام جصاص نے اس آیت سے تین طریقوں سے سکنیٰ اور نفقہ ثابت فرمایا ہے رہی حضرت فاطمہ بنت قیس کی روایت سو اس کے متعدد جوابات دئے گئے ہیں (۱) بخاری جلد ۲ صفحہ ۸۰۲ میں حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ فاطمہ بنت قیس اپنے شوہر کے گھر میں تنہا ہونے کی وجہ سے وحشت محسوس کرتی تھیں اس لئے آپ ﷺ نے ان کو حضرت عبداللہ بن ام مکتومؓ کے گھر عدت گذارنے کی اجازت دی۔ رہا نفقہ کا معاملہ تو جب سکونت ختم ہوگئی تو خرچہ بھی ختم ہو گیا۔

## ۸۰۳: بَابُ مَا جَاءَ لَا طَلَاقَ قَبْلَ النِّكَاحِ

## ۸۰۳: باب نکاح سے پہلے طلاق واقع نہیں ہوتی

۱۱۸۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَا هُشَيْمٌ نَا عَامِرٌ الْاَحْوَلُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْرَ لِابْنِ اٰدَمَ فِيمَالَا يَمْلِكُ وَلَا عِتْقَ لَهُ فِيمَا لَا يَمْلِكُ وَلَا طَلَاقَ لَهُ فِيمَا لَا يَمْلِكُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَّمُعَاذٍ وَجَابِرٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَعَائِشَةَ حَدِيثُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وحَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَهُوَ اَحْسَنُ شَيْءٍ رُوِيَ فِي

۱۱۸۳: عمرو بن شعیب اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ابن آدم جس چیز پر ملکیت نہیں رکھتا اس میں اس کی نذر صحیح نہیں ۔ اسی طرح ایسے غلام یا باندی کو آزاد کرنا بھی صحیح نہیں جس کا وہ مالک نہیں۔اور طلاق نہیں اس میں جس کا وہ مالک نہیں۔اس باب میں حضرت علیؓ، معاذؓ، جابرؓ، ابن عباسؓ اور عائشہؓ سے بھی روایت ہے۔حدیث عبداللہ بن عمرو حسن صحیح ہے۔اس باب میں یہ اصح حدیث ہے۔اکثر علماء صحابہ وغیرہ کا یہی قول ہے۔علی بن ابی طالب ، ابن عباسؓ، جابر

هٰذَا الْبَابِ وَهُوَ قَوْلُ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ رُوِيَ ذٰلِكَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَالْحَسَنِ وَسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَعَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ وَشُرَيْحٍ وَجَابِرِ بْنِ زَيْدٍ وَغَيْرِ وَاحِدٍ مِّنْ فُقَهَآءِ التَّابِعِيْنَ وَبِهٖ يَقُوْلُ الشَّافِعِيُّ وَرُوِيَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ قَالَ فِي الْمَنْصُوْبَةِ اَنَّهَا تَطْلُقُ وَ رُوِيَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ وَالشَّعْبِيِّ وَغَيْرِهِمَا مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّهُمْ قَالُوْا اِذَا وَقَّتَ نُزِّلَ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ اَنَّهٗ اِذَا سَمَّى امْرَاَةً بِعَيْنِهَا اَوْ وَقَّتَ وَقْتًا اَوْ قَالَ اِنْ تَزَوَّجْتُ مِنْ كُوْرَةِ كَذَا فَاِنَّهٗ اِنْ تَزَوَّجَ فَاِنَّهَا تَطْلُقُ وَاَمَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ فَشَدَّدَ فِيْ هٰذَا الْبَابِ وَقَالَ اِنْ فَعَلَ لَا اَقُوْلُ هِيَ حَرَامٌ وَذُكِرَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ اَنَّهٗ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ حَلَفَ بِالطَّلَاقِ اَنْ لَّا يَتَزَوَّجَ ثُمَّ بَدَا لَهٗ اَنْ يَتَزَوَّجَ هَلْ لَهٗ رُخْصَةٌ بِاَنْ يَاْخُذَ بِقَوْلِ الْفُقَهَآءِ الَّذِيْنَ رَخَّصُوْا فِيْ هٰذَا فَقَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ اِنْ كَانَ يَرَى هٰذَا الْقَوْلَ حَقًّا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُبْتَلٰى بِهٰذِهِ الْمَسْئَلَةِ فَلَهٗ اَنْ يَاْخُذَ بِقَوْلِهِمْ فَاَمَّا مَنْ لَّمْ يَرْضَ بِهٰذَا فَلَمَّا ابْتُلِيَ اَحَبَّ اَنْ يَاْخُذَ بِقَوْلِهِمْ فَلَا اَرٰى لَهٗ ذٰلِكَ وَقَالَ اَحْمَدُ اِنْ تَزَوَّجَ لَا اٰمُرُهٗ اَنْ يُفَارِقَ امْرَاَتَهٗ وَقَالَ اِسْحَاقُ اَنَا اُجِيْزُ فِي الْمَنْصُوْبَةِ لِحَدِيْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاِنْ تَزَوَّجَهَا لَا اَقُوْلُ تَحْرُمُ عَلَيْهِ امْرَاَتُهٗ وَوَسَّعَ اِسْحَاقُ فِيْ غَيْرِ الْمَنْصُوْبَةِ۔

بن عبداللہ، سعید بن میسب حسنؒ، سعید بن جبیرؒ علی بن حسینؒ، شریحؒ اور جابر بن زید سے بھی یہی منقول ہے۔ کئی فقہاء تابعین اور شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ سے منقول ہے کہ اگر عورت یا قبیلے کا تعین کر کے کہے (یعنی یہ کہ فلاں قبیلہ کی عورت سے نکاح کروں تو طلاق ہے) تو طلاق واقع ہو جاتی ہے۔ یعنی جیسے ہی وہ نکاح کرے گا طلاق واقع ہو جائے گی۔ ابراہیم نخعی، شعبی اور دیگر اہل علم سے مروی ہے کہ کوئی وقت مقرر کریگا تو طلاق ہو جائے گی۔ سفیان ثوریؒ اور مالک بن انس کا یہی قول ہے۔ کہ جب کسی خاص عورت کا نام لے یا کوئی وقت مقرر کرے یا کہے اگر میں فلاں شہر کی عورت سے نکاح کروں (تو اسے طلاق ہے) ان صورتوں میں نکاح کرتے ہی طلاق واقع ہو جائے گی۔ ابن مبارک اس مسئلے میں شدت اختیار کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ایسا کرنے سے وہ عورت حرام بھی نہیں ہوتی۔ واقعہ یہ ہے کہ ابن مبارک سے کسی نے پوچھا کہ اگر کوئی شخص نکاح نہ کرنے پر طلاق کی قسم کھالے۔ یعنی کہے کہ اگر میں نے نکاح کیا تو میری بیوی کو طلاق ہے۔ پھر اسے نکاح کا خیال آیا تو کیا اس کے لئے ان فقہاء کے قول پر عمل جائز ہے جو اس کی اجازت دیتے ہیں۔ ابن مبارکؒ نے فرمایا اگر وہ اس مسئلے میں مبتلا ہونے سے پہلے ان کے قول کو صحیح سمجھتا تھا تو اب بھی اس پر عمل کر سکتا ہے لیکن اگر پہلے اجازت نہ دینے والے فقہاء کے قول کو ترجیح دیتا تھا تو اب بھی اجازت دینے والے فقہاء کے قول پر عمل جائز نہیں۔ امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ اگر اس نے نکاح کر لیا تو میں اس کو بیوی چھوڑنے کا حکم نہیں دیتا۔ اسحاقؒ فرماتے ہیں کہ میں کسی متعین قبیلے، شہر یا عورت کے متعلق حضرت ابن مسعودؓ کی حدیث کی بنا پر اجازت دیتا ہوں اور اگر وہ نکاح کرلے۔ تو میں نہیں کہتا کہ عورت اس پر حرام ہے۔ غیر منسوبہ عورت کے بارے میں بھی اسحٰقؒ نے وسعت دی ہے۔

## ۸۰۴: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ طَلَاقَ الْاَمَةِ تَطْلِيْقَتَانِ

## ۸۰۴: باب لونڈی کی طلاق دو طلاقیں ہیں

۱۱۸۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُوْرِيُّ نَا اَبُوْ

۱۱۸۴: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ

عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ نَا مُظَاهِرُ بْنُ اَسْلَمَ قَالَ حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ طَلَاقُ الْاَمَةِ تَطْلِيْقَتَانِ وَعِدَّتُهَا حَيْضَتَانِ قَالَ مُحَمَّدُبْنُ يَحْيٰى وَاَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ نَا مُظَاهِرٌ بِهٰذَاوَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ حَدِيْثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُظَاهِرِبْنِ اَسْلَمَ وَمُظَاهِرٌ لَا نَعْرِفُ لَهُ فِي الْعِلْمِ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِ هِمْ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحَاقَ.

نے فرمایا کہ لونڈی کی طلاق دوطلاقیں ہیں اور اس کی عدت دوحیض ہے۔ محمد بن یحیٰی کہتے ہیں کہ ہم کو اس حدیث کی خبر ابو عاصم نے دی او انہوں نے مظاہر سے روایت کی اس باب میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا غریب ہے ۔ ہم اسے صرف مظاہر بن اسلم کی روایت سے مرفوع جانتے ہیں اوران کی اس کے علاوہ کوئی حدیث نہیں ۔ علماء صحابہ رضی اللہ عنہم وغیرہ کا اسی حدیث پر عمل ہے۔ سفیان ثوریؒ شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

## ۸۰۵: بَابُ مَاجَاءَ فِيْمَنْ يُحَدِّثُ نَفْسَهُ بِطَلَاقِ امْرَاَتِهٖ

## ۸۰۵: باب کوئی شخص اپنے دل میں اپنی بیوی کو طلاق دے

۱۱۸۵ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَجَاوَزَ اللّٰهُ لِاُمَّتِيْ مَا حَدَّثَتْ بِهٖ اَنْفُسُهَا مَالَمْ تَكَلَّمْ بِهٖ اَوْتَعْمَلْ بِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا حَدَّثَ نَفْسَهُ بِالطَّلَاقِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا حَتّٰى يَتَكَلَّمَ.

۱۱۸۵: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ میری امت کے دلوں میں آنے والے خیالات پر پکڑ نہیں کرتے جب تک زبان سے نہ نکالیں یا اس پر عمل نہ کریں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو دل میں طلاق دے تو وہ طلاق واقع نہیں ہوتی جب تک زبان سے طلاق کے الفاظ ادا نہ کرے۔

## ۸۰۶: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْجِدِّ وَالْهَزْلِ فِي الطَّلَاقِ

## ۸۰۶: باب ہنسی اور مذاق میں بھی طلاق واقع ہو جاتی ہے

۱۱۸۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَدْرَكَ حَدِيْنِيِّ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ مَاهَكَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثٌ جِدُّ هُنَّ جِدٌّ وَهَزْلُهُنَّ جِدٌّ النِّكَاحُ وَالطَّلَاقُ وَالرَّجْعَةُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

۱۱۸۶: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین چیزیں ایسی ہیں جو نیت کے ساتھ تو واقع ہوتی ہی ہیں مذاق میں بھی واقع ہو جاتی ہیں طلاق، نکاح اور طلاق کے بعد رجوع کرنا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اس پر اہل علم صحابہ کرامؓ وغیرہ کا عمل ہے۔ عبدالرحمٰن، عبدالرحمٰن بن حبیب بن ادرک بن ماھک ہیں

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِ هِمْ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ هُوَ ابْنُ حَبِيْبِ بْنِ اَدْرَكَ وَابْنُ مَاهَكَ هُوَ يُوْسُفُ ابْنُ مَاهَكَ .

اور میرے نزدیک ابن ماھک سے مراد یوسف بن ماھک ہے۔

## ۸۰۷: بَاب مَاجَاءَ فِي الْخُلَعِ

## ۸۰۷: باب خلع کے بارے میں

۱۱۸۷: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُبْنُ غَيْلَانَ نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ سُفْيَانَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَهُوَ مَوْلٰى اٰلِ طَلْحَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِبْنِ عَفْرَآءَ اَنَّهَا اخْتَلَعَتْ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ اُمِرَتْ اَنْ تَعْتَدَّ بِحَيْضَةٍ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى حَدِيْثُ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ الصَّحِيْحُ اَنَّهَا اُمِرَتْ اَنْ تَعْتَدَّ بِحَيْضَةٍ.

۱۱۸۷: حضرت ربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اپنے شوہر سے خلع لیا۔ پھر آپ نے انہیں حکم دیا یا انہیں حکم کیا گیا کہ وہ ایک حیض تک عدت میں رہیں۔ اس باب میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا کی صحیح روایت یہ ہے کہ انہیں ایک حیض عدت گزارنے کا حکم دیا گیا تھا۔

۱۱۸۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحِيْمِ الْبَغْدَادِيُّ نَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ نَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ امْرَاَةَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ اخْتَلَعَتْ مِنْ زَوْجِهَا عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ ﷺ اَنْ تَعْتَدَّ بِحَيْضَةٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ عِدَّةِ الْمُخْتَلِعَةِ فَقَالَ اَكْثَرُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ وَغَيْرِهِمْ اَنَّ عِدَّةَ الْمُخْتَلِعَةِ عِدَّةُ الْمُطَلَّقَةِ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ يَقُوْلَ اَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ وَغَيْرِهِمْ عِدَّةُ الْمُخْتَلِعَةِ حَيْضَةٌ قَالَ اِسْحَاقُ وَاِنْ ذَهَبَ ذَاهِبٌ اِلٰى هٰذَا فَهُوَ مَذْهَبٌ قَوِيٌّ.

۱۱۸۸: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ثابت بن قیس کی بیوی نے اپنے شوہر سے خلع لیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ایک حیض عدت گزارنے کا حکم فرمایا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ خلع لینے والی عورت کی عدت کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ اس کی عدت بھی مطلقہ کی طرح ہے۔ ثوریؒ، اہل کوفہ (احناف)، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کے نزدیک خلع لینے والی عورت کی عدت ایک حیض ہے۔ اسحٰقؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی اس مسلک پر عمل کرے تو یہی قوی مسلک ہے۔

**خلاصۃ الباب:** لفظ ''خُلع'' خَلْعٌ سے نکلا ہے اس کے معنی اتارنے کے ہیں اور مناسبت یہ ہے کہ قرآن کریم نے میاں بیوی کو ایک دوسرے کا لباس قرار دیا ہے اور خلع کے ذریعے ایک دوسرے سے علیحدگی لباس اتار دینے کے مترادف ہے۔ جمہور ائمہ کے نزدیک حدیث باب میں ''حیضہ'' سے مراد جنس حیض ہے نیز یہ خبر واحد ہے نص قرآنی سورہ بقرہ کی آیت ۲۲۸ پ ۲۔ میں ہے طلاق والی عورتیں تین حیض تک اپنے آپ کو نکاح سے روکے رکھیں کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ جمہور ائمہ کے نزدیک خلع طلاق ہے۔

## ۸۰۸: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْمُخْتَلِعَاتِ

۱۱۸۹: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ ثَنَا مُزَاحِمُ بْنُ ذَوَّادِبْنِ عُلَيَّةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ لَيْثٍ عَنْ اَبِى الْخَطَّابِ عَنْ اَبِىْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِىْ اِدْرِيْسَ عَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ الْمُخْتَلِعَاتُ هُنَّ الْمُنَافِقَاتُ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَاالْوَجْهِ وَلَيْسَ اِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ وَرُوِىَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ اخْتَلَعَتْ مِنْ غَيْرِ بَاْسٍ لَمْ تَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ.

۱۱۹۰: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ ثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَمَّنْ حَدَّثَهُ عَنْ ثَوْبَانَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ سَاَلَتْ زَوْجَهَا طَلَاقًا مِّنْ غَيْرِ بَاْسٍ فَحَرَامٌ عَلَيْهَا رَائِحَةُ الْجَنَّةِ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَيُرْوٰى هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِىْ اَسْمَاءَ عَنْ ثَوْبَانَ وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ اَيُّوْبَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

## ۸۰۸: باب خلع لینے والی عورتیں

۱۱۸۹: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خلع لینے والی عورتیں منافق ہیں۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ اس کی سند قوی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جو عورت بغیر عذر کے اپنے شوہر سے خلع حاصل کرے گی وہ جنت کی خوشبو بھی نہ سونگھ سکے گی۔

۱۱۹۰: ہم سے یہ حدیث روایت کی محمد بن بشار نے انہوں نے عبدالوہاب ثقفی سے انہوں نے ایوب سے انہوں نے ابی قلابہ سے انہوں نے اپنی دادی سے انہوں نے ثوبان سے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو عورت اپنے شوہر سے بغیر عذر کے طلاق لیتی ہے وہ جنت کی خوشبو بھی نہ پا سکے گی۔ یہ حدیث حسن ہے۔ یہ حدیث ایوب، ابوقلابہ سے وہ ابواسماء سے اور وہ ثوبان سے نقل کرتے ہیں۔ بعض نے اس سند کے ساتھ ایوب سے غیر مرفوع روایت کی۔

## ۸۰۹: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ مُدَارَاةِ النِّسَاءِ

۱۱۹۱: حَدَّثَنَا عَبْدُبْنُ اَبِىْ زِيَادٍ ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ ثَنِىْ ابْنُ اَخِى ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَمِّهٖ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الْمَرْاَةَ كَالضِّلَعِ اِنْ ذَهَبْتَ تُقِيْمُهَا كَسَرْتَهَا وَاِنْ تَرَكْتَهَا اسْتَمْتَعْتَ بِهَا عَلٰى عِوَجٍ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ وَسَمُرَةَ وَعَائِشَةَ حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَاالْوَجْهِ.

## ۸۰۹: باب عورتوں کے ساتھ حسن سلوک

۱۱۹۱: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت پسلی کی طرح ہے۔ اگر اسے سیدھا کرنا چاہے گا تو توڑ دے گا اور اگر اسی طرح چھوڑ دے گا تو اس کی کجی کے باوجود اس سے فائدہ اٹھائے گا۔ اس باب میں ابوذر رضی اللہ عنہ، سمرہ رضی اللہ عنہ اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

## ۸۱۰: بَابُ مَاجَآءَ فِی الرَّجُلِ يَسْاَلُهٗ اَبُوْهُ اَنْ يُّطَلِّقَ امْرَاَتَهٗ

۱۱۹۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ ثَنَا

## ۸۱۰: باب جس کو باپ کہے کہ اپنی بیوی کو طلاق دے دو

۱۱۹۲: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ میری ایک بیوی تھی

اِبْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ تَحْتِی امْرَاَةٌ اُحِبُّهَا وَكَانَ اَبِیْ يَكْرَهُهَا فَاَمَرَنِیْ اَنْ اُطَلِّقَهَا فَاَبَيْتُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَاعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ طَلِّقِ امْرَاَتَكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ اِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ.

جس سے مجھے محبت تھی۔ میرے والد اسے ناپسند کرتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے مجھے طلاق دینے کا حکم دیا۔ میں نے انکار کر دیا اور نبی اکرم ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے عبداللہ بن عمرؓ اپنی بیوی کو طلاق دے دو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ہم اسے صرف ابن ابی ذئب کی روایت سے جانتے ہیں۔

## ۸۱۱: بَابُ مَاجَاءَ لَا تَسْاَلُ الْمَرْاَةُ طَلَاقَ اُخْتِهَا

## ۸۱۱: باب عورت اپنی سوکن کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے

۱۱۹۳: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتَسْاَلُ الْمَرْاَةُ طَلَاقَ اُخْتِهَا لِتَكْتَفِئَ مَافِیْ اِنَائِهَا وَفِی الْبَابِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ حَدِيْثُ اَبِیْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

۱۱۹۳: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ وہ اس حدیث کو نبی اکرم ﷺ تک پہنچاتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا کوئی عورت اپنی سوکن کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے تا کہ وہ اٹھائے جو اس کے برتن میں ہے۔ اس باب میں حضرت ام سلمہؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابو ہریرہؓ حسن صحیح ہے۔

## ۸۱۲: بَابُ مَا جَاءَ فِیْ طَلَاقِ الْمَعْتُوْهِ

## ۸۱۲: باب پاگل کی طلاق

۱۱۹۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى ثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِیُّ عَنْ عَجْلَانَ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ الْمَخْزُوْمِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ طَلَاقٍ جَائِزٌ اِلَّا طَلَاقَ الْمَعْتُوْهِ الْمَغْلُوْبِ عَلٰى عَقْلِهِ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَطَاءِ بْنِ عَجْلَانَ وَعَطَاءُ بْنُ عَجْلَانَ ضَعِيْفٌ ذَاهِبُ الْحَدِيْثِ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اَنَّ طَلَاقَ الْمَعْتُوْهِ الْمَغْلُوْبِ عَلٰى عَقْلِهِ لَا يَجُوْزُ اِنْ يَكُوْنَ مَعْتُوْهًا يُفِيْقُ الْاَحْيَانَ فَيُطَلِّقُ فِیْ حَالِ اِفَاقَتِهِ.

۱۱۹۴: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا معتوہ (جس کی عقل مغلوب ہو چکی ہو) کی طلاق کے علاوہ ہر طلاق واقع ہو جاتی ہے۔ اس حدیث کو ہم صرف عطاء بن عجلان کی روایت سے مرفوع جانتے ہیں اور وہ ضعیف ہیں اور حدیثیں بھول جاتے ہیں۔ علماء صحابہ رضی اللہ عنہم وغیرہ کا اسی پر عمل ہے کہ دیوانے کی طلاق واقع نہیں ہوتی مگر وہ دیوانہ جسے کبھی کبھی ہوش آ جاتا ہو اور وہ اسی حالت میں طلاق دے تو طلاق واقع ہو جائے گی۔

**خلاصۃ الباب:** حدیث باب میں ''معتوہ'' سے مراد مجنون ہے۔ مجنون و معتوہ کی طلاق کے واقع نہ ہونے پر اجماع ہے۔ واللہ اعلم

## ۸۱۳: بَابٌ

۱۱۹۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا يَعْلَى بْنُ شَبِيبٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّاسُ وَالرَّجُلُ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ مَاشَاءَ أَنْ يُطَلِّقَهَا وَهِيَ امْرَأَتُهُ إِذَا ارْتَجَعَهَا وَهِيَ فِي الْعِدَّةِ وَإِنْ طَلَّقَهَا مِائَةَ مَرَّةٍ أَوْ أَكْثَرَ حَتَّى قَالَ رَجُلٌ لِامْرَأَتِهِ وَاللَّهِ لَا أُطَلِّقُكِ فَتَبِينِينَ مِنِّي وَلَا آوِيكِ أَبَدًا قَالَتْ وَكَيْفَ ذَاكَ قَالَ أُطَلِّقُكِ فَكُلَّمَا هَمَّتْ عِدَّتُكِ أَنْ تَنْقَضِيَ رَاجَعْتُكِ فَذَهَبَتِ الْمَرْأَةُ حَتَّى دَخَلَتْ عَلَى عَائِشَةَ فَأَخْبَرَتْهَا فَسَكَتَتْ عَائِشَةُ حَتَّى جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَتْهُ فَسَكَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى نَزَلَ الْقُرْآنُ .الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ قَالَتْ عَائِشَةُ فَاسْتَأْنَفَ النَّاسُ الطَّلَاقَ مُسْتَقْبَلاً مَنْ كَانَ طَلَّقَ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ طَلَّقَ.

## ۸۱۳: باب

۱۱۹۵: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ زمانہ جاہلیت میں کوئی شخص اپنی بیوی کو جتنی بار چاہتا طلاقیں دے دیتا اور پھر عدت کے دوران رجوع کر لیتا تو وہ اس کی بیوی رہتی۔ اگرچہ اس نے سو بار یا اس سے زیادہ مرتبہ طلاقیں ہی کیوں نہ دی ہوتیں۔ یہاں تک کہ ایک آدمی نے اپنی بیوی سے کہا خدا کی قسم میں تمہیں کبھی طلاق نہ دوں گا تا کہ تو مجھ سے جدا نہ ہو جائے لیکن اس کے باوجود تجھ سے کبھی نہیں ملوں گا۔ اس نے پوچھا وہ کیسے؟ اس نے کہا وہ اس طرح کہ میں تجھے طلاق دے دوں گا اور پھر جب تمہاری عدت پوری ہونے والی ہوگی تو میں رجوع کرلوں گا۔ وہ عورت حضرت عائشہؓ کے پاس آئی اور انہیں بتایا تو وہ خاموش رہیں یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور انہیں یہ واقعہ سنایا گیا لیکن نبی اکرم ﷺ بھی خاموش رہے۔ پھر یہ آیت نازل ہوئی۔ ''الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ ......'' (طلاق دو ہی مرتبہ ہے۔ اس کے بعد یا تو قاعدے کے مطابق رکھ لو یا احسن طریقے سے چھوڑ دو) حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں اس کے بعد لوگوں نے طلاق کا حساب رکھنا شروع کر دیا۔ جو طلاق دے چکے تھے انہوں نے بھی اور جنہوں نے نہیں دی تھی انہوں نے بھی۔

حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ ثَنَا عَبْدُاللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ نَحْوَ هَذَا الْحَدِيثِ بِمَعْنَاهُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيهِ عَنْ عَائِشَةَ وَهَذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيثِ يَعْلَى بْنِ شَبِيبٍ.

ابو کریب، محمد بن علاء، عبداللہ بن ادریس سے وہ ہشام بن عروہ سے اور وہ اپنے والد سے اسی کے ہم معنی حدیث نقل کرتے ہیں لیکن اس میں حضرت عائشہؓ کا ذکر نہیں کرتے۔ یہ حدیث یعلی بن شعیب کی حدیث سے اصح ہے۔

## ۸۱۴: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْحَامِلِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا تَضَعُ

## ۸۱۴: باب وہ حاملہ جو خاوند کی وفات کے بعد جنے

۱۱۹۶: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا شَيْبَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ أَبِي السَّنَابِلِ بْنِ بَعْكَكٍ قَالَ وَضَعَتْ سُبَيْعَةُ بَعْدَ وَ

۱۱۹۶: ابوسنابل بن بعکک سے روایت ہے کہ سبیعہ کے ہاں ان کے شوہر کی وفات کے تئیس یا پچیس دن بعد ولادت ہوئی۔ پھر جب وہ نفاس سے پاک ہوئیں تو نکاح کے لئے

فَاتَ زَوْجُهَا بِثَلٰثَةٍ وَّعِشْرِيْنَ يَوْمًا اَوْخَمْسَةٍ وَّعِشْرِيْنَ يَوْمًا فَلَمَّا تَعَلَّتْ تَشَوَّقَتْ لِلنِّكَاحِ فَاُنْكِرَ عَلَيْهَا ذٰلِكَ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنْ تَفْعَلْ فَقَدْ حَلَّ اَجَلُهَا.

زینت اختیار کی لیکن لوگوں نے اس پر اعتراض کیا۔ جب یہ واقعہ نبی اکرم ﷺ کے سامنے ذکر کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا اس کی عدت پوری ہو چکی ہے اگر وہ نکاح کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

۱۱۹۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسٰى ثَنَا شَيْبَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ نَحْوَهٗ وَفِى الْبَابِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ حَدِيْثُ اَبِى السَّنَابِلِ حَدِيْثٌ مَشْهُوْرٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَلَا نَعْرِفُ لِلْاَسْوَدِ شَيْئًا عَنْ اَبِى السَّنَابِلِ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ لَا اَعْرِفُ اَنَّ اَبَا السَّنَابِلِ عَاشَ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اَنَّ الْحَامِلَ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا اِذَا وَضَعَتْ فَقَدْ حَلَّ لَهَا التَّزْوِيْجُ وَاِنْ لَّمْ تَكُنِ انْقَضَتْ عِدَّتُهَا وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحَاقَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ تَعْتَدُّ اٰخِرَ الْاَجَلَيْنِ وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ اَصَحُّ.

۱۱۹۷: ہم سے روایت کی احمد بن منیع نے انہوں نے حسن بن موسیٰ سے انہوں نے شعیبان سے انہوں نے منصور سے اسی کی مانند اس باب میں ام سلمہؓ سے بھی روایت ہے۔ ابو سنابل کی حدیث اس سند سے مشہور اور غریب ہے۔ ہمیں اسود کی ابو سنابل سے اس حدیث کے علاوہ کسی روایت کا علم نہیں۔ میں نے امام بخاریؒ سے سنا کہ مجھے علم نہیں کہ ابو سنابلؓ نبی اکرم ﷺ کی وفات کے بعد زندہ رہے ہوں۔ اکثر علماء کا اسی پر عمل ہے کہ حاملہ عورت کا خاوند اگر فوت ہو جائے تو وہ ولادت کے بعد نکاح کر سکتی ہے۔ اگر چہ اس کی عدت کے دن پورے نہ ہوئے ہوں۔ سفیان ثوریؒ، احمدؒ، شافعیؒ اور اسحقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض علماء صحابہؓ اور دیگر اہل علم سے منقول ہے کہ وہ زیادہ تاخیر والی عدت گزارے لیکن پہلا قول زیادہ صحیح ہے کہ حاملہ عورت کی عدت ولادت سے پوری ہو جاتی ہے۔

۱۱۹۸: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ اَبَاهُرَيْرَةَ وَابْنَ عَبَّاسٍ وَاَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ تَذَاكَرُوا الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا الْحَامِلُ تَضَعُ عِنْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تَعْتَدُّ اٰخِرَ الْاَجَلَيْنِ وَقَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ بَلْ تَحِلُّ حِيْنَ تَضَعُ وَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَنَا مَعَ ابْنِ اَخِيْ يَعْنِيْ اَبَاسَلَمَةَ فَاَرْسَلُوْا اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ قَدْ وَضَعَتْ سُبَيْعَةُ الْاَسْلَمِيَّةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِيَسِيْرٍ فَاسْتَفْتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهَا اَنْ تَتَزَوَّجَ هٰذَا حَدِيْثٌ

۱۱۹۸: حضرت سلیمان بن یسار سے روایت ہے کہ ابو ہریرہؓ، ابن عباسؓ اور ابو سلمہ بن عبدالرحمٰنؒ نے آپس میں اس عورت کا تذکرہ کیا جو حاملہ ہو اور اس کا شوہر فوت ہو جائے۔ ابن عباسؓ نے کہا کہ اس کی عدت دو عدتوں میں سے زیادہ عدت ہو گی یعنی ولادت یا عدت کے دنوں میں سے جس میں زیادہ دن ہوں گے وہی اس کی عدت ہے۔ ابو سلمہؓ نے کہا اس کی عدت ولادت تک ہے۔ جب پیدائش ہو گئی تو وہ حلال ہو گئی۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا کہ میں بھی اپنے بھتیجے ابو سلمہؓ کے ساتھ ہوں پھر انہوں نے ام سلمہؓ کے پاس کسی شخص کو یہ مسئلہ پوچھنے کے لئے بھیجا۔ انہوں نے فرمایا سبیعہ اسلمیؓ کے ہاں ان کے شوہر کی وفات کے چند دن بعد ولادت ہوئی تھی۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تو نبی اکرم ﷺ

حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

نے انہیں نکاح کرنے کی اجازت دی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۸۱۵: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ عِدَّةِ الْمُتَوَفّٰی عَنْهَا زَوْجُهَا

## ۸۱۵: باب جس کا خاوند فوت ہو جائے اس کی عدت

۱۱۹۹: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِیُّ ثَنَا مَعْنُ بْنُ عِیْسٰی ثَنَا مَالِکُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِوبْنِ حَزْمٍ عَنْ حُمَیْدِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ زَیْنَبَ بِنْتِ اَبِیْ سَلَمَةَ اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ بِهٰذِهِ الْاَحَادِیْثِ الثَّلٰثَةِ قَالَ قَالَتْ زَیْنَبُ دَخَلْتُ عَلٰی اُمِّ حَبِیْبَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ تُوُفِّیَ اَبُوْهَا اَبُوْسُفْیَانَ بْنُ حَرْبٍ فَدَعَتْ بِطِیْبٍ فِیْهِ صُفْرَةُ خَلُوْقٍ اَوْ غَیْرِهٖ فَدَهَنَتْ بِهٖ جَارِیَةً ثُمَّ مَسَّتْ بِعَارِضَیْهَا ثُمَّ قَالَتْ وَاللّٰهِ مَالِیْ بِالطِّیْبِ مِنْ حَاجَةٍ غَیْرَ اَنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَایَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِاَنْ تُحِدَّ عَلٰی مَیِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَیَّامٍ اِلَّا عَلٰی زَوْجٍ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا قَالَتْ زَیْنَبُ فَدَخَلْتُ عَلٰی زَیْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ حِیْنَ تُوُفِّیَ اَخُوْهَا فَدَعَتْ بِطِیْبٍ فَمَسَّتْ مِنْهُ ثُمَّ قَالَتْ وَاللّٰهِ مَالِیْ فِی الطِّیْبِ مِنْ حَاجَةٍ غَیْرَ اَنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَایَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِاَنْ تُحِدَّ عَلٰی مَیِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثِ لَیَالٍ اِلَّا عَلٰی زَوْجٍ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَعَشْرًا قَالَتْ زَیْنَبُ وَسَمِعْتُ اُمِّیْ اُمَّ سَلَمَةَ تَقُوْلُ جَآءَتْ اِمْرَاَةٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ ابْنَتِیْ تُوُفِّیَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَقَدِ اشْتَکَتْ عَیْنَیْهَا اَفَنَکْحَلُهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا مَرَّتَیْنِ اَوْثَلَاثَ مَرَّاتٍ کُلُّ ذٰلِکَ یَقُوْلُ لَا ثُمَّ قَالَ اِنَّمَا هِیَ اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا وَقَدْ کَانَتْ اِحْدٰکُنَّ فِی الْجَاهِلِیَّةِ تَرْمِیْ بِالْبَعْرَةِ عَلٰی رَاْسِ الْحَوْلِ وَفِی الْبَابِ عَنْ فُرَیْعَةَ ابْنَةِ مَالِکِ بْنِ سِنَانٍ اُخْتِ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ وَحَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ حَدِیْثُ زَیْنَبَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ

۱۱۹۹: حمید بن نافع سے روایت ہے کہ زینب بنت ابوسلمہؓ نے انہیں ان تین حدیثوں کے متعلق بتایا۔ حمید فرماتے ہیں حضرت زینبؓ نے فرمایا کہ میں ام المؤمنین ام حبیبہؓ کے والد حضرت ابوسفیان کی وفات پر ان کی خدمت میں حاضر ہوئی انہوں نے خوشبو منگوائی جس میں خلوق ایک خوشبو کی زردی تھی یا کچھ اور تھا۔ انہوں نے وہ خوشبو ایک لڑکی کو لگائی اور پھر اپنے رخساروں پر ملی اور فرمایا اللہ کی قسم مجھے خوشبو کی ضرورت نہیں لیکن میں نے نبی اکرم ﷺ سے سنا آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھنے والی کسی عورت کے لئے جائز نہیں کہ وہ میت پر تین دن سے زیادہ سوگ منائے صرف خاوند کی وفات پر چار ماہ دس دن سوگ منائے۔ زینب بنت ابوسلمہؓ فرماتی ہیں زینب بنت جحشؓ کی وفات پر میں ان کے پاس گئی انہوں نے بھی خوشبو منگوا کر لگائی پھر فرمایا اللہ کی قسم مجھے خوشبو کی ضرورت نہیں لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ کسی مومنہ عورت کے لئے میت پر تین دن سے زیادہ سوگ منانا جائز نہیں صرف اپنے خاوند پر چار ماہ دس دن سوگ منائے۔ زینبؓ کہتی ہیں میں نے اپنی والدہ حضرت ام سلمہؓ سے سنا وہ فرماتی ہیں کہ ایک عورت نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میری لڑکی کا شوہر فوت ہو گیا ہے اور اس کی آنکھیں دکھتی ہیں۔ کیا ہم اسے سرمہ لگا سکتے ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے دو یا تین مرتبہ فرمایا نہیں۔ پھر فرمایا یہ چار ماہ دس دن ہیں اور زمانہ جاہلیت میں تم ایک سال گزارنے پر اونٹ کی مینگنیاں پھینکتی تھیں۔ اس باب میں فریعہ بنت مالک بن سنان (جو ابوسعید خدریؓ کی بہن ہیں)

وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِهِمْ اَنَّ الْمُتَوَفّٰی عَنْهَا زَوْجُهَا تَتَّقِیْ فِیْ عِدَّتِهَا الطِّیْبَ وَالزِّیْنَةَ وَهُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَمَالِکٍ وَالشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحَاقَ.

اور حفصہ بنت عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث زینب حسن صحیح ہے۔ صحابہ کرامؓ اور دیگر اہل علم کا اس پر عمل ہے کہ جس کا شوہر فوت ہو جائے وہ خوشبو اور زیبائش سے پرہیز کرے۔ سفیان ثوریؒ، مالکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

## ٨١٦: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْمُظَاهِرِ یُوَاقِعُ قَبْلَ اَنْ یُّکَفِّرَ

## ٨١٦: باب جس آدمی نے اپنی بیوی سے ظہار[1] کیا اور کفارہ ادا کرنے سے پہلے صحبت کر لی

١٢٠٠: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِیْدٍ الْاَشَجُّ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِیْسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَآءٍ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ صَخْرٍ الْبَیَاضِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمُظَاهِرِ یُوَاقِعُ قَبْلَ اَنْ یُّکَفِّرَ قَالَ کَفَّارَةٌ وَاحِدَةٌ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَکْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَمَالِکٍ وَالشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ اِذَا وَاقَعَهَا قَبْلَ اَنْ یُّکَفِّرَ فَعَلَیْهِ کَفَّارَتَانِ وَهُوَ قَوْلُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِیٍّ.

١٢٠٠: حضرت سلمہ بن صخر بیاضی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ جو شخص ظہار کا کفارہ ادا کرنے سے پہلے جماع کرے اس پر ایک ہی کفارہ ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اکثر اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ سفیان ثوریؒ، مالکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کے نزدیک ایسے شخص پر دو کفارے واجب ہیں۔ عبدالرحمٰن بن مہدی کا بھی یہی قول ہے۔

١٢٠١: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَیْنُ بْنُ حُرَیْثٍ ثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الْحَکَمِ بْنِ اَبَانَ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ ظَاهَرَ مِنِ امْرَاَتِهٖ فَوَقَعَ عَلَیْهَا فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ ظَاهَرْتُ مِنِ امْرَاَتِیْ فَوَقَعْتُ عَلَیْهَا قَبْلَ اَنْ اُکَفِّرَ فَقَالَ وَمَا حَمَلَکَ عَلٰی ذٰلِکَ یَرْحَمُکَ اللّٰهُ قَالَ رَاَیْتُ خَلْخَالَهَا فِیْ ضَوْءِ الْقَمَرِ قَالَ فَلَا تَقْرَبْهَا حَتّٰی تَفْعَلَ مَا اَمَرَکَ اللّٰهُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

١٢٠١: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص اپنی بیوی سے ظہار کرنے کے بعد اس سے صحبت کر بیٹھا پھر وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں نے اپنی بیوی سے ظہار کیا تھا اور کفارہ ادا کرنے سے پہلے اس سے صحبت کر لی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اللہ تم پر رحم کرے۔ تمہیں کس چیز نے اس پر مجبور کیا۔ وہ کہنے لگا میں نے چاند کی روشنی میں اس کی پازیب دیکھ لی تھی۔ نبی اکرمؐ نے فرمایا اب اللہ کا حکم پورا کرنے (یعنی کفارہ ادا کرنے) سے پہلے اس کے پاس نہ جانا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

---

[1] ظہار کا مطلب یہ ہے کہ اپنی بیوی کو کسی ایسی عورت سے تشبیہ دینا جو ہمیشہ کے لئے حرام ہے یا اس کے برابر کہنا۔ مثلاً کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے کہ تو مجھ پر میری ماں یا میری بہن وغیرہ کی طرح حرام ہے۔ اس میں اگر اس کی طلاق کی نیت نہیں تھی تو یہ ظہار ہے ورنہ پھر طلاق واقع ہو جائیگی۔ اب یہ شخص اپنی بیوی سے اس وقت تک جماع نہیں کر سکتا جب تک کفارہ ادا نہ کرے اور یہ کفارہ ایک غلام آزاد کرنا اگر نہ ہو تو دو ماہ کے مسلسل روزے رکھنا یا پھر ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے۔

## ۸۱۷. بَابُ مَاجَاءَ فِیْ كَفَّارَةِ الظِّهَارِ

۱۲۰۲. حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ ثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْخَزَّازُ ثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمُبَارَكِ ثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِیْ كَثِيْرٍ ثَنَا اَبُوْسَلَمَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَنَّ سَلْمَانَ بْنَ صَخْرٍ الْاَنْصَارِیَّ اَحَدَبَنِیْ بَيَاضَةَ جَعَلَ امْرَاَتَهٗ عَلَيْهِ كَظَهْرِ اُمِّهٖ حَتّٰى يَمْضِیَ رَمَضَانُ فَلَمَّا مَضٰى نِصْفٌ مِّنْ رَمَضَانَ وَقَعَ عَلَيْهَا لَيْلًا فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْتِقْ رَقَبَةً قَالَ لَا اَجِدُ هَا قَالَ فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ قَالَ لَا اَسْتَطِيْعُ قَالَ اَطْعِمْ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا قَالَ لَا اَجِدُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِفَرْوَةَ بْنِ عَمْرٍو اَعْطِهٖ ذٰلِكَ الْعَرَقَ وَهُوَمِكْتَلٌ يَاْخُذُ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا اَوْسِتَّةَ عَشَرَ صَاعًا اِطْعَامَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ يُقَالُ سَلْمَانُ بْنُ صَخْرٍ وَيُقَالُ سَلَمَةُ بْنُ صَخْرٍ الْبَيَاضِیُّ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ فِیْ كَفَّارَةِ الظِّهَارِ.

## ۸۱۷: باب کفارہ ظہار کے بارے میں

۱۲۰۲: حضرت ابوسلمہؓ اور محمد بن عبدالرحمٰنؒ فرماتے ہیں کہ قبیلہ بنوبیاضہ کے ایک شخص سلمان بن صخرؓ انصاری نے اپنی بیوی سے کہا کہ رمضان گزارنے تک تم مجھ پر میری ماں کی پشت کی طرح ہو لیکن ابھی آدھا رمضان ہی گزرا تھا کہ بیوی سے رات کو صحبت کر لی۔ اور پھر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کا تذکرہ کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ایک غلام آزاد کرو۔ اس نے عرض کیا میں نہیں کر سکتا۔ آپ ﷺ نے فرمایا پھر دو مہینے کے متواتر روزے رکھو۔ اس نے عرض کیا مجھ میں اتنی قوت نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا پھر ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ۔ اس نے عرض کیا میرے پاس اس کی بھی قوت نہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فروہ بن عمرو کو حکم دیا کہ اسے یہ (کھجوروں کا) ٹوکرا دے دو۔ اس میں پندرہ یا سولہ صاع ہوتے ہیں جو ساٹھ آدمیوں کے لئے کافی ہوتے ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے اور سلمان بن صخر کو سلمہ بن صخر بیاضی بھی کہا جاتا ہے۔ اہل علم کا ظہار کے کفارے کے متعلق اسی حدیث پر عمل ہے۔

## ۸۱۸: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْاِيْلَاءِ

۱۲۰۳: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ قَزَعَةَ الْبَصْرِیُّ ثَنَا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ ثَنَا دَاوٗدُ عَنْ عَامِرٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اٰلٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نِسَآئِهٖ وَحَرَّمَ فَجَعَلَ الْحَرَامَ حَلَالًا وَجَعَلَ فِی الْيَمِيْنِ كَفَّارَةً وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰى وَاَنَسٍ حَدِيْثُ مَسْلَمَةَ بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ دَاوٗدَ رَوَاهُ عَلِیُّ بْنُ مُسْهِرٍ وَغَيْرُهٗ عَنْ دَاوٗدَ عَنِ الشَّعْبِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا وَلَيْسَ فِيْهِ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ

## ۸۱۸: باب ایلاء عورت کے پاس نہ جانے کی قسم کھانا

۱۲۰۳: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی بیویوں سے ایلاء کیا اور انہیں اپنے اوپر حرام کر لیا۔ پھر آپ ﷺ نے قسم کا کفارہ ادا کیا اور جس چیز کو حرام کیا تھا اسے حلال کیا۔ اس باب میں حضرت ابوموسیٰؓ اور انسؓ سے بھی روایت ہے۔ مسلمہ بن عقیل کی داؤد سے منقول حدیث علی بن مسہر وغیرہ داؤد سے منقول حدیث نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ایلاء کیا...... الخ اس حدیث میں مسروق کے عائشہؓ سے نقل کرنے کا ذکر نہیں اور یہ حدیث مسلمہ کی حدیث سے

عَائِشَةَ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مَسْلَمَةَ بْنِ عَلْقَمَةَ وَالْاِيْلَآءُ اَنْ يَحْلِفَ الرَّجُلُ اَنْ لَا يَقْرَبَ امْرَاَتَهُ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّ اَكْثَرَ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْهِ اِذَا مَضَتْ اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ فَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اِذَامَضَتْ اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ يُوْقَفُ فَاِمَّا اَنْ يَفِيْئَ وَاِمَّا اَنْ يُطَلِّقَ وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَالشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحَاقَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اِذْ مَضَتْ اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ فَهِيَ تَطْلِيْقَةٌ بَائِنَةٌ وَهُوَقَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ .

زیادہ صحیح ہے۔ ایلاء کی تعریف یہ ہے کہ کوئی شخص قسم کھائے کہ وہ چار مہینے یا اس سے زیادہ تک اپنی بیوی کے قریب بھی نہیں جائے گا پھر چار مہینے گزر جانے کے بعد عورت کے قریب نہ جائے تو کیا حکم ہے؟ اہل علم کا اس بارے میں اختلاف ہے۔ بعض علماء صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ فرماتے ہیں کہ چار ماہ گزر جانے پر تو وہ ٹھہر جائے یا تو رجوع کرے یا طلاق دے۔ امام مالک بن انسؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض علماء صحابہؓ اور دوسرے علماء فرماتے ہیں کہ چار ماہ گزرنے پر ایک طلاق بائن خود بخود واقع ہو جائے گی۔ سفیان ثوریؒ اور اہل کوفہ (احناف) کا یہی قول ہے۔

## ۸۱۹: بَابُ مَاجَاءَ فِي اللِّعَانِ

## ۸۱۹: باب لعان

۱۲۰۴: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ سُئِلْتُ عَنِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ فِيْ اِمَارَةِ مُصْعَبِ بْنِ الزُّبَيْرِ اَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا فَمَا دَرَيْتُ مَا اَقُوْلُ فَقُمْتُ مَكَانِيْ اِلٰى مَنْزِلِ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ فَاسْتَاْذَنْتُ عَلَيْهِ فَقِيْلَ لِيْ اِنَّهُ قَائِلٌ فَسَمِعَ كَلَامِيْ فَقَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ اُدْخُلْ مَاجَآءَ بِكَ اِلَّاحَاجَةٌ قَالَ فَدَ خَلْتُ فَاِذَا هُوَ مُفْتَرِشٌ بَرْذَعَةَ رَحْلٍ لَهُ فَقُلْتُ يَا اَبَا عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْمُتَلَاعِنَانِ اَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ نَعَمْ اِنَّ اَوَّلَ مَنْ سَاَلَ عَنْ ذٰلِكَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ لَوْ اَنَّ اَحَدَ نَارَاٰى امْرَاَتَهُ عَلٰى فَاحِشَةٍ كَيْفَ يَصْنَعُ اِنْ تَكَلَّمَ تَكَلَّمَ بِاَمْرٍ عَظِيْمٍ وَ اِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلٰى اَمْرٍ عَظِيْمٍ قَالَ فَسَكَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُجِبْهُ فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ الَّذِيْ سَاَلْتُكَ عَنْهُ قَدِ ابْتُلِيْتُ

۱۲۰۴: حضرت سعید بن جبیرؒ سے روایت ہے کہ مصعب بن زبیر کی امارت کے زمانے میں مجھ سے لعان کرنے والے میاں بیوی کے متعلق پوچھا گیا کہ کیا ان دونوں کے درمیان تفریق کر دی جائے یا نہیں۔ میری سمجھ میں نہیں آیا کہ میں کیا کہوں۔ پس میں اٹھا اور عبداللہ بن عمرؓ کے گھر کی طرف چل دیا۔ وہاں پہنچ کر اجازت مانگی تو مجھے کہا گیا کہ وہ اس وقت قیلولہ کر رہے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے میری گفتگو سن لی اور فرمایا ابن جبیر آ جاؤ یقیناً تم کسی کام کے لئے ہی آئے ہو گے۔ کہتے ہیں میں اندر داخل ہوا تو وہ اونٹ پر ڈالنے والی چادر بچھا کر آرام کر رہے تھے میں نے کہا اے ابو عبدالرحمٰن کیا لعان کرنے والوں کے درمیان تفریق کر دی جائے۔ آپ نے فرمایا "سبحان اللہ" ہاں فلاں بن فلاں نے یہ مسئلہ سب سے پہلے پوچھا وہ نبی اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی یا رسول اللہ اگر ہم میں سے کوئی اپنی بیوی کو زنا کرتے دیکھے تو کیا کرے؟ اگر وہ کچھ کہے تو بھی یہ بہت بڑی بات ہے اور اگر خاموش رہے تو ایسے معاملے میں خاموش رہنا بہت مشکل ہے۔ عبداللہ بن عمرؓ نے فرمایا نبی اکرمؐ اس وقت خاموش رہے اور اسے کوئی جواب نہ دیا۔ کچھ عرصہ بعد وہ پھر حاضر

بِهٖ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذِهٖ لْاٰيَاتِ الَّتِیْ فِیْ سُوْرَةِ النُّوْرِ وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّا اَنْفُسُهُمْ حَتّٰی خَتَمَ الْاٰیَاتِ فَدَعَی الرَّجُلَ فَتَلاَ الْاٰیَاتَ عَلَیْهِ وَوَعَظَهٗ وَذَکَّرَهٗ وَاَخْبَرَهٗ اَنَّ الْعَذَابَ الدُّنْیَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ فَقَالَ لَا وَالَّذِیْ بَعَثَکَ بِالْحَقِّ مَا کَذَبْتُ عَلَیْهَا ثُمَّ ثَنّٰی بِالْمَرْاَةِ وَ وَعَظَهَا وَذَکَّرَهَا وَاَخْبَرَهَا اَنَّ عَذَابَ الدُّنْیَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ فَقَالَتْ لَا وَالَّذِیْ بَعَثَکَ بِالْحَقِّ مَا صَدَقَ قَالَ فَبَدَأَ بِالرَّجُلِ فَشَهِدَ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الصَّادِقِیْنَ وَ الْخَامِسَةَ اَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَیْهِ اِنْ کَانَ مِنَ الْکَاذِبِیْنَ ثُمَّ ثَنّٰی بِالْمَرْاَةِ فَشَهِدَتْ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الْکَاذِبِیْنَ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَیْهَا اِنْ کَانَ مِنَ الصَّادِقِیْنَ ثُمَّ فَرَّقَ بَیْنَهُمَا وَ فِی الْبَابِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَحُذَیْفَةَ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ حَدِیْثُ بْنِ عُمَرَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا الْحَدِیْثِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ.

ہوا اور عرض کیا یارسول اللہ! جس چیز کے متعلق میں نے آپؐ سے پوچھا تھا اسی میں مبتلا ہوگیا ہوں۔ اس پر سورہ نور کی آیات نازل ہوئیں "وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ......" (ترجمہ جو لوگ اپنی بیویوں کو تہمت لگائیں اوران کے پاس اپنے علاوہ کوئی گواہ نہ ہو) آپؐ نے اسی آدمی کو بلایا اوراس کے سامنے آیات پڑھیں اوراسے وعظ ونصیحت کی اور فرمایا۔ دنیا کی تکلیف آخر کے عذاب کے مقابلے میں کچھ نہیں۔ اس نے عرض کیا نہیں یارسول اللہ۔ اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ رسول بنا کر بھیجا میں نے اس پر تہمت نہیں لگائی۔ پھر نبی اکرمؐ نے وہی آیات عورت کے سامنے پڑھی اوراسے بھی اس طرح سمجھایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب کے مقابلے میں بہت آسان ہے۔ اس نے عرض کی نہیں یارسول اللہ۔ اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ رسول بنا کر بھیجا ہے یہ شخص سچا نہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرد سے گواہی شروع کی اس نے چار بار اللہ کی قسم کے ساتھ گواہی دی کہ وہ سچا ہے اور پانچویں مرتبہ کہا کہ اگر وہ جھوٹا ہے تو اس پر اللہ کی لعنت۔ پھر عورت نے اسی طرح کہا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں (خاوند اور بیوی) کے درمیان تفریق فرمادی۔ اس باب میں حضرت سہل بن سعدؓ، ابن عباسؓ، حذیفہؓ اور ابن مسعودؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت ابن عمرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اوراہل علم کا اسی پر عمل ہے۔

۱۲۰۵: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا مَالِکُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَا عَنَ رَجُلٌ امْرَاَتَهٗ وَفَرَّقَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَیْنَهُمَا وَاَلْحَقَ الْوَلَدَ بِالْاُمِّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ.

۱۲۰۵: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے لعان کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو الگ کردیا اور بچے کو ماں کے حوالہ کردیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اوراہل علم کا اسی پر عمل ہے۔

## ۸۲۰: بَابُ مَاجَاءَ اَیْنَ تَعْتَدُّ الْمُتَوَفّٰی عَنْهَا زَوْجُهَا

## باب شوہر فوت ہوجائے تو عورت عدت کہاں گزارے

۱۲۰۶: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِیُّ ثَنَا مَعْنٌ ثَنَا مَالِکٌ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِسْحٰقَ بْنِ کَعْبِ بْنِ الْعُجْرَةِ عَنْ عَمَّتِهٖ زَیْنَبَ بِنْتِ کَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ اَنَّ الْفُرَیْعَةَ بِنْتَ مَالِکِ

۱۲۰۶: حضرت سعد بن اسحٰق بن کعب بن عجرہ اپنی پھوپھی زینب بنت کعب بن عجرہ سے نقل کرتے ہیں کہ ابوسعید خدریؓ کی بہن فریعہ بنت مالک بن سنان نے انہیں بتایا کہ میں نے نبی

بْنِ سِنَانٍ وَهِيَ اُخْتُ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَخْبَرَتْهَا اَنَّهَا جَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْأَلُهُ اَنْ تَرْجِعَ اِلٰى اَهْلِهَا فِيْ بَنِيْ خُدْرَةَ وَاَنَّ زَوْجَهَا خَرَجَ فِيْ طَلَبِ اَعْبُدٍ لَهُ اَبَقُوْا حَتّٰى اِذَا كَانَ بِطَرَفِ الْقَدُوْمِ لَحِقَهُمْ فَقَتَلُوْهُ قَالَتْ فَسَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَرْجِعَ اِلٰى اَهْلِيْ فَاِنَّ زَوْجِيْ لَمْ يَتْرُكْ لِيْ مَسْكَنًا يَمْلِكُهُ وَلَا نَفَقَةً قَالَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ قَالَتْ فَانْصَرَفْتُ حَتّٰى اِذَا كُنْتُ فِي الْحُجْرَةِ اَوْفِي الْمَسْجِدِ نَادَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ اَمَرَبِيْ فَنُوْدِيْتُ لَهُ فَقَالَ كَيْفَ قُلْتِ قَالَتْ فَرَدَدْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ الَّتِيْ ذَكَرْتُ لَهُ مِنْ شَانِ زَوْجِيْ قَالَ امْكُثِيْ فِيْ بَيْتِكِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ اَجَلَهُ قَالَتْ فَاعْتَدَدْتُ فِيْهِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَعَشْرًا قَالَتْ فَلَمَّا كَانَ عُثْمَانُ اَرْسَلَ اِلَيَّ فَسَأَلَنِيْ عَنْ ذٰلِكَ فَاَخْبَرْتُهُ فَاتَّبَعَهُ وَقَضٰى بِهِ.

اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میرے خاوند اپنے غلاموں کو ڈھونڈنے کے لئے نکلے تھے۔ جب وہ قدوم (ایک جگہ کا نام) پر پہنچے تو وہ انہیں مل گئے لیکن انہوں نے میرے شوہر کو قتل کر دیا۔ کیا میں اپنے رشتے داروں کے پاس بنوخدرہ چلی جاؤں کیونکہ میرے خاوند نے میرے لئے نہ مکان چھوڑا ہے اور نہ ہی نان نفقہ وغیرہ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہاں چلی جاؤ۔ وہ فرماتی ہیں میں واپس لوٹی تو ابھی حجرے یا مسجد ہی میں تھی کہ آپ ﷺ نے مجھے بلایا یا کسی کو حکم دیا کہ مجھے بلائے اور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تم نے کیا کہا تھا؟ میں نے اپنے شوہر کا سارا قصہ دوبارہ بیان کر دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا تم اپنے گھر ٹھہری رہو یہاں تک کہ عدت پوری ہو جائے۔ حضرت فریعہؓ فرماتی ہیں پھر میں نے اس کے گھر چار ماہ دس دن عدت گزاری۔ پھر جب حضرت عثمانؓ خلیفہ ہوئے تو انہوں نے آدمی بھیج کر مجھ سے اس مسئلہ کے بارے میں پوچھا تو میں نے آپؓ کو خبر دی۔ پس حضرت عثمانؓ نے اسی پر عمل کیا اور اسی کے مطابق فیصلہ دیا۔ کہ عورت جس گھر میں ہو اسی میں اپنی عدت پوری کرے۔

۱۲۰۷ . حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ ثَنَا سَعْدُ بْنُ اِسْحٰقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ لَمْ يَرَوْا لِلْمُعْتَدَّةِ اَنْ تَنْتَقِلَ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا حَتّٰى تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ لِلْمَرْاَةِ اَنْ تَعْتَدَّ حَيْثُ شَاءَتْ وَاِنْ لَمْ تَعْتَدَّ فِيْ بَيْتِ زَوْجِهَا وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ اَصَحُّ.

۱۲۰۷: ہم سے روایت کی محمد بن بشار نے انہوں نے یحییٰ بن سعید سے انہوں نے سعد بن اسحٰق بن کعب بن عجرہ سے اسی کے ہم معنی حدیث نقل کی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس پر اکثر علماء صحابہ رضی اللہ عنہم وغیرہ کا عمل ہے کہ جس عورت کا شوہر فوت ہو جائے وہ اسی گھر میں عدت پوری کرے اور اپنے شوہر کے گھر سے منتقل نہ ہو۔ سفیان ثوریؒ، شافعیؒ، احمدؒ، اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دیگر اہل علم فرماتے ہیں کہ عورت جہاں چاہے عدت گزار سکتی ہے۔ اگرچہ اپنے خاوند کے گھر عدت نہ گزارے پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔

# اَبْوَابُ الْبُیُوْعِ

## عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ

## خرید وفروخت کے ابواب

## جو مروی ہیں رسول اللہ ﷺ سے

### ۸۲۱: بَابُ مَاجَاءَ فِی تَرْکِ الشُّبُهَاتِ

۱۲۰۸: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ نَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الْحَلَالُ بَیِّنٌ وَالْحَرَامُ بَیِّنٌ وَبَیْنَ ذٰلِکَ اُمُوْرٌ مُشْتَبِهَاتٌ لَایَدْرِیْ کَثِیْرٌ مِنَ النَّاسِ اَمِنَ الْحَلَالِ هِیَ اَمْ مِنَ الْحَرَامِ فَمَنْ تَرَکَهَا اسْتِبْرَاءً لِدِیْنِهٖ وَعِرْضِهٖ فَقَدْ سَلِمَ وَمَنْ وَاقَعَ شَیْئًا مِنْهَا یُوْشِکُ اَنْ یُوَاقِعَ الْحَرَامَ کَمَا اَنَّهٗ مَنْ یَرْعٰی حَوْلَ الْحِمٰی یُوْشِکُ اَنْ یُوَاقِعَهٗ اَلَا وَاِنَّ لِکُلِّ مَلِکٍ حِمًی اَلَا وَاِنَّ حِمَی اللّٰہِ مَحَارِمُهٗ.

۱۲۰۹: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا وَکِیْعٌ عَنْ زَکَرِیَّا بْنِ اَبِیْ زَائِدَةَ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ بِمَعْنَاهُ هٰذَا الْحَدِیْثُ حَسَنٌ صَحِیْحٌ قَدْ رَوَاهُ غَیْرُ وَاحِدٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ.

### ۸۲۱: باب شبہات کو ترک کرنا

۱۲۰۸: حضرت نعمان بن بشیر سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ حلال بھی واضح ہے اور حرام بھی۔ اور ان کے درمیان کچھ مشتبہ چیزیں ہیں جن سے اکثر لوگ ناواقف ہیں کہ آیا وہ حلال چیزوں سے ہیں یا حرام چیزوں سے۔ جس نے ان کو چھوڑا اس نے اپنا دین اور اپنی عزت محفوظ کر لی اور جو ان چیزوں میں مبتلا ہو گیا وہ حرام کام میں پڑنے کے قریب ہے۔ جیسے کوئی چرواہا اپنے جانوروں کو سرحد کے قریب چراتا ہے تو ڈر ہوتا ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ حدود پار کر جائے۔ جان لو کہ ہر بادشاہ کی حدود ہوتی ہیں اور اللہ کی حدود اس کی حرام کی ہوئی چیزیں ہیں۔

۱۲۰۹: ہم سے روایت کی ہناد نے انہوں نے وکیع انہوں نے زکریا بن ابی زائدہ انہوں نے شعبی انہوں نے نعمان بن بشیر سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کے ہم معنی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ کئی راوی یہ حدیث شعبی کے واسطے سے نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کرتے ہیں۔

**فائدہ**: اللہ تعالیٰ کی یہ رحمت ہے کہ اس نے حلال وحرام کا معاملہ لوگوں پر مبہم نہیں رکھا بلکہ حلال کو واضح اور حرام کی تفصیل بیان کر دی۔ علاوہ ازیں ایک دائرہ واضح حلال اور واضح حرام کے درمیان مشتبہات کا بھی ہے۔ ایسے امور میں لوگ التباس محسوس کرنے لگتے ہیں اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ کبھی تو دلائل ہی غیر واضح ہوتے ہیں اور کبھی نص پیش آمدہ واقعے پر منطبق کرنا سخت الجھن کا باعث بن جاتا ہے۔ اس قسم کے مشتبہ امور سے بچنے کا نام اسلام میں تورع ہے۔ یہ تورع سد ذریعہ کا کام دیتا ہے۔ اور انسان کی درست ڈھنگ پر تربیت کرتا ہے ورنہ اس بات کا اندیشہ ہوتا ہے کہ آدمی مشتبہات میں پڑ کر حرام کا ارتکاب کر بیٹھے۔ یہ اصول نبی کریم کے درج بالا ارشاد پر مبنی ہے۔

## ۸۲۲: بَابُ مَاجَاءَ فِی اَکْلِ الرِّبٰو

۱۲۱۰: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ سِمَاکِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اٰکِلَ الرِّبٰوا وَمُوْکِلَهٗ وَشَاهِدَیْهِ وَکَاتِبَهٗ وَفِی الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَعَلِیٍّ وَجَابِرٍ حَدِیْثُ عَبْدِاللّٰهِ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

## ۸۲۲: باب سود کھانا

۱۲۱۰: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کھانے والے، کھلانے والے، اس کے گواہوں اور لکھنے والوں پر لعنت بھیجی ہے۔ اس باب میں حضرت عمر، علی، اور جابر رضی اللہ عنہم سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۸۲۳: بَابُ مَاجَاءَ فِی التَّغْلِیْظِ فِی الْکِذْبِ وَالزُّوْرِ وَنَحْوَهٗ

۱۲۱۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْاَعْلٰی الصَّنْعَانِیُّ ثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ شُعْبَةَ ثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ بَکْرِبْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْکَبَائِرِ قَالَ الشِّرْکُ بِاللّٰهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَیْنِ وَقَتْلُ النَّفْسِ وَقَوْلُ الزُّوْرِ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ بَکْرَةَ وَاَیْمَنَ بْنِ خُرَیْمٍ وَابْنِ عُمَرَ حَدِیْثُ اَنَسٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ.

## ۸۲۳: باب جھوٹ اور جھوٹی گواہی دینے کی مذمت

۱۲۱۱: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبیرہ گناہوں کے متعلق فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا، والدین کو ناراض کرنا، کسی کو (ناحق) قتل کرنا اور جھوٹ بولنا کبیرہ گناہوں میں سے ہیں۔ اس باب میں حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ، ایمن بن خریم اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی روایات منقول ہیں۔ حدیث انس رضی اللہ عنہ حسن صحیح غریب ہے۔

## ۸۲۴: بَابُ مَاجَاءَ فِی التُّجَّارِ وَتَسْمِیَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِیَّاهُمْ

۱۲۱۲: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا اَبُوْ بَکْرِبْنُ عَیَّاشٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ قَیْسِ بْنِ اَبِیْ غَرَزَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نُسَمَّی السَّمَاسِرَةَ فَقَالَ یَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ اِنَّ الشَّیْطَانَ وَالْاِثْمَ یَحْضُرَانِ الْبَیْعَ فَشُوْبُوْا بَیْعَکُمْ بِالصَّدَقَةِ وَفِی الْبَابِ عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ وَرِفَاعَةَ حَدِیْثُ قَیْسِ بْنِ اَبِیْ غَرَزَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ رَوَاهُ مَنْصُوْرٌ وَالْاَعْمَشُ وَحَبِیْبُ بْنُ اَبِیْ ثَابِتٍ وَغَیْرُ وَاحِدٍ عَنْ اَبِیْ وَآئِلٍ عَنْ قَیْسِ بْنِ اَبِیْ غَرَزَةَ وَلَا نَعْرِفُ لِقَیْسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ غَیْرَهٰذَا.

## ۸۲۴: باب اس بارے میں کہ تاجروں کو نبی اکرم ﷺ کا ''تجار'' کا خطاب دینا

۱۲۱۲: حضرت قیس بن ابی غرزہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہماری طرف نکلے۔ لوگ ہمیں سماسرہ (یعنی دلال) کہا کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے تاجروں کی جماعت: خرید وفروخت میں شیطان اور گناہ دونوں موجود ہوتے ہیں لہٰذا تم لوگ اپنی خرید وفروخت کو صدقے کے ساتھ ملا دیا کرو۔ اس باب میں براء بن عازبؓ اور رفاعہؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث قیس بن ابی غرزہؓ حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو منصور، اعمش، حبیب بن ثابت اور کئی راوی بھی ابو وائل سے اور وہ قیس بن ابی غرزہ سے نقل کرتے ہیں۔ ان کی کوئی اور حدیث ہمارے نزدیک معروف نہیں۔

۱۲۱۳ : حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ غَرَزَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ .

۱۲۱۳: ہم سے روایت کی ہناد نے انہوں نے ابی معاویہ سے انہوں نے اعمش سے انہوں نے شقیق بن سلمہ سے انہوں نے قیس بن ابی غرزہ سے انہوں نے نبی ﷺ سے اسی کے ہم معنیٰ حدیث روایت کی ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۲۱۴ : حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا قَبِيْصَةُ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ التَّاجِرُ الصَّدُوْقُ الْاَمِيْنُ مَعَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ .

۱۲۱۴: حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سچا اور امانت دار تاجر قیامت کے دن انبیاء (علیہم السلام) صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہوگا۔

۱۲۱۵ : حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ لَانَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ الثَّوْرِيِّ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ وَاَبُوْ حَمْزَةَ اسْمُهُ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ جَابِرٍ وَهُوَشَيْخٌ بَصرِيٌّ .

۱۲۱۵: روایت کی ہم سے سوید نے انہوں نے ابن مبارک سے انہوں نے سفیان سے اور وہ ابوحمزہ سے اسی سند سے اسی کے مثل نقل کرتے ہیں ۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے پہچانتے ہیں یعنی ثوری کی ابوحمزہ سے روایت سے ۔ ابوحمزہ کا نام عبداللہ بن جابر ہے یہ بصری شیخ ہیں۔

۱۲۱۶ : حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ ثَنَا بِشْرُبْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنَ خُثَيْمٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّهُ خَرَجَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمُصَلّٰى فَرَاَى النَّاسَ يَتَبَايَعُوْنَ فَقَالَ يَامَعْشَرَ التُّجَّارِ فَاسْتَجَابُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَفَعُوْا اَعْنَاقَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ اِلَيْهِ فَقَالَ اِنَّ التُّجَّارَ يُبْعَثُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فُجَّارًا اِلَّا مَنِ اتَّقَى اللّٰهَ وَبَرَّوَصَدَقَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَيُقَالُ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ رِفَاعَةَ اَيْضًا .

۱۲۱۶: اسمٰعیل بن عبید بن رفاعہ اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ وہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ عیدگاہ کی طرف نکلے تو دیکھا کہ لوگ خرید وفروخت کر رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اے تاجرو وہ سب رسول اللہ ﷺ کی طرف متوجہ ہو گئے اپنی گردنیں اُٹھالیں اور آپ ﷺ کی طرف دیکھنے لگے۔ فرمایا تاجر قیامت کے دن نافرمان اٹھائے جائیں گے۔ البتہ جو اللہ سے ڈرے، نیکی کرے اور سچ بولے۔ (تو وہ اس حکم میں داخل نہیں) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اسمٰعیل بن عبید کو اسمٰعیل بن عبیداللہ بن رفاعہ بھی کہا جاتا ہے۔

## ۸۲۵ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْمَنْ حَلَفَ عَلٰى سِلْعَةٍ كَاذِبًا

## ۸۲۵: باب سودے پر جھوٹی قسم کھانا

۱۲۱۷ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَلِيُّ بْنُ مُدْرِكٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَازُرْعَةَ بْنَ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ يُحَدِّثُ عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثَةٌ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ

۱۲۱۷: حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تین آدمی ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا اور نہ ہی انہیں پاک کرے گا اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے ۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ وہ کون لوگ ہیں؟ وہ تو برباد ہو گئے اور خسارے میں رہ

عَذَابٌ اَلِيْمٌ قُلْتُ مَنْ هُمْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَقَدْ خَابُوْا وَخَسِرُوا قَالَ الْمَنَّانُ وَالْمُسْبِلُ اِزَارَهُ وَالْمُنفِقُ سَلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْكَاذِبِ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَمَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ حَدِيْثُ اَبِيْ ذَرٍّ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

گئے۔ فرمایا ایک احسان جتلانے والا دوسرا تکبر کی وجہ سے شلوار تہبند وغیرہ ٹخنوں سے نیچے لٹکانے والا اور تیسرا جھوٹی قسم کے ساتھ اپنا مال بیچنے والا۔ اس باب میں حضرت ابن مسعودؓ، ابوہریرہؓ، ابوامامہ بن ثعلبہؓ، عمران حصینؓ اور معقل بن یسار سے بھی روایات مروی ہیں۔ حدیث ابوذرؓ حسن صحیح ہے۔

فائدہ: کاروبار میں بکثرت قسمیں کھانا اس لئے ناپسندیدہ ہے کہ ایسی صورت میں غلط بیانی کا زیادہ احتمال ہے نیز اس کے نتیجے میں دل سے اللہ کی عظمت بھی زائل ہو جاتی ہے۔

## ۸۲۶: بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّبْكِيْرِ بِا لتِّجَارَةِ

## ۸۲۶: باب صبح سویرے تجارت

۱۲۱۸: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ ثَنَا هُشَيْمٌ ثَنَا يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ حَدِيْدٍ عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِيْ فِيْ بُكُوْرِهَا قَالَ وَكَانَ اِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً اَوْجَيْشًا بَعَثَهُمْ اَوَّلَ النَّهَارِ وَكَانَ صَخْرٌ رَجُلًا تَاجِرًا وَكَانَ اِذَا بَعَثَ تِجَارَةً بَعَثَهُمْ اَوَّلَ النَّهَارِ فَاَثْرٰى وَكَثُرَمَا لُهُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَبُرَيْدَةَ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَنَسٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَجَابِرٍ حَدِيْثُ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَلَا نَعْرِفُ لِصَخْرٍ الْغَامِدِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَقَدْرَوٰى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ.

۱۲۱۸: حضرت صخر غامدیؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی ''اے اللہ میری امت میں سے صبح جلدی جانے والوں کو برکت عطا فرما۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب کبھی کوئی لشکر روانہ کرتے تو صبح صبح بھیجتے۔ راوی کہتے ہیں کہ صخر بھی تاجر تھے وہ بھی جب تاجروں کو بھیجتے تو شروع دن میں ہی بھیجا کرتے تھے۔ پس وہ امیر ہو گئے اور ان کے پاس مال کی کثرت ہو گئی۔ اس باب میں علیؓ، بریدہؓ، ابن مسعودؓ، انسؓ ابن عمرؓ، ابن عباسؓ اور جابرؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ صخر غامدیؓ کی روایت حسن ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے صخر غامدیؓ کی اس کے علاوہ کوئی روایت ہمارے علم میں نہیں۔ یہ حدیث سفیان ثوریؒ بھی شعبہ سے اور وہ یعلیٰ بن عطاء سے نقل کرتے ہیں۔

فائدہ: ان تاجروں کے لئے برکت کی دعا اس صورت میں جب وہ صبح جلدی جائیں۔ موجودہ دور میں اکثریت اس بات سے غافل ہے۔ آج کل کاروبار کا آغاز دوپہر کے قریب کیا جاتا ہے جبکہ صبح کا مبارک وقت سونے میں صرف کیا جاتا ہے۔ جس کے باعث کاروبار میں برکت کا عنصر غائب ہو گیا ہے۔

## ۸۲۷: بَابُ مَاجَاءَ فِي الرُّخْصَةِ فِي الشِّرَآءِ اِلٰى اَجَلٍ

## ۸۲۷: باب کسی چیز کی قیمت معینہ مدت تک ادھار کرنا جائز ہے

۱۲۱۹: حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ ثَنَا عُمَارَةُ بْنُ اَبِيْ حَفْصَةَ ثَنَا عِكْرِمَةُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

۱۲۱۹: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک پر قطر کے بنے ہوئے دو موٹے کپڑے تھے۔ جب آپؐ بیٹھتے اور پسینہ آتا تو یہ آپ کی طبیعت پر گراں گزرتے۔ اسی اثنا میں ایک

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَانِ قِطْرِيَّانِ غَلِيْظَانِ فَكَانَ إِذَا قَعَدَ فَعَرِقَ ثَقُلاَ عَلَيْهِ فَقَدِمَ بَزٌّ مِنَ الشَّامِ لِفُلاَنِ الْيَهُوْدِيِّ فَقُلْتُ لَوْ بَعَثْتَ إِلَيْهِ فَاشْتَرَيْتَ مِنْهُ ثَوْبَيْنِ إِلَى الْمَيْسَرَةِ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ فَقَالَ قَدْ عَلِمْتُ مَا يُرِيْدُ إِنَّمَا يُرِيْدُ أَنْ يَذْهَبَ بِمَالِيْ أَوْ بِدَرَاهِمِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَبَ قَدْ عَلِمَ أَنِّيْ مِنْ أَتْقَاهُمْ وَأَدَّاهُمْ لِلْأَمَانَةِ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَأَنَسٍ وَأَسْمَآءَ ابْنَةِ يَزِيْدَ حَدِيْثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ أَيْضًا عَنْ عُمَارَةَ بْنِ حَفْصَةَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ فِرَاسٍ الْبَصْرِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ أَبَا دَاوُدَ الطَّيَالِسِيَّ يَقُوْلُ سُئِلَ شُعْبَةُ يَوْمًا عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَ لَسْتُ أُحَدِّثُكُمْ حَتّٰى تَقُوْمُوْا إِلَى حَرَمِيِّ بْنِ عُمَارَةَ فَتُقَبِّلُوْا رَأْسَهُ قَالَ وَحَرَمِيٌّ فِي الْقَوْمِ.

یہودی کے پاس شام سے قیمتی کپڑا آیا میں نے عرض کیا کہ آپؐ کسی کو بھیجیں کہ وہ آپؐ کے لئے اس سے دو کپڑے خرید لائے۔ جب ہمیں سہولت ہوگی ہم ان کی قیمت ادا کردیں گے۔ آپؐ نے ایک شخص کو بھیجا۔ تو اس نے جواب دیا کہ جانتا ہوں کہ آپؐ چاہتے ہیں کہ میرا کپڑا اور پیسے دونوں چیزوں پر قبضہ کرلیں۔ آپؐ نے فرمایا وہ جھوٹا ہے۔ اسے معلوم ہے کہ میں ان سب سے زیادہ پرہیز گار بھی ہوں اور امانت دار بھی۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ، انسؓ، اسماء بنت یزیدؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حدیث عائشہؓ حسن صحیح غریب ہے۔ شعبہ بھی اس حدیث کو عمارہ بن ابی حفصہ سے نقل کرتے ہیں۔ محمد بن فراس بصری، ابو داود، طیالسی کے حوالے سے کہتے ہیں کہ شعبہ سے کسی نے اس حدیث کے متعلق پوچھا تو وہ فرمانے لگے کہ میں اس حدیث کو اس وقت تک بیان نہیں کروں گا جب تک تم کھڑے ہو کر حرمی بن عمارہ کے سر کا بوسہ نہیں لو گے اور حرمی اس وقت وہاں موجود تھے۔ (اس سے مراد حرمی کی تعظیم ہے کیونکہ شعبہ نے یہ حدیث حرمی بن عمارہ سے سنی ہے)

١٢٢٠: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ عُمَرَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدِرْعُهُ مَرْهُوْنَةٌ بِعِشْرِيْنَ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ أَخَذَهُ لِأَهْلِهِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۲۰: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب وفات پائی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زرہ بیس صاع غلے کے عوض گروی رکھی ہوئی تھی جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر والوں کے لئے قرض لیا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

١٢٢١: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ ح قَالَ مُحَمَّدٌ وَأَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ ثَنِيْ أَبِيْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ مَشَيْتُ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخُبْزِ شَعِيْرٍ وَإِهَالَةٍ سَنِخَةٍ وَلَقَدْ رُهِنَ لَهُ دِرْعٌ مَعَ يَهُوْدِيٍّ بِعِشْرِيْنَ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ أَخَذَهُ لِأَهْلِهِ وَلَقَدْ سَمِعْتُهُ ذَاتَ يَوْمٍ يَقُوْلُ مَا أَمْسٰى عِنْدَ آلِ مُحَمَّدٍ صَاعُ تَمْرٍ وَلَا صَاعُ حَبٍّ وَإِنَّ عِنْدَهُ يَوْمَئِذٍ لَتِسْعَ

۱۲۲۱: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جو کی روٹی اور باسی چربی پیش کی۔ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زرہ ایک یہودی کے پاس بیس صاع غلے کے عوض گروی رکھی ہوئی تھی جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر والوں کے لیے لیا تھا۔ حضرت انسؓ نے ایک مرتبہ فرمایا کہ شام تک آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس غلے یا کھجور میں سے ایک صاع بھی باقی نہ رہا۔ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں نو ازواج مطہرات تھیں۔ یہ حدیث

. نِسْوَةٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

حسن صحیح ہے۔

فائدہ : یہاں یہ بیان کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح کوئی چیز نقد خریدنا جائز ہے اسی طرح باہمی رضامندی سے ادھار خریدنا بھی جائز ہے۔لیکن اگر بائع اُدھار کی وجہ سے قیمت بڑھا کر قسط وار ادائیگی کی شرط پر فروخت کرے تو بعض فقہاء کے نزدیک یہ صورت حرام ہے اس بناء پر کہ ادائیگی میں تاخیر کی وجہ سے جو زائد رقم وصول کی جاتی ہے وہ ایک طرح کا سود ہے۔مگر جمہور علماء اس کی اجازت دیتے ہیں کیونکہ یہ اصلاً مباح ہے اور اس کی حرمت کے سلسلہ میں کوئی نص وارد نہیں ہوتی ہے۔امام شوکانی نیل الاوطار ج ۵ ص ۱۵۳ پر فرماتے ہیں:

شافعیہ' حنفیہ' زید بن علی' موید باللہ اور جمہور کے نزدیک یہ صورت جواز کے عام دلائل پر بنا پر جائز ہے اور بظاہر یہ بات صحیح معلوم ہوتی ہے۔

## ۸۲۸: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كِتَابَةِ الشُّرُوْطِ

## ۸۲۸: باب بیع کی شرائط لکھنا

۱۲۲۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا عَبَّادُ بْنُ لَيْثٍ صَاحِبُ الْكَرَابِيْسِيِّ ثَنَا عَبْدُالْمَجِيْدِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ قَالَ لِي الْعَدَّآءُ بْنُ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ اَلاَ اُقْرِئُكَ كِتَابًا كَتَبَهُ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُ بَلٰى فَاَخْرَجَ لِيْ كِتَابًا هٰذَا مَا اشْتَرَى الْعَدَّاءُ بْنُ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرٰى مِنْهُ عَبْدًا اَوْاَمَةً لاَ دَآءَ وَلاَ غَائِلَةَ وَلاَ خِبْثَةَ بَيْعَ الْمُسْلِمِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لاَ نَعْرِفُهُ اِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ عَبَّادِ بْنِ لَيْثٍ وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ هٰذَا الْحَدِيْثَ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ اَهْلِ الْحَدِيْثِ .

۱۲۲۲: محمد بن بشار، عباد بن لیث (کپڑے بیچنے والے) سے اور وہ عبدالمجید بن وہب سے نقل کرتے ہیں کہ عداء بن خالد بن ہوذہؓ نے ان سے کہا کیا میں تمہیں ایسی تحریر نہ پڑھاؤں جو رسول اللہ ﷺ نے میرے لئے تحریر کرائی تھی۔ انہوں کہا کیوں نہیں۔اس پر انہوں نے ایک تحریر نکالی اس میں لکھا تھا۔یہ اقرار نامہ ہے کہ عداء بن خالد بن حوذہؓ نے محمد رسول اللہ ﷺ سے ایک غلام یا ایک لونڈی خریدی جس میں نہ بیماری ہے نہ دھوکہ ہے۔یہ مسلمان کی مسلمان سے بیع ہے۔یہ حدیث حسن غریب ہے ہم اسے صرف عباد بن لیث کی حدیث سے جانتے ہیں۔ ان سے متعدد محدثین نے یہ حدیث روایت کی ہے۔

## ۸۲۹: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمِكْيَالِ وَالْمِيْزَانِ

## ۸۲۹: باب ناپ تول

۱۲۲۳: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الطَّالَقَانِيُّ ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْوَاسِطِيُّ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِ الْكَيْلِ وَالْمِيْزَانِ اِنَّكُمْ قَدْ وُلِّيْتُمْ اَمْرَيْنِ هَلَكَتْ فِيْهِ الْاُمَمُ السَّابِقَةُ قَبْلَكُمْ هٰذَا حَدِيْثٌ لاَ نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ الْحُسَيْنِ بْنِ قَيْسٍ وَحُسَيْنُ بْنُ قَيْسٍ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ مَوْقُوْفًا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

۱۲۲۳: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ناپ تول کرنے والوں سے فرمایا: تم ایسے دو کاموں (ناپ، تول) کے نگران بنائے گئے ہو جن میں کمی بیشی کی وجہ سے سابقہ امتیں ہلاک ہوگئیں۔ اس حدیث کو ہم صرف حسین بن قیس کی روایت سے مرفوعاً پہچانتے ہیں۔ حسین بن قیس کی حدیث کو ضعیف کہا گیا ہے۔ یہ حدیث اسی سند سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے موقوفاً بھی منقول ہے۔

فائدہ: ہلاک شدہ امتوں میں سے ایک امت' جس کا ذکر قرآن کریم کی سورۃ ہود میں تفصیل سے ہے' قوم شعیب ہے۔ اس قوم نے معاملات میں ظالمانہ روش اختیار کی تھی اور لوگوں کو دینے لگی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اسے عدل اور اصلاح کی راہ پر لگانے کے لئے شعیب علیہ السلام کو بھیجا۔ یہ واقعہ ایک مثال کی حیثیت رکھتا ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ ایک مسلمان کو کس طرح کی زندگی بسر کرنا چاہئے اور اپنے تعلقات اور تمام معاملات کو کن باتوں کا پابند بنانا چاہئے۔ مسلمانوں کا یہ کام نہیں کہ دو پیمانوں سے ناپے لینے کے پیمانے اور رہوں اور دینے کے اور۔

## ۸۳۰: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ بَیْعِ مَنْ یَزِیْدُ

۱۲۲۴: حَدَّثَنَا حُمَیْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ ثَنَا عُبَیْدُاللّٰہِ بْنُ شُمَیْطِ بْنِ عَجْلَانَ ثَنَا الْاَخْضَرُ بْنُ عَجْلَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ الْحَنَفِیِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَاعَ حِلْسًاوَقَدَحًاوَقَالَ مَنْ یَّشْتَرِیْ ھٰذَا الْحِلْسَ وَالْقَدَحَ فَقَالَ رَجُلٌ اَخَذْتُھُمَا بِدِرْھَمٍ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ یَزِیْدُ عَلٰی دِرْھَمٍ مَنْ یَزِیْدُ عَلٰی دِرْھَمٍ فَاَعْطَاہُ رَجُلٌ دِرْھَمَیْنِ فَبَاعَھُمَا مِنْہُ ھٰذَاحَدِیْثٌ حَسَنٌ لَانَعْرِفُہٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ الْاَخْضَرِبْنِ عَجْلَانَ وَعَبْدُاللّٰہِ الْحَنَفِیُّ الَّذِیْ رَوٰی عَنْ اَنَسٍ ھُوَ اَبُوْ بَکْرٍ الْحَنَفِیُّ وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَھْلِ الْعِلْمِ لَمْ یَرَوْا بَاْسًا بِبَیْعِ مَنْ یَزِیْدُ فِی الْغَنَائِمِ وَالْمَوَارِیْثِ وَقَدْرَوٰی ھٰذَا الْحَدِیْثَ الْمُعْتَمِرُ ابْنُ سُلَیْمَانَ وَغَیْرُوَاحِدٍمِنْ اَھْلِ الْحَدِیْثِ عَنِ الْاَخْضَرِ بْنِ عَجْلَانَ۔

## ۸۳۰: باب نیلام کے ذریعے خرید وفروخت

۱۲۲۴: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک چادر اور ایک پیالہ بیچنے کا ارادہ کیا تو فرمایا یہ چادر اور پیالہ کون خریدے گا۔ ایک شخص نے عرض کیا میں انہیں ایک درہم میں خریدتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک درہم سے زیادہ کون دے گا۔ (دو مرتبہ فرمایا) تو ایک شخص نے دو درہم دے دیئے۔ اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دونوں چیزیں اسے دو درہم کے عوض دے دیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔ ہم اسے صرف اخضر بن عجلان کی روایت سے پہچانتے ہیں۔ عبداللہ حنفی جو یہ حدیث انس رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں وہ ابوبکر حنفی ہیں۔ بعض اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے وہ کہتے ہیں کہ غنیمت اور وراثت کے مال کو نیلام کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ یہ حدیث معتمر بن سلیمان اور کئی راوی بھی اخضر بن عجلان سے نقل کرتے ہیں۔

## ۸۳۱: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ بَیْعِ الْمُدَبَّرِ

۱۲۲۵: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَاسُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ عَمْرِوبْنِ دِیْنَارٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَجُلًامِّنَ الْاَنْصَارِدَبَّرَغُلَامًا لَّہٗ فَمَاتَ وَلَمْ یَتْرُكْ مَالًا غَیْرَہٗ فَبَاعَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاشْتَرَاہُ نُعَیْمُ ابْنُ النَّحَّامِ قَالَ جَابِرٌ عَبْدًا قِبْطِیًّامَاتَ عَامَ الْاَوَّلِ فِیْ اِمَارَةِ ابْنِ الزُّبَیْرِ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْہٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا الْحَدِیْثِ عِنْدَ بَعْضِ اَھْلِ

## ۸۳۱: باب مدبر کی بیع

۱۲۲۵: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک انصاری نے اپنے غلام سے کہا کہ تو میری موت کے بعد آزاد ہے (اس کو مدبر کہتے ہیں) پھر وہ آدمی فوت ہو گیا اور اس نے اس غلام کے علاوہ ترکے میں کچھ نہیں چھوڑا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس غلام کو نعیم بن انحام کے ہاتھوں بیچ دیا۔ جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں وہ قبطی تھا اور ابن زبیر رضی اللہ عنہ کی امارت کے پہلے سال فوت ہوا۔

الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِهِمْ لَمْ یَرَوْا بِبَیْعِ الْمُدَبَّرِ بَاْسًا وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحَاقَ وَکَرِهَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِهِمْ بَیْعَ الْمُدَبَّرِ وَهُوَقَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَمَالِکٍ وَالْاَوْزَاعِیِّ.

یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی سندوں سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہی سے منقول ہے۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ مدبر کے بیچنے میں کوئی حرج نہیں۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ سفیان ثوریؒ، مالکؒ، اوزاعیؒ اور بعض علماء کے نزدیک مدبر کی بیع مکروہ ہے۔

## ۸۳۲: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ تَلَقِّی الْبُیُوْعِ

## ۸۳۲: بیچنے والوں کے استقبال کی ممانعت

۱۲۲۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَکِ ثَنَا سُلَیْمَانُ التَّیْمِیُّ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهٰی عَنْ تَلَقِّی الْبُیُوْعِ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِیْ هُرَیْرَةَ وَاَبِیْ سَعِیْدٍ وَابْنِ عُمَرَ وَرَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

۱۲۲۶: حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غلہ بیچنے والے قافلوں سے شہر سے باہر خرید وفروخت کرنے سے منع فرمایا جب تک وہ شہر کے اندر آ کر خود نہ فروخت کریں۔ اس باب میں حضرت علیؓ، ابن عباسؓ، ابو ہریرہؓ، ابوسعیدؓ، ابن عمرؓ اور ایک دوسرے صحابی سے بھی روایت منقول ہیں۔

۱۲۲۷: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِیْبٍ ثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّیُّ ثَنَا عُبَیْدُاللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّیِّ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی اَنْ یُتَلَقَّی الْجَلَبُ فَاِنْ تَلَقَّاهُ اِنْسَانٌ فَابْتَاعَهُ فَصَاحِبُ السِّلْعَةِ فِیْهَا بِالْخِیَارِ اِذَا وَرَدَ السُّوْقَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ مِنْ حَدِیْثِ اَیُّوْبَ وَحَدِیْثُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ کَرِهَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ تَلَقِّی الْبُیُوْعِ وَهُوَضَرْبٌ مِنَ الْخَدِیْعَةِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ وَغَیْرِهٖ مِنْ اَصْحَابِنَا.

۱۲۲۷: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کسی غلہ بیچنے والے قافلے سے شہر سے باہر جا کر ملنے سے منع فرمایا۔ اور اگر کوئی شخص ان سے کچھ خریدے تو شہر میں داخل ہونے کے بعد غلے والوں کو (سودا برقرار رکھنے یا فسخ کرنے کا) اختیار ہے۔ یہ حدیث ایوب کی روایت سے حسن غریب ہے۔ ابن مسعودؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کی ایک جماعت نے شہر سے باہر جا کر تجارتی قافلے سے ملاقات کو مکروہ کہا ہے کیونکہ یہ بھی ایک قسم کا دھوکہ ہے۔ امام شافعیؒ اور ہمارے اصحاب کا یہی قول ہے۔

## ۸۳۳: بَابُ مَاجَاءَ لَا یَبِیْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ

## ۸۳۳: باب کوئی شہری گاؤں والے کی چیز فروخت نہ کرے

۱۲۲۸: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ وَاَحْمَدُبْنُ مَنِیْعٍ قَالَا ثَنَا سُفْیَانُ ابْنُ عُیَیْنَةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَقَالَ قُتَیْبَةُ یَبْلُغُ بِهِ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ لَا یَبِیْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَفِی الْبَابِ عَنْ

۱۲۲۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قتیبہ کہتے ہیں کہ وہ بھی یہ حدیث جانتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شہری، دیہاتی کی کوئی چیز نہ بیچے۔ اس باب میں

طَلْحَةَ وَاَنَسٍ وَجَابِرٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَحَكِيمِ بْنِ اَبِي يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْهِ وَعَمْرِوبْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيِّ جَدِّ كَثِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ۔

حضرت طلحہ، انس، جابر، ابن عباس اور حکیم بن ابی زید رضی اللہ عنہم (اپنے والد سے) کثیر بن عبداللہ کے دادا عمرو بن عوف مزنی اور ایک اور صحابی سے بھی روایات منقول ہیں۔

۱۲۲۹: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ وَاَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ قَالَا نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِّبَادٍ دَعُوْا النَّاسَ يَرْزُقِ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ حَدِيْثُ اَبِي هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَحَدِيْثُ جَابِرٍ فِي هٰذَا هُوَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ اَيْضًا وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ كَرِهُوْا اَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِّبَادٍ وَرَخَّصَ بَعْضُهُمْ فِي اَنْ يَشْتَرِيَ حَاضِرٌ لِّبَادٍ وَقَالَ الشَّافِعِيُّ يُكْرَهُ اَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِّبَادٍ وَاِنْ بَاعَ فَالْبَيْعُ جَائِزٌ۔

۱۲۲۹: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شہری، دیہاتی کا سودا نہ بیچے۔ لوگوں کو چھوڑ دو تا کہ اللہ تعالیٰ بعض کو بعض کے ذریعے رزق پہنچائے۔ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حسن صحیح ہے۔ حدیث جابر رضی اللہ عنہ بھی حسن صحیح ہے۔ بعض علماء صحابہ رضی اللہ عنہم وغیرہ کا اسی پر عمل ہے کہ شہری دیہاتی کی چیزیں فروخت نہ کرے۔ بعض اہل علم نے اس کی اجازت دی ہے کہ شہری دیہاتی سے مال خرید لے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ یہ مکروہ ہے کہ کوئی شہری، دیہاتی کی چیزیں فروخت کرے لیکن اگر ایسا کیا تو بیع جائز ہے۔

فائدہ: بیع وشراء کی کئی ایسی شکلیں جو عرب معاشرے میں رائج تھیں لیکن ان کے اندر ہر فریق کو اس کا پورا حق ملنے کی ضمانت نہ تھی بلکہ بعض دفعہ ایک فریق کو اپنے حق سے کلی یا جزوی طور پر محروم ہو جانا پڑتا تھا۔ ان بیوع میں سے چند ایک کا ذکر ان احادیث میں آ رہا ہے لہٰذا قاری کے لئے بہتر ہوگا کہ ان کا مختصر تعارف پیش کیا جائے تا کہ وہ آسانی سے ان اصطلاحات کو سمجھ سکے۔

(۱) بیع المحاقلہ: صاف گیہوں کی متعین مقدار کے بدلے گیہوں کی تیار کھیتی کا خریدنا بیچنا۔ (۲) بیع المحاقلہ: صرف گیہوں کے ساتھ مختص نہیں بلکہ صاف جو، صاف جوار، باجرہ، چنا اور چاول وغیرہ کے عوض جو، جوار، باجرہ، چنا اور چاول وغیرہ کی تیار فصل کا خریدنا بیچنا بھی محاقلہ ہے۔

(۳) بیع المزابنۃ: خشک چھوہاروں کی متعین مقدار کے بدلے درخت پر لگی تازہ کھجوروں کی خرید وفروخت کرنا۔ اسی طرح کشمش کی متعین مقدار کے عوض بیلوں میں لگے ہوئے تازہ انگوروں کی خرید وفروخت بھی۔

(۴) بیع المنابذہ: نام ہے اس بیع وشراء کا جس میں یہ طے ہوتا ہے کہ دوران سودا جب کوئی ایک فریق اپنا کپڑا دوسرے کی طرف پھینک دے گا تو معاملہ مکمل ہو جائے گا بغیر یہ کہے کہ "بعت" اور "اشریت" اور بغیر یہ دیکھے کہ خریدی اور بیچی جانے والی چیز کیسی ہے اور کیسی نہیں۔ بعض علماء نے اس سے ذرا مختلف تعریف بھی بیان کی ہے۔

(۵) بیع الملامسہ: بھی تقریباً اسی قسم کی بیع ہے۔

(۶) بیع الحصاۃ: وہ بیع جس کے اندر کسی چیز کی خرید وفروخت کا معاملہ اس وقت مکمل سمجھا جاتا ہے جب فریقین میں سے کوئی فریق دوسرے کی طرف کنکری پھینک دیتا ہے۔

(۷) بیع العربان: وہ بیع جس میں خریدار کسی شے کی خریداری کے سلسلے میں دکاندار کو بطور رقم کچھ بطور بیعانہ اس شرط کے ساتھ دیتا

ہے کہ اگر معاملہ طے پا گیا تو یہ رقم شے کی قیمت میں شامل اور شمار ہوگی اور طے نہ پایا تو بیعانے کی یہ رقم دکاندار کی ہو جائے گی' خریدار کو واپس نہیں ملے گی۔

(۸) بیع السنین یا بیع المعاومۃ: کسی باغ کے پھل کو آئندہ کئی سالوں کے لئے بیچنا۔

(۹) بیع الحیوان باللحم: زندہ جانور کو کٹے ہوئے گوشت کے عوض بیچنا خریدنا۔

(۱۰) بیع الغرر: بیچنے والا اپنی چیز کو جانتے ہوئے بھی اس طرح پیش کرے کہ جیسے وہ ہر لحاظ سے ٹھیک ہے۔ ایسی شے کی خرید وفروخت بھی بیع الغرر میں آتی ہے جس کا وصول ہونا خریدار کے لئے یقینی نہ ہو۔

(۱۱) بیع المعازفۃ: جس میں ماپ تول کے بغیر محض اندازے اور تخمینے سے اشیاء کی خرید وفروخت ہوتی ہے مثلاً غلہ کے ڈھیر کو ماپ تول کے بغیر دوسری معلوم المقدار یا مجہول المقدار چیز کے عوض بیچنا اور خریدنا بیع المعازفۃ ہے۔

(۱۲) بیع المعدوم: جس میں ایسی شے کی خرید وفروخت ہوتی ہے جو معاملہ کرتے وقت موجود نہیں ہوتی یعنی معدوم ہوتی ہے۔

(۱۳) بیع العینۃ: وہ بیع ہے جس میں فریقین کا اصل مقصود کسی شے کی خرید وفروخت نہیں ہوتا بلکہ اصل مقصود کمی وبیشی کے ساتھ زر و نقدی کا لین دین ہوتا ہے۔

(۱۴) بیع المحاضرۃ: باغ کے پھلوں کو ایسی حالت میں بیچنا خریدنا کہ وہ ابھی بالکل سبز کچے ہوں اور ان پر پکنے کے آثار نہ ہوں۔

ان مذکورہ بیوع کے علاوہ احادیث نبویہ میں کچھ اور بیوع کا ذکر ہے جن سے روکا اور منع کیا گیا ہے۔ گویا ہر وہ معاشی معاملہ جو اسلام کے معیار کے مطابق نہ تھا اس میں ایک فریق کی حق تلفی کا ضرور احتمال تھا۔

## ۸۳۴: بَابُ مَاجَاءَ فِي النَّهْيِ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ

۱۲۳۰ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَسَعْدٍ وَجَابِرٍ وَرَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْمُحَاقَلَةُ بَيْعُ الزَّرْعِ بِالْحِنْطَةِ وَالْمُزَابَنَةُ بَيْعُ الثَّمَرِ عَلٰى رُؤُوْسِ النَّخْلِ بِالتَّمْرِ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ كَرِهُوْا بَيْعَ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ۔

## ۸۳۴: باب محاقلہ اور مزابنہ کی ممانعت

۱۲۳۰: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے محاقلہ اور مزابنہ سے منع فرمایا۔ اس باب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما، ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما، زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ، جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی روایات منقول ہیں۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ بیع محاقلہ اور مزابنہ حرام ہے۔

۱۲۳۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ اَنَّ زَيْدًا اَبَا عَيَّاشٍ سَاَلَ سَعْدًا عَنِ الْبَيْضَاءِ بِالسُّلْتِ فَقَالَ اَيُّهُمَا اَفْضَلُ قَالَ الْبَيْضَاءُ فَنَهٰى عَنْ ذٰلِكَ وَقَالَ سَعْدٌ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ

۱۲۳۱: حضرت عبداللہ بن یزیدؒ سے روایت ہے کہ زید ابو عیاش نے سعدؓ سے گیہوں کو جو کے عوض خریدنے کے بارے میں پوچھا۔ سعدؓ نے کہا ان دونوں میں سے افضل کون سی چیز ہے؟ زید نے کہا گندم۔ پس انہوں نے منع کر دیا کہ یہ جائز

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُ عَنِ اشْتِرَآءِ التَّمْرِ بِالرُّطَبِ فَقَالَ لِمَنْ حَوْلَهُ اَيَنْقُصُ الرُّطَبُ اِذَا يَبِسَ قَالُوْا نَعَمْ فَنَهٰى عَنْ ذٰلِكَ.

نہیں اور فرمایا میں نے کسی کو رسول اللہؐ سے سوال کرتے ہوئے سنا کہ کھجوروں کو پکی کھجوروں کے عوض خرید نے کا کیا حکم ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنے پاس بیٹھے ہوئے لوگوں سے پوچھا کہ جب کچی کھجوریں پکتی ہیں تو کیا وزن میں کم ہو جاتی ہیں؟ انہوں نے کہا: جی ہاں۔ پس آپؐ نے منع فرما دیا۔

۱۲۳۲: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ زَيْدٍ اَبِىْ عَيَّاشٍ قَالَ سَاَلْنَا سَعْدًا فَذَكَرَ نَحْوَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَصْحَابِنَا.

۱۲۳۲: ہم سے روایت کی ہناد نے انہوں نے مالک سے انہوں نے عبداللہ بن یزید سے انہوں نے زید ابی عیاش سے وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سعدؓ سے پوچھا پھر اسی حدیث کی مانند حدیث ذکر کی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ امام شافعیؒ اور ہمارے اصحاب کا یہی قول ہے۔

## ۸۳۵: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ كَرَاهِيَةِ بَيْعِ الثَّمَرَةِ قَبْلَ اَنْ يَبْدُوَ صَلَاحُهَا

## ۸۳۵: باب پھل پکنے شروع ہونے سے پہلے بیچنا صحیح نہیں

۱۲۳۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ ثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتّٰى يَزْهُوَ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ السُّنْبُلِ حَتّٰى يَبْيَضَّ وَيَاْمَنَ الْعَاهَةَ نَهٰى الْبَائِعَ وَالْمُشْتَرِىَ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَعَائِشَةَ وَاَبِىْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَجَابِرٍ وَاَبِىْ سَعِيْدٍ وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ كَرِهُوْا بَيْعَ الثِّمَارِ قَبْلَ اَنْ يَبْدُوَ صَلَاحُهَا وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ.

۱۲۳۳: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوروں کو خوش رنگ یعنی پختہ ہونے سے پہلے بیچنے سے منع فرمایا۔ اسی سند سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بھی مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے گیہوں کو سفید ہونے اور آفت وغیرہ سے محفوظ ہونے سے پہلے بیچنے سے منع فرمایا۔ بیچنے اور خرید نے والے دونوں کو منع فرمایا۔ اس باب میں حضرت انسؓ، عائشہؓ، ابوہریرہؓ، ابن عباسؓ، جابرؓ، ابو سعیدؓ اور زید بن ثابتؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابن عمرؓ حسن صحیح ہے۔ صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء کا اسی پر عمل ہے کہ پھلوں کو پکنے سے پہلے فروخت کرنا منع ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

۱۲۳۴: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ ثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ وَعَفَّانُ وَسُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالُوْا ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْعِنَبِ حَتّٰى يَسْوَدَّ وَعَنْ بَيْعِ الْحَبِّ حَتّٰى يَشْتَدَّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا

۱۲۳۴: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انگور کے سیاہ ہونے اور تمام دانوں یا غلوں کے سخت ہونے سے پہلے بیچنے سے منع فرمایا۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف حماد بن

نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ.

سلمہ کی روایت سے مرفوعاً جانتے ہیں۔

## ۸۳۶: بَابُ مَا جَاءَ فِی النَّهْیِ عَنْ بَیْعِ حَبَلِ الْحَبَلَةِ

## ۸۳۶: باب حاملہ کا حمل بیچنے کی ممانعت

۱۲۳۵: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ بَیْعِ حَبَلِ الْحَبَلَةِ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ حَدِیْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ وَ حَبَلُ الْحَبَلَةِ نِتَاجُ النِّتَاجِ وَ هُوَبَیْعٌ مَفْسُوْخٌ عِنْدَاَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ مِنْ بُیُوْعِ الْغَرَرِ وَ قَدْرَوٰی شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَرَوٰی عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِیُّ وَغَیْرُهُ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ وَ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهٰذَا اَصَحُّ.

۱۲۳۵: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹنی کے حمل کے بچے کو بیچنے سے منع فرمایا۔ اس باب میں عبداللہ بن عباسؓ اور ابوسعید خدریؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابن عمرؓ حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے حبل الحبلہ سے مراد اونٹنی کے بچے کا بچہ ہے۔ اس کا فروخت کرنا اہل علم کے نزدیک باطل ہے اس لیے کہ وہ دھوکے کی بیع ہے۔ شعبہ یہ حدیث ایوب سے وہ سعید بن جبیر سے اور وہ ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں۔ عبدالوہاب ثقفی وغیرہ بھی یہ حدیث ایوب سے وہ سعید بن جبیر سے وہ نافع سے وہ ابن عمرؓ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں اور یہ زیادہ صحیح ہے۔

## ۸۳۷: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ بَیْعِ الْغَرَرِ

## ۸۳۷: باب دھوکے کی بیع حرام ہے

۱۲۳۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ ثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ الْغَرَرِ وَبَیْعِ الْحَصَاةِ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِیْ سَعِیْدٍ وَاَنَسٍ حَدِیْثُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا الْحَدِیْثِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ کَرِهُوْا بَیْعَ الْغَرَرِ قَالَ الشَّافِعِیُّ وَمِنْ بَیْعِ الْغَرَرِ بَیْعُ السَّمَکِ فِی الْمَآءِ وَبَیْعُ الْعَبْدِ الْاٰبِقِ وَبَیْعُ الطَّیْرِ فِی السَّمَآءِ وَنَحْوُ ذٰلِکَ مِنَ الْبُیُوْعِ وَمَعْنٰی بَیْعِ الْحَصَاةِ اَنْ یَقُوْلَ الْبَائِعُ لِلْمُشْتَرِیْ اِذَا نَبَذْتُ اِلَیْکَ بِالْحَصَاةِ فَقَدْ وَجَبَ الْبَیْعُ فِیْمَا بَیْنِیْ وَ بَیْنَکَ وَهُوَ یُشْبِهُ بَیْعَ

۱۲۳۶: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دھوکے اور کنکریاں مارنے کی بیع سے منع فرمایا۔ اس باب میں حضرت ابن عمرؓ، ابن عباسؓ، ابوسعیدؓ اور انسؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حدیث ابو ہریرہؓ حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ دھوکے والی بیع حرام ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ دھوکے والی بیع میں یہ چیزیں داخل ہیں مچھلی کا پانی میں ہوتے ہوئے فروخت کرنا۔ مفرور (یعنی بھاگے ہوئے) غلام کا فروخت کرنا اور پرندے کا اڑتے ہوئے فروخت کرنا اور اسی طرح کی دوسری بیوع بھی اسی ضمن میں آتی ہیں۔ بیع الحصاۃ کنکری مارنے والی بیع کا مطلب یہ ہے کہ بیچنے والا خریدنے والے سے یہ کہے کہ جب میں تیری طرف کنکری پھینکوں تو میرے اور تیرے درمیان بیع واجب ہوگئی۔ یہ بیع منابذہ ہی کے

الْمُنَابَذَةِ وَكَانَ هٰذَا مِنْ بُيُوْعِ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ.

## ۸۳۸ : بَابُ مَاجَاءَ فِي النَّهْيِ عَنْ بَيْعَتَيْنِ فِي بَيْعَةٍ

۱۲۳۷ : حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعَتَيْنِ فِي بَيْعَةٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَابْنِ عُمَرَ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ حَدِيْثُ اَبِي هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ وَقَدْ فَسَّرَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالُوْا بَيْعَتَيْنِ فِي بَيْعَةٍ اَنْ يَقُوْلَ اَبِيْعُكَ هٰذَا الثَّوْبَ بِنَقْدٍ بِعَشَرَةٍ وَبِنَسِيْئَةٍ بِعِشْرِيْنَ وَلَا يُفَارِقُهُ عَلٰى اَحَدِ الْبَيْعَيْنِ فَاِذَا فَارَقَهُ عَلٰى اَحَدِهِمَا فَلَا بَاْسَ اِذَا كَانَتِ الْعُقْدَةُ عَلٰى وَاحِدٍ مِنْهُمَا قَالَ الشَّافِعِيُّ وَمِنْ مَعْنٰى مَانَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعَتَيْنِ فِي بَيْعَةٍ اَنْ يَقُوْلَ اَبِيْعُكَ دَارِيْ هٰذَا بِكَذَا عَلٰى اَنْ تَبِيْعَنِيْ غُلَامَكَ بِكَذَا فَاِذَا وَجَبَ لِيْ غُلَامُكَ وَجَبَ لَكَ دَارِيْ هٰذَا يُفَارِقُ عَنْ بَيْعٍ بِغَيْرِ ثَمَنٍ مَعْلُوْمٍ وَلَا يَدْرِيْ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلٰى مَا وَقَعَتْ عَلَيْهِ صَفْقَتُهُ.

## ۸۳۹ : بَابُ مَاجَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ بَيْعِ مَالَيْسَ عِنْدَهُ

۱۲۳۸ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ اَبِي بِشْرٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهِكٍ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَاْتِيْنِي الرَّجُلُ فَيَسْاَلُنِيْ مِنَ الْبَيْعِ مَالَيْسَ عِنْدِيْ اَبْتَاعُ لَهُ مِنَ السُّوْقِ ثُمَّ اَبِيْعُهُ قَالَ لَا تَبِعْ مَالَيْسَ عِنْدَكَ.

۱۲۳۹ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ

مشابہ ہے۔ یہ سب زمانہ جاہلیت کی بیوع ہیں۔

## ۸۳۸: باب ایک بیع میں دو بیع کرنا منع ہے۔

۱۲۳۷: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک بیع میں دو بیع کرنے سے منع فرمایا۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن عمروؓ، ابن عمرؓ اور ابن مسعودؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اور اسی پر علماء کا عمل ہے۔ بعض علماء اس کی تفسیر یہ کرتے ہیں کہ کوئی شخص دوسرے سے کہے کہ میں تمہیں یہ کپڑا نقد دس روپے میں اور ادھار بیس روپے میں فروخت کرتا ہوں بشرطیکہ وہ دونوں میں سے کسی چیز پر متفق ہونے سے پہلے جدا ہو جائیں۔ پس اگر وہ نقد یا آدھار کسی ایک چیز پر متفق ہو گئے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ ایک بیع میں دو کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص کسی سے کہے کہ میں اپنا گھر اتنی قیمت میں بیچتا ہوں بشرطیکہ تم اپنا غلام مجھے اتنی قیمت میں فروخت کرو۔ پس جب تمہارا غلام میری ملکیت میں آ گیا۔ تو تم میرے مکان کے مالک ہو جاؤ گے۔ یہ ایسی بیع پر علیحدگی ہے جس کی قیمت معلوم نہیں۔ ان میں سے ایک بھی نہیں جانتا کہ اس کی چیز کس پر واقع ہوئی۔

## ۸۳۹: باب جو چیز بیچنے والے کے پاس نہ ہو اس کو بیچنا منع ہے۔

۱۲۳۸: حضرت حکیم بن حزامؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ لوگ میرے پاس آ کر ایسی چیز طلب کرتے ہیں جو میرے پاس نہیں ہوتی۔ کیا میں بازار سے خرید کر انہیں بیچ سکتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جو چیز تمہارے پاس نہ ہو اسے فروخت نہ کرو۔

۱۲۳۹: حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

يُوْسُفَ بْنِ مَاهِكٍ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ نَهَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَبِيْعَ مَالَيْسَ عِنْدِيْ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو.

کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس چیز کے فروخت کرنے سے منع فرمایا جو میرے پاس نہ ہو۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اس باب میں عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔

۱۲۴۰: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ ثَنَا اَيُّوْبُ ثَنَا عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ ثَنِيْ اَبِيْ عَنْ اَبِيْهِ حَتّٰى ذَكَرَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَايَحِلُّ سَلَفٌ وَبَيْعٌ وَلَا شَرْطَانِ فِيْ بَيْعٍ وَلَا رِبْحُ مَالَمْ يُضْمَنْ وَلَابَيْعُ مَالَيْسَ عِنْدَكَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ قَالَ اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قُلْتُ لِاَحْمَدَ مَامَعْنٰى نَهٰى عَنْ سَلَفٍ وَبَيْعٍ قَالَ اَنْ يَكُوْنَ يُقْرِضُهُ قَرْضًا ثُمَّ يُبَايِعُهُ بَيْعًا يَزْدَادُ عَلَيْهِ وَيَحْتَمِلُ اَنْ يَكُوْنَ يُسْلِفُ اِلَيْهِ فِيْ شَيْءٍ فَيَقُوْلُ اِنْ لَمْ يَتَهَيَّأْ عِنْدَكَ فَهُوَ بَيْعٌ عَلَيْكَ قَالَ اِسْحٰقُ كَمَا قَالَ قُلْتُ لِاَحْمَدَ وَعَنْ بَيْعِ مَالَمْ تَضْمَنْ قَالَ لَا يَكُوْنُ عِنْدِيْ اِلَّا فِي الطَّعَامِ يَعْنِيْ مَالَمْ تَقْبِضْ قَالَ اِسْحٰقُ كَمَا قَالَ فِيْ كُلِّ مَايُكَالُ وَيُوْزَنُ قَالَ اَحْمَدُ وَاِذَا قَالَ اَبِيْعُكَ هٰذَا الثَّوْبَ وَعَلَيَّ خِيَاطَتُهُ وَقِصَارَتُهُ فَهٰذَا مِنْ نَحْوِ شَرْطَيْنِ فِيْ بَيْعٍ وَاِذَا قَالَ اَبِيْعُكَهُ وَعَلَيَّ خِيَاطَتُهُ فَلَابَاْسَ بِهٖ اَوْ قَالَ اَبِيْعُكَهُ وَعَلَيَّ قِصَارَتُهُ فَلَابَاْسَ بِهٖ اِنَّمَا هٰذَا شَرْطٌ وَاحِدٌ قَالَ اِسْحٰقُ كَمَا قَالَ حَدِيْثُ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ وَرَوٰى اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ وَاَبُوْ بِشْرٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهِكٍ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ وَرَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَوْفٌ وَهِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ مُرْسَلٌ اِنَّمَا رَوَاهُ ابْنُ سِيْرِيْنَ عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ عَنْ يُوْسُفَ

۱۲۴۰: عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سلف اور بیع حلال نہیں۔ اور ایک بیع میں دو شرطیں بھی جائز نہیں۔ جس چیز کا وہ ضامن نہ ہو اس کا نفع بھی حلال نہیں اور جو چیز اس کے پاس نہ ہو اس کا فروخت کرنا بھی جائز نہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اسحٰق بن منصور کہتے ہیں کہ میں نے امام احمدؒ سے پوچھا کہ سلف کیساتھ بیع کی ممانعت کا کیا مطلب ہے۔ انہوں نے فرمایا اس سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص کسی کو قرض دے اور پھر کوئی چیز اسے قیمت سے زیادہ کی فروخت کر دے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس کے معنیٰ یہ ہوں کہ کوئی شخص کسی چیز کی قیمت قرض چھوڑ دے اور اس سے یہ کہے کہ اگر تم یہ قیمت ادا نہ کر سکے تو یہ چیز میرے ہاتھ فروخت ہوگئی۔ اسحاقؒ کہتے ہیں پھر میں نے امام احمدؒ سے اسی کا معنیٰ پوچھا کہ (جن کا ضامن نہ ہو اس کا منافع بھی حلال نہیں) انہوں نے فرمایا میرے نزدیک یہ صرف غلے وغیرہ میں ہے۔ یعنی جب تک قبضہ نہ ہو۔ اسحٰقؒ کہتے ہیں جو چیزیں تولی یا ناپی جاتی ہیں ان کا حکم بھی اسی طرح ہے یعنی قبضے سے پہلے اس کی بیع جائز نہیں۔ امام احمدؒ فرماتے ہیں اگر کوئی شخص یہ کہے کہ میں نے یہ کپڑا تمہارے ہاتھ اس شرط پر فروخت کیا کہ سلائی اور دھلائی میرے ذمہ ہے۔ تو یہ ایک بیع میں دو شرطوں کی طرح ہے۔ لیکن اگر یہ کہے کہ تمہیں یہ کپڑا فروخت کرتا ہوں اس کی سلائی بھی مجھ پر ہی ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ اسی طرح اگر صرف دھلائی کی شرط ہو تب بھی جائز ہے۔ اس لیے کہ یہ ایک ہی شرط ہے۔ اسحاقؒ نے اسی طرح کچھ کہا ہے (یعنی امام ترمذیؒ مضطرب ہیں) حکیم بن حزام کی حدیث حسن ہے۔ اور یہ حکیم بن حزام ہی سے کئی سندوں سے مروی ہے۔ یہ حدیث ایوب سختیانی اور ابوالبشر بھی یوسف بن

بْنِ مَاهِكٍ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ هٰكَذَا.

ماہک سے اور وہ حکیم بن حزام سے نقل کرتے ہیں۔ پھر عوف اور ہشام بن حسان، ابن سیرین سے اور وہ حکیم بن حزام سے مرسلاً نقل کرتے ہیں۔ ابن سیرین، ایوب سختیانی سے وہ یوسف بن ماھک سے اور وہ حکیم بن حزام سے اسی طرح نقل کرتے ہیں۔

۱۲۴۱: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ وَعَبْدَةُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ وَغَيْرُوَاحِدٍ قَالُوْ اَنَا عَبْدُالصَّمَدِ بْنُ عَبْدِالْوَارِثِ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهِكٍ عَنْ حَكِيْمٍ قَالَ نَهَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَبِيْعَ مَالَيْسَ عِنْدِيْ وَرَوٰى وَكِيْعٌ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ يَزِيْدَبْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهِكٍ وَرِوَايَةُ عَبْدِالصَّمَدِ اَصَحُّ وَقَدْرَوٰى يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍهٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهِكٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عِصْمَةَ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَاَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ كَرِهُوْا اَنْ يَّبِيْعَ الرَّجُلُ مَالَيْسَ عِنْدَهٗ.

۱۲۴۱: حکیم بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے وہ چیز فروخت کرنے سے منع فرمایا جو میرے پاس نہ ہو۔ وکیع یہی حدیث یزید بن ابراہیم سے وہ ابن سیرین سے وہ ایوب سے اور وہ حکیم بن حزام سے نقل کرتے ہیں اور اس میں یوسف بن ماھک کا ذکر نہیں کرتے۔ عبدالصمد کی حدیث زیادہ صحیح ہے۔ یحیٰی بن ابوکثیر بھی یہی حدیث یعلی بن حکیم سے وہ یوسف بن ماہک سے وہ عبداللہ بن عصمہ سے وہ حکیم بن حزام سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں اکثر اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ آدمی کے پاس جو چیز نہ ہو اس کا فروخت کرنا حرام ہے۔

## ۸۴۰: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ بَيْعِ الْوَلَآءِ وَهِبَتِهٖ

## ۸۴۰: باب کہ حق ولاء کا بیچنا اور ہبہ کرنا صحیح نہیں

۱۲۴۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيِّ ثَنَا سُفْيَانُ وَشُعْبَةُ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْوَلَآءِ وَعَنْ هِبَتِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ لَانَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ وَقَدْ رَوٰى يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَعَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم اَنَّهٗ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْوَلَآءِ وَهِبَتِهٖ وَهُوَ وَهَمٌ وَهِمَ فِيْهِ يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ وَقَدْ رَوٰى عَبْدُالْوَهَّابِ

۱۲۴۲: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حق ولاء[1] کے بیچنے اور ہبہ کرنے سے منع فرمایا۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ہم اسے صرف عبداللہ بن دینار کی ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت سے جانتے ہیں۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے یحیٰی بن سلیم یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے وہ نافع سے وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ اس حدیث میں وہم ہے۔ یحیٰی بن سلیم اس میں وہم کرتے ہیں۔ عبدالوہاب ثقفی، عبداللہ بن نمیر اور

[1] ولاء وہ حق ہے جو مالک کو غلام آزاد کرنے کی وجہ سے ملتا ہے۔ جب غلام فوت ہو جائے تو اس کا نسب سے وارث نہ ہو تو اسکے ترکہ کا مالک غلام کو آزاد کرنے والا ہوتا ہے۔ (مترجم)

الثَّقَفِيُّ وَعَبْدُاللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ يَحْيَى بْنِ سُلَيْمٍ.

کئی راوی یہ حدیث عبداللہ بن عمر سے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث یحییٰ بن سلیم کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔

## ۸۴۱: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيْئَةً

## ۸۴۱: باب جانور کے عوض جانور بطور قرض فروخت کرنا صحیح نہیں

۱۲۴۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى اَبُوْ مُوْسٰى ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيْئَةً وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَجَابِرٍ وَابْنِ عُمَرَ حَدِيْثُ سَمُرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَسِمَاعُ الْحَسَنِ مِنْ سَمُرَةَ صَحِيْحٌ هٰكَذَا قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَغَيْرُهُ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ وَغَيْرِهِمْ فِيْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيْئَةً هُوَقَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ وَبِهٖ يَقُوْلُ اَحْمَدُ وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ وَغَيْرِهِمْ فِيْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيْئَةً وَهُوَقَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاِسْحَاقَ.

۱۲۴۳: حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حیوان کے بدلے حیوان بطور قرض فروخت کرنے سے منع فرمایا۔ اس باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، جابر رضی اللہ عنہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور حسن کا حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے سماع بھی صحیح ہے۔ علی بن مدینی وغیرہ نے یہی کہا ہے۔ اکثر علماء صحابہ رضی اللہ عنہم وغیرہ کا اسی پر عمل ہے۔ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ اہل کوفہ اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کا یہی قول ہے۔ بعض صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور دیگر علماء نے جانور کو جانور کے بدلے ادھار فروخت کرنے کی اجازت دی ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور اسحٰق رحمۃ اللہ علیہ کا یہی قول ہے۔

۱۲۴۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ الْحُرَيْثِ ثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْحَجَّاجِ وَهُوَابْنُ اَرْطَاةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَيَوَانُ اِثْنَيْنِ بِوَاحِدَةٍ لَايَصْلُحُ نَسْئًا وَلَا بَأْسَ بِهٖ يَدًا بِيَدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

۱۲۴۴: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک جانور کے بدلے دو جانور ادھار بیچنا جائز نہیں۔ لیکن نقد بیچنے میں کوئی حرج نہیں۔

یہ حدیث حسن ہے۔

## ۸۴۲: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ شِرَاءِ الْعَبْدِ بِالْعَبْدَيْنِ

## ۸۴۲: باب دو غلاموں کے بدلے میں ایک غلام خریدنا

۱۲۴۵: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ جَآءَ عَبْدٌ فَبَايَعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْهِجْرَةِ وَلَا يَشْعُرُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۲۴۵: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ایک غلام نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ہجرت کی بیعت کی۔ آپ ﷺ کو علم نہیں تھا کہ یہ غلام ہے جب اس کا مالک اسے لے جانے کے

اَنَّهٗ عَبْدٌ فَجَآءَ سَيِّدُهٗ يُرِيْدُهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعْنِيْهِ فَاشْتَرَاهُ بِعَبْدَيْنِ اَسْوَدَيْنِ ثُمَّ لَمْ يُبَايِعْ اَحَدًا بَعْدُ حَتّٰى يَسْاَلَهٗ اَعَبْدٌ هُوَ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ حَدِيْثُ جَابِرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّهٗ لَا بَاْسَ بِعَبْدٍ بِعَبْدَيْنِ يَدًا بِيَدٍ وَاخْتَلَفُوْا فِيْهِ اِذَا كَانَ نَسِيئًا.

لئے آ گیا تو رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا کہ اسے میرے ہاتھ فروخت کردو۔ پس آپ ﷺ نے اسے دو سیاہ فام غلاموں کے عوض خریدا۔ اس کے بعد نبی اکرم ﷺ کسی سے اس وقت تک بیعت نہ کرتے جب تک اس سے پوچھ نہ لیتے کہ وہ غلام تو نہیں۔ اس باب میں حضرت انسؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت جابرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ دو غلام دے کر ایک غلام خریدنے میں کوئی حرج نہیں۔ بشرطیکہ ہاتھوں ہاتھ (یعنی نقد) ہو جب کہ قرض میں اختلاف ہے۔

## ۸۴۳: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الْحِنْطَةَ بِالْحِنْطَةِ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَكَرَاهِيَةِ التَّفَاضُلِ فِيْهِ

## ۸۴۳: باب گیہوں کے بدلے گیہوں بیچنے کا جواز اور کمی بیشی کا عدم جواز

۱۲۴۶: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ مِثْلًا بِمِثْلٍ فَمَنْ زَادَ اَوِ ازْدَادَ فَقَدْ اَرْبٰى بِيْعُوا الذَّهَبَ بِالْفِضَّةِ كَيْفَ شِئْتُمْ يَدًا بِيَدٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَبِلَالٍ حَدِيْثُ عُبَادَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ خَالِدٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ قَالَ بِيْعُوا الْبُرَّ بِالشَّعِيْرِ كَيْفَ شِئْتُمْ يَدًا بِيَدٍ وَرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ خَالِدٍ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ عَنْ عُبَادَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَدِيْثَ وَزَادَ فِيْهِ قَالَ خَالِدٌ قَالَ اَبُوْ قِلَابَةَ بِيْعُوا الْبُرَّ بِالشَّعِيْرِ كَيْفَ شِئْتُمْ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ لَا يَرَوْنَ اَنْ يُبَاعَ الْبُرُّ بِالْبُرِّ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ فَاِذَا اخْتَلَفَ

۱۲۴۶: حضرت عبادہ بن صامتؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سونے کے بدلے سونا برابر بیچو اور اسی طرح چاندی کے عوض چاندی، کھجور کے بدلے کھجور، گیہوں کے بدلے گیہوں، نمک کے بدلے نمک، اور جو کے عوض جو برابر فروخت کرو۔ جس نے زیادہ لیا یا دیا اس نے سود کا معاملہ کیا۔ پس سونا چاندی کے عوض، گیہوں کھجور کے عوض اور جو کھجور کے بدلے جس طرح چاہو فروخت کرو بشرطیکہ ہاتھوں ہاتھ (یعنی نقد) ہو۔ اس باب میں حضرت ابوسعیدؓ، ابوہریرہؓ اور بلالؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حضرت عبادہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض راوی یہ حدیث اسی سند سے خالد سے بھی روایت کرتے ہیں اس میں یہ الفاظ ہیں۔ گیہوں کے بدلے جو کو جس طرح چاہو فروخت کرنا لیکن نقد و نقد ہونا شرط ہے۔ بعض راوی یہ حدیث خالد سے وہ ابوقلابہ سے وہ ابوالاشعث سے وہ عبادہ سے اور وہ نبی ﷺ سے نقل کرتے ہیں اور اس میں یہ الفاظ زیادہ کرتے ہیں کہ خالد ابوقلابہ کے حوالہ سے کہتے ہیں کہ گیہوں جو کے عوض جیسے چاہو فروخت کرو......الخ

اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ گندم کو گندم کے عوض برابر ہی بیچا جا سکتا ہے اور اسی طرح جو کے عوض جو بھی برابر برابر

الْاَصْنَافُ فَلَا بَأْسَ اَنْ یُّبَاعَ مُتَفَاضِلًا اِذَا کَانَ یَدًا بِیَدٍ وَھٰذَا قَوْلُ اَکْثَرِ اَھْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِھِمْ وَھُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَالشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ الشَّافِعِیُّ وَالْحُجَّۃُ فِیْ ذٰلِکَ قَوْلُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِیْعُوا الشَّعِیْرَ بِالْبُرِّ کَیْفَ شِئْتُمْ یَدًا بِیَدٍ وَقَدْ کَرِہَ قَوْمٌ مِنْ اَھْلِ الْعِلْمِ اَنْ یُّبَاعَ الْحِنْطَۃُ بِالشَّعِیْرِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَھُوَ قَوْلُ مَالِکِ بْنِ اَنَسٍ وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ اَصَحُّ۔

فروخت کیے جاسکتے ہیں یعنی اگر جنس مختلف ہوتو کمی بیشی سے بیچنے میں کوئی حرج نہیں جب کہ سودا نقد ہو۔ اکثر صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء کا یہی قول ہے۔ سفیان ثوریؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جو کے عوض گندم جس طرح چاہو فروخت کرو لیکن شرط یہ ہے کہ نقد و نقد ہو۔ اہل علم کی ایک جماعت نے جو کے بدلے گندم بڑھا کر بیچنے کو مکروہ کہا ہے۔ امام مالک بن انسؒ کا یہی قول ہے۔ پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔

## ۸۴۴: بَابُ مَاجَاءَ فِی الصَّرْفِ

## ۸۴۴: باب بیع صرف کے بارے میں

۱۲۴۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ ثَنَا شَیْبَانُ عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَنْ نَافِعٍ قَالَ انْطَلَقْتُ اَنَا وَابْنُ عُمَرَ اِلٰی اَبِیْ سَعِیْدٍ فَحَدَّثَنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمِعَتْہُ اُذُنَایَ ھَاتَیْنِ یَقُوْلُ لَا تَبِیْعُوا الذَّھَبَ بِالذَّھَبِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَالْفِضَّۃَ بِالْفِضَّۃِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ لَا یُشَفُّ بَعْضُہٗ عَلٰی بَعْضٍ وَلَا تَبِیْعُوْا مِنْہُ غَائِبًا بِنَاجِزٍ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَھِشَامِ بْنِ عَامِرٍ وَالْبَرَآءِ وَزَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ وَفَضَالَۃَ بْنِ عُبَیْدٍ وَاَبِیْ بَکْرَۃَ وَابْنِ عُمَرَ وَاَبِی الدَّرْدَآءِ وَبِلَالٍ حَدِیْثُ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ اَھْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَّا مَارُوِیَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّہٗ کَانَ لَا یَرٰی بَاْسًا اَنْ یُّبَاعَ الذَّھَبُ بِالذَّھَبِ مُتَفَاضِلًا وَالْفِضَّۃُ بِالْفِضَّۃِ مُتَفَاضِلًا اِذَا کَانَ یَدًا بِیَدٍ وَقَالَ اِنَّمَا الرِّبٰوا فِی النَّسِیْئَۃِ وَکَذٰلِکَ مَرْوِیٌّ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِہٖ شَیْءٌ مِنْ ھٰذَا وَقَدْ رُوِیَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّہٗ رَجَعَ عَنْ قَوْلِہٖ حِیْنَ حَدَّثَہٗ اَبُوْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیُّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ اَصَحُّ وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ اَھْلِ الْعِلْمِ وَھُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَابْنِ الْمُبَارَکِ

۱۲۴۷: حضرت نافع سے روایت ہے کہ میں اور ابن عمرؓ حضرت ابوسعیدؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے بتایا کہ میں نے اپنے ان دونوں کانوں سے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ سونا سونے کے بدلے اور چاندی، چاندی کے عوض برابر بیچو نہ کم نہ زیادہ۔ اور ان دونوں کی ادائیگی دست بدست (نقد) کرو۔ یعنی دونوں فریق ایک ہی وقت میں ادائیگی کریں کوئی اس میں تاخیر نہ کرے۔ اس باب میں ابوبکر صدیق، عمرؓ، عثمانؓ، ابوھریرہؓ، ہشام بن عامرؓ، براءؓ، زید بن ارقمؓ، فضالہ بن عبید، ابوبکرہؓ، ابن عمرؓ، ابودرداءؓ اور بلالؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حدیث ابوسعید حسن صحیح ہے۔ صحابہ کرامؓ اور دیگر اہل علم کا اس پر عمل ہے۔ حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ سونے کے بدلے سونا اور چاندی کے بدلے میں چاندی میں کمی زیادتی جائز ہے۔ بشرطیکہ دست بدست (نقد) ہو وہ فرماتے ہیں کہ یہ ربا تو اس صورت میں ہے کہ یہ معاملہ قرض کی صورت میں ہو۔ حضرت ابن عباسؓ کے بعض دوستوں سے بھی اسی طرح منقول ہے۔ لیکن ابن عباسؓ نے جب یہ حدیث ابوسعید خدریؓ کی سنی تو اپنے قول سے رجوع کرلیا تھا۔ لہٰذا پہلا قول ہی صحیح ہے اور اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ سفیان ثوریؒ، ابن مبارکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

وَالشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحَاقَ وَرُوِيَ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ اَنَّهُ قَالَ لَيْسَ فِي الصَّرْفِ اِخْتِلَافٌ.

حضرت عبداللہ بن مبارکؒ سے منقول ہے کہ بیع صرف میں کوئی اختلاف نہیں۔

۱۲۴۸: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنْتُ اَبِيْعُ الْاِبِلَ بِالْبَقِيْعِ فَاَبِيْعُ بِالدَّنَانِيْرِ فَاٰخُذُ مَكَانَهَا الْوَرِقَ وَاَبِيْعُ بِالْوَرِقِ فَاٰخُذُ مَكَانَهَا الدَّنَانِيْرَ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْتُهُ خَارِجًا مِنْ بَيْتِ حَفْصَةَ فَسَاَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ لَا بَاْسَ بِهِ بِالْقِيْمَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَرَوٰى دَاوُدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَوْقُوْفًا وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنْ لَّا بَاْسَ اَنْ يَّقْتَضِيَ الذَّهَبَ مِنَ الْوَرِقِ وَالْوَرِقَ مِنَ الذَّهَبِ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحَاقَ وَقَدْ كَرِهَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ ذٰلِكَ.

۱۲۴۸: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ میں بقیع کے بازار میں دیناروں کے عوض اونٹ فروخت کیا کرتا تھا۔ پس دیناروں کے عوض بیچنے پر دراہم میں بھی قیمت وصول کر لیتا اور اسی طرح دراہم کے عوض بیچنے میں دیناروں میں بھی۔ پھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حفصہؓ کے گھر سے نکل رہے تھے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس مسئلے کے بارے میں پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیمت طے کر لینے کی صورت میں کوئی حرج نہیں۔ اس حدیث کو ہم صرف سماک بن حرب کی روایت سے مرفوعاً جانتے ہیں۔ سماک بن حرب سعید بن جبیر سے اور وہ ابن عمرؓ سے نقل کرتے ہیں۔ داؤد بن ابو ہند یہی حدیث سعید بن جبیر سے اور وہ ابن عمرؓ موقوفاً نقل کرتے ہیں۔ بعض علماء کا اسی پر عمل ہے وہ فرماتے ہیں کہ سونے اور چاندی کے لین دین میں کوئی حرج نہیں۔ امام احمدؒ، اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء نے اسے ناپسند کیا ہے۔

۱۲۴۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ اَنَّهُ قَالَ اَقْبَلْتُ اَقُوْلُ مَنْ يَّصْطَرِفُ الدَّرَاهِمَ فَقَالَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَهُوَ عِنْدَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَرِنَا ذَهَبَكَ ثُمَّ ائْتِنَا اِذَا جَاءَ خَادِمُنَا نُعْطِكَ وَرِقَكَ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ كَلَّا وَاللّٰهِ لَتُعْطِيَنَّهُ وَرِقَهُ اَوْ لَتَرُدَّنَّ اِلَيْهِ ذَهَبَهُ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْوَرِقُ بِالذَّهَبِ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ وَمَعْنٰى قَوْلِهِ اِلَّا هَاءَ

۱۲۴۹: حضرت مالک بن اوس کہتے ہیں کہ میں بازار میں یہ پوچھتا ہوا داخل ہوا کہ دیناروں کے بدلے مجھے کون درہم دے سکتا ہے۔ طلحہ بن عبیداللہؓ جو حضرت عمرؓ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہنے لگے اپنا سونا ہمیں دکھاؤ اور پھر تھوڑی دیر بعد آنا جب ہمارا خادم آ جائے تو ہم تمہیں تمہارے درہم دے دیں گے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: اللہ کی قسم یہ ممکن نہیں یا تو تم انہیں اپنے درہم دکھاؤ یا ان کا سونا واپس کر دو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سونے کے بدلے چاندی اگر دست بدست (نقد) نہ ہو تو سود ہے۔ اور اسی طرح گندم، کے بدلے گندم، جو، کے بدلے جو اور کھجور کے بدلے کھجور سود ہے مگر یہ کہ دست بدست (نقد) ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔

وَهَاءَ يَقُوْلُ يَدَ ابِيَدٍ.

''اِلَّاهَاءَ وَهَاءَ'' کا مطلب ہاتھوں ہاتھ (یعنی نقد)۔

## ۸۴۵: بَابُ مَاجَاءَ فِي ابْتِيَاعِ النَّخْلِ بَعْدَالتَّابِيْرِ وَالْعَبْدِ وَلَهُ مَالٌ

## ۸۴۵: باب پیوند کاری کے بعد کھجوروں اور مالدار غلام کی بیع

۱۲۵۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ ابْتَاعَ نَخْلاً بَعْدَ اَنْ تُؤَبَّرَ فَثَمَرَ تُهَا لِلَّذِيْ بَاعَهَا اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ وَمَنِ ابْتَاعَ عَبْدًا وَلَهُ مَالٌ فَمَالُهُ لِلَّذِيْ بَاعَهُ اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ هٰكَذَا رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ ابْتَاعَ نَخْلاً بَعْدَاَنْ تَؤَبَّرَفَثَمَرَ تُهَا لِلْبَائِعِ اِلَّااَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ وَمَنْ بَاعَ عَبْدًا وَلَهُ مَالٌ فَمَالُهُ لِلْبَائِعِ اِلَّااَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ وَرُوِيَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ ابْتَاعَ نَخْلاً قَدْ اُبِّرَتْ فَثَمَرَ تُهَا لِلْبَائِعِ اِلَّااَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ وَرُوِيَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ اَنَّهُ قَالَ مَنْ بَاعَ عَبْدًا وَلَهُ مَالٌ فَمَالُهُ لِلْبَائِعِ اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ هٰكَذَارَوٰى عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَغَيْرُهُ عَنْ نَافِعٍ الْحَدِيْثَيْنِ وَقَدْرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْضًا وَرَوٰى عِكْرِمَةُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَحَدِيْثِ سَالِمٍ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحَاقَ قَالَ مُحَمَّدٌ وَحَدِيْثُ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم اَصَحُّ.

۱۲۵۰: حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ علیہ کو فرماتے ہوئے سنا جو شخص کھجور کا درخت پیوند کاری کے بعد خریدے تو اس کا پھل بیچنے والے کے لئے ہے۔ البتہ اگر خریدار شرط لگا چکا ہو تو کوئی حرج نہیں اور اگر کوئی مال دار غلام کو فروخت کرے تو اس کا مال بھی بیچنے والے کے لئے ہے مگر یہ کہ خریدار شرط طے کرلے۔ اس باب میں حضرت جابرؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت ابن عمرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اور یہ حدیث زہری سے بھی بحوالہ سالم کئی سندوں سے اسی طرح منقول ہے۔ سالم، ابن عمرؓ سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرمؐ نے فرمایا اگر کسی نے کھجور کا درخت پیوند کاری کے بعد خریدا تو پھل فروخت کرنے والا کا ہوگا بشرطیکہ خریدنے والے نے خرید تے وقت اس کی بھی شرط نہ لگائی ہو۔ اسی طرح اگر کوئی شخص غلام فروخت کرے گا۔ تو غلام کا مال بیچنے والے کی ملکیت ہوگا بشرطیکہ خریدار نے اس کی بھی شرط نہ لگائی ہو۔ حضرت نافعؒ، حضرت ابن عمرؓ سے اور وہ نبی علیہ سے اسی طرح نقل کرتے ہیں کہ پیوند کاری کے بعد فروخت کی جانے والی کھجوروں (کے درختوں) کا پھل بیچنے والے کا ہوگا بشرطیکہ خریدنے والا اس کی شرط نہ لگا چکا ہو۔ پھر اسی سند سے حضرت عمرؓ سے بھی منقول ہے کہ جس شخص نے غلام کو فروخت کیا اور خریدنے والے نے مال کی شرط نہ لگائی تو مال فروخت کرنے والے ہی کا ہے۔ عبیداللہ بن عمرؓ بھی نافع سے دونوں حدیثیں اسی طرح نقل کرتے ہیں ۔ بعض راوی یہ حدیث بحوالہ ابن عمرؓ، نافع سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں ۔ پھر عکرمہ بن خالد بھی ابن عمرؓ سے حضرت سالم ہی کی حدیث کے مثل نقل کرتے ہیں۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے، جن میں امام شافعیؒ، احمدؒ، اور اسحٰقؒ بھی شامل ہیں۔ امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ کہتے ہیں کہ زہری کی سالم سے اور ان کی اپنے والد سے منقول حدیث اصح ہے۔

## ۸۴۶: بَابُ مَاجَاءَ الْبَیِّعَانِ بِالْخِیَارِ مَالَمْ یَتفرَّقَا

۱۲۵۱: حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِالْاَ عْلَی الْکُوْفِیُّ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الْبَیِّعَانَ بِالْخِیَارِ مَا لَمْ یَتفرَّقَا اَوْیَخْتَارَ قَالَ فَکَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا ابْتَاعَ بَیْعًا وَھُوَ قَاعِدٌ قَامَ لِیَجِبَ لَہٗ.

۱۲۵۲: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ شُعْبَۃَ ثَنِیْ قَتَادَۃُ عَنْ صَالِحٍ اَبِی الْخَلِیْلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ حَکِیْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْبَیِّعَانِ بِالْخِیَارِ مَالَمْ یَتفرَّقَا فَاِنْ صَدَقَا وَبَیَّنَا بُوْرِکَ لَھُمَا فِیْ بَیْعِھِمَا وَاِنْ کَذَبَا وَکَتَمَا مُحِقَتْ بَرَکَۃُ بَیْعِھِمَا وَھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ بَرْزَۃَ وَعَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو وَسَمُرَۃَ وَاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثُ بْنِ عُمَرَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ اَھْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِھِمْ وَھُوَقَوْلُ الشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالُوْا الْفُرْقَۃُ بِالْاَبْدَانِ لَا بِالْکَلَامِ وَقَدْ قَالَ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ مَعْنٰی قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَالَمْ یَتفرَّقَا یَعْنِی الْفُرْقَۃَ بِالْکَلَامِ وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ اَصَحُّ لِاَنَّ ابْنَ عُمَرَ ھُوَرَوٰی عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ اَعْلَمُ بِمَعْنٰی مَارَوٰی وَرُوِیَ عَنْہُ اَنَّہٗ کَانَ اِذَا اَرَادَاَنْ یُوْجِبَ الْبَیْعَ مَشٰی لِیَجِبَ لَہٗ ھٰکَذَا رُوِیَ عَنْ اَبِیْ بَرْزَۃَالْاَ سْلَمِیِّ اَنَّ رَجُلَیْنِ اخْتَصَمَااِلَیْہِ فِیْ فَرَسٍ بَعْدَ مَاتَبَایَعَافَکَانُوْا فِیْ سَفِیْنَۃٍ فَقَالَ لَا اَرَاکُمَا افْتَرَقْتُمَا وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

## ۸۴۶: باب بائع اور مشتری کوافتراق سے پہلے اختیار رہے

۱۲۵۱: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ بیچنے اور خرید نے والا جب تک جدانہ ہوں انہیں اختیار ہے (کہ بیع کو باقی رکھیں یا فسخ کردیں) یا یہ کہ وہ آپس میں اختیار کی شرط کرلیں۔ نافع کہتے ہیں حضرت ابن عمرؓ جب کوئی چیز خریدتے اور آپ ﷺ بیٹھے ہوتے تو کھڑے ہوجاتے تا کہ بیع مکمل ہوجائے۔

۱۲۵۲: حضرت حکیم بن حزامؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا فروخت کرنے والے اور خرید نے والے کوجدا ہونے تک اختیار ہے۔ پس اگران لوگوں نے بیع میں سچائی کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا توان کی بیع میں برکت دے دی گئی لیکن اگرانہوں نے جھوٹ کا سہارا لیا تو اس بیع سے برکت اٹھالی گئی ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے ۔ اس باب میں حضرت ابو برزہؓ، عبداللہ بن عمروؓ، سمرہ، ابو ہریرہؓ اورابن عباسؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت ابن عمرؓ کی حدیث بھی حسن صحیح ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء کا اسی پرعمل ہے۔ امام شافعیؒ ،احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے کہ جدائی سے مراد جسموں کی جدائی ہے نہ کہ بات کی۔ بعض اہل علم نے اسے کلام کے اختتام پرمحمول کیا ہے۔ لیکن پہلا قول ہی صحیح ہے۔ اس لیے کہ نبی اکرم ﷺ سے نقل کرنے والے راوی وہ خود ہیں اور وہ اپنی نقل کی ہوئی حدیث کوسب سے زیادہ سمجھتے ہیں ۔ ابن عمرؓ سے ہی منقول ہے کہ وہ بیع کا ارادہ کرتے تو اٹھ کر چل دیتے تا کہ اختیار باقی نہ رہے۔ حضرت ابو برزہ اسلمیؓ سے بھی اسی طرح منقول ہے کہ ان کے پاس دو شخص ایک گھوڑے کی خرید وفروخت کے متعلق فیصلہ کرانے کے لئے حاضر ہوئے جس کی بیع کشتی میں ہوئی تھی تو ابو برزہؓ نے فرمایا تمہیں اختیار ہے اس لیے کہ کشتی میں سفر کرنے والے جدا نہیں ہوسکتے

اَلْبَیِّعَانِ بِالْخِیَارِ مَالَمْ یَتَفَرَّقَا وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ وَغَیْرِهِمْ اِلٰی اَنَّ الْفُرْقَةَ بِالْكَلَامِ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِیِّ وَهٰكَذَا رُوِیَ عَنْ مَالِكِ ابْنِ اَنَسٍ وَرُوِیَ عَنِ الْمُبَارَكِ اَنَّهٗ قَالَ كَیْفَ اَرُدُّ هٰذَا وَالْحَدِیْثُ فِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَحِیْحٌ فَقَوّٰی هٰذَا الْمَذْهَبَ وَمَعْنٰی قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بَیْعَ الْخِیَارِ مَعْنَاهُ اَنْ یُّخَیِّرَ الْبَائِعُ الْمُشْتَرِیَ بَعْدَ اِیْجَابِ الْبَیْعِ فَاِذَا خَیَّرَهٗ فَاخْتَارَ الْبَیْعَ فَلَیْسَ لَهٗ خِیَارٌ بَعْدَ ذٰلِكَ فِیْ فَسْخِ الْبَیْعِ وَاِنْ لَّمْ یَتَفَرَّقَا هٰكَذَا فَسَّرَهُ الشَّافِعِیُّ وَغَیْرُهٗ مِمَّا یُقَوِّیْ قَوْلَ مَنْ یَّقُوْلُ الْفُرْقَةُ بِالْاَبْدَانِ لَا بِالْكَلَامِ حَدِیْثُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

اور نبی اکرم ﷺ نے جدائی کو اختیار کے ساتھ مشروط کیا ہے۔ بعض اہل علم کا مسلک یہی ہے کہ اس سے مراد افتراق بالکلام ہے۔ اہل کوفہ، ثوریؒ اور امام مالکؒ کا بھی یہی قول ہے۔ ابن مبارکؒ کہتے ہیں کہ جسموں کے افتراق کا مذہب زیادہ قوی ہے کیونکہ اس میں نبی اکرم ﷺ سے صحیح حدیث منقول ہے نبی اکرم ﷺ کے ارشاد کے معنیٰ یہ ہیں کہ فروخت کرنے والا خریدنے والے کو اختیار دے لیکن اگر اس اختیار دینے کے بعد خریدنے والے نے بیع کو اختیار کر لیا تو پھر خریدنے والے کا اختیار ختم ہو گیا۔ خواہ جدا ہوئے ہوں یا نہ ہوئے ہوں۔ امام شافعیؒ اور کئی اہل علم حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی حدیث کی یہی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد افتراق ابدان (یعنی جسموں کا افتراق ہے)

۱۲۵۳: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ قُتَیْبَةُ ثَنَا اللَّیْثُ بْنُ سَعِیْدٍ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْبَیِّعَانِ بِالْخِیَارِ مَالَمْ یَتَفَرَّقَا اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ صَفْقَةَ خِیَارٍ وَلَا یَحِلُّ لَهٗ اَنْ یُّفَارِقَ صَاحِبَهٗ خَشْیَةَ اَنْ یَّسْتَقِیْلَهٗ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَمَعْنٰی هٰذَا اَنْ یُّفَارِقَهٗ بَعْدَ الْبَیْعِ خَشْیَةَ اَنْ یَّسْتَقِیْلَهٗ وَلَوْ كَانَ الْفُرْقَةُ بِالْكَلَامِ وَلَمْ یَكُنْ لَهٗ خِیَارٌ بَعْدَ الْبَیْعِ لَمْ یَكُنْ لِهٰذَا الْحَدِیْثِ مَعْنًی حَیْثُ قَالَ وَلَا یَحِلُّ لَهٗ اَنْ یُّفَارِقَهٗ خَشْیَةَ اَنْ یَّسْتَقِیْلَهٗ.

۱۲۵۳: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ جدائی تک بیچنے اور خریدنے والے کو اختیار ہے البتہ اگر بیع میں خیار کی شرط لگائی گئی ہو تو بعد میں بھی اختیار باقی رہتا ہے۔ پھر ان میں سے کسی کے لئے بھی یہ جائز نہیں کہ دوسرے سے اس لیے جلدی وفارقت اختیار کرے کہ کہیں وہ بیع فسخ نہ کر دے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اس حدیث کے معنیٰ بھی بدنوں کے افتراق ہی کے ہیں کیونکہ اگر اس سے مراد افتراق کلام لیا جاتا تو اس حدیث کے کوئی معنیٰ نہ بنتے جب کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ کوئی اس ڈر سے جدائی کی راہ اختیار نہ کرے کہ کہیں بیع فسخ نہ ہو جائے۔

## ۸۴۷: بَابٌ

۱۲۵۴: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ ثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ ثَنَا یَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا زُرْعَةَ بْنَ عَمْرٍو یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَتَفَرَّقَنَّ عَنْ بَیْعٍ اِلَّا عَنْ تَرَاضٍ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ.

## ۸۴۷: باب

۱۲۵۴: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فروخت کرنے اور خریدنے والا اس وقت تک جدا نہ ہوں جب تک وہ آپس میں راضی نہ ہوں یہ حدیث غریب ہے۔

۱۲۵۵: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ الشَّیْبَانِیُّ ثَنَا ابْنُ

۱۲۵۵: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی

وَهْبٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيَّرَ اَعْرَابِيًّا بَعْدَ الْبَيْعِ وَهٰذَاحَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ.

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دیہاتی کو بیع کے بعد اختیار دیا۔

یہ حدیث حسن غریب ہے۔

## ۸۴۸: بَابُ مَاجَاءَ فِيْمَنْ يُخْدَعُ فِي الْبَيْعِ

## ۸۴۸: باب جوآدمی بیع میں دھوکہ کھاجائے

۱۲۵۶: حَدَّثَنَايُوْسُفُ ابْنُ حَمَّادٍ الْبَصْرِيُّ ثَنَا عَبْدُالْاَعْلٰى بْنُ عَبْدِ الْاَ عْلٰى عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلاً كَانَ فِيْ عُقْدَتِهٖ ضَعْفٌ وَكَانَ يُبَايِعُ وَاَنَّ اَهْلَهٗ اَتَوُاالنَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ احْجُرْعَلَيْهِ فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَهَاهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِنِّيْ لاَ اَصْبِرُ عَنِ الْبَيْعِ فَقَالَ اِذَا بَايَعْتَ فَقُلْ هَاءَ وَ هَاءَ وَلاَ خِلاَبَةَ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثُ اَنَسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَقَالُوْا الْحَجْرُ عَلَى الرَّجُلِ الْحُرِّفِي الْبَيْعِ وَالشِّرَآءِ اِذَا كَانَ ضَعِيْفَ الْعَقْلِ وَهُوَقَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحَاقَ وَلَمْ يَرَ بَعْضُهُمْ اَنْ يُّحْجَرَعَلَى الْحُرِّالْبَالِغِ.

۱۲۵۶: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص خرید وفروخت میں کمزور تھا اور وہ خرید وفروخت کرتا تھا چنانچہ اس کے گھر والے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اسے بیع سے روک دیں۔ آپ ﷺ نے اسے بلایا اور تجارت سے منع کیا تو اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھے اس کے بغیر صبر نہیں آتا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اچھا اگر تم خرید وفروخت کرو تو اس طرح کہہ دیا کرو کہ برابر برابر لین دین ہے اس میں فریب اور دھوکہ نہیں۔ اس باب میں حضرت ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت انسؓ کی حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ کمزور عقل والے کو خرید فروخت سے روکا جائے۔ امام احمدؒ اور اسحقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کے نزدیک ایک آزاد اور بالغ آدمی کو خرید و فروخت سے روکنا جائز نہیں۔

## ۸۴۹: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمُصَرَّاةِ

## ۸۴۹: باب دودھ روکے ہوئے جانور کی بیع

۱۲۵۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ ثَنَاوَكِيْعٌ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اشْتَرٰى مُصَرَّاةً فَهُوَبِالْخِيَارِ اِذَا حَلَبَهَا اِنْ شَآءَ رَدَّهَاوَ رَدَّمَعَهَا صَاعًامِنْ تَمْرٍوَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَرَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۱۲۵۷: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر کسی شخص نے ایسا دودھ دینے والا جانور خریدا جس کا دودھ اسکے مالک نے کئی روز سے روکا ہوا تھا تو اسے اختیار ہے کہ دودھ دوہنے کے بعد چاہے تو ایک صاع کھجور کے ساتھ واپس کردے۔ اس باب میں حضرت انسؓ اور ایک دوسرے صحابی سے بھی روایت ہے۔

۱۲۵۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا اَبُوْعَامِرٍ ثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اشْتَرٰى مُصَرَّاةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَاِنْ رَدَّهَا رَدَّمَعَهَا صَاعًا مِنْ طَعَامٍ لَا

۱۲۵۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے تھنوں میں روکے ہوئے دودھ والا جانور خرید اسے تین دن تک اختیار ہے اگر واپس کرے تو گندم کے علاوہ کوئی دوسرا غلہ ایک صاع دے۔

سَمْرَآءَ مَعْنٰی لاَ سَمْرَآءَ لَا بُرَّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا الْحَدِیْثِ عِنْدَ اَصْحَابِنَا مِنْهُمُ الشَّافِعِیُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ.

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ہمارے اصحاب کا اسی پر عمل ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ، احمد رحمۃ اللہ علیہ اور اسحٰق رحمۃ اللہ علیہ بھی ان میں شامل ہیں۔

## ۸۵۰: بَابُ مَاجَاءَ فِی اشْتِرَاطِ ظَهْرِ الدَّابَّةِ عِنْدَ الْبَیْعِ

## ۸۵۰: باب جانور بیچتے وقت سواری کی شرط لگانا

۱۲۵۹: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَا وَکِیْعٌ عَنْ زَکَرِیَّا عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّهٗ بَاعَ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعِیْرًا وَاشْتَرَطَ ظَهْرَهٗ اِلٰی اَهْلِهٖ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ قَدْرُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ جَابِرٍ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِهِمْ یَرَوْنَ الشَّرْطَ جَائِزًا فِی الْبَیْعِ اِذَا کَانَ شَرْطًا وَاحِدًا وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ لاَ یَجُوْزُ الشَّرْطُ فِی الْبَیْعِ وَلاَ یَتِمُّ الْبَیْعُ اِذَا کَانَ فِیْهِ شَرْطٌ.

۱۲۵۹: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک اونٹ فروخت کیا اور اس پر اپنے گھر تک سواری کرنے کی شرط لگائی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے کئی سندوں سے منقول ہے۔ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دیگر اہل علم کا اس پر عمل ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ بیع میں ایک شرط جائز ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کے نزدیک بیع میں شرط لگانا جائز نہیں اور مشروط بیع پوری نہیں ہوگی۔

## ۸۵۱: بَابُ الْاِنْتِفَاعِ بِالرَّهْنِ

## ۸۵۱: باب رہن رکھی ہوئی چیز سے فائدہ اٹھانا

۱۲۶۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ وَیُوْسُفُ بْنُ عِیْسٰی قَالاَ ثَنَا وَکِیْعٌ عَنْ زَکَرِیَّا عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الظَّهْرُ یُرْکَبُ اِذَا کَانَ مَرْهُوْنًا وَلَبَنُ الدَّرِّ یُشْرَبُ اِذَا کَانَ مَرْهُوْنًا وَعَلَی الَّذِیْ یَرْکَبُ وَیَشْرَبُ نَفَقَتُهٗ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ لاَ نَعْرِفُهٗ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ عَامِرِ الشَّعْبِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَقَدْرَوٰی غَیْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ مَوْقُوْفًا وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ لَیْسَ لَهٗ اَنْ یَنْتَفِعَ مِنَ الرَّهْنِ بِشَیْءٍ.

۱۲۶۰: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ گروی رکھے جانے والے جانور کو سواری کے لئے استعمال کرنا یا اس کا دودھ استعمال کرنا جائز ہے۔ لیکن سوار ہونے اور دودھ استعمال کرنے پر اس کا نفقہ وغیرہ بھی واجب ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ہم اسے صرف ابو شعبی کی حضرتؓ سے روایت سے صرف مرفوع جانتے ہیں۔ کئی راوی یہ حدیث اعمش سے وہ ابو صالح سے اور وہ حضرت ابو ہریرہؓ سے موقوفاً نقل کرتے ہیں۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ بھی اسی کے قائل ہیں۔ بعض اہل علم کے نزدیک گروی رکھی ہوئی چیز سے فائدہ اٹھانا جائز نہیں۔

## ۸۵۲: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ شِرَآءِ الْقِلاَدَةِ وَفِیْهَا ذَهَبٌ وَخَرَزٌ

## ۸۵۲: باب ایسا ہار خریدنا جس میں سونے اور ہیرے ہوں

۱۲۶۱: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا اللَّیْثُ عَنْ اَبِیْ شُجَاعٍ سَعِیْدِ

۱۲۶۱: حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ غزوۂ خیبر

بْنِ یَزِیْدَ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِیْ عِمْرَانَ عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِیِّ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَیْدٍ قَالَ اشْتَرَیْتُ یَوْمَ خَیْبَرَ قِلَادَةً بِاثْنَیْ عَشَرَ دِیْنَارًا فِیْهَا ذَهَبٌ وَخَرَزٌ فَفَصَّلْتُهَا فَوَجَدْتُ فِیْهَا اَکْثَرَ مِنَ اثْنَیْ عَشَرَ دِیْنَارًا فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تُبَاعُ حَتّٰی تُفَصَّلَ.

کے موقع پر میں نے بارہ دینار کا ایک ہار خریدا جس میں سونا اور نگینے جڑے ہوئے تھے۔ میں نے انہیں الگ کیا تو بارہ دینار سے زیادہ (سونا) پایا۔ پس میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سونا الگ کئے بغیر نہ بیچا جائے۔

۱۲۶۲: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَکِ عَنْ اَبِیْ شُجَاعٍ سَعِیْدِ بْنِ یَزِیْدَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِهِمْ لَمْ یَرَوْا اَنْ یُبَاعَ سَیْفٌ مُحَلًّی اَوْمِنْطَقَةٌ مُفَضَّضَةٌ اَوْمِثْلُ هٰذَا بِدَرَاهِمَ حَتّٰی یُمَیَّزَ وَیُفَصَّلَ وَهُوَ قَوْلُ ابْنِ الْمُبَارَکِ وَالشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَ قَدْ رَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِیْ ذٰلِکَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

۱۲۶۲: ہم سے روایت کی قتیبہ نے انہوں نے ابن مبارک سے انہوں نے ابی شجاع سے انہوں نے سعید بن یزید سے اسی اسناد سے اسی حدیث کی مثل۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دیگر علماء کا اس پر عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ کسی تلوار یا کمر بند وغیرہ جس میں چاندی لگی ہوئی ہو اس کا ان چیزوں سے الگ کئے بغیر فروخت کرنا جائز نہیں تاکہ دونوں چیزیں الگ الگ ہو جائیں۔ ابن مبارکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء نے اس کی اجازت دی ہے۔

## ۸۵۳: بَابُ مَاجَاءَ فِی اشْتِرَاطِ الْوَلَاءِ وَالزَّجْرِ عَنْ ذٰلِکَ

## ۸۵۳: باب غلام یا باندی آزاد کرتے ہوئے ولاء کی شرط کی ممانعت

۱۲۶۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا اَرَادَتْ اَنْ تَشْتَرِیَ بَرِیْرَةَ فَاشْتَرَطُوا الْوَلَاءَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرِیْهَا فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْطَی الثَّمَنَ اَوْلِمَنْ وَلِیَ النِّعْمَةَ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ حَدِیْثُ عَائِشَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ وَقَالَ مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ یُکْنٰی اَبَاعَتَّابٍ.

۱۲۶۳: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے بریرہ کو خریدنے کا ارادہ کیا تو بیچنے والوں نے ولاء کی شرط لگائی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اسے خرید لو کیونکہ حق ولاء تو اسی کے لئے ہے جو اس کی قیمت دے یا اس کا مالک بن جائے۔ اس باب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اس پر عمل ہے۔ منصور بن معتمر کی کنیت ابو عتاب ہے۔

۱۲۶۴: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ الْعَطَّارُ الْبَصْرِیُّ عَنْ عَلِیِّ بْنِ الْمَدِیْنِیِّ قَالَ سَمِعْتُ یَحْیَی بْنَ سَعِیْدٍ یَقُوْلُ اِذَا حُدِّثْتَ عَنْ مَنْصُوْرٍ فَقَدْ مَلَأْتَ یَدَکَ مِنَ الْخَیْرِ لَا تُرِدْ غَیْرَهُ ثُمَّ قَالَ یَحْیٰی مَا اَجِدُ فِیْ اِبْرَاهِیْمَ النَّخْعِیِّ

۱۲۶۴: ابوبکر عطار بصری علی بن مدینی سے اور وہ یحییٰ بن سعید کے حوالے سے کہتے ہیں کہ جب تمہیں منصور کے واسطے سے کوئی حدیث پہنچے تو سمجھ لو کہ تمہارے دونوں ہاتھ خیر سے بھر گئے اور اس کے بعد کسی اور کی ضرورت نہیں۔ یحییٰ کہتے ہیں کہ ابراہیم نخعی اور

وَمُجَاهِدٍ اَثْبَتَ مِنْ مَنْصُوْرٍ وَاَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی الْاَسْوَدِ قَالَ قَالَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ مَنْصُوْرًا ثَبْتُ اَهْلِ الْکُوْفَةِ.

مجاہد سے روایت کرنے والوں سے منصور سے اثبت کوئی نہیں۔ امام بخاریؒ، عبداللہ بن اسود سے اور وہ عبدالرحمٰن بن مہدی سے نقل کرتے ہیں کہ منصور کوفہ کے تمام راویوں سے اثبت ہیں۔

## ۸۵۴: بَابٌ

## ۸۵۴: باب

۱۲۶۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ ثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ عَیَّاشٍ عَنْ اَبِیْ حُصَیْنٍ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ عَنْ حَکِیْمِ بْنِ حِزَامٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ حَکِیْمَ بْنَ حِزَامٍ یَشْتَرِیْ لَهٗ اُضْحِیَّةً بِدِیْنَارٍ فَاشْتَرٰی اُضْحِیَّةً فَاُرْبِحَ فِیْهَا دِیْنَارًا فَاشْتَرٰی اُخْرٰی مَکَانَهَا فَجَآءَ بِالْاُضْحِیَّةِ وَالدِّیْنَارِ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ضَحِّ بِالشَّاةِ وَتَصَدَّقْ بِالدِّیْنَارِ حَدِیْثُ حَکِیْمِ بْنِ حِزَامٍ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَحَبِیْبُ بْنُ اَبِیْ ثَابِتٍ لَمْ یَسْمَعْ عِنْدِیْ مِنْ حَکِیْمِ بْنِ حِزَامٍ.

۱۲۶۵۔ حضرت حکیم بن حزامؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں ایک دینار کے عوض قربانی کے لئے جانور خریدنے کے لئے بھیجا انہوں نے اس سے جانور خریدا اور اسے دو دینار میں فروخت کر دیا۔ پھر ایک اور جانور ایک دینار کے عوض خرید کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور وہ دینار بھی ساتھ ہی پیش کیا جو منافع ہوا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا کہ جانور کو ذبح کر دو اور دینار صدقے میں دے دو۔ حکیم بن حزام کی یہ حدیث ہم صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ ہمارے علم میں حبیب بن ابی ثابت کا حکیم بن حزام سے سماع ثابت نہیں۔

۱۲۶۶: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِیْدٍ الدَّارِمِیُّ ثَنَا حَبَّانُ ثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مُوْسٰی ثَنَا الزُّبَیْرُ بْنُ الْخِرِّیْتِ عَنْ اَبِیْ لَبِیْدٍ عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِیِّ قَالَ دَفَعَ اِلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دِیْنَارًا لِاَشْتَرِیَ لَهٗ شَاةً فَاشْتَرَیْتُ لَهٗ شَاتَیْنِ فَبِعْتُ اَحَدَهُمَا بِدِیْنَارٍ وَجِئْتُ بِالشَّاةِ وَالدِّیْنَارِ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَ لَهٗ مِنْ اَمْرِهٖ فَقَالَ بَارَکَ اللّٰهُ لَکَ فِیْ صَفْقَةِ یَمِیْنِکَ فَکَانَ یَخْرُجُ بَعْدَ ذٰلِکَ اِلٰی کُنَاسَةِ الْکُوْفَةِ فَیَرْبَحُ الرِّبْحَ الْعَظِیْمَ فَکَانَ مِنْ اَکْثَرِ اَهْلِ الْکُوْفَةِ مَالًا.

۱۲۶۶: حضرت عروہ بارقیؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایک دینار دیا اور حکم دیا کہ ان کے لئے ایک بکری خرید لاؤں۔ میں نے ایک دینار میں دو بکریاں خریدیں اور ان میں سے ایک بکری ایک دینار کی فروخت کرنے کے بعد دوسری بکری اور ایک دینار لے کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ پھر آپ ﷺ کے سامنے قصہ بیان کیا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہارے دائیں ہاتھ میں برکت دے اس کے بعد حضرت عروہ کوفہ میں کناسہ کے مقام پر تجارت کیا کرتے اور بہت زیادہ نفع کمایا کرتے۔ پس حضرت عروہؓ کوفہ میں سب سے زیادہ مال دار تھے۔

۱۲۶۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِیْدٍ ثَنَا حَبَّانُ ثَنَا سَعِیْدُ بْنُ زَیْدٍ ثَنَا الزُّبَیْرُ بْنُ خِرِّیْتٍ عَنْ اَبِیْ لَبِیْدٍ فَذَکَرَ نَحْوَهٗ وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِلٰی هٰذَا الْحَدِیْثِ وَقَالُوْا بِهٖ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَلَمْ یَاْخُذْ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ مِنْهُمُ الشَّافِعِیُّ وَسَعِیْدُ بْنُ زَیْدٍ

۱۲۶۷: احمد بن سعید، حبان سے وہ سعید بن زید سے وہ زبیر بن خریت سے اور ابولبید سے اسی کے مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ بعض اہل علم کا مسلک اسی کے مطابق ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ لیکن بعض علماء اس پر عمل نہیں کرتے۔ امام شافعیؒ اور حماد بن زید کے بھائی سعید بن زید بھی

اَخُوْحَمَّادِ بْنِ زَیْدٍ وَاَبُوْ لَبِیْدٍ اِسْمُهٗ لِمَازَةُ.

انہیں میں شامل ہیں۔ ابولبید کا نام لمازہ ہے۔

## ۸۵۵: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْمُکَاتَبِ اِذَا کَانَ عِنْدَهٗ مَایُؤَدِّیْ

## ۸۵۵: باب مکاتب[1] کے پاس ادائیگی کے لئے مال ہوتو؟

۱۲۶۸: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْبَزَّازُ ثَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ ثَنَا حَمَّادُبْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَصَابَ الْمُکَاتَبُ حَدًّااَوْمِیْرَ اثًا وَرِثَ بِحِسَابِ مَاعَتَقَ مِنْهُ وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُؤَدِّی الْمُکَاتَبُ بِحِصَّةِ مَااَدّٰی دِیَةَ حُرٍّوَمَابَقِیَ دِیَةَ عَبْدٍ وَفِی الْبَابِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَهٰکَذَا رَوٰی یَحْیَی بْنُ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ رَوٰی خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ عِکْرِ مَةَ عَنْ عَلِیٍّ قَوْلَهٗ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا الْحَدِیْثِ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِ هِمْ وَقَالَ اَکْثَرُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِ هِمُ الْمُکَاتَبُ عَبْدٌ مَابَقِیَ عَلَیْهِ دِرْهَمٌ وَهُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَالشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ.

۱۲۶۸: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر مکاتب کو دیت یا وراثت کا مال ملے تو وہ اتنے ہی مال کا مستحق ہوگا جتنا وہ آزاد ہو چکا ہے۔ اگر اس کی دیت ادا کی جائے تو جتنا آزاد ہو چکا ہے اتنی آزاد شخص کی دیت اس کے وارثوں کو دی جائے اور جتنا غلام ہے اتنی غلام کی قیمت اس کے مالک کو بطور بدل کتابت دی جائے۔ اس باب میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے بھی حدیث منقول ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث حسن صحیح ہے۔ یحییٰ بن ابی کثیر بھی عکرمہ سے اور وہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہی حدیث اسی طرح مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔ خالد بن حذاء بھی عکرمہ سے اور وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے انہیں کا قول نقل کرتے ہیں۔ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دیگر علماء کا اسی پر عمل ہے۔ اکثر صحابہ کرامؓ اور اہل علم کے نزدیک مکاتب پر ایک درہم بھی باقی ہوتو وہ غلام ہی ہے۔ سفیان ثوریؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

۱۲۶۹: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِیْ اُنَیْسَةَ عَنْ عَمْرِ وبْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَخْطُبُ یَقُوْلُ مَنْ کَاتَبَ عَبْدَهٗ عَلٰی مِائَةِ اُوْقِیَّةٍ فَاَدَّا هَا اِلَّا عَشْرَةَ اَوَاقٍ اَوْقَالَ عَشْرَةَ دَرَاهِمَ ثُمَّ عَجَزَ فَهُوَ رَقِیْقٌ وَهٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَالْعَمَلُ عَلَیْهِ عِنْدَ اَکْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِ هِمْ اَنَّ الْمُکَاتَبَ عَبْدٌمَابَقِیَ عَلَیْهِ شَیْءٌ مِنْ کِتَابَتِهٖ وَقَدْرَوَاهُ الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ عَنْ عَمْرِ و بْنِ شُعَیْبٍ نَحْوَهٗ.

۱۲۶۹: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر کسی نے اپنے غلام کو سو اوقیہ دینے کی شرط پر آزاد کرنے کا کہا لیکن غلام دس اوقیہ یا (فرمایا) دس درہم ادا نہ کر سکا تو وہ غلام ہی ہے۔ (یعنی باقی نوے درہم ادا کر دئے لیکن دس درہم باقی ادا نہ کر سکا) یہ حدیث غریب ہے۔ اکثر صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء کا اسی پر عمل ہے کہ مکاتب اس وقت تک غلام ہے جب تک اس کے ذمے کچھ بھی باقی ہے۔ حجاج بن ارطاۃ نے عمرو بن شعیب سے اس کی مثل بیان کیا ہے۔

[1] مکاتب اس غلام کو کہتے ہیں جس سے اس کا مالک یہ کہہ دے کہ اگر تم اتنے پیسے ادا کر دو تو تم آزاد ہو۔ (مترجم)

۱۲۷۰: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ نَبْهَانَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ عِنْدَ مُكَاتَبِ اِحْدٰكُنَّ مَايُؤَدِّىْ فَلْتَحْتَجِبْ مِنْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَمَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ عَلَى التَّوَرُّعِ وَقَالُوْا لَا يَعْتِقُ الْمُكَاتَبُ وَاِنْ كَانَ عِنْدَهٗ مَايُؤَدِّىْ حَتّٰى يُؤَدِّىَ.

۱۲۷۰: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کسی عورت کے مکاتب کے پاس اتنا مال ہو کہ وہ اپنی مکاتب کی تمام رقم ادا کر سکے تو اس سے پردہ کرنا چاہیے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کے نزدیک اس کا مطلب تقویٰ واحتیاط ہے ورنہ جب تک وہ ادائیگی نہ کرے آزاد نہ ہوگا اگرچہ اس کے پاس اتنی رقم ہو۔

## ۸۵۶: بَابُ مَا جَاءَ اِذَا اَفْلَسَ لِلرَّجُلِ غَرِيْمٌ فَيَجِدُ عِنْدَهٗ مَتَاعَهٗ

## ۸۵۶: باب کوئی شخص مقروض کے پاس اپنا مال پائے تو کیا حکم ہے

۱۲۷۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِالْعَزِيْزِ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَيُّمَا امْرِءٍ اَفْلَسَ وَوَجَدَ رَجُلٌ سِلْعَتَهٗ عِنْدَهٗ بِعَيْنِهَا فَهُوَ اَوْلٰى بِهَا مِنْ غَيْرِهٖ وَفِى الْبَابِ عَنْ سَمُرَةَ وَابْنِ عُمَرَ حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ هُوَ اُسْوَةٌ لِلْغُرَمَاءِ وَهُوَ قَوْلُ اَهْلِ الْكُوْفَةِ.

۱۲۷۱: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مفلس ہو جائے پھر کوئی آدمی اپنا مال بعینہ اسکے پاس پائے تو وہ دوسروں کی نسبت اس مال کا زیادہ حق دار ہے۔ اس باب میں حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حسن صحیح ہے۔ بعض اہل علم کا اس پر عمل ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ وہ دوسرے قرض خواہوں کے برابر ہے۔ اہل کوفہ کا یہی قول ہے۔

## ۸۵۷: بَابُ مَاجَاءَ فِى النَّهْيِ لِلْمُسْلِمِ اَنْ يَدْفَعَ اِلَى الذِّمِّيِّ الْخَمْرَ يَبِيْعُهَا لَهٗ

## ۸۵۷: باب مسلمان کسی ذمی کو شراب بیچنے کے لئے نہ دے

۱۲۷۲: حَدَّثَنَا عَلِيُّ ابْنُ خَشْرَمٍ ثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ مُجَالِدٍ عَنْ اَبِى الْوَدَّاكِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ قَالَ كَانَ عِنْدَنَا خَمْرٌ لِيَتِيْمٍ فَلَمَّا نَزَلَتِ الْمَائِدَةُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقُلْتُ اِنَّهٗ لِيَتِيْمٍ قَالَ اَهْرِيْقُوْهُ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ حَدِيْثُ اَبِىْ سَعِيْدٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا وَقَالَ بِهٰذَا

۱۲۷۲: حضرت ابو سعیدؓ سے روایت ہے کہ ہمارے پاس ایک یتیم کی شراب تھی کہ سورہ مائدہ نازل ہوئی تو میں نے نبی اکرم ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا اور عرض کیا کہ وہ ایک یتیم لڑکے کی ہے آپ ﷺ نے فرمایا اس کو بہا دو۔ اس باب میں حضرت انس بن مالکؓ سے بھی روایت ہے۔ ابو سعیدؓ کی روایت حسن ہے اور کئی سندوں سے نبی اکرم ﷺ سے مروی ہے۔ بعض علماء اسی کے قائل ہیں۔ ان کے نزدیک شراب کو

اَهْلِ الْعِلْمِ وَكَرِهُوْا اَنْ يُّتَّخَذَ الْخَمْرُ خَلًّا وَاِنَّمَا كُرِهَ بَعْضُ مِنْ ذٰلِكَ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اَنْ يَكُوْنَ الْمُسْلِمُ فِيْ بَيْتِهٖ خَمْرٌ حَتّٰى يَصِيْرَ خَلًّا وَرَخَّصَ بَعْضُهُمْ فِيْ خَلِّ الْخَمْرِ اِذَا وُجِدَ قَدْ صَارَ خَلًّا.

سرکہ بنانا حرام ہے۔ شاید اس لئے کہ واللہ اعلم مسلمان شراب سے سرکہ بنانے کے لئے اپنے گھروں میں نہ رکھنے لگیں۔ بعض اہل علم خود بخود سرکہ بن جانے والی شراب کو رکھنے کی اجازت دیتے ہیں۔

## ۸۵۸: بَابٌ

۱۲۷۳: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ ثَنَا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ عَنْ شَرِيْكٍ وَقَيْسٌ عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَدِّ الْاَمَانَةَ اِلٰى مَنِ ائْتَمَنَكَ وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ قَدْ ذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ وَقَالُوْا اِذَا كَانَ لِلرَّجُلِ عَلٰى اٰخَرَ شَيْئٌ فَذَهَبَ بِهٖ فَوَقَعَ لَهٗ عِنْدَهٗ شَيْئٌ فَلَيْسَ لَهٗ اَنْ يَحْبِسَ عَنْهُ بِقَدْرِ مَا ذَهَبَ لَهٗ عَلَيْهِ وَرَخَّصَ فِيْهِ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَقَالَ اِنْ كَانَ لَهٗ عَلَيْهِ دَرَاهِمُ فَوَقَعَ عِنْدَهٗ دَنَانِيْرُ فَلَيْسَ لَهٗ اَنْ يَحْبِسَ بِمَكَانِ دَرَاهِمِهٖ اِلَّا اَنْ يَقَعَ عِنْدَهٗ دَرَاهِمُ فَلَهٗ حِيْنَئِذٍ اَنْ يَحْبِسَ مِنْ دَرَاهِمِهٖ بِقَدْرِ مَالَهٗ عَلَيْهِ.

## ۸۵۸: باب

۱۲۷۳: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تمہارے پاس کوئی شخص امانت رکھے تو اسے ادا کرو اور جو تمہارے ساتھ خیانت کرے اس کے ساتھ خیانت نہ کرو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو قرض دیا اور وہ ادا کئے بغیر چلا گیا اور قرض خواہ کے پاس اپنی کوئی چیز چھوڑ گیا تو اس کے لئے جائز نہیں کہ اس کی چیز پر قبضہ کرلے۔ بعض تابعینؒ نے اس کی اجازت دی ہے۔ سفیان ثوریؒ کہتے ہیں کہ اگر اس کے پاس اس کے درہم تھے اور قرض خواہ کے پاس اس کے دینار رکھے ہوئے تھے تو ان کو رکھنا جائز نہیں البتہ اگر درہم ہوتے تو اپنے قرض کے برابر رکھ لینا درست تھا۔

## ۸۵۹: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الْعَارِيَةَ مُؤَدَّاةٌ

۱۲۷۴: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَا ثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ خُطْبَتِهٖ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ الْعَارِيَةُ مُؤَدَّاةٌ وَالزَّعِيْمُ غَارِمٌ وَالدَّيْنُ مَقْضِيٌّ وَفِي الْبَابِ عَنْ سَمُرَةَ وَصَفْوَانَ بْنِ اُمَيَّةَ وَاَنَسٍ حَدِيْثُ اَبِيْ اُمَامَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْضًا مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

## ۸۵۹: باب مستعار چیز کا واپس کرنا ضروری ہے

۱۲۷۴: حضرت ابو امامہؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حجۃ الوداع کے موقع پر خطبہ دیتے ہوئے سنا۔ آپ ﷺ نے فرمایا مستعار چیز قابل واپسی ہے۔ ضامن ذمہ دار ہے اور قرض ادا کیا جائے۔

اس باب میں حضرت سمرہؓ، صفوان بن امیہ اور انسؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابی امامہؓ حسن ہے اور نبی اکرم ﷺ سے بواسطہ ابوامامہؓ اور سندوں سے بھی مروی ہے۔

۱۲۷۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ

۱۲۷۵: حضرت سمرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہاتھ

عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَلَى الْيَدِمَا اَخَذَتْ حَتّٰى تُؤَدِّيَ قَالَ قَتَادَةُ ثُمَّ نَسِيَ الْحَسَنُ فَقَالَ هُوَ اَمِيْنُكَ لَاضَمَانَ عَلَيْهِ يَعْنِي الْعَارِيَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ اِلٰى هٰذَا وَقَالُوْا يَضْمَنُ صَاحِبُ الْعَارِيَةِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ لَيْسَ عَلٰى صَاحِبِ الْعَارِيَةِ ضَمَانٌ اِلَّا يُخَالِفَ وَ هُوَقَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ وَبِهٖ يَقُوْلُ اِسْحٰقُ.

پر اس چیز کی ادائیگی واجب ہے جو اس نے لی۔ یہاں تک کہ ادا کرے۔ قتادہ کہتے ہیں کہ پھر حسن بھول گئے اور فرمانے لگے وہ تمہارا امین ہے اور اس دی ہوئی چیز کے ضائع ہونے پر جرمانہ نہیں ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء کا یہی مسلک ہے۔ کہ چیز لینے والا ضامن ہوتا ہے۔ امام شافعیؒ اور احمدؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور دوسرے علماء کے نزدیک اگر مانگ کر لی ہوئی چیز ضائع ہو جائے تو اس پر جرمانہ نہیں ہوگا۔ بشرطیکہ مالک کی مرضی کے خلاف استعمال نہ کرے۔ اگر مالک کی مرضی کے خلاف استعمال کرے اور وہ چیز ضائع ہو جائے تو اس صورت میں اسے جرمانے کے طور پر ادا کرنا ضروری ہے۔ اہل کوفہ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

## ۸۶۰ : بَابُ مَاجَاءَ فِي الْاِحْتِكَارِ

## ۸۶۰: باب غلے کی ذخیرہ اندوزی

۱۲۷۶ : حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ ثَنَا يَزِيْدُبْنُ هَارُوْنَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نَضْلَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَحْتَكِرُ اِلَّا خَاطِئٌ فَقُلْتُ لِسَعِيْدٍ يَااَبَا مُحَمَّدٍ اِنَّكَ تَحْتَكِرُ قَالَ وَمَعْمَرٌ قَدْكَانَ يَحْتَكِرُ وَاِنَّمَارُوِيَ عَنْ سَعِيْدِبْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهٗ كَانَ يَحْتَكِرُ الزَّيْتَ وَالْحِنْطَةَ وَنَحْوَ هٰذَا وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَعَلِيٍّ وَاَبِيْ اُمَامَةَ وَ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثُ مَعْمَرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ كَرِهُوْا احْتِكَارَ الطَّعَامِ وَرَخَّصَ بَعْضُهُمْ فِي الْاِحْتِكَارِ فِيْ غَيْرِ الطَّعَامِ وَقَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ لَا بَاْسَ بِالْاِحْتِكَارِ فِي الْقُطْنِ وَالسِّخْتِيَانِ وَنَحْوِهٖ.

۱۲۷۶: حضرت معمر بن عبداللہ بن فضلہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ذخیرہ اندوزی کر کے مہنگائی کا انتظار کرنے والا گنہگار ہے۔ راوی کہتے ہیں میں نے سعید سے کہا اے! ابو محمد آپ بھی تو ذخیرہ اندوزی کرتے ہیں تو انہوں نے فرمایا معمر بھی کرتے تھے اور سعید بن میتب سے منقول ہے کہ وہ تیل اور چارے کی ذخیرہ اندوزی کیا کرتے ہیں۔ (یعنی غلے کے علاوہ ان چیزوں کی ذخیرہ اندوزی کرتے تھے جو کھانے پینے میں استعمال نہیں ہوتیں)

اس باب میں حضرت عمرؓ، علیؓ، ابوامامہؓ اور ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ غلے کی ذخیرہ اندوزی حرام ہے۔ بعض اہل علم غلے کے علاوہ دیگر اشیاء میں اس کی اجازت دیتے ہیں۔ ابن مبارکؒ کہتے ہیں کہ روئی اور چمڑے کی ذخیرہ اندوزی میں کوئی حرج نہیں۔

فائدہ: اگر چہ اسلام افراد کو بیع وشراء اور فطری مقابلہ کی آزادی دیتا ہے لیکن اس بات سے اسے شدید انکار ہے کہ لوگ خود غرضی اور لالچ میں مبتلا ہو کر اپنی دولت میں اضافہ کرتے چلے جائیں خواہ اجناس اور رقوم کی دیگر اشیاء ضرورت ہی کے ذریعے کیوں نہ دولت سمیٹی جاسکے اس لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات میں ذخیرہ اندوزی کی سخت ممانعت وارد ہوئی ہے۔ ایک حدیث

میں ذخیرہ اندوز کی نفسیات اس طرح بیان کی گئی ہیں ''بہت برا ہے وہ بندہ جو ذخیرہ اندوزی کرتا ہے جب ارزانی ہوتی ہے تو برا محسوس ہونے لگتا ہے اور جب گرانی ہوتی ہے تو خوش ہو جاتا ہے''۔ اصل میں تاجر کے نفع کمانے کی دو صورتیں ہیں: ایک صورت یہ ہے کہ اشیائے تجارت جمع کر رکھے تا کہ مہنگے داموں فروخت کر سکے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ اشیائے تجارت بازار میں لے آئے اور تھوڑے نفع کے ساتھ اسے فروخت کر دے پھر دوسرا مال لے اور تھوڑے نفع کے ساتھ اسے بھی فروخت کر دے اسی طرح اپنا کاروبار جاری رکھے۔ ذخیرہ اندوزی کی حرمت دو باتوں سے مشروط ہے ایک یہ کسی ایسی جگہ ایسے وقت ذخیرہ کیا جائے جبکہ وہاں باشندوں کو اس سے تکلیف پہنچے۔ دوسرے اس سے مقصود قیمتیں چڑھانا ہوتا کہ خوب نفع کمایا جا سکے۔

## ۸۶۱: بَابُ مَاجَاءَ فِي بَيْعِ الْمُحَفَّلاتِ

## ۸۶۱: باب دودھ روکے ہوئے جانور کو فروخت کرنا

۱۲۷۷: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَسْتَقْبِلُوا السُّوْقَ وَلَا تُحَفِّلُوْا وَلَا يُنَفِّقْ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ كَرِهُوْا بَيْعَ الْمُحَفَّلَةِ وَهِيَ الْمُصَرَّاةُ لَا يَحْلُبُهَا صَاحِبُهَا اَيَّامًا اَوْنَحْوَ ذٰلِكَ لِيَجْتَمِعَ اللَّبَنُ فِيْ ضَرْعِهَا فَيَغْتَرُّبِهَا الْمُشْتَرِيْ وَهٰذَا ضَرْبٌ مِّنَ الْخَدِيْعَةِ وَالْغَرَرِ.

۱۲۷۷: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مال کے بازار میں پہنچنے سے پہلے خریدنے میں جلدی نہ کرو اور دودھ دینے والے جانور کا دودھ خریدار کو دھوکے میں ڈالنے کے لئے نہ روکو۔ اور جھوٹے خریدار بن کر کسی چیز کی قیمت نہ بڑھاؤ۔ (نیلام وغیرہ میں) اس باب میں حضرت ابن مسعودؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابن عباسؓ حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ دودھ روک کر جانور کو بیچنا حرام ہے۔ مصراۃ اور محفلہ دونوں ایک ہی چیزیں ہیں۔ کسی دودھ دینے والے جانور کا کئی دن تک دودھ نہ نکالا جائے تا کہ دودھ اس کے تھنوں میں جمع ہو جائے اور خریدار دھوکے میں پڑ کر اسے خرید لے یہ دھوکے اور فریب کی ایک ہی قسم ہے۔

## ۸۶۲: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْيَمِيْنِ الْفَاجِرَةِ يَقْتَطِعُ بِهَا مَالَ الْمُسْلِمِ

## ۸۶۲: باب جھوٹی قسم کھا کر کسی کا مال غصب کرنا

۱۲۷۸: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقِ ابْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ وَهُوَفِيْهَا فَاجِرٌ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ فَقَالَ الْاَشْعَثُ فِيَّ وَاللّٰهِ لَقَدْ كَانَ ذٰلِكَ كَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَجُلٍ مِّنَ

۱۲۷۸: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر کوئی شخص کسی کا مال غصب کرنے کے لئے جھوٹی قسم کھائے گا تو وہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس حال میں ملاقات کرے گا کہ اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہوں گے۔ اشعث بن قیس فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم یہ تو مجھ ہی سے متعلق ہے۔ میرے اور ایک یہودی کے درمیان ایک زمین میں شرکت تھی

الْیَهُوْدِ اَرْضٌ فَجَحَدَ نِیْ فَقَدَّمْتُهٗ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَکَ بَیِّنَةٌ فَقُلْتُ لَا فَقَالَ لِلْیَهُوْدِیِّ احْلِفْ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِذَنْ یَحْلِفَ فَیَذْهَبَ بِمَالِیْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَیْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِیْلاً الْاٰیَةَ اِلٰی اٰخِرِهَا وَفِی الْبَابِ عَنْ وَائِلِ ابْنِ حُجْرٍ وَاَبِیْ مُوْسٰی وَاَبِیْ اُمَامَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْاَنْصَارِیِّ وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ حَدِیْثُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

لیکن اس نے (میرے حصے) کا انکار کیا تو میں اسے لیکر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا تمہارے پاس گواہ ہیں۔ میں نے عرض کیا نہیں۔ آپ ﷺ نے یہودی سے کہا کہ تم قسم کھاؤ۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ وہ تو قسم کھالے گا اور میرا مال لے جائے گا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "اِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ...... (جولوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے تھوڑی قیمت لیتے ہیں ان کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں) اس باب میں وائل بن حجرؓ، ابوموسیٰؓ، ابوامامہ بن ثعلبہ انصاریؓ اور عمران بن حصینؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابن مسعودؓ حسن صحیح ہے۔

## ۸۶۳: بَابُ مَاجَاءَ اِذَا اخْتَلَفَ الْبَیِّعَانِ

## ۸۶۳: باب اگر خریدنے اور فروخت کرنے والے میں اختلاف ہوجائے

۱۲۷۹: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا سُفْیَانُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اخْتَلَفَ الْبَیِّعَانِ فَالْقَوْلُ قَوْلُ الْبَائِعِ وَالْمُبْتَاعُ بِالْخِیَارِ هٰذَا حَدِیْثٌ مُرْسَلٌ عَوْنُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ لَمْ یُدْرِکِ ابْنَ مَسْعُوْدٍ وَقَدْ رُوِیَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْحَدِیْثُ اَیْضًا وَهُوَ مُرْسَلٌ اَیْضًا قَالَ ابْنُ مَنْصُوْرٍ قُلْتُ لِاَحْمَدَ اِذَا اخْتَلَفَ الْبَیِّعَانِ وَلَمْ تَکُنْ بَیِّنَةٌ قَالَ الْقَوْلُ مَاقَالَ رَبُّ السِّلْعَةِ اَوْ یَتَرَادَّانِ قَالَ اِسْحَاقُ کَمَا قَالَ وَکُلُّ مَنْ کَانَ الْقَوْلُ قَوْلَهٗ فَعَلَیْهِ الْیَمِیْنُ وَقَدْرُوِیَ نَحْوُهٰذَا عَنْ بَعْضِ التَّابِعِیْنَ مِنْهُمْ شُرَیْحٌ.

۱۲۷۹: حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب فروخت کرنے والے اور خریدنے والے میں اختلاف ہوجائے تو بیچنے والے کے قول کا اعتبار ہوگا اور خریدنے والے کو اختیار ہے چاہے تو لے ورنہ واپس کردے۔ یہ حدیث مرسل ہے اس لیے کہ عون بن عبداللہ کی ابن مسعودؓ سے ملاقات نہیں ہوئی۔ یہ حدیث قاسم بن عبدالرحمٰن بھی ابن مسعودؓ سے مرسلاً نقل کرتے ہیں۔ ابن منصور نے احمد بن حنبلؒ سے پوچھا کہ اگر بائع اور مشتری میں اختلاف ہوجائے اور کوئی گواہ نہ ہو تو کیا حکم ہے"۔ فرمایا کہ اس میں فروخت کرنے والے کے قول کا اعتبار کیا جائے گا۔ پس اگر مشتری راضی ہو تو خریدے ورنہ چھوڑدے۔ اسحٰق" کہتے ہیں کہ فروخت کرنے والے کا قول قسم کیساتھ معتبر ہوگا۔ بعض تابعینؒ جن میں شریحؒ بھی شامل ہیں سے بھی یہی منقول ہے۔

## ۸۶۴: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ بَیْعِ فَضْلِ الْمَاءِ

## ۸۶۴: باب ضرورت سے زائد پانی کو فروخت کرنا

۱۲۸۰: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا دَاوٗدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ

۱۲۸۰: ایاس بن عبد مزنی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ

عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِى الْمِنْهَالِ عَنْ اِيَاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُزَنِيِّ قَالَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْمَآءِ وَفِى الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَبُهَيْسَةَ عَنْ اَبِيْهَا وَاَبِىْ هُرَيْرَةَ وَعَآئِشَةَ وَاَنَسٍ وَعَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو وَحَدِيْثُ اِيَاسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّهُمْ كَرِهُوْا بَيْعَ الْمَآءِ وَهُوَقَوْلُ ابْنُ الْمُبَارَكِ وَالشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَرَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِىْ بَيْعِ الْمَآءِ مِنْهُمُ الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ.

علیہ وسلم نے پانی فروخت کرنے سے منع فرمایا۔ اس باب میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ، بھیسہ رضی اللہ عنہ، بواسطہ والد، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، عائشہ رضی اللہ عنہا، انس رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔

حدیث ایاس حسن صحیح ہے۔ اکثر اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ کہ پانی بیچنا مکروہ ہے۔ ابن مبارکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم نے پانی فروخت کرنے کی اجازت دی ہے۔ حضرت حسن بصریؒ بھی اسی میں شامل ہیں۔

۱۲۸۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُمْنَعُ فَضْلُ الْمَآءِ لِيُمْنَعَ بِهِ الْكَلَاُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۸۱: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اپنی ضرورت سے زائد پانی سے کسی کو نہ روکا جائے کہ جس کی وجہ سے گھاس چارہ وغیرہ میں رکاوٹ پیش آئے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۸۶۵: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ كَرَاهِيَةِ عَسْبِ الْفَحْلِ

## ۸۶۵: باب نر کو مادہ پر چھوڑنے کی اجرت لینے کی ممانعت

۱۲۸۲: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ وَاَبُوْ عَمَّارٍ قَالَا ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ ثَنَا عَلِىُّ بْنُ الْحَكَمِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ وَفِى الْبَابِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَاَنَسٍ وَاَبِىْ سَعِيْدٍ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَقَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ فِىْ قَبُوْلِ الْكَرَامَةِ عَلٰى ذٰلِكَ.

۱۲۸۲: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نر کو مادہ پر چھوڑنے پر اجرت لینے سے منع فرمایا۔

اس باب میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، انس رضی اللہ عنہ اور ابو سعید رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما حسن صحیح ہے۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ اگر کوئی اسے بطور انعام کچھ دے تو یہ جائز ہے۔

۱۲۸۳: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَبْدُاللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ الْبَصْرِيُّ ثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ حُمَيْدِ الرُّؤَاسِيِّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ كِلَابٍ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ فَنَهَاهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نُطْرِقُ الْفَحْلَ فَنُكْرَمُ فَرَخَّصَ لَهٗ فِى الْكَرَامَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ

۱۲۸۳: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ بنو کلاب کے ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے نر کو مادہ پر چھوڑنے کی اجرت کے متعلق پوچھا تو آپ ﷺ نے منع فرمایا۔ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہم جب نر کو چھوڑتے ہیں تو لوگ بطور انعام کچھ نہ کچھ دیتے ہیں۔ پس آپ ﷺ نے اسے اس کی اجازت دی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے ہم اسے صرف ابراہیم بن حمید کی ہشام بن عروہ

حَدِيْثِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ.

سے روایت سے پہچانتے ہیں۔

## ۸۶۶: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ ثَمَنِ الْكَلْبِ

## ۸۶۶: باب کتے کی قیمت

۱۲۸۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ح وَثَنَا سَعِيْدُ ابْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍقَالُوْثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَمَهْرِالْبَغِيِّ وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۲۸۴: حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت لینے، زنا کی اجرت لینے اور کاہن کو مٹھائی دینے سے منع فرمایا۔

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۸۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ ثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ ثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ قَارِظٍ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيْثٌ وَمَهْرُ الْبَغِيِّ خَبِيْثٌ وَثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيْثٌ وَ فِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَجَابِرٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ عُمَرَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ حَدِيْثُ رَافِعٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَكْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ كَرِهُوْا ثَمَنَ الْكَلْبِ وَهُوَقَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحَاقَ وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ ثَمَنِ كَلْبِ الصَّيْدِ.

۱۲۸۵: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پچھنے لگانے کی اجرت، زنا کی اجرت اور کتے کی قیمت حرام ہے۔
اس باب میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ، ابن مسعود رضی اللہ عنہ، جابر رضی اللہ عنہ، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، ابن عباس رضی اللہ عنہما، ابن عمر رضی اللہ عنہما اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حدیث رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ حسن صحیح ہے۔ اکثر اہل علم کا اسی پر علم ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ کتے کی قیمت حرام ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض اہل علم نے شکاری کتے کی قیمت کو جائز قرار دیا ہے۔

## ۸۶۷: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَسْبِ الْحَجَّامِ

## ۸۶۷: باب پچھنے لگانے والے کی اجرت

۱۲۸۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ ابْنِ مُحَيِّصَةَ اَخِيْ بَنِيْ حَارِثَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ اسْتَاْذَنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اِجَارَةِ الْحَجَّامِ فَنَهَاهُ عَنْهَا وَلَمْ يَزَلْ يَسْاَلُهُ وَيَسْتَاْذِنُهُ حَتّٰى قَالَ اَعْلِفْهُ نَاضِحَكَ وَاَطْعِمْهُ رَقِيْقَكَ وَفِي الْبَابِ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ وَاَبِيْ جُحَيْفَةَ وَجَابِرٍ وَالسَّائِبِ حَدِيْثُ مُحَيِّصَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَقَالَ اَحْمَدُ اِنْ سَاَلَنِيْ حَجَّامٌ نَهَيْتُهُ وَاٰخُذُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ.

۱۲۸۶: بنوحارثہ کے بھائی ابن محیصہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہؐ سے پچھنے لگانے پر اجرت لینے کی اجازت چاہی تو آپؐ نے منع فرمادیا۔ لیکن بار بار پوچھتے رہے تو نبی اکرمؐ نے فرمایا اسے اپنے اونٹ کے چارے یا غلام کے کھانے پینے کے لئے استعمال کرلو۔ اس باب میں رافع بن خدیجؓ، ابو جحیفہؓ، جابرؓ اور سائبؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حدیث محیصہ حسن ہے۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ اگر پچھنے لگانے والا مجھ سے اجرت مانگے گا تو میں اسے منع کردوں گا۔ امام احمدؒ نے اسی حدیث سے استدلال کیا ہے۔

## ۸۶۸ : بَابُ مَاجَاءَ مِنَ الرُّخْصَةِ فِيْ كَسْبِ الْحَجَّامِ

۱۲۸۷ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ حُمَيْدٍ قَالَ سُئِلَ اَنَسٌ عَنْ كَسْبِ الْحَجَّامِ فَقَالَ اَنَسٌ احْتَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَجَمَهُ اَبُوْ طَيْبَةَ فَاَمَرَلَهُ بِصَاعَيْنِ مِنْ طَعَامٍ وَكَلَّمَ اَهْلَهُ فَوَضَعُوْا عَنْهُ مِنْ خِرَاجِهٖ وَقَالَ اِنَّ اَفْضَلَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الْحِجَامَةُ اَوْ اِنَّ مِنْ اَمْثَلِ دَوَائِكُمُ الْحِجَامَةُ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ عُمَرَ حَدِيْثُ اَنَسٍ حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ فِيْ كَسْبِ الْحَجَّامِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ.

## ۸۶۸ : باب پچھنے لگانے والے کی اجرت کے جواز کے بارے میں

۱۲۸۷: حضرت حمیدؒ کہتے ہیں کہ انس رضی اللہ عنہ سے حجام کی اجرت کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا ابوطیبہ نے نبی اکرم ﷺ کو پچھنے لگائے تو آپ ﷺ نے انہیں دو صاع غلہ دینے کا حکم دیا اور ان کے مالکوں سے گفتگو فرمائی۔ پس انہوں نے ابوطیبہ کے خراج سے کچھ کم کر دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا سب سے بہترین علاج پچھنے لگوانا ہے۔ یا فرمایا بہترین دوائی پچھنے لگوانا ہے۔ اس باب میں حضرت علیؓ، ابن عباسؓ، ابن عمرؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حدیث انسؓ حسن صحیح ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء نے سینگی لگانے والے کی کمائی کو جائز کہا ہے۔ امام شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۸۶۹ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ

۱۲۸۸ : حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ وَعَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَا ثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ هٰذَا حَدِيْثٌ فِيْ اِسْنَادِهٖ اضْطِرَابٌ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِهٖ عَنْ جَابِرٍ وَاضْطَرَبُوْا عَلَى الْاَعْمَشِ فِيْ رِوَايَةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَقَدْ كَرِهَ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ ثَمَنَ الْهِرِّ وَرَخَّصَ فِيْهِ بَعْضُهُمْ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَ اِسْحَاقَ وَرَوَى ابْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

## ۸۶۹ : باب کتے اور بلی کی قیمت لینا حرام ہے

۱۲۸۸: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے اور بلی کی قیمت لینے سے منع فرمایا۔ اس حدیث کی سند میں اضطراب ہے۔ اعمش بھی اپنے بعض ساتھیوں سے اور وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں۔ اس حدیث کی روایت میں اعمش پر راویوں کا اضطرب ہے۔ اہل علم کی ایک جماعت بلی کی قیمت کو مکروہ سمجھتی ہے۔ بعض علماء اس کی اجازت دیتے ہیں۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ ابو فضیل، اعمش سے وہ ابو حازم سے وہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس سند کے علاوہ بھی ایسے ہی نقل کرتے ہیں۔

۱۲۸۹ : حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى ثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ ثَنَا عُمَرُ بْنُ زَيْدٍ الصَّنْعَانِيُّ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ الْهِرِّ

۱۲۸۹: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلی کو کھانے اور اس کی قیمت لینے سے منع فرمایا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ عمر بن زید کوئی بڑی شخصیت

وَثَمَنِهِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعُمَرُ بْنُ زَيْدٍ لَا نَعْرِفُ كَبِيْرَ اَحَدٍ رَوٰى عَنْهُ غَيْرَ عَبْدِ الرَّزَّاقِ.

نہیں ۔ ان سے عبدالرزاق کے علاوہ اور لوگ بھی روایت کرتے ہیں۔

## ۸۷۰: بَابٌ

## ۸۷۰: باب

۱۲۹۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ ثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِى الْمُهَزِّمِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ اِلَّا كَلْبَ الصَّيْدِ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا يَصِحُّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاَبُو الْمُهَزِّمِ اسْمُهُ يَزِيْدُ بْنُ سُفْيَانَ وَتَكَلَّمَ فِيْهِ شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ وَرُوِىَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٰذَا وَلَا يَصِحُّ اِسْنَادُهٗ اَيْضًا.

۱۲۹۰: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شکاری کتے کے علاوہ کتے کی قیمت لینے سے منع فرمایا۔ یہ حدیث اس سند سے صحیح نہیں۔ ابومہزم کا نام یزید بن سفیان ہے۔ شعبہ بن حجاج ان میں کلام کرتے ہیں۔ حضرت جابرؓ سے اسی کی مثل مرفوعاً روایت منقول ہے لیکن اس کی سند بھی صحیح نہیں۔

## ۸۷۱: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ كَرَاهِيَةِ بَيْعِ الْمُغَنِّيَاتِ

## ۸۷۱: باب گانے والی لونڈیوں کی فروخت حرام ہے

۱۲۹۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبِيْعُوْا الْقَيْنَاتِ وَلَا تَشْتَرُوْهُنَّ وَلَا تُعَلِّمُوْهُنَّ وَلَا خَيْرَ فِىْ تِجَارَةٍ فِيْهِنَّ وَثَمَنُهُنَّ حَرَامٌ فِىْ مِثْلِ هٰذَا اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِىْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ وَفِى الْبَابِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ حَدِيْثُ اَبِىْ اُمَامَةَ اِنَّمَا نَعْرِفُهٗ مِثْلَ هٰذَا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِىْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ وَضَعَّفَهٗ وَهُوَ شَامِيٌّ.

۱۲۹۱: حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا گانے والی عورتوں (باندیوں) کی خرید وفروخت نہ کیا کرو اور نہ انہیں گانا سکھاؤ کیونکہ ان کی تجارت میں کوئی بھلائی نہیں اور ان کی قیمت حرام ہے۔ یہ آیت اسی کے متعلق نازل ہوئی ''وَمِنَ النَّاسِ مَنْ ......'' (ترجمہ بعض لوگ ایسے ہیں جو کھیل کی باتوں کے خریدار ہیں تاکہ بغیر سمجھے لوگوں کو گمراہ کریں اور اس کا مذاق اڑائیں۔ ایسے لوگوں کے لئے ذلت کا عذاب ہے۔ اس باب میں حضرت عمر بن خطابؓ سے بھی روایت ہے۔ ابوامامہؓ کی حدیث ہم اس طرح صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ بعض اہل علم علی بن یزید کو ضعیف کہتے ہیں۔ یہ شام کے رہنے والے ہیں۔

**فائدہ**: رقص، سرود ان حرام کاموں میں سے ہے جن کی کمائی کو اسلام نے حرام ذرائع میں شامل کیا ہے۔ رقص صنفی جذبات ابھارتا ہے اور طبیعت میں جنسی ہیجان پیدا کرتا ہے مثلاً فحش گانے، حیا سوز ایکٹنگ اور اس قسم کے دوسرے بے ہودہ کام اگرچہ موجودہ دور میں لوگوں نے اس قسم کی چیزوں کا نام فن (Art) رکھا ہے اور اسے تو ترقی شمار کرتے ہیں لیکن الفاظ کا یہ نہایت گمراہ کن استعمال ہے۔ درج بالا حدیث بھی اسلام کے اس اصول کو واضح کرتی ہے۔

## ۸۷۲: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ كَرَاهِيَةِ اَنْ يُّفَرَّقَ بَيْنَ

## ۸۷۲: باب ماں اور اس کے

## اَلْاَخَوَیْنِ اَوْبَیْنَ الْوَالِدَةِ وَوَلَدِهَا فِی الْبَیْعِ

۱۲۹۲: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ الشَّیْبَانِیُّ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِی حُیَیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِی اَیُّوْبَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ فَرَّقَ بَیْنَ وَالِدَةٍ وَوَلَدِهَا فَرَّقَ اللّٰهُ بَیْنَهٗ وَبَیْنَ اَحِبَّتِهٖ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۲۹۳: حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِیٍّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنِ الْحَکَمِ عَنْ مَیْمُوْنِ بْنِ اَبِیْ شَبِیْبٍ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ وَهَبَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ غُلَامَیْنِ اَخَوَیْنِ فَبِعْتُ اَحَدَهُمَا فَقَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَاعَلِیُّ مَافَعَلَ غُلَامُکَ فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ رُدَّهٗ رُدَّهٗ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَقَدْ کَرِهَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِهِمْ التَّفْرِیْقَ بَیْنَ السَّبْیِ فِی الْبَیْعِ وَرَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِی التَّفْرِیْقِ بَیْنَ الْمُوَلَّدَاتِ الَّذِیْنَ وُلِدُوْا فِیْ اَرْضِ الْاِسْلَامِ وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ اَصَحُّ وَرُوِیَ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهٗ فَرَّقَ بَیْنَ وَالِدَةٍ وَوَلَدِهَا فِی الْبَیْعِ فَقِیْلَ لَهٗ فِیْ ذٰلِکَ فَقَالَ اِنِّیْ قَدِ اسْتَاْذَنْتُهَا فِیْ ذٰلِکَ فَرَضِیَتْ.

## بچوں یا بھائیوں کو الگ الگ بیچنا منع ہے

۱۲۹۲: حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا جو شخص کسی ماں اور اس کے بچوں کے جدا کرے گا۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے اس کے محبوب لوگوں سے جدا کر دے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۲۹۳: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دو غلام دیئے۔ وہ دونوں آپس میں بھائی تھے میں نے ایک کو بیچ دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا اے علیؓ تمہارا ایک غلام کیا ہوا۔ حضرت علیؓ کہتے ہیں میں نے واقعہ سنایا تو آپ ﷺ نے فرمایا اسے واپس لے آؤ (دو مرتبہ فرمایا) یہ حدیث حسن غریب ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء نے قیدیوں کو بیچتے وقت جدا کر دینے کو بھی مکروہ کہا ہے۔ بعض علماء نے ان قیدیوں کو جو سرزمین اسلام میں پیدا ہوئے۔ (یعنی دارالاسلام میں) جدا کرنے کی اجازت دی ہے۔ پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔ ابراہیم سے منقول ہے کہ انہوں نے ماں بیٹے کو جدا کر دیا تو لوگوں نے ان پر اعتراض کیا اس پر انہوں نے کہا میں نے اس کی والدہ سے پوچھ لیا تھا۔ وہ اس پر رضامند تھی۔

## ۸۷۳: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ مَنْ یَشْتَرِی الْعَبْدَ وَیَسْتَغِلُّهٗ ثُمَّ یَجِدُ بِهٖ عَیْبًا

۱۲۹۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ وَاَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِیُّ عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ مَخْلَدِ بْنِ خُفَافٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَضٰی اَنَّ الْخَرَاجَ بِالضَّمَانِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِیْثُ مِنْ غَیْرِ هٰذَا الْوَجْهِ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ.

## ۸۷۳: باب غلام خریدنا پھر نفع کے بعد عیب پر مطلع ہونا

۱۲۹۴: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ ہر چیز کا نفع اسی کے لئے ہے جو اس کا ضامن ہو۔

(یعنی غلام کا خریدنے والا اس کا ضامن ہوا تو اسکی منفعت بھی اسے حلال ہوئی) یہ حدیث حسن ہے اور کئی سندوں سے منقول ہے اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔

۱۲۹۵: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ ثَنَا عُمَرُ ابْنُ عَلِيٍّ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى اَنَّ الْخَرَاجَ بِالضَّمَانِ وَهٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ هِشَامِ ابْنِ عُرْوَةَ وَاسْتَغْرَبَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ هٰذَا الْحَدِيْثَ مِنْ حَدِيْثِ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ وَقَدْ رَوٰى مُسْلِمُ بْنُ خَالِدِ الزَّنْجِيُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ وَرَوَاهُ جَرِيْرٌ عَنْ هِشَامٍ اَيْضًا وَحَدِيْثُ جَرِيْرٍ يُقَالُ تَدْلِيْسٌ دَلَّسَ فِيْهِ جَرِيْرٌ لَمْ يَسْمَعْهُ مِنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ وَتَفْسِيْرُ الْخَرَاجِ بِالضَّمَانِ هُوَالرَّجُلُ يَشْتَرِى الْعَبْدَ فَيَسْتَغِلُّهُ ثُمَّ يَجِدُبِهٖ عَيْبًا فَيَرُدُّهُ عَلَى الْبَائِعِ فَالْغَلَّةُ لِلْمُشْتَرِىْ لِاَنَّ الْعَبْدَ لَوْهَلَكَ مِنْ مَالِ الْمُشْتَرِىْ وَنَحْوُ هٰذَا مِنَ الْمَسَائِلِ يَكُوْنُ فِيْهِ الْخَرَاجُ بِالضَّمَانِ.

۱۲۹۵: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ ہر چیز کا نفع اسی کے لئے ہے جواس کا ضامن ہو۔ یہ حدیث ہشام بن عروہ کی روایت سے صحیح غریب ہے۔ امام بخاریؒ نے عمر بن علی کی روایت سے اسے غریب کہا ہے۔ یہ حدیث مسلم بن خالد زنجی بھی ہشام بن عروہ سے روایت کرتے ہیں۔ جریر نے بھی اس حدیث کو ہشام سے روایت کیا۔ کہا گیا ہے کہ جریر کی روایت میں تدلیس ہے۔ اس لیے کہ جریر نے ہشام سے یہ حدیث نہیں سنی۔ اس حدیث کی تفسیر یہ ہے کہ ایک شخص نے غلام خریدا اور اس سے نفع اٹھایا بعد میں پتہ چلا۔ کہ اس میں کوئی عیب ہے تو اسے واپس کر دیا۔ اس صورت میں اس نے جو کچھ غلام کے ذریعے کمایا وہ اسی کا ہوگا کیونکہ اگر وہ غلام ہلاک ہوجاتا تو خسارہ خریدنے والے ہی کا تھا۔ اس قسم کے دوسرے مسائل کا یہی حکم ہے کہ نفع اسی کا ہوگا۔ جو ضامن ہوگا۔

## ۸۷۴: بَابُ مَاجَاءَ مِنَ الرُّخْصَةِ فِيْ اَكْلِ الثَّمَرَةِ لِلْمَارِّبِهَا.

## ۸۷۴: باب راہ گزرنے والے کے لئے راستے کے پھل کھانے کی اجازت

۱۲۹۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ اَبِى الشَّوَارِبِ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ دَخَلَ حَائِطًا فَلْيَاْكُلْ وَلَا يَتَّخِذْ خُبْنَةً وَفِى الْبَابِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَعَبَّادِ ابْنِ شُرَحْبِيْلَ وَرَافِعِ بْنِ عَمْرٍو وَعُمَيْرٍ مَوْلٰى اَبِى اللَّحْمِ وَاَبِىْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يَحْيَى بْنِ سُلَيْمٍ وَقَدْرَخَّصَ فِيْهِ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ لِابْنِ السَّبِيْلِ فِىْ اَكْلِ الثِّمَارِ وَكَرِهَهُ بَعْضُهُمْ اِلَّا بِالثَّمَنِ.

۱۲۹۶: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص کسی باغ میں داخل ہوتو وہ اس سے کھا سکتا ہے۔ لیکن کپڑے وغیرہ میں جمع کر کے نہ لے جائے۔ اس باب میں عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ، عباد بن شرحبیل رضی اللہ عنہ، رافع بن عمرو رضی اللہ عنہ، ابولحم کے مولیٰ عمیر رضی اللہ عنہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حضرت ابن عمرؓ کی حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ بعض علماء اس کی اجازت دیتے ہیں لیکن بعض علماء نے قیمت ادا کئے بغیر پھل کھانے کو مکروہ کہا ہے۔

۱۲۹۷: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الثَّمَرِ الْمُعَلَّقِ فَقَالَ مَنْ

۱۲۹۷: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درختوں پر لگی ہوئی کھجوروں کے متعلق پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ

اَصَابَ مِنْهُ مِنْ ذِیْ حَاجَةٍ غَیْرُ مُتَّخِذٍ خُبْنَةً فَلَاشَیْءَ عَلَیْهِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی ضرورتمند جمع کیے بغیر کھالے تو کوئی حرج نہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۲۹۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارِ الْحُسَیْنُ بْنُ حُرَیْثٍ الْخُزَاعِیُّ ثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی عَنْ صَالِحِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ رَافِعِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ کُنْتُ اَرْمِیْ نَخْلَ الْاَنْصَارِ فَاَخَذُوْنِیْ فَذَهَبُوْا بِیْ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَارَافِعُ لِمَ تَرْمِیْ نَخْلَهُمْ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الْجُوْعُ قَالَ لَا تَرْمِ وَکُلْ مَاوَقَعَ اَشْبَعَکَ اللّٰهُ وَاَرْوَاکَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۲۹۸: حضرت رافع بن عمروؓ سے روایت ہے کہ میں انصار کے کھجوروں کے درختوں پر پتھر مار رہا تھا کہ وہ مجھے پکڑ کر نبی اکرم ﷺ کے پاس لے گئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا رافع کیوں ان کے کھجور کے درختوں کو پتھر مار رہے تھے؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ بھوک کی وجہ سے۔ آپ ﷺ نے فرمایا پتھر نہ مارو جو گری ہوئی ہوں وہ کھالیا کرو۔ اللہ تعالیٰ تمہیں سیر کرے اور آسودہ کرے۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔

## ۸۷۵: بَابُ مَاجَاءَ فِی النَّهْیِ عَنِ الثُّنْیَا

## ۸۷۵: باب خرید وفروخت میں استثناء کی ممانعت

۱۲۹۹: حَدَّثَنَا زِیَادُ بْنُ اَیُّوْبَ الْبَغْدَادِیُّ ثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ اَخْبَرَنِیْ سُفْیَانُ بْنُ حُسَیْنٍ عَنْ یُوْنُسَ ابْنِ عُبَیْدٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُخَابَرَةِ الثُّنْیَا اِلَّا اَنْ یُعْلَمَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِیْثِ یُوْنُسَ بْنِ عُبَیْدٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ.

۱۲۹۹: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع محاقلہ مزابنہ مخابرہ اور غیر معلوم چیز کی استثناء سے منع فرمایا۔

یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے یعنی یونس بن عبید، عطاء سے اور وہ جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

## ۸۷۶: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ بَیْعِ الطَّعَامِ حَتّٰی یَسْتَوْفِیَهُ

## ۸۷۶: باب غلے کو اپنی ملکیت میں لینے سے پہلے فروخت کرنا منع ہے

۱۳۰۰: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ طَاوٗسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا یَبِعْهُ حَتّٰی یَسْتَوْفِیَهُ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَاَحْسَبُ کُلَّ شَیْءٍ مِثْلَهُ وَفِی الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَابْنِ عُمَرَ حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَکْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ کَرِهُوْا بَیْعَ الطَّعَامِ حَتّٰی یَقْبِضَهُ الْمُشْتَرِیْ وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِیْ مَنِ ابْتَاعَ شَیْئًا مِمَّا لَا یُوْکَلُ وَلَا یُوْزَنُ وَاِنَّمَا التَّشْدِیْدُ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ فِی

۱۳۰۰: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص غلہ خریدے وہ اسے قبضہ کرنے سے پہلے نہ بیچے۔

اس باب میں حضرت جابرؓ اور ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت ابن عباسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اکثر اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ کسی چیز پر قبضہ کرنے سے پہلے اسے بیچنا جائز نہیں، بعض علماء کا مسلک یہ ہے کہ جو چیزیں تولی یا وزن نہیں کی جاتیں اور نہ ہی کھانے پینے میں استعمال ہوتی ہیں۔ ان کا قبضہ سے پہلے فروخت کرنا جائز ہے۔ اہل علم کے نزدیک صرف

الطَّعَامِ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحَاق.

غلے میں سختی ہے۔ امام احمدؒ اور اسحاقؒ کا یہی قول ہے۔

## ۸۷۷: بَابُ مَاجَاءَ فِي النَّهْيِ عَنِ الْبَيْعِ عَلٰى بَيْعِ اَخِيْهِ

## ۸۷۷: باب اس بارے میں کہ اپنے بھائی کی بیع پر بیع کرنا منع ہے

۱۳۰۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَبِيْعُ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ بَعْضٍ وَلَا يَخْطُبُ بَعْضُكُمْ عَلٰى خِطْبَةِ بَعْضٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَسَمُرَةَ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لَا يَسُوْمُ الرَّجُلُ عَلٰى سَوْمِ اَخِيْهِ وَمَعْنَى الْبَيْعِ فِي هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ هُوَ السَّوْمُ.

۱۳۰۱: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کوئی شخص دوسرے کی فروخت کی ہوئی چیز پر وہی چیز اس سے کم قیمت میں نہ بیچے اور کسی عورت کے کسی کیساتھ نکاح پر راضی ہونے کے بعد کوئی اسے نکاح کا پیغام نہ بھیجے۔
اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ اور سمرہؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حدیث ابن عمرؓ حسن صحیح ہے۔ نبی اکرم ﷺ سے یہ بھی مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کوئی شخص اپنے بھائی کی لگائی ہوئی قیمت پر قیمت نہ لگائے۔ بعض اہل علم کے نزدیک اس حدیث میں بیع سے قیمت لگانا مراد ہے۔

## ۸۷۸: بَابُ مَاجَاءَ فِي بَيْعِ الْخَمْرِ وَالنَّهْيِ عَنْ ذٰلِكَ

## ۸۷۸: باب شراب بیچنے کی ممانعت

۱۳۰۲: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ ثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ لَيْثًا يُحَدِّثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ عَنْ اَنَسٍ عَنْ اَبِيْ طَلْحَةَ اَنَّهُ قَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنِّي اشْتَرَيْتُ خَمْرًا لِاَيْتَامٍ فِيْ حِجْرِيْ قَالَ اَهْرِقِ الْخَمْرَ وَاكْسِرِ الدِّنَانَ وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَعَائِشَةَ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَابْنِ عُمَرَ وَاَنَسٍ حَدِيْثُ اَبِيْ طَلْحَةَ رَوَى الثَّوْرِيُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ كَانَ عِنْدَهُ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ اللَّيْثِ.

۱۳۰۲: حضرت ابوطلحہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں نے ان یتیموں کے لئے شراب خریدی تھی جو میری کفالت میں ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا شراب کو بہا دو اور برتن کو توڑ ڈالو۔
اس باب میں جابرؓ، عائشہؓ، ابوسعیدؓ، ابن مسعودؓ، ابن عمرؓ اور انسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حضرت ابوطلحہؓ کی حدیث ثوری، سدی سے وہ یحییٰ بن عباد سے اور وہ انسؓ سے نقل کرتے ہیں کہ ابوطلحہؓ ان کے نزدیک تھے۔ یہ حدیث لیث کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔

۱۳۰۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُتَّخَذُ الْخَمْرُ خَلًّا قَالَ لَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۰۳: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کیا شراب سے سرکہ بنالیا جائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۰۴: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَاصِمٍ عَنْ شَبِيْبِ بْنِ بِشْرٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَمْرِ عَشْرَةً عَاصِرَهَا وَمُعْتَصِرَهَا وَشَارِبَهَا وَحَامِلَهَا وَالْمَحْمُوْلَةَ اِلَيْهِ وَسَاقِيَهَا وَبَائِعَهَا وَاٰكِلَ ثَمَنِهَا وَالْمُشْتَرِيَ لَهَا وَالْمُشْتَرَاةَ لَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ اَنَسٍ وَقَدْ رُوِيَ نَحْوُ هٰذَا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۱۳۰۴: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے شراب سے متعلق دس آدمیوں پر لعنت بھیجی ہے، (۱) نکالنے والے (۲) شراب نکلوانے والے (۳) پینے والے (۴) لے جانے والے (۵) جس کی طرف لے جائی جارہی ہو، (۶) پلانے والے (۷) فروخت کرنے والے (۸) شراب کی قیمت کھانے والے (۹) خریدنے والے اور، (۱۰) جس کے لئے خریدی گئی ہوئی اس پر۔ یہ حدیث حضرت انسؓ کی روایت سے غریب ہے۔ حضرت ابن عباسؓ، ابن مسعودؓ اور ابن عمرؓ سے بھی اس کی مثل منقول ہے۔ یہ حضرات نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

**شراب ایک الکحولی مادہ ہے جو نشہ پیدا کرتا ہے :** عرب زمانہ جاہلیت میں شراب کے متوالے تھے ان کی زبان میں شراب کے تقریباً ایک سو نام تھے اور ان کی شاعری میں شراب کی اقسام‘ اس کی خصوصیات اور جام و مینا اور محفل سرود کا ذکر بڑی خوبی سے کیا گیا ہے۔ جب اسلام کی آمد ہوئی تو اس نے تربیت کا نہایت حکیمانہ انداز اختیار کیا اور اسے تدریجاً حرام قرار دیا۔ یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ شراب کے کتنے مضر اثرات انسان کے عقل و جسم اور اس کے دین و دنیا پر مرتب ہوتے ہیں اور ایک خاندان‘ قوم اور سماج کی مادی‘ اخلاقی اور روحانی زندگی کے لئے یہ کس قدر خطرناک ہے۔ نبی کریم ﷺ نے اس بات کو کوئی اہمیت نہیں دی کہ شراب کس چیز سے بنائی جاتی ہے بلکہ اس کے اثر یعنی نشہ کو قابل لحاظ سمجھا۔ خواہ لوگوں نے اسے کوئی نام دیا ہو اور خواہ وہ کسی بھی چیز سے تیار کی گئی ہو۔ نبیؐ سے پوچھا گیا کہ شہد‘ مکئی اور جَو سے جو شراب بنائی جاتی ہے اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟ آپؐ نے اس کے جواب میں بڑی جامع بات ارشاد فرمائی: ’’ہر نشہ آور چیز خمر ہے اور ہر خمر (شراب) حرام ہے‘‘۔ اس طرح یہ خواہ قلیل ہو یا کثیر کوئی رعایت نہیں دی۔ نبی کریمؐ نے فرمایا: ’’جو چیز کثیر مقدار میں نشہ لائے اس کی قلیل مقدار بھی حرام ہے‘‘۔ (احمد) نیز اسکی تجارت کو بھی حرام ٹھہرایا خواہ غیر مسلموں کے ساتھ کی جائے۔ سدِ ذریعہ کے طور پر اسلام نے یہ بات بھی حرام کر دی کہ کوئی مسلمان کسی ایسے شخص کے ہاتھ انگور فروخت کرے جس کے بارے میں معلوم ہو کہ وہ ان کو نچوڑ کر شراب بنائے گا۔ حدیث مبارکہ ہے: ’’جس نے انگور کو فصل کٹنے پر روک رکھا تاکہ وہ کسی یہودی یا عیسائی یا کسی ایسے شخص کے ہاتھ بیچ دے گا جو اس سے شراب بناتا ہو تو وہ جانتے بوجھتے آگ میں گھس پڑا (رواہ الطبرانی فی الاوسط) شراب کا فروخت کرنا اور اس کی قیمت کھا جانا ہی حرام نہیں بلکہ کسی مسلم یا غیر مسلم کو شراب کا ہدیہ دینا بھی حرام ہے۔ مسلمان پاک ہے اور پاک چیز کا ہدیہ دینا اور لینا پسند کرتا ہے۔ یعنی کہ مسلمان پر ان مجلسوں کا بائیکاٹ بھی کرنا لازم ہے جہاں پر شراب پیش کی جائے۔ حضورؐ کی حدیث ہے ’’جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہئے کہ کسی ایسے دسترخوان پر نہ بیٹھے جس پر شراب کا دور چل رہا ہو‘‘۔ (احمد) رہا دوا کے طور پر شراب کے استعمال کا مسئلہ تو رسول اللہؐ نے ایک شخص کے پوچھنے پر اس سے منع فرمایا: ’’شراب دوا نہیں بلکہ بیماری ہے‘‘۔ (مسلم) نیز فرمایا ’’اللہ نے بیماری اور دوا دونوں نازل کی ہیں اور تمہارے لئے بیماری کا علاج بھی رکھا ہے لہٰذا علاج کرو لیکن حرام چیز سے علاج نہ کرو‘‘۔ (ابوداؤد)
تفصیل کے لئے علامہ یوسف القرضاوی کی کتاب ’’الحلال والحرام فی الاسلام‘‘ ملاحظہ فرمائیں۔

## ۸۷۹: بَابُ مَاجَاءَ فِي احْتِلَابِ الْمَوَاشِيْ بِغَيْرِ اِذْنِ الْاَرْبَابِ

۱۳۰۵: حَدَّثَنَا اَبُوْسَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ عَبْدُالْاَعْلٰى عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَتٰى اَحَدُكُمْ عَلٰى مَاشِيَةٍ فَاِنْ كَانَ فِيْهَا صَاحِبُهَا فَلْيَسْتَاذِنْهُ فَاِنْ اَذِنَ لَهٗ فَلْيَحْتَلِبْ وَلْيَشْرَبْ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ فِيْهَا اَحَدٌ فَلْيُصَوِّتْ ثَلَاثًا فَاِنْ اَجَابَهٗ اَحَدٌ فَلْيَسْتَاذِنْهُ فَاِنْ لَّمْ يُجِبْهُ اَحَدٌ فَلْيَحْتَلِبْ وَلَا يَحْمِلْ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ حَدِيْثُ سَمُرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَبِهٖ يَقُوْلُ اَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ وَقَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ سَمَاعُ الْحَسَنِ مِنْ سَمُرَةَ صَحِيْحٌ وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ فِيْ رِوَايَةِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ وَقَالُوْا اِنَّمَا يُحَدِّثُ عَنْ صَحِيْفَةِ سَمُرَةَ.

## ۸۷۹: باب جانوروں کا ان کے مالکوں کی اجازت کے بغیر دودھ نکالنا

۱۳۰۵: حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی (کسی کے) مویشیوں پر گزرے تو اگر ان کا مالک موجود ہو اور وہ اجازت (بھی) دے دے تو اس کا دودھ نکال کر پی لے اور اگر وہاں کوئی نہ ہو تو تین مرتبہ آواز دے اگر جواب آئے تو اس سے اجازت لے اگر جواب نہ دے تو دودھ نکال کر پی لے لیکن ساتھ نہ لے جائے۔ اس باب میں حضرت ابن عمرؓ اور ابوسعیدؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث سمرۃؓ حسن غریب ہے۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ علی بن مدینیؒ فرماتے ہیں کہ حسن کا سمرۃؓ سے سماع صحیح ہے۔ بعض محدثین نے سمرۃؓ سے حسن کی روایت میں کلام کیا ہے اور فرمایا کہ وہ سمرۃؓ کے صحیفہ سے روایت کرتے ہیں۔

## ۸۸۰: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ بَيْعِ جُلُوْدِ الْمَيْتَةِ وَ الْاَصْنَامِ

۱۳۰۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ ابْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ وَهُوَ بِمَكَّةَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ حَرَّمَ بَيْعَ الْخَمْرِ وَالْمَيْتَةِ وَالْخِنْزِيْرِ وَالْاَصْنَامِ فَقِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ شُحُوْمَ الْمَيْتَةِ فَاِنَّهٗ يُطْلٰى بِهِ السُّفُنُ وَيُدْهَنُ بِهَا الْجُلُوْدُ وَيَسْتَصْبِحُ بِهَا النَّاسُ قَالَ لَا هُوَ حَرَامٌ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمَ فَاَجْمَلُوْهُ ثُمَّ بَاعُوْهُ فَاَكَلُوْا ثَمَنَهٗ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ

## ۸۸۰: باب جانوروں کی کھال اور بتوں کو فروخت کرنا

۱۳۰۶: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فتح مکہ کے سال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ اور اس کے رسول نے شراب، مردار، خنزیر اور بت فروخت کرنے سے منع کیا ہے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، مردار کی چربی کا کیا حکم ہے؟ کیونکہ اس سے کشتیوں کو ملا جاتا ہے۔ اور چمڑوں پر بطور تیل استعمال کی جاتی ہے اور لوگ اس سے چراغ جلاتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''نہیں'' یہ بھی حرام ہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہودیوں پر اللہ کی مار ہو۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر چربی حرام کی تو انہوں نے اس کو پگھلا کر بیچ دیا اور اس کی قیمت کھالی۔ اس

وَابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثُ جَابِرٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ اَھْلِ الْعِلْمِ.

باب میں حضرت عمرؓ اور ابن عباسؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔

## ۸۸۱: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ کَرَاھِیَةِ الرُّجُوْعِ مِنَ الْھِبَةِ

## ۸۸۱: باب کوئی چیز ہبہ کر کے واپس لینا ممنوع ہے

۱۳۰۷: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ ثَنَا عَبْدُ الْوَھَّابِ الثَّقَفِیُّ ثَنَا اَیُّوْبُ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ لَنَا مَثَلُ السُّوْءِ الْعَائِدُ فِیْ ھِبَتِہٖ کَالْکَلْبِ یَعُوْدُ فِیْ قَیْئِہٖ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ لَا یَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ یُّعْطِیَ عَطِیَّةً فَیَرْجِعَ فِیْھَا اِلَّا الْوَالِدَ فِیْمَا یُعْطِیْ وَلَدَہٗ.

۱۳۰۷: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا صفات ذمیمہ کا اپنانا ہمارے (مسلمانوں کے) شایان شان نہیں۔ ہبہ کی ہوئی چیز واپس لینے والے ایسے کتے کی طرح ہے جو اپنی قے کو چاٹ لے۔
اس باب میں ابن عمرؓ سے بھی مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کسی شخص کے لئے جائز نہیں کہ کوئی چیز کسی کو دینے کے بعد واپس لے البتہ بیٹے سے واپس لے سکتا ہے۔

۱۳۰۸: حَدَّثَنَا بِذٰلِکَ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ عَنْ حُسَیْنِ الْمُعَلِّمِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ اَنَّہٗ سَمِعَ طَاؤُسًا یُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ یَرْفَعَانِ الْحَدِیْثَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِھٰذَا الْحَدِیْثِ حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَھْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِھِمْ قَالُوْا مَنْ وَھَبَ ھِبَةً لِذِیْ رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَلَیْسَ لَہٗ اَنْ یَّرْجِعَ فِیْ ھِبَتِہٖ وَمَنْ وَھَبَ ھِبَةً لِغَیْرِ ذِیْ رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَلَہٗ اَنْ یَّرْجِعَ فِیْھَا مَالَمْ یُثَبْ مِنْھَا وَھُوَ قَوْلُ الثَّوْرِیِّ وَقَالَ الشَّافِعِیُّ لَا یَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ یُّعْطِیَ عَطِیَّةً فَیَرْجِعَ فِیْھَا اِلَّا الْوَالِدَ فِیْمَا یُعْطِیْ وَلَدَہٗ وَاحْتَجَّ الشَّافِعِیُّ بِحَدِیْثِ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ یُّعْطِیَ عَطِیَّةً فَیَرْجِعَ فِیْھَا اِلَّا الْوَالِدَ فِیْمَا یُعْطِیْ وَلَدَہٗ.

۱۳۰۸: یہ حدیث محمد بن بشار، ابن ابی عدی سے وہ حسین معلم سے وہ عمرو بن شعیب سے وہ طاؤس سے نقل کرتے ہیں۔ اور وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کرتے ہیں۔ یہ دونوں حضرات اس حدیث کو مرفوع نقل کرتے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم و دیگر علماء کا اسی پر عمل ہے کہ اگر کسی نے کوئی چیز اپنے کسی محرم رشتہ دار کو عطیہ دی اسے واپس لوٹانے کا کوئی حق نہیں۔ لیکن اگر غیر محرم رشتہ دار کو دی ہو تو وہ واپس لینا جائز ہے۔ بشرطیکہ اس کے بدلے کوئی چیز نہ لے چکا ہو۔ اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔
امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ والد کے علاوہ کسی کا کوئی چیز واپس لینا جائز نہیں وہ اپنے قول پر حجت کے طور پر حدیث باب ہی پیش کرتے ہیں۔ یعنی حدیث ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

## ۸۸۲: بَابُ مَاجَاءَ فِی الْعَرَایَا وَالرُّخْصَةِ فِیْ ذٰلِکَ

## ۸۸۲: باب بیع عرایا اور اس کی اجازت

۱۳۰۹: حَدَّثَنَا ھَنَّادٌ ثَنَا عَبْدَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ

۱۳۰۹: حضرت زید بن ثابتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ اِلَّا اَنَّهُ قَدْ اَذِنَ لِاَهْلِ الْعَرَايَا اَنْ يَبِيْعُوْهَا بِمِثْلِ خَرْصِهَا وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَجَابِرٍ حَدِيْثُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ هٰكَذَا رَوٰى مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَرَوٰى اَيُّوْبُ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ رَخَّصَ فِي الْعَرَايَا فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ.

ﷺ نے بیع محاقلہ اور مذابنہ سے منع فرمایا لیکن عرایا (محتاج لوگ جنہیں درختوں کے پھل عاریۃً دیے گئے ہوں) والوں کو اندازہ کے مطابق فروخت کرنے کی اجازت دی۔ اس باب میں ابو ہریرہؓ اور جابرؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حضرت زید بن ثابتؓ کی حدیث کو محمد بن اسحٰق بھی ایسے ہی نقل کرتے ہیں۔ ایوب، عبید اللہ بن عمر اور مالک بن انس نے بواسطہ نافع حضرت ابن عمرؓ سے روایت کیا کہ نبی اکرم ﷺ نے محاقلہ اور مزابنہ سے منع فرمایا۔ اس اسناد سے بواسطہ ابن عمرؓ، حضرت زید بن ثابتؓ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے پانچ وسق (ساٹھ صاع) سے کم میں عرایا کی اجازت دی ہے۔ یہ روایت محمد بن اسحٰقؒ کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔

۱۳۱۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ ثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ مَوْلَى ابْنِ اَحْمَدَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْخَصَ فِيْ بَيْعِ الْعَرَايَا فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ اَوْ كَذَا.

۱۳۱۰: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل عرایا کو پانچ وسق سے کم پھل اندازے سے بیچنے کی اجازت دی یا اسی طرح فرمایا۔

۱۳۱۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ حُصَيْنٍ نَحْوَهُ وَرُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْخَصَ فِيْ بَيْعِ الْعَرَايَا فِيْ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ اَوْ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ.

۱۳۱۱: حضرت مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے عرایا کو پانچ وسق یا اس سے کم مقدار میں بیچنے کی اجازت دی۔

۱۳۱۲: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْخَصَ فِيْ بَيْعِ الْعَرَايَا بِخَرْصِهَا وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَحَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْهُمُ الشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحَاقُ قَالُوْا اِنَّ الْعَرَايَا مُسْتَثْنَاةٌ مِنْ جُمْلَةِ نَهْيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَهٰى عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَاحْتَجُّوْا بِحَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَحَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

۱۳۱۲: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرایا کو اندازے کے ساتھ بیچنے کی اجازت دی۔ یہ حدیث اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض اہل علم، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ اسی پر عمل کرتے ہیں۔ ان حضرات کا کہنا ہے کہ عرایا محاقلہ اور مزابنہ کی بیوع کی ممانعت سے مستثنیٰ ہیں۔ ان کی دلیل حضرت زید رضی اللہ عنہ اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیثیں ہیں۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ فرماتے ہیں کہ عرایا کے لئے پانچ وسق سے کم پھلوں کو بیچنا جائز ہے۔ بعض اہل علم

وَقَالُوْا لَهٗ اَنْ يَشْتَرِىَ مَادُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ وَمَعْنٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَادَ التَّوْسِعَةَ عَلَيْهِمْ فِىْ هٰذَا لِاَ نَّهُمْ شَكَوْا اِلَيْهِ وَقَالُوْا لَا نَجِدُمَا نَشْتَرِىْ مِنَ الثَّمَرِ اِلَّا بِالتَّمْرِ فَرَخَّصَ لَهُمْ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ اَنْ يَّشْتَرُوْهَا فَيَاكُلُوْهَا رُطَبًا.

اس کی یہ تفسیر کرتے ہیں کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ان کے لئے آسانی اور وسعت کے لئے تھا۔ کیونکہ انہوں نے شکایت کی تھی کہ ہم تازہ پھل خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے مگر یہ کہ پرانی کھجوروں سے خریدیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں پانچ وسق سے کم خریدنے کی اجازت دے دی تا کہ وہ تازہ پھل کھا سکیں۔

۱۳۱۳: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ ثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنِ الْوَلِيْدِ ابْنِ كَثِيْرٍ ثَنَا بُشَيْرُبْنُ يَسَارٍ مَوْلٰى بَنِىْ حَارِثَةَ اَنَّ رَافِعَ بْنَ خَدِيْجٍ وَسَهْلَ بْنَ اَبِىْ حَثْمَةَ حَدَّثَاهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْمُزَابَنَةِ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ اِلَّا لِاَ صْحَابِ الْعَرَايَا فَاِنَّهٗ قَدْ اَذِنَ لَهُمْ وَعَنْ بَيْعِ الْعِنَبِ بِالزَّبِيْبِ وَعَنْ كُلِّ ثَمَرٍ بِخَرْصِهَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۳۱۳: ولید بن کثیر، بنو حارثہ کے مولیٰ بشیر بن یسار سے نقل کرتے ہیں کہ رافع بن خدیج اور سہل بن ابی حثمہ نے انہیں بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع مزابنہ یعنی درختوں سے اتری ہوئی کھجور کے عوض درختوں پر لگی ہوئی کھجور خریدنے سے منع فرمایا لیکن اصحاب عرایا کو اس کی اجازت دی اور تازہ انگور کو خشک انگور کے عوض اور تمام پھلوں کو اندازے سے بیچنے سے منع فرمایا۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

## ۸۸۳: بَابُ مَاجَاءَ فِىْ كَرَاهِيَةِ النَّجْشِ

## ۸۸۳: باب دلالی میں قیمت زیادہ لگانا حرام ہے

۱۳۱۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَاَحْمَدُبْنُ مَنِيْعٍ قَالَا ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ قُتَيْبَةُ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنَاجَشُوْا وَفِى الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَنَسٍ حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ كَرِهُوا النَّجْشَ مَا النَّجْشُ اَنْ يَّاْتِىَ الرَّجُلُ الَّذِىْ يُبْصِرُ السِّلْعَةَ اِلٰى صَاحِبِ السِّلْعَةِ فَيَسْتَامُ بِاَكْثَرِ مِمَّا تَسْوٰى وَذٰلِكَ عِنْدَ مَايَحْضُرُهُ الْمُشْتَرِىْ يُرِيْدُ اَنْ يَغْتَرَّ الْمُشْتَرِىَ بِهٖ وَلَيْسَ مِنْ رَاْيِهِ الشِّرَاءُ اِنَّمَا يُرِيْدُ اَنْ يَنْخَدِعَ الْمُشْتَرِىْ بِمَا يَسْتَامُ وَهٰذَا ضَرْبٌ مِنَ الْخَدِيْعَةِ قَالَ الشَّافِعِىُّ وَاِنْ نَجَشَ رَجُلٌ فَالنَّاجِشُ اٰثِمٌ فِيْمَا يَصْنَعُ وَالْبَيْعُ جَائِزٌ لِاَنَّ الْبَائِعَ غَيْرُ النَّاجِشِ.

۱۳۱۴: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آپس میں نجش نہ کرو۔ قتیبہ کہتے ہیں کہ وہ اس حدیث کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچاتے ہیں۔ اس باب میں ابن عمرؓ اور انسؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ نجش حرام ہے نجش یہ ہے کہ کوئی ماہر تجارت آئے اور خریدار کی موجودگی میں تاجر کے پاس آ کر سامان کی اصل قیمت سے زیادہ قیمت لگائے اور مقصد خریدنا نہ ہو بلکہ محض خریدار کو دھوکہ دینا چاہتا ہو۔ یہ دھوکہ کی ایک قسم ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی آدمی نجش کرے تو وہ اپنے اس فعل کے سبب گناہ گار ہوگا لیکن بیع جائز ہے کیونکہ بیچنے والے نے نجش نہیں کیا۔

## ۸۸۴: بَابُ مَاجَاءَ فِى الرُّجْحَانِ فِى الْوَزْنِ

## ۸۸۴: باب تولتے وقت جھکاؤ

۱۳۱۵: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَا ثَنَا

۱۳۱۵: سوید بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں اور

وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ جَلَبْتُ اَنَا وَمَخْرَفَةُ الْعَبْدِيُّ بَزًّا مِنْ هَجَرِ فَجَاءَ نَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاوَمَنَا بِسَرَاوِيلَ وَعِنْدِيْ وَزَّانٌ يَزِنُ بِالْاَجْرِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْوَزَّانِ زِنْ وَاَرْجِحْ وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيثُ سُوَيْدٍ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَاَهْلُ الْعِلْمِ يَسْتَحِبُّونَ الرُّجْحَانَ فِي الْوَزْنِ وَرَوٰى شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ فَقَالَ عَنْ اَبِيْ صَفْوَانَ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ.

مخرفہ عبدی ہجر کے مقام پر کپڑا بیچنے کے لئے لائے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور ایک پاجامے کا سودا کیا۔ میرے پاس ایک تولنے والا تھا جو اجرت پر تولتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تولو اور جھکاؤ کے ساتھ تولو۔ اس باب میں حضرت جابرؓ اور ابوہریرہؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حضرت سویدؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ علماء وزن میں جھکاؤ کو پسند کرتے ہیں۔ شعبہ نے یہ حدیث سماک سے اور وہ ابوصفوان سے نقل کرتے ہوئے پوری حدیث بیان کرتے ہیں۔

## ۸۸۵: بَابُ مَاجَاءَ فِي اِنْظَارِ الْمُعْسِرِ وَالرِّفْقِ بِهٖ

## ۸۸۵: باب تنگ دست کے لئے قرض کی ادائیگی میں مہلت اور اس سے نرمی کرنا

۱۳۱۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ ثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اَوْ وَضَعَ لَهٗ اَظَلَّهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِهٖ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي الْيُسْرِ وَاَبِيْ قَتَادَةَ وَحُذَيْفَةَ وَاَبِيْ مَسْعُوْدٍ وَعُبَادَةَ حَدِيثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ غَرِيبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۳۱۶: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے تنگ دست کو مہلت دی یا اس کا قرض معاف کر دیا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے عرش کے سائے میں رکھے گا جب کہ اس کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا۔ اس باب میں حضرت ابویسرؓ، ابوقتادہؓ، حذیفہؓ، ابومسعودؓ اور عبادہؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔
حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔

۱۳۱۷: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُوسِبَ رَجُلٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَلَمْ يُوجَدْ لَهٗ مِنَ الْخَيْرِ شَيْءٌ اِلَّا اَنَّهٗ كَانَ رَجُلًا مُوسِرًا فَكَانَ يُخَالِطُ النَّاسَ فَكَانَ يَاْمُرُ غِلْمَانَهٗ اَنْ يَتَجَاوَزُوا عَنِ الْمُعْسِرِ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى نَحْنُ اَحَقُّ بِذٰلِكَ مِنْهُ تَجَاوَزُوْا عَنْهُ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

۱۳۱۷: حضرت ابومسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم سے پہلی اُمتوں میں سے کسی شخص کا حساب کیا گیا تو اس کے پاس کوئی نیکی نہ نکلی لیکن اتنا تھا کہ وہ شخص امیر تھا اور لوگوں سے لین دین کرتا تھا اور اپنے غلاموں کو حکم دے رکھا تھا کہ اگر کوئی مقروض تنگدست ہو تو اسے معاف کر دیا کرو۔ پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہم اس بات کے اس سے زیادہ حق دار ہیں لہٰذا اس سے درگزر کرو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۸۸۶: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَطْلِ

## ۸۸۶: باب مال دار کا قرض کی

## اَلْغَنِيِّ اَنَّهٗ ظُلْمٌ

۱۳۱۸ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَطْلُ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ وَاِذَا اُتْبِعَ اَحَدُكُمْ عَلٰى مَلِيٍّ فَلْيَتْبَعْ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَالشَّرِيْدِ حَدِيْثُ اَبِي هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَمَعْنَاهُ اِنَّهٗ اِذَا اُحِيْلَ الرَّجُلُ عَلٰى مَلِيٍّ فَاحْتَالَهٗ فَقَدْ بَرِئَ الْمُحِيْلُ وَلَيْسَ لَهٗ اَنْ يَّرْجِعَ عَلَى الْمُحِيْلِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِذَا تَوِيَ مَالُ هٰذَا بِاِفْلَاسِ الْمُحَالِ عَلَيْهِ فَلَهٗ اَنْ يَّرْجِعَ عَلَى الْاَوَّلِ وَاحْتَجُّوْا بِقَوْلِ عُثْمَانَ وَغَيْرِهٖ حِيْنَ قَالُوْا لَيْسَ عَلٰى مَالِ مُسْلِمٍ تَوًى قَالَ اِسْحٰقُ مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ لَيْسَ عَلٰى مَالِ مُسْلِمٍ تَوًى هٰذَا اِذَا اُحِيْلَ الرَّجُلُ عَلٰى اٰخَرَ وَهُوَ يَرٰى اَنَّهٗ مَلِيٌّ فَاِذَا هُوَ مُعْدِمٌ فَلَيْسَ عَلٰى مَالِ مُسْلِمٍ تَوًى.

## ادائیگی میں تاخیر کرنا ظلم ہے

۱۳۱۸: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: امیر آدمی کی طرف سے قرض کی ادائیگی میں تاخیر کرنا ظلم ہے اور کسی شخص کو کسی مالدار شخص کی طرف تحویل[1] کر دیا جائے تو اسے چاہیے کہ وہ اس سے وصول کرے۔ اس باب میں ابن عمرؓ اور شریدؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابو ہریرہؓ حسن صحیح ہے۔ اس کا مطلب یہی ہے کہ اگر کسی کو کسی مالدار کی طرف حوالہ کیا جائے تو اس سے وصول کرے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اگر اس مالدار نے قبول کر لیا تو قرض دار بری ہو گیا وہ اس سے طلب نہیں کر سکتا۔ امام شافعیؒ، احمدؒ، اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اگر محال علیہ (جس کی طرف حوالہ کیا گیا) مفلس ہو جائے اور قرض خواہ کا مال ضائع ہو جائے تو اس صورت میں وہ دوبارہ پہلے قرض دار سے رجوع کرنے کا حق رکھتا ہے کیونکہ حضرت عثمانؓ سے منقول ہے کہ مسلمان کا مال ضائع نہیں ہو سکتا۔ اسحٰقؒ بھی اس قول کے یہی معنی بیان کرتے ہیں کہ اگر کسی شخص کو کسی دوسرے کی طرف حوالہ کیا جائے اور جو بظاہر غنی معلوم ہوتا ہو لیکن حقیقت میں وہ مفلس ہو تو اس صورت میں قرض خواہ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ پہلے قرضدار سے رجوع کرے۔

## ۸۸۷: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمُنَابَذَةِ وَالْمُلَامَسَةِ

۱۳۱۹ : حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَا ثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْمُنَابَذَةِ وَالْمُلَامَسَةِ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ وَابْنِ عُمَرَ حَدِيْثُ اَبِي هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَمَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْ يَّقُوْلَ اِذَا نَبَذْتُ اِلَيْكَ بِالشَّيْءِ فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ وَالْمُلَامَسَةُ اَنْ يَّقُوْلَ اِذَا

## ۸۸۷: باب بیع منابذہ اور ملامسہ

۱۳۱۹: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بیع منابذہ اور ملامسہ سے منع فرمایا۔

اس باب میں ابو سعیدؓ اور ابن عمرؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔

حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ ایک شخص دوسرے سے کہے کہ جب میں تمہاری طرف کوئی چیز پھینکوں گا ہمارے درمیان بیع میں واجب ہو گئی۔ (یہ بیع منابذہ ہے) بیع ملامسہ یہ ہے کہ اگر

[1] تحویل: حوالہ سے جس کے معنی یہ ہیں کہ مقروض اپنے قرض خواہ سے کہے کہ میرے اوپر جتنا تمہارا قرض ہے وہ تم فلاں شخص سے وصول کر لو۔ اب قرض خواہ کو اس شخص سے وصول کرنا چاہیے۔ (واللہ اعلم، مترجم)

لَمَسْتَ الشَّیْئَ فَقَدْ وَجَبَ الْبَیْعُ وَاِنْ کَانَ لَایَرٰی مِنْهُ شَیْئًا مِثْلُ مَایَکُوْنُ فِی الْجِرَابِ اَوْغَیْرُ ذٰلِکَ وَاِنَّمَا کَانَ هٰذَا مِنْ بُیُوْعِ اَهْلِ الْجَاهِلِیَّةِ فَنَهٰی عَنْ ذٰلِکَ.

میں نے کوئی چیز چھولی تو بیع واجب ہوگئی اگر چہ اس نے کچھ بھی نہ دیکھا ہو۔ مثلاً وہ چیز کسی تھیلے وغیرہ میں ہو۔ یہ دور جاہلیت کی بیع ہے اس لئے نبی اکرم ﷺ نے ان سے منع فرمایا۔

## ۸۸۸ : بَابُ مَاجَاءَ فِی السَّلَفِ فِی الطَّعَامِ وَالتَّمْرِ

## ۸۸۸: باب غلہ اور کھجور میں بیع سلم (یعنی پیشگی قیمت ادا کرنا)

۱۳۲۰ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ ثَنَا سُفْیَانُ عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ کَثِیْرٍ عَنْ اَبِی الْمِنْهَالِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ وَهُمْ یُسْلِفُوْنَ فِی التَّمْرِ فَقَالَ مَنْ اَسْلَفَ فَلْیُسْلِفْ فِیْ کَیْلٍ مَعْلُوْمٍ وَوَزْنٍ مَعْلُوْمٍ اِلٰی اَجَلٍ مَعْلُوْمٍ قَالَ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ اَبِیْ اَوْفٰی وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰی حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَجَازُوا السَّلَفَ فِی الطَّعَامِ وَالثِّیَابِ وَغَیْرِ ذٰلِکَ مِمَّا یُعْرَفُ حَدُّهٗ وَصِفَتُهٗ وَاخْتَلَفُوْا فِی السَّلَمِ فِی الْحَیَوَانِ فَرَاٰی بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِهِمُ السَّلَمَ فِی الْحَیَوَانِ جَائِزًا وَهُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَاَهْلِ الْکُوْفَةِ.

۱۳۲۰: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو وہ لوگ کھجوروں کی قیمت پیشگی ادا کر دیا کرتے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جو بیع سلم کرے (یعنی پیشگی قیمت ادا کرے) تو وہ معلوم پیمانہ اور معلوم وزن میں معلوم وقت تک کرے۔ اس باب میں حضرت ابن ابی اوفیؓ اور عبدالرحمٰن بن ابزی سے بھی روایت ہے۔ حضرت ابن عباسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ کا اس پر عمل ہے۔ ان کے نزدیک غلے، کپڑے اور ان دوسری چیزوں میں جن کی مقدار اور صفت معلوم ہو، بیع سلم جائز ہے۔ جانوروں کی بیع سلم (یعنی پیشگی قیمت دینے) میں اختلاف ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ اسے جائز کہتے ہیں جب کہ بعض صحابہؓ، سفیان ثوریؒ اور اہل کوفہ جانوروں کی بیع سلم (یعنی پیشگی قیمت ادا کرنے) کو ناجائز کہتے ہیں۔

## ۸۸۹ : بَابُ مَاجَاءَ فِیْ اَرْضِ الْمُشْتَرَکِ یُرِیْدُ بَعْضُهُمْ بَیْعَ نَصِیْبِهٖ

## ۸۸۹: باب مشترکہ زمین سے کوئی اپنا حصہ بیچنا چاہے؟

۱۳۲۱ : حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ خَشْرَمٍ ثَنَا عِیْسَی بْنُ یُوْنُسَ عَنْ سَعِیْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سُلَیْمَانَ الْیَشْکُرِیِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ کَانَ لَهٗ شَرِیْکٌ فِیْ حَائِطٍ فَلَا یَبِعْ نَصِیْبَهٗ مِنْ ذٰلِکَ حَتّٰی یَعْرِضَهٗ عَلٰی شَرِیْکِهٖ هٰذَا حَدِیْثٌ لَیْسَ اِسْنَادُهٗ بِمُتَّصِلٍ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا یَقُوْلُ سُلَیْمَانُ الْیَشْکُرِیُّ

۱۳۲۱: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ اگر کسی شخص کا کسی باغ میں حصہ ہو تو وہ اپنا حصہ اپنے دوسرے شریک کو بتائے بغیر فروخت نہ کرے۔ اس حدیث کی سند متصل نہیں۔ میں نے امام بخاریؒ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ سلیمان یشکری کا حضرت جابر بن عبداللہؓ کی زندگی میں انتقال ہوگیا۔ قتادہ اور ابو بشر نے بھی سلیمان سے

يُقَالُ اِنَّهُ مَاتَ فِي حَيٰوةِ جَابِرِبْنِ عَبْدِاللهِ قَالَ وَلَمْ يَسْمَعُ مِنْهُ قَتَادَةُ وَلَا اَبُوْبِشْرٍ قَالَ مُحَمَّدٌ وَلَا نَعْرِفُ لِاَحَدٍمِنْهُمْ سَمَاعًامِنْ سُلَيْمَانَ الْيَشْكُرِيِّ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ عَمْرُو بْنِ دِيْنَارٍ وَلَعَلَّهُ سَمِعَ مِنْهُ فِي حَيَاةِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ وَاِنَّمَا يُحَدِّثُ قَتَادَةُ عَنْ صَحِيْفَةِ سُلَيْمَانَ الْيَشْكُرِيِّ وَكَانَ لَهُ كِتَابٌ.

کوئی حدیث نہیں سنی۔ امام بخاریؒ ہی فرماتے ہیں کہ مجھے علم نہیں کہ سلیمان یشکری سے عمرو بن دینار کے علاوہ کسی اور کا سماع ہو۔ انہوں نے بھی شاید حضرت جابرؓ کی زندگی ہی میں ان سے احادیث سنی ہوں۔ اور قتادہ سلیمان یشکری کی کتاب سے حدیثیں نقل کرتے ہیں جس میں انہوں نے جابر بن عبداللہؓ سے منقول احادیث لکھی ہوئی تھیں۔

۱۳۲۲: عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ سُلَيْمَانُ التَّمِيْمِيُّ ذَهَبُوْا بِصَحِيْفَةِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ اِلَى الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ فَاَخَذَهَا اَوْ قَالَ فَرَوَاهَا وَذَهَبُوْا بِهَا اِلَى قَتَادَةَ فَرَوَاهَا فَاَتَوْنِيْ بِهَا فَلَمْ اَرْوِهَا حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ اَبُوْ بَكْرٍ الْعَطَّارُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمَدِيْنِيِّ.

۱۳۲۲: علی بن مدینی، یحییٰ بن سعید سے نقل کرتے ہیں کہ سلیمان تیمی کہتے ہیں کہ ہم جابر بن عبداللہؓ کی کتاب حسن بصری کے پاس لے گئے تو انہوں نے اسے رکھ لیا۔ یا فرمایا کہ اس سے احادیث نقل کیں۔ پھر لوگ اسے قتادہ کے پاس لے گئے۔ تو انہوں نے اس سے روایت کی پھر میرے پاس لائے لیکن میں نے اس سے روایت نہیں کی۔ ہمیں یہ باتیں ابو بکر عطار نے علی بن مدینی کے حوالے سے بتائیں۔

## ۸۹۰: بَابُ مَا جَاءَ فِي الْمُخَابَرَةِ وَالْمُعَاوَمَةِ

## ۸۹۰: باب بیع مخابرہ اور معاومہ

۱۳۲۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ ثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُخَابَرَةِ وَالْمُعَاوَمَةِ وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۲۳: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع محاقلہ، مزابنہ، مخابرہ اور معاومہ سے منع فرمایا لیکن عرایا میں ان کی اجازت دی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۸۹۱: بَابٌ

## ۸۹۱: باب

۱۳۲۴: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ وَثَابِتٍ وَحُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ غَلَا السِّعْرُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللهِ سَعِّرْلَنَا فَقَالَ اِنَّ اللهَ هُوَ الْمُسَعِّرُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الرَّزَّاقُ وَاِنِّيْ لَاَرْجُوْا اَنْ اَلْقٰى رَبِّيْ وَلَيْسَ اَحَدٌ مِنْكُمْ يَطْلُبُنِيْ بِمَظْلِمَةٍ فِيْ دَمٍ وَلَا مَالٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۲۴: حضرت انسؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں مہنگائی ہوئی تو ہم نے عرض کیا کہ قیمتیں مقرر کر دیجئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ، نرخ مقرر کرنے والا، تنگ کرنے والا، کشادہ کرنے والا اور رزق دینے والا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اپنے رب سے اس حال میں ملوں کہ کوئی شخص مجھ سے اپنے خون یا مال میں ظلم کا مطالبہ کرنے والا نہ ہو یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۸۹۲: بَابُ مَاجَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ الْغِشِّ

## ۸۹۲: باب کہ بیع میں دھوکہ

فِی الْبُیُوْعِ

۱۳۲۵: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ ثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰی صُبْرَةٍ مِنْ طَعَامٍ فَاَدْخَلَ یَدَهٗ فِیْهَا فَنَالَتْ اَصَابِعُهٗ بَلَلًا فَقَالَ یَا صَاحِبَ الطَّعَامِ مَا هٰذَا قَالَ اَصَابَتْهُ السَّمَآءُ یَا رَسُوْلَ اللهِ قَالَ اَفَلَا جَعَلْتَهٗ فَوْقَ الطَّعَامِ حَتّٰی یَرَاهُ النَّاسُ ثُمَّ قَالَ مَنْ غَشَّ فَلَیْسَ مِنَّا وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِی الْحَمْرَآءِ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَ بُرَیْدَةَ وَاَبِیْ بُرْدَةَ بْنِ دِیْنَارٍ وَ حُذَیْفَةَ ابْنِ الْیَمَانِ حَدِیْثُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ کَرِهُوا الْغِشَّ وَقَالُوا الْغِشُّ حَرَامٌ۔

دینا حرام ہے

۱۳۲۵: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ غلے کے ایک ڈھیر کے پاس سے گزرے تو اپنا ہاتھ اس میں داخل کیا۔ آپ ﷺ نے اس میں نمی محسوس کی تو فرمایا۔ اے غلہ کے مالک یہ کیا ہے۔ غلہ فروخت کرنے والے نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ یہ بارش کی وجہ سے گیلا ہوگیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا تم نے اس بھیگے ہوئے مال کو اوپر کیوں نہیں رکھ دیا تا کہ لوگ دیکھ سکیں۔ پھر فرمایا جس نے دھوکہ کیا وہ ہم سے نہیں۔ اس باب میں ابن عمرؓ، ابو حمراؓ، ابن عباسؓ، بریدؓ، ابو بردہ بن دینارؓ اور حذیفہ بن یمانؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حدیث ابو ہریرہؓ حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اس پر عمل ہے۔ ان کے نزدیک خرید و فروخت میں دھوکہ و فریب حرام ہے۔

## ۸۹۳: بَابُ مَاجَاءَ فِی اسْتِقْرَاضِ الْبَعِیْرِ اَوِ الشَّیْءِ مِنَ الْحَیَوَانِ

## ۸۹۳: باب اونٹ یا کوئی جانور قرض لینا

۱۳۲۶: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ ثَنَا وَکِیْعٌ عَنْ عَلِیِّ بْنِ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ کُهَیْلٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اسْتَقْرَضَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سِنًّا فَاَعْطٰی سِنًّا خَیْرًا مِنْ سِنِّهٖ وَقَالَ خِیَارُکُمْ اَحَاسِنُکُمْ قَضَآءً وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ حَدِیْثُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَ قَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ وَسُفْیَانُ عَنْ سَلَمَةَ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ لَمْ یَرَوْا بِاسْتِقْرَاضِ السِّنِّ مِنَ الْاِبِلِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَکَرِهَ بَعْضُهُمْ ذٰلِکَ۔

۱۳۲۶: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک جوان اونٹ قرض لیا اور ادائیگی کے وقت اس سے بہتر اونٹ دیا اور فرمایا تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو بہترین طریقے سے قرض ادا کرتے ہیں۔ اس باب میں حضرت ابو رافعؓ سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابو ہریرہؓ حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو شعبہ اور سفیان، سلمہؓ سے نقل کرتے ہیں۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے وہ اونٹ بطور قرض لینے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض اہل علم کے نزدیک یہ مکروہ ہے۔

۱۳۲۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِیْرٍ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ کُهَیْلٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَجُلًا تَقَاضٰی رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَغْلَظَ لَهٗ فَهَمَّ بِهٖ اَصْحَابُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ

۱۳۲۷: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ سے قرض کا تقاضا کیا اور کچھ بدتمیزی سے پیش آیا۔ صحابہ کرامؓ نے اسے جواب دینے کا ارادہ کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا اسے چھوڑ دو۔ حق والے کو کچھ کہنے کی گنجائش ہے۔ فرمایا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعُوْهُ فَاِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالاً فَقَالَ اشْتَرُوْا لَهٗ بَعِيْرًا فَاَعْطُوْهُ اِيَّاهُ فَطَلَبُوْهُ فَلَمْ يَجِدُوْا اِلَّا سِنًّا اَفْضَلَ مِنْ سِنِّهٖ فَقَالَ اشْتَرُوْهُ فَاَعْطُوْهُ اِيَّاهُ فَاِنَّ خَيْرَكُمْ اَحْسَنُكُمْ قَضَاءً.

اس کے لئے ایک اونٹ خریدو اور اسے دے دو۔ صحابہ کرامؓ نے تلاش کیا تو اس کے اونٹ سے بہتر اونٹ ملا اس جیسا نہ مل سکا۔ فرمایا اسے خرید کر اسے دے دو۔ تم میں سے بہتر وہی ہے جو قرض کی ادائیگی کرنے میں اچھا ہو۔

۱۳۲۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ نَحْوَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۲۸: محمد بن بشار، محمد بن جعفر سے وہ شعبہ سے اور وہ سلمہ بن کہیل سے اسی کے مثل حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۲۹: حَدَّثَنَا عَبْدُ ابْنُ حُمَيْدٍ ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ ثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اسْتَسْلَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكْرًا فَجَاءَتْهُ اِبِلٌ مِنَ الصَّدَقَةِ قَالَ اَبُوْ رَافِعٍ فَاَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقْضِيَ الرَّجُلَ بَكْرَهٗ فَقُلْتُ لَا اَجِدُ فِي الْاِبِلِ اِلَّا جَمَلاً خِيَارًا رَبَاعِيًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَعْطِهٖ اِيَّاهُ فَاِنَّ خِيَارَ النَّاسِ اَحْسَنُهُمْ قَضَاءً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۲۹: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام ابو رافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک جوان اونٹ بطور قرض لیا۔ پھر جب آپ ﷺ کے پاس زکوٰۃ کے اونٹ آئے تو مجھے حکم دیا کہ اس شخص کو اونٹ دے دوں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ان میں سے کوئی جوان اونٹ نہیں ہے۔ البتہ اس کے اونٹ سے بہتر اونٹ ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا وہی دے دو کیونکہ وہی لوگ اچھے ہیں جو قرض کی ادائیگی اچھی طرح کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۸۹۴: بَابٌ

## ۸۹۴: باب

۱۳۳۰: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ ثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مُغِيْرَةَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ سَمْحَ الْبَيْعِ سَمْحَ الشِّرَاءِ سَمْحَ الْقَضَاءِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَ قَدْ رَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ يُوْنُسَ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ.

۱۳۳۰: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نرم روی کے ساتھ خرید و فروخت کرنے والے اور نرمی ہی کے ساتھ قرض ادا کرنے کو پسند کرتا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ بعض لوگوں نے اس حدیث کو یونس سے انہوں نے سعید مقبری سے اور انہوں نے ابوہریرہؓ سے روایت کیا ہے۔

۱۳۳۱: حَدَّثَنِيْ عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ ثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ زَيْدِ بْنِ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَفَرَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ كَانَ قَبْلَكُمْ كَانَ سَهْلاً اِذَا بَاعَ سَهْلاً اِذَا اشْتَرٰى سَهْلاً اِذَا اقْتَضٰى هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ حَسَنٌ

۱۳۳۱: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تم سے پہلے ایک شخص کو بخش دیا۔ وہ بیچنے، خریدنے اور تقاضہ قرض میں نرمی اختیار کرتا تھا۔ یہ حدیث اس سند سے غریب صحیح حسن ہے۔

مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

## ۸۹۵: بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْبَيْعِ فِي الْمَسْجِدِ

۱۳۳۲: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ ثَنَا عَارِمٌ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يَزِيْدُ ابْنُ خُصَيْفَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَاَيْتُمْ مَنْ يَبِيْعُ اَوْ يَبْتَاعُ فِي الْمَسْجِدِ فَقُوْلُوْا لَا اَرْبَحَ اللّٰهُ تِجَارَتَكَ وَ اِذَا رَاَيْتُمْ مَنْ يَنْشُدُ فِيْهِ ضَالَّةً فَقُوْلُوْا لَا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ كَرِهُوا الْبَيْعَ وَالشِّرَآءَ فِي الْمَسْجِدِ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَ اِسْحٰقَ وَ قَدْ رَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ فِي الْبَيْعِ وَالشِّرَآءَ فِي الْمَسْجِدِ.

## ۸۹۵: باب مسجد میں خرید وفروخت کی ممانعت کے بارے میں

۱۳۳۲: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم کسی ایسے شخص کو دیکھو جو مسجد میں خرید وفروخت کرتا ہے تو کہو اللہ تیری تجارت کو نفع بخش نہ بنائے اور جب کسی کو مسجد میں گم شدہ چیز کا اعلان کرتے دیکھو تو کہو کہ اللہ تمہاری چیز واپس نہ لوٹائے۔ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حسن غریب ہے۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے وہ کہتے ہیں کہ مسجد میں خرید وفروخت حرام ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم مسجد میں خرید وفروخت کی اجازت دیتے ہیں۔

# اَبْوَابُ الْاَحْکَامِ

## عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

## حکومت اور قضاء کے بارے میں

رسول اللہ ﷺ سے منقول احادیث کے ابواب

### ۸۹۶: بَابُ مَاجَاءَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْقَاضِیْ

۱۳۳۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی ثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَیْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِکِ یُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَوْھَبٍ اَنَّ عُثْمَانَ قَالَ لِابْنِ عُمَرَ اذْھَبْ فَاقْضِ بَیْنَ النَّاسِ قَالَ اَوَتُعَافِیْنِیْ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ قَالَ فَمَا تَکْرَہُ مِنْ ذٰلِکَ وَقَدْ کَانَ اَبُوْکَ یَقْضِیْ قَالَ اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ کَانَ قَاضِیًا فَقَضٰی بِالْعَدْلِ فَبِالْحَرِیِّ اَنْ یَنْقَلِبَ مِنْہُ کَفَافًا فَمَا اَرْجُوْا بَعْدَ ذٰلِکَ وَفِی الْحَدِیْثِ قِصَّۃٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ حَدِیْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَلَیْسَ اِسْنَادُہٗ عِنْدِیْ بِمُتَّصِلٍ وَعَبْدُ الْمَلِکِ الَّذِیْ رَوٰی عَنْہُ الْمُعْتَمِرُ ھٰذَا ھُوَ عَبْدُ الْمَلِکِ بْنُ جَمِیْلَۃَ.

۱۳۳۴: حَدَّثَنَا ھَنَّادٌ ثَنَا وَکِیْعٌ عَنْ اِسْرَائِیْلَ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلٰی عَنْ بِلَالِ ابْنِ اَبِیْ مُوْسٰی عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ سَاَلَ الْقَضَآءَ وُکِّلَ اِلٰی نَفْسِہٖ وَمَنْ اُجْبِرَ عَلَیْہِ یَنْزِلُ عَلَیْہِ مَلَکٌ فَیُسَدِّدُہٗ.

۱۳۳۵: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ثَنَا یَحْیَی ابْنُ حَمَّادٍ عَنْ اَبِیْ عَوَانَۃَ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَی الثَّعْلَبِیِّ عَنْ بِلَالِ

### ۸۹۶: باب قاضی کے متعلق آنحضرت ﷺ سے منقول احادیث

۱۳۳۳: حضرت عبداللہ بن موہبؒ سے روایت ہے کہ حضرت عثمانؓ نے ابن عمرؓ سے فرمایا: جاؤ اور لوگوں کے درمیان فیصلے کیا کرو۔ انہوں نے کہا۔ اے امیر المومنین آپؓ مجھے اس کام سے معاف رکھیں۔ حضرت عثمانؓ نے پوچھا تم اسے ناپسند کیوں کرتے ہو حالانکہ تمہارے والد بھی تو فیصلے کیا کرتے تھے۔ ابن عمرؓ نے عرض کیا میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ جس نے قاضی بن کر لوگوں کے درمیان عدل کے ساتھ فیصلے کئے تو امید ہے کہ وہ برابر، برابر چھوٹ جائے۔ اس کے بعد بھی کیا میں اس کی امید رکھوں۔ اس حدیث میں ایک واقعہ ہے۔ اس باب میں ابوہریرہؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔ حضرت ابن عمرؓ کی حدیث غریب ہے۔ میرے نزدیک اس کی سند متصل نہیں۔ عبدالملک جو معتمر سے نقل کرتے ہیں وہ عبدالملک بن جمیلہ ہیں۔

۱۳۳۴: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے منصب قضا کا خود سوال کیا وہ اپنے نفس کے حوالے کیا گیا اور جس شخص کو زبردستی یہ عہدہ دیا گیا اس کی مدد اور غلط راستے پر جانے سے روکنے کے لئے ایک فرشتہ اترتا ہے۔

۱۳۳۵: خثیمہ بصری حضرت انسؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو قضاء کے عہدے پر فائز ہونا چاہتا ہے

ابْنِ مِرْدَاسٍ الْفَزَارِيِّ عَنْ خَيْثَمَةَ وَهُوَ الْبَصْرِيُّ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ ابْتَغَى الْقَضَآءَ وَسَالَ فِيْهِ شُفَعَاءَ وُكِلَ اِلٰى نَفْسِهٖ وَمَنْ اُكْرِهَ عَلَيْهِ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ مَلَكًا يُسَدِّدُهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَهُوَ اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ اِسْرَائِيْلَ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلٰى.

اوراس کے لئے سفارشیں کرتا ہے۔اسے اس کے نفس پر چھوڑ دیا جاتا ہے یعنی غیبی مدد نہیں ہوتی اور جسے زبردستی اس منصب پر فائز کیا جاتا ہے۔اللہ تعالیٰ اس کی مدد کے لئے ایک فرشتہ اتارتا ہے۔یہ حدیث حسن غریب ہے اوراسرائیل کی عبد الاعلیٰ سے منقول حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔

۱۳۳۶: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ ثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَمْرِو وبْنِ اَبِيْ عَمْرٍو وَ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ وَلِيَ الْقَضَآءَ اَوْجُعِلَ قَاضِيًا بَيْنَ النَّاسِ فَقَدْ ذُبِحَ بِغَيْرِ سِكِّيْنٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ رُوِيَ اَيْضًا مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۱۳۳۶: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو قضاء سونپی گئی یا (فرمایا) اسے لوگوں کے درمیان قاضی بنایا گیا وہ بغیر چھری کے ذبح کیا گیا۔

یہ حدیث اس سند سے غریب ہے اوراس کے علاوہ سند سے بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً منقول ہے۔

## ۸۹۷: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْقَاضِيْ يُصِيْبُ وَ يُخْطِئُ

## ۸۹۷: باب قاضی کا فیصلہ صحیح بھی ہوتا ہے اور غلط بھی

۱۳۳۷: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مَهْدِيٍّ ثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ ثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ فَاَصَابَ فَلَهٗ اَجْرَانِ وَاِذَا حَكَمَ فَاَخْطَاَ فَلَهٗ اَجْرٌ وَاحِدٌ وَ فِي الْبَابِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَعُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ لَانَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ.

۱۳۳۷: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حاکم فیصلہ کرتے وقت غور و فکر سے کام لے اور صحیح فیصلہ کرے تو اس کے لئے دو اجر ہیں اور اگر خطاء ہو جائے تو اس کے لئے ایک ثواب ہے۔اس باب میں حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ اور عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔حدیث ابو ہریرہؓ اس سند سے حسن غریب ہے۔ہم اس حدیث کو سفیان ثوریؒ کی یحییٰ بن سعید سے روایت کے متعلق عبدالرزاق کی سند کے علاوہ کسی اور سند سے نہیں جانتے۔عبدالرزاق معمر سے اور وہ سفیان ثوریؒ سے روایت کرتے ہیں

## ۸۹۸: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْقَاضِيْ كَيْفَ يَقْضِيْ

## ۸۹۸: باب قاضی کیسے فیصلے کرے

۱۳۳۸: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ عَوْنٍ عَنِ الْحَارِثِ ابْنِ عَمْرٍو وَ عَنْ رِجَالٍ مِنْ اَصْحَابِ مُعَاذٍ عَنْ مُعَاذٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ كَيْفَ تَقْضِيْ

۱۳۳۸: حضرت معاذؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں یمن کا قاضی بنا کر بھیجا تو پوچھا کہ تم کس طرح فیصلے کرو گے۔انہوں نے عرض کیا اللہ کی کتاب قرآن مجید کے مطابق فیصلہ کروں گا۔آپ ﷺ نے فرمایا اگر وہ اللہ کی کتاب

فَقَالَ اَقْضِیْ بِمَا فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ قَالَ فَاِنْ لَمْ یَکُنْ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ قَالَ فَبِسُنَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنْ لَمْ یَکُنْ فِیْ سُنَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اجْتَھِدُ رَاْیِ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ وَفَّقَ رَسُوْلَ رَسُوْلِ اللّٰہِ.

میں نہ ہو (یعنی تم نہ پاؤ) انہوں نے عرض کیا رسول اللہ ﷺ کی سنت کے مطابق فیصلہ کرونگا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر سنت میں بھی نہ ہو۔ عرض کیا اپنی رائے سے (کتاب وسنت کے مطابق) اجتہاد کروں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے اپنے رسول کے قاصد کو یہ توفیق بخشی۔

۱۳۳۹ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَھْدِیٍّ قَالَ ثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ اَبِیْ عَوْنٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو بْنِ اَخٍ لِلْمُغِیْرَۃِ بْنِ شُعْبَۃَ عَنْ اُنَاسٍ مِنْ اَھْلِ حِمْصَ عَنْ مُعَاذٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِہٖ ھٰذَا حَدِیْثٌ لَا نَعْرِفُہٗ اِلَّا مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ وَلَیْسَ اِسْنَادُہٗ عِنْدِیْ بِمُتَّصِلٍ وَ اَبُوْ عَوْنٍ الثَّقَفِیُّ اسْمُہٗ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰہِ.

۱۳۳۹: محمد بن بشار، محمد بن جعفر اور عبدالرحمٰن بن مہدی سے وہ دونوں شعبہ سے وہ ابوعون سے وہ حارث سے وہ کئی اہل حمص سے اور وہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مانند حدیث مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔ ہم اس حدیث کو صرف اسی سند سے جانتے ہیں اور یہ سند متصل نہیں۔ ابوعون ثقفی کا نام محمد بن عبیداللہ ہے۔

## ۸۹۹ : بَابُ مَاجَاءَ فِی الْاِمَامِ الْعَادِلِ

## ۸۹۹: باب عادل امام

۱۳۴۰ : حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمُنْذِرِ الْکُوْفِیُّ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ عَنْ فُضَیْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ عَنْ عَطِیَّۃَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَبَّ النَّاسِ اِلَی اللّٰہِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَاَدْنَاھُمْ مِنْہُ مَجْلِسًا اِمَامٌ عَادِلٌ وَاَبْغَضَ النَّاسِ اِلَی اللّٰہِ وَاَبْعَدَھُمْ مِنْہُ مَجْلِسًا اِمَامٌ جَائِرٌ وَفِی الْبَابِ عَنْ اَبِیْ اَوْفٰی حَدِیْثُ اَبِیْ سَعِیْدٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُہٗ اِلَّا مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ.

۱۳۴۰: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اللہ کا سب سے زیادہ محبوب اور اس کے سب سے زیادہ قریب بیٹھنے والا عادل حکمران ہوگا اور سب سے زیادہ قابل نفرت اور سب سے دور بیٹھنے والا ظالم حکمران ہوگا۔ اس باب میں ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے بھی حدیث منقول ہے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔

۱۳۴۱ : حَدَّثَنَا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْبَکْرٍ الْعَطَّارُ ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ ثَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ الشَّیْبَانِیِّ عَنِ ابْنِ اَبِیْ اَوْفٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الْقَاضِیْ مَالَمْ یَجُرْ فَاِذَا جَارَ تَخَلّٰی عَنْہُ وَلَزِمَہُ الشَّیْطَانُ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُہٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ.

۱۳۴۱: حضرت ابن ابی اوفیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ قاضی کے ساتھ ہوتا ہے جب تک وہ ظلم نہ کرے۔ جب وہ ظلم کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا ساتھ چھوڑ دیتا ہے اور شیطان اس سے چمٹ جاتا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اسے صرف عمران قطان کی روایت سے پہچانتے ہیں۔

## ۹۰۰ : بَابُ مَاجَاءَ فِی الْقَاضِیْ لَا یَقْضِیْ

## ۹۰۰: باب قاضی اس وقت تک فیصلہ نہ کرے جب

## بَیْنَ الْخَصْمَیْنِ حَتّٰی یَسْمَعَ کَلاَمَهُمَا

۱۳۴۲ : حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا حُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ الْجُعْفِیُّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ سِمَاکِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ حَنَشٍ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَقَاضَا اِلَیْکَ رَجُلاَنِ فَلاَ تَقْضِ لِلْاَوَّلِ حَتّٰی تَسْمَعَ کَلاَمَ الْاٰخِرِ فَسَوْفَ تَدْرِیْ کَیْفَ تَقْضِیْ قَالَ عَلِیٌّ زِلْتُ قَاضِیًا بَعْدُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

## تک فریقین کے بیانات نہ سن لے

۱۳۴۲: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا جب دو آدمی تمہارے پاس فیصلہ لینے آئیں تو دوسرے کی بات سننے سے پہلے ایک کے حق میں فیصلہ نہ کرنا۔ عنقریب تم فیصلہ کرنے کا طریقہ جان لو گے۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ اس کے بعد میں ہمیشہ (قاضی) یعنی فیصلے کرتا رہا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۹۰۱ : بَابُ مَاجَاءَ فِیْ اِمَامِ الرَّعِیَّةِ

۱۳۴۳ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ ثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ ثَنِیْ عَلِیُّ بْنُ الْحَکَمِ ثَنِیْ اَبُو الْحَسَنِ قَالَ قَالَ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ لِمُعَاوِیَةَ اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَامِنْ اِمَامٍ یُغْلِقُ بَابَهُ دُوْنَ ذَوِی الْحَاجَةِ وَالْخَلَّةِ وَالْمَسْکَنَةِ اِلَّا اَغْلَقَ اللّٰهُ اَبْوَابَ السَّمَآءِ دُوْنَ خَلَّتِهٖ وَحَاجَتِهٖ وَمَسْکَنَتِهٖ فَجَعَلَ مُعَاوِیَةُ رَجُلاً عَلٰی حَوَائِجِ النَّاسِ وَ فِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ حَدِیْثُ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَ قَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِیْثُ مِنْ غَیْرِ هٰذَا الْوَجْهِ وَ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ الْجُهَنِیُّ یُکْنٰی اَبَامَرْیَمَ.

۱۳۴۴ : حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ ثَنَا یَحْیَی بْنُ حَمْزَةَ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ مَرْیَمَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَیْمِرَةَ عَنْ اَبِیْ مَرْیَمَ صَاحِبِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا الْحَدِیْثِ بِمَعْنَاهُ.

## ۹۰۱: باب رعایا کی خبر گیری

۱۳۴۳: حضرت عمرو بن مرہ رضی اللہ عنہ نے معاویہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ اگر کوئی حاکم اپنی رعایا کے حاجتمندوں محتاجوں اور مسکینوں کے لئے اپنے دروازے بند کر دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجات، ضروریات اور فقر کو دور کرنے سے پہلے آسمانوں کے دروازے بند کر دیتا ہے۔ اس پر معاویہؓ نے اس وقت ایک شخص کو لوگوں کی ضروریات معلوم کرنے کے لئے مقرر کر دیا۔ اس باب میں حضرت ابن عمرؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔ حضرت عمرو بن مرہ کی حدیث غریب ہے اور ایک اور سند سے بھی منقول ہے۔ عمرو بن جہنی کی کنیت ابو مریم ہے۔

۱۳۴۴: علی بن حجر، یحییٰ بن حمزہ سے وہ یزید بن ابی مریم سے وہ قاسم بن مخیمرہ سے اور وہ ابو مریم رضی اللہ عنہ سے (جو صحابی ہیں) اس کے ہم معنی حدیث نقل کرتے ہیں۔

## ۹۰۲ : بَابُ مَاجَاءَ لاَ یَقْضِی الْقَاضِیْ وَهُوَ غَضْبَانُ

۱۳۴۵ : حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِکِ ابْنِ عُمَیْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بَکْرَةَ قَالَ کَتَبَ اَبِیْ اِلٰی عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَکْرَةَ وَ هُوَ قَاضٍ اَنْ تَحْکُمَ

## ۹۰۲: باب قاضی غصے کی حالت میں فیصلہ نہ کرے

۱۳۴۵: حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے والد نے عبید اللہ بن ابی بکرہ رضی اللہ عنہ (جو قاضی تھے) کو لکھا کہ دو آدمیوں کے درمیان غصے کی حالت

بَیْنَ اثْنَیْنِ وَاَنْتَ غَضْبَانُ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا یَحْکُمُ الْحَاکِمُ بَیْنَ اثْنَیْنِ وَھُوَ غَضْبَانُ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَاَبُوْ بَکْرَۃَ اسْمُہٗ نُفَیْعٌ

میں کبھی فیصلہ نہ کرنا کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ کوئی حاکم غصہ کی حالت میں فریقین کے درمیان فیصلہ نہ کرے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کا نام نفیع ہے۔

## ۹۰۳: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ ھَدَایَا الْاُمَرَاءِ

۱۳۴۶: حَدَّثَنَا اَبُوْکُرَیْبٍ ثَنَا اَبُوْ اُسَامَۃَ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ یَزِیْدَ الْاَوْدِیِّ عَنِ الْمُغِیْرَۃِ بْنِ شُبَیْلٍ عَنْ قَیْسِ بْنِ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ بَعَثَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَی الْیَمَنِ فَلَمَّا سِرْتُ اَرْسَلَ فِیْ اَثَرِیْ فَرُدِدْتُ فَقَالَ اَتَدْرِیْ لِمَ بَعَثْتُ اِلَیْکَ لَا تُصِیْبَنَّ شَیْئًا بِغَیْرِ اِذْنِیْ فَاِنَّہٗ غُلُوْلٌ وَمَنْ یَغْلُلْ یَاْتِ بِمَا غَلَّ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ لِھٰذَا دَعَوْتُکَ وَامْضِ لِعَمَلِکَ وَ فِی الْبَابِ عَنْ عَدِیِّ ابْنِ عُمَیْرَۃَ وَبُرَیْدَۃَ وَالْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ وَاَبِیْ حُمَیْدٍ وَ ابْنِ عُمَرَ حَدِیْثُ مُعَاذٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُہٗ اِلَّا مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ اُسَامَۃَ عَنْ دَاوٗدَ الْاَوْدِیِّ۔

## ۹۰۳: باب امراء کو تحفے دینا

۱۳۴۶: حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے یمن بھیجا تو میں روانہ ہو گیا۔ آپ ﷺ نے میری روانگی کے بعد کسی شخص کو مجھے بلانے کے لئے بھیجا میں واپس آیا تو آپ ﷺ نے فرمایا جانتے ہو میں نے تمہیں واپس کیوں بلایا۔ اس لیے کہ میری اجازت کے بغیر کوئی چیز نہ لینا کیونکہ یہ خیانت ہے۔ اور جو خیانت کرے گا وہ قیامت کے دن اپنی خیانت کی ہوئی چیز لے کر حاضر ہوگا۔ میں نے یہی کہنے کے لئے تمہیں بلایا تھا۔ اب جاؤ۔ اس باب میں حضرت عدی بن عمیرہؓ، بریدہؓ، مستور بن شدادؓ، ابوحمیدؓ اور ابن عمرؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے صرف ابو اسامہ کی روایت والی سند سے جانتے ہیں۔ ابو اسامہ، داؤد اودی سے نقل کرتے ہیں۔

## ۹۰۴: بَابُ مَاجَاءَ فِی الرَّاشِیْ وَالْمُرْتَشِیْ فِی الْحُکْمِ

۱۳۴۷: حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ ثَنَا اَبُوْ عَوَانَۃَ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الرَّاشِیَ الْمُرْتَشِیَ فِی الْحُکْمِ وَ فِی الْبَابِ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو وَعَآئِشَۃَ وَابْنِ حَدِیْدَۃَ وَاُمِّ سَلَمَۃَ حَدِیْثُ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَ قَدْ رُوِیَ ھٰذَا الْحَدِیْثُ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ ابْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو وَرُوِیَ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ اَبِیْہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلَا

## ۹۰۴: باب مقدمات میں رشوت لینے اور دینے والا

۱۳۴۷: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے رشوت لینے اور دینے والے دونوں پر لعنت فرمائی۔ اس باب میں عبداللہ بن عمروؓ، عائشہؓ، ابن حدیدہؓ اور ام سلمہؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حدیث ابوہریرہؓ حسن ہے۔ یہ حدیث ابوسلمہؓ بن عبدالرحمٰنؒ، حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے بھی مروی ہے۔ ابوسلمہؒ اس حدیث کو اپنے والد سے اور وہ نبی ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔ لیکن یہ روایت صحیح نہیں۔ میں نے عبداللہ بن عبدالرحمٰن سے سنا کہ حضرت ابوسلمہؒ کی عبداللہ

يَصِحُّ وَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْسَنُ شَيْءٍ فِيْ هٰذَا الْبَابِ وَاَصَحُّ.

بن عمروؓ کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے منقول حدیث اس باب کی سب سے زیادہ صحیح حدیث ہے۔

۱۳۴۸: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ ثَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ خَالِدِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّاشِيَ وَالْمُرْتَشِيَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۴۸: ابوموسی، محمد بن مثنیٰ، ابو عامر عقدی سے وہ ابن ابی ذئب سے وہ خالد حارث بن عبدالرحمٰن سے وہ ابوسلمہؓ سے اور وہ عبداللہ بن عمروؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے رشوت لینے اور دینے والے دونوں پر لعنت فرمائی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۹۰۵: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قَبُوْلِ الْهَدِيَّةِ وَاِجَابَةِ الدَّعْوَةِ

## ۹۰۵: باب تحفہ اور دعوت قبول کرنا

۱۳۴۹: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنُ بَزِيْعٍ ثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ ثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اُهْدِيَ اِلَيَّ كُرَاعٌ لَقَبِلْتُ وَلَوْ دُعِيْتُ عَلَيْهِ لَاَجَبْتُ وَ فِي الْبَابِ عَنْ عَلِيٍّ وَعَائِشَةَ وَالْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ وَ سُلَيْمَانَ وَ مُعَاوِيَةَ بْنِ حَيْدَةَ وَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَلْقَمَةَ حَدِيْثُ اَنَسٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۴۹: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر مجھے بکری کا ایک کھر بھی ہدیے میں دیا جائے تو میں قبول کرلوں اور اگر اس پر دعوت دی جائے تو ضرور جاؤں۔ اس باب میں حضرت علیؓ، عائشہؓ، مغیرہ بن شعبہؓ، سلیمانؓ، معاویہ بن حیدہؓ اور عبدالرحمٰن بن علقمہؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حدیث انسؓ حسن صحیح ہے۔

## ۹۰۶: بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّشْدِيْدِ عَلٰى مَنْ يُقْضٰى لَهٗ بِشَيْءٍ لَيْسَ لَهٗ اَنْ يَاْخُذَهٗ

## ۹۰۶: باب اگر غیر مستحق کے حق میں فیصلہ ہو جائے تو اسے وہ چیز لینا جائز نہیں

۱۳۵۰: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِيُّ ثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ اِلَيَّ وَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ اَنْ يَكُوْنَ اَلْحَنَ بِحُجَّتِهٖ مِنْ بَعْضٍ فَاِنْ قَضَيْتُ لِاَحَدٍ مِنْكُمْ بِشَيْءٍ مِنْ حَقِّ اَخِيْهِ فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَهٗ قِطْعَةً مِنَ النَّارِ فَلَا يَاْخُذْ مِنْهُ شَيْئًا وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعَائِشَةَ حَدِيْثُ اُمِّ سَلَمَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۵۰: حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم لوگ میرے پاس اپنے تنازعات لیکر آتے ہو تاکہ میں تمہارے درمیان فیصلہ کروں۔ اور میں بھی ایک انسان ہوں ہوسکتا ہے کہ تم میں سے ایک اپنی دلیل بیان کرنے میں دوسرے سے زیادہ تیز زبان ہو پس اگر میں کسی کے لئے اس کے بھائی کے حق سے فیصلہ کردوں تو میں اس کے لیے دوزخ کا ایک ٹکڑا کاٹتا ہوں۔ لہٰذا وہ اس میں سے کچھ نہ لے۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ، عائشہؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حدیث ام سلمہؓ حسن صحیح ہے۔

## ۹۰۷: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اَنَّ الْبَيِّنَةَ عَلَى الْمُدَّعِيْ وَالْيَمِيْنَ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ

## ۹۰۷: باب مدعی کے لئے گواہ اور مدعیٰ علیہ پر قسم ہے

۱۳۵۱: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ مِنْ حَضْرَمَوْتَ وَرَجُلٌ مِنْ كِنْدَةَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هٰذَا غَلَبَنِيْ عَلٰى اَرْضٍ لِيْ فَقَالَ الْكِنْدِيُّ هِيَ اَرْضِيْ وَفِيْ يَدِيْ لَيْسَ لَهُ فِيْهَا حَقٌّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْحَضْرَمِيِّ اَلَكَ بَيِّنَةٌ قَالَ فَلَكَ يَمِيْنُهُ قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الرَّجُلَ فَاجِرٌ لَا يُبَالِيْ عَلٰى مَاحَلَفَ عَلَيْهِ وَلَيْسَ يَتَوَرَّعُ مِنْ شَيْءٍ قَالَ لَيْسَ لَكَ مِنْهُ اِلَّا ذٰلِكَ قَالَ فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ لِيَحْلِفَ لَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَدْبَرَ لَئِنْ حَلَفَ عَلٰى مَالِكَ لِيَاْكُلَهُ ظُلْمًا لَيَلْقَيَنَّ اللّٰهَ وَهُوَ عَنْهُ مُعْرِضٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَالْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ حَدِيْثُ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۵۱: حضرت علقمہ بن وائل اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ حضرموت اور کندہ سے ایک ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضرمی نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس نے میری زمین پر قبضہ کرلیا ہے جبکہ کندی نے عرض کیا۔ وہ میری زمین ہے، میرے ہاتھ میں ہے کسی کا اس پر کوئی حق نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرمی سے پوچھا: کیا تمہارے پاس گواہ ہیں۔ اس نے کہا نہیں۔ فرمایا پھر تم اس سے قسم لے سکتے ہو۔ اس نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ تو فاجر آدمی ہے قسم اٹھالے گا پھر اس میں پرہیزگاری بھی نہیں۔ فرمایا تم اس سے قسم کے علاوہ کچھ بھی نہیں لے سکتے۔ پس اس نے قسم کھائی اور جانے کے لیے مڑا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر اس نے تیرے مال پر قسم کھائی تاکہ اسے ظلماً کھائے تو وہ اللہ تعالیٰ سے قیامت کے دن اس حالت میں ملاقات کرے گا کہ وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) اس کی طرف توجہ نہیں فرمائے گا۔ اس باب میں حضرت عمرؓ، ابن عباسؓ، عبداللہ بن عمروؓ اور اشعث بن قیسؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حدیث وائل بن حجرؓ حسن صحیح ہے۔

۱۳۵۲: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ وَغَيْرُهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ خُطْبَتِهِ الْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِيْ وَالْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ هٰذَا حَدِيْثٌ فِيْ اِسْنَادِهِ مَقَالٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَرْزَمِيُّ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ ضَعَّفَهُ ابْنُ الْمُبَارَكِ وَغَيْرُهُ.

۱۳۵۲: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: مدعی کے لئے گواہ پیش کرنا اور مدعی علیہ کے لئے قسم کھانا ضروری ہے۔ اس حدیث کی سند میں کلام ہے۔ محمد بن عبیداللہ عرزمی حدیث میں حافظے کی وجہ سے ضعیف ہیں۔ ابن مبارکؒ وغیرہ نے انہیں ضعیف کہا ہے۔

۱۳۵۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ الْبَغْدَادِيُّ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ ثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

۱۳۵۳: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ کیا کہ قسم مدعیٰ علیہ پر ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دیگر اہل

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَضٰی اَنَّ الْیَمِیْنَ عَلَی الْمُدَّعٰی عَلَیْہِ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ اَھْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ ﷺ وَغَیْرِ ھِمْ اَنَّ الْبَیِّنَةَ عَلَی الْمُدَّعِیْ وَالْیَمِیْنَ عَلَی الْمُدَّعٰی عَلَیْہِ.

علم کا اس پر عمل ہے۔ کہ گواہ مدعی علیہ کے ذمہ اور قسم مدعیٰ علیہ پر ہے۔

## ۹۰۸ : بَابُ مَاجَاءَ فِی الْیَمِیْنِ مَعَ الشَّاھِدِ

## اگر ایک گواہ ہو تو مدعی قسم کھائے گا

۱۳۵۴ : حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ الدَّوْرَقِیُّ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ ثَنِیْ رَبِیْعَةُ بْنُ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُھَیْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَةَ قَالَ قَضٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالْیَمِیْنِ مَعَ الشَّاھِدِ الْوَاحِدِ قَالَ رَبِیْعَةُ وَاَخْبَرَنِیْ ابْنٌ لِسَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ وَجَدْنَا فِیْ کِتَابِ سَعْدٍ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَضٰی بِالْیَمِیْنِ مَعَ الشَّاھِدِ وَفِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ وَجَابِرٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَسُرَّقَ حَدِیْثُ اَبِیْ ھُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَضٰی بِالْیَمِیْنِ مَعَ الشَّاھِدِ حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ.

۱۳۵۴: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ فرمایا ربیع کہتے ہیں کہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے ایک بیٹے نے مجھے بتایا کہ ہم نے سعد رضی اللہ عنہ کی کتاب میں پڑھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ اور مدعی کی قسم پر فیصلہ فرمایا۔ اس باب میں حضرت علی، جابر، ابن عباس اور سرق رضی اللہ عنہم سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ اور قسم کے ساتھ فیصلہ فرمایا حسن غریب ہے۔

۱۳۵۵ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ قَالَا ثَنَا عَبْدُالْوَھَّابِ الثَّقَفِیُّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَضٰی بِالْیَمِیْنِ مَعَ الشَّاھِدِ.

۱۳۵۵: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ اور قسم کے ساتھ فیصلہ فرمایا۔

۱۳۵۶ : حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ ثَنَا اِسْمٰعِیْلُ ابْنُ جَعْفَرٍ ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَضٰی بِالْیَمِیْنِ مَعَ الشَّاھِدِ الْوَاحِدِ قَالَ وَقَضٰی بِھَا عَلِیٌّ فِیْکُمْ وَھٰذَا اَصَحُّ وَ ھٰکَذَا رَوٰی سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُرْسَلاً وَرَوٰی عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ اَبِیْ سَلَمَةَ وَیَحْیَی بْنُ سُلَیْمٍ ھٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَلِیٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَھْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِھِمْ رَاَوْا اَنَّ الْیَمِیْنَ مَعَ الشَّاھِدِ الْوَاحِدِ جَائِزَةٌ فِی الْحُقُوْقِ

۱۳۵۶: حضرت جعفر بن محمد اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ اور قسم کے ساتھ فیصلہ فرمایا پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بھی تمہارے درمیان اسی پر فیصلہ کیا۔ یہ حدیث سب سے زیادہ صحیح ہے۔ سفیان ثوریؒ بھی جعفر بن محمد سے وہ اپنے والد سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں۔ عبدالعزیز بن ابی سلمہ اور یحییٰ بن سلیم بھی یہ حدیث جعفر بن محمد سے وہ اپنے والد سے اور وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔ بعض علماء صحابہ رضی اللہ عنہم وغیرہ کا اسی پر عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ اگر مدعی کے پاس ایک ہی گواہ ہو تو دوسرے گواہ کے بدلے اس سے قسم لی جائے۔

وَالْاَمْوَالِ وَهُوَ قَوْلُ مَالِکِ بْنِ اَنَسٍ وَالشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالُوْا لَا یُقْضٰی بِالْیَمِیْنِ مَعَ الشَّاهِدِ الْوَاحِدِ اِلَّا فِی الْحُقُوْقِ وَالْاَمْوَالِ وَلَمْ یَرَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَهْلِ الْکُوْفَةِ وَغَیْرِهِمْ اَنْ یُقْضٰی بِالْیَمِیْنِ مَعَ الشَّاهِدِ الْوَاحِدِ.

یہ حقوق واموال میں جائز ہے۔ امام مالکؒ کا بھی یہی قول ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ بھی ایک گواہ اور قسم پر حقوق واموال میں فیصلہ کرنے کو جائز سمجھتے ہیں۔ بعض اہل کوفہ وغیرہ کہتے ہیں کہ ایک گواہ کے بدلے مدعی سے قسم لے کر فیصلہ کرنا جائز نہیں۔

## ۹۰۹ : بَابُ مَاجَاءَ فِی الْعَبْدِ یَکُوْنُ بَیْنَ رَجُلَیْنِ فَیُعْتِقُ اَحَدُ هُمَا نَصِیْبَهٗ

## ۹۰۹: باب مشترکہ غلام میں سے اپنا حصہ آزاد کرنا

۱۳۵۷ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ ثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَعْتَقَ نَصِیْبًا اَوْقَالَ شَقِیْصًا اَوْقَالَ شِرْ کًا لَهٗ فِیْ عَبْدٍ فَکَانَ لَهٗ مِنَ الْمَالِ مَا یَبْلُغُ ثَمَنَهٗ بِقِیْمَةِ الْعَدْلِ فَهُوَ عَتِیْقٌ وَاِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَاعَتَقَ قَالَ اَیُّوْبُ وَرُبَّمَا قَالَ نَا فِعٌ فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ یَعْنِیْ فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ حَدِیْثُ ابْنِ عُمَرَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رَوَاهُ سَالِمٌ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

۱۳۵۷: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے کسی مشترک غلام کے اپنے حصہ کو آزاد کیا اور اس آزاد کرنے والے کے پاس اتنا مال ہے کہ اس غلام کی بازار کی قیمت کے برابر پہنچتا ہے تو وہ غلام آزاد ہو گیا۔ ورنہ اتنا حصہ ہی آزاد ہو گا۔ جتنا اس کا حصہ تھا۔ ایوب کہتے ہیں کہ نافع نے بعض اوقات اس روایت میں یوں کہا اس سے اتنا آزاد ہوا جتنا اس نے آزاد کیا۔ حدیث ابن عمرؓ حسن صحیح ہے۔ سالم نے یہ حدیث اپنے والد سے انہوں نے نبی ﷺ سے نقل کی ہے۔

۱۳۵۸ : حَدَّثَنَا بِذٰلِکَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ الْخَلَّالُ ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ ثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَعْتَقَ نَصِیْبًا لَهٗ فِیْ عَبْدٍ فَکَانَ لَهٗ مِنَ الْمَالِ مَایَبْلُغُ ثَمَنَهٗ فَهُوَ عَتِیْقٌ مِنْ مَالِهٖ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ.

۱۳۵۸: حضرت سالم اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے کسی مشترک غلام میں سے اپنا حصہ آزاد کیا تو اگر آزاد کرنے والے کے پاس اتنا مال ہے کہ غلام کی قیمت پوری ہو جاتی ہے تو وہ غلام آزاد ہے۔ (یعنی اسے چاہیے کہ تمام حصہ داروں کو ان کے حصے کی قیمت ادا کر کے غلام کو مکمل آزاد کر دے) یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۳۵۹ : حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ خَشْرَمٍ ثَنَا عِیْسَی بْنُ یُوْنُسَ عَنْ سَعِیْدِ ابْنِ اَبِیْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّضْرِبْنِ اَنَسٍ عَنْ بَشِیْرِ بْنِ نَهِیْکٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعْتَقَ نَصِیْبًا اَوْقَالَ شَقِیْصًا فِیْ مَمْلُوْکٍ فَخَلَاصُهٗ فِیْ مَالِهٖ اِنْ کَانَ لَهٗ مَالٌ وَاِنْ لَمْ یَکُنْ لَهٗ مَالٌ قُوِّمَ قِیْمَةَ عَدْلٍ ثُمَّ

۱۳۵۹: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے کسی مشترک غلام میں سے اپنا حصہ آزاد کیا تو اگر وہ مالدار ہے تو اسے پورا آزاد کرائے اور اگر غریب ہے تو غلام کی بازار کے مطابق صحیح قیمت مقرر کی جائے۔ اور پھر جو حصہ آزاد نہیں ہوا اس کے لئے غلام سے محنت کرا کے بقیہ حصہ کی قیمت ادا کر دی جائے۔ لیکن اس کو زیادہ مشقت میں نہ ڈالا

يُسْتَسْعٰى فِيْ نَصِيْبِ الَّذِيْ لَمْ يُعْتَقْ غَيْرَ مَشْقُوْقٍ عَلَيْهِ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو.

جائے۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے بھی روایت ہے۔

۱۳۶۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ نَحْوَهُ وَقَالَ شَقِيْصًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهٰكَذَا اَرْوٰى اَبَانُ ابْنُ يَزِيْدَ عَنْ قَتَادَةَ مِثْلَ رِوَايَةِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ وَرَوٰى شُعْبَةُ وَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِي السِّعَايَةِ فَرَاٰى بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ السِّعَايَةَ فِيْ هٰذَا وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَاَهْلِ الْكُوْفَةِ وَبِهٖ يَقُوْلُ اِسْحٰقُ وَقَدْ قَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِذَا كَانَ الْعَبْدُ بَيْنَ رَجُلَيْنِ فَاَعْتَقَ اَحَدُهُمَا نَصِيْبَهُ فَاِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ غَرِمَ نَصِيْبَ اَخِيْهِ وَعَتَقَ الْعَبْدُ مِنْ مَالِهٖ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ عَتَقَ مِنَ الْعَبْدِ مَا عَتَقَ وَلَا يُسْتَسْعٰى وَقَالُوْا بِمَا رُوِيَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهٰذَا قَوْلُ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَبِهٖ يَقُوْلُ مَالِكُ ابْنُ اَنَسٍ وَالشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ.

۱۳۶۰: سعید بن ابی عروبہ نے اسی کی مثل حدیث نقل کی اور (نصیبہ) کی جگہ ''شقیصہ'' کالفظ استعمال کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابان بن یزید نے قتادہ سے سعید بن ابوعروبہ کی روایت کی مثل نقل کی لیکن محنت کا ذکر نہیں کیا۔ غلام سے محنت کرانے کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض علماء کے نزدیک اس سے محنت کرائی جائے۔ سفیان ثوریؒ اور اہل کوفہ کا یہی قول ہے۔ اسحٰقؒ بھی یہی کہتے ہیں۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ اگر غلام دو آدمیوں کے درمیان مشترک ہو اور ان میں سے ایک اپنا حصہ آزاد کردے تو دیکھا جائے اگر اس کے پاس اپنے ساتھی کا حصہ ادا کرنے کے لئے مال ہے تو یہ غلام آزاد ہو جائے گا۔ اگر اس کے پاس مال نہ ہو تو جتنا آزاد کیا اتنا ہی آزاد ہوگا لیکن اس سے محنت مشقت نہیں کرائی جائیگی۔ ان حضرات نے حضرت ابن عمرؓ کی حدیث کے مطابق رائے دی ہے۔ اہل مدینہ کا بھی یہی قول ہے۔ مالک بن انسؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۹۱۰: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْعُمْرٰى

## ۹۱۰: باب عمر بھر کے لئے کوئی چیز ھبہ کرنا

۱۳۶۱: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ ﷺ قَالَ الْعُمْرٰى جَائِزَةٌ لِاَهْلِهَا اَوْ مِيْرَاثٌ لِاَهْلِهَا وَفِي الْبَابِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَجَابِرٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعَآئِشَةَ وَابْنِ الزُّبَيْرِ وَمُعَاوِيَةَ.

۱۳۶۱: حضرت سمرہؓ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا عمریٰ جائز ہے اور وہ گھر اسی کا ہے جس کو دیا ہے یا فرمایا اس میں رہنے والوں کے لئے میراث ہے۔ اس باب میں حضرت زید بن ثابتؓ، جابرؓ، ابوہریرہؓ، عائشہؓ، ابن زبیرؓ اور معاویہؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔

۱۳۶۲: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ ثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا رَجُلٍ اُعْمِرَ عُمْرٰى لَهُ وَلِعَقِبِهٖ فَاِنَّهَا لِلَّذِيْ يُعْطَاهَا لَا تَرْجِعُ اِلَى الَّذِيْ اَعْطَاهَا لِاَنَّهُ اَعْطٰى عَطَآءً وَقَعَتْ فِيْهِ الْمَوَارِيْثُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَهٰكَذَا رَوٰى

۱۳۶۲: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر کوئی گھر کسی کو ساری عمر رہنے کے لئے دیا گیا اور کہا گیا کہ یہ گھر تمہارے لیے اور تمہارے وارثوں کے لئے ہے تو وہ اسی کا رہے گا۔ جسے دیا گیا اور جس نے اسے دیا ہے دوبارہ اس کا نہیں ہوگا۔ کیونکہ اس نے ایسا عطیہ دیا جس میں میراث واقع ہوئی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو معمر اور کئی راوی بھی

مَعْمَرٌ وَغَیْرُ وَاحِدٍ عَنِ الزُّھْرِیِّ مِثْلَ رِوَایَةِ مَالِکٍ وَرَوٰی بَعْضُھُمْ عَنِ الزُّھْرِیِّ وَلَمْ یَذْکُرْفِیْهِ وَلِعَقِبِهٖ وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَھْلِ الْعِلْمِ قَالُوْا اِذَا قَالَ ھِیَ لَکَ حَیَاتَکَ وَلِعَقِبِکَ فَاِنَّھَا لِمَنْ اُعْمِرَ ھَا لَاتَرْجِعُ اِلَی الْاَوَّلِ وَاِذَا لَمْ یَقُلْ لِعَقِبِکَ فَھِیَ رَاجِعَةٌ اِلَی الْاَ وَّلِ اِذَا مَاتَ الْمُعْمَرُ وَھُوَ قَوْلُ مَالِکِ بْنِ اَنَسٍ وَالشَّافِعِیِّ وَرُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعُمْرٰی جَائِزَةٌ لِاَ ھْلِھَا وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَھْلِ الْعِلْمِ قَالُوْا اِذَا مَاتَ الْمُعْمَرُ فَھِیَ لِوَرَثَتِهٖ وَاِنْ لَمْ تُجْعَلْ لِعَقِبِهٖ وَھُوَقَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحَاقَ.

زہری سے مالک ہی کی حدیث کے مثل نقل کرتے ہیں۔ بعض محدثین نے زہری سے روایت کیا لیکن ''ولعقبہ'' کے الفاظ مذکور نہیں۔ بعض علماء کا اس پر عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں جب گھر دینے والے نے کہا یہ ساری زندگی تیرے لئے اور تیرے بعد والوں کے لئے ہے تو یہ اسی کے لئے ہوگا جس کو دیا گیا۔ پہلے کی طرف واپس نہیں ہوگا۔ اور اگر وارثوں کا ذکر نہ کیا تو اس شخص کی وفات کے بعد مالک کو مکان واپس کر دیا جائے گا۔ مالکؒ اور شافعیؒ کا یہی قول ہے۔ نبی اکرم ﷺ سے کئی سندوں سے منقول ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا عمریٰ اس کا ہے جسے دیا گیا۔ بعض اہل علم اسی حدیث پر عمل کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ عمریٰ اسی کا ہوگا جسے دیا گیا اور اس کے مرنے کے بعد اس کے وارث اسکے حق دار ہوں گے خواہ دیتے وقت وارثوں کا ذکر کیا گیا یا نہیں۔ سفیان ثوریؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔

## ۹۱۱: بَابُ مَاجَاءَ فِی الرُّقْبٰی

۱۳۶۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ ثَنَا ھُشَیْمٌ عَنْ دَاوٗدَبْنِ اَبِیْ ھِنْدٍعَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْعُمْرٰی جَائِزَةٌ لِاَ ھْلِھَا وَالرُّقْبٰی جَائِزَ ةٌ لِاَھْلِھَا ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوَاہُ بَعْضُھُمْ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ مَوْقُوْفًا وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَبَعْضِ اَھْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِھِمْ اَنَّ الرُّقْبٰی جَائِزَةٌ مِثْلَ الْعُمْرٰی وَھُوَقَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَفَرَّقَ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَھْلِ الْکُوْفَةِ وَغَیْرِھِمْ بَیْنَ الْعُمْرٰی وَالرُّقْبٰی فَاَجَازُوْ الْعُمْرٰی وَلَمْ یُجِیْزُوْا الرُّقْبٰی وَ تَفْسِیْرُ الرُّقْبٰی اَنْ یَقُوْلَ ھٰذَا الشَّیْءُ لَکَ مَاعِشْتَ فَاِنْ مُتَّ قَبْلِی فَھِیَ رَاجِعَةٌ اِلَیَّ وَقَالَ اَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ الرُّقْبٰی مِثْلُ الْعُمْرٰی وَھِیَ لِمَنْ اُعْطِیَھَا وَلَا تَرْجِعُ اِلَی الْاَوَّلِ.

## ۹۱۱: باب رقبیٰ

۱۳۶۳: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عمریٰ جائز ہے اور وہ اسی کا ہو جاتا ہے جس کو دیا جاتا ہے اسی طرح رقبیٰ بھی جائز ہے اور اسی کا ہو جاتا ہے جسے کو دیا جاتا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ بعض راوی یہ حدیث ابو زبیر سے اور وہ جابرؓ سے موقوفاً نقل کرتے ہیں۔ صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء کا اسی پر عمل ہے وہ کہتے ہیں کہ رقبیٰ عمریٰ ہی کی طرح جائز ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض علماء کوفہ وغیرہ عمریٰ اور رقبیٰ میں تفریق کرتے ہیں پس وہ عمریٰ کو جائز اور رقبیٰ کو ناجائز قرار دیتے ہیں۔ رقبیٰ کا مطلب یہ ہے کہ دینے والا دوسرے کو کہے جب تک تو زندہ ہے یہ چیز تیرے لئے ہے اگر تم مجھ سے پہلے مر جاؤ تو یہ دوبارہ میری ملکیت ہو جائے گی۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ فرماتے ہیں رقبیٰ بھی عمریٰ کی طرح ہے یہ اسی کے لئے ہوگا جس کو دیا گیا۔ دوبارہ دینے والے کی ملکیت میں نہیں آتا۔

## ۹۱۲ : بَابُ مَاذُكِرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصُّلْحِ بَيْنَ النَّاسِ

۱۳۶۴ : حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ ثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ ثَنَا كَثِيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفِ الْمُزَنِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصُّلْحُ جَائِزٌ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ اِلَّا صُلْحًا حَرَّمَ حَلَالًا اَوْاَحَلَّ حَرَامًا وَالْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى شُرُوْطِهِمْ اِلَّا شَرْطًا حَرَّمَ حَلَالًا اَوْاَحَلَّ حَرَامًا هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

## ۹۱۲: باب لوگوں کے درمیان صلح کے متعلق رسول اللہ ﷺ سے منقول احادیث

۱۳۶۴: حضرت کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف مزنی اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مسلمانوں کے درمیان صلح کرانا جائز ہے۔ البتہ وہ صلح جس میں حرام کو حلال یا حلال کو حرام کہا گیا ہو جائز نہیں۔ مسلمانوں کو اپنی شروط پوری کرنی چاہیے مگر کوئی ایسی شرط ہو جو حلال کو حرام اور حرام کو حلال کردے (جائز نہیں) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۹۱۳ : بَابُ مَاجَاءَ فِي الرَّجُلِ يَضَعُ عَلٰى حَائِطِ جَارِهٖ خَشَبًا

۱۳۶۵ : حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَاْذَنَ اَحَدَكُمْ جَارُهٗ اَنْ يَغْرِزَ خَشَبَةً فِيْ جِدَارِهٖ فَلَا يَمْنَعْهُ فَلَمَّا حَدَّثَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ طَاْطَئُوْا رُؤُوْسَهُمْ فَقَالَ مَالِيْ اَرَاكُمْ عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ وَاللّٰهِ لَاَرْمِيَنَّ بِهَا بَيْنَ اَكْتَافِكُمْ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَمُجَمِّعِ بْنِ جَارِيَةَ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَبِهٖ يَقُوْلُ الشَّافِعِيُّ وَرُوِيَ عَنْ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْهُمْ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ قَالُوْا لَهٗ اَنْ يَمْنَعَ جَارَهٗ اَنْ يَضَعَ خَشَبَةً فِيْ جِدَارِهٖ وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ اَصَحُّ .

## ۹۱۳: باب پڑوسی کی دیوار پر لکڑی رکھنا

۱۳۶۵: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی اپنے پڑوسی سے اس کی دیوار پر لکڑی (یعنی چھت کا شہتیر وغیرہ) رکھنے کی اجازت مانگے تو وہ اسے منع نہ کرے۔ حضرت ابوہریرہؓ نے جب یہ حدیث بیان کی تو لوگوں نے اپنے سر جھکا دیئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا وجہ ہے کہ میں تمہیں اس سے منہ پھیرتے دیکھتا ہوں۔ اللہ کی قسم میں یہ حدیث تمہارے کندھوں پر ماروں گا (یعنی اس پر عمل کروا کے رہوں گا)۔ اس باب میں حضرت ابن عباسؓ اور مجمع بن جاریہ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض اہل علم سے منقول ہے کہ پڑوسی کو اپنی دیوار پر لکڑی رکھنے سے منع کرنا جائز ہے۔ امام مالکؒ کا یہی قول ہے۔ لیکن پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔

## ۹۱۴ : بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الْيَمِيْنَ عَلٰى مَايُصَدِّقُهٗ صَاحِبُهٗ

۱۳۶۶ : حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَاَحْمَدُ ابْنُ مَنِيْعٍ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالَا ثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ

## ۹۱۴: باب قسم دلانے والے کی تصدیق پر ہی قسم صحیح ہوتی ہے

۱۳۶۶: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری قسم

اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْیَمِیْنُ عَلٰی مَا یُصَدِّقُکَ بِهٖ صَاحِبُکَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ هُشَیْمٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ هُوَ اَخُوْ سُهَیْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ وَبِهٖ یَقُوْلُ اَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ وَرُوِیَ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ النَّخَعِیِّ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا کَانَ الْمُسْتَحْلِفُ ظَالِمًا فَالنِّیَّةُ نِیَّةُ الْحَالِفِ وَاِنْ کَانَ الْمُسْتَحْلِفُ مَظْلُوْمًا فَالنِّیَّةُ الَّذِی اسْتَحْلَفَ.

اسی صورت میں صحیح ہوگی جب تمہارا ساتھی (قسم دینے والا) تمہاری تصدیق کرے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے ہم اسے صرف ہشیم کی روایت سے جانتے ہیں۔ ہشیم، سہیل بن ابو صالح کے بھائی عبداللہ بن ابوصالح سے نقل کرتے ہیں۔ بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ ابراہیم نخعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر قسم کھلانے والا ظالم ہو تو قسم کھانے والی کی نیت معتبر ہوگی اور اگر قسم کھلانے والا مظلوم ہو تو اس کی نیت کا اعتبار کیا جائے گا۔

## ۹۱۵: بَابُ مَاجَاءَ فِی الطَّرِیْقِ اِذَا اخْتُلِفَ فِیْهِ کَمْ یُجْعَلُ

## ۹۱۵: باب اختلاف کی صورت میں راستہ کتنا بڑا بنایا جائے

۱۳۶۷: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ ثَنَا وَکِیْعٌ عَنِ الْمُثَنّٰی بْنِ سَعِیْدِ الضُّبَعِیِّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ بَشِیْرِ ابْنِ نَهِیْکٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اجْعَلُوا الطَّرِیْقَ سَبْعَةَ اَذْرُعٍ.

۱۳۶۷: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا راستہ سات گز چوڑا بناؤ۔

۱۳۶۸: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ ثَنَا الْمُثَنّٰی بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ بُشَیْرِ بْنِ کَعْبٍ الْعَدَوِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَشَاجَرْتُمْ فِی الطَّرِیْقِ فَاجْعَلُوْ سَبْعَةَ اَذْرُعٍ هٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِیْثِ وَکِیْعٍ وَفِی الْبَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدِیْثُ بُشَیْرِ بْنِ کَعْبٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَرَوٰی بَعْضُهُمْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ بَشِیْرِ بْنِ نَهِیْکٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَهُوَ غَیْرُ مَحْفُوْظٍ.

۱۳۶۸: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر تم لوگوں میں راستے کی وجہ سے اختلاف ہو جائے تو راستہ کو سات گز چوڑا بناؤ۔
یہ حدیث وکیع کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔ اس باب میں ابن عباسؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔ بشیر بن کعب کی حضرت ابو ہریرہؓ سے منقول حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو بعض محدثین قتادہ سے وہ بشیر نہیک سے اور وہ ابوہریرہؓ سے نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث غیر محفوظ ہے۔

## ۹۱۶: بَابُ مَاجَاءَ فِی تَخْیِیْرِ الْغُلَامِ بَیْنَ اَبَوَیْهِ اِذَا افْتَرَقَا

## ۹۱۶: باب والدین کی جدائی کے وقت بچے کو اختیار دیا جائے

۱۳۶۹: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ زِیَادِ ابْنِ سَعِیْدٍ عَنْ هِلَالِ ابْنِ اَبِیْ مَیْمُوْنَةَ الثَّعْلَبِیِّ عَنْ اَبِیْ مَیْمُوْنَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

۱۳۶۹: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک بچے کو اختیار دیا چاہے تو باپ کے ساتھ رہے اور چاہے تو ماں کے پاس۔ اس باب میں عبداللہ بن عمروؓ

وَسَلَّمَ خَيَّرَ غُلَامًا بَيْنَ اَبِيْهِ وَاُمِّهِ وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَجَدِّ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَبُوْ مَيْمُوْنَةَ اسْمُهُ سُلَيْمٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ قَالُوْا يُخَيَّرُ الْغُلَامُ بَيْنَ اَبَوَيْهِ اِذَا وَقَعَتْ بَيْنَهُمَا الْمُنَازَعَةُ فِي الْوَلَدِ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَ قَالَا مَاكَانَ الْوَلَدُ صَغِيْرًا فَالْاُمُّ اَحَقُّ فَاِذَا بَلَغَ الْغُلَامُ سَبْعَ سِنِيْنَ خُيِّرَ بَيْنَ اَبَوَيْهِ وَهِلَالُ بْنُ اَبِيْ مَيْمُوْنَةَ هُوَهِلَالُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اُسَامَةَ وَهُوَ مَدَنِيٌّ وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ وَمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَفُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ .

اور عبدالحمید بن جعفر کے دادا سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حدیث ابو ہریرہؓ حسن صحیح ہے۔ ابو میمونہ کا نام سلیم ہے۔ صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء کا اسی پر عمل ہے وہ کہتے ہیں کہ بچے کو اختیار دیا جائے کہ چاہے تو ماں کے ساتھ رہے اور چاہے تو باپ کے ساتھ رہے۔ یعنی جب ماں باپ میں کوئی جھگڑا وغیرہ ہو جائے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ فرماتے ہیں کہ جب تک بچہ چھوٹا ہے اس کی ماں زیادہ مستحق ہے۔ اور جب اس کی عمر سات سال ہو جائے تو اسے اختیار دیا جائے کہ ماں باپ میں سے جس کے پاس چاہے رہے۔ ہلال بن ابی میمونہ، علی بن اسامہ کے بیٹے اور مدنی ہیں۔ ان سے یحییٰ بن ابی کثیر، مالک بن انس اور فلیح بن سلیمان احادیث نقل کرتے ہیں۔

## ۹۱۷ : بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الْوَالِدَ يَاْخُذُ مِنْ مَالِ وَلَدِهٖ

## ۹۱۷: باب باپ اپنے بیٹے کے مال میں سے جو چاہے لے سکتا ہے

۱۳۷۰ : حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ ثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا ابْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ الْاَعْمَشُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَمَّتِهٖ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَطْيَبَ مَااَكَلْتُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ وَاِنَّ اَوْلَادَكُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اُمِّهٖ عَنْ عَائِشَةَ وَاَكْثَرُهُمْ قَالُوْا عَنْ عَمَّتِهٖ عَنْ عَائِشَةَ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ قَالُوْا اِنَّ يَدَ الْوَالِدِ مَبْسُوْطَةٌ فِيْ مَالِ وَلَدِهٖ يَاْخُذُ مَاشَآءَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا يَاْخُذُ مِنْ مَّالِهٖ اِلَّا عِنْدَ الْحَاجَةِ اِلَيْهِ.

۱۳۷۰: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمہارا سب سے بہترین مال وہ ہے جو تم اپنی کمائی سے کھاتے ہو۔ اور تمہاری اولاد بھی تمہاری کمائی ہی میں داخل ہے۔ اس باب میں جابرؓ اور عبداللہ بن عمروؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔ بعض محدثین نے اسے عمارہ بن عمیر سے وہ اپنی والدہ سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے نقل کرتی ہیں۔ اکثر نے ان کی پھوپھی کے واسطہ سے حضرت عائشہؓ سے نقل کیا ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور دیگر اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ والد کو اپنے بیٹے کے مال پر پورا حق ہے جتنا چاہے لے سکتا ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ والد بیٹے کے مال میں سے صرف ضرورت کے وقت ہی لے سکتا ہے۔

## ۹۱۸ : بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَنْ يُكْسَرُلَهُ الشَّيْءُ

## ۹۱۸: باب کسی شخص کی کوئی

## مَایُحْکَمُ لَهٗ مِنْ مَالِ الْکَاسِرِ

## چیز توڑی جائے تو؟

۱۳۷۱: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ ثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ الْحَفَرِیُّ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ حُمَیْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اَهْدَتْ بَعْضُ اَزْوَاجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا فِیْ قَصْعَةٍ فَضَرَبَتْ عَآئِشَةُ الْقَصْعَةَ بِیَدِهَا فَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ طَعَامٌ بِطَعَامٍ وَاِنَآءٌ بِاِنَآءٍ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ .

۱۳۷۱: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ازواج مطہرات میں کسی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کچھ کھانا ایک پیالے میں ڈال کر بطور ہدیہ بھیجا۔ حضرت عائشہؓ نے اس پر اپنا ہاتھ مارا تو وہ گر گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ کھانے کے بدلے کھانا اور پیالے کے بدلے پیالہ دینا چاہیے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۷۲: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ ثَنَا سُوَیْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ عَنْ حُمَیْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعَارَ قَصْعَةً فَضَاعَتْ فَضَمِنَهَا لَهُمْ وَهٰذَا حَدِیْثٌ غَیْرُ مَحْفُوْظٍ وَاِنَّمَا اَرَادَ عِنْدِیْ سُوَیْدُ الْحَدِیْثَ الَّذِیْ رَوَاهُ الثَّوْرِیُّ وَحَدِیْثُ الثَّوْرِیِّ اَصَحُّ.

۱۳۷۲: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ایک پیالہ کسی سے مستعار لیا تو وہ گم ہو گیا۔ پس آپ ﷺ ضامن ہوئے اسکے یعنی اس کے عوض ایک پیالہ انہیں دیا۔ یہ حدیث غیر محفوظ ہے۔ میرے نزدیک سوید وہی حدیثیں مراد لیتے ہیں۔ جو سفیان ثوریؒ نقل کرتے ہیں اور سفیان ثوریؒ کی حدیث زیادہ صحیح ہے۔

## ۹۱۹: بَابُ مَاجَاءَ فِیْ حَدِّ بُلُوْغِ الرَّجُلِ وَالْمَرْاَةِ

## ۹۱۹: باب مرد و عورت کب بالغ ہوتے ہیں

۱۳۷۳: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَزِیْرِ الْوَاسِطِیُّ ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ یُوْسُفَ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ عُرِضْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ جَیْشٍ وَاَنَا ابْنُ اَرْبَعَ عَشْرَةَ فَلَمْ یَقْبَلْنِیْ فَعُرِضْتُ عَلَیْهِ مِنْ قَابِلٍ فِیْ جَیْشٍ وَاَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ فَقَبِلَنِیْ قَالَ نَافِعٌ فَحَدَّثْتُ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ عُمَرَ بْنَ عَبْدِالْعَزِیْزِ فَقَالَ هٰذَا حَدٌّ مَابَیْنَ الصَّغِیْرِ وَالْکَبِیْرِ ثُمَّ کَتَبَ اَنْ یُفْرَضَ لِمَنْ بَلَغَ الْخَمْسَ عَشْرَةَ.

۱۳۷۳: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ ایک لشکر میں مجھے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا گیا اس وقت میری عمر چودہ سال تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے مجھے اجازت نہیں دی۔ پھر آئندہ سال دوبارہ ایک لشکر کی تیاری کے موقع پر پیش کیا گیا جب کہ میری عمر پندرہ سال تھی۔ اس مرتبہ آپ ﷺ نے مجھے اجازت دے دی۔ نافع کہتے ہیں۔ میں نے یہ حدیث عمر بن عبدالعزیز کے سامنے بیان کی تو انہوں نے فرمایا یہ بالغ اور نابالغ کے درمیان حد ہے پھر اپنے عاملوں کو لکھا کہ پندرہ سال کی عمر والوں کو مال غنیمت میں سے حصہ دیا جائے۔

۱۳۷۴: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَا سُفْیٰنُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ وَلَمْ یَذْکُرْ فِیْهِ اَنَّ عُمَرَ ابْنَ عَبْدِالْعَزِیْزِ کَتَبَ اَنَّ هٰذَا حَدُّ مَابَیْنَ الصَّغِیْرِ وَالْکَبِیْرِ وَذَکَرَ ابْنُ عُیَیْنَةَ فِیْ حَدِیْثِهٖ قَالَ حَدَّثْتُ بِهٖ

۱۳۷۴: ابن ابی عمر، سفیان بن عیینہ سے وہ عبیداللہ بن عمر سے وہ نافع سے وہ عبداللہ بن عمر سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کے مثل حدیث نقل کرتے ہیں اور اس حدیث میں عمر بن عبدالعزیز کے اپنے عاملوں کو حکم دینے کا تذکرہ نہیں کرتے۔ ابن عیینہ کہتے ہیں کہ میں نے یہ حدیث عمر بن

عُمَرَ بْنَ عَبْدِالْعَزِيْزِ فَقَالَ هٰذَا حَدٌّمَابَيْنَ الذُّرِّيَّةِ وَالْمُقَاتِلَةِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ وَبِهٖ يَقُوْلُ الثَّوْرِيُّ وَابْنُ الْمُبَارَكِ وَالشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ يَرَوْنَ اَنَّ الْغُلَامَ اِذَا اسْتَكْمَلَ خَمْسَ عَشْرَةَ فَحُكْمُهٗ حُكْمُ الرِّجَالِ وَاِنِ احْتَلَمَ قَبْلَ خَمْسَ عَشْرَةَ فَحُكْمُهٗ حُكْمُ الرِّجَالِ وَقَالَ اَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ لِلْبُلُوْغِ ثَلٰثُ مَنَازِلَ بُلُوْغُ خَمْسَ عَشْرَةَ اَوِالْاِحْتِلَامُ فَاِنْ لَمْ يُعْرَفْ سِنُّهٗ وَلَا احْتِلَامُهٗ فَالْاِ نْبَا تُ يَعْنِي الْعَانَةَ.

عبدالعزیز کے سامنے بیان کی تو انہوں نے فرمایا یہ جہاد میں لڑنے والوں اور بچوں کے درمیان حد ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اہل علم کا اسی پر عمل ہے۔
امام شافعیؒ، ثوریؒ، ابن مبارکؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ بھی یہی کہتے ہیں کہ جب لڑکا پندرہ سال کا ہو جائے تو اس کا حکم مردوں کا ہوگا اور اگر پندرہ برس سے پہلے بالغ ہو جائے (یعنی احتلام آئے) تو اس کا حکم بھی مردوں ہی کا ہوگا۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ فرماتے ہیں کہ بالغ ہونے کی تین علامات ہیں۔ پندرہ سال کا ہو جانا یا احتلام ہونا۔ اگر یہ دونوں معلوم نہ ہو سکیں تو زیر ناف بالوں کا آنا۔

## ۹۲۰: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَنْ تَزَوَّجَ امْرَأَةَ اَبِيْهِ

## ۹۲۰: باب جو شخص اپنے والد کی بیوی سے نکاح کرے

۱۳۷۵: حَدَّثَنَا اَبُوْسَعِيْدِ الْاَشَجُّ ثَنَاحَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ اَشْعَثَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ مَرَّبِيْ خَالِيْ اَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ وَمَعَهٗ لِوَآءٌ فَقُلْتُ اَيْنَ تُرِيْدُفَقَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةَ اَبِيْهِ اَنْ اٰتِيَهٗ بِرَاْسِهٖ وَفِي الْبَابِ عَنْ قُرَّةَ حَدِيْثُ الْبَرَآءِ حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ رَوٰى مُحَمَّدُ ابْنُ اِسْحٰقَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الْبَرَآءِ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ اَشْعَثَ عَنْ عَدِيٍّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْبَرَآءِ عَنْ اَبِيْهِ وَرُوِيَ عَنْ اَشْعَثَ عَنْ عَدِيٍّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْبَرَآءِ عَنْ خَالِهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۱۳۷۵: حضرت براءؓ سے روایت ہے کہ میرے ماموں ابو بردہ بن نیار میرے پاس سے گزرے تو ان کے ہاتھ میں ایک نیزہ تھا۔ میں نے پوچھا کہاں جا رہے ہیں۔ انہوں نے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایک ایسے آدمی کا سر لانے کا حکم دیا ہے جس نے اپنے باپ کی بیوی سے شادی کر لی ہے۔ اس باب میں قرہ سے بھی حدیث منقول ہے۔ حدیث براء حسن غریب ہے۔ محمد بن اسحٰق بھی یہ حدیث عدی بن ثابت سے اور وہ براء سے نقل کرتے ہیں۔ اشعث بھی یہ حدیث عدی سے وہ یزید بن براء سے اور وہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی اشعث، عدی سے وہ یزید بن براء سے اور وہ اپنے ماموں سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔

## ۹۲۱: بَاب مَاجَاءَ فِي الرَّجُلَيْنِ يَكُوْنُ اَحَدُهُمَا اَسْفَلَ مِنَ الْاٰ خَرِفِي الْمَآءِ

## ۹۲۱: باب دو آدمیوں کا اپنے کھیتوں کو پانی دینے سے متعلق جن میں سے ایک کا کھیت اونچا اور دوسرے کا کھیت پست ہو

۱۳۷۶: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهٗ اَنَّ رَجُلاً

۱۳۷۶: حضرت عروہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے انہیں بتایا کہ ایک انصاری نے رسول اللہ ﷺ کے پاس

مِنَ الْاَ نْصَارِ خَاصَمَ الزُّبَیْرَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ شِرَاجِ الْحَرَّۃِ الَّتِیْ یَسْقُوْنَ بِھَا النَّخْلَ فَقَالَ الْاَ نْصَارِیُّ سَرِّحِ الْمَآءَ یَمُرُّ فَاَبٰی عَلَیْہِ فَاخْتَصَمُوْا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِلزُّبَیْرِ اسْقِ یَازُبَیْرُ ثُمَّ اَرْسِلِ الْمَآءَ اِلٰی جَارِکَ فَغَضِبَ الْاَنْصَارِیُّ فَقَالَ اَنْ کَانَ ابْنَ عَمَّتِکَ فَتَلَوَّنَ وَجْہُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ یَازُبَیْرُ اسْقِ ثُمَّ احْبِسِ الْمَآءَ حَتّٰی یَرْجِعَ اِلَی الْجَدْرِ فَقَالَ الزُّبَیْرُ وَاللّٰہِ اِنِّیْ لَاَ حْسِبُ نَزَلَتْ ھٰذِہِ الْاٰ یَۃُ فِیْ ذٰلِکَ فَلاَ وَرَبِّکَ لَا یُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی یُحَکِّمُوْکَ فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَھُمْ ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْ اَنْفُسِھِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا الْاٰ یَۃَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَرَوٰی شُعَیْبُ بْنُ اَبِیْ حَمْزَۃَ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ عُرْوَۃَ بْنِ الزُّبَیْرِ عَنِ الزُّبَیْرِ وَلَمْ یَذْکُرْ فِیْہِ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ الزُّبَیْرِ وَرَوَاہُ عَبْدُاللّٰہِ بْنُ وَھْبٍ عَنِ اللَّیْثِ وَیُوْنُسَ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ عُرْوَۃَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الزُّبَیْرِ نَحْوَ الْحَدِیْثِ الْاَ وَّلِ .

حضرت زبیرؓ سے پتھریلی زمین کی ان نالیوں کے بارے میں جھگڑا کیا جن کے ذریعے کھجوروں کو پانی دیا جاتا تھا۔ انصاری نے کہا۔ پانی کو چلتا چھوڑ دیا جائے۔ زبیرؓ نے انکار کیا۔ پس وہ دونوں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا کہ اے زبیرؓ تم اپنے کھیتوں کو پانی پلا کر اپنے پڑوسی کے کھیتوں میں چھوڑ دیا کرو۔ اس پر انصاری غصہ میں آ گئے اور کہنے لگے۔ یہ آپ ﷺ کے پھوپھی زاد بھائی ہیں اس لئے آپ ﷺ نے ان کے حق میں فیصلہ دیا ہے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ کے چہرے کا رنگ متغیر ہوگیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے زبیرؓ تم اپنے کھیتوں کو پانی دے کر پانی روک لو۔ یہاں تک کہ منڈیر تک واپس چلا جائے۔ حضرت زبیرؓ فرماتے ہیں اللہ کی قسم یہ آیت اس مسئلے میں نازل ہوئی "فَلاَ وَرَبِّکَ لَا یُؤْمِنُوْنَ ......" (تمہارے رب کی قسم ان لوگوں کا ایمان اسی وقت تک مکمل نہیں ہوسکتا جب تک یہ آپ ﷺ کو اپنے جھگڑوں میں منصف نہ بنائیں اور پھر آپ ﷺ کے فیصلے کو تہِ دل سے قبول نہ کرلیں اور ان کے دلوں میں اس فیصلے کے متعلق ذرا سی بھی کدورت باقی نہ رہے) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو شعیب بن ابی حمزہ، زہری سے وہ عروہ بن زبیر سے اور وہ عبداللہ بن زبیر سے نقل کرتے ہیں۔ لیکن اس میں عبداللہ بن زبیر کا تذکرہ نہیں کرتے۔ عبداللہ بن وہب بھی اس حدیث کو لیث سے وہ یونس سے وہ زہری سے وہ عروہ سے اور وہ عبداللہ بن زبیر سے اسی کے مثل حدیث نقل کرتے ہیں۔

## ۹۲۲ : بَابُ مَاجَاءَ فِیْ مَنْ یُعْتِقُ مَمَالِیْکَہٗ عِنْدَ مَوْتِہٖ وَلَیْسَ لَہٗ مَالٌ غَیْرُ ھُمْ

## ۹۲۲: باب جو شخص موت کے وقت اپنے غلام اور لونڈیوں کو آزاد کردے اور ان کے علاوہ اس کے پاس کوئی مال نہ ہو

۱۳۷۷ : حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَۃَ عَنْ اَبِی الْمُھَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ اَنَّ رَجُلاً مِّنَ الْاَنْصَارِ اَعْتَقَ سِتَّۃَ اَعْبُدٍلَّہٗ عِنْدَ مَوْتِہٖ وَلَمْ یَکُنْ لَہٗ مَالُھُمْ غَیْرُھُمْ فَبَلَغَ ذٰلِکَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ

۱۳۷۷: حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ ایک انصاری نے اپنی موت کے وقت اپنے چھ غلاموں کو آزاد کردیا۔ اور اسکے پاس اسکے علاوہ کوئی مال نہیں تھا۔ یہ خبر جب رسول اللہ ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ نے ان کے متعلق سخت الفاظ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُ قَوْلاً شَدِيْدًا قَالَ ثُمَّ دَعَا هُمْ فَجَزَّأَهُمْ ثُمَّ اَقْرَعَ بَيْنَهُمْ فَاَعْتَقَ اثْنَيْنِ وَاَرَقَّ اَرْبَعَةً وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثُ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَالشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ يَرَوْنَ الْقُرْعَةَ فِيْ هٰذَا وَفِيْ غَيْرِهٖ وَاَمَّا بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ وَغَيْرِهِمْ فَلَمْ يَرَوُا الْقُرْعَةَ وَقَالُوْا يُعْتَقُ مِنْ كُلِّ عَبْدٍ الثُّلُثُ وَيُسْتَسْعٰى فِيْ ثُلُثَيْ قِيْمَتِهٖ وَاَبُو الْمُهَلَّبِ اسْمُهٗ عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ عَمْرٍو وَيُقَالُ مُعَاوِيَةُ ابْنُ عَمْرٍو.

فرمائے اور پھر غلاموں کو بلا کر انہیں حصوں میں تقسیم کر کے سب کے درمیان قرعہ ڈالا اس کے بعد دو کو آزاد کر دیا اور چار کو غلام رہنے دیا۔ اس باب میں حضرت ابوہریرہؓ سے بھی حدیث منقول ہے۔ حضرت عمران بن حصین کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اور عمران بن حصین سے کئی سندوں سے منقول ہے۔ بعض علماء کا اسی پر عمل ہے۔ امام مالکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ بھی ایسے معاملات میں قرعہ ڈالنے کو جائز کہتے ہیں۔ بعض علماء کوفہ فرماتے ہیں کہ قرعہ ڈالنے کی ضرورت نہیں کیونکہ ایسی صورت میں ہر غلام کا تہائی حصہ آزاد ہو جاتا ہے لہٰذا وہ اپنی اپنی قیمت کی دو تہائی کے لئے کام وغیرہ کر کے پوری کر لے۔ ابومہلب کا نام عبدالرحمٰن بن عمرو ہے۔ انہیں معاویہ بن عمرو بھی کہا جاتا ہے۔

## ۹۲۳: بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَنْ مَلَكَ ذَامَحْرَمٍ

## ۹۲۳: باب اگر کسی کا کوئی رشتہ دار غلامی میں آ جائے

۱۳۷۸: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهٗ مُسْنَدًا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ ابْنِ سَلَمَةَ وَقَدْ رَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عُمَرَ شَيْئًا مِنْ هٰذَا.

۱۳۷۸: حضرت سمرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر کوئی شخص اپنے کسی محرم رشتہ دار کا مالک ہو جائے۔ (یعنی وہ کسی صورت میں اس کی غلامی میں آ جائے) تو وہ غلام آزاد ہو جاتا ہے۔ اس حدیث کو ہم صرف حماد بن سلیم ہی کی روایت سے جانتے ہیں۔ بعض راوی یہ حدیث قتادہ سے وہ حسن سے اور وہ عمر سے اسی طرح کی حدیث نقل کرتے ہیں۔

۱۳۷۹: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ الْبَصْرِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ وَعَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ وَلَا نَعْلَمُ اَحَدًا ذَكَرَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَاصِمًا الْاَحْوَلَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ غَيْرَ مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرٍ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَقَدْ رُوِيَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ رَوَاهُ ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيْعَةَ عَنْ

۱۳۷۹: حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے محرم رشتہ دار کی غلامی میں آ جائے وہ آزاد ہے۔ اس حدیث میں صرف محمد بن بکر نے عاصم احول کا واسطہ ذکر کیا ہے۔ بعض اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے۔ بواسطہ ابن عمر رضی اللہ عنہما بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے محرم رشتہ دار کی غلامی میں آ جائے وہ آزاد ہو جائے گا۔ ضمرہ بن ربیعہ نے اسی حدیث کو سفیان ثوریؒ سے وہ عبداللہ بن دینار سے اور وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے

سُفْيَانَ الثَّوْرِيَّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ وَلَا يُتَابَعُ ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيْعَةَ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ وَهُوَ حَدِيْثٌ خَطَأٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ.

مرفوعاً روایت کرتے ہیں۔ اسی حدیث میں ضمرہ بن ربیعہ کا کوئی متابع نہیں۔ محدثین کے نزدیک اس حدیث میں غلطی ہوئی ہے۔

## ۹۲۴: بَابُ مَاجَاءَ مَنْ زَرَعَ فِيْ اَرْضِ قَوْمٍ بِغَيْرِ اِذْنِهِمْ

## ۹۲۴: باب کسی کی زمین میں بغیر اجازت کھیتی باڑی کرنا

۱۳۸۰: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيُّ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ زَرَعَ فِيْ اَرْضِ قَوْمٍ بِغَيْرِ اِذْنِهِمْ فَلَيْسَ لَهُ مِنَ الزَّرْعِ شَيْءٌ وَلَهُ نَفَقَتُهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ اِسْحٰقَ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَسَاَلْتُ مُحَمَّدَ ابْنَ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَ هُوَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَقَالَ لَا اَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ اِسْحٰقَ اِلَّا مِنْ رِوَايَةِ شَرِيْكٍ قَالَ مُحَمَّدٌ ثَنَا مَعْقِلُ بْنُ مَالِكٍ الْبَصْرِيُّ ثَنَا عُقْبَةُ بْنُ الْاَصَمِّ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

۱۳۸۰: حضرت رافع بن خدیج ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر کسی نے کسی دوسرے کی زمین میں اس کی اجازت کے بغیر کسی چیز کی کاشت کی تو اس کے لئے اس کھیتی میں سے کچھ نہیں۔ البتہ بونے والا اپنا خرچ جو اس نے اس پر کیا ہے۔ وہ لے سکتا ہے۔ لیکن کھیتی زمین والے کی ہی ہوگی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے ابواسحٰق ؒ کی روایت سے صرف اسی سند سے جانتے ہیں۔ ابواسحٰق ؒ شریک بن عبداللہ سے نقل کرتے ہیں۔ بعض علماء کا اسی پر عمل ہے۔ امام احمدؒ، اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ میں نے امام بخاریؒ سے اس حدیث کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا یہ حدیث حسن ہے۔ میں اسے شریک بن عبداللہ کی روایت سے جانتا ہوں امام بخاریؒ کہتے ہیں معقل بن مالک بصری ہم سے بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے یہ حدیث عقبہ بن اصم سے انہوں نے عطاء سے انہوں نے رافع بن خدیج ؓ سے اور انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے اسکے ہم معنی حدیث بیان کی۔

## ۹۲۵: مَاجَآءَ فِي النَّحْلِ وَالتَّسْوِيَةِ بَيْنَ الْوَلَدِ

## ۹۲۵: باب اولاد کو ہبہ کرتے وقت برابری قائم رکھنا

۱۳۸۱: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ وَسَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ يُحَدِّثَانِ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ اَنَّ اَبَاهُ نَحَلَ ابْنًا لَهُ غُلَامًا فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشْهِدُهُ فَقَالَ اَكُلَّ وَلَدِكَ قَدْ نَحَلْتَهُ مِثْلَ

۱۳۸۱: حضرت نعمان بن بشیر ؓ سے روایت ہے کہ ان کے والد نے اپنے ایک بیٹے کو ایک غلام دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گواہ بنانے کے لئے حاضر ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم نے ہر بیٹے کو اس طرح غلام دیا ہے۔ جس طرح اسے دیا ہے۔ تو عرض کی نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر اس کو واپس کرلو۔

مَا نَحَلْتَ هٰذَا قَالَ لَا قَالَ فَارْدُدْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ يَسْتَحِبُّوْنَ التَّسْوِيَةَ بَيْنَ الْوَلَدِ حَتّٰى بَعْضُهُمْ يُسَوِّيْ بَيْنَ وَلَدِهٖ حَتّٰى فِي الْقُبْلَةِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ يُسَوِّيْ بَيْنَ فِي النَّحْلِ وَالْعَطِيَّةِ الذَّكَرُ وَالْاُنْثٰى سَوَآءٌ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَقَالَ بَعْضُهُمُ التَّسْوِيَةُ بَيْنَ الْوَلَدِ اَنْ يُعْطِيَ الذَّكَرُ مِثْلَ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ مِثْلَ قِسْمَةِ الْمِيْرَاثِ وَهُوَ قَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ.

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کئی سندوں سے منقول ہے۔ بعض علماء اولاد کے درمیان برابری کو مستحب کہتے ہیں۔ بعض تو یہاں تک کہتے ہیں کہ چومنے میں بھی برابری کرنی چاہیے۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ ہبہ اور عطیہ میں بیٹوں اور بیٹیوں سب کو برابر، برابر دینا چاہیے لیکن بعض اہل علم کے نزدیک لڑکوں کو دوگنا اور لڑکیوں کو ایک گنا دینا، برابری ہے جیسے کہ میراث کی تقسیم میں کہا جاتا ہے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ اور اسحٰق رحمۃ اللہ علیہ کا یہی قول ہے۔

## ۹۲۶: بَابُ مَاجَاءَ فِي الشُّفْعَةِ

## ۹۲۶: باب شفعہ[1] کے بارے میں

۱۳۸۲: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَارُ الدَّارِ اَحَقُّ بِالدَّارِ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَفِي الْبَابِ عَنِ الشَّرِيْدِ وَاَبِيْ رَافِعٍ وَاَنَسٍ حَدِيْثُ سَمُرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوٰى عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالصَّحِيْحُ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ حَدِيْثُ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ وَلَا نَعْرِفُ حَدِيْثَ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عِيْسَى بْنِ يُوْنُسَ وَحَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطَّائِفِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ كِلَا الْحَدِيْثَيْنِ عِنْدِيْ صَحِيْحٌ.

۱۳۸۲: حضرت سمرہؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا مکان کا پڑوسی مکان کا زیادہ حق دار ہے۔ اس باب میں حضرت شریدؓ ابو رافعؓ ، اور انسؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حدیث سمرہؓ حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کو عیسیٰ بن یونس، سعید بن ابی عروبہ سے، وہ انس سے اور وہ نبی اکرمؐ سے اس کے مثل حدیث نقل کرتے ہیں۔ پھر سعید بن ابی عروبہ، قتادہ سے وہ حسن سے وہ سمرہؓ سے اور وہ نبیؐ سے نقل کرتے ہیں۔ اہل علم کے نزدیک حسن کی سمرہؓ سے روایت صحیح ہے۔ حضرت انسؓ سے قتادہ کی روایت ہمیں صرف عیسیٰ بن یونس سے معلوم ہے۔ حضرت عمرو بن شرید کی اس باب میں منقول حدیث حسن ہے۔ وہ اپنے والد سے اور وہ نبیؐ سے نقل کرتے ہیں۔ ابرہیم بن میرہ بھی عمرو بن شرید سے اور ابو رافع سے یہ حدیث مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔ میں نے امام بخاریؒ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک یہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں۔

## ۹۲۷: بَابُ مَاجَاءَ فِي الشُّفْعَةِ لِلْغَائِبِ

## ۹۲۷: باب غائب کے لئے شفعہ

۱۳۸۳: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِيُّ

۱۳۸۳: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

---

[1] شفعہ: کسی پڑوسی کو دوسرے پڑوسی کے اپنا مکان فروخت کرتے وقت یا کسی شریک کو دوسرے حصہ دار کے اپنے حصے کو فروخت کرتے وقت خریدنے کا حق ہوتا ہے۔ جو مکان یا زمین کے ساتھ محفوظ ہے جسے یہ حق حاصل ہوتا ہے اسے شفیع اور اس حق کا نام شفعہ ہے۔ فقہاء نے اس کی یہی تعریف کی ہے۔ (واللہ اعلم۔ مترجم)

عَنْ عَبْدِالْمَلِکِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمَانَ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْجَارُ اَحَقُّ بِشُفْعَتِہٖ یُنْتَظَرُ بِہٖ وَاِنْ کَانَ غَائِبًا اِذَا کَانَ طَرِیْقُھُمَا وَاحِدًا ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَلَا نَعْلَمُ اَحَدًا رَوٰی ھٰذَا الْحَدِیْثَ غَیْرَ عَبْدِ الْمَلِکِ ابْنِ اَبِیْ سُلَیْمَانَ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ جَابِرٍ قَدْتَکَلَّمَ شُعْبَۃُ فِیْ عَبْدُ الْمَلِکِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمَانَ مِنْ اَجْلِ ھٰذَا الْحَدِیْثِ وَعَبْدُ الْمَلِکِ ھُوَ ثِقَۃٌ مَاْمُوْنٌ عِنْدَ اَھْلِ الْحَدِیْثِ لَانَعْلَمُ اَحَدًا تَکَلَّمَ فِیْہِ غَیْرِشُعْبَۃَ مِنْ اَجْلِ ھٰذَا الْحَدِیْثِ وَقَدْرَوٰی وَکِیْعٌ عَنْ شُعْبَۃَ عَنْ عَبْدِالْمَلِکِ ھٰذَاالْحَدِیْثَ وَرُوِیَ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَکِ عَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ قَالَ عَبْدُالْمَلِکِ بْنُ اَبِیْ سُلَیْمَانَ مِیْزَانٌ یَعْنِیْ فِی الْعِلْمِ وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا الْحَدِیْثِ عِنْدَ اَھْلِ الْعِلْمِ اَنَّ الرَّجُلَ اَحَقُّ بِشُفْعَتِہٖ وَاِنْ کَانَ غَائِبًافَاِذَا قَدِمَ فَلَہُ الشُّفْعَۃُ وَاِنْ تَطَاوَلَ ذٰلِکَ.

فرمایا ہمسایہ اپنے شفعہ کا زیادہ حق دار ہے۔ لہٰذا اگر وہ غائب ہوتو اس کا انتظار کیا جائے جب کہ دونوں کے آنے جانے کا راستہ ایک ہی ہو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم اسے عبدالملک بن ابی سلیمان کی سند کے علاوہ نہیں جانتے۔ عبدالملک بن سلیمان اس حدیث کو عطاء سے اور وہ جابرؓ سے نقل کرتے ہیں۔ شعبہ نے اس حدیث کے سبب عبدالملک بن ابی سلیمان کے بارے میں کلام کیا ہے۔ لیکن وہ محدثین کے نزدیک ثقہ اور مامون ہیں۔ شعبہ کے علاوہ کسی کے ان پر اعتراض کا ہمیں علم نہیں۔ وکیع بھی شعبہ سے اور وہ عبدالملک سے ہی حدیث نقل کرتے ہیں۔ ابن مبارکؒ سے منقول ہے کہ سفیان ثوریؒ کہتے تھے کہ عبدالملک بن سلیمان علم کے ترازو ہیں (یعنی حق و باطل کو اچھی طرح سمجھتے ہیں) اہل علم کا اسی حدیث پر عمل ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی غائب ہوتب بھی وہ اپنے شفعہ کا مستحق ہے۔ لہٰذا وہ آنے کے بعد اسے طلب کرسکتا ہے۔ اگر چہ طویل مدت ہی کیوں نہ گزر چکی ہو۔

## ۹۲۸: بَابُ اِذَا حُدَّتِ الْحُدُوْدُ وَ وَقَعَتِ السِّھَامُ فَلَا شُفْعَۃَ

## ۹۲۸: باب جب حدود مقرر ہو جائیں اور راستے الگ الگ ہو جائیں تو حق شفعہ نہیں

۱۳۸۴: حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ ثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ ثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ وَصُرِّفَتِ الطُّرُقُ فَلَا شُفْعَۃَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رَوَاہُ بَعْضُھُمْ مُرْسَلًا عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَھْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْھُمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ وَبِہٖ یَقُوْلُ بَعْضُ فُقَھَآءِ التَّابِعِیْنَ مِثْلُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِالْعَزِیْزِ وَغَیْرِہٖ وَھُوَ قَوْلُ اَھْلِ الْمَدِیْنَۃِ مِنْھُمْ یَحْیَی بْنُ سَعِیْدِ الْاَنْصَارِیُّ وَرَبِیْعَۃُ بْنُ اَبِیْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ وَمَالِکُ بْنُ اَنَسٍ وَبِہٖ یَقُوْلُ

۱۳۸۴: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب حدود مقرر ہو جائیں اور ہر حصے کا الگ الگ راستہ ہو جائے تو پھر شفعہ باقی نہیں رہتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض راوی اس حدیث کو ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے مرسلاً بھی نقل کرتے ہیں۔ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ، عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اور بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کا اسی پر عمل ہے۔ بعض فقہاء تابعین جیسے عمر بن عبدالعزیز، یحییٰ بن سعید انصاری، ربیعہ بن ابی عبدالرحمٰن، مالک بن انس، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ اور اہل مدینہ کا یہی قول ہے۔ کہ شفعہ صرف شریک کے لئے ہے۔ پڑوسی اگر شریک نہ ہو تو اسے حق شفعہ حاصل نہیں

الشَّافِعِیُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحٰقُ لَایَرَوْنَ الشُّفْعَةَ اِلَّا لِلْخَلِیْطِ وَلَا یَرَوْنَ لِلْجَارِ شُفْعَةً اِذَا لَمْ یَکُنْ خَلِیْطًا وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ ﷺ وَغَیْرِ هِمُ الشُّفْعَةَ لِلْجَارِ وَاحْتَجُّوْا بِالْحَدِیْثِ الْمَرْفُوْعِ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ جَارُ الدَّارِ اَحَقُّ بِالدَّارِ وَقَالَ الْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِهٖ وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِیِّ وَابْنِ الْمُبَارَکِ وَاَهْلِ الْکُوْفَةِ.

ہوگا۔ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دیگر علماء فرماتے ہیں کہ پڑوسی کو حق شفعہ حاصل ہے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مکان کا پڑوسی مکان کا زیادہ حق رکھتا ہے۔ دوسری مرتبہ ارشاد فرمایا۔ ہمسایہ نزدیک ہونے کی وجہ سے شفعہ کا زیادہ حق رکھتا ہے۔ سفیان ثوریؒ، ابن مبارکؒ اور اہل کوفہ کا یہی قول ہے۔

## ۹۲۹: بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الشَّرِیْکَ شَفِیْعٌ

## ۹۲۹: باب ہر شریک شفعہ کا حق رکھتا ہے

۱۳۸۵: حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ عِیْسٰی ثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی عَنْ اَبِیْ حَمْزَةَ السُّکَّرِیِّ عَنْ عَبْدِالْعَزِیْزِ بْنِ رُفَیْعٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الشَّرِیْکُ شَفِیْعٌ وَالشُّفْعَةُ فِیْ کُلِّ شَیْءٍ هٰذَا حَدِیْثٌ لَا نَعْرِفُهٗ مِثْلَ هٰذَا اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ حَمْزَةَ السُّکَّرِیِّ وَقَدْرَوٰی غَیْرُوَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ رُفَیْعٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ مُرْسَلًا وَهٰذَا اَصَحُّ.

۱۳۸۵: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر شریک شفیع ہے اور شفعہ ہر چیز میں ہے۔ ہم کو نہیں معلوم کہ ابوحمزہ سکری کے علاوہ کسی اور نے اس کے مثل حدیث نقل کی ہو۔ کئی راوی یہ حدیث عبدالعزیز بن رفیع سے وہ ابن ابی ملیکہ سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً نقل کرتے ہیں۔ یہ زیادہ صحیح ہے۔

۱۳۸۶: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا اَبُوْبَکْرِ بْنُ عَیَّاشٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ رُفَیْعٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ بِمَعْنَاهُ وَلَیْسَ فِیْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَهٰکَذَارَوٰی غَیْرُ وَاحِدٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ رُفَیْعٍ مِثْلَ هٰذَا لَیْسَ فِیْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ حَمْزَةَ وَاَبُوْ حَمْزَةَ ثِقَةٌ یُمْکِنُ اَنْ یَکُوْنَ الْخَطَآءُ مِنْ غَیْرِ اَبِیْ حَمْزَةَ.

۱۳۸۶: روایت کی ہم سے ہناد نے انہوں نے کہا روایت کی ہم سے ابوبکر بن عیاشؒ نے انہوں نے عبدالعزیز بن رفیع سے انہوں نے بن ابی ملیکہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے ہم معنی اور اس کی مثل اور اس میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کا ذکر نہیں کیا۔ یہ حدیث ابوحمزہ کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔ ابوحمزہ ثقہ ہیں۔ ممکن ہے کہ اس میں کسی اور سے خطاء ہوئی ہو۔

۱۳۸۷: حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِالْعَزِیْزِ بْنِ رُفَیْعٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِیْثِ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ عَیَّاشٍ وَقَالَ اَکْثَرُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِنَّمَا یَکُوْنُ الشُّفْعَةُ فِی الدُّوْرِ وَالْاَرَضِیْنَ. وَلَمْ یَرَوُا الشُّفْعَةَ فِیْ کُلِّ شَیْءٍ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ الشُّفْعَةُ فِیْ کُلِّ شَیْءٍ وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ اَصَحُّ.

۱۳۸۷: ہم سے روایت کی ہناد نے انہوں نے کہا ہم سے روایت کی ابوالاحوص نے انہوں نے عبدالعزیز بن رفیع سے انہوں نے ابن ابی ملیکہ سے انہوں نے نبی ﷺ سے ابی بکر بن عیاش کی حدیث کی مانند۔ اکثر اہل علم کہتے ہیں کہ شفعہ صرف مکان اور زمین میں ہوتا ہے۔ ہر چیز میں نہیں۔ لیکن بعض اہل علم کہتے ہیں کہ شفعہ ہر چیز میں ہے۔ پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔

## ۹۳۰: بَابُ مَاجَاءَ فِي اللُّقَطَةِ وَضَالَّةِ الْاِبِلِ وَالْغَنَمِ

۱۳۸۸: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ وَعَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفْلَةَ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ زَيْدِ بْنِ صُوْحَانَ وَسَلْمَانَ بْنِ رَبِيْعَةَ فَوَجَدْتُ سَوْطًاقَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ فِيْ حَدِيْثِهِ فَالْتَقَطْتُ سَوْطًا فَاَخَذْتُهُ قَالَا دَعْهُ فَقُلْتُ لَا اَدَعُهُ تَاْكُلُهُ السِّبَاعُ لَا خُذَنَّهُ فَلَاَ سْتَمْتِعَنَّ مِنْهُ فَقَدِمْتُ عَلٰى اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ فَسَاَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ وَحَدَّثْتُهُ الْحَدِيْثَ فَقَالَ اَحْسَنْتَ وَجَدْتُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صُرَّةً فِيْهَا مِائَةُ دِيْنَارٍ قَالَ فَاَتَيْتُهُ بِهَا فَقَالَ لِيْ عَرِّفْهَا حَوْلًا فَعَرَّفْتُهَا حَوْلًا فَمَا اَجِدُ مَنْ يَعْرِفُهَا ثُمَّ اَتَيْتُهُ بِهَا فَقَالَ عَرِّفْهَا حَوْلًا اٰخَرَ فَعَرَّفْتُهَا حَوْلًا ثُمَّ اَتَيْتُهُ فَقَالَ عَرِّفْهَا حَوْلًا اٰخَرَ فَقَالَ اَحْصِ عِدَّتَهَا وَوِعَاءَ هَا وَوِكَاءَ هَا فَاِنْ جَآءَ طَالِبُهَا فَاَخْبَرَكَ بِعِدَّتِهَا وَوِعَاءِ هَا وَوِكَاءِ هَا فَادْفَعْهَا اِلَيْهِ وَاِلَّا فَاسْتَمْتِعْ بِهَا هٰذَا.

## ۹۳۰: باب گری پڑی چیز اور گم شدہ اونٹ یا بکری

۱۳۸۸: حضرت سوید بن غفلہ سے روایت ہے کہ میں زید بن صوحان اور سلمان بن ربیعہ کے ساتھ سفر میں نکلا تو ایک کوڑا پڑا ہوا پایا۔ ابن نمیر اپنی حدیث میں کہتے ہیں کہ انہوں نے ایک کوڑا گرا ہوا پایا تو اسے اٹھالیا اور دونوں ساتھیوں نے کہا رہنے دو نہ اٹھاؤ۔ میں نے کہا نہیں۔ میں اسے درندوں کی خوراک بننے کے لئے نہیں چھوڑوں گا۔ اپنے کام میں لاؤں گا۔ پھر میں (سوید) ابی بن کعب کے پاس آیا اور ان سے قصہ بیان کیا انہوں نے فرمایا تم نے اچھا کیا مجھے بھی نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں سو دینار کی ایک تھیلی ملی تھی۔ تو آپ ﷺ نے حکم دیا کہ میں ایک سال تک اس کا اعلان اور تشہیر کروں میں نے اسی طرح کیا لیکن کوئی نہیں آیا۔ پھر میں دوبارہ حاضر ہوا۔ فرمایا ایک سال اور اسی طرح کرو۔ میں پھر ایک سال تک اعلان کرتا رہا لیکن کسی نے بھی اپنی ملکیت ظاہر نہیں کی پھر تیسری مرتبہ بھی آپ نے یہی حکم دیا اور فرمایا کہ اس کے بعد ان کو گن لو اور تھیلی اور باندھنے والی رسی کو ذہن نشین رکھو۔ پھر اگر تم سے کوئی انہیں طلب کرنے کے لئے آئے اور نشانیاں بتادے تو اسے دے دو۔ ورنہ استعمال کرو۔

۱۳۸۹: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ عَرِّفْهَا سَنَةً ثُمَّ اعْرِفْ وِكَاءَ هَا وَوِعَاءَ هَا وَعِفَاصَهَا ثُمَّ اسْتَنْفِقْ بِهَا فَاِنْ جَاءَ رَبُّهَا فَاَدِّهَا اِلَيْهِ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَضَالَّةُ الْغَنَمِ فَقَالَ خُذْهَا فَاِنَّمَا هِيَ لَكَ اَوْلِاَخِيْكَ اَوْلِلذِّئْبِ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَضَالَّةُ الْاِبِلِ قَالَ فَغَضِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ اَوِاحْمَرَّ وَجْهُهُ فَقَالَ مَالَكَ وَلَهَا مَعَهَا حِذَاءُ

۱۳۸۹: حضرت زید بن خالد جہنیؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرمؐ سے لقطہ کا حکم پوچھا تو آپؐ نے فرمایا ایک سال تک اس کا اعلان اور تشہیر کرو اور پھر اس کی تھیلی وغیرہ اور رسی کو ذہن نشین کر کے خرچ کرلو اس کے بعد اگر اس کا مالک آجائے تو اسے دے دو۔ اس نے عرض کیا یا رسول اللہؐ اگر کسی کی گم شدہ بکری ملے تو اس کا کیا حکم ہے آپؐ نے فرمایا اسے پکڑلو۔ وہ تمہاری ہے یا تمہارے بھائی کی ورنہ اسے کوئی بھیڑیا کھا جائے گا۔ اس نے عرض کیا یا رسول اللہؐ اگر کسی کا گمشدہ اونٹ ملے تو اس کا کیا حکم ہے۔ اس پر نبی اکرمؐ غصہ میں آگئے۔ یہاں تک کہ آپ کا چہرہ مبارک سرخ ہوگیا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا

هَا وَسِقَآءُ هَا حَتّٰی تَلْقٰی رَبَّهَا وَفِی الْبَابِ عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَالْجَارُوْدِبْنِ الْمُعَلّٰی وَعِیَاضِ بْنِ حِمَارٍ وَجَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ حَدِیْثُ زَیْدِ بْنِ خَالِدٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْرُوِیَ عَنْهُ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ حَدِیْثُ یَزِیْدَ مَوْلَی الْمُنْبَعِثِ عَنْ زَیْدِ بْنِ خَالِدٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَقَدْ رُوِیَ عَنْهُ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِهِمْ رَخَّصُوْافِی اللُّقَطَةِ اِذَا عَرَّفَهَا سَنَةً فَلَمْ یَجِدْ مَنْ یَعْرِفُهَا اَنْ یَنْتَفِعَ بِهَا وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَقَالَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِ هِمْ یُعَرِّفُهَا سَنَةً فَاِنْ جَآءَ صَاحِبُهَا وَاِلَّا تَصَدَّقَ بِهَا وَ هُوَقَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَعَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَکِ وَهُوَ قَوْلُ اَهْلِ الْکُوْفَةِ لَمْ یَرَوْالِصَّاحِبِ اللُّقَطَةِ اَنْ یَنْتَفِعَ بِهَا اِذَا کَانَ غَنِیًّا وَقَالَ الشَّافِعِیُّ یَنْتَفِعُ بِهَا وَاِنْ کَانَ غَنِیًّالِاَنَّ اُبَیَّ بْنَ کَعْبٍ اَصَابَ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صُرَّةً فِیْهَا مِائَةُ دِیْنَارٍفَاَمَرَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یُعَرِّفَهَا ثُمَّ یَنْتَفِعُ بِهَا وَکَانَ اُبَیٌّ کَثِیْرَ الْمَالِ مِنْ مَیَاسِیْرِاَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یُعَرِّفَهَا فَلَمْ یَجِدْ مَنْ یَعْرِفُهَافَاَمَرَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَاْکُلَهَا فَلَوْکَانَتِ اللُّقَطَةُ لَمْ تَحِلَّ اِلَّالِمَنْ تَحِلُّ لَهُ الصَّدَقَةُ لَمْ تَحِلَّ لِعَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ لِاَنَّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ اَصَابَ دِیْنَارًا عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَّفَهُ یَجِدْ مَنْ یَعْرِفُهُ فَاَمَرَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاَکْلِهٖ وَکَانَ عَلِیٌّ لَا تَحِلُّ لَهُ الصَّدَقَةُ رَخَّصَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اِذَاکَانَتِ اللُّقَطَةُ یَسِیْرَةً اَنْ یَنْتَفِعَ بِهَاوَلَا یُعَرِّ

تمہارا اس سے کیا کام۔ اس کے پاس چلنے کے لئے پاؤں بھی ہیں اور ساتھ میں پانی کا ذخیرہ بھی (یعنی اونٹ) یہاں تک کہ اس کا مالک اسے پالے۔ اس باب میں ابی بن کعبؓ، عبداللہ بن عمرؓ، جارود بن معلّیٰ، عیاض بن حمارؓ اور جریر بن عبداللہؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ حدیث زید بن خالد حسن صحیح ہے اور ان سے متعدد اسناد سے مروی ہے۔ منبعث کے مولی یزید کی حدیث جو وہ زید بن خالد سے نقل کرتے ہیں حسن صحیح ہے۔ یہ حدیث بھی کئی سندوں سے انہی سے منقول ہے۔ بعض علماء صحابہؓ وغیرہ اس پر عمل کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ گری پڑی ہوئی چیز کی ایک سال تک تشہیر کرنے کے بعد اسے استعمال کرنا جائز ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا یہی قول ہے۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ ایک سال تک تشہیر کے بعد بھی اگر اس کا مالک نہ پہنچے تو اسے صدقہ کردے۔ سفیان ثوریؒ، ابن مبارکؒ اور اہل کوفہ کا یہی قول ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر وہ غنی ہو تو اس کا ایسی چیز کو استعمال کرنا جائز نہیں۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگرچہ وہ غنی ہی ہو پھر بھی وہ گری پڑی ہوئی چیز کو استعمال کرسکتا ہے۔ ان کی دلیل ابی بن کعبؓ کی روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے زمانہ میں حضرت ابی بن کعبؓ نے ایک تھیلی جس میں سو دینار تھے پائی تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں حکم دیا کہ ایک سال تک تشہیر کریں پھر نفع اٹھائیں اور حضرت ابی بن کعبؓ مالدار تھے۔ اور دولتمند صحابہ کرامؓ میں سے تھے۔ انہیں نبی اکرم ﷺ نے تشہیر کا حکم دیا پھر مالک کے نہ ملنے پر استعمال کا حکم دیا۔ اگر گم شدہ چیز حلال نہ ہوتی تو حضرت علیؓ کے لئے بھی حلال نہ ہوتی کیونکہ آپؓ نے بھی نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں ایک دینار پایا۔ اس کی تشہیر کی پھر جب کوئی پہچاننے والا نہ ملا تو آپ ﷺ نے انہیں استعمال کرنے کا حکم دیا حالانکہ حضرت علیؓ کے لئے صدقہ جائز نہیں۔ بعض اہل علم نے بلا تشہیر گم شدہ چیز کو استعمال کرنے کی اجازت دی ہے جب کہ وہ گم شدہ چیز قلیل ہو۔ بعض فرماتے

فَهَا وَقَالَ بَعْضُهُمْ اِذَاكَانَ دُوْنَ دِيْنَارٍ يُعَرِّ فُهَا قَدْرَ جُمْعَةٍ وَهُوَقَوْلُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ.

۱۳۹۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ ثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ ثَنِيْ سَالِمٌ اَبُو النَّضْرِ عَنْ بُسْرِبْنِ سَعِيْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ عَرِّفْهَا سَنَةً فَاِنِ اعْتُرِفَتْ فَاَدِّهَا وَاِلَّا فَاعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَ هَا وَعَدَ دَهَا ثُمَّ كُلْهَا فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا فَاَدِّهَاهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ اَصَحُّ شَيْءٍ فِي هٰذَا الْبَابِ هٰذَاالْحَدِيْثُ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ رَخَّصُوْافِي اللُّقَطَةِ اِذَا عَرَّفَهَا سَنَةً فَلَمْ يَجِدْمَنْ يَعْرِفُهَا اَنْ يَنْتَفِعَ بِهَا وَ هُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ.

ہیں کہ گم شدہ چیز دینار سے کم ہوتو ایک ہفتہ تک تشہیر کرے۔ اسحٰق بن ابراہیمؒ کا یہی قول ہے۔

۱۳۹۰: حضرت زید بن خالد جہنیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے لقط (یعنی گری پڑی چیز) کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا ایک سال تک اس کی تشہیر کرواور اگر کوئی پہچان لے تو اسے دے دو۔ ورنہ اس کی تعداد تھیلی اور رسی وغیرہ کو ذہن نشین کر کے اسے استعمال کرلو تا کہ اگر اس کا مالک آ جائے تو اسے دے سکو۔ یہ حدیث اس سند سے حسن صحیح غریب ہے۔ امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ اس باب میں یہ حدیث سب سے زیادہ صحیح ہے۔ بعض صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء اسی پر عمل کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ ایک سال تک تشہیر (اعلان) کرنے کے بعد لقط (گری پڑی ہوئی چیز) کو استعمال کرنا جائز ہے۔ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔

## ۹۳۱: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْوَقْفِ

## ۹۳۱: باب وقف کے بارے میں

۱۳۹۱: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَصَابَ عُمَرُ اَرْضًا بِخَيْبَرَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَصَبْتُ مَالاً بِخَيْبَرَ لَمْ اُصِبْ مَالاً قَطُّ اَنْفَسَ عِنْدِيْ مِنْهُ فَمَا تَاْمُرُنِيْ قَالَ اِنْ شِئْتَ حَبَّسْتَ اَصْلَهَا وَ تَصَدَّقْتَ بِهَاعُمَرُ فَتَصَدَّقَ اَنَّهَا لاَ يُبَاعُ اَصْلُهَا وَلَا يُوْهَبُ وَلاَ يُوْرَثُ تَصَدَّقَ بِهَا فِي الْفُقَرَآءِ وَالْقُرْبٰى وَفِي الرِّقَابِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَ الضَّيْفِ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهَا اَنْ يَاْكُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوْفِ اَوْيُطْعِمَ صَدِيْقًا غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيْهِ قَالَ فَذَ كَرْتُهُ لِمُحَمَّدِ ابْنِ سِيْرِيْنَ فَقَالَ غَيْرَ مُتَاَثِّلٍ مَالاً قَالَ ابْنُ عَوْنٍ فَحَدَّثَنِيْ بِهٖ رَجُلٌ اٰخَرُ اَنَّهٗ قَرَاَهَافِيْ قِطْعَةِ اَدِيْمٍ اَحْمَرَ غَيْرَ مُتَاَثِّلٍ مَالاً هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ قَالَ اِسْمٰعِيْلُ وَاَنَا

۱۳۹۱: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ کو خیبر میں کچھ زمین ملی تو انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ مجھے خیبر میں ایسا مال ملا ہے کہ اس سے زیادہ عزیز کوئی چیز نہیں ملی۔ اس کے بارے میں آپ کیا حکم فرماتے ہیں۔ فرمایا: اگر چاہو تو اس کی اصل اپنے پاس رہنے دو اور اس کے نفع کو صدقہ کردو۔ پس حضرت عمرؓ نے وہ زمین صدقہ کردی۔ اسطرح کہ نہ وہ بیچی جاسکتی تھی اور نہ وہ ہبہ کی جاسکتی تھی۔ اور نہ ہی وراثت میں دی جاسکتی تھی۔ اس سے فقراء اقرباء غلاموں کو آزاد کرنے، اللہ کی راہ اور مہمانوں وغیرہ پر خرچ کیا جاتا۔ اسکے متولی پر اس کا استعمال کرنا جائز تھا۔ بشرطیکہ عرف کے مطابق ہو۔ اسی طرح وہ اپنے کسی دوست وغیرہ کو بھی کھلاسکتا تھا۔ راوی کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث ابن سیرین کے سامنے بیان کی تو انہوں نے فرمایا اسے مال اکٹھا کرنے کا ذریعہ نہ بنائے۔ ابن عوف فرماتے ہیں ایک

قَرَأْتُهَا عِنْدَابْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَكَانَ فِيْهِ غَيْرَ مُتَاَثِّلٍ مَالاً وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ لَا نَعْلَمُ بَيْنَ الْمُتَقَدِّمِيْنَ مِنْهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اِخْتِلَافًا فِيْ اِجَازَةِ وَقْفِ الْاَرْضِيْنَ وَغَيْرِ ذٰلِكَ.

دوسرے آدمی نے مجھ سے بیان کیا کہ اس نے ایک سرخ چمڑے کے ٹکڑے پر "غیر متاثل" کے الفاظ پڑھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اسماعیل فرماتے ہیں میں نے ابن عبیداللہ بن عمر کے پاس پڑھا اس میں یہی الفاظ تھے۔ بعض صحابہؓ اور دیگر علماء کے نزدیک اسی پر عمل ہے۔ ہم زمین وغیرہ کو وقف کرنے میں متقدمین حضرات میں کوئی اختلاف نہیں پاتے۔

۱۳۹۲: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ ابْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا مَاتَ الْاِنْسَانُ انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهُ اِلَّا مِنْ ثَلٰثٍ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ وَعِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهٖ وَوَلَدٌ صَالِحٌ يَدْعُوْالَهٗ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۹۲: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کوئی شخص مرجاتا ہے تو اس کے تمام اعمال منقطع ہوجاتے ہیں البتہ تین عمل (باقی رہتے ہیں) صدقہ جاریہ علم کہ اس سے نفع حاصل ہورہا ہو اور نیک اولاد جو اس کے لئے دعا کرے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۹۳۲: بَابُ مَاجَاءَ فِي الْعَجْمَاءِ اَنَّ جُرْحَهَا جُبَارٌ

## ۹۳۲: باب اگر حیوان کسی کو زخمی کردے تو اس کا قصاص نہیں

۱۳۹۳: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَجْمَآءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ وَالْبِئْرُ جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ وَفِي الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَعَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيِّ وَعُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

۱۳۹۳: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر کوئی جانور کسی کو زخمی کردے تو اس کا کوئی قصاص نہیں اس طرح اگر کنواں کھودتے ہوئے یا کسی کان وغیرہ میں مرجائے تو بھی کوئی قصاص نہیں اور مدفون خزانے پر پانچواں حصہ زکوۃ ہے۔ اس باب میں حضرت جابرؓ عمرو بن عوف مزنیؓ، اور عبادہ بن صامتؓ سے بھی روایت ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۳۹۴: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

۱۳۹۴: ہم سے روایت کی قتیبہ نے انہوں نے کہا ہم سے روایت کی لیث نے انہوں نے ابن شہاب سے انہوں نے سعید بن میبّب سے اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے انہوں نے ابوہریرہؓ سے اور انہوں نے نبی ﷺ سے اسی کے مانند۔

۱۳۹۵: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ ثَنَا مَعْنٌ قَالَ قَالَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَتَفْسِيْرُ حَدِيْثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَجْمَآءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ يَقُوْلُ هَدَرٌ لَا دِيَةَ فِيْهِ وَمَعْنٰى قَوْلِهِ الْعَجْمَآءَ جُرْحُهَا جُبَارٌ فَسَّرَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ قَالُوا الْعَجْمَآءُ الدَّابَّةُ الْمُنْفَلِتَةُ مِنْ صَاحِبِهَا فَمَا

۱۳۹۵: مالک بن انسؒ نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ نے جو فرمایا "اَلعجماء جُرحُهَا جبار" کے معنی یہ ہیں کہ اگر کوئی جانور کسی کو زخمی کردے یا مارڈالے تو وہ ہدر ہے یعنی اس میں کوئی قصاص نہیں۔ بعض علماء اس کی تفسیر یہ کرتے ہیں کہ "عجماء" اس جانور کو کہتے ہیں جو مالک سے بھاگ گیا ہو۔ اگر ایسا جانور کسی کو

اَصَابَتْ فِى انْفِلَاتِهَا فَلَا غُرْمَ عَلٰى صَاحِبِهَا وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ يَقُولُ اِذَا احْتَفَرَ الرَّجُلُ مَعْدِنًا فَوَقَعَ فِيهِ اِنْسَانٌ فَلَا غُرْمَ عَلَيْهِ وَكَذٰلِكَ الْبِئْرُ اِذَا احْتَفَرَهَا الرَّجُلُ لِلسَّبِيلِ فَوَقَعَ فِيهَا اِنْسَانٌ فَلَا غُرْمَ عَلٰى صَاحِبِهَا وَفِى الرِّكَازِ الْخُمُسُ فَالرِّكَازُ مَاوُجِدَ مِنْ دَفْنِ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ فَمَنْ وَجَدَ رِكَازًا اَدّٰى مِنْهُ الْخُمُسَ اِلَى السُّلْطَانِ وَمَابَقِىَ مِنْهُ فَهُوَلَهٗ.

نقصان پہنچا دے تو اس کے مالک پر جرمانہ نہیں کیا جائیگا۔ ''الْمَعْدِنَ جُبَارٌ'' کے معنی یہ ہیں کہ اگر کوئی شخص کان کھدوائے اور اس میں کوئی شخص گر جائے تو کھدوانے والے کے ذمہ کوئی تاوان نہیں ہوگا۔ اسی طرح کنویں کا بھی یہی حکم ہے کہ اگر کوئی شخص راہ گیروں کے لئے کنواں کھدوائے اور اس میں کوئی شخص گر جائے تو اس پر کوئی تاوان نہیں اور ''رکاز'' زمانہ جاہلیت کے دفن شدہ خزانے کو کہتے ہیں۔ اگر کسی کو ایسا خزانہ مل جائے تو وہ پانچواں حصہ زکوٰۃ ادا کرے اور باقی خود رکھے۔

## ۹۳۳: بَابُ مَاذُكِرَفِىْ اِحْيَاءِ اَرْضِ الْمَوَاتِ

## ۹۳۳: باب بنجر زمین کو آباد کرنا

۱۳۹۶: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ ثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ سَعِيدِبْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ اَحْيٰى اَرْضًا مَيِّتَةً فَهِىَ لَهٗ وَلَيْسَ لِعِرْقٍ ظَالِمٍ حَقٌّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

۱۳۹۶: حضرت سعید بن زیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے بنجر زمین آباد کی وہ اسی کی ملکیت ہوئی اور ظالم کے درخت بو دینے سے اس کا حق ثابت نہیں ہوتا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۳۹۷: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِىُّ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ هِشَامِ ابْنِ عُرْوَةَ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحْيٰى اَرْضًا مَيِّتَةً فَهِىَ لَهٗ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمْ وَهُوَقَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ قَالُوْا لَهٗ اَنْ يُحْيِىَ الْاَرْضَ الْمَوَاتَ بِغَيْرِ اِذْنِ السُّلْطَانِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَيْسَ لَهٗ اَنْ يُحْيِيَهَا اِلَّا بِاِذْنِ السُّلْطَانِ وَالْقَوْلُ الْاَوَّلُ اَصَحُّ وَفِى الْبَابِ عَنْ جَابِرٍ وَعَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِىِّ جَدِّ كَثِيرٍ وَسَمُرَةَ.

۱۳۹۷: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے بنجر زمین کو آباد کیا وہ اسی کی ملکیت ہوگئی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ بعض راوی یہ حدیث ہشام بن عروہ سے وہ اپنے والد سے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً نقل کرتے ہیں۔ بعض علماء صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و دیگر علماء کا اسی پر عمل ہے۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے کہ بنجر زمین کو آباد کرنے کے لئے حاکم کی اجازت ضروری نہیں۔ بعض اہل علم کے نزدیک حاکم کی اجازت ضروری ہے۔ لیکن پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔ اس باب میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے دادا عمرو بن عوف مزنی رضی اللہ عنہ اور سمرہ رضی اللہ عنہ سے بھی احادیث منقول ہیں۔

۱۳۹۸: حَدَّثَنَا اَبُو مُوسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ سَاَلْتُ اَبَا الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِىَّ عَنْ قَوْلِهٖ لَيْسَ لِعِرْقٍ ظَالِمٍ حَقٌّ فَقَالَ الْعِرْقُ الظَّالِمُ الْغَاصِبُ الَّذِىْ يَاْخُذُ

۱۳۹۸: ابوموسیٰ محمد بن مثنیٰ نے ابوالولید طیالسی سے ''لَيْسَ لِعِرْقٍ ظَالِمٍ'' کا معنی پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ اس سے مراد کسی کی زمین غصب کرنے والا ہے۔ (ابوموسیٰ کہتے ہیں)

مَالَیْسَ لَهُ قُلْتُ هُوَ الرَّجُلُ الَّذِیْ یَغْرِسُ فِیْ اَرْضِ غَیْرِهٖ قَالَ هُوَ ذٰلِکَ.

میں نے کہا کہ اس سے مراد وہ شخص ہے جو کسی دوسرے کی زمین کاشت کرتا ہے تو انہوں نے فرمایا ہاں وہی ہے۔

## ۹۳۴ : بَابُ مَاجَاءَ فِی الْقَطَائِعِ

## ۹۳۴: باب جاگیر دینے کے بارے میں

۱۳۹۹ : قُلْتُ لِقُتَیْبَةَ بْنِ سَعِیْدٍ حَدَّثَکُمْ مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ قَیْسٍ الْمَارِبِیُّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ شَرَاحِیْلَ عَنْ سُمَیِّ بْنِ قَیْسٍ عَنْ سُمَیْرٍ عَنْ اَبْیَضَ بْنِ حَمَّالٍ اَنَّهٗ وَفَدَاِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَقْطَعَهُ الْمِلْحَ فَقَطَعَ لَهٗ فَلَمَّااَنْ وَلّٰی قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمَجْلِسِ اَتَدْرِیْ مَاقَطَعْتَ لَهٗ اِنَّمَا قَطَعْتَ لَهُ الْمَآءَ الْعِدَّ قَالَ فَانْتَزَعَهُ مِنْهُ قَالَ وَسَاَلَهٗ عَنْ مَّایُحْمٰی مِنَ الْاَرَاکِ قَالَ مَالَمْ تَنَلْهُ خِفَافُ الْاِبِلِ فَاَقَرَّبِهٖ قُتَیْبَةُ وَقَالَ نَعَمْ.

۱۳۹۹: حضرت ابیض بن حمال سے روایت ہے کہ وہ نبی اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور درخواست کی کہ انہیں نمک کی کان جاگیر کے طور پر دی جائے۔ آپؐ نے انہیں کان عطا کر دی جب وہ جانے کے لئے مڑے تو ایک شخص نے عرض کیا۔ آپؐ نے انہیں جاگیر میں تیار پانی دے دیا ہے۔ جو کبھی موقوف نہیں ہوتا یعنی اس سے بہت زیادہ نمک نکلتا ہے۔ راوی کہتے ہیں نبی اکرمؐ نے وہ کان ان سے واپس لے لی۔ پھر انہوں نے آپؐ سے پیلو کے درختوں کی زمین گھیرنے کے متعلق پوچھا تو آپؐ نے فرمایا وہ زمین (چراگاہ) جس میں اونٹوں کے پاؤں نہ پہنچیں۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں جب میں نے یہ حدیث قتیبہ کو سنائی تو انہوں نے اس کی تصدیق کی۔

۱۴۰۰ : حَدَّثَنَامُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ قَیْسٍ الْمَارِبِیُّ نَحْوَهٗ وَفِی الْبَابِ عَنْ وَائِلٍ وَاَسْمَآءَ ابْنَةِ اَبِیْ بَکْرٍ حَدِیْثُ اَبْیَضَ بْنِ حَمَّالٍ حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَغَیْرِهِمْ فِی الْقَطَائِعِ یَرَوْنَ جَائِزًا اَنْ یُقْطِعَ الْاِمَامُ لِمَنْ رَاٰی ذٰلِکَ.

۱۴۰۰: محمد بن یحییٰ بن ابی عمر و محمد بن یحییٰ بن قیس ماربی سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔ اس باب میں وائل رضی اللہ عنہ اور اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا سے بھی احادیث منقول ہیں۔ ابیض بن حمال کی حدیث حسن غریب ہے۔ بعض علماء صحابہ رضی اللہ عنہم اور دیگر علماء کا اسی پر عمل ہے کہ حکمران جس کے لئے چاہے جاگیر مقرر کر سکتا ہے۔

۱۴۰۱ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ ثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ الطَّیَالِسِیُّ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاکٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلْقَمَةَ بْنَ وَائِلٍ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَهٗ اَرْضًا بِحَضْرَمَوْتَ قَالَ مَحْمُوْدٌ ثَنَا النَّضْرُ عَنْ شُعْبَةَ وَزَادَ فِیْهِ وَبَعَثَ مَعَهٗ مُعَاوِیَةَ لِیُقْطِعَهَا اِیَّاهُ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ.

۱۴۰۱: حضرت علقمہ بن وائل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے حضرموت میں ایک زمین جاگیر کے طور پر دی۔ محمود کہتے ہیں نضر نے شعبہ سے روایت کیا۔ اور اس میں یہ اضافہ کیا ''اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو ان کے ساتھ پیمائش کے لئے بھیجا'' یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۹۳۵ :بَابُ مَاجَاءَ فِیْ فَضْلِ الْغَرْسِ

## ۹۳۵: باب درخت لگانے کی فضیلت

۱۴۰۲ : حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا اَبُوْ عُوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ

۱۴۰۲: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَامِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا اَوْيَزْرَعُ زَرْعًافَيَاكُلُ مِنْهُ اِنْسَانٌ اَوْطَيْرٌ بَهِيْمَةٌ اِلَّا كَانَتْ لَهُ صَدَقَةٌ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَبِي اَيُّوْبَ وَاُمِّ مُبَشِّرٍ وَجَابِرٍ وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ حَدِيْثُ حَسَنٌ صَحِيْحٌ .

فرمایا جو مسلمان درخت لگائے یا کھیتی باڑی کرے پھر اس سے انسان پرندے یا جانور کھائیں تو اسے صدقے کا ثواب ملتا ہے۔ اس باب میں ابوایوبؓ، ام مبشرؓ، جابرؓ اور زید بن خالدؓ سے بھی احادیث منقول ہیں۔ حضرت انسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے۔

## ۹۳۶ : بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمُزَارَعَةِ

## ۹۳۶: باب کھیتی باڑی کرنا

۱۴۰۳ : حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَلَ اَهْلَ خَيْبَرَ بِشَطْرِ مَايَخْرُجُ مِنْهَا مِنْ ثَمَرٍاَوْزَرْعٍ وَفِي الْبَابِ عَنْ اَنَسٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَجَابِرٍ هٰذَا اَحَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِ هِمْ لَمْ يَرَوْابِالْمُزَارَعَةِ بَاْسًا عَلَى النِّصْفِ وَالثُّلُثِ وَالرُّبْعِ وَاخْتَارَ بَعْضُهُمْ اَنْ يَكُوْنَ الْبَذْرُ مِنْ رَبِّ الْاَرْضِ وَهُوَقَوْلُ اَحْمَدَ وَاِسْحٰقَ وَكَرِهَ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ الْمُزَارَعَةَ بِالثُّلُثِ وَالرُّبْعِ وَلَمْ يَرَوْابِمُسَاقَاةِ النَّخِيْلِ بِالثُّلُثِ وَالرُّبْعِ بَاْسًا وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَالشَّافِعِيِّ وَلَمْ يَرَبَعْضُهُمْ اَنْ يَصِحَّ شَيْءٌ مِّنَ الْمُزَارَعَةِ اِلَّا اَنْ تَسْتَاْجِرَ الْاَرْضَ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ.

۱۴۰۳: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اہل خیبر کو اس اقرار پر زمین دی کہ اس کی پیداوار میں سے آدھا حصہ آپ ﷺ کو ادا کریں۔ خواہ وہ پھل ہو یا کوئی اور چیز۔ اس باب میں حضرت انسؓ، ابن عباسؓ، زید بن ثابتؓ اور جابرؓ سے بھی روایات منقول ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ صحابہ کرامؓ اور دیگر علماء کا اسی پر عمل ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ زمین کو مزارعت پر دینے میں کوئی حرج نہیں۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ ایسی صورت میں بیج زمین کے مالک کی طرف سے ہوگا۔ امام احمدؒ اور اسحٰقؒ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم نے مزارعت کو مکروہ کہا ہے لیکن ان کے نزدیک کھجوروں کو ثلث یا ربع پیداوار کی شرط پر پانی دینے میں کوئی حرج نہیں۔ مالک بن انسؒ اور امام شافعیؒ کا یہی قول ہے۔ بعض علماء کے نزدیک مزاعت کسی صورت میں بھی جائز نہیں مگر یہ کہ زمین سونے اور چاندی کے بدلے میں لی جائے۔

## ۹۳۷ : بَابُ

## ۹۳۷: باب

۱۴۰۴ : حَدَّثَنَا هَنَّادٌثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ نَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَمْرٍ كَانَ لَنَانَافِعًا اِذَا كَانَتْ لِاَ حَدِنَا اَرْضٌ اَنْ يُعْطِيَهَا بِبَعْضِ خَرَاجِهَا اَوْبِدَارِ هِمَ وَقَالَ اِذَا كَانَتْ لِاَحَدِكُمْ اَرْضٌ فَلْيَمْنَحْهَا اَخَاهُ وَلِيَزْرَعْهَا.

۱۴۰۴: حضرت رافع بن خدیجؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک نفع بخش کام سے منع کیا۔ وہ یہ کہ ہم میں سے کسی کے پاس زمین ہوتی تھی تو وہ اسے خراج کے کچھ حصے یا دراہم کے عوض دے دیتا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر کسی کے پاس زمین ہو تو اسے اپنے بھائی کو زراعت کے لئے مفت دینی چاہیے ورنہ خود زراعت کرے

۱۴۰۵ : حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى الشَّيْبَانِيُّ ثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِ وبْنِ

۱۴۰۵: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مزارعت سے منع نہیں کیا بلکہ

دِيْنَارٍ عَنْ طَاوٗسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُحَرِّمِ الْمُزَارَعَةَ وَلٰكِنْ اَمَرَ اَنْ يَرْفُقَ بَعْضُهُمْ بِبَعْضٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِى الْبَابِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ حَدِيْثُ رَافِعٍ حَدِيْثٌ فِيْهِ اِضْطِرَابٌ يُرْوٰى هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ عَنْ عُمُوْمَتِهٖ وَيُرْوٰى عَنْ ظُهَيْرِ بْنِ رَافِعٍ وَهُوَ اَحَدُ عُمُوْمَتِهٖ وَيُرْوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْهُ عَلٰى رِوَايَاتٍ مُخْتَلِفَةٍ.

ایک دوسرے کے ساتھ نرمی کا حکم دیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس باب میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے بھی حدیث منقول ہے۔ حضرت رافع رضی اللہ عنہ کی حدیث میں اضطراب ہے ۔ یہ حدیث رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ اپنے چچاؤں سے بھی روایت کرتے ہیں اور اپنے چچا ظہیر بن رافع سے بھی نقل کرتے ہیں۔ یہ حدیث حضرت رافع سے کئی سندوں سے مروی ہے۔